فسئلوا اهل الذکر ان کنتم لا تعلمون ہ

فتاویٰ دیوبند پاکستان

المعروف به

(جلد دوم)

افادات

محدث کبیر فقیه العصر مفتی اعظم عارف باللہ مولانا مفتی محمد فرید دامت برکاتہم

جامعہ دار العلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک

تخریج وترتیب

مفتی محمد وہاب منگلوری مدرس دار العلوم صدیقیہ زروبی

اہتمام واشاعت

مولانا حافظ حسین احمد صدیقی نقشبندی مہتمم دار العلوم صدیقیہ زروبی ضلع صوابی

نام کتاب: ———— فتاویٰ دیوبند پاکستان المعروف بفتاویٰ فریدیہ (جلد دوم)

افادات: ———— محدث کبیر فقیہ العصر مفتی اعظم عارف باللہ مولانا مفتی محمد فرید مجددی زروبوی

دامت برکاتہم شیخ الحدیث وصدر دارالافتاء جامعہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک

ترتیب وتخریج: ———— مولانا مفتی محمد وہاب منگلوری نقشبندی دارالافتاء دارالعلوم صدیقیہ

معاون: ———— مولانا مفتی عصمت اللہ حقانی

کمپوزنگ: ———— حافظ ولی الرحمٰن صدیقی ...... (لوند خوڑ)

ضخامت: ———— ۶۸۰/صفحات

طبع باراول: ———— ۲۰۰۴ء ۱۴۲۵ھ باردوم: ۲۰۰۶ء ۱۴۲۷ھ بارسوم: ۲۰۰۹ء ۱۴۳۰ھ

تعداد بارسوم: ———— بائیس سو (۲۲۰۰) باردوم: گیارہ سو (۱۱۰۰) بارسوم: بائیس سو (۲۲۰۰)

قیمت: ————

نگرانی: ———— مولانا مفتی سیف اللہ حقانی دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک

اہتمام واشاعت: ———— مولانا حافظ حسین احمد صدیقی نقشبندی مہتمم

دارالعلوم صدیقیہ زروبی ضلع صوابی (پاکستان)

فون وفیکس دارالعلوم: 0938-480534 رہائش: 480156

موبائل: 0300- 5681986

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فہرست مضامین جلد دوم

کتاب الطہارت

الباب الاول فی الوضوء

عنوانات	صفحہ

الباب الثالث فی البئر والحوض

الباب الرابع فی التیمم

عنوانات	صفحہ

الباب الخامس في المسح على الخفين وغيرهما

الباب السادس في الحيض والنفاس

الباب السابع فی الانجاس

باب الاذان والاقامة

عنوانات	صفحہ

عنوانات	صفحہ	عنوانات	صفحہ
بس (گاڑی) میں نماز کا حکم	۲۲۴	**باب واجبات الصلوٰۃ**	
باب صفۃ الصلوٰۃ		چلتی ریل گاڑی میں بیٹھ کر نماز پڑھنا	۲۳۸
جدت پسندی کے مرض کا انجام بھیانک ہوتا ہے	۲۲۶	تکبیر تحریمہ میں کونسی چیز فرض یا واجب ہے؟	۲۳۸
قبر سامنے ہو تو ایسی حالت میں نماز پڑھنے کا کیا حکم ہے؟	۲۲۶	نماز عشاء کی چار رکعتوں میں قصداً یا سہواً جہر کرنا	۲۳۹
بوٹ پہنے ہوئے نماز پڑھنا	۲۲۷	نماز میں الفاظ پر زبانی تلفظ ضروری ہے	۲۴۰
ہوائی جہاز اور موٹر میں نماز کا حکم	۲۲۷	نماز کے الفاظ تفکر سے نہیں تلفظ سے ادا کرنا لازمی ہے	۲۴۱
نماز وغیرہ کے متفرق مسائل	۲۲۸	بس (لاری) میں بلا استقبال قبلہ ادا کی ہوئی نماز کا اعادہ واجب ہے	۲۴۱
نماز کے بارے میں بعض استفسارات کے مختصر جوابات	۲۳۰	نماز کے متعلق مختلف سوالات کے جوابات	۲۴۲
بیٹھ کر نماز پڑھنے میں رکوع کا طریقہ	۲۳۲	سواری اور پیادہ پا کی حالت میں نماز کا حکم	۲۴۳
حنفی لوگ آمین آہستہ کہا کریں	۲۳۲	دو سجدوں کے درمیان جلسہ نہ کرنا موجب اعادہ صلاۃ ہے	۲۴۴
رفع الیدین، آمین بالجہر وغیرہ اختلافی مسائل میں صحابہ سے اختلاف آرہا ہے	۲۳۳	**باب سنن الصلوٰۃ**	
رفع الیدین کی احادیث ہمارے نزدیک منسوخ ہیں	۲۳۴	فرض نماز کے بعد طویل دعا یا اللھم انت السلام کی مقدار کا حکم	۲۴۵
مسئلہ ترک رفع الیدین اور حدیث مسلم شریف	۲۳۵	تشہد میں اشارہ بالسبابہ اور اقوال فقہاء کرام	۲۴۵
نماز میں عدم رفع الیدین اور تقلید فیصلہ شدہ مسائل ہیں	۲۳۶	تشہد میں اشارہ کا حکم اور صاحب خلاصہ کیدانی	

عنوانات	صفحہ	عنوانات	صفحہ
فرائض اور سنن کے درمیان بیٹھنا اور اللھم انت السلام دونوں سنت ہیں	۲۸۰	پڑھنے کے بعد؟	۲۹۰
باب آداب الصلوٰۃ		امام کیلئے ربنا لک الحمد پڑھنا اور نہ پڑھنا دونوں جائز ہے	۲۹۱
فرض ادا کرنے کے بعد امام سنت کہاں ادا کرے؟	۲۸۲	امام سے عمامہ باندھ کر نماز پڑھانے کا مطالبہ درست نہیں	۲۹۱
پگڑی کے ساتھ نماز کثرت ثواب کا ذریعہ ہے	۲۸۲	**باب تسویۃالصفوف**	
اللھم انت السلام پڑھتے وقت ہاتھ اٹھانا	۲۸۳	کیا اکیلا نابالغ بالغین کی صف میں کھڑا ہوگا	۲۹۴
فرض نماز کے بعد جہراً دعا کرنا	۲۸۳	اگلی صف میں جگہ قبضہ کرنے اور مصحف کو پشت کرنے کا حکم	۲۹۴
پگڑی کی شرعی حیثیت اور مقدار	۲۸۴	سخت دھوپ کی وجہ سے صف اول چھوڑنا	۲۹۵
فرض ادا کرنے کے بعد مقدار اللھم انت السلام الخ بیٹھنا یا یہ پڑھنا دونوں ثابت ہے	۲۸۵	قسم میں حانث ہونے والے کے ساتھ صف میں نماز پڑھنا جائز ہے	۲۹۶
سنت اور فرض کے درمیان کھانا پینا یا باتیں کرنا	۲۸۶	مسجد بھرنے پر سڑک کے پار صفوف بنانا	۲۹۶
نماز میں فوات خشوع کے خطرہ سے آنکھیں بند کرنا	۲۸۶	صفوف میں شیوخ، نوجوانوں، بچوں اور عورتوں کی ترتیب	۲۹۷
امام کے لئے پگڑی کی مقدار	۲۸۷	پچھلی صف میں اکیلے کھڑے ہوکر آگے صف سے نمازی کا پیچھے صف میں لانا	۲۹۸
عمامہ کے دو شملوں کا حکم	۲۸۸	امام کے پیچھے صف پوری ہوکر دوسری صف میں	
عمامہ کیلئے رومال کا استعمال اور مقدار عمامہ	۲۸۸		
سجدہ میں جاتے ہوئے ہاتھ گھٹنوں پر رکھیں گے یا کھلے ہوئے؟	۲۹۰		
فرض کے بعد ذکر واذکار افضل ہیں یا سنت			

عنوانات	صفحہ

عنوانات	صفحہ

باب قضاء الفوائت

عنوانات	صفحہ

باب الاستسقاء

عنوانات	صفحہ

باب سجود السہو

عنوانات	صفحہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فتاویٰ دیوبند پاکستان المعروف بفتاویٰ فریدیہ (جلد دوم)

الحمد لله وكفى وسلام على عباده الذين اصطفى اما بعد! اللہ تعالیٰ کالا کھ لاکھ شکر ہے کہ اپنی بے پایاں اور بے انتہا رحمت وکرم سے جلد دوم کی تکمیل کی توفیق بخشی، دسمبر ۲۰۰۳ کو مکمل ہوکر کتابت کے مراحل شروع ہوئے، اس جلد کی ترتیب وتبویب اور تخریج میں بھی ان تمام امور کا خصوصیت سے خیال رکھا گیا ہے جن کی تفصیل پہلی جلد میں آچکی ہے، بعض مسائل میں عنوان کے لحاظ سے بظاہر تکرار نظر آتا ہے لیکن معنون میں فرق بین، بعض مسائل کی اہمیت، سوالات کی مختلف نوعیت اور حضرت سیدی وسندی ومولائی حضرت مفتی صاحب دامت برکاتہم کی بعض علمی تدقیقات کے اضافوں کی وجہ سے حذف نہیں کئے گئے ہیں، پہلے ارادہ تھا کہ پوری "كتاب الصلوة" ایک جلد میں آجائے مگر بڑھتی ہوئی ضخامت کی وجہ سے کتاب الصلوٰۃ کے بقیہ ابواب تیسری جلد میں ان شاء الله شامل ہوں گے۔

اللہ تعالیٰ کی سب سے بڑی نعمت یہ ہے کہ حضرت مفتی صاحب دامت برکاتہم نے ہر باب اور فصل کو لفظ بہ لفظ مطالعہ فرما کر تصحیح کی ہے اور کوئی لفظ بھی حضرت صاحب کے مسلک ومزاج کے خلاف اس میں شامل نہیں ہے، اور بندہ نے اپنی رائے سے تمام فتاویٰ میں کہیں بھی حک واضافہ نہیں کیا ہے، بندہ پر اللہ تعالیٰ کی یہ مہربانی ہے کہ حضرت شیخی وسندی ومولائی حضرت مفتی صاحب دامت بركاتهم کی سرپرستی، حضرت سیدی واستاذی مولانا مفتی سیف اللہ حقانی مدظله العالی کی نگرانی اور مولانا حافظ حسین احمد صدیقی مدظله کی سعی واہتمام میسر رہی۔

آخر میں عرض ہے کہ بشری بھول چوک سے کوئی محفوظ نہیں کہیں کہیں بھی لغزش اور کوتاہی یقینی ہے اگرچہ بندہ سے جتنی محنت وکاوش ہوسکتی تھی اس میں کوئی کوتاہی نہیں ہونی دی ہے، تخریجی امور میں مولانا عصمت اللہ حقانی کی معاونت، اردو گرائمر اور محاورہ کی تصحیح اور پروف میں جناب سلطان فریدی صاحب کی مساعی اور کمپوزنگ میں حافظ ولی الرحمٰن صدیقی کی انتھک محنت وجدوجہد کا انتہائی مشکور ہوں، اللہ کریم ان کی مساعی کو شرف قبولیت بخشے، اور حضرت مفتی صاحب دامت برکاتہم کا سایہ ہم پر برقرار رکھے اور ان کا علم سلف سے خلف تک منتقل فرمائے اور فقیر کی یہ خدمت علماء کی نگاہ میں وقیع وپسندیدہ اور عوام کیلئے زیادہ سے زیادہ لائق استفادہ بنائے، اور ہمارے اساتذہ ومشائخ اور والدین کیلئے دنیا وآخرت میں فلاح ونجات کا ذریعہ ثابت ہو۔

ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم

طالب دعا:.....محمد وہاب منگلوری عفی عنہ

دارالافتاء دارالعلوم صدیقیہ زروبی ضلع صوابی

بسم الله الرحمن الرحیم

یاایها الذین امنوا اذا قمتم الی الصلوٰة

فاغسلوا وجوهكم وايديكم الی المرافق

وامسحوا برء وسكم وارجلكم الی الكعبين،

وان كنتم جنباً فاطهروا ، وان كنتم مرضیٰ او

علی سفر او جآء احد منكم من الغآئط او

لٰمستم النساء فلم تجدوا مآءً فتيمموا صعيداً

طيباً فامسحوا بوجوهكم وايديكم منه.

............﴿سورة المائدة﴾............

الله
الله
فتاویٰ دیوبند پاکستان المعروف بہ
فتاویٰ فریدیہ جلد دوم
کتاب الطهارة

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتاب الطھارۃ

الباب الاول فی الوضوء

ریل کے بیت الخلاء میں وضو کرنا درست ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ سفر کے دوران ریل گاڑی کے بیت الخلا میں وضو کرنا درست ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالحمید مڈل سکول درازندہ ڈی آئی خان.....۱۹۷۲ء/۲/۵

الجواب: درست ہے﴿۱﴾۔ وھو الموفق

پاخانہ کے مقام سے کیڑا نکلنے پر وضو ٹوٹ جاتا ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک شخص ہے وہ جب قضاء حاجت سے فارغ ہوجاتا ہے تو اس کی مقعد میں سخت خارش شروع ہوجاتی ہے اور کبھی کبھی کوئی کیڑا وغیرہ سر کو باہر نکال کر اور کبھی داخل کرتا ہے تو کیا اس کیڑے کا سر نکالنا اور پھر داخل کرنا ناقض وضو ہے؟ اور اس شخص کے پیچھے امامت درست ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: نعمت اللہ صاحب دارالعلوم اسلامیہ لکی مروت

﴿۱﴾ قال العلامہ حصکفی : ومن آداب الوضوء الجلوس فی مکان مرتفع تحرزا عن الماء المستعمل وعبارۃ الکمال وحفظ ثیابہ من التقاطر وھی اشمل.
(الدر المختار علی ھامش ردالمحتار ص ۹۴ جلد ۱ کتاب الطھارۃ)

الجواب: اگر یہ حقیقت ہو اور مشاہدہ وغیر ہا سے معلوم ہوا ہو کہ اس جگہ سے کیڑا سر باہر کر کے دوبارہ اندر کرتا ہے تو اس سے وضو ٹوٹ جاتا ہے اور اس شخص کی امامت صحیح نہیں ہے، فی الدر المختار وخروج غیر نجس مثل ریح او دودة او حصاة من دبر ﴿۱﴾. وهو الموفق

بغیر آواز کے ہوا نکلنا ناقض وضو ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ بغیر آواز کے ہوا نکلنے کا کیا حکم ہے؟ وضو ٹوٹ جاتا ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد یاسین فضل آباد کالونی ملاکنڈ

الجواب: وضو ٹوٹ جاتا ہے ﴿۲﴾۔ وهو الموفق

مسجد میں وضو کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ مسجد میں وضو کرنا جائز ہے یا نہیں؟ اگر نہیں تو مسجد میں دائمی طور پر وضو کرنے والا فاسق ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد ثناء اللہ.....۷۶/۶/۷

الجواب: اگر ابتدائے امر سے جائے وضو نہ بنائی گئی ہو تو وضو کرنا جائز نہیں ہوگا، لما فی فی الهندیه ص ۱۱۶ جلد ۱ وتکره المضمضة والوضوء فی المسجد الا ان یکون ثمه موضع اعد لذلک ﴿۳﴾. وهو الموفق

﴿۱﴾(الدر المختار علی هامش ردالمحتار ص ۱۰۰ جلد ۱ مطلب نواقض الوضوء کتاب الطهارة)
﴿۲﴾ قال الشامی: (قوله مثل ریح) فانها تنقض لانها منبعثة عن محل النجاسة لا لان عینها نجسة لان الصحیح ان عینها طاهرة حتی لو لبس سراویل مبتلة او ابتل من الیتیة الموضع الذی تمر به الریح فخرج الریح لا ینجس وهو قول العامة.
(ردالمحتار هامش الدر المختار ص ۱۰۰ جلد ۱ مطلب نواقض الوضوء کتاب الطهارة)
﴿۳﴾(فتاوی عالمگیریه ص ۱۱۰ جلد ۱ فصل کره غلق باب المسجد)

نماز میں وضوٹوٹ جائے تو دوبارہ وضوکر کے باقاعدہ نماز پوری کرے

سوال: کیافرماتے ہیں علماءدین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک آدمی نماز پڑھتا ہے اور نماز کے دوران اس کا وضوٹوٹ جائے، تو کیا اس کو نماز ختم کرنا ہوگی یا اس کی نماز ادا ہوگی؟ بینوا توجروا

المستفتی :معتبر شاہ آف کوئٹہ ۱۹۷۳/۲/۱۴

الجواب: اس کیلئے ضروری ہے کہ اسی وقت وضو کیلئے روانہ ہو جائے اور باقاعدہ نماز کو پوری کرے۔(۱)۔ وھو الموفق

کھڑے ہوکر وضوکرنا جائز خلاف ادب ہے

سوال: کیافرماتے ہیں علماءدین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اس زمانے میں بعض مقامات مثلاً ہوٹلوں وغیرہ میں بیسن بنائے گئے ہیں جن میں کھڑے ہوکر ہاتھ منہ دھویا جاتا ہے ان میں وضوکرنا جائز ہے یانہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی : نامعلوم.....

الجواب: وضوکرنا جائز ہے البتہ خلاف الادب ہے، وفی الکبیری ومن الاداب ان یجلس المتوضی مستقبل القبلة عند غسل سائر الاعضاء ومن الاداب ان یکون جلوسه علی مکان مرتفع (۲) . وھو الموفق

مسواک مردوں اور عورتوں کیلئے یکساں سنت ہے

سوال: کیافرماتے ہیں علماءدین اس مسئلہ کے بارے میں کہ مسواک کا استعمال صرف مردوں

(۱) قال العلامه ابن نجيم : قوله من سبقه الحدث توضأ وبنى واستخلف لو اماما الخ. (البحر الرائق ص ۳۸۹ جلد ۱ باب الحدث فی الصلاة)

(۲) (غنية المستملی شرح منية المصلی ص ۳۰ باب اداب الوضوء)

کیلئے سنت ہے یا عورتوں کیلئے بھی، دلیل سے مسئلہ کی وضاحت فرما کرا جر دارین حاصل کریں۔ بینوا توجروا
المستفتی: محمد عمر امام مسجد معیار مردان ..... ۴/ رمضان ۱۴۰۹ھ

الجواب: عورتوں کیلئے بھی سنت ہے، عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مسواک کا استعمال مروی ہے﴿۱﴾۔ وهو الموفق

اونٹ کا گوشت کھا کر وضو نہیں ٹوٹتا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اونٹ کا گوشت کھا کر وضو ٹوٹتا ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا
المستفتی: حضرت شیر محلۃ الملاح خمیس مشط سعودی عرب ۔ ۱۹۸۶ء/۷/۶

الجواب: یہ ناقض وضو نہیں ہے، الا ان الوضوء افضل خروجاً من اختلاف العلماء ﴿۲﴾. وهو الموفق

﴿۱﴾عن عائشة رضی الله عنها قالت كان النبی ﷺ يستاک فيعطينی السواک لا غسله فابدأبه فاستاک ثم اغسله وادفعه اليه رواه ابو داؤد.
(مشكواة المصابيح ص ۴۵ جلد ۱ باب السواک)

ويدل عليه مافی الدرالمختار تقوم الخرقه الخشنه او الاصبع مقامه كما يقوم العلک مقامه للمرأة مع القدرة عليه قال ابن عابدين كما يقوم العلک مقامه ای فی الثواب اذا وجدت النيه وذلک ان المواظبة عليه تضعف اسنانها فيستحب لها فعله بحر.
(الدرالمختار مع ردالمحتار ص ۸۵ جلد ۱ مطلب فی منافع السواک)

﴿۲﴾قال العلامه محمد فريد: ذهب احمد بن حنبل الى وجوب الوضوء من لحم الابل مطبوخا كان او نياوله فيما سوى اللحم من الكبد والطحال والكرش وغيره قولان وقال ای احمد فی الوضوء من لحوم الابل حديثان صحيحان عن النبی ﷺ حديث البراء وحديث جابر بن سمرة كذا فی المغنی. وقال الشاه ولی الله السر فی ايجاب الوضوء منها انها كانت محرمة فی التوراة فلما اباحها الله لنا شرع ... (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

مفلوج جو وضو اور تیمّم پر قادر نہ ہو، کے وضو کا حکم

سوال: ایک شخص مفلوج ہے اور بالکل معذور ہے نہ خود کھا سکتا ہے نہ طہارت وغیرہ کر سکتا ہے کیا وہ بغیر وضو کے نماز پڑھ سکتا ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: غیاث بیگ میرپور خاص ... ۲۳/ رمضان ۱۴۰۲ھ

الجواب: یہ شخص اگر نہ خود وضو یا تیمم پر قادر ہے اور نہ دوسرا شخص اس کیلئے وضو یا تیمم کرانے والا ہے تو یہ شخص بغیر طہارۃ کے نماز پڑھ سکتا ہے ﴿۱﴾ اور دیگر عبادات میں بہر حال مشغول رہ سکتا ہے (ماخوذ از ردالمحتار و کبیری)۔ وھو الموفق

(بقیه حاشیه) الوضوء لنا شكرا لما انعم علينا وعلاجا لما عسى ان يختلج فى بعض الصدور من اباحتها بعد ما حرمها الانبياء وذهب الجمهور الىٰ عدم وجوب الوضوء من لحم الابل لحديث الوضوء مما خرج وليس مما دخل رواه الطبرانى فى الكبير ولان لحم الابل من الطيبات فلا يتوضأ منه الا ترى ان ابيا واباطلحة انكرا على انس بن مالك رضى الله عنهم حين اراد الوضوء من الخبز واللحم وقالا اتتوضأ من الطيبات لم يتوضأ منه من هو خير منك رواه احمد والجواب عن حديث توضؤا منها ان جمهور الصحابة والتابعين اعرضوا عن الاخذ بظاهره فهى قرينة قوية على ان المراد منه الوضوء اللغوى اى غسل اليد والفم . وثبت الوضوء اللغوى فى عرف الشرع ولسان الحديث كما فى حديث عكراش رواه الترمذى بسند ضعيف وكما فى حديث ابى امامة اذا كان احدكم على وضوء فاكل طعاما فلا يتوضأ الا ان يكون لبن الابل اذا شربتموه فتمضمضوا بالماء رواه فى كنز العمال وكما فى حديث معاذبن جبل قال نسمى غسل الفم واليد وضوء وليس بواجب وكما فى حديث عبد الله بن مسعود انه غسل يديه من طعام ثم مسح وجهه وقال هذا وضوء من لم يحدث اخرجها الزيلعى فى نصب الراية والحكمة فيه ان له دسما وزهومة ولو سلم ان المراد منه المعنى الشرعى فيكون منسوخا لعموم قوله عليه الصلاة والسلام كان اخر الامرين ترك الوضوء مما غيرت النار اياها وكذا لشمول الطيبات اياها.

(منهاج السنن شرح جامع السنن ص ۱۹۹۰۱۹۸ جلد ۱ باب الوضوء من لحوم الابل)

﴿۱﴾ قال العلامه حصكفى: والمحصور فاقد (بقيه حاشيه اگلے صفحه پر)

تمباکو اور شراب پینے سے وضو ٹوٹتا ہے یا نہیں

سوال: سگریٹ نوشی، چلم، نسوار اور شراب سے وضو ٹوٹتا ہے یا نہیں، نیز سگریٹ، چلم، نسوار اور شراب میں اگر کوئی فرق ہے تو واضح فرماویں؟ بینوا توجروا

المستفتی: حنیف اللہ گرین مارکیٹ مردان......۱۰/فروری ۱۹۷۵ء

الجواب: (۱) چونکہ تمباکو نہ مسکر ہیں اور نہ مفتر اور مخدر ہیں، لہٰذا ان کے استعمال سے وضو نہیں ٹوٹے گا، (یدل علیه مافی ردالمحتار ص ۴۰۶ جلد۵) فانه لم یثبت اسکاره ولا تفتیره ولا اضراره بل ثبت له منافع فهو داخل تحت الاصل فی الاشیاء الاباحة ﴿۱﴾۔

(۲) شراب وغیرہ سے اگرچہ معمولی سکر پیدا ہوا ہو، تو وضو کے ٹوٹنے کا حکم دیا جائے گا، ورنہ سکر نہ ہونے کے وقت وضو بنانا ضروری نہ ہوگا (ماخوذ از شامی وغیرہ) ﴿۲﴾۔ وهو الموفق

دبر میں رطوبت موجود ہونے سے وضو ٹوٹتا ہے

سوال: مایقول العلماء فی هذه المسئلة رجل شاب قد اصابته علة مذسنتین

(بقیه حاشیه) ای الماء والتراب وكذا العاجز عنهما لمرض یؤخر هاعنده وقالا یتشبه بالمصلین وجوباً...... وبه یفتیٰ والیه صح رجوعه ای الامام كما فی الفیض وفیه ایضاً مقطوع الیدین والرجلین اذا كان بوجهه جراحة یصلی بغیر طهارة ولا تیمم ولا یعید علی الاصح.
(الدرالمختار علی هامش ردالمحتار ص ۱۸۵ جلد ۱ باب التیمم)

﴿۱﴾ (ردالمحتار هامش الدرالمختار كتاب الاشربة ص ۴۵۹ جلد۵)

﴿۲﴾ قال العلامه حصكفی وینقضه اغماء ومنه الغشی وجنون وسكر بان یدخل فی مشیه تمایل ولو باكل الحشیشة، قال ابن عابدین قوله وسكر وهو حالة تعرض للانسان من امتلاء دماغه من الابخرة المتصاعدة من الخمر ونحوه فیتعطل معه العقل الممیز بین الامور الحسنة والقبیحة اسمعیل عن البرجندی.
(الدرالمختار مع ردالمحتار ص ۱۰۱ جلد ۱ بعد مطلب نوم الانبیاء غیر ناقض)

ما كانت من قبل وهي تكون في بعض الايام خصوصا اذا كانت في البطن العلة، وهي ان توجد الرطوبة في المقعد بحيث لا تسيل الرطوبة المذكورة من الدبر ولا تقطر، ولكن بوضع الاصابع على فم المقعد تظهر الرطوبة على الاصبع، وكذا مرة بعد اخرىٰ وايضا تظهر الرطوبة المذكورة على السراويل حالة القعود، فهذه الرطوبة تنقض الوضوء ام لا.
ملاحظه:..... هذه الرطوبة تكون مثل الريق لا دما ولا صديداً بلا وجع وجرح، ولكن غاية التكليف لا جل الصلاة؟ بينوا توجروا

المستفتی: محمد زمان کوہاٹ.....۲۵/فروری ۱۹۷۵ء

الجواب: الماء الخارج من الدبر ناقض للوضوء وان لم يسيل كما في الدر المختار وخروج غير نجس مثل ريح او دودة او حصاة من دبر وفيه ايضاً، والمراد بالخروج من السبيلين مجرد الظهور وفي غيرهما عين السيلان فليراجع﴿ ۱ ﴾. هذا جواب على زعم المستفتي والا فهو نجس كما لا يخفىٰ. وهوالموفق

نشہ آور دوائیاں ناقض وضو ہیں یا نہیں؟

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ نشہ آور دوائیوں کی وجہ سے وضو ٹوٹ جاتا ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم......

﴿ ۱ ﴾ قال العلامه حصكفي ثم المراد بالخروج من السبيلين مجرد الظهور وفي غيرهما عين السيلان ولو بالقوة لما قالوا لو مسح الدم كلما خرج ولو تركه لسال نقض والا لا كما لو سال في باطن عين او جرح او ذكر..... وخروج غير نجس مثل ريح او دودة او حصاة من دبر لا خروج ذلك من جرح ولا خروج ريح من قبل..... لان خروج الدودة والحصاة منهما ناقض اجماعاً كما في الجوهرة.
(الدر المختار على هامش ردالمحتار ص ۹۵، ۹۲ جلد ۱ مطلب نواقض الوضوء)

الجواب: دوائی بذات خود ناقض وضو نہیں البتہ جب نشہ کی وجہ سے غشی طاری ہوجائے تو وضو باقی نہیں رہے گا اور بغیر نشہ کے وضو پر کوئی اثر نہیں پڑتا، وفی الدر المختار وینقضہ اغماء ومنہ الغشی ص ۱۴۴ جلد ۱ ﴿۱﴾ . وھو الموفق

گرمی کے موسم میں چھوٹے چھوٹے دانوں کے ٹوٹنے سے وضو کا مسئلہ

سوال: گرمی کے موسم میں جو بدن انسانی پر چھوٹے چھوٹے دانے نکل آتے ہیں جسے پشتو میں غورکے یا گرکے یا تکئے کہتے ہیں، تو اس کے ٹوٹنے سے وضو ٹوٹتا ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبد الرحمٰن لکی مروت ۷۷ ۱۹/۷/۳۰

الجواب: اگر ان دانوں سے پانی جاری نہ ہو، وھو الظاھر، تو ان کا ٹوٹنا ناقض وضو نہیں ہے ﴿۲﴾ ۔ وھو الموفق

وضو کے متعلق تین مسئلوں میں تطبیق

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین مندرجہ ذیل تین مسائل کے بارے میں جو کہ میرے نزدیک ایک دوسرے کے متضاد ہیں، تطبیق کی کیا صورت ہوگی؟ بینوا توجروا

﴿۱﴾ (الدر المختار علی هامش ردالمحتار ص ۱۰۲ جلد ۱ کتاب الطهارة)

﴿۲﴾ قال الطحطاوی وعن الحسن ان ماء النفطة لا ينقض قال الحلوانی وفيه توسعة لمن به جرب او جدری او مجل بالجيم وهو ما يكون بين الجلد واللحم وفی الجوهرة عن الينا بيع الماء الصافی اذا خرج من النفطة لاينقض . قال العارف بالله سيدی عبدالغنی النابلسی وينبغی ان يحكم برواية عدم النقض بالصافی الذی يخرج من النفطة فی كی الحمصة وان ما يخرج منها لا ينقض وان تجاوز الىٰ محل يلحقه حكم التطهير اذا كان ماء صافياً اما غير الصافی بان كان مخلوطاً بدم او قيح او صديد فانه ناقض اذا وجد السيلان بان تجاوز العصابة والا لم ينقض مادامت الورقة فی موضع الكی معصبة بالعصابة الخ .
(الطحطاوی علی مراقی الفلاح ص ۴۸ جلد ۱ فصل فيما ينقض الوضو)

مسئلہ(الف): اگر کپڑے یا بدن پر نجاست لگ کر یاد نہ رہے، اور کسی جگہ کا غالب گمان نہ ہو تو کپڑے یا بدن کو کہیں سے دھولیا جائے، سب پاک سمجھا جائے گا۔

مسئلہ(ب):وضو کے درمیان یا وضو کرنے کے بعد اگر کسی عضو کی نسبت نہ دھونے کا شبہ ہو، لیکن وہ عضو معلوم نہ ہو تو گمان غالب میں جو عضو یاد آوے، تو اس کو دھوڈالے، ورنہ پھر سے وضو کرے۔

مسئلہ(ج):وضو کے دوران اگر کسی عضو کے دھونے یا نہ دھونے میں شک ہوا تو اگر یہ شک پہلی مرتبہ ہوا ہے، اور ایسا شک پڑنے کی عادت نہیں ہے تو وہ عضو دھولے جس کے بارہ میں شک ہوا ہے، اور اگر ایسی عادت ہوگئی ہے تو اس کی پرواہ نہ کرے، جب تک گمان غالب نہ ہو جائے (ردالمحتار).

المستفتی: اکرام الحق ڈی نمبر ۵۵۲ راولپنڈی......۱۹۶۹ء/۵/۱۴

الجواب: مسئلہ اولی درمختار (ص ۳۰۱ جلد ۱) میں مذکور ہے ﴿۱﴾۔ اور اس حکم کا محمل یہ ہے کہ یقین یا ظن غالب ہو، کہ یہاں نجاست ہے لیکن معین جگہ معلوم نہ ہو اور مسئلہ ثانیہ وثالثہ درمختار (ص ۱۱۱ جلد ۱) میں مسطور ہے ﴿۲﴾ جو کہ فتاویٰ تتارخانیہ سے منقول ہے، اور اس کا محمل شک اور تردد ہے نہ کہ یقین اور ظن غالب، والفرق بین الشک والظن واضح ﴿۳﴾. فقط

﴿۱﴾ قال العلامة الحصكفى رحمه الله:(وغسل طرف ثوب) او بدن (اصابت نجاسة محلامنه ونسى) المحل (مطهر له وان) وقع الغسل (بغير تحر) وهو المختار.
(الدرالمختار على هامش ردالمحتار ص ۳۴۰ جلد ۱ باب الانجاس)

﴿۲﴾قال ابن عابدين رحمه الله: (قوله شک فى بعض وضوئه) اى شک فى ترک عضو من اعضائه (قوله والا لا) اى وان لم يكن فى خلاله بل كان بعد الفراغ منه وان كان اول ماعرض له الشک او كان الشک عادة له وان كان فى خلاله فلا يعيد شيأ قطعا للوسوسة عنه كما فى التاترخانية وغيرها. (ردالمحتار ص ۱۱۱ جلد ۱ مطلب فى ابحاث الغسل)

﴿۳﴾ قال ابن عابدين: (قوله ظنا قويا) اى غالبا قال فى البحر عن اصول اللامشى ان احد الطرفين اذا قوى وترجح على الآخر ولم يأخذ القلب ما ترجح به ولم يطرح الآخر فهو الظن واذا عقد القلب على احدهما وترک الآخر فهو اكبر الظن وغالب الرأى.
(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۱۸۱ جلد ۱ مطلب فى الفرق بين الظن وغلب الظن)

بچے کودودھ پلانے سے وضونہیں ٹوٹتا

سوال: کیاوالدہ کا بچے کودودھ پلانا ناقض وضو ہے؟بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم......۸/ رمضان المبارک ۱۳۸۸ھ

الجواب: بچے کودودھ پلانا ناقض وضونہیں ہے﴿۱﴾۔ وھو الموفق

مسواک کو چوسنا

سوال: مسواک کے چوسنے کا کیا حکم ہے؟بینوا توجروا

المستفتی: فدامحمد اچھریاں مانسہرہ......۱۹۷۵ء/ ۸/ ۲۸

الجواب: مسواک کا مص یعنی چوسنا منع ہے﴿۲﴾۔ کمافی الدرالمختار ولا یمصه فانه یورث العمی﴿۳﴾. وھوالموفق

﴿۱﴾ قال الحصکفی وینقضه خروج کل خارج نجس منه...... لا ینقض لو خرج من اذنه ونحوها کعینه وثدیه قیح ونحوه کصدید وماء سرة وعین. (الدرالمختار علی هامش ردالمحتار ص ۹۴، ۱۰۴ جلد ۱ ملطب نواقض الوضوء)

قال العلامه ابن عابدین وفی المحیط ان خرج اللبن فسدت(ای صلاة) لانه یکون ارضاعاً والا فلا ولم یقیده بعد دوصححه فی المعراج حلیه وبحر.

(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۴۶۴ جلد ۱ باب مایفسد الصلاة ومایکره فیها)

(وهکذا فی امداد الفتاویٰ ص ۱۴ جلد ۱)

﴿۲﴾ پس معلوم ہوا کہ مسواک کا چوسنا قوت بینائی کو متاثر کرتا ہے اسلئے فقہاء نے منع فرمایا ہے البتہ مسواک کو نرم اور باریک کرنے کیلئے دانتوں سے چبانا جائز ہے، کمافی البخاری عن عائشة رضی الله عنها...... فاخذت السواک فقضمته ونفضته وطیبته ثم دفعته النبی ﷺ.

(صحیح البخاری ص ۶۳۸ جلد ۲ باب وفات النبی ﷺ) (ازمرتب)

﴿۳﴾(الدرالمختار علی هامش ردالمحتار ص ۷۸ جلد ۱)

ہونٹوں سے صاف پانی نکلنے سے وضو نہیں ٹوٹتا

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر شفتین سے صاف پانی نکل جائے جو مختلط بالدم یا قیح نہ ہو، نہ صدید ہوتو کیا یہ پانی ناقض وضو ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: پیر محمد جندری کرک ...... یکم شعبان ۱۴۰۳ھ

الجواب: اگر اس خارج کا ماء صافی ہونا متیقن ہو، تو اس سے وضو نہیں جاتا رہے گا، کمافی المراقی الفلاح ﴿۱﴾. والله اعلم

معذور کے وضو کا حکم وطریقہ

سوال: کیافرماتے ہیں مفتیان شرع متین دریں مسئلہ کہ بندہ گیس کی بیماری میں مبتلا ہے جس کی وجہ سے پیٹ میں گیس پیدا ہوتی ہے۔(۱) بعض اوقات بڑے پیشاب سے فارغ ہوکر وضو کرتا ہوں لیکن اسی وقت پیٹ کے اندر گیس کی بیماری کی وجہ سے ہوا خارج ہونے کا خطرہ پیدا ہوتا ہے بڑی مشکل سے ہوا کو روکتا ہوں، کیا اب دوبارہ ہوا خارج کر کے وضو بنانا چاہئے، یا اسی وضو سے نماز پڑھنی چاہئے، کیا یہ معذور کے حکم میں آتا ہے یا نہیں؟

(۲) میں ہر نماز کے وقت اپنی کوشش کر کے ہوا خارج کرتا ہوں پھر وضو کر کے نماز پڑھتا ہوں لیکن ہوا کا دباؤ پھر بھی کم نہیں ہوتا، اور نماز میں شک پڑتا ہے کہ وضو ٹوٹ گیا، کیا اس بارے میں میں معذور کے حکم میں آتا ہوں؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد اقبال صرافہ بازار ایبٹ آباد

﴿۱﴾ قال العلامة الطحطاوی ان ماء النفطة لا ینقض...... وفی الجوهره عن الینا بیع الماء الصافی اذا خرج من النفطة لا ینقض.

(الطحطاوی علی المراقی الفلاح ص۴۸ فصل فی ماینقض الوضوء)

الجواب: (۱) آپ بیماری کے زور کے وقت وضو کرنے کے متصل انفراداً نماز پڑھا کریں، البتہ اگر آپ معذورِ شرعی ہے تو وقت داخل ہونے کے بعد وضو کیا کریں اور اس وضو سے وقت خارج ہونے تک نمازیں پڑھا کریں، یہ بیماری ناقض وضو نہ ہوگی۔

(۲) معذورِ شرعی وہ ہے کہ فرض نماز کا وقت گزر جائے اور یہ شخص اتنا موقع نہ پائے کہ اس میں مختصر وضو اور نماز سے فراغت حاصل کرے، اس کو ابتدائے عذر کہا جاتا ہے ﴿۱﴾۔ وهو الموفق

منہ میں نسوار ہوتے ہوئے وضو اور ذکر لسانی کا مسئلہ

سوال: کیا نسوار سے وضو ٹوٹتا ہے؟ اگر وضو نہیں ٹوٹتا تو کیا نماز کیلئے پانی سے منہ صاف کرنا چاہئے؟ نیز جب منہ میں نسوار ہو، تو ذکر کرنا جائز ہے یا ناجائز؟ بينوا توجروا

المستفتی: محمد حسین نیوسوات قاری ایجنسی.....۱۹۸۸ء/۵/۹

الجواب: چونکہ تمباکو نہ مسکر ہے اور نہ مفتر ہے، لہٰذا اس کا استعمال ناقض وضو نہیں ہے ﴿۲﴾ اور چونکہ اس میں بدبو موجود ہے لہٰذا اس کے استعمال کے وقت ذکر لسانی سے پرہیز کرنا چاہئے۔ ﴿۳﴾۔ وهو الموفق

﴿۱﴾ قال العلامہ حصكفي: وصاحب عذر من به سلس بول لا يمكنه امساكه او استطلاق بطن او انفلات ريح او استحاضة او بعينه رمد..... ان استوعب عذره تمام وقت صلاة مفروضة بان لا يجد في جميع وقتها زمنا يتوضأ ويصلي فيه خاليا عن الحدث ولو حكماً..... ثم يصلي به فيه فرضاً ونفلاً فدخل الواجب بالاولیٰ فاذا خرج الوقت بطل اى ظهر حدثه السابق.
(الدرالمختار على هامش ردالمحتار ص ۲۱۲، ۲۱۳ جلد۱ مطلب في احكام المعذور)

﴿۲﴾ قال العلامه ابن عابدين : فانه لم يثبت اسكاره ولا تفتيره ولا اضراره بل ثبت له منافع الخ (ردالمحتار على الدرالمختار كتاب الاشربة ص ۴۵۹ جلد۵)

﴿۳﴾ قال الشيخ محمد بن عبد الله النقشبندي: وآداب الذكر..... الثاني الغسل للذكر او الوضوء وكان ابويزيد قدس سره يتوضأ ويغسل فمه بماء ورد كلما اراد الذكر.
(البهجة السنية في اداب النقشبنديه ص ۵۰ آداب الذكر)

ناخن پالش کے ساتھ وضو کا حکم

سوال: عورتیں ناخن پالش استعمال کرتے ہیں تو وضو اور غسل کیلئے اس کا کیا حکم ہے؟ بینو اتوجروا

المستفتی: عبدالرحمٰن تربیلہ ڈیم..... ۵/ جمادی الثانی ۱۳۹۷ھ

الجواب: اگر ناخن پالش چاقو وغیرہ آلات کے بغیر زائل نہیں ہوتا ہے تو پھر حرج کی وجہ سے وضو اور غسل سے مانع نہ ہوگا، ونظیره مافی شرح التنویر ولا یمنع ما علی ظفر صباغ ﴿۱﴾. وهو الموفق

حدث کے بعد فوراً وضو کرنا ضروری نہیں

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب استنجا کیلئے جاتے تھے، تو میں آپ ﷺ کو پانی لا کر دیتا تھا، تو آپ اس سے طہارت فرماتے تھے، پھر اپنے ہاتھ کو مٹی پر ملتے تھے، پھر میں دوسرا برتن لاتا تو آپ اس سے وضو فرماتے تھے (سنن ابی داؤد) جس کا مطلب یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ ڈھیلے سے استنجا کرنے کے بعد بھی پانی سے طہارت فرماتے تھے، سنن ابی داؤد میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت میں یہ بھی ہے کہ ایک دفعہ رسول اللہ ﷺ پیشاب سے فارغ ہوئے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ وضو کیلئے پانی لیکر کھڑے ہو گئے تو آپ نے فرمایا کہ اے عمر! یہ کیا ہے، کس لئے پانی لیکر کھڑے ہو، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ وضو کیلئے پانی لایا ہوں، آپ ﷺ نے فرمایا "میں اس کیلئے مامور نہیں ہوں کہ جب پیشاب کروں، تو ضرور وضو کروں، اور اگر میں ایسی پابندی پر مداومت کروں تو امت کیلئے ایک دستور بن جائے گا" (معارف الحدیث) مذکورہ بالا عبارت

﴿۱﴾ قال العلامة حصكفي : ويجب اى يفرض غسل كل ما يمكن من البدن بلاحرج مرة..... ولا يمنع ما على ظفر صباغ ولا طعام بين اسنانه او فى سنه المجوف به يفتىٰ وقيل ان صلبا منع وهو الاصح.

(الدر المختار على هامش ردالمحتار ص ۱۵۲، ۱۵۳ جلد ۱ مطلب ابحاث الغسل)

"میں اس کیلئے مامور نہیں ہوں" کیا حضور علیہ پیشاب کرنے کے بعد وضو کیلئے مامور نہیں ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: تاج محمد، عابد محمد راولپنڈی کینٹ......۱۱/ ربیع الثانی ۱۴۰۴ھ

الجواب: پیغمبر علیہ اور تمام امت اس پر مامور بامر وجوبی نہیں ہیں کہ پیشاب کرنے اور دیگر احداث کے بعد فوراً وضو (چار اندام) کریں ﴿۱﴾۔ وھو الموفق

بلانیت وضو پانی میں ہاتھ ڈالنے سے پانی مستعمل نہیں ہوجاتا ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر کوئی شخص بلانیت وضو کسی پانی کے ٹین میں ہاتھ ڈالدے تو کیا وہ پانی مستعمل ہوجائے گا؟ بینوا توجروا

المستفتی: اصلاح الدین بنوں......یکم ربیع الاول ۱۴۰۲ھ

الجواب: یہ پانی مستعمل نہیں ہے، لعدم ازالة الحدث به ولعدم التقرب عنده (شامی) ﴿۲﴾. وھو الموفق

ناخن پالش کے ازالہ میں احتیاط ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ناخن پالش جب دور نہیں ہوتا، تو اس سے وضو اور غسل جنابت کے فریضہ سے انسان سبکدوش ہوجاتا ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: وزیر محمد چارباغ جنگل خیل کوہاٹ

﴿۱﴾ وفی الھندیه: الاجماع علی انه لا یجب الوضوء علی المحدث والغسل علی الجنب والحائض والنفساء قبل وجوب الصلوٰة او ارادة ما لا یحل الا به کذا فی البحر الرائق. (فتاویٰ عالمگیریه ص ۱۶ جلد ۱ قبیل الباب الثالث فی المیاہ)

﴿۲﴾ قال العلامه حصکفی : او بماء استعمل لاجل قربة ای ثواب و لو مع رفع حدث او من ممیز او حائض لعادة عبادة او غسل میت او ید لاکل او منه بنیة السنة او لاجل رفع حدث ولو مع قربة کوضوء محدث ولو للتبرد فلو توضأ متوضئ لتبرد او تعلیم او لطین بیده لم یصر مستعملا اتفاقاً الخ. (الدرالمختار علی هامش ردالمحتار ص۱۳۸، ۱۳۹ جلد ۱ مبحث الماء المستعمل)

الجواب: احتیاط ازالہ میں ہے البتہ بقاء کی صورت میں بھی گنجائش ہے، یدل علیہ مافی شرح التنویر ولا یمنع علی ظفر صباغ هامش ردالمحتار ص ۱۴۳ جلد ۱ ﴿۱﴾ قلت وجه الدلالة واضح لانه لا یمکن ازالته الا بکلفة فیلراجع الی امداد الفتاویٰ ص ۱۹ جلد ۱ ﴿۲﴾. وهو الموفق

وضو کرتے وقت داڑھی دھونے کا مسئلہ

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ وضو کرتے وقت کیا پوری داڑھی دھونا ضروری ہے یا بعض داڑھی؟ بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم......

الجواب: واضح ہو کہ داڑھی کی دو قسمیں ہیں، گھنی اور ہلکی، اگر بالوں سے چہرے کی کھال نظر آتی ہو تو یہ ہلکی داڑھی ہے اور جس داڑھی میں کھال مستور ہو تو اس کو گھنی داڑھی کہتے ہیں ہلکی داڑھی ہونے کی صورت میں داڑھی اور نظر آنے والا چہرے کی کھال دونوں کی دھونا فرض ہے، اور گھنی داڑھی میں چہرے کی حدود میں جو داڑھی واقع ہو اس کا دھونا فرض ہے مسترسل (لٹکی) داڑھی میں صرف مسح کافی ہے، وفی الدرالمختار ثم لا خلاف ان المسترسل لا یجب غسله ولا مسحه بل یسن وان

﴿۱﴾ قال العلامه حصکفی ویجب ای یفرض غسل کل مایمکن من البدن بلا حرج مرة...... ولا یمنع ما علی ظفر صباغ ولا طعام بین اسنانه او فی سنه المجوف به یفتیٰ وقیل ان صلبا منع وهو الاصح. (الدرالمختار علی هامش ردالمحتار ص ۱۵۲، ۱۵۳ جلد ۱ مطلب ابحاث الغسل)

﴿۲﴾ قال الشیخ اشرف علی التهانوی: اس مسئلہ میں ایک قید ہے وہ یہ کہ آسانی سے چھڑانا ممکن ہو، ورنہ اگر چھڑانے میں دشواری ہو تو پھر بدون چھڑائے درست ہے، فی الدرالمختار ولا یمنع الطهارة ونیم...... پس چونہ میں یہی تفصیل ہے کہ اگر آسانی سے چونہ کو نکال سکیں تو نکالنا واجب ہے ورنہ معاف ہے۔

(امداد الفتاویٰ ص ۲۰ جلد ۱ کتاب الطهارت)

الخفيفة التى ترىٰ بشرتها يجب غسل ما تحتها (ص ۱۰۰ جلد ۱) ﴿۱﴾. وهو الموفق

سارا وقت مرض ریح میں گزرتا ہوتو ہر وقت کیلئے وضو کیا کریں

سوال: میں معذور ہوں ریح ہر وقت صادر ہوتی ہے کیا ایک وضو عبادات کیلئے کافی ہوگا؟ بینوا توجروا

المستفتی: ایم اے بیگ پاک پی ڈبلیوڈی بنوں چھاؤنی ...... ۲۸/ ربیع الاول ۱۳۹۷ھ

الجواب: اگر بالکل واقعی سارا وقت آپ کا اس مرض ریح میں گزرتا ہے تو آپ ہر وقت کیلئے وضو کیا کریں اور اس سے نماز اور تلاوت کیا کریں ﴿۲﴾۔ وهو الموفق

گرم پانی سے وضو کرنا جائز مگر بہتر نہیں

سوال: گرم پانی سے وضو کرنا کیسا ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالحمید ایس وی جنوبی وزیرستان ڈی آئی خان

الجواب: گرم پانی سے وضو کرنا جائز ہے البتہ بہتر نہیں ہے ﴿۳﴾۔ وهو الموفق

﴿۱﴾ (الدر المختار على هامش ردالمحتار ص ۷۴ جلد ۱ كتاب الطهارة)

﴿۲﴾ وفى الهنديه: المستحاضة ومن به سلس البول او استطلاق البطن او انفلات الريح او رعاف دائم او جرح لا يرقا يتوضؤن لوقت كل صلاة ويصلون بذلك الوضوء فى الوقت ما شاؤا من الفرائض والنوافل هكذا فى البحر الرائق. ۱۲

(فتاوىٰ هنديه ص ۴۱ جلد ۱ الفصل الرابع فى احكام الحيض والنفاس والاستحاضة)

﴿۳﴾ قال العلامه طحطاوى: ومن الادب انه لا يتوضأ بماء مشمس لا نه يورث البرص لقوله عليه السلام لعائشة حين سخنت الماء: لا تفعلى يا حميراء فانه يورث البرص.

(حاشيه الطحطاوى على مراقى الفلاح ص ۷۸ فصل فى اداب الوضوء)

اخرجه البيهقى فى السنن الكبرىٰ كتاب الطهارة باب كراهة التطهير بالماء المشمس (ص ۶ جلد ۱) والدار قطنى باب الماء المسخن (ص ۳۸ جلد ۱) والزيلعى فى نصب الراية كتاب الطهارة باب ما ورد فى الماء المشمس (ص ۱۰۲ جلد ۱).

سر پر مسح کرنے کا مسنون طریقہ

سوال: کیف طریق مسح الرأس علی الطریق المسنون؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد صادق مہاجر کیمپ ہزارہ ......۲۴/ جمادی الاول ۱۴۰۲ھ

الجواب: یضع جمیع الکفین والاصابع فهد بر ﴿۱﴾ وانکر ابن الهمام والزیلعی علی التجافی، وفی الشامیه ص ۱۱۴ جلد ۱ والاظهر ان یضع کفیه واصابعه علی مقدم رأسه ویمدهما الی القفا علی وجه یستوعب جمیع الرأس ثم یمسح اذنیه باصبعیه﴿۲﴾. وهوالموفق

گردن کا مسح حدیث سے ثابت ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ وضو میں گردن کا مسح کسی حدیث سے ثابت ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: حبیب الحق حضرو اٹک......۱۹۸۶ء

﴿۱﴾ سر کے مسح کرنے میں فقہاء نے مختلف کیفیات کی تصحیح کی ہے جو کہ عینی میں مذکور ہیں اور علامہ سدید الدین کاشغری رحمہ اللہ نے محیط کے حوالے سے جو طریقہ ذکر کیا ہے کہ مسح کے وقت انگوٹھی اور سبابہ کو علیحدہ رکھ لیا جائے، تا کہ اس سے کانوں کا مسح ہو جائے اور اد بار کرتے وقت ہتھیلیوں کو علیحدہ رکھ لیا جائے، تا کہ سر کے دونوں اطراف پھر اس سے مسح کیا جائے، تو اسی طریقہ پر ابن الہمام نے فتح القدیر میں اعتراض کیا ہے، کہ سنت سے اس کی کوئی اصل نہیں، لان الاستعمال لا یثبت قبل الانفصال والاذنان من الرأس حتی جاز اتحاد بلتهما ولان احدا ممن حکی وضوء رسول اللهﷺ لم یوثر عنه ذاک فلو کان من الکیفیات المسنونة وهم شارعون فی حکایتها لترتکب وهی غیر متبادرة لنصوا علیها وکذا رد علیها الزیلعی. والتفصیل فی منهاج السنن شرح جامع السنن فلیراجع. (وهاب)

﴿۲﴾ قال العلامه ابن عابدین: (قوله مستوعبة)...... وما قیل من انه یجافی المسبحتین والابهامین لیمسح بهما الاذنین والکفین لیمسح بهما جانبی الرأس خشیة الاستعمال فقال فی الفتح لا اصل له فی السنة لان الاستعمال لا یثبت قبل الانفصال والاذنان من الرأس. (ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۸۹ جلد ۱ مطلب فی تصریف قولهم معزیا)

الجواب: روى ابو عبيد والديلمي وتاريخ اصفهان عن ابن عمر مرفوعاً وموقوفاً انه امان من الغل يوم القيامة وتمام الكلام فى منهاج السنن ص ۱۲۸ جلد ۱ ﴿۱﴾. وهو الموفق

پیشاب کے ظاہر ہونے سے وضوٹوٹتا ہے

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ عضومخصوص کے سر میں جوسوراخ ہے اگرانسان اس کوکھولتا ہے تو کھل جاتا ہے تو یہ سوراخ داخل میں سے ہے یا خارج میں سے، نیز اگر بول اس سوراخ کوآجاویں اور باہر نہ نکل جائے تو اس صورت میں وضوٹوٹ جاتا ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد ابراہیم بلامبٹ تیمرگرہ ضلع دیر......۲۵/شوال ۱۳۸۹ھ

الجواب: جب تک بول ظاہر نہ ہوا ہوتو وضونہیں ٹوٹتا ہے اور جب سوراخ میں دیکھا جائے، تو وضوٹوٹ جاتا ہے اگر چہ سائل نہ ہوا ہو (شامی ص ۱۲۴، ۱۲۵ جلد ۱) ﴿۲﴾. وهو الموفق

﴿۱﴾ قال المفتی الاعظم محمد فريد: ان مسح العنق مستحب عندنا وعند احمد رحمه الله وقال به الامام الشافعي رحمه الله فى رواية والحجة على مشروعيته ما رواه ابو عبيد والديلمي وتاريخ اصفهان عن ابن عمر مرفوعاً وموقوفاً انه امان من الغل ومن توضأ ومسح عنقه وقى الغل يوم القيمة وكذاما رواه ابو داؤد مرفوعاً يمسح رأسه حتى بلغ القذال وهو اول القفا وجه الدلالة ان بلوغ منتهى اليد الى القذال يستلزم مسح العنق وقال مسدد مسح رأسه من مقدمه الى مؤخره حتى اخرج يديه تحت اذنيه وهو واضح الدلالة.

(ف) واعلم انه لم يرو ان العنق من الرأس وكذالم يثبت اخذالماء الجديد له فالانسب ان يمسح ببلة ظهور الكفين بعد الاذنين.

(منهاج السنن شرح جامع السنن للترمذی ص ۱۲۸ جلد ۱ باب ماجاء ان الاذنين من الرأس)

﴿۲﴾ قال العلامه حصكفي : ثم المراد بالخروج من السبيلين مجردالظهور وفى غيرهما عين السيلان، قال ابن عابدين اى الظهور المجرد عن السيلان فلو نزل البول الى قصبة الذكر لا ينقض لعدم ظهوره بخلاف القلفة فانه نزوله اليها ينقض الوضو.

(الدرالمختار مع ردالمحتار ص ۹۹، ۱۰۰ جلد ۱ مطلب فى نواقض الوضوء)

وضو کی دعائیں مروی اور ان کا پڑھنا مستحب ہیں

سوال: وضو کی دعائیں پڑھنا واجب ہے یا سنت، نیز یہ کسی حدیث میں مروی ہیں یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: اکرام الحق راولپنڈی......۱۹۷۶ء/۳/۲۴

الجواب: وضو کی دعاؤں کا پڑھنا مستحب ہے کیونکہ ان کے متعلق روایات وارد ہیں (رواہ ابن حبان وغیرہ)﴿۱﴾ اور (برتقدیر عدم ثبوت) ان اذکار کو فقہاء کرام نے پسند کیا ہے، وما رأہ المؤمنون حسناً فهو عند الله حسن، رفعه الامام محمد فی موطاه﴿۲﴾. وهو الموفق

﴿۱﴾ قال العلامه حصکفی: والتسمية كما مرعند غسل كل عضو وكذالممسوح والدعاء بالوارد عنده ای عند كل عضو وقد رواه ابن حبان وغيره عنه عليه الصلاة والسلام من طرق قال محقق الشافعية الرملي فيعمل به فی فضائل الاعمال وان انكره النووی.

قال العلامه ابن عابدين: قوله(والتسمية كامر) ای من الصيغة الواردة وهی بسم الله العظيم والحمدلله على دين الاسلام وزاد فی المنية التشهد هنا ايضاً تبعا للمحيط، وشرح الجامع لقاضيخان قال فی الحلية ومن البراء بن عازب عن النبی ﷺ قال ما من عبد يقول حين يتوضا بسم الله ثم يقول بكل عضو اشهد ان لا اله الا الله وحده لا شريك له واشهد ان محمداً عبده ورسوله ثم يقول حين يفرغ اللهم اجعلنی من التوابين واجعلنی من المتطهرين الا فتحت له ثمانية ابواب الجنة يدخل من ايها شآء فان قام الخ، وقال حديث حسن. (قوله والدعا بالوارد) فيقول بعد التسمية عند المضمضة اللهم اعنی على تلاوة القرآن وذكرك وشكرك ...... كما فی الامداد والدرر وغيرهما وثم روايات اخر ذكر ها فی الحلية وغيرها ..... لكن رأيت فی الحلية عن المختارات ويدعو بالوارد وبا وفی البواقی فليراجع.
(الدرالمختار مع ردالمحتار ص ۹۴ جلد ۱ مطلب فی بيان ارتقاء الحديث الضعيف الى مرتبة الحسن مندوبات الوضو)

﴿۲﴾ قال العلامه ناصر الدين البانی: حسن موقوفا اخرجه الطيالسی واحمد وغيرها بسند حسن وصححه الحاكم ووافقه الذهبی (وجعله الامام محمد مرفوعا فی بلاغاته).
(شرح العقيدة الطحاوية ص ۵۳۱ نحب اصحاب رسول الله من غير افراط)

نسوار ناقض وضو ہے یا نہیں؟

سوال: بعض لوگ وضو کے بعد منہ میں نسوار ڈالکر جب نماز کیلئے کھڑے ہوجاتے ہیں تو نسوار نکال کر صرف منہ کو دھوتے ہیں تو کیا اس سے وضو نہیں ٹوٹتا یا صرف منہ دھونا کافی ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: فضل ولی گھڑی کپورہ......۱۹۷۸ء/ ۸/ ۲۷

الجواب: چونکہ تمباکو نہ مسکر ہیں اور نہ مفتر ہیں، لہٰذا ان سے وضو ٹوٹنے کا حکم دینا غلط ہے، قال العلامة الشامی فی ردالمحتار ص۳۰۵ جلد۵ فانه لم یثبت اسکاره ولا تفتیره ولا اضراره بل ثبت له منافع فهو داخل تحت قاعدة الاصل فی الاشیاء الاباحة، البتہ اگر اس سے اغماء حاصل ہو تو اغماء ناقض وضو ہے﴿۱﴾۔ وهو الموفق

داڑھی کو خضاب دیکر وضو جائز ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ جس داڑھی کو خضاب لگایا جائے اس سے وضو پر اثر پڑتا ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم......

الجواب: چونکہ خضاب لگانے سے بالوں پر کوئی تہہ نہیں بنتا اسلئے اس سے وضو اور غسل پر کوئی اثر نہیں پڑتا، وفی الدرالمختار : ولا یمنع ما علی ظفر صباغ ولاطعام بین اسنانه او فی

﴿۱﴾ قال العلامه حصکفی: وینقضه اغماء ومنه الغشی وجنون وسکر بان یدخل فی مشیه تمایل ولو باکل الحشیشة قال ابن عابدین قوله وسکر وهو حالة تعرض للانسان من امتلاء دماغه من الابخرة المتصاعدة من الخمر ونحوه فیتعطل معه العقل الممیز بین الامور الحسنة والقبیحة اسمعیل عن البرجندی.

(الدرالمختار مع ردالمحتار ص۱۰۱ جلد۱ بعد مطلب نوم الانبیاء غیر ناقض)

سنه المجوف (ص ١٥٤ جلد ١)﴿١﴾ البتہ تہہ بن جانے کی صورت میں کہ پانی کا پہنچنا ممکن نہ ہو تو وضو درست نہیں، لمافی الهنديه: والخضاب اذا تجسد وييس يمنع تمام الوضوء والغسل (ص ٤ جلد ١) ﴿٢﴾. وهو الموفق

مسواک کے ساتھ نماز کا ثواب ستر گنا ہو جاتا ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ مسواک کر کے نماز پڑھنے کے ثواب میں کس قدر اضافہ ہوتا ہے اور بغیر مسواک کے کس قدر خسارہ ہوتا ہے؟ بينوا توجروا

المستفتی: حاجی قطب الدین منڈی بہاؤالدین گجرات

الجواب: ستر گنا ثواب دیا جائے گا، الحدیث﴿٣﴾. وهو الموفق

صرف بوٹ دھویا جائے پاؤں نہیں کیا وضو ہوتا ہے؟

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر فوجی یا مجاہد صرف بوٹ دھولے اور پاؤں نہ دھوئے، کیا اس سے وضو درست ہوسکتا ہے؟ بينوا توجروا

المستفتی: محمد از رم تبوک سعودی عرب......٧/٧/١٤٠١ھ

الجواب: اگر مسح خفین کی شرائط ﴿٤﴾ موجود نہ ہوں تو پاؤں کا دھونا ضروری ہے۔ وهو الموفق

﴿١﴾ (الدرالمختار علی هامش ردالمحتار ص ١١٤ جلد ١ قبيل مطلب سنن الغسل)

﴿٢﴾ (فتاویٰ عالمگیریه ص ٤ جلد ١ كتاب الطهارة)

﴿٣﴾ وعن عائشة رضي الله عنها قالت قال رسول الله ﷺ تفضل الصلوٰة التي يستاک لها على الصلوٰة التي لا يستاک لها سبعين ضعفا رواه البيهقي في شعب الايمان.
(مشكوٰة المصابيح ص ٤٥ جلد ١ باب السواک)

﴿٤﴾ قال العلامه حصكفي: شرط مسحه ثلاثة امور الاول كونه ساتر القدم مع الكعب او يكون نقصانه اقل من الخرق المانع فيجوز على......(بقيه حاشيه اگلے صفحه پر)

وضو میں مضمضہ کرنا سنت ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر میں روزہ کی حالت میں وضو کے دوران منہ میں پانی نہ ڈالوں اس سے نماز میں کچھ فرق آتا ہے یا نہیں، کیونکہ منہ میں پانی ڈالنے سے مجھے روزہ ٹوٹ جانے کا شک ہوتا ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: یوسف شاہ صدر بازار رسالپور کینٹ نوشہرہ......۲۷/رمضان ۱۴۱۰ھ

الجواب: آپ فکر نہ کریں منہ میں پانی ڈالا کریں، البتہ وضو میں مضمضہ کرنا سنت ہے ﴿۱﴾، اس کے ترک سے وضو کو نقصان نہیں پہنچتا ثواب میں کمی آتی ہے۔ وھو الموفق

نسوار، حقہ اور سگریٹ ناقض وضو نہیں

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ نسوار، حقہ اور سگریٹ نوشی حرام ہے یا مکروہ؟ اور اس سے وضو ٹوٹتا ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: معتبر شاہ کونکی......۱۹۸۳ء/۲/۱۴

(بقیہ حاشیہ) الزربول او مشدوداً...... والثانی کونه مشغولاً بالرجل لیمنع سرایة الحدث...... والثالث کونه مما یمکن متابعة المشئ المعتاد فیه فرسخاً فاکثر، قال ابن عابدین (قوله لو مشدوداً) لان شدہ بمنزلة الخیاطة وهو مستمسک بنفسه بعد الشد کالخف المخیط بعضه ببعض فافهم وفی البحر عن المعراج ویجوز علی الجاروق المشقوق علی ظهر القدم وله ازراریشدها علیه تسده لانه کغیر المشقوق وان ظهر من ظهر القدم شئ فهو کخروق الخف.

(الدرالمختار مع ردالمحتار ص ۱۸۲، ۱۸۳ جلد ۱ باب المسح علی الخفین)

﴿۱﴾ قال الحصکفی وغسل الفم ای استیعابه ولذا عبر بالغسل او للاختصار بمیاه ثلاثه والانف...... وهما سنتان مؤکدتان، قال ابن عابدین فلو ترکهما اثم علی الصحیح سراج قال فی الحلیة لعله محمول علی ما اذاجعل الترک عادة له من غیر عذر.

(الدرالمختار مع ردالمحتار ص ۸۲ جلد ۱ سنن الوضوء)

الجواب: نسوار، حقہ وغیرہ کا استعمال مباح ہے جبکہ بطور لہو نہ ہو اور عدم سکر کی وجہ سے ان سے وضو نہیں ٹوٹتا ہے﴿۱﴾۔وھو الموفق

﴿۱﴾ قال العلامہ ابن عابدین: فانہ لم یثبت اسکارہ ولا تفتیرہ ولا اضرارہ بل ثبت لہ منافع الخ. (ردالمحتار ھامش الدرالمختار ص ۴۵۹ جلد۵ کتاب الاشربة)

الباب الثانی فی الغسل

غسل کی ابتداء میں وضو مسنون ہے

سوال: الوضوء قبل الغسل سنة او مستحب؟ ورجل اغتسل من الجنابة ولم یتوضأ قبل الغسل ولا بعد الغسل وصلی ایجوز صلوته ام لا؟ والوضوء بعد الغسل اذا لم یتوضأ قبله لازم ام لا؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد فائق باجوڑ ایجنسی عنایت کلے.....۵/مئی ۱۹۸۶ء

الجواب: ابتداء غسل میں وضو کرنا مسنون ہے (شرح التنویر)﴿۱﴾ جب کوئی شخص مضمضہ اور استنشاق کے بعد بدن پر پانی ڈالے تو اس کا غسل باوجود خلاف سنت ہونے کے درست ہے اور اس شخص کی نماز بھی درست ہے﴿۲﴾۔ وھو الموفق

ننگے بدن غسل کرنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایسے غسل خانہ میں غسل کرنا جس پر چھت ہو ننگی حالت میں غسل کرنا جائز ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد ازرم تبوک سعودی عرب.....۷/۷/۱۴۰۱ھ

﴿۱﴾ قال الحصکفی: وسننه ... البداءة بغسل یدیه وفرجه ... وخبث بدنه ان کان علیه خبث لئلا یشیع ثم یتوضأ..... ثم یفیض الماء علی کل بدنه ثلاثا الخ.
(الدرالمختار علی ھامش ردالمحتار ص ۱۱۰، ۱۱۱ جلد ۱ مطلب سنن الغسل)

﴿۲﴾ وفی الھندیه: الفرائض الغسل وھی ثلاثة المضمضة والاستنشاق وغسل جمیع البدن علی مافی المتون. (فتاویٰ ھندیه ص ۱۳ جلد ۱ الباب الثانی فی الغسل)

الجواب: ننگا غسل جائز ہے البتہ لنگوٹ استعمال کرنا افضل ہے﴿۱﴾عورت پر نظر پڑنے سے وضو نہیں ٹوٹتا ہے وضو درست ہے﴿۲﴾۔ وھوالموفق

احتلام سے غسل واجب ہوجاتا ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ میں فالج کا مریض ہوں ایک پاؤں شل ہے میں نے شادی بھی کی ہے بارہ سال ہوئے ہیں اب مسئلہ یہ ہے کہ مجھے ہفتہ میں دو تین بار احتلام ہوتا ہے، کبھی کسی کو دیکھ کر اور کبھی ویسے ہی احتلام ہوتا ہے میری عمر تقریباً سینتیس سال ہے، تقریباً آٹھ سال سے پابندی کے ساتھ نماز پڑھنا شروع کی ہے اسلئے ہر وقت غسل کرنا پڑتا ہے، اسلئے آپ صاحبان فتویٰ صادر فرماویں کہ ان احتلاموں سے مجھ پر غسل واجب ہوجاتا ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: مسا شرخان گڑھی سخا کوٹ......یکم اپریل ۱۹۷۵ء

الجواب: محترم المقام! السلام علیکم کے بعد واضح رہے کہ احتلام سے غسل واجب ہوجاتا ہے﴿۳﴾۔ آپ ہمت نہ ہاریں غسل کیا کریں اللہ کریم آپ کو شفایاب کرے۔ فقط

﴿۱﴾ قال الحصكفي: وسننه كسنن الوضوء سوى الترتيب وادابه كادابه سوى استقبال القبلة لانه يكون غالباً مع كشف عورة وقال ابن عابدين اقول اوالمراد الكراهة حال الكشف فقط كما افاده التعليل السابق والظاهر من حاله عليه السلام انه لا يغتسل بلا ساتر (قوله مع كشف عورة) فلو كان متزراً فلا باس به كما في شرح المنية والامداد.

(الدرالمختار مع ردالمحتار ص ۱۱۰ جلد ۱ مطلب سنن الغسل)

﴿۲﴾ وفي الهنديه: مس الرجل المراة والمراة الرجل لا ينقض الوضوء كذافي المحيط مس ذكره او ذكر غيره ليس بحدث عندنا كذافي الزاد.

(فتاویٰ هنديه ص ۱۲ قبيل الباب الثاني في الغسل)

﴿۳﴾ قال العلامه مرغيناني: والمعاني الموجبة للغسل انزال المني على وجه الدفق والشهوة من الرجل والمرأة حالة النوم واليقظة.

(هداية على صدر فتح القدير ص ۵۳ جلد ۱ فصل في الغسل)

غیر محرم کو برہنہ حالت میں دیکھنے سے غسل واجب نہیں ہوتا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر کوئی عورت کسی غیر محرم کو ننگی یعنی برہنہ حالت میں دیکھ لے، تو اس پر غسل واجب ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: حاجی محمد......۱۹۷۴ء/۴/۲

الجواب: غسل واجب نہیں ہوتا ہے ﴿۱﴾۔ وھو الموفق

مرد کیلئے اقل مدت بلوغ اور منی وغیرہ کے پاک کرنے کا طریقہ

سوال: مرد کیلئے مدت بلوغ کیا ہے، بندہ جب بارہ سال کا ہو گیا تو انزال ہو گیا تھا، کیا اس وقت سے بلوغ شروع ہو سکتا ہے، نیز منی، ودی، مذی کی پاکی کا طریقہ کیا ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: منظور راولپنڈی......۲۴/شعبان ۱۴۰۳ھ

الجواب: مرد کیلئے اقل مدت بلوغ بارہ سال ہے آپ بارہ سال کے ہو کر بالغ ہو گئے ہیں کیونکہ علامت بلوغ (انزال) موجود ہو گئی ہے ﴿۲﴾ اور خشک منی جھاڑ دینے سے پاک ہو جاتی ہے اور اگر خشک نہ ہو تو دھونے سے ﴿۳﴾۔ اسی طرح مذی اور ودی بھی دھونے سے پاک ہو گی ﴿۴﴾۔ وھو الموفق

﴿۱﴾ کیونکہ یہ معانی موجب غسل میں سے نہیں ہے۔ (سیف اللہ حقانی)

﴿۲﴾ قال العلامة الحصكفي: بلوغ الغلام بالاحتلام والاحبال والانزال والاصل هو الانزال...... فان لم يوجد فيهما شئ فحتى تتم لكل منهما خمس عشرة سنة به يفتىٰ لقصر اعمار اهل زماننا وادنى مدته له اثنتا عشرة سنة.

(الدرالمختار على هامش ردالمحتار ص۱۰۷ جلد۵ فصل بلوغ الغلام كتاب الحجر)

﴿۳﴾ وقال في الهنديه: ومنها الفرك في المنى اذا اصاب الثوب فان كان رطبا يجب غسله وان جف على الثوب اجزأ فيه الفرك استحسانا.

(فتاوىٰ عالمگيريه ص۴۴ جلد۱ الباب السابع في النجاسة)

﴿۴﴾ قال الفقيه طاهر بن عبد الرشيد: اذاحت النجاسة...... (بقیه حاشیه اگلے صفحه پر)

ہاتھ پر مشین سے نام لکھ کر مانع غسل ووضو نہیں

سوال: بندہ نے بچپن میں مشین کے ذریعے اپنے ہاتھ پر نام لکھوایا ہے اب لوگ کہتے ہیں کہ اس نام کو مٹا دو، اس سے غسل ووضو نہیں ہوتا ہے حالانکہ وہ نام اب بغیر اپریشن کے نہیں مٹ سکتا تو اس کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: نارتھ وزیرستان ایجنسی میران شاہ.....۱۹۸۸ء/۴/ ۲۸

الجواب: یہ خط، خال اور بھرے ہوئے زخم کی طرح عضو ہے نہ وضو سے مانع ہے اور نہ غسل سے مانع ہے ﴿۱﴾ واعظوں کے سخت اور غلط مسائل سے خائف نہ ہوں ﴿۲﴾۔ وھو الموفق

(بقیہ حاشیہ) لم یجز الا فی المنی الیابس فان کان رطبا لا یطھر الابالغسل وھو نجس عندنا..... ولکن ھذا اذالم یخرج المذی قبل خروج المنی اما اذاخرج المذی ثم خرج المنی لا یطھر الثوب بالفرک.

(خلاصۃ الفتاویٰ ص ۴۱ جلد ۱ الفصل السادس فی غسل الثوب والدھن)

﴿۱﴾ قال ابن عابدین: یستفاد مما مر حکم الوشم فی نحو الید وھو انه کالاختضاب اوالصبغ بالمتنجس لانه اذا غرزت الید او الشفة مثلا بابرة ثم حشی محلھا بکحل اونیلة لیخضر تنجس الکحل بالدم فاذاجمد الدم والتأم الجرح بقی محله اخضر فاذاغسل طھر لانه اثر یشق زواله لانه لا یزول الا بسلخ الجلد او جرحه فاذاکان لا یکلف بازالة الاثر الذی یزول بماء حارٍ اوصابون فعدم التکلیف ھنا اولیٰ وقد صرح به فی القنیه فقال ولو اتخذ فی یده وشمالا یلزمه السلخ اھ.

(ردالمحتار ھامش الدرالمختار ص ۲۳۰ جلد ۱ مطلب فی حکم الوشم باب الانجاس)

﴿۲﴾قال الامام ولی الله الدھلوی: واما المذکر فلا بد..... ان یکون میسراً لا معسراً..... واما الأفات التی تعتری الوعاظ فی زماننا فیھا عدم تمییزھم بین الموضوعات وغیرھابل غالب کلامھم الموضوعات المحرفات وذکرھم الصلوات والدعوات التی عدھا المحدثون من الموضوعات ومنھا مبالغتھم فی شیئ من الترغیب والترھیب.

(القول الجمیل ص ۱۷۱، ۱۷۲ باب التذکیر والوعظ)

جانور سے بدون انزال وطی کرنے سے غسل واجب نہیں ہوتا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر ایک شخص کسی جانور سے وطی کرے لیکن انزال نہ ہوا ہو تو غسل واجب ہوتا ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم......

الجواب: نفس ایلاج (دخول) موجب غسل نہیں بلکہ ایلاج (التقاء ختانین) کیلئے محل مشتہاۃ کا ہونا ضروری ہے چونکہ جانور محل مشتہاۃ نہیں اسلئے نفس وطی پر بدون انزال کے غسل واجب نہیں، وفی الهندیه (ص ۱۵ جلد ۱) والایلاج فی البهیمة والمیتة والصغیرة التی لا یجامع مثلها لا یوجب الغسل بدون الانزال ﴿۱﴾. وهو الموفق

بازو میں مصالحہ سے نام لکھ کر مانع غسل و وضو نہیں ہے

سوال: ایک شخص اپنے بازو میں نام تحریر کرتا ہے جو سوئی کے ذریعے کیا جاتا ہے اور ایک قسم کا رنگدار مصالحہ اندر کیا جاتا ہے تو نام کے نیچے پانی کا پہنچنا مشکل ہوتا ہے تو کیا ایسے شخص کا غسل وغیرہ صحیح ہو جاتا ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: حافظ شمس الحق قمر حضرو اٹک......۲۷/ رمضان ۱۴۰۵ھ

الجواب: یہ خط، خال کی طرح غسل وغیرہ سے مانع نہیں ہے، کمافی ردالمحتار ص ۲۲۰ جلد ۱ باب الانجاس ، یستفاد مما مرحكم الوشم فی نحو الید وهو ان كالاختضاب او الصبغ بالمتنجس لانه اذا غرزت الید او الشفة مثلاً بابرة ثم حشی محلها بكحل او نیلة لیخضر تنجس الكحل بالدم فاذا جمدالدم و التأم الجرح بقی

﴿۱﴾ (فتاویٰ عالمگیریه ص ۱۵ جلد ۱ الفصل الثالث فی المعانی الموجبة للغسل وهی ثلاثة)

محله اخضر فاذا غسل طهر لانه اثر یشق زواله لانه لا یزول الابسلخ الجلد او جرحه فاذاکان لا یکلف بازالة الاثر الذی یزول بماءٍ حارٍ او صابون فعدم ا التکلیف هنا اولیٰ. .... وفی الفتاوی الخیریه من کتاب الصلاة سئل فی رجل علی یده وشم هل تصح صلوته وامامته معه ام لا اجاب نعم﴿۱﴾. وھوالموفق

خضاب مانع غسل ووضو نہیں ہے

سوال: بعض افراد سفید داڑھی پر سیاہ خضاب لگاتے ہیں بالوں پر خضاب لگنے سے ممکن ہے کہ پانی بالوں کی اصل جسامت تک نہ پہنچ سکے، لہٰذا اسی حالت میں غسل یا وضو ہو سکتا ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: نور رحمان ناوگی بونیر سوات ...... ۱۶/ اگست ۱۹۸۳ء

الجواب: بالوں پر خضاب لگانے کے بعد اصل بالوں کو پانی پہنچانا ضروری نہیں ہے جب بالوں کی ظاہری سطح پر پانی پھر جائے، تو غسل جنابت ادا ہونے کیلئے کافی ہے (شامی) ﴿۲﴾۔ وھوالموفق

دوران غسل باتیں کرنے اور ادعیہ پڑھنے کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ دوران غسل باتیں کرنے کا کیا حکم ہے؟ اور اس وقت ادعیہ مسنونہ پڑھنا جائز ہیں یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم......

﴿۱﴾ (ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۲۳۰ جلد ۱ مطلب فی حکم الوشم باب الانجاس)

﴿۲﴾ قال العلامه حصکفی: ولا یمنع الطهارة ونیم ای خرء ذباب وبرغوث لم یصل الماء تحته وحناء ولو جرمه به یفتی ولا یمنع ما علی ظفر صباغ ولا طعام بین اسنانه او فی سنه المجوف به یفتی وقیل ان صلبا منع وهو الاصح.

(الدرالمختار علی هامش ردالمحتار ص ۱۰۹ جلد ۱ قبیل مطلب سنن الغسل)

الجواب: دوران غسل خاموش رہنا بہتر ہے، عریان حالت میں فقہاء نے باتیں کرنے کو مکروہ لکھا ہے اور ادعیہ مسنونہ پڑھنے کیلئے یہ وقت مناسب نہیں ہے، فی ردالمحتار ص ۱۵۶ جلد ۱ ویستحب ان لا یتکلم بکلام مطلقة اما کلام الناس فلکراهته حال الکشف واما الدعا فلانه فی مصب المستعمل ومحل الاقذار والاوحال ﴿۱﴾. وهو الموفق

مستورات کیلئے غسل میں مینڈھیاں دھونے کا طریقہ

سوال: مردوں کے علاوہ عورتیں اگر غسل کریں، تو مردوں کی طرح ان کیلئے بھی پورے بدن پر پانی ڈالنا ضروری ہے یا نہیں؟ نیز عورتوں کیلئے سر کے بالوں پر پانی ڈالنے کا کیا طریقہ ہے؟ بعض عورتیں صرف مسح پر اکتفا کرتی ہیں کیا یہ صحیح ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد امین شراوک ملائشیا...... ۲۵/ رمضان المبارک ۱۴۰۳ھ

الجواب: عورت پر مردوں کی طرح تمام بدن کا دھونا فرض ہے البتہ گندھے ہوئے بالوں کی اصل تک پانی پہنچانا کافی ہے تمام بالوں کا دھونا ضروری نہیں ہے اور غسل میں سر کے بالوں پر مسح کرنا کافی نہیں ہے، خواہ زینت کو نقصان دہ ہو یا نہ ہو، البتہ اگر بال کھلے ہوئے ہوں تو پورے بالوں کا دھونا ضروری ہے ﴿۲﴾۔ وهو الموفق

عمر کے لحاظ سے حد بلوغ کی مدت

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ عمر کے لحاظ سے مذکر اور مؤنث کا

﴿۱﴾ (ردالمحتار هامش الدر المختار ص ۱۱۵ جلد ۱ مطلب سنن الغسل کتاب الطهارة)

﴿۲﴾ قال الحصکفی: وکفی بل اصل ضفیرتها ای شعر المرأة المضفور للحرج اما المنقوض فیفرض غسل کله اتفاقا ولو لم یبتل اصلها یجب نقضها مطلقا هو الصحیح ولو ضرها غسل رأسها ترکته وقیل تمسحه.

(الدر المختار علی هامش ردالمحتار ص ۱۰۸ جلد ۱ مطلب فی ابحاث الغسل)

بلوغ کتنے عرصہ میں ہوتا ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: نصر اللہ صوابی.....۹/محرم ۱۴۰۳ھ

الجواب: عمر کے لحاظ سے مذکر ومؤنث کی مدت بلوغ پندرہ سال ہے، کما فی شرح التنویر علی هامش ردالمحتار ص ۱۳۲ جلد۶ فان لم یوجد فیهما شئ فحتی تمَّ فکل منهما خمس عشرہ سنة به یفتیٰ ﴿۱﴾. وهو الموفق

احتلام بھول جانے کی صورت میں قضاء نمازوں کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ کسی شخص کو احتلام ہوا تھا، مگر وہ بھول گیا تھا، چند دن بعد یاد آیا کہ احتلام ہوا تھا، اب جو نمازیں بغیر غسل کے پڑھی گئی ہیں، ان کی قضاء کس طرح کرے گا؟ بینوا توجروا

المستفتی: نا معلوم.....

الجواب: اگر کسی کو چند دن بعد احتلام کا علم ہوا کہ فلاں دن کو مجھے احتلام ہوا تھا، تو اسی دن سے نمازوں کی قضاء کریگا، اور اگر متعین دن کا علم نہ ہو تو آخری نوم سے جنبی شمار ہوگا اس کے بعد جتنی نمازیں پڑھی گئی ہوں ان کی قضاء لازم ہوگی (مجموعة الفتاویٰ ص ۱۶۴ جلد ۱) ﴿۲﴾. وهو الموفق

مذی کے خروج سے غسل واجب نہیں ہوتا ہے

سوال: جناب مفتی صاحب دار العلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک! کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے

﴿۱﴾ (الدر المختار علی هامش ردالمحتار ص۱۰۷ جلد۵ فصل بلوغ الغلام کتاب الحجر)

﴿۲﴾ قال العلامہ عبد الحئی اللکھنوی: اگر یہ علم ہوگیا کہ فلاں دن مجھے احتلام ہوا تھا تو اس دن سے جنابت کا حکم جاری ہوگا اور اگر دن کی تعین کا علم نہ ہوا ہو فقط یہی علم ہوا ہو کہ مجھے احتلام ہوا تو احتلام کا حکم اس آخری نوم سے دیا جائے گا جس کے بعد سے نہ سویا ہو۔ (مجموعة الفتاویٰ ص ۱۶۵ جلد ۱ کتاب الطهارت)

بارے میں کہ اگر کسی کو شہوت آجائے یعنی آلہ تناسل ساکن ہو اور پھر منتشر ہو جائے، اور ذکر کے سر پر تری آجائے، اور پتہ نہیں لگتا کہ یہ منی ہے یا کوئی اور چیز ہے، تو اس سے غسل واجب ہو جاتا ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: رحمت نبی ضلع پشاور...... یکم ذی الحجہ ۱۳۸۹ھ

الجواب: یہ مذی ہے اس کے خروج سے غسل واجب نہیں ہوتا ہے ﴿۱﴾ اور منی کے خروج سے اس وقت غسل واجب ہوتا ہے جبکہ دفق اور شہوت سے ہو ﴿۲﴾ اور صورت مسئولہ میں یہ شرط موجود نہیں ہے (ھکذا فی جمیع کتب الفقه). وھو الموفق

دانت کے سوراخ کو مصالحہ سے پر کرنا مانع غسل نہیں ہے

سوال: شق دندان را داکتر پر کردہ ام، بعض مولوی صاحبان در بارہ غسل فرمودہ اند، کہ غسل مے شود و بعضے گفتہ اند نمیشد، اکنون محترم شما مارا ہدایت دھید کہ صحیح خیال چیست؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالباقی افغانستان...... ۲۴/شعبان ۱۴۰۳ھ

الجواب: غسل بلاشک وشبہ جائز است زیرا نچہ خالی کردن سوراخ در وقت ہر غسل حرج عظیم است، کہ در شرع شریف مرفوع است، نظیرہ مافی الھندیه ص ۳۳۶ جلد۵ من شد السن بالذھب

﴿۱﴾ قال ابن المنذر حدثنا محمد بن یحیٰ حدثنا ابو حنیفه رحمه الله حدثنا عکرمه عن عبد ربه بن موسیٰ عن امه انها سالت عائشه رضی الله عنها عن المذی فقالت ان کل فحل یمذی وانه المذی والودی والمنی فاما المذی فالرجل یلاعب امرأته فیظهر علی ذکره الشئ فیغسل ذکره وانثیه ویتوضأ ولا یغتسل الخ.

(فتح القدیر ص ۵۳، ۵۴ جلد ۱ فصل فی الغسل)

﴿۲﴾ قال المرغیناني: والمعاني الموجبة للغسل انزال المنی علی وجه الدفق والشهوة من الرجل والمرأة حالة النوم والیقظة.

(هدایه علی صدر فتح القدیر ص ۵۳، ۵۴ جلد ۱ فصل فی الغسل)

والفضة﴿۱﴾ ومافی غسل شرح التنویر وثقب انضم، قلت فهذا اشد حرجاً منه﴿۲﴾. فافهم

غسل کے دوران کشف عورت کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اکثر نہروں میں یا تالابوں میں لوگ اجتماعی طور پر غسل کرتے ہیں اور ناف کے نیچے اور گھٹنوں سے اوپر کا کچھ حصہ نظر آتا ہے اور اعضائے مخصوصہ کو ڈھانپے ہوئے ہوتے ہیں کیا ایسے مقامات پر ایسا کرنا جائز ہے؟ اور اگر کوئی شخص نہ ہو تو برہنہ غسل جائز ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم......

الجواب: واضح ہو کہ انسان ایسی جگہ میں غسل کرے جہاں اکیلا ہو، تو ایسی حالت میں بھی بلا ضرورت کشف عورت سے احتراز کرے گا، ضرورت کی حد تک اس کیلئے کشف عورت کی رخصت ہے اور جب ایسے مقامات میں اور لوگ بھی موجود ہوں تو ایسی حالت میں مردوں کیلئے تمام ستر عورت (ناف سے گھٹنوں تک) چھپانا فرض ہے جس کا کشف حرام ہے اگر ایک شخص نے اس طریقہ سے غسل کرلیا تو ارتکاب حرام کے باوجود فریضہ غسل ادا ہو جاتا ہے، فی الکبیری ص ۵۱ وان یغتسل فی موضع لا یراہ احد لاحتمال

﴿۱﴾وفی الهندیه: قال محمد رحمه الله فی الجامع الصغیر ولا یشد الاسنان بالذهب ویشدها بالفضة یرید به اذاتحرکت الاسنان وخیف سقوطها فاراد صاحبها ان یشدها یشدها بالفضة ولا یشدها بالذهب وهذا قول ابی حنیفه رحمه الله وقال محمد رحمه الله یشدها بالذهب ایضاً ...... وذکر الحاکم فی المنتقیٰ لو تحرکت سن رجل وخاف سقوطها فشدها بالذهب او بالفضة لم یکن به بأس عند ابی حنیفة وابی یوسف رحمهما الله تعالیٰ الخ.
(فتاویٰ هندیه ص ۳۳۶ جلد۵ الباب العاشر فی استعمال الذهب والفضة)

﴿۲﴾قال العلامه حصکفی: لا یجب غسل مافیه حرج کعین وان اکتحل بکحل نجس وثقب انضم ولا داخل قلفة.
(الدرالمختار علی هامش ردالمحتار ص۱۰۷ جلد ۱ مطلب فی ابحاث الغسل)

بدؤ العورة حال الاغتسال او اللبس ولحدیث یعلی بن امیة ان النبی ﷺ قال ان الله حی ستیر یحب الحیاء والستر فاذا اغتسل احدکم فلیستتر رواه ابوداؤد ﴿۱﴾. وهوالموفق

دانتوں کوسونے کا خول چڑھانا مانع غسل نہیں ہے

سوال: اگرکسی نے اپنے دانتوں کوسونے کا خول چڑھایا زیب وزینت کیلئے یا کسی بیماری کی وجہ سے تو کیا اب وہ مانع غسل ہوگا یانہیں؟ نیز یہ خول چڑھانا شرعاً کیسا ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: ڈاکٹر گل فراز دندان ساز مانیری ضلع صوابی......۱۹۸۸ء/۸/۱۹

الجواب: اگراس جائز یا ناجائز سنہری خول ﴿۲﴾ کا ہر غسل کیلئے دور کرنا اور غسل کے بعد اعادہ کرنا موجب حرج ہو، تو یہ مانع غسل نہیں ہے، لان الحرج مدفوع ﴿۳﴾. ویورده فی الاثار ﴿۴﴾ فلیراجع الی نصب الرایه ص۲۳۷ جلد۴. وهوالموفق

﴿۱﴾ (غنیة المستملی شرح منیة المصلی ص۴۹ فرائض الغسل)

﴿۲﴾ قال العلامه طاهر بن عبد الرشید البخاری رحمه الله: ویشد الاسنان بالفضة ولا یشدها بالذهب. (خلاصة الفتاویٰ کتاب الکراهیة فی اللبس ص۳۷۰ جلد۴)

﴿۳﴾ قال ابن عابدین: (قوله وثقب انضم) قال فی شرح المنیة وان انضم الثقب بعد نزع القرط وصار بحال ان امر علیه الماء یدخله وان غفل لا فلا بد من امراره ولا یتکلف لغیر الامرار من ادخال عود ونحوه فان الحرج مدفوع.

(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص۱۰۷ جلد۱ مطلب ابحاث الغسل)

وفی الهندیه: والصرام والصباغ ما فی ظفرهما یمنع تمام الاغتسال وقیل کل ذلک یجزیهم للحرج والضرورة ومواضع الضرورة مستثناة عن قواعد الشرع کذا فی الظهیریة.

(فتاویٰ عالمگیری الباب الثانی فی الغسل ص۱۳ جلد۱)

﴿۴﴾ وفی المنهاج: والاثار تدل علی الجواز کما فی نصب الرایة عن الطبرانی فی معجمه الاوسط ان النبی ﷺ امر عمرو بن العاص ان یشد ثنیته...... (بقیه حاشیه اگلے صفحه پر)

دانت کے سوراخ کو سیسہ وغیرہ سے پر کرنا غسل کے مانع نہیں ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ دانت کے سوراخ کو سیسہ وغیرہ سے پر کرنا مانع غسل ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم......۱۹۸۶ء/۹/۲۹

الجواب: الحمد لله وسلام على عباده الذين اصطفىٰ، امابعد! پس معلوم باد کہ چوں سوراخ دندان از سیسہ وغیرہ پر کردہ شود داخل نہ شود آب، مانع از غسل جنابت نیست برائے دفع حرج، كما يشير اليه مافي ردالمحتار ص۱۴۳ جلد۱ قوله وهو الاصح، صرح به في شرح المنية وقال لامتناع نفوذالماء مع عدم الضرورة والحرج، فافهم﴿۱﴾، ويدل عليه مافي اعلاء السنن جلد۱۷ ص۲۹۹ ان عثمان بن عفان رضي الله عنه ضبب اسنانه بالذهب اخرجه عبد الله بن احمد بن حنبل في مسند ابيه، والتضبيب مانع من الوصول، وفي ص۲۹۸ ان انس بن مالك شدد اسنانه بذهب اخرجه الطبراني والتشديد مانع من جريان الماء تحته﴿۲﴾. فافهم. وهو الموفق

(بقيه حاشيه) الساقطة بالذهب، وعن معجم الصحابة ان عبد الله بن عبد الله بن ابى سلول امره النبي صلى الله عليه وسلم ان يتخذ ثنية من ذهب، وفي مسند احمد ان عثمان بن عفان رضي الله عنه ضبب اسنانه بذهب، وروى الطبراني ان سنان انس رضي الله عنه شدت بالذهب.

(منهاج السنن شرح جامع السنن ص۲۲۲ جلد۵ باب ماجاء في شد الاسنان بالذهب)

﴿۱﴾ قال الحصكفي: ولا يمنع ما على ظفر صباغ ولا طعام بين اسنانه او في سنه المجوف به يفتىٰ وقيل ان صلبا منع وهو الاصح، وقال ابن عابدين صرح به في شرح منيه وقال لا متناع نفوذ الماء مع عدم الضرورة والحرج.

(الدرالمختار مع ردالمحتار ص۱۰۹ جلد۱ باب في ابحاث الغسل)

﴿۲﴾وفي المنهاج: والاثار تدل على الجواز كما في نصب......(بقيه حاشيه اگلے صفحه پر)

غسل میں ناک کی نرمی تک دھونا فرض ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ غسل میں پانی ناک میں انگلی کے ذریعے داخل کرے یا ناک سے سونگھیں؟ جبکہ ناک میں سونگھنے سے دماغ میں داخل ہوکر بیماریوں کا اندیشہ ہے؟ بینوا وتوجروا

المستفتی: شمشیر خان حاجی زی شبقدر......۱۹۷۵ء/۱۰/۲۸

الجواب: غسل میں اس نرمی کا دھونا فرض ہے ﴿۱﴾ آپ پر جس طرح سے اسان ہو معمول بنادے۔ وھو الموفق

(بقیہ حاشیہ) الرایة عن الطبرانی فی معجمه الاوسط ان النبی ﷺ امر عمرو بن العاص ان یشد ثنیته الساقطة بالذهب، وعن معجم الصحابة ان عبد الله بن عبد الله بن ابی سلول امره النبی ﷺ ان یتخذ ثنیة من ذهب، وفی مسند احمد ان عثمان بن عفان رضی الله عنه ضبب اسنانه بذهب، وروی الطبرانی ان اسنان انس رضی الله عنه شدت بالذهب.

(منهاج السنن شرح جامع السنن ص ۲۲۲ جلد ۵ باب ماجاء فی شد الاسنان بالذهب)

﴿۱﴾ وفی الهندیه: وحد المضمضة استیعاب الماء جمیع الفم وحد الاستنشاق ان یصل الماء الی المارن کذا فی الخلاصة.

(فتاویٰ عالمگیریه ص ۶ جلد ۱ الفصل الثانی فی سنن الوضوء)

الباب الثالث فی البئر والحوض

بڑے حوض میں سال بھر پانی رہنے کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ پانی کا ایک بڑا حوض جس کی لمبائی اور چوڑائی دس، دس گز سے بھی زیادہ ہے جس میں بارش کا پانی جمع کیا جاتا ہے اور پھر سال بھر اس میں رہتا ہے ارد گرد کوڑا کرکٹ بھی ہوتا ہے لیکن حفاظت کی وجہ سے اس میں گرتا نہیں، اور پانی کا رنگ بھی صحیح ہوتا ہے، کیا اس پانی سے وضو کرنا درست ہوگا؟ بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم......۷۴ء/۴/۳

الجواب: اس حوض سے وضو اور غسل نہ ہونے کی کوئی وجہ نہیں ہے۔ وھو الموفق

ناپاک پانی سے بنے ہوئے اینٹیں وغیرہ کنویں میں لگا کر کیا حکم ہوگا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک کنواں کھودا جا رہا تھا اسی دوران وہ ناپاک ہوا، بعد ازاں اس کنویں کی مرمت وغیرہ اینٹیں، بھرائی اس ناپاک پانی اور مٹی سے کی گئی جب کنواں تیار ہوا تو تمام پانی نکالا گیا اب سوال یہ ہے کہ پانی نکالنے سے یہ سارا کنواں بھی سرے تک پاک متصور ہوگا یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: ہلال احمد طورو مردان......۵/نومبر ۱۹۷۴ء

الجواب: واضح رہے کہ یہ مسئلہ بالتصریح نہ ملا، البتہ قواعد کی رو سے یہ کنواں پاک ہوگا، نیز اگر پاک پانی میں چوہا وغیرہ کے مرنے سے ناپاک ہونے کے وقت دیوار وغیرہ ناپاک ہو جاتی ہیں اور

کنویں کے پاک ہونے کے وقت دیوار وغیرہ بھی پاک ہو جاتی ہے﴿۱﴾تو دلالت کی بنا پر ارادہ تطہیر سے سابق اور لاحق کا ایک حکم ہوگا۔ وھو الموفق

مشین والے کنویں میں حیوان گرنے کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر ایک کنویں میں مشین ہو جس سے پانی نکالا جارہا ہو، تو اگر اس میں کوئی حیوان گر جائے تو اس کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمود......

الجواب: اگر مشین جاری ہونے کے وقت اس کنویں میں حیوانات مرجائیں تو عفوہ ہے، لکون النزح کالجریان کمافی البحر ص ۸۰ جلد ۱ ﴿۲﴾ ورنہ کنواں نجس ہے۔وھو الموفق

﴿۱﴾قال الشرنبلالی: وکان ذلک المنزوح طهارة للبئر والدلو والرشاء والبكرة ويدالمستقی، روی ذلک عن ابی یوسف والحسن لان نجاسة هذه الاشیاء كانت بنجاسة الماء فتکون طهارتها بطارته نفیا للحرج.

(حاشیه الطحطاوی علی مراقی الفلاح ص۳۸ فصل فی مسائل الآبار)

﴿۲﴾ قال ابن نجیم :ومنهم المصنف فی المستصفی ان المراد بنزح البئر نزح مائها اطلاقا لاسم المحل علی الحال کقولهم جری المیزاب وسال الوادی واکل القدر والمراد ماحل فیها للمبالغة فی اخراج جمیع الماء والمراد بالبئر هنا هی التی لم تکن عشرافی عشر اما اذا کانت عشرا فی عشر...... وابی یوسف البئر لا تنجس کالماء الجاری البئر اذالم تکن عریضة وکان عمق مائها عشرة اذرع فصاعدا فوقعت النجاسة فیها لا یحکم بنجاستها فی اصح الاقاویل...... ای ونزح ماء البئر لکن هذا انما یستقیم فیما اذا کانت البئر معینها لاتنزح واخرج منها المقدار المعروف اما اذا کانت غیر معین فانه لا بد من اخراجها لوجوب نزح جمیع الماء ... والماء ینبع شیأفشیأ واما ان لا تنجس اسقاطً لحکم النجاسة حیث تعذر الاحتراز او التطهیر کما نقل عن محمد انه قال اجتمع رایٔ ورأی ابی یوسف ان ماء البئر فی حکم الجاری لانه ینبع من اسفله ویؤخذ من اعلاه فلا یتنجس کحوض الحمام الخ.

(بحر الرائق ص ۱۱۰، ۱۱۱ جلد ۱ کتاب الطهارة)

حوض کبیر میں استنجا اور غسل کرنا ممنوع نہیں ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک حوض ہے جس کا طول وعرض اٹھارہ اٹھارہ موجودہ زمانے کے گز یعنی تین فٹ گز والا ہے اور یہ حوض صرف وضو کرنے کیلئے ہے، اور مستعمل پانی اس حوض میں گر جاتا ہے، باہر جانے کا کوئی راستہ نہیں ہے جبکہ استنجا اور غسل کرنے کیلئے دیگر جگہ مقرر ہو، تو بغیر کسی عذر کے اس حوض سے استنجا یا غسل کرنے کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: فقیر محمد معصوم سرائے نورنگ بنوں......۲۳/شعبان ۱۳۹۷ھ

الجواب: چونکہ یہ حوض کبیر ہے لہٰذا اس میں استنجاء کرنا اور غسل کرنا ممنوع نہیں ہے یعنی ان سے پانی ناپاک نہیں ہوتا ہے البتہ یہ کام بہتر نہیں ہے، فلیراجع الی شرح حدیث لا یغسلن احدکم فی الماء الراکد ولا یبولن الحدیث ﴿۱﴾. وھو الموفق

حوض میں گیند کا گرنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک حوض مقدار شرعی پر ہے اور کسی لڑکے نے اس میں گیند پھینک دی کیا یہ حوض پاک متصور ہوگا۔ بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم......۱۹/مئی ۱۹۸۴ء

﴿۱﴾ وفی منهاج السنن: باب کراهیة البول فی الماء الراکد ای الماء الذی لا یکون جاریا حقیقة ولا حکما یکره فیه البول ویتنجس بخلاف الماء الجاری حقیقة او حکما وهو الماء الکثیر الراکد فانه یکره فیه البول ولاکن لا یتنجس ولعل الامام الترمذی یقصد بذکر هذا الباب ذکر دلیل الحنفیة.
(منهاج السنن شرح جامع السنن للترمذی ص ۱۷۱ جلد ۱ باب کراهیة البول فی الماء الراکد)
وفی الدرالمختار وکذا یجوز براکد کثیر کذلک ای وقع فیه نجس لم یر اثره.
(الدرالمختار علی هامش ردالمحتار ص ۱۴۰ جلد ۱ باب المیاه)

الجواب: گیند کا ناپاک ہونا متیقن نہ ہونے کی وجہ سے نجاست حوض کا حکم دینا خلاف قاعدہ فتویٰ ہے۔ وهو الموفق

پانی اور کنویں کی پاکی اور پلیدی کے عجیب مسائل

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین مسائل ذیل کے بارے میں کہ (۱) ہدایہ صفحہ۴۲ میں مذکور ہے کہ مایعیش فی الماء اگر پانی میں مرگئے تو پانی نجس نہیں ہے، اور مایعیش فی الماء کی تعریف یہی کی ہے کہ مایکون معاشه وتوالده فی الماء، پس اگر معیشت پانی میں تھی، اور تولد پانی میں نہ تھا، مثلاً بطخ، جسکا معاش پانی میں ہے اور تولد پانی میں نہیں ہے، پس اگر ایسی بطخ پائی جائے کہ اس کا تولد بھی پانی میں ہوا ہو اور پھر پانی میں مرگئی تو اس کا کیا حکم ہوگا؟ (۲) اگر شیشے میں چوہے کو بند کیا اور کنویں کے پانی میں اس شیشے (بوتل) کو رکھ دیا، اور چوہا کنویں کے اندر شیشہ (بوتل) میں مرگیا، اور تین دن بعد اس شیشہ کو کنویں میں توڑ دیا، اور ساتھ شیشہ میں چوہا متفسخ اور منتفخ ہوا تھا تو کتنے دن کی نمازوں کا اعادہ کرنا ہوگا؟ بینوا توجروا

المستفتی: مولانا سید نصیب علی شاہ بنوی......۱۷/ دسمبر ۱۹۷۴ء

الجواب: (۱) اگر ایسی بطخ پائی گئی تو وہ مچھلی کے حکم میں ہوگی لیکن عادۃً ایسی بطخ ناممکن ہے۔

(۲) ایسے کنویں کا تمام پانی نکالا جائے گا، کمافی الدرالمختار علی هامش ردالمحتار ص۱۹۷ جلد۱ ولو تفسخه خارجها ثم وقع فیها ذکره الوالی ﴿۱﴾ پس اگر شیشے کے ٹوٹنے کا وقت معلوم نہ ہو تو وقت علم سے نجاست کا حکم دیا جائے گا ﴿۲﴾۔ وهو الموفق

﴿۱﴾ قال العلامه حصکفی ولو تفسخه خارجها ثم وقع فیها ذکره الوالی ینزح کل مائها الذی کان فیها وقت الوقوع ذکره ابن الکمال بعد اخراجه.
(الدرالمختار علی هامش ردالمحتار ص۱۵۵ جلد۱ فصل فی البئر)

﴿۲﴾ قال العلامه حصکفی ومذ ثلاثة ایام بلیالیها ان انتفخ او تفسخ استحسانا وقال من وقت العلم فلا یلزمهم شیٔ قبله قیل وبه یفتیٰ.
(الدرالمختار علی هامش ردالمحتار ص۱۲۱ جلد۱ مطلب مهم فی تعریف الاستحسان)

تین سالہ بچی کنویں میں گرگئی کتنا پانی نکالا جائے گا؟

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ تین سالہ بچی کنویں میں گرگئی امام مسجد نے حکم دیا کہ ستر ڈول نکالنے پر کنواں پاک ہوجائیگا، اس مسئلے کو مرغی پر قیاس کیا گیا، جبکہ دوسرے امام صاحب نے سب پانی کے پلید ہونے کا حکم فرمایا، تو اس میں صحیح قول کونسا ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: مولانا فضل مولا فاطمہ ضلع مردان......۱۹۷۲ء/۱۰/۴

الجواب: اگر یہ لڑکی زندہ نکلی ہو تو کنواں پاک ہے اور اگر کنویں میں مرگئی ہو تو تمام پانی نکالا جائے گا، فی الشرح الکبیر وان ماتت فیھا شاۃ او کلب او آدمی نزح جمیع الماء ﴿۱﴾ . وھو الموفق

حوض کبیر میں غسل جنابت کرنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک حوض جس کا اندازہ دو گز عرض ہو اور پچاس چالیس گز طول ہو، کیا اس میں غسل جنابت جائز ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم......۱۹۷۲ء/۵/۳۰

الجواب: جائز ہے ﴿۲﴾۔ وھو الموفق

کنویں میں چوہے کے گرنے کا وقت معلوم نہ ہو تو کیا کیا جائے؟

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ میں عموماً گھر میں وضو بنا کر مسجد جاتا ہوں جو مسجد بازار کے قریب ہے، تو مقتدی بھی مختلف ہوا کرتے ہیں، امام میں خود ہوں گھر کے کنویں

﴿۱﴾ (غنیۃ المستملی المعروف بالکبیری ص ۱۵۵، ۱۵۶ فصل فی البئر)

﴿۲﴾ قال العلامہ حصکفی و کذا یجوز براکد کثیر کذلک ای وقع فیہ نجس لم یر اثرہ ولو فی موضع وقوع المرئیۃ بہ یفتی بحر. (الدرالمختار علی ھامش ردالمحتار ص ۱۴۰ جلد ۱ مطلب لو ادخل الماء من اعلی الحوض باب المیاہ)

میں ایک چوہا گر گیا تھا، اور پتہ تب چلا کہ جب پانی کا ذائقہ خراب ہوا میں نے تو خود تین دن رات کی نمازیں لوٹا دیں لیکن مقتدیوں کا کیا بنے گا، نیز کنواں کس وقت سے پلید شمار ہوگا؟ بینوا توجروا

المستفتی: حکیم غلام حسین مانیرئی صوابی.....۱۹۸۹ء/۱۰/۲۵

الجواب: یہ کنواں وقت علم سے ناپاک ہو جاتا ہے اور ان نامعلوم مقتدیوں کو اطلاع دینا ضروری نہیں ہے، **فی الدر المختار ویحکم بنجاستها الخ، وقالا من وقت العلم فلا یلزمهم شئ قبله قیل وبه یفتیٰ وفی الشامیه الخ قولهما هو المختار** ﴿۱﴾. **وهو الموفق**

کنویں میں ناپاک کپڑا گر کر غائب ہو گیا، کنواں کس طرح پاک کیا جائے گا؟

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ جب کنویں میں ناپاک کپڑا جو بول وبراز سے الودہ ہو، گر جائے اور اسی طرح اس کے ساتھ کرسف یعنی حیض کے خون آلودہ کپڑا ابھی گر جائے، لیکن یہ کپڑے اگر تین سال قبل گر گئے ہوں اور کسی کو کنویں کے اندر نہیں اتارا تھا، ہاں اس کپڑے کے گرنے کے بعد ہم نے پانچ سوٹین (گھی والی) نکالے ہیں، تو آیا اب یہ کنواں پاک ہے یا ناپاک؟ بینوا توجروا

المستفتی: س، ر، ش زیارت کا کا صاحب.....۱۹۸۹ء/۸/۲۳

الجواب: جب اس کنویں سے اتنے ڈول نکالے جائیں، جتنے سے کنواں پاک ہوتا ہے (مثلاً دوسو ڈول) ﴿۲﴾ تو یہ کنواں اور ناپاک کپڑے تمام کے تمام پاک شمار ہوں گے، **کمافی الهندیه ص ۲۰ جلد ۱ ولو وقعت فی البئر خشبة نجسة او قطعة ثوب نجس وتعذر اخراجها**

﴿۱﴾ (**الدرالمختار مع ردالمحتار ص ۱۶۱ جلد ۱ مطلب مهم فی تعریف الاستحسان فصل فی البئر**)

﴿۲﴾ **وفی الهندیه: واذا وجب نزح جمیع الماء ولم یمکن فراغها لکونها معینا ینزح مائتادلو کذافی التبیین.**

(**فتاویٰ هندیه ص ۱۹ جلد ۱ الباب الثالث فی المیاه الفصل الاول**)

وتغیبت فیها طهرت الخشبة والثوب تبعاً لطهارة البئر کذا فی الظهیریه ﴿۱﴾. وهو الموفق

کنویں سے مرغی کی ہڈیاں نکل آئیں کنواں پاک ہے یا ناپاک؟

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک کنویں میں ۲۶/ رمضان کو ژالہ باری کے بعد مرغی گر پڑی تھی اس طرح کہ گھر والے مرغی کے پکڑنے کی کوشش میں تھے کنویں میں اوپر سے بھی دیکھا گیا لیکن نظر نہ آئی، چار ماہ بعد کھودنے کی حالت میں معلوم ہوا، کہ وہ مرغی اس کنویں میں گر چکی تھی، کیونکہ اس کی مکمل ہڈیاں وغیرہ کنویں میں موجود تھیں، اب اس کنویں کا پانی تقریباً چار ماہ استعمال کیا جا چکا ہے، اب نمازوں وغیرہ کا کیا حکم ہوگا؟ بینوا توجروا

المستفتی: مولانا میر شاہد اللہ میران شاہ شمالی وزیرستان......۱۹۸۷ء/۱۲/۱۴

الجواب: چونکہ اس کنویں میں مرغی کا گرنا اور مرنا نہ مشاہدہ سے ثابت ہے اور نہ ظن غالب سے، لہٰذا یہ کنواں پاک ہے، صرف شک کی وجہ سے پاک کنواں ناپاک نہیں ہوسکتا، وقد وقع ههنا شک فی ان هذه العظام عظام هذه الدجاجة او غیرها وفی ان هذه العظام وقعت فیه الیوم او قبل ذلک حین کانت مخلوطة باللحم فافهم ﴿۲﴾. وهو الموفق

نسوار، افیون گرنے سے کنواں ناپاک نہیں ہوتا

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک کنویں میں نسوار گر گیا کنواں

﴿۱﴾ (فتاویٰ عالمگیریه ص ۲۰ جلد ۱ الباب الثالث فی المیاه الفصل الاول)

﴿۲﴾ قال العلامه ابن نجیم :وقالا یحکم بنجاستها وقت العلم بها ولا یلزمهم اعادة شیٔ من الصلوٰت ولا غسل ما اصابه ماء ها قبل العلم وهو القیاس لان الیقین لا یزول بالشک لانا نتیقن بطهارتها فیما مضی وقد شک فی النجاسة لاحتمال انها ماتت فی غیر البئر ثم القتها الریح العاصف فیها او بعض السفهاء اوالصبیان او بعض الطیور الخ .
(البحر الرائق ص ۱۲۴ جلد ۱ باب الانجاس)

پاک رہا یا ناپاک، اسی طرح افیون کا کیا مسئلہ ہے؟ بینوا توجروا
المستفتی: فضل احد، غلام احد، واخوانہما بازار بٹ خیلہ ملاکنڈ ایجنسی......۱۹۷۰ء/۵/۲۳

الجواب: چونکہ تمباکو بلکہ تمام نباتات پاک ہیں، اور افیون بھی پاک ہے، لہٰذا ان کے گرنے سے کنواں ناپاک نہیں ہوتا ہے، فی الدر المختار ص ۴۰۳ جلد ۵ ولم نر احداً قال بنجاستها ولا بنجاسة نحو الزعفران﴿۱﴾. فقط

چشمہ دار کنویں سے پانی نکالنے کی مقدار میں فقہاء کے مختلف اقوال اور مفتیٰ بہ قول

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک چھوٹا سا کتا زندہ ایک بچے نے کنویں کے اندر پھینک دیا، اور کتا کچھ دیر کے بعد کنویں کے اندر مر گیا، دو تین گھنٹہ بعد پتہ چلا تو انہوں نے مردہ بچہ (سگ) کو نکال لیا، اور امام مسجد سے مسئلہ دریافت کرنے کے بعد اسی (۸۰) ڈول پانی نکال لیا، اور کنواں چشمہ دار ہے، جتنا پانی بھی نکال لیا جائے کنواں کم نہیں ہوتا، بعد میں ایک اور مولوی صاحب نے یہ واقعہ سن کر لوگوں کو بتایا کہ اس کنویں کا تمام پانی بطریق کتب فقہ نکالنا پڑے گا، تب یہ کنواں پاک ہوگا، دریں اثنا بحث چل نکلی، کہ کس مولوی صاحب کے قول پر عمل کیا جائے، لوگوں نے ایک اور مولوی صاحب سے رجوع کیا جنہوں نے یہ لکھ کر دیا، کہ تین صد ڈول نکال لیں، کنواں بلاشک پاک ہو جائے گا، پھر تین صد ڈول نکال لئے گئے ہیں، جس مولوی صاحب نے تمام پانی نکالنے کا مسئلہ بتایا تھا، اب وہ مصر ہے کہ تا حال کنواں ناپاک ہے، اسے شرعی طریقہ سے تمام پانی نکال کر پاک کریں، ان کا کہنا ہے کہ کنویں کی گہرائی اور چوڑائی کو ناپ کر اس قدر کا گڑھا کھود کر اسے اسی کنویں کے پانی سے بھر دیا جاوے، پاک ہو

﴿۱﴾ قال ابن عابدين: لو كان قليل البنج او الزعفران حراما عند محمد لزم كونه نجسا لانه قال ماسكر كثيره فان قليله حرام نجس ولم يقل احد بنجاسة البنج ونحوه.
(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۱۷۲ جلد ۳ قبيل باب حد القذف)

جائے گا، دوسری بات انہوں نے یہ بتائی کہ کنویں کی گہرائی آپ ناپ کر پانی نکالنا شروع کر دیں، ان کا کہنا ہے کہ اگر کنویں کی گہرائی دس ہاتھ ہے، اور ایک گھنٹہ میں ایک ہاتھ پانی نیچے چلا جاتا ہے تو دس گھنٹہ پانی کھینچنے سے کنواں پاک ہوگا، یا پانی نکالنے والی مشین سے نکال لیں، بعد ازاں کتب فقہ کو دیکھا گیا۔ (تعلیم الاسلام حصہ دوم، مرتبہ حضرت مفتی کفایت اللہ صاحب رحمہ اللہ دہلوی) میں تمام پانی نکالنے کا حکم ہے، اسی طرح دیوبندی مسلک کی کتاب بہشتی زیور میں بھی تمام پانی نکالنے کا حکم ہے، اس میں بھی کہیں تین سوڈول کا کوئی ذکر نہیں ہے، فتاویٰ رشیدیہ کامل مبوب مطبوعہ کراچی صفحہ ۲۴۳ پر ہے کہ اگر جوتا ناپاک ہے تو پانی نکلے گا، اگر پاک ہے تو کچھ نہیں، اس میں بھی تین سوڈول کا کوئی ذکر نہیں صرف فتاویٰ دارالعلوم دیوبند مطبوعہ کراچی جلد ا صفحہ ۳۸ اور جلد ۲ صفحہ ۵۷ پر جو مستعمل کنویں کے اندر گرنے اور بکرے کی جبر گرنے کے حکم میں چشمہ دار کنویں سے تین سوڈول نکالنے کا مسئلہ ہے، نیز فقہ حنفی کی معتبر کتاب ہدایہ اولین مطبوعہ مطبع مجتبائی دہلی صفحہ ۲۷ میں ہے، وان ماتت فیھا شاۃ او آدمی او کلب نزح جمیع مافیھا من الماء لان ابن عباس رضی اللہ عنہ وابن زبیر رضی اللہ عنہ افتیا بنزح الماء کلہ حین مات زنجی فی بئر زمزم فان انتفخ الحیوان فیھا او تفسخ نزح جمیع ما فیھا صغر الحیوان او کبر لانتشار البلۃ فی اجزاء الماء وان کانت البیر معینۃ بحیث لا یمکن نزحھا اخرجوا مقدار ماکان فیھا من الماء وطریق معرفتہ ان تحفر حفر مثل موضع الماء من البئر ویصب فیھا ما ینزح منھا الی ان تمتلی او ترسل فیھا قصبۃ وتجعل لمبلغ الماء علامتہ ثم ینزح منھا مثلاً عشر دلاء ثم تعاد القصبۃ فتنظر کم انتقص فینزح لکل قدر منھا عشر دلاء وھذان عن ابی یوسف رحمہ اللہ وعن محمد رحمہ اللہ نزح مائتا دلو الی ثلث مائۃ وکانہ بنی قولہ علی ما شاھد فی بلدہ، اس عبارت میں خط کشیدہ عبارت غور طلب ہے خط کشیدہ عبارت نمبر ۲ وعن محمد رحمہ اللہ کے حاشیہ میں لکھا ہے، قولہ وعن محمد الی آخرہ والمروی عن ابی حنیفہ اذا نزح

منها مائة یکتفی وهو بناء علی ابار الکوفة لقلة الماء فیها، نیز خط کشیدہ عبارت نمبر۳ علی ماشاھد کے تحت حاشیہ پر لکھا ہے قوله علی ماشاهد الخ، من غالب میاه ابار بغداد لان ابار بغداد لا تزید علی ثلث مائة دلو، نیز رسالہ رکن الدین صفحہ ۵۴ میں ہے کہ ایسے کنویں کی نسبت جو کہ چنید حچھٹ نہیں ہو سکتے ہیں۔ بعض علماء نے تین سو ڈول نکالنے کا فتویٰ دیا ہے، یہ کیونکر ہے اس سوال کے جواب میں لکھا ہے کہ یہ فتویٰ قول ضعیف پر ہے، اور اسکی اصل یہ ہے کہ امام محمد رحمہ اللہ نے اس فتویٰ کو بغداد شریف کے کنوؤں کیساتھ مخصوص کر دیا تھا، جبکہ انہوں نے دیکھا کہ تین سو ڈول سے زائد پانی بغداد کے کنوؤں میں نہیں ہے تو اس قول سے بھی سارا پانی نکال لینا ثابت ہوا، بھلا یہ کیونکر ہو سکتا تھا کہ امام محمد رحمہ اللہ ایک عدد مخصوص پر تمام دنیا کے کنوؤں پر فتویٰ دے دیتے، جبکہ فقہاء صحابہ رضی اللہ عنہم اجمعین کا عمل سارے پانی نکالنے کا نجاست کے سبب سے ہو، چنانچہ ابن عباس رضی اللہ عنہ وابن الزبیر رضی اللہ عنہ سے مخالف اس کے منقول ہے، بڑی غلطی ہے ان علماء کی جو بے سمجھی سے اس قول کو امام محمد رحمہ اللہ کی طرف منسوب کر کے تمام دنیا کے تمام کنوؤں پر فتویٰ دے رہے ہیں، حالانکہ امام محمد رحمہ اللہ نے جہاں یہ فتویٰ دیا ہے اور عدد مخصوص سے سارا ہی پانی نکالنے کا فتویٰ دیا ہے جیسا کہ ثابت ہوا (از شامی) صحیح مسئلہ کیا ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: سید جماعت علی شاہ صاحب گیلانی مقام خاص مولے پور تحصیل کبیر والا ضلع ملتان

الجواب: صحیح حکم یہ ہے کہ تمام موجودہ پانی کی مقدار نکالی جائے، مثلاً اگر کنواں تین گز گہرا ہو، اور ایک فٹ میں ساٹھ ڈول پانی ہو تو کنویں سے جب پانچ سو چالیس ڈول نکالے جائیں (یعنی تمام سابق اور لاحق نکالے ہوئے پانی اتنے ڈول ہوں) تو پاک ہو جائے گا، مقدار کے معلوم کرنے کیلئے کسی ماہر کی طرف مراجعت کی جائے۔﴿۱﴾۔ فقط

﴿۱﴾ قال العلامه حصکفی وان تعذر نزح کلها لکونها معینا فبقدر مافیها وقت ابتداء النزح قاله الحلبی یؤخذ ذلک بقول رجلین عدلین لهما بصارة بالماء وبه یفتیٰ.
(الدر المختار علی هامش ردالمحتار ص۱۵۷ جلد۱ فصل فی البئر)...... وهاب

حوض میں عشرا فی عشر کی شرط مفتیٰ بہ نہیں ہے

سوال: ہمارے علاقے میں ٹیوب ویل کے ذریعہ سے چھوٹے چھوٹے تالاب بنائے گئے ہیں جو عشراً فی عشرٍ سے کم ہوتے ہیں لیکن ٹیوب ویل ہر وقت جاری نہیں ہوتے ہیں، اور لوگ ان تالابوں سے پانی لے جاتے ہیں، تو کیا اس پانی کے استعمال سے نماز وغیرہ ہوتی ہے یا نہیں؟ نیز عشراً فی عشرٍ کاماٗ خذ قرآن وحدیث وفقہ میں سے ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد زمان سرائے نورنگ بنوں......۲۷/ شعبان ۱۴۰۳ھ

الجواب: محققین احناف نے تصریح کی ہے کہ پانی کی قلت وکثرت کا دارمدار مبتلیٰ بہ کے رائے پر ہے، نہ کہ عشراً فی عشر پر ﴿۱﴾۔ پس ان حوضوں کے متعلق استعمال کنندگان کی رائے یہ ہو، کہ اگر ان میں نجاست گرے تو بالمقابل طرف کو فوری طور سے وضو کرنے کے وقت نہیں پہنچتی ہے تو یہ بڑے حوض ہیں ورنہ چھوٹے ہیں۔ وھو الموفق

حوض کی مقدار میں مفتی بہ اقوال

سوال: محترم ومکرم عزیز القدر جناب حضرت مفتی صاحب السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہمارے ملک میں حکومت کی جانب سے تالابیں منظور ہوئی ہیں، جس میں بعض گول اور بعض چوکور ہیں لیکن حد شرعی سے کم ہے، جو عشرا فی عشر ہے، اور پانی

﴿۱﴾ قال العلامه حصكفي رحمه الله: والمعتبر في مقدار الراكد اكبر رأى المبتليٰ به فيه فان غلب على ظنه عدم خلوص اى وصول النجاسة الى الجانب الآخر جاز والا لا هذا ظاهر الرواية عن الامام واليه رجع محمد وهو الاصح كما في الغاية وغيرها وحقق في البحر انه المذهب وبه العمل . (الدرالمختار على هامش ردالمحتار ص ۱۴۱ جلد ۱ باب المياه)
وان التقدير عشراًبعشر لا يرجع الى اصل يعتمد عليه. (ايضاً)

ایک طرف سے آرہا ہے، اور تالاب میں جمع ہوتا ہے، اور دوسری طرف خارج نہیں ہوتا، اور لوگ بالٹیوں اور ٹینوں کے ذریعے یہ پانی تالاب سے نکالتے ہیں، پس اگر اس تالاب میں کوئی نجاست واقع ہو جائے تو یہ تالاب نجس ہے، یا نہیں؟ اور اس کا حکم کالماء الجاری ہے یا نہیں؟ ہمارے ہاں بعض مولوی حضرات کہتے ہیں کہ یہ عموم بلویٰ ہے اور بعض اس کو کالماء الجاری کا حکم دیتے ہیں، نیز ساتھ ہی منیة المصلی کی عبارت ص۸۴ میں ہے، حوض صغير يدخل الماء فيه من جانب ويخرج من جانب آخر فتوضأ فيه الانسان فوقعت غساله فيه ان كان الحوض اربعاً في اربع يجوز وضوءه لان الماء المستعمل لايستقر في مثله بل يدور حوله ويخرج وان كان الحوض اكبر من ذلك لا يجوز لان الماء المستعمل يستقر في مثله" اس عبارت کی تشریح بھی واضح فرماویں۔ بینوا توجروا

المستفتی: ماسٹر سید غلام سرائے نورنگ ضلع و تحصیل بنوں......۱۹۶۹ء/ ۷/ ۵

الجواب: (۱) اگر اس تالاب کا رقبہ اتنا ہو، کہ ایک طرف نجاست پڑنے کے وقت دوسری طرف کو نجاست کا اثر پہنچتا ہو، تو یہ تالاب کالماء الجاری نہیں ہے، اور نجس ہوتا ہے، اور اگر نجاست کا اثر دوسری طرف کو نہیں پہنچتا ہو تو یہ تالاب کالماء الجاری ہے، اور بغیر تغیر اوصاف کے نجس نہیں ہوتا ہے، اور یہی ظاهر الرواية ہے، في الدر المختار: والمعتبر في مقدار الراكد اكبر رأى المبتلىٰ به فيه فان غلب على ظنه عدم خلوص النجاسة الى الجانب الاخر جاز والا فلا، هذا ظاهر الرواية عن الامام واليه رجع محمد وهو الاصح (هامش ردالمحتار ص۱۷۷ جلد ۱) اور عشرا في عشر کا قول ناقابل اعتماد ہے، لما في الدر المختار وان التقدير بعشر في عشر لا يرجع الى اصل يعتمد عليه ﴿۱﴾ اور علی تقدیر ثبوت مراد اس سے شرعی ذراع مراد ہے، جو کہ نو گرہ ہے، تو اس بنا پر اگر ساڑھے پانچ گز انگریزی گز سے طول و عرض رکھتا ہے تو

﴿۱﴾ (الدرالمختار على هامش ردالمحتار ص ۱۴۱ جلد ۱ باب المياه)

یہ حوض کبیر ہے، اور کالماء الجاری ہے (ای فی غیر ظاهر المذهب واختاره فی النهر الفائق)﴿۱﴾۔ (۲) منیہ میں قاضی خان سے (اس عبارت کے بعد) یہ عبارت منقول ہے، والاصح ان هذا التقدیر غیر لازم فان خرج الماء المستعمل من ساعة لکثرة الماء وقوته یجوز والا فلا﴿۲﴾ قال العلامة الشامی ص ۱۷۶ جلد ۱ واقره الشارحان...... واجاب رکن الاسلام السغدی بالجواز مطلقاً لانه ماء جار والجاری یجوز التوضأ به وعلیه الفتویٰ﴿۳﴾ اس عبارت سے معلوم ہوا کہ منیہ کا حکم جو آپ نے نقل کیا ہے، غیر صحیح اور غیر مفتیٰ بہ ہے۔ فقط

شرعی گز کی تحدید و تحقیق

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ منحة الخالق علی البحر الرائق ص ۱۳۹ پر شرعی گز کا اندازہ لکھا ہوا ہے " والذراع اربعة وعشرون اصبعاً والاصبع ستة شعرات مرصوصة بالعرض " اس عبارت سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس شکل پر رکھی جائیں (||||||) پھر نیچے لکھا ہے " فظهر شعرة منها الی بطن الاخریٰ توضع " جس کی شکل میرے ذہن میں یوں بنتی ہے (------) شرعی گز کی ناپ شکل اول کے مطابق ہے یا شکل ثانی کے مطابق، شکل اول کی بنا پر شرعی گز کی مقدار بہت کم آتی ہے جبکہ شکل ثانی کی بنا پر انگریزی گز کے دگنا بنتا ہے، جواب سے نوازیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: شفیع اکبر ملک آباد علاقہ گدون...... ۱۹۸۶ء/۷/۱۵

الجواب: سعایہ وغیرہ میں مسطور ہے کہ شرعی گز ڈیڑھ فٹ ہے، وهو مختار صاحب الهدایه والاکثرین، البتہ قاضی خان وغیرہ نے ساڑھے تین فٹ مقدار والا گز معتبر کیا ہے، اور صاحب

﴿۱﴾ (غنیة المستملی شرح منیة المصلی ص ۹۹ فصل فی احکام الحیاض)
﴿۲﴾ (وهکذا فی منحة الخالق هامش البحر الرائق ص ۷۳ جلد ۱ کتاب الطهارة)
﴿۳﴾ (ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۱۴۰ جلد ۱ مطلب لو ادخل الماء من اعلی الحوض وخرج الخ)

بزازیہ نے ہر زمان وہر مکان کا مروجہ گز معتبر کیا ہے﴿۱﴾ فلیراجع الیٰ ابواب المیاہ. وھو الموفق

﴿۱﴾ وفی منهاج السنن: واختلفوا فی تحديد الذراع علی ثلثة اقوال، الاول ان المعتبر ذراع الماسحة وهو سبع قبضات فوق كل قبضة اصبع ای الابهام قائمة (ساڑھے تین فٹ بیالیس انچ) افتیٰ به قاضی خان وغيره، والثانی ان المعتبر ذراع الكرباس وهو ست قبضات من دون قيام الاصبع (اٹھارہ انچ ڈیڑھ فٹ) واختاره صاب الهدايه والاكثرون القول الثالث ان المعتبر ذراع كل زمان ومكان واختاره صاحب البزازيه.

(منهاج السنن شرح جامع السنن ص ١٦٠ جلد ا باب ماجاء ان الماء لا ينجسه شئ)

الباب الرابع فی التیمم

مفلوج شخص ملازم اور خادم کی عدم موجودگی کی صورت میں تیمّم کرسکتا ہے

سوال: چہ میفر مائید علماء کرام اندریں مسئلہ کہ زید ہاتھ، کان اور آنکھ وغیرہ سے بالکل صحتمند ہے، مگر پاؤں سے مفلوج ہے جو کہ چل پھر نہیں سکتا ہے، یہ شخص اگر وقت کے اندر نماز ادا کرنے میں وضو کا انتظام نہیں کرسکتا ہے کیونکہ خود پانی کی تلاش نہیں کرسکتا ہے، اور وقت گزر جاتا ہے، اگر یہ شخص اس وقت تیمّم کے ذریعہ نماز ادا کرے، تو یہ جائز ہے یا نہیں۔ بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم......۱۳۹۷ھ

الجواب: یہ شخص ملازم اور خادم کی عدم موجودگی کے وقت تیمّم کرسکتا ہے، کما فی شرح التنویر اولم یجد من یوضئه فان وجد ولو باجرة مثل وله ذلک لا یتیمم فی ظاهر المذهب کما فی البحر (هامش ردالمحتار ۲۱۵ جلد ۱)﴿۱﴾ وبمعناه فی الهندیه ص۲۸ جلد ۱ ﴿۲﴾ وفتاویٰ دارالعلوم دیوبند ص۲۴۴ جلد ۱ فلیراجع. وهو الموفق

مرگی کے مریض کیلئے غسل کی بجائے تیمّم کا حکم

سوال: میں مرگی کا مریض ہوں ایک دفعہ غسل کا ارادہ کیا، دوران غسل مرگی کا دورہ پڑگیا، جس

﴿۱﴾ (الدرالمختار علی هامش ردالمحتار ۱۷۱ جلد ۱ باب التیمم)

﴿۲﴾ وفی الهندیه او کان لا یجد من یوضیه ولا یقدر بنفسه فان وجد خادما او مایستأجر به اجیراً او عنده من لو استعان به اعانه فعلیٰ ظاهر المذهب انه لا یتیمم لانه قادر کذافی فتح القدیر. (عالمگیریه ص۲۸ جلد ۱ الباب الرابع فی التیمم الفصل الاول)

کی وجہ سے پیشانی کسی تیز پتھر سے لگی اور زخمی ہوگئی تقریباً ایک ماہ تک زخم تھا، کیا ایسی حالت میں مجھے غسل نہ کرنے کی اجازت ہوگی، یا غسل ضرور کرنا ہے؟ یا کوئی اور طریقہ بتلایا جائے؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالرحمٰن بنوں.....۲۰/نومبر۱۹۷۴ء

الجواب: اگر ہوسکے تو آپ طلوع فجر سے قبل غسل کیا کریں، اور باقی مسئلہ یہ ہے کہ اگر غسل کرنے سے دورہ آنا متیقن ہو یا مظنون ہو، تو آپ تیمم کر سکتے ہیں، کمافی الھندیہ ص ۲۸ جلد ۱ ویعرف ذلک الخوف اما بغلبة الظن عن امارة اوتجربة او اخبار طبیب حاذق مسلم غیر ظاھر الفسق کذا فی شرح منیة المصلی لابراھیم الحلبی﴿۱﴾. وھو الموفق

پانی کے مضر ہونے کی صورت میں تیمم جائز ہے

سوال: ایک شخص ہاتھ منہ دھوتا ہے، منہ کلی وغیرہ کرتا ہے اور پانی سے استنجاء بھی کرتا ہے اور پھر استنجاء اور ہاتھ دھونے کے بعد نماز کیلئے تیمم کرتا ہے تو کیا یہ تیمم ہوسکتا ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد امین فرتو پہ اٹک.....۱۹۹۱ء/۱/۸

الجواب: اگر یہ شخص بیمار ہو وضو اور غسل اس کیلئے مضر ہو تو اس کیلئے تیمم کرنا جائز ہے﴿۲﴾۔وھو الموفق

وضو ٹوٹ جانے سے جنابت کیلئے کئے گئے تیمم پر کوئی اثر نہیں پڑتا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک جب شخص اگر جنابت کیلئے

﴿۱﴾ (فتاویٰ ھندیہ ص ۲۸ جلد ۱ باب التیمم الفصل الاول)

﴿۲﴾ فی الھندیہ ولو کان یجد الماء الا انه مریض یخاف ان استعمل الماء اشتد مرضه او ابطأ برؤه تیمم ...... ویعرف ذلک الخوف اما بغلبة الظن عن امارة او تجربة او اخبار طبیب حاذق مسلم غیر ظاھر الفسق.

(الفتاویٰ العالمگیریه ص ۲۸ جلد ۱ باب التیمم الفصل الاول)

تیمم کرے، اور پھر وضوٹوٹ جائے لیکن غسل پر قادر نہ ہوتو کیا وضو کرنے کے بعد جنابت کیلئے دوبارہ تیمم کرنا ہوگا، یا وہ پہلا والا کافی ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم......

الجواب: جب تک عذر غسل باقی ہو تو جنابت کیلئے یہ ایک تیمم کافی ہے، اور جب موجب غسل دوبارہ متحقق ہو جائے تو پھر دوبارہ تیمم ضروری ہوگا، البتہ نواقض وضو کی صورت میں باقاعدہ وضو کرنا پڑے گا، وفی الکبیری ص ٨٦ وان کان الماء یکفی للوضوء ولا یکفی للمعة یتوضأ به ولا ینتقض تیمم الجنابة لان الماء فی حق اللمعة کالمعدوم لعدم کفایته لها ﴿۱﴾. وهو الموفق

ایک ہاتھ سے شل آدمی کا وضو اور تیمم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس بارے میں کہ اگر ایک آدمی کا ایک ہاتھ نہ ہو تو کیا اس آدمی کیلئے پانی کے نہ ہونے کی صورت میں تیمم فرض ہے یا نہیں، اگر فرض ہے تو تیمم کس طرح کرے گا؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد شفیع موقوف علیہ دارالعلوم حقانیہ...... یکم صفر ۱۴۱۱ھ

الجواب: ایک ہاتھ کا وضو بھی کرسکتا ہے تیمم بھی کرسکتا ہے ایک ضرب سے منہ مسح کرے، اور ہاتھ کو خاک وغیرہ سے مسح کرے، نیز خادم کی وساطت سے وضو اور تیمم کرنا جائز ہے، فلیراجع الی ردالمحتار وغیرہ ﴿۲﴾. وهو الموفق

﴿۱﴾ (غنیة المستملی ص ۸۳ فصل فی التیمم)

﴿۲﴾ قال ابن عابدین رحمه الله (قوله کمافی البحر) حاصل مافیه انه ان وجد خادما ای من تلزمه طاعته کعبده وولده واجیره لا یتیمم اتفاقاً وان وجد غیره ممن لو استعان به اعانه ولوزوجته فظاهر المذهب انه لا یتیمم ایضاً الخ.

(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۱۷۱ جلد۱ باب التیمم)

وقال ایضا وفی التاترخانیه الرجل المریض اذالم (بقیه حاشیه اگلے صفحه پر)

لوگوں کے سامنے کشف عورت کی وجہ سے بجائے غسل کے تیمّم کرنا

سوال: اگر ایک آدمی ایک ایسی جگہ میں مقیم ہو، جہاں پر غسل کا انتظام نہ ہو مطلب یہ ہے کہ جب غسل کیا جاتا ہو، تو لوگوں کے سامنے کشف عورت یقینی ہو تو ایسی حالت میں یہ شخص تیمم کر کے نماز پڑھ سکتا ہے یا نہیں؟ نیز دوسروں کیلئے امامت کر سکتا ہے یا نہیں؟ بینو اتو جروا

المستفتی: علی عباس خان مدرسہ قاضی حسام الدین کوہاٹ یکم ذی الحجہ ۱۳۹۷ھ

الجواب: جب دیگر آدمیوں کے سامنے کشف عورت کے بغیر غسل ممکن نہ ہو، تو اس شخص کیلئے تیمم کرنے میں اختلاف ہے، امام حلبی جواز کی طرف مائل ہے کما فی شرح الکبیر ص ۵۰ وبالجملة فلا ضرورة فی کشف العورة للغسل عند من لا یجوز نظره الیها لان له خلفا بخلاف الختان ونحوه ﴿۱﴾. پس احوط یہ ہے کہ امامت نہ کرائے اور اگر امامت کی ہو تو خط کے ذریعے ان مقتدیوں کو اعادہ کرنے کی خبر دیدے، کما فی شرح التنویر کما یلزم الامام اخبار القوم اذا امهم وهو محدث او جنب بالقدر الممکن بلسانه او بکتاب او رسول علی الاصح لو معینین والا لا یلزمه وفی ردالمحتار ص ۵۵۴ جلد ۱ وقال ان تعین بعضهم لزمه اخباره ﴿۲﴾. وهو الموفق

(بقیه حاشیه) تکن له امرأة ولا امة وله ابن او اخ وهو لا یقدر علی الوضوء قال یوضئه ابنه او اخوه غیر الاستنجاء فانه لا یمس فرجه ویسقط عنه والمرأة المریضة اذالم یکن لها زوج وهی لاتقدر علی الوضوء ولها بنت او اخت توضئها ویسقط عنها الاستنجاء اه، ولا یخفیٰ ان هذاالتفصیل یجری فیمن شلت یداه لانه فی حکم المریض.

(ردالمحتار هامش الدر المختار ص ۲۵۰ جلد ۱ باب الاستنجاء)

﴿۱﴾ (غنیة المستملی شرح منیة المصلی ص ۵۰ بحث الغسل)

﴿۲﴾ (الدر المختار مع ردالمحتار ص ۴۳۸ جلد ۱ مطلب المواضع التی تفسد صلاة الامام دون المؤتم)

پانی سے ایک میل کم فاصلے پر تیمّم درست نہیں

سوال: کیافرماتے ہیں علماءدین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہمارے لوگ دو پہاڑوں سے درخت کاٹ کرلاتے ہیں، جوگاؤں سے دور ہیں بعض علماء نے گزشتہ زمانہ میں ظہر کی نماز کیلئے اس پہاڑ پر مسجد بنائی تھی، کیا اسی جگہ پر تیمّم سے نماز درست ہوسکتی ہے، جبکہ اس پہاڑ کے ایک تہائی میل کے فاصلے پر کچھ آبادی بھی ہے، مگراس کوبھی پانی کی تکلیف ہے، لوگ سروں پر بہت دور سے پانی لاتے ہیں، لکڑی والے تین چارسوآدمی بنتے ہیں، جن کو پانی دیناان چندگھروں کیلئے مشکل ہے، تو کیاایسی جگہ پر تیمّم سے نماز پڑھنا درست ہے؟ جبکہ یہ لوگ اپنے اپنے گھروں کوبروقت پہنچ سکتے ہیں۔ بینوا توجروا

المستفتی: میاں گل میران شاہ وزیرستان......۱۹۸۶ء/۱/۸

الجواب: جس جگہ تیمّم سے نماز پڑھی جاتی ہے اگر یہ جگہ پانی سے ایک میل دور ہو(یعنی ایک میل تک پانی کا نام ونشان نہ ہو، اور یاپانی گھروں وغیرہ میں موجود ہو، لیکن یہ گھروں والے لوگ بعض عوارض کی وجہ سے واردین کو پانی نہ دیتے ہوں) تو یہ واردین تیمّم سے نماز پڑھ سکتے ہیں ﴿۱﴾ اگرچہ یہ واردین وقت کے اندراپنے گھروں کوپہنچ سکتے ہوں، اوراگر پانی نزدیک ہواور یا گھروں والے لوگ ان واردین کو پانی دیتے ہوں تو تیمّم سے نماز پڑھنادرست نہیں ہے (ماخوذ از کبیری وردالمحتار). وھو الموفق

﴿۱﴾ قال العلامہ حصکفی من عجز عن استعمال الماء المطلق الکافی لطھارتہ...... لبعدہ ولو مقیماً فی المصر میلاً، قال ابن عابدین (قولہ ولومقیماً) لان الشرط ھو العدم فاینما تحقق جاز التیمم نص علیہ فی الاسرار بحر.

(الدرالمختار مع ردالمحتار ص ۱۷۰، ۱۷۱ باب التیمم)

(ھکذا فی غنیۃالمستملی المعروف بالکبیری ص ۶۴ باب التیمم)

الباب الخامس

فی المسح علی الخفین وغیرهما

پاؤں پر مسح کیلئے آیت قرآن سے روافض کا استدلال غلط ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اندریں مسئلہ کہ شیعہ حضرات سورۃ مائدہ کی آیت ۶،۵ سے پاؤں پر مسح کے فرض ہونے کے قائل ہیں، اور صرفی ونحوی ترکیب سے مسح ثابت کرتے ہیں، اور غسل رجلین کو خلاف قرآن کہتے ہیں اور اعلان کرتے ہیں کہ سنی علماء تا قیامت غسل رجلین کے ثابت کرنے سے عاجز ہیں، پس وہ کونسی نحوی وصرفی ترکیب ہے، جس سے ہم اہل سنت غسل اور دھونا ثابت کرتے ہیں، نیز دیگر دلائل وبراہین سے بھی مختصراً وضاحت فرماویں۔ بینوا توجروا

المستفتی: اہل سنت والجماعۃ منڈی بہاؤالدین ضلع گجرات ۱۹۷۲ء/۱۲/۱۷

الجواب: اعلم ان ارجلكم معطوف على المغسول دون الممسوح يدل عليه القرآن والحديث والاجماع والعقل، اما الاول فهو قوله تعالىٰ الى الكعبين ولم يقل الى الساقين والكعب غاية الغسل دون المسح واما الثانی فهی الاحاديث المتواترة الواردة فی عمل الغسل وترغيب الغسل والوعيد على تركه واما الثالث فلان الصحابة رضی الله عنهم حتى عليا وابن عباس ذهبوا الى وظيفة الغسل. واما الرابع فان الرجلين اقرب الىٰ محل الغبار والنجاسة بخلاف الرأس والعجب من اهل التشيع انهم لم يلتفتوا الى قرأة

النصب مع ان العطف بالنصب على المجرور لا يصح الا فى المجرور بالحرف الزائد فافهم وتدبر﴿ ١ ﴾. (وانما كتبت الجواب بالعربية لانها مسئلة معضلة لا يفهمها العوام. فقط

دوران سفر موزوں پر مسح میں صاحب ہدایہ کے استدلال پر ابن الہمام کا کلام

۵/ ربیع الاول ۱۴۰۹ھ

الجواب: ملخص استدلال صاحب الهداية ان كل مسافر يمسح ثلثة ايام فلا بد ان يكون مقدار السفر ثلاثة ايام والا فيصدق نقيض الكلية الاولى، اى بعض المسافرين لا يمسحون ثلاثة ايام فيلزم خلاف الحديث.

ملخص ايراد الامام ابن الهمام انه لو حمل هذا الحديث على الاطلاق لزم صدق نقيضه لان بعض المسافرين لا يمسحون ثلاثة ايام كما اذا بكر المسافر فى

﴿ ١ ﴾قال العلامه ابراهيم الحلبى: والارجل من بين الاعضاء الثلثه المغسولة تغسل يصب الماء عليها فكانت مظنة للاسراف المذموم المنهى عنه فعطف على الممسوح لاالتمسح ولكن لينبه على وجوب الاقتصاد فى صب الماء عليها وقيل الى الكعبين فجئ بالغاية اماطة لظن ظان يحسبها ممسوحة لان المسح لا تضرب له غاية فى الشريعة انتهىٰ وقد ثبت فى الصحيحين من رواية عبد الله بن عمر وابى هريرة رضى الله عنهما ان رسول الله ﷺ رأى قوما توضؤا واعقابهم تلوح لم يمسها الماء فقال ويل للاعقاب من النار وفى رواية لابى هريرة رضى الله عنه ويل للعواقيب من النار وفى صحيح مسلم عن جابر رضى الله عنه قال اخبرنى عمر بن الخطاب رضى الله عنه ان رجلاً توضأ فترك موضع ظفر على قدمه فابصره النبى ﷺ فقال ارجع فاحسن وضوئك وعن عائشة رضى الله عنها لان تقطعا احب الى من ان امسح على القدمين من غير خفين وعن عطاء ماعلمت ان احداً من اصحاب رسو الله ﷺ مسح على القدمين فهذا اجماع من الصحابة على وجوب الغسل وهو يؤيد الاحاديث الصحيحة فلا عبرة بمن جوز المسح على القدمين من الشيعة ومن شذ.

(غنية المستملي المعروف بالكبيرى ص ١٦،١٥ شرائط الصلاة)

اليـوم الاول الـى وقت الزوال حتى بلغ المرحلة فنزل بها للاستراحة وبات فيها ثم بكر فـي اليوم الثاني ومشى الى مابعدالزوال ونزل ثم بكر فى الثالث ومشى الى الزوال فبلغ الـمقصد، لانه مسافر عند النية كما صححه السرخسي ولا يمسح ثلاثة ايام، فلا بد من ان يـحـمل هذا الحديث على التقيد اى كل مسافر كان سفره ثلاثة ايام فصاعداً يمسح ثلاثة ايام، فلم يصح استدلال صاحب الهداية بهذا الحديث ويصح كون قدر السفر اقل من ثلاثة ايام، وان اجابوا عن هذا الايراد بان بقية كل يوم ملحقة بالمنقضي منه فلا يلزم كون قدر سفر هذا المسافر اقل من ثلاثة ايام، فهذالجواب لا يدفع هذا الايراد لان بقية اليـوم الثـالـث لاتـصـح الحاقها بالمنقضي لعدم السفر فيها حقيقة ولعدم رخصة السفر فيهـا، فـالايـراد وارد الآن كـمـا كـان اى لزوم كون بعض المسافرين لايمسحون ثلاثة ايـام، وهـذا لازم باطل لازم من كون المبكر المذكور مسافراً فالملزوم مثله، وبالجملة ان المبكر المذكور غير مسافر فلا يمسح ثلاثة ايام ولايقصر ايضاً فلايقصر مسافر يوم واحد وان قطع فيه مسيرة ايام.

ولا يـبـعـد ان يـجـاب عـن كلام ابن الهمام ان معنى الحديث ان كل مسافر اذا خـلـي وطبـعـه يـمسـح ثـلاثة ايـام مادام مسافراً، فجاز ان لايمسح ثلاثة ايام لمايعرضه كـالـعـجلة في السير، والمبكر المذكور لم يبق مسافراً فلذا لم يتمم اليوم الثالث فافهم ولا تعجل فى الرد والقبول. وهو الموفق

مسح علی الجوربین کی شرائط

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ آج کل نائلون کی جو

جرابیں ہیں، آیا ان پر احناف کے نزدیک مسح جائز ہے یانہیں؟ یہاں بعض لوگ ان جرابوں پر مسح کو جائز کہتے ہیں جو اہل ظواہر جیسے ہیں کیا یہ صحیح ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: بندہ رحمٰن الدین ضلع دیر ملاکنڈ ڈویژن

الجواب: نیلون کی جرابوں پر مسح کرنا جائز نہیں ہے، کیونکہ جرابوں پر مسح کے جواز کیلئے یہ شرط ہے کہ گاڑھی اور موٹی ایسی ہوں کہ صرف ان کو پہن کر اگر تین میل چلیں تو وہ پھٹ نہ جاتی ہوں، اور یہ شرط ہے کہ اگر ان کو پہن کر پنڈلی پر نہ باندھیں، تو وہ گر نہ جاتی ہوں لیکن اگر یہ نہ گرنا تنگی کی وجہ سے ہو تو مسح کرنا تب بھی جائز نہیں ہے، اور یہ شرط ہے کہ ان میں پانی نہ چھنے، اور چوتھی شرط یہ ہے کہ ان کے اندر سے کوئی چیز نظر نہ آئے، یعنی آنکھ لگا کر بھی اندر سے کوئی چیز دکھائی نہ دے، یدل علیہ مافی الدر المختار اوجوربیه ولو من غزل او شعر الثخینین بحیث یمشی فرسخا ویثبت علی الساق بنفسه ولایری ماتحته ولا یشف آه ﴿۱﴾ وفی الشرح الکبیر ص۱۰۸ وینبغی ان یقید بما اذالم یکن ضیقاً فانانشاهد مایکون منه فیق یستمسک علی الساق من غیر شد ولو کان من الکرباس انتهیٰ﴿۲﴾، اورواضح رہے کہ نیلون کی جرابیں تنگی کی وجہ سے نہیں گرتی ہیں، لہٰذا اس میں شرط ثانی موجود نہیں، نیز پانی اس سے چھنتا ہے اور جب ان کو اتنا کھینچا جائے جتنا کہ قدم کے داخل ہونے کے وقت ہو، تو ان سے باہر والی چیز نظر آتی ہے، پس اس میں شرط ثالث اور رابع بھی موجود نہیں ہے، لہٰذا ان پر مسح کرنا خلاف مذہب ہے﴿۳﴾۔ وهو الموفق

﴿۱﴾ (الدر المختار علی هامش ردالمحتار ص۲۶۹ جلد۱ باب المسح علی الخفین)

﴿۲﴾ (غنیة المستملی ص۱۰۸ فصل فی المسح علی الخفین)

﴿۳﴾ قال ابن نجیم (قوله والجورب المجلد والمنعل والثخین ای یجوز المسح علی الجورب اذا کان مجلداً او منعلاً او ثخیناً...... والثخین ان یقوم علی الساق من غیر شد ولا یسقط ولا یشف وفی التبیین ولایریٰ ما تحته.

(البحر الرائق ص۱۸۲ جلد۱ باب المسح علی الخفین)

نائلون کی جرابوں پرمسح کرنا جائزنہیں ہے

سوال: نائلون کی جرابوں پرمسح جائز ہے یاناجائز؟بینوا توجروا

المستفتی: بہادرسیددروش چترال......۳/صفر ۱۳۹۷ھ

الجواب: ناجائز ہے﴿۱﴾۔ وھو الموفق

مسح علی الجوربین کا مسئلہ

سوال: خفین پرمسح درست ہےمگرجوجوربین بارہ سےلائی جاتی ہیں،جوکہ پانی جذب کرتی ہیں توبلاعذران جورابوں پرمسح کرنادرست ہوگایانہیں؟بینوا توجروا

المستفتی: حضرت مولانافضل مولیٰ صاحب سابق شیخ الحدیث بدارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک

۱۴/ربیع الثانی ۱۴۰۲ھ

الجواب: مفتی بہ قول کی بناپرجرابوں پرمسح کرنامشروع ہےمگرجوازکیلئے چندشرائط ہیں،جوکہ درمختار باب المسح علی الخفین میں مسطورہیں،منھا ماذکرہ (ای اشار الیہ) المستفتی، اورچونکہ نائیلون کی جرابوں میں یہ شرائط مفقودہیں﴿۲﴾لہٰذاان پرمسح کرناجائزنہیں ہے۔ وھو الموفق

﴿۱﴾خفین چونکہ چرمی موزوں کوکہاجاتاہے،اورجوازمسح میں اصل ہی خفین ہے،توغیرمدرک بالقیاس ہونےکی وجہ سےقیاس کاتقاضایہ ہےکہ غیرچرمی موزوں پرمسح جائزہی نہ ہو،لیکن استحسان کی بناپرغیرچرمی موزوں پربھی جن میں خفین کےشرائط موجودہوں مسح جائزہوگا،اورچونکہ نائیلون یاسوتی جرابوں میں وہ شرائط موجودنہیں ہیں،تواس پرکس طرح خفین (چرمی موزوں) کی طرح مسح جائزہوگا؟فافھم. قال العلامہ حصکفی او جوربیہ ولو من غزل او شعر الثخینین بحیث یمشی فرسخا ویثبت علی الساق بنفسہ ولایریٰ ما تحتہ ولایشف الا ان ینفذ الی الخف قدر الفرض. (الدرالمختار ص۱۹۷ جلد۱ باب مسح الخفین) ......(ازمرتب)

﴿۲﴾ قال العلامہ حصکفی اوجوربیہ ولو من غزل او شعر ... (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

فتاویٰ عالمگیریہ میں مسئلہ فرک المني اور مسح علی الجبائر کے بارہ میں استفسار

سوال: (۱) فتاویٰ عالمگیریہ کے تطہیر الانجاس میں ہے، ومنها الفرک في المني ، فرک الثوب، الفرک کا معنی کپڑے کوملنا ہے اور فرک الشئ عن الثوب ہوتو کسی چیز کو کرچ کر یا رگڑ کر کپڑے سے زائل کرنا ہے، تو درج ذیل عبارت سے مراد کپڑے کوملنا اور جھاڑ دینا ہوگا، یا کھرچنا یا رگڑ دینا ہوگا؟ ومنها الفرک في المني، المني اذا اصاب الثوب فان کان رطباً يجب غسله وان جف علی الثوب اجزأ فيه الفرک استحساناً(کذافي العنايه) (جلد ۱ ص ۴۴)، آجکل اس مسئلے کے حکم میں کوئی تبدیلی تونہیں آئی ہے؟

(۲) جلد ۱ ص ۳۵ المسح علی الجبائر میں ہے،(الف) ويکتفي بالمسح علی اکثر الجبيرة (کذافي الهدايه) (ب) رجل باصبعه قرحة فادخل المرارة في اصبعه اوالمرهم فجاوز موضع القرحة فتوضأ ومسح عليها جاز اذا استوعب المسح العصابة وکذا في حق المفتصد وعليه الفتویٰ ، اس میں جبیرہ پر مسح کے بارے میں اکثر جبیرہ پر مسح کافی کہا گیا ہے، مگر عصابۃ میں استیعاب کا حکم ہے یہ فرق کیوں ہے اگر یہ فرق اسلئے ہے کہ جبیرہ زخم سے زائد جگہ تک ہوتی ہے، لہٰذا اس میں اکثر حصہ پر مسح کافی ہے، اور عصابۃ صرف زخم پر ہوتی ہے اس میں استیعاب ہے تو صورت مذکورہ میں بھی ،فادخل المرارة في اصبعه والمرهم فجاوز الخ، میں سے زائد جگہ پر مرارہ ہے اس میں بھی اکثر مرارہ پر مسح کافی ہونا چاہئے وضاحت فرمائیں، تاکہ الجھن رفع ہو۔بينوا توجروا

المستفتی: محمد صادق ناظم مجلس منتظمہ اشاعت فتاویٰ عالمگیریہ سہگل جہلم ۱۹۷۰ء/۵/۱۷

الجواب: (۱) في ردالمحتار هو الحک باليد حتی يتفتت بحر (شامی ص ۲۲۸ جلد ۱)اور مقصود منی کا زائل کرنا ہے، جس طرح سے بھی ہو۔(ب) دلائل اور روایات فقہیہ کی بنا

(بقيه حاشيه) الثخينين بحيث يمشي فرسخا ويثبت علی الساق بنفسه ولا يری ماتحته ولايشف. (الدرالمختار علی هامش ردالمحتار ص ۲۶۹ جلد ۱ باب المسح علی الخفين)

پر حکم میں کوئی فرق نہیں ہے البتہ درمختار میں لکھا ہے کہ استنجانہ کرنے کی تقدیر پر منی فرک سے پاک نہیں ہوسکتی ہے﴿۱﴾(هامش ردالمحتار ص۲۸۷ جلد ۱). (۲)استیعاب والی روایت مؤول ہے یا مرجوح ہے، يدل علیٰ بعض المراد مافی ردالمحتار(ص ۲۵۹ جلد ۱)﴿۲﴾ . وهو الموفق

کن شرائط سے جرابوں پر مسح جائز ہے؟

سوال: جرابوں پر مسح کرنا جائز ہے یا کہ نہیں، اگر جائز ہے تو کن شرائط کے ساتھ؟ بعض لوگ اس مسئلہ میں جھگڑا کرتے ہیں اور میں نے مسح جرابین کا جائز قرار دیا ہے کیا یہ صحیح ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: بشیر احمد حویلیاں ایبٹ آباد... ۲۶/ ذی الحجہ ۱۳۸۸ھ

الجواب: اگر جرابوں میں یہ چند شرائط موجود ہوں تو ان پر مسح جائز ہے، ورنہ جائز نہیں ہے۔ (۱) گاڑھی اور موٹی ایسی ہوں کہ صرف اس کو پہن کر اگر تین میل چلیں تو وہ پھٹ نہ جاتی ہوں (۲) اگر ان کو پہن کر پنڈلی پر نہ باندھیں تو وہ گر نہ جاتی ہوں (۳) ان میں سے پانی نہ چھنے (۴) ان کے اندر سے کوئی چیز نظر نہ آوے (۵) اگر پنڈلی سے نہ گرنا تنگی کی وجہ سے ہوتو وہ بھی نامنظور ہے۔ یہ شرائط کبیری﴿۳﴾ اور

﴿۱﴾قال العلامه حصكفي ان طهر رأس حشفة كأن كان مستنجيا بماء وفي المجتبیٰ اولج فنزع فانزل لم يطهر الا بغسله.

(الدرالمختار علی هامش ردالمحتار ص۲۲۸ جلد ۱ باب الانجاس)

﴿۲﴾ قال ابن عابدين: ويحتمل ان يكون مراد المصنف ان المسح يجب علی كل العصابة ولا يكفي علی اكثرها لكن ينافيه انه سيصرح بانه لا يشترط الاستيعاب في الاصح فيتناقض كلامه وانه كان الاولیٰ حينئذ تعريف العصابة لان الغالب في كل عند عدم القرينة انها اذا دخلت علی منكر افادت استغراق الافراد واذا دخلت علی معرف افادت استغراق الاجزاء الخ.

(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص۲۰۵ جلد ۱ مطلب في لفظ كل اذا دخلت علی منكر)

﴿۳﴾ (غنية المستملي المعروف بالكبيري ص۱۰۸ فصل في المسح علی الخفين)

درمختار﴿۱﴾ وغیرہ میں مذکور ہیں اور واضح رہے کہ یہ شرائط نیلون کی جرابوں میں بالکل موجود نہیں ہے، لہٰذا ان پر بھی مسح ناجائز ہے۔ وهو الموفق

بوٹ پر مسح کرنا جائز اور اس میں نماز قابل اعتراض ہے

سوال: اگر بوٹ کعبین سے اوپر ہو یعنی کعبین اس میں مستور ہوں اور پھر ان کو مضبوطی سے باندھا جائے، حتی کہ اس میں چیر پھاڑ بھی نہ ہو تو کیا اس پر مسح کرنا درست ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: طلا محمد خان ٹل ہنگو.....۱۹۸۶ء/ ۲۴/۷

الجواب: مسح بریں پاپوش قابل اعتراض نیست، لیکن نماز دورے قابل اعتراض است یکے از وجہ نجاست، دوم از وجہ عدم وضع اصابع برزمین (درحالت سجدہ) نہ حقیقتاً (کماهو واضح) ونہ حکماً از جہت ارتفاع وعدم تابع شدہ پیش طرف وے کہ مضبوط وسخت باشد كما اشار اليه القاری﴿۲﴾. وهو الموفق

بوٹ میں شرائط موجود ہوں تو مسح اور نماز دونوں جائز ہے

سوال: ایسے بوٹ جو مضبوط کھال سے بنائے گئے ہوں، اور کعبین تک پہنچتے ہوں یعنی اس کے

﴿۱﴾ (الدرالمختار علی هامش ردالمحتار ص ۲۶۹ جلد ۱ باب المسح علی الخفین)

﴿۲﴾وفی منهاج السنن: قال مشائخنا اليوم لا يصلی بالنعال فی المسجد لان دخول المسجد متنعلاً من سوء الادب فی العرف الحادث ولان تلويث المسجد بها واقع لا محالة ولان علة التنعل قد انتهت لان اليهود والنصارىٰ فی زماننا يصلون فی النعال لا يخلعونها.
(ف) اعلم ان النعال اذا لم تكن مانعة من توجيه رؤس الاصابع الی القبلة فجاز الصلوٰة فيها والا فلا، كما يشير اليه كلام القاری فی المرقاة، فالصلوٰة فی المداس الرائج اليوم لا يجوز اذا كان مقدمه مرتفعاً واسعاً بحيث لا يمتلأ باصابع القدم فافهم.
(منهاج السنن شرح جامع السنن ص ۲۷۸ جلد ۱ باب ماجاء فی الصلوٰة فی النعال)

اندر ہوں اور سجدہ کے دوران انگلیاں بھی اس میں پھرتی ہوں، تو کیا ان پر مسح اور نماز جائز ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: متعلم دار العلوم حقانیہ......۱۹۸۷ء/۲/۱۱

الجواب: برین پاپوش (بوٹان) مسح جائز است و نماز در روے درست است لتحقق جميع شرائط مسح على الخفين و الصلوٰة ﴿۱﴾ ہاں طہارت ایں پاپوش ضروری است ۔ وهو الموفق

نائیلون کی جرابوں پر مسح کرنے کا حکم

بعض جدت پسند اور روشن خیال لوگوں کی جانب سے یہ مسئلہ کھڑا ہوا کہ موزوں کی طرح نائیلون کی جرابوں پر بھی مسح جائز ہونا چاہیے، تو اکابر علماء نے فقہ وفتاویٰ کی روشنی میں اس مسئلہ کی شرعی حیثیت واضح کردی، حضرت مفتی اعظم دامت برکاتہم اور علامہ شمس الحق افغانی رحمۃ اللہ علیہ کی رائے اور تحقیقی فتویٰ جو ماہنامہ الحق نے شائع کیا تھا، اپنی اہمیت کے پیش نظر فتاویٰ میں شامل کیا جارہا ہے......(از مرتب)

في الدر المختار او جوربيه ولو من غزل او شعر الثخينين بحيث يمشي فرسخاً ويثبت على الساق بنفسه ولا يرى ما تحته ولا يشف الخ، (حلبی کبير ص ۱۲۱) وحد الجورب الثخينين ان يستمسك اى يثبت ولا ينسدل على الساق من غير ان يشد

﴿۱﴾ جواز صلاۃ کا حکم اسلئے ہے کہ اس میں سجدہ کے دوران انگلیاں برابر پھرتی ہیں اور بوٹ اور انگلیوں کے درمیان کوئی خلا اور سختی ایسی نہیں ہے جو مانع صلاۃ ہو۔(از مرتب) منہاج السنن میں ہے

اعلم ان النعال اذا لم تكن مانعة من توجيه رفع الاصابع الى القبلة فجاز الصلوٰة فيها والا فلا، كما يشير اليه كلام القاری في المرقاة.

(منهاج السنن شرح جامع السنن ص ۲۷۸ جلد ۱ باب ماجاء في الصلوٰة في النعال)

بشئ هكذا فسروه كلهم وينبغي ان يقيد بما اذا لم يكن ضيقا فانانشاهد ما يكون فيه ضيق يستمسک علی الساق من غير شد ولو كان من الكرباس. انتهیٰ

مندرجہ بالاعبارت سے معلوم ہوا کہ جرابوں پرمسح کرنا چند شرائط کے ساتھ مشروط ہے، اول یہ کہ گاڑھی اوراتنی موٹی ہو کہ اگرصرف جرابیں پہن کرکم ازکم تین میل ان میں چلا جائے اسے باندھی بھی نہ ہوں اوروہ پنڈلی پر سے نہ اتریں دوسرے یہ کہ ان میں سے فوری طور پر پانی نہ چھنے، كما صرح بهذا القيد في الشرح الكبير ص ۱۰۸، تیسرے یہ کہ ان کے اندر سے کوئی چیز نظر نہ آئے یعنی اگر آنکھ لگا کر اس میں سے دیکھیں تو کچھ دکھائی نہ دے، چوتھے یہ کہ پنڈلی سے نہ گرنا تنگی کی وجہ سے نہ ہو۔

پس نائیلون کی جرابیں جتنی ہمارے مشاہدہ میں آئی ہیں ان میں یہ شرائط موجودنہیں ہیں، کیونکہ نائیلون میں ربڑ کی طرح پھیلنے اورسکڑنے کی خاصیت موجود ہے تو پہننے کے بعدان کا نہ گرنا انقباض اورتنگی کی وجہ سے ہے، پھر بسااوقات تھوڑی سی مسافت طے کرنے کے بعد وہ پنڈلی سے گرجاتی ہیں، كما لا يخفىٰ علی من جرب ،اور جب ان جرابوں میں سے اتنا کھینچ کر دیکھا جائے جتنا ان کے پہننے کے وقت کھینچا جاتا ہے،تو ان سے ہر چیز دکھائی دیتی ہے، پھرفوری طور پران میں سے پانی بھی چھنتا ہے بخلاف ٹاٹ کے جرابوں کے،تو اس بنا پران پرمسح کرنا جائزنہیں ہے،اوراگر نائیلون کی ایسی جرابیں موجود ہوں جن میں یہ تمام شرائط موجود ہوتو پھر مفتیٰ بہ قول کے مطابق ان پرمسح کرنا جائز ہوگا۔ هذا ما عندي ولعل عند غيري احسن من هذا. (محمد فرید عفی عنہ)

حضرت العلامہ شمس الحق افغانی رحمہ اللہ کی تحقیق اوروضاحت

ثخینین کے بارہ میں کتب فقہ میں سے ردالمحتار ص ۱۸۸ جلد ۱ کی عبارت ذیل ثخینین کے تحت ملاحظہ ہو، بحيث يمشي فرسخا ويثبت علی الساق بنفسه ولا يرى ما تحته ولا

ينشف (الدر) وفي الدروفي بعض الكتب ينشف وفسر في الخانيه الاول بان لا يشف الجورب الماء الى نفسه كالاديم والصرم وفسر الثاني بان لا يجاوز الماء الى القدم وقال تحت بنفسه اى من غير شد اھ. اس عبارت سے معلوم ہوا کہ جواز مسح على الثخينين کیلئے ثخانت کا وجود ضروری ہے جو کہ امور ثلاثہ سے متحقق ہوتا ہے، (۱) شرعی تین میل یا اس سے زیادہ بغیر جوتے کے آدمی اس میں چل سکے (۲) باندھنے کے بغیر پنڈلی سے پیوست رہیں، (۳) پانی اگر اس پر ڈالا جائے تو اندر نہ جاسکے۔

ان تینوں امور کا مجموعہ بالخصوص امر سوئم نائیلون کی جراب میں متحقق نہیں لہٰذا مسح درست نہیں، اس میں احتیاط اسلئے بھی ضروری ہے کہ قرآن پاک میں غسل الرجلين مذکور ہے جو قطعی ہے، اور احادیث مسح على الخفين متواتر یا مشہور ہیں، اسلئے تخصیص کیلئے کافی ہیں، مسح على الجوربين فقط میں میرے نزدیک ایسی صحيح السند، صريح الدلالة احادیث شہرت کے درجہ میں موجود نہیں، اور قیاس على الخفين کیلئے ان سے مشاکلۃ اور مشابہت قویہ کی ضرورت ہے۔......والله اعلم

......(احقر شمس الحق افغانی بہاولپور)......

الباب السادس
فی الحیض و النفاس

حالت حیض میں فوق الازار بیوی سے استمتاع کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ حالت حیض میں فوق الازار بیوی سے استمتاع کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالرحیم......١٢/ مارچ ١٩٨٤ء

الجواب: جب حائل موجود ہو تو ممنوع نہیں ہے ﴿١﴾۔ وھو الموفق

حائضہ کے ہاتھ کا کھانا جائز ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ حائضہ کے ہاتھوں کا کھانا وغیرہ جائز ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: سرفراز خان کردکالا باغ میانوالی......١٤/١٠/١٩٧٥ء

الجواب: حائضہ کے ہاتھوں سے کھانا پکانا اور کھانا تمام جائز ہے، لحدیث اصنعوا کل شئ الا النکاح ﴿٢﴾ ولان نجاستها حکمیه . وھو الموفق

﴿١﴾ قال العلامة ابن عابدین رحمه الله: (قوله یعنی مابین سرة ورکبة) فیجوز الاستمتاع بالسرة ومافوقها والرکبة وماتحتها ولو بلا حائل وکذا بما بینهما بحائل بغیر الوطء.
(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ٢١٤ جلد ١ مطلب فی حکم وطء المستحاضة)
﴿٢﴾ (مشکواة المصابیح ص ٥٦ جلد ١ الفصل الاول باب الحیض)

روزہ کی حالت میں حیض شروع ہوکر حائضہ امساک کرے گی

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگرکسی عورت کوسحری کرنے کے بعدصبح یادوپہر میں ایام ماہواری شروع ہوجائیں، تواس وقت سے کھاناپیناجائزہے یاشام تک انتظارکرے گی؟ بینواتوجروا

المستفتی:فضل واحدباجوڑایجنسی......۱۲/شوال۱۴۰۴ھ

الجواب: ایسی حائضہ امساک کرے گی (شامی)﴿۱﴾۔ وھوالموفق

حالت حیض میں استغفار، درود اور تسبیح پڑھنے کا حکم

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ دوران حیض ونفاس عورت قرآن کریم کی تلاوت تونہیں کرسکتی، لیکن کیا سبحن اللہ ، الحمد للہ ،استغفار، درودشریف اوردیگرذکر واذکارپڑھ سکتی ہے یانہیں؟ بینواتوجروا

المستفتی:فضل واحدپشہ سالارزی باجوڑ......۱۱/ جولائی۱۹۸۴ء

الجواب: یہ کلمات پڑھناجائزہے(شرح التنویر)﴿۲﴾. وھوالموفق

﴿۱﴾قال العلامہ ابن عابدین:(قولہ کمسافر اقام وحائض)......والاصل فی ھذہ المسائل ان کل من صار فی آخر النھاربصفة لو کافی اول النھار علیھا للزمہ الصوم فعلیہ الامساک......وکذا کل من وجب علیہ الصوم لوجود سبب الوجوب والاھلیة ثم تعذر علیہ المضی ...... فانہ یجب علیہ الامساک الخ. (ردالمحتار علی ھامش الدرالمختار ص۱۱۶ جلد۲ مطلب فی جواز الافطار بالتحری کتاب الصوم)

﴿۲﴾ قال الحصکفی (ولابأس) لحائض وجنب (بقراءة ادعیة ومسھا وحملھا وذکر اللہ تعالیٰ وتسبیح).

(الدرالمختار علی ھامش ردالمحتار ص۲۱۵ جلد۱ باب الحیض)

حیض کی بندش اور مانع حمل دوائیاں استعمال کرنے کی صورت میں ایام طہر کا حکم

سوال: زید بچے نہ جننے کی وجہ سے دوائی استعمال کرتا ہے کیا یہ جائز ہے یا نہیں؟ نیز حیض بند کرنے کے واسطے گولیاں دے کر طہارت کا حکم ہوگا یا حیض کا؟ **بینوا توجروا**

المستفتی: نامعلوم ...... ۱۹/ مارچ ۱۹۸۴ء

الجواب: غرض صحیحہ کے بناء پر یہ اقدام جائز ہے ﴿۱﴾ جیسا کہ عزل وغیرہ جائز ہے ﴿۲﴾ اور حیض بند کرنے کے وقت طہر کے احکام جاری ہوں گے ﴿۳﴾۔ **وهو الموفق**

حیض بند کرنے کیلئے علاج کرنا جائز ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ بعض خواتین یہ چاہتی ہیں کہ رمضان شریف کے پورے روزے رکھے اور حج کے ایام میں مناسک حج طواف وغیرہ ادا کرنے میں بھی کمی

﴿۱﴾ مثلاً بیوی کی ایسی بیماری ہو جس کی وجہ سے بچہ جننے کے قابل نہ ہو اور بیوی بیمار نہ ہو صحت یاب ہو تو پھر عارضی وقفہ کی بھی اجازت نہ ہوگی، کیونکہ اس سے مسلمانوں کی افرادی قوت کو نقصان پہنچ جاتا ہے جس کی اجازت نہیں دی جاسکتی ہے۔ (سیف اللہ حقانی)

﴿۲﴾ قال العلامه ابن عابدين الشامي (قوله ويكره ان تسقى لاسقاط حملها وجاز لعذر) كالمرضعة اذا ظهر بها الحبل وانقطع لبنها وليس لابى الصبي مايستاجر به الظئر ويخاف هلاك الولد قالوا يباح لها ان تعالج في استنزال الدم مادام الحمل مضغة او علقة ولم يخلق له عضو وقدروا تلك المدة بمائة وعشرين يوماً وجاز لانه ليس بآدمي وفيه صيانة الآدمي خانيه. (ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۳۰۴، ۳۰۵ جلد ۱ كتاب الحظر والاباحة باب البيوع)

﴿۳﴾ وفي الهنديه لا يثبت حكم كل منها الا بخروج الدم وظهوره وهذا هو ظاهر مذهب اصحابنا وعليه عامة مشايخنا وعليه الفتوىٰ وهكذا في المحيط.

(فتاویٰ هنديه ص ۳۶ جلد ۱ فصل في احكام الحيض والنفاس والاستحاضة)

وغیرہ نہ ہونی پائے، اس غرض کیلئے وہ انگریزی علاج کا ٹیکہ لگواتی ہیں جس سے ان کا حیض مقررہ مدت تک کیلئے بند ہوجاتا ہے چونکہ زید ایم بی بی ایس ڈاکٹر ہے ان کا کہنا ہے کہ یہ علاج مکمل طور پر موثر ہے، اور مذکورہ انجکشن لگوانے سے حیض کچھ مدت کیلئے رک جاتا ہے، تو از روئے شریعت یہ فعل جائز ہے یا ناجائز؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد مشتاق احمد صوبائی اسمبلی خیبر روڈ پشاور ۔ ۱۹۹۱ء/۵/۲

الجواب: حیض بند کرنے یا کھولنے کیلئے معالجہ کرنا مباح ہے نہ مطلوب شرعی ہے اور نہ ممنوع شرعی (یدل علیہ مافی عدۃ ردالمحتار ص۸۲۷ جلد ۱) ﴿۱﴾. وھو الموفق

مدت نفاس میں استحاضہ کا آنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک عورت کا بچہ پیدا ہوا تو ۲۸/ دن تک خون آیا تھا، یعنی نفاس والا خون جاری تھا پھر تیرہ دن خون بند رہا چودہویں دن پھر خون جاری ہوا، اب اس عورت کا نفاس کتنے دن ہوگا، اور حیض کا کیا حکم ہوگا؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالرحمن مروت کرک ۔ ۲۱/ ربیع الثانی ۱۴۰۳ھ

الجواب: واضح رہے کہ نفاس اور حیض میں توالی ناممکن ہے، جیسا کہ دو حیضوں میں توالی ناممکن ہے ان کے درمیان کم از کم پندرہ دن کا وقفہ ضروری ہے ﴿۲﴾ (شامی، بحر) پس صورۃ مسئولہ میں اگر یہ

﴿۱﴾ قال العلامہ ابن عابدین: قال فی السراج سئل بعض المشائخ عن المرضعة اذا لم ترحیضا فعالجته حتی رءت صفرۃ فی ایام الحیض قال ھو حیض تنقضی به العدۃ.
(ردالمحتار ھامش الدرالمختار ص۲۰۲ جلد ۱ باب العدۃ)

﴿۲﴾ قال الحصکفی واقل الطھر بین الحیضتین او النفاس والحیض خمسة عشر یوما ولیالیھا اجماعاً ولاحد لاکثرہ.
(الدرالمختار علی ھامش ردالمحتار ص۲۰۹ جلد ۱ مبحث فی مسائل المتحیرہ باب الحیض)

عورت معتادہ نہ ہو، تو 28+12=40 دن اس کا نفاس اور اس کے بعد والی مدت طہر ہے اور یہ خون استحاضہ ہے﴿۱﴾طہر کی مدت سابقہ عادت نہ ہونے کی تقدیر پر پندرہ دن ہوگی۔ وهو الموفق

﴿۱﴾قال العلامه ابن عابدين اذا وقع في المبتدأة ...... ونفاسها اربعون ثم عشرون طهرها اذ لا يتوالى نفاس وحيض ثم عشرة حيضها ...... خلافا لما في الامداد من ان طهرها خمسة عشر والمعتادة ترد الىٰ عادتها في الطهر...... وهذا على قول الميداني الذى عليه الاكثر.
(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۲۰۹ جلد ۱ مبحث فى مسائل المتحيره باب الحيض)

الباب السابع فی الانجاس

جنابت، حیض اور نفاس کیلئے طہارت حکمیہ یعنی تیمّم کا حکم

سوال: کیا جنابت وحیض ونفاس کیلئے بھی طہارت حکمیہ یعنی تیمّم جائز ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: مولوی محمد خطیب نورانی مسجد فرنٹیئر کالونی کراچی نمبر ۱۶..... صفر ۱۳۹۲ھ

الجواب: طہارت حکمیہ یعنی تیمم، حدث اصغر، حدث اکبر، حیض، نفاس تمام کیلئے جائز ہے جبکہ طہارت حقیقیہ (غسل و وضو) پر قدرت موجود نہ ہو﴿۱﴾ صرح بہ فی جمیع کتب الفروع لاحاجة الى نقل عبارات الفقهاء. وهو الموفق

مذی کے نکلنے سے بچنے کی تدبیر

سوال: بعض اوقات بلا اختیار فاسد خیالات آجانے کی وجہ سے مثانہ سے مذی خارج ہوتی ہے، اور کوشش کے باوجود نماز میں یہی صورت پیدا ہو جاتی ہے، کیا نماز درست ہوگی؟ بینوا توجروا

المستفتی: ممتاز احمد پشاور..... ۱۹۸۶ء/۲/۱

الجواب: ایسا شخص استنجا اور وضو کرتے وقت آلہ تناسل کے سر پر ایک پٹی (ڈیڑھ انچ عرض چھ انچ طویل) معمولی طور پر باندھے تاکہ تکلیف سے محفوظ رہے﴿۲﴾۔ وهو الموفق

﴿۱﴾ قال الحصكفي: من عجز (مبتدا خبره) تيمم عن استعمال الماء المطلق الكافي لطهارته. (الدرالمختار على هامش ردالمحتار ص ۱۷۰ جلد ۱ باب التيمم)

﴿۲﴾ وفي الهنديه: اذا خاف الرجل خروج البول فحشا احليله بقطنه ولولا القطنة يخرج من البول فلا بأس به ولا ينتقض وضوءه حتى يظهر البول على القطنة كذافي فتاوىٰ قاضي خان. (فتاوىٰ هنديه ص ۱۰ جلد ۱ باب الوضوء فصل نواقض الوضوء)

خون آلود پلستر کے ساتھ بوجہ عذر نماز پڑھنا درست ہے

سوال: احقر کی بوجہ ایکسیڈنٹ پاؤں کی ہڈی ٹخنوں سے اوپر تک ٹوٹ گئی تھی پھر مجھے خیبر ہسپتال میں داخل کیا گیا مگر خون بالکل ظاہر نہیں ہوا تھا، اسلئے بندہ تیمم سے بیٹھ کر نماز پڑھتا رہا، اس کے بعد پاؤں میں کچھ فرق تھا، تو مجھے نشہ دے کے پاؤں میں دوبارہ سٹیل کی کیل لگا کر پلستر کر دیا، اور کافی خون بھی نکلا، جو پلستر کے ساتھ چمٹ گیا تھا، اسلئے بندہ بوجہ خون آلودہ پلستر کے نماز پڑھنے سے معذور رہا، اب عرض یہ ہے کہ مجھ سے اسی طرح جو نمازیں قضا ہوئی ہیں، صحت یابی اور پلستر کھلنے کے بعد دوبارہ نمازوں کی قضا کروں گا؟ یا خون آلودہ پلستر کے ساتھ نماز پڑھ سکتا ہوں؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالواسع بلی ٹنگ کوہاٹ..... ۲۱/شعبان ۱۴۰۳ھ

الجواب: پلستر اور پٹی سے جو نجاست چمٹ جائے، تو وہ عفو ہے، کیونکہ اس کا دھونا ناممکن یا ضرر رساں ہوتا ہے، آپ باقاعدہ نماز پڑھ سکتے ہیں ﴿۱﴾۔ وھو الموفق

جاری پانی میں نجاست مل جانے کا حکم

سوال: چہ مے فرمایند علماء دین دریں مسئلہ کہ جوئے آب جاری باشد، و برائے ویں جوئے دیگر ناپاک یعنی بول خلط شدہ باشد، چہ حکم دارند۔ بینوا توجروا

المستفتی: حاجی سعد الرحمن علی زئی کوہاٹ ۶/صفر ۱۴۰۳ھ

﴿۱﴾ قال العلامہ ابن عابدین فان ضرہ الحل والغسل مسح الکل تبعاً والا فلا بل یغسل ماحول الجراحة ویمسح علیها لا علی الخرقة ما لم یضرہ مسحها فیمسح علی الخرقة التی علیها ویغسل حوالیها وما تحت الخرقة الزائدة لان الثابت بالضرورة یتقدر بقدرها کما اوضحه فی البحر عن المحیط والفتح.

(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۲۰۵ جلد ۱ قبیل باب الحیض) ..... وهاب

الجواب: اگر بعد از اختلاط وآمیزش آب جوی جاری متغیر شود یعنی دریں آب رنگ یا طعم یا بوئے نجاست ظاہر شد، پس ایں جوئی نجس باشد ورنہ نجس نباشد﴿۱﴾(ہدایہ، شامی، بحر، ہندیہ)۔ وھو الموفق

نابالغ بچوں کی اطلاع پر پانی کی نجاست کا حکم نہیں کیا جائے گا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک کنویں میں ایک ناپاک چیل گر گئی، تقریباً بیس دن بعد چھوٹے لڑکوں نے اقرار کیا، کہ یہ چیل ہم نے گرائی تھی، اب اس کنویں کے پانی کا کیا حکم ہوگا؟ اور اس سے جو اشیاء دھوئی گئی ہیں اور نمازیں وغیرہ پڑھی گئی ہیں، اس کا کیا حکم ہوگا؟ اعادہ لازمی ہے یا نہیں، اور کتنے دنوں کا اعادہ کرنا ہوگا؟ بینوا توجروا

المستفتی: احسان اللہ ہزاروی متعلم دار العلوم حقانیہ......۱۸/ دسمبر ۱۹۷۴ء

الجواب: چونکہ نابالغوں کا اخبار نامنظور ہوتا ہے لہٰذا یہ پانی وقت علم (مشاہدہ) سے ناپاک ہوگا﴿۲﴾ کمافی احکام الصغار الصبی او المعتوہ اذا اخبر بنجاسة الماء لا تثبت النجاسة بقوله لانه لقلة عقله قد يكذب فلا يترجح صدقه على كذبه (هامش جامع الفصولين ص ۱۴۳ جلد ۱)﴿۳﴾ . وھو الموفق

﴿۱﴾ قال العلامه حصكفي وبتغير احد اوصافه من لون او طعم اوريح ينجس الكثير ولو جارياً اجماعاً. (الدرالمختار على هامش ردالمحتار ص ۱۳۶ جلد ۱ باب المياه)

﴿۲﴾ قال العلامه حصكفي ومذ ثلاثة ايام بلياليها ان انتفخ او تفسخ استحسانا وقال من وقت العلم فلا يلز مهم شئ قبله قيل وبه يفتىٰ.
(الدرالمختار على هامش ردالمحتار ص ۱۶۱ جلد ۱ مطلب في تعريف الاستحسان)

﴿۳﴾وفي الهنديه: ولو كان المخبر بنجاسة الماء صبيا او معتوهاً يعقلان ما يقولان فالاصح ان خبرهما في هذا كخبر الذمي(اى لا يقبل) لانه ليس لهما ولاية الالزام هكذا في فتاوىٰ قاضي خان. (فتاوىٰ عالمگيريه ص ۳۰۹ جلد ۵ الباب الاول في العمل بخبر الواحد)

ناپاک تیل کو پاک کرنے طریقہ

سوال: سرسوں کے ٹین ہیں، جس میں تقریباً دس سیر تیل ہوگا ایک ٹین میں چوہا پایا گیا اب یہ تیل پاک ہے یا ناپاک اور اپنے استعمال میں لا سکتا ہوں یا نہیں نیز پاک کرنے کا کیا طریقہ ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: مختار احمد شوگر ملز چارسدہ.....۴/ جمادی الثانی ۱۴۱۱ھ

الجواب: آپ اس تیل یا گھی کو تقریباً آٹھ سیر گرم پانی میں ڈالیں اور اس پانی کو حرکت دیویں اور ساکن ہونے کے وقت اس تیل یا گھی کو دوسرے برتن میں (جس میں تقریباً آٹھ سیر گرم پانی ہو) ڈالیں، اور جب حرکت دینے کے بعد ساکن ہو تو دوسرے میں الخ۔ تین دفعہ اس عمل کے بعد یہ گھی پاک اور حلال ہوگا (شامی)﴿۱﴾. وهو الموفق

حلال جانوروں کے پیشاب، لید و گوبر اور مرغی کی بیٹ کا حکم

سوال: تمام حلال جانور اور جن کا ہم گوشت کھاتے ہیں ان کا پیشاب، پاخانہ وغیرہ اگر کسی بھی شخص کے کپڑوں یا وجود پر لگ جائے تو یہ غلاظت خفیفہ ہے یا غلیظہ اور اس حالت میں نماز کا کیا حکم ہے؟ نیز مرغی کی بیٹ نجاست خفیفہ ہے یا غلیظہ؟ بینوا توجروا

المستفتی: غلام محمد ڈھوک منجو کا جٹ کیملپور.....۱۹۷۲ء/۲/۸

الجواب: (۱) جن چار پایوں کا گوشت حلال ہے تو ان کا پیشاب نجاست خفیفہ ہے کما فی الهدایه و الدر المختار ﴿۲﴾ اور لید و گوبر میں اختلاف ہے، امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک نجاست

﴿۱﴾ قال ابن عابدين ولو تنجس ... الدهن يصب عليه الماء فيغلى فيعلوا الدهن الماء فيرفع بشئ هكذا ثلاث مرات، ا ه . (ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۲۴۵ جلد ۱ مطلب فی تطهير الدهن والعسل)(ومثله في الطحطاوى ص ۱۶۰ باب الانجاس)

﴿۲﴾ قال العلامه حصكفى من نجاسة مخففة كبول مأكول ومنه الفرس وطهره محمد. (الدرالمختار على هامش ردالمحتار ۲۳۵ جلد ۱ باب الانجاس)

غلیظہ ہے لیکن عموم بلوی کی وجہ سے نجاست خفیفہ ہونا الیق ہے ﴿۱﴾ واضح رہے کہ نجاست غلیظہ میں ہتھیلی کا مقدار عفو ہوتا ہے اور خفیفہ میں کپڑے کے ایک چوتھائی سے کم عفو ہوتا ہے ﴿۲﴾۔ (۲) مرغی کی بیٹ نجاست غلیظہ ہے ﴿۳﴾۔ وھو الموفق

سلس البول کے مریض کیلئے حرج کی صورت میں کپڑوں کا دھونا ضروری نہیں

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین کہ سلس البول کا مریض تو ہر نماز کیلئے تجدید وضو کرے گا لیکن کپڑوں کے ساتھ کیا کرے گا، اس کی تجدید کی ضرورت ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالودود کوہاٹی تیراہ ۱۹۷۶ء/۵/۱۳

الجواب: اگر حرج نہ ہو تو کپڑوں کو دھوئے گا، اور اگر حرج ہو مثلاً نماز ختم کرنے سے قبل کپڑے ناپاک ہوتے ہوں، تو دھونا ضروری نہیں ہے ﴿۴﴾ (شامی ص ۲۸۲ جلد ۱)۔ وھو الموفق

﴿۱﴾ قال العلامه ابن عابدین: (قوله وطهر هما محمد آخرا ای فی آخر امره حین دخل الری مع الخلیفة ورأی بلوی الناس من امتلاء الطرق والخانات بها وقاس المشائخ علی قوله هذا طین بخاریٰ. (قوله وبه قال مالک) فیه انه یقول ماأکل لحمه فبوله ورجیعه طاهر فقط فلا یقول بطهارة روث الحمار.

(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۲۳۵ جلد ۱ باب الانجاس)

﴿۲﴾ قال العلامه حصکفی: وعفاالشارع عن قدر درهم وان کره تحریما فیجب...... ونجاسة خفیفة وعفی دون ربع جمیع بدن وثوب الخ. (الدرالمختار علی هامش ردالمحتار ص ۲۳۱، ۲۳۵ جلد ۱ باب الانجاس)

﴿۳﴾ قال العلامه حصکفی: وخمر ...... وخرء کل طیر لا یذرق فی الهواء کبط اهلی ودجاج. (الدرالمختار علی هامش ردالمحتار ص ۲۳۴ جلد ۱ باب الانجاس)

﴿۴﴾ قال الحصکفی: وان سال علی ثوبه فوق الدرهم جازله ان لا یغسله ان کان لوغسله تنجس قبل الفراغ منها ای الصلاة والایتنجس قبل فراغه فلا یجوز ترک غسله هو المختار للفتویٰ. (الدرالمختار علی هامش ردالمحتار ص ۲۲۴ جلد ۱ مطلب فی احکام المعذور)

گارے میں پانی یا مٹی نجس ہوتو مفتی بہ قول کے مطابق گارا پاک ہوگا

سوال: قاضی خان ص۱۳ میں ہے،تراب الطاھر اذا جعل طینا بالماء النجس او علی العکس الصحیح ان الطین نجس ایما کان نجسا(نورالکشور)اور بنایہ جلداول ص ۴۵۷ نورالکشور میں ہے،ان الماء والتراب اذااختلطا وصار طیناً واحد ھما نجس فقیل العبرة فیه للماء وقیل للتراب وقیل للغالب وقیل ایھما کان طاھراً فالمطین طاھر وبه قال الاکثر وقیل ان کان نجسین فالطین طاھر لانه صار شیأ آخر ،کالخمر الخ، ان دونوں میں قول راجح کونسا ہے طہارت طین یا نجاست طین جواب باصواب بمعہ حوالہ کتب تحریر فرما کر اجر دارین حاصل کریں۔بینوا توجروا

المستفتی: مولوی محمد یوسف وانڈہ سیموکلی مروت......۱۹۷۰ء

الجواب: یہ مختلف فیہ مسئلہ ہے،قاضی خان اور ابو اللیث سمرقندی اور شارح المنیة اور صاحب محیط نے اس کو ترجیح دی ہے کہ ان دو اجزا میں جو بھی ناپاک ہوتو تمام ناپاک ہوگا﴿۱﴾ اور صاحب الدر المختار نے یہ مختار کیا ہے کہ جب دونوں ناپاک نہ ہوں،تو مخلوط پاک ہوگا، وقال الشامی ھذا ما علیه الاکثر فتح وھو قول محمد والفتویٰ علیه بزازیه فلیراجع الی ردالمحتار (ص ۳۲۴ جلد ۱) پس چونکہ اس کو مفتی بہ کہا گیا ہے﴿۲﴾ لہٰذا اس کو ترجیح دی جائے گی اگرچہ احتیاط مقابل میں موجود ہے۔فقط

﴿۱﴾ قال ابراھیم الحلبی: الماء والتراب اذا اختلطا وکان احدھما نجساً فالطین الحاصل منھا نجس لان اختلاط النجس بالطاھر ینجسه ھذا ھو الصحیح کما ذکرہ قاضی خان وھو اختیار الفقیه ابی اللیث وکذا روی عن ابی یوسف ذکرہ فی الخلاصه.
(غنیة المستملی ص۱۸۶ فصل فی الأسار)

﴿۲﴾ قال الحصکفی: رطوبة الفرج طاھرة خلافالھما العبرة للطاھر من تراب او ماء اختلطا به یفتیٰ، قال ابن عابدین ھذا ماعلیه الاکثر فتح وھو قول محمد والفتویٰ علیه بزازیه .
(الدرالمختار مع ردالمحتار ص۲۵۷ جلد ۱ قبیل کتاب الصلاة)

مٹی کا تیل کپڑوں کو لگ جائے تو نماز پڑھنے کا کیا حکم ہے؟

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ کیا مٹی کا تیل پاک ہے؟ اگر یہ کپڑوں کو لگ جائے، تو اس حالت میں نماز پڑھنے کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد عبدالرحیم عزیز موضع مولے پور کبیر والا ملتان...... ۱۹۶۹ء/۲/۱۹

الجواب: بلا اختلاف پاک ہے لیکن بدبو ہے، مسجد میں ایسے کپڑوں کے ساتھ داخل ہونا اور نماز پڑھنا مکروہ ہے ﴿۱﴾ (کبیری ص ۶۲۳) (شامی ۵۹۹ جلد ۱). وهو الموفق

پرندہ یا بچہ جس پر نجاست ہو نمازی پر بیٹھ جانے کی وجہ سے نماز میں فساد نہیں آتا ہے

سوال: ایک کتاب میں مراقی الفلاح کی سند سے لکھا ہے، کہ نمازی کی گود میں یا پیٹھ پر بچہ یا پرندہ بیٹھ جائے جس پر مقدار فساد نجاست لگی ہو، تو نماز ہو جائے گی کیا یہ صحیح ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد رفیق شاہ اسماعیل شہید روڈ راولپنڈی...... ۱۹۶۹ء/۲/۱۱

الجواب: یہ جزئیہ صحیح ہے فتاویٰ میں مسطور ہے ﴿۲﴾ اور تائید میں حدیث بھی موجود ہے ﴿۳﴾۔ وهو الموفق

﴿۱﴾ قال ابن عابدين الشامي (قوله واكل نحو ثوم ويمنع منه) اى كبصل ونحوه مما له رائحة كريهة للحديث الصحيح في النهى عن قربان آكل الثوم والبصل المسجد الخ.
(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۴۸۹ جلد ۱ مطلب في الغرس في المسجد)
وقال العلامه ابراهيم الحلبي: الاول فيما تصان عنه المساجد يجب ان تصان عن ادخال الرائحة الكريهة لقوله عليه السلام من اكل الثوم والبصل والكراث فلا يقربن مسجدنا فان الملائكة تتأذى مما يتأذى منه بنو آدم متفق عليه. (غنية المستملي المعروف بالكبيري ص ۵۶۲ فصل في احكام المسجد)
﴿۲﴾ قال العلامه الشرنبلالي: وجلوس صغير يستمسک في حجر المصلي وطير متنجس على رأسه لا يبطل الصلاة اذالم تنفصل منه نجاسة. (مراقي الفلاح على هامش الطحطاوي ص ۱۱۳ باب شروط الصلاة واركانها) (وهكذافي الهنديه ص ۶۳ جلد ۱ قبيل فصل استقبال القبلة)
﴿۳﴾ عن ابى قتادة الانصارى ان رسول الله ﷺ كان..... (بقيه حاشيه اگلے صفحه پر)

جناح کیپ کی کھال کا مسئلہ

سوال: جناح کیپ یا قراقلی جس کھال سے تیار ہوتی ہے اس کی بہترین کھال اس بھیڑ کے بچہ سے تیار ہوتی ہے جو ماں کے پیٹ میں ہوتا ہے اور دوسری قسم کی کھال ذبح کرنے کے بعد حاصل ہوتی ہے کیا یہ عمل درست ہے، کہ صرف اپنے شوق کے پیش نظر ماں اور بچہ کو ذبح کردیا جاتا ہے کیا یہ ظلم نہیں ہے؟ اگر ایسا بندہ امامت کرے تو اس کی اقتداء درست ہے؟ نیز اس نسل کشی کے جواز یا عدم جواز کی حیثیت کیا ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: معاویہ رسول خان کیمل پورروڈ پاکستان کراچی.....۴/۷/۱۴۰۱ھ

الجواب: واضح رہے کہ مردار جانور کی کھال خشک ہونے کے بعد پاک ہوجاتی ہے ﴿۱﴾ (حدیث فقہ) اور بھیڑ بمع بچہ ذبح کرنا ممنوع شرعی نہیں ہے، پس یہ اقدام خلاف تقویٰ نہیں ہے البتہ موجب قساوت ضرور ہے جو کہ امامت کو ضرر رساں نہیں ہے۔ وھو الموفق

جنب کا پسینہ ناپاک نہیں ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر جنب آدمی استنجا کررہا ہو اور

(بقیہ حاشیہ) یصلی وھو حامل امامة بنت زینب بنت رسول اللہ ﷺ و لابی العاص ابن ربیعة بن عبد شمس فاذاسجد وضعها واذا قام حملها. (صحیح البخاری ص ۷۴ جلد ۱ باب اذا حمل جاریة صغیرة علی عنقه فی الصلوٰة کتاب الصلوٰة)

﴿۱﴾ عن ابن عباس رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ ﷺ ایما اھاب دبغ فقد طھر، (الجامع الترمذی ص ۳۰۳ جلد ۱ باب ماجاء فی جلود المیتة اذا دبغت)

وقال العلامہ ابراھیم الحلبی: وکل اھاب دبغ فقد طھر...... جازت الصلوٰة معه ملبوساً او مفروشا او محمولا الا جلد الخنزیر لنجاسة عینه.

(غنیة المستملی شرح منیة المصلی ص ۱۵۱ باب الانجاس)

بدن پر کوئی ظاہری پلیدی نہ ہوتو اس آدمی کا پسینہ پاک ہے یا ناپاک؟ بینوا توجروا
المستفتی: غلام حبیب اکبر پورہ نوشہرہ......۱۵/فروری ۱۹۸۹ء

الجواب: جنبی کا پسینہ پلید نہیں ہے، لہٰذا اس سے لباس ناپاک نہ ہوگا، قال فی الدر المختار فسور آدمی مطلقاً ولو جنبا او کافراً وحکم عرق کسؤر ﴿۱﴾. وھو الموفق

مصنوعی کھاد پاک ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ مصنوعی کھاد از روئے شریعت پاک ہے یا ناپاک، اس کو کسی زمین میں ڈال کر اس پر نماز ہوجاتی ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا
المستفتی: محمد خورشید رسالپور گنڈیری نوشہرہ......۸/ربیع الثانی ۱۳۹۷ھ

الجواب: مصنوعی کھاد پاک ہے، لتبدل الذات ﴿۲﴾. وھو الموفق

خون آلود نوٹوں کے ساتھ نماز ادا کرنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر کسی امام کی جیب میں روپیہ ہو جو خون آلود ہو وہ لوگوں کو نماز پڑھاتا ہے اب امام کی نماز تو نہیں ہوئی ہے تو اب امام سب کو مطلع کرے گا کہ دوبارہ نماز پڑھے یا صرف امام قضا لائے گا؟ بینوا توجروا
المستفتی: رحمت نبی ڈاک اسماعیل خیل نوشہرہ......یکم ذی الحجہ ۱۳۸۹ھ

﴿۱﴾ (الدر المختار علی هامش ردالمحتار ص۱۶۳ جلد ۱ مطلب فی السئور)
﴿۲﴾ قال العلامه ابراهيم الحلبی: واكثر المشائخ اختار واقول محمد رحمه الله وعليه الفتویٰ لان الشرع رتب وصف النجاسة علی تلک الحقيقة وقد زالت بالكلية، فان الملح غير العظم واللحم فاذا صارت الحقية ملحا ترتب عليه حكم الملح ..... وعلی قول محمد فرعوا طهارة صابون صنع من دهن نجس وعليه يتفرع مالو وقع انسان وكلب فی قدر الصابون فصار صابونا يكون طاهراً لتبدل الحقيقة . (غنية المستملی المعروف بالكبيری ص ۱۸۶ فصل فی الاسار)

الجواب: اگر یہ خون ہتھیلی کے عرض سے زائد نہ ہوتو یہ عفو ہے ﴿۱﴾ اوراعادہ کا حکم کسی پر نہیں اوراگر زائد ہوتو صرف امام پر اعادہ ضروری ہے دیگرلوگوں کواگر معلوم ہوتو اعادہ کریں، اوراگر معلوم نہ ہوتو امام شافعی رحمہ اللہ کے قول پرفتوئ دیا جائے گا، اوراعادہ کا اعلان ضروری نہ ہوگا ﴿۲﴾ (ھکذا فی الفتاویٰ). وھو الموفق

جنابت کی حالت میں کھانا پینا، چلناوغیرہ جائز ہیں

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک آدمی جنب ہوگیا، پانی کی موجودگی کے باوجود نہ وضوکرتا ہے اور نہ تیمم تو اس کیلئے سونا تیز روٹی کھانا، پانی پینا، سلام ڈالنا یا لینا، چلنا پھرنا وغیرہ کس حدتک جائز ہے؟ یا حرام یا مکروہ ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: فقیر محمد معصوم سرائے نورنگ بنوں......۱۹۷۷ء/ ۸/ ۱۰

الجواب: جنابت کی حالت میں سونا، کھانا، پینا، زمین پر چلنا، سلام کرنا، سلام کا جواب دینا،

﴿۱﴾ وفی الهندیه: (النجاسة) المغلظة وعفی منها قدر الدرهم والصحیح ان یعتبر بالوزن فی النجاسة المتجسدة وهو ان یکون وزنه قدر الدرهم الکبیر المثقال وبالمساحة فی غیرها وهو قدرعرض الکف هکذا فی التبیین والکافی واکثر الفتاویٰ .(والمراد بعرض الکف عرض مقعد الکف وهو داخل مفاصل الاصابع.)

(فتاویٰ عالمگیریه ص ۴۵ جلد ۱ الفصل الثانی فی الاعیان النجسة)

﴿۲﴾ قال الحصکفی کما یلزم الاخبار القوم اذا امهم وهو محدث...... بالقدر الممکن...... والا لایلزمه بحر عن المعراج وصحح فی مجمع الفتاویٰ عدمه مطلقا لکونه عن خطا معفو عنه قال ابن عابدین وصحح فی مجمع الفتاویٰ وکذا صححه الزاهدی فی القنیه والحاوی وقال والیه اشارابویوسف ...... واما صلاتهم فانهاوان لم تصح ایضاً لکن لا یلزمهم اعادتها لعدم علمهم ولا یلزمه اخبارهم لعدم تعمده فافهم.

(الدرالمختار مع ردالمحتار ص ۴۳۸ جلد ۱ باب الامامة)

تمام کے تمام جائز ہیں،لان النبی ﷺ انکر علی من امتنع عن المصافحة ولم ینکر علی المشی وغیرہ کما لا یخفیٰ علی من راجع الی کتب الاحادیث ﴿۱﴾ واما عدم ردالسلام قبل التیمم والوضوء فمحمول علی الدوام ﴿۲﴾. وھو الموفق

گندم وغیرہ کوخنزیر کالعاب لگنا

سوال: ہمارے علاقے میں بہت سے خنزیر ہیں جوزیادہ ترفصلوں کوتباہ کرتے ہیں تو جوگندم یا فصل وغیرہ خنزیرخراب کرتا ہےتو کیااس کا کھانا جائز ہے؟بینو اتوجروا

المستفتی: حافظ جہانداد خطیب جامع مسجد اٹک.....۱۳/ رمضان ۱۴۰۵ھ

﴿۱﴾ عن ابی ھریرة رضی اللہ عنه قال لقینی رسول اللہ ﷺ وانا جنب فاخذ بیدی فمشیت معه حتی قعد فانسللت فاتیت الرجل فاغتسلت ثم جئت وھو قاعد فقال این کنت یاابا ھریرة فقلت له فقال سبحان اللہ ان المؤمن لا ینجس، وعلی ھامش المشکواة وفی شرح المنة فیه جواز مصافحة الجنب ومخالطته وھو قول عامة العلماء واتفقوا علی طھارة عرق الجنب والحائض،و فیه دلیل علی جواز تاخیر الاغتسال للجنب وان یسعیٰ فی حوائجه ، مرقاة.
(مشکواة المصابیح ص ۴۹جلد ۱ باب مخالطة الجنب وما یباح له الفصل الاول)
﴿۲﴾وفی منھاج السنن: قوله وھو یبول فلم یرد علیه فوراً بل رد علیه بعد الطھارة بدلیل روایات اخری، اعلم انھم صرحوا علی انه لا یسلم علی من یبول او یتغوط او یصلی او یتلوا او یذکر اللہ تعالیٰ او یؤذن او یقیم او یدرس او یاکل وغیر ذلک فمن سلم علیھم فلم یستحق الرد واما ردہ ﷺ علی ھذا المسلم فمحمول علی الاستحباب او تطیب القلب واما السلام علی من یستنجی من البول بالحجر او المدر قائماً او قاعداً فلم یثبت فیه من الفقھاء شئ والراجح ھو الجواز اذا کان غیر مکشوف العورة، لان النبی ﷺ ندب الی السلام علی الاھل بلا استثناء الحائضة والنفساء ولم یقل احد من الفقھاء بکراھة السلام علی الحائضة اوا لنفساء وکذا علی من به داء سلس البول.
(منھاج السنن شرح جامع السنن ص ۲۱۸ جلد ۱ باب کراھیة ردالسلام غیر متوضی)فرتن

الجواب: ان اشیاء کی خوراک جائز ہے مگر وہ جس کے ساتھ خنزیر کا لعاب لگا ہو﴿۱﴾ان کا کھانا جائز نہ ہوگا مگر محض (لعاب لگنے کا) شک محرم نہیں ہے﴿۲﴾۔فقط

ڈرائی کلینز مشین میں کپڑے دھونے سے پاک نہیں ہوتے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ڈرائی کلینز مشین جس میں کپڑے مختلف قسم کے پاوڈروں اور مائع سے صاف کئے جاتے ہیں کیا اس طرح کپڑے غلاظت سے صاف ہو جاتے ہیں جبکہ صاف ہونے کیلئے تین بار پانی اور رگڑنا ضروری ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: معین الدین ناصر شور سوات ۱۹۷۷ء/۸/۱۲

الجواب: ڈرائی کلینز مشین میں ناپاک کپڑے پاک نہیں ہوتے ہیں البتہ صاف ہو جاتے ہیں، لان المائع الذی یغسل به الثوب فیه لیس بجار لا حقیقة ولا حکماً فیتنجس المائع عند القاء الثوب النجس فکیف یطهر الثوب فافهم (ماخوذ از ردالمحتار)﴿۳﴾. وهو الموفق

﴿۱﴾ قال العلامه حصکفی: وسؤر خنزیر وکلب وسباع بهائم ومنه الهرة البریة وشارب خمر فور شربها ولوشاربه طویلا لا یستوعبه اللسان فنجس.
(الدرالمختار علی هامش ردالمحتار ص ۱۶۳ جلد ۱ مطلب فی السئور)

﴿۲﴾قال العلامه ابن عابدین ولم یحکم بنجاسته للشک.
(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص۱۶۴ جلد ۱ مطلب فی السئور)

﴿۳﴾ قال لعلامه ابن عابدین: (قوله وحکم سائر المائعات الخ)فکل ما لا یفسد الماء لا یفسد غیر الماء وهو الاصح محیط وتحفة والاشبه بالفقه بدائع اه بحر وفیه من موضع آخر وسائر المائعات کالماء فی القلة والکثرة یعنی کل مقدار لو کان ماء تنجس فاذا کان غیره ینجس، ومثله فی الفتح. (ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۱۳۶ جلد ۱ مطلب حکم سائر المائعات کالماء فی الاصح).

وقال العلامه ابن نجیم: (قوله یطهر البدن والثوب بالماء وبمائع مزیل کالخل وماء الورد) وهذا بالاجماع ارادبه الماء المطلق ... واراد بطهارة البدن .....(بقیه حاشیه اگلے صفحه پر)

شرابی کے پسینہ کا حکم

سوال: ہمارے ہاں ایک مولوی صاحب نے شرابی کے بارے میں کہا کہ کافر اور جنب کا پسینہ پاک ہے، لیکن شرابی کا پسینہ نجس ہے اسی طرح اسکے بدن کے اجزاء بھی نجس ہیں، اور اسی لئے شرابی کیلئے صاف حکم ہے کہ شرابی نماز نہ پڑھے، کیونکہ شرابی کی نماز مقبول نہیں، تو براہ مہربانی اس مسئلے کا حکم کیا ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: فضل اکبر جلبئی صوابی.....۱۹۶۹ء/۲/۲۰

الجواب: شرابی کا پسینہ نجس ہونا اور ناقض وضو ہونا مرجوح قول ہے اور شرابی کیلئے نماز پڑھنے کا حکم غلط ہے، فليراجع الى ردالمحتار ص ۴۰۲ جلد۵ ﴿۱﴾. فقط

(بقیہ حاشیہ)طهارته من الخبث لا من الحدث ...... قياسا على ازالتها بالماء بناء على ان الطهارة بالماء معلولة بعلة كونه قالعا لتلك النجاسة والمائع قالع فهو محصل ذلك المقصود فتحصل به الطهارة.

(البحر الرائق ص ۲۲۱ جلد ۱ باب الانجاس)

﴿۱﴾قال العلامه حصكفي: عرق مدمن الخمر خارج نجس وكل خارج نجس ينقض الوضوء فينتج ان عرق مدمن الخمر ينقض الوضوء لكنه محتاج لاثبات الصغرىٰ ... قلت قال شيخنا الرملي كيف يعول عليه وهو مع غرابته لا يشهد له رواية ولا دراية اما الاولىٰ فظاهر اذ لم يرو عن احد ممن يعتمد عليه واما الثانية فلعدم تسليم المقدمة الاولىٰ ويشهد لبطلانها مسئلة الجدى اذا غذى بلبن الخنزير فقد عللوا حل اكله بصيرورته مستهلكا لا يبقى له اثر فكذلك نقول في عرق مدمن الخمر ويكفينا في ضعفه غرابته . وقال ابن عابدين: قال الرملي ايضا في حاشية المنح وتقدم في كتاب الاشربة عن المحقق ابن وهبان انه لا تعويل ولا التفات الى كل ماقاله صاحب القنية مخالف للقواعد ما لم يعضده نقل من غيره ولم ينقل عن احد من علمائنا المتقدمين والمتأخرين ان عرق مدمن الخمر ناقض للوضوء. (الدرالمختار مع ردالمحتار ص ۵۱۲ جلد۵ مسائل شتىٰ قبيل كتاب الفرائض)

کن کن جانوروں کے چمڑے بعدالدباغت پاک ہوتے ہیں اور کن کن کے پاک نہیں ہوتے ہیں

سوال: کیافرماتے ہیں علماءدین اس مسئلہ کے بارے میں کہ(۱) کیا کتے کا چمڑا بعدالدباغۃ قابل استعمال ہے یعنی گلے میں لٹکانے کی صورت میں اس کے ساتھ نماز ہوگی یانہیں؟ (۲) کن کن جانوروں کی کھال دباغت کے باوجود پاک نہیں ہوتے؟بینوا توجروا

المستفتی: سمیع الرحمٰن مرادآبادگڑھی کپورہ مردان.....۲۳/شوال ۱۴۰۱ھ

الجواب: (۱) کتے کی ہڈی اور کتے کی خشک کھال بعدالدباغۃ پاک ہے،اور مانع نماز نہیں ہے ﴿۱﴾ (ردالمحتار ص ۱۴۲،۱۴۳ جلد ۱). (۲) سانپ،چوہااورخنزیروہ حیوانات ہیں جن کے چمڑے دباغت کے بعدبھی پاک نہیں ہوتے، اما لعدم الاحتمال ،اولوجه آخر فلیراجع الی ردالمحتار ﴿۲﴾ (ص ۱۲۲ جلد ۱). وهوالموفق

حالت جنابت میں ناخن، بال وغیرہ لینامکروہ تنزیہی ہے

سوال: کیافرماتے ہیں علماءدین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ حالت جنابت میں ناخن ترشوانا،بال کٹانا،وغیرہ مکروہ تحریمی ہے یاتنزیہی؟ بینواتوجروا

المستفتی:اکرام الحق ڈی:۵۵۲ راولپنڈی

﴿۱﴾قال العلامه حصکفی: لیس الکلب بنجس العین عند الامام وعلیه الفتوی وان رجح بعضهم النجاسة کما بسطه ابن الشحنة فیباع ویؤجر ویضمن ویتخذ جلده مصلی ودلوا الخ. (الدرالمختار علی هامش ردالمحتار ص۱۵۳ جلد۱ مطلب فی احکام الدباغة)

﴿۲﴾ قال العلامه حصکفی: ومالا یحتملها فلا وعلیه فلا یطهر جلد حیة صغیرة... وفارة خلا جلد خنزیر فلا یطهر وقدم لان المقام للاهانة الخ.

(الدرالمختار علی هامش ردالمحتار ص ۱۴۹ جلد۱ مطلب فی احکام الدباغة)

الجواب: عالمگیری نے اس کراہیت کو بلا تقید ذکر کیا ہے﴿۱﴾لیکن اس میں نہ کوئی امر یا نہی وارد ہے،اور نہ کوئی وعید وارد ہے،لہٰذا یہ کراہیت تنزیہی معلوم ہوتی ہے﴿۲﴾۔ وھو الموفق

صحرا اور آبادی دونوں میں پیشاب کے وقت استقبال واستدبار نہیں کیا جائے گا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ پیشاب یا پاخانہ کیلئے روبقبلہ بیٹھنا تو ناجائز ہے لیکن اگر کوئی شخص صرف پیشاب کیلئے ایسا بیٹھ جائے کہ منہ مشرق کی طرف اور پیچھے قبلہ ہو،تو کیا پیشاب کیلئے ایسا بیٹھنا جائز ہے؟ بعض لوگ کہتے ہیں کہ شرقاً غرباً بیٹھنا ناجائز ہے خواہ قبلہ سامنے ہو یا پیچھے ہو،اور بعض لوگ یہ شرط لگاتے ہیں کہ اگر بیت الخلاء کا دروازہ بند ہو تو جائز ہے،صحیح مسئلہ لکھ کر مشکور فرمادیں۔ والسلام

المستفتی: خلیل اللہ تھائی لینڈ......۲۰/اپریل ۱۹۷۵ء

الجواب: اس مسئلہ میں ہمارا مذہب نہایت محتاط ہے ہمارے نزدیک صحاری اور بنیان (آبادی) دونوں میں تغوط اور تبول کے وقت نہ استقبال کیا جائے گا اور نہ استدبار،لحدیث ما رواہ ابوداؤد فی اول السنن ﴿۳﴾ فلیراجع والمسئلة طویلة الذیل والسلام علیکم ورحمة الله وبرکاته. وھو الموفق

﴿۱﴾وفی الهندیه :حلق الشعر حالة الجنابة مکروہ وکذا قص الاظافیر کذا فی الغرائب.
(فتاویٰ هندیه ص۳۵۸ جلد۵ الباب التاسع عشر فی الختان والخصاء الخ کتاب الکراهیه)
﴿۲﴾ وفی الهندیه:والاصل الفاصل بینهما ان ینظر الی الاصل فان کان الاصل فی حقه اثبات الحرمة وانما سقطت الحرمة لعارض ینظر الی العارض ان کان مما تعم به البلویٰ وکانت الضرورة قائمة فی حق العامة فهی کراهة تنزیه، وان لم تبلغ الضرورة هذا المبلغ فهی کراهة تحریم فصار الی الاصل وعلی العکس ان کان الاصل الاباحة ینظر الی العارض فان غلب علی الظن وجود المحرم فالکراهة للتحریم والا فالکراهة للتزیه.
(فتاویٰ عالمگیریه ص۳۰۸ جلد۵ کتاب الکراهیه)
﴿۳﴾ عن عبد الرحمن بن یزید عن سلمان الفارسی: قال. (بقیه حاشیه اگلے صفحه پر)

پیشاب کی چھینٹیں پڑنے سے عذاب قبر کا ثبوت

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ پیشاب کی چھینٹیں پڑنے سے عذاب قبر کا ثبوت ہے، یا نہیں؟ یہ کس حدیث شریف سے ثابت ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: حاجی محمد......۲/اپریل ۱۹۷۴ء

الجواب: ہاں ثابت ہے، رواہ ابو داؤد ﴿۱﴾۔ وھو الموفق

ہندو دھوبی کے دھوئے ہوئے کپڑوں کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر ہندو دھوبی سے کپڑے دھوئے جائیں تو کیا وہ پاک ہو سکتے ہیں جبکہ وہ ہندوؤں اور مسلمانوں کے کپڑے اکٹھے دھوتے ہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: عزیز الحق جدہ سعودیہ......۱۹۸۵ء/۱۰/۳۱

الجواب: ہندو کی نجاست اعتقادی ہے ﴿۲﴾ وہ کپڑوں کے پاک کرنے کا اہل

(بقیہ حاشیہ) قیل لہ لقد علمکم نبیکم کل شیئ حتی الخراء ة قال اجل لقد نہانا ﷺ ان نستقبل القبلة بغائط اوبول وان لا نستنجی بالیمین وان لا یستنجی احدنا باقل من ثلثة احجار او یستنجی برجیع او عظیم وعن ابی ھریرة قال قال رسول اللہ ﷺ انما انا لکم بمنزلة الوالد اعلمکم فاذا اتی احدکم الغائط فلا یستقبل القبلة ولا یستدبرھا الخ.

(سنن ابی داؤد ص۳ جلد ۱ باب کراھیة استقبال القبلة عند الحاجة)

﴿۱﴾ عن ابن عباس قال مر النبی ﷺ علی قبرین فقال انھما یعذبان وما یعذبان فی کبیر اما ھذا فکان لا یستنزہ من البول واما ھذا فکان یمشی بالنمیمة ثم دعا بعسیب رطب فشقه باثنین ثم غرس علی ھذا واحد وعلی ھذا واحد وقال لعله یخفف عنھما مالم ییسا قال ھناد یستتر مکان یستنزہ. (سنن ابی داؤد ص۴ جلد ۱ کتاب الطھارة باب الاستبراء من البول)

﴿۲﴾ قال العلامة الحصکفی : فسؤر آدمی مطلقا ولو جنبا او کافر...... طاھر، قال ابن عابدین: (قوله او کافر) لانه علیه الصلاة والسلام انزل بعض...... (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

ہے﴿۱﴾۔وھو الموفق

گنے کے جوس میں چوہا گر کر گڑ بنانے سے چوہے کی حقیقت نہیں بدلی جاتی

سوال: ماذ رایکم فی فارة اذا وقعت وماتت فی ماءِ یصب من السکر فصار ذلک الماء سکراً اسود یعبر عنها الناس فی اللغة الافغانی '' گوڑه'' وفی الاردیة '' گڑ'' هل هذه السکر الاسود طاهر ام نجس؟ لان بعض الناس یقولون باباحة اکلها ویستدلون بطهارة الحمار حین صارت ملحا ویقیسون هذه المسئلة بمسئلة الاستحالة فی الدهن حین صارت صابوناً هل هذا استدلالهم وقیاسهم صحیح ام لا. بینوا رأیکم وتوجروا

المستفتی: پیر غلام ڈیرہ اسماعیل خان

الجواب: چونکہ صورت مسئولہ میں موش کی ذات نہ فنا ہوئی ہے اور نہ اس میں انقلاب آیا ہے لہٰذا یہ گڑ ناپاک اور حرام ہوگا، ونظیره الماء النجس اذا انجمد. وھو الموفق

گنے کی شربت میں چوہا گرنے سے گڑ نجس ہو جاتا ہے

سوال: گنے کے شربت میں چوہا گر پڑا، باوجود تلاش کے نہ ملا، گڑ پک کر اترہ (گڑ کے کھیر کا برتن)

(بقیہ حاشیہ) المشرکین فی المسجد علی ما فی الصحیحین فالمراد بقوله تعالیٰ انما المشرکون نجس النجاسة فی اعتقادهم.
(ردالمحتار علی هامش الدرالمختار ص ۱۶۳ جلد ۱ مطلب فی السؤر باب المیاه)

﴿۱﴾ قال العلامه ابن عابدین: (قوله ولو شک الخ) فی التاتر خانیه من شک فی انائه او ثوبه او بدنه اصابته نجاسة او لا فهو طاهر مالم یستیقن وکذا الآبار والحیاض والحباب الموضوعة فی الطرقات ویستقی منها الصغار والکبار والمسلمون والکفار وکذا مایتخذه اهل الشرک اوالجهلة من المسلمین کالسمن والخبز والاطعمة والثیاب.
(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۱۱۱ جلد ۱ قبیل مطلب ابحاث الغسل)

میں ڈالا گیا، لیکن گڑ میں چوہا ظاہر ہوا، اب اس گڑ کے ساتھ کیا کیا جائے یہ پاک ہے یا ناپاک؟ بینوا توجروا

المستفتی: مولانا عبدالرؤف کورغہ سینئی ..... یکم صفر المظفر ۱۴۰۱ھ

الجواب: یہ گڑ ناپاک ہے یہ مواشی کو با قاعدہ کھلایا جائے گا، نظیرہ مافی الھدایہ قیل لا تحمل الخمر الیھا اما اذا قیدت الی الخمر فلا بأس به کما فی الکلب والمیتة ص ۴۹۹ ﴿۱﴾ وفی البحر ص ۱۵۲ جلد ۱ اختیار الاکل علی المواشی ﴿۲﴾ فلیراجع . وھوالموفق

مائع گھی میں چوہے کے گرنے کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ جب نرم گھی میں چوہا گر کر مرجائے اگرچہ صحیح مسلم کی روایت سے نجاست معلوم ہوتی ہے اور بعض فقہاء کے اقوال سے یہی ثابت ہوتا ہے، تاہم بعض فقہاء نے تطہیر کیلئے جو طریقہ متعین فرمایا ہے اس کی وضاحت فرمادیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: مولوی محمد شریف سورج گنج بازار کوئٹہ......۱۹۸۵ء/۲/۲۴

الجواب: جس مائع گھی میں چوہا مرجائے تو وہ ناقابل تطہیر ہے البتہ سوائے خورد ونوش کے دیگر استعمال ممنوع نہیں ہے، کمافی الخلاصہ ص ۳۱ جلد ۱ وفی المائع اذا وقعت الفارۃ فیه

﴿۱﴾ قال العلامه مرغیناني: وكذا لایسقیها الدواب وقیل لا تحمل الخمر الیها اما اذا قیدت الی الخمر فلا بأس به كمافي الكلب والمیتة وعلى هامشها فلا تحمل المیتة الی الكلب ولو قید الكلب الی المیتة یجوز. (هدایه ص ۴۹۲ جلد ۴ کتاب الاشربة)

﴿۲﴾ قال ابن نجیم: ذكر الاسبیجابی ان ماعجن به قال بعضهم یلقی الی الكلاب وقال بعضهم یعلف المواشی واختاره الاول فی البدائع وجزم به بصیغة قال مشائخنا یطعم للكلاب ولابأس برش الماء النجس فی الطریق ولا یسقی للبهائم وفی خزانة الفتاویٰ لابأس بان یسقی الماء النجس للبقر والابل والغنم.
(البحر الرائق ص ۱۲۵ جلد ۱ باب الانجاس)

ینتفع به سوی الاکلة کالاستصباح ودبغ الجلد﴿۱﴾ لاکن فی البزازیه (هامش هندیه ص ۱۰۹ جلد۴) مایشیر الی تطهره ایضاً ﴿۲﴾. وهو الموفق

﴿۱﴾(خلاصة الفتاویٰ ص ۴۱ جلد ۱ فصلی فی غسل الثوب والدهن ونحوه)

﴿۲﴾قال ابن البزاز الکردری: ان الدهن النجس یصب علیها الماء فیطفوالدهن فیرفع ثلاث مرات فیطهر وکذا العسل والدبس یموت فیه فارة یطبخ الماء ثلاثا حتی یعود فی کل مرة الیٰ ماکان علیه فی الاول لکن یخرج من حیز الانتفاع.

(فتاویٰ بزازیه علی هامش الهندیه ص ۱۰۹ جلد۴ الفصل السادس فی ازالة الحقیقة)

الباب الثامن فی الاستنجاء

ہوا نکلنے سے استنجا نہیں وضو واجب ہوتی ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہوا نکلنے کی صورت میں جائے مخصوصہ نہیں دھویا جاتا بلکہ دوسرے اعضا دھوئے جاتے ہیں بشرطیکہ اندام مخصوصہ گندہ نہ ہو، تو یہ کیوں ایسا ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: جہان بخت خان ملاکنڈ ایجنسی......۱۹۷۸ء/۱۱/۲۷

الجواب: صرف ہوا نہیں بلکہ پیشاب میں بھی یہ اعتراض وارد ہوتا ہے اور جماع کے متعلق بھی تمام بدن کے دھونے کے متعلق یہ سوال پیدا ہوتا ہے، ایسے سوالات سمجھنے کیلئے درس نظامی پڑھنا ضروری ہے﴿۱﴾۔ فقط

﴿۱﴾ امام ولی اللہ الدہلوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: سنت نے یہ واجب قرار دیا ہے کہ جب کوئی حکم شرعی صحیح روایت سے ثابت ہو جائے تو اس پر عمل کرنا اس بات پر اٹھا نہ رکھا جائے کہ اس حکم کی مصلحت وحکمت معلوم نہیں، کیونکہ بہت سے لوگوں کی عقلیں احکام کی مصلحتیں معلوم کرنے سے عام طور پر قاصر ہوتی ہیں، اور یہ کہ رسول اللہ ﷺ کی ذات ہماری عقلوں سے کہیں زیادہ قابل وثوق ہے اسی لئے شرعی احکام کے اسرار کا علم اس کے اہلوں کے سوا دوسروں پر ہمیشہ مخفی رکھا گیا اور اس کیلئے وہی شرطیں رکھی گئیں جو قرآن مجید کی تفسیر کیلئے ہیں اس میں محض رائے سے جس کی سند سنن وآثار سے نہ ملتی ہو غور وخوض کرنا حرام قرار دیا گیا۔

(ارمغان شاہ ولی اللہ ص ۶ حسن وقبح کا شرعی یا عقلی ہونا)

وقال الشاہ اشرف علی التھانوی: اسمیں تو کوئی شک نہیں کہ اصل مدار ثبوت احکام شرعیہ فرعیہ کا نصوص شرعیہ ہیں جن کے بعد ان کے امتثال اور قبول کرنے میں ان میں کسی مصلحت وحکمت کے معلوم ہونے کا انتظار کرنا بالیقین حضرت حق سبحانہ وتعالیٰ کے ساتھ بغاوت ہے، جس طرح دنیوی سلطنتوں کے قوانین کی وجوہ واسباب اگر کسی کو معلوم نہ ہوں اور وہ اس معلوم نہ ہونے کے سبب...... (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

پیشاب لگنے سے پاکی کا طریقہ

سوال: بخدمت جناب حضرت مفتی صاحب دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک: ہمارے ہاں لوگ اس پر اختلاف رکھتے ہیں کہ جس آدمی پر پیشاب کی گندگی ڈالی جائے تو وہ صاف نہیں ہوتا، براہ مہربانی یہ شخص کب صاف ہوگا، اور کس چیز سے پاکی آئے گی، شرعی مسئلہ بتا کر ثواب دارین حاصل کریں۔ بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم......۲۶/شوال ۱۳۸۹ھ

الجواب: تین دفعہ دھونے سے بدن اور کپڑے پاک ہوں گے﴿۱﴾۔ فقط

پیشاب کرنے کے بعد استنجا کا حکم

سوال: اگر کوئی شخص باوضو ہو اور اس کو پیشاب آ جائے اور پیشاب کرنے کے بعد صرف بوانی (مٹی کا ڈھیلہ) سے خشک کر کے صرف چار اندام کرے، اور پانی سے استنجا نہ کرے تو کیا اس کی نماز ہو سکتی ہے؟ یا کہ استنجا بھی ضروری ہے وضاحت فرما کر مشکور فرماویں۔ بینوا توجروا

المستفتی: رسول خان لیب ٹیکنیشن کمبائنڈ ملٹری ہسپتال......۱۹۶۹ء/۷/۳۱

(بقیہ حاشیہ) ان قوانین کو نہ مانے اور یہ عذر کر دے کہ بدون وجہ معلوم کئے ہوئے اس کو نہیں مان سکتا تو کیا اس کے باغی ہونے میں کوئی عاقل شبہ کر سکتا ہے؟ تو کیا احکام شرعیہ کا مالک ان سلاطین دنیا سے بھی کم ہو گیا، غرض اس میں کوئی شک نہ رہا کہ اصل مدار ثبوت احکام شرعیہ فرعیہ کا نصوص شرعیہ ہیں، لیکن اسی طرح اس میں بھی شبہ نہیں کہ باوجود اس کے پھر بھی ان احکام میں بہت سے مصالح اور اسرار بھی ہیں اور گو مدار ثبوت احکام کا ان پر نہ ہو۔
(بوادر النوادر ص ۱۰۵ غریبہ در شرائط نافعیت تحقیق مصالح واحکام)

﴿۱﴾ قال العلامه حصكفي: يجوز رفع نجاسة حقيقة عن محلها...... بماء ولو مستعملا به يفتيٰ وبكل مائع طاهر .. ثلاثا. (الدر المختار على هامش ردالمحتار ص ۲۲۲ جلد ۱ باب الانجاس)

وفي الهنديه يجوز تطهير النجاسة بالماء وبكل مائع طاهر يمكن ازالتها به كالخل وماء الورد ونحوه مما اذا عصر انعصر كذافي الهدايه.

(فتاوىٰ عالمگيريه ص ۴۱ جلد ۱ الباب السابع في النجاسة واحكامها)

الجواب: اگر پیشاب کے سوراخ سے ماسویٰ مقدار درہم تک نجاست پہنچی ہوتو استنجا سنت ہے ورنہ فرض ہے، والغسل بالماء بعده ای الحجر سنة ویجب ان جاوز المخرج نجس مانع (الدرالمختار مختصراً) اور وضوتو بہرحال صحیح ہے لیکن اس وضو سے نماز اس وقت صحیح ہے جبکہ استنجا فرض نہ ہو﴿۱﴾۔فقط

مرد کی طرح عورت بھی ڈھیلا استعمال کرسکتی ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ عورت کو ڈھیلے سے استنجا کرنا منع ہے اور اس کو پیشاب کرنے کے بعد پانی ہی سے استنجا کرنا مسنون ہے لیکن اگر سفر وغیرہ میں ایسا اتفاق ہو جائے، کہ پیشاب کے بعد استنجا کیلئے پانی نہ مل سکے، اور نماز پڑھنی ہوتو کیا ایسی صورت میں عورت کو ڈھیلے سے استنجا کرنا جائز ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی :اکرام الحق نشتر آباد راولپنڈی

الجواب: مرد اور عورت کے استنجا کرنے میں کوئی فرق نہیں ہے، یعنی جس طرح مرد صرف ڈھیلے استعمال کرسکتا ہے اور یا ڈھیلے کے بعد پانی استعمال کرسکتا ہے بعینہ عورت کیلئے یہی حکم ہے، بے شک عورت پر استبراء نہیں ہے، یعنی پانی سے استنجا کرنے میں اتنی دیر کرنا کہ پیشاب کے قطرات بند ہو جائیں، یہ عورت پر نہیں ہے بے سود ہے یہ تمام مسائل ردالمحتار ص ۳۱۲ جلد ۱ فصل الاستنجاء میں مسطور ہیں﴿۲﴾۔فقط

﴿۱﴾ قال العلامه حصكفي: والغسل بالماء...... بعده ای الحجر ...... سنة مطلقا به یفتیٰ ویجب ای یفرض غسله ان جاوز المخرج نجس مائع ویعتبر القدر المانع لصلاة فیما وراء موضع الاستنجاء لان ماعلی المخرج ساقط شرعاً وان کثر ولهٰذا لا تکره الصلاة معه.
(الدرالمختار مع ردالمحتار ص۲۴۸ جلد ۱ فصل الاستنجاء)

﴿۲﴾ قال العلامه ابن عابدین: وفیها ان المرء ة کالرجل الا فی الاستبراء فانه لا استبراء علیها بل کما فرغت تصبر ساعة لطیفة ثم تستنجی.
(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص۲۵۳ جلد ۱ مطلب فی الفرق بین الاستبراء والاستسقاء......)

استنجا کے وقت کشف عورت اورصرف ہونے والے پانی کی مقدار

سوال: (۱) ہماری مسجد میں جنوباً شمالاً استنجا کی جگہ بنی ہوئی ہے ایک آدمی اس کے باوجود مشرق کی طرف منہ اور مغرب کی طرف پیٹھ کر کے بلا ناغہ استنجا کرتا ہے، اور ستر نہیں کرتا ہے عام نمازی اس کی اس حرکت سے ناراض ہیں کیونکہ ہمارے ہاں ننگا ہونا بہت معیوب سمجھا جاتا ہے؟ (۲) یہ آدمی استنجا پر دو کوزے پانی بھرے ہوئے الٹے منہ استعمال کرتا ہے استنجا پر کس قدر پانی کے صرف کرنے کی اجازت ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: غلام حسین سروالہ کیملپور......۱۱/صفر ۱۳۹۲ھ

الجواب: (۱) جو شخص لوگوں کے سامنے کشف عورت کر کے استنجا کرتا ہے تو یہ فاسق اور فاجر ہے، فی الدرالمختار بلاکشف عورة عنه احدامامعه فیترکه کما مر فلو کشف له صار فاسقا ﴿۱﴾ (هامش ردالمحتار ص ۳۱۲، ۳۱۳ جلد ۱).

(۲) استنجا کی صورت میں پانی کی خاص مقدار مقرر نہیں یہ نجاست کی کمی اور زیادتی کے اعتبار سے ہے، ازالہ نجاست میں جب تک غالب ظن نہ ہو، تو پانی کا استعمال جائز ہے لیکن اعتدال سے کام لینا چاہئے ﴿۲﴾ (هامش ردالمحتار). وهو الموفق

حشفہ کے اردگرد سوراخوں میں پانی نہ پہنچنے کی صورت میں وضو کا حکم

سوال: ختنے کے وقت بعض اوقات حشفہ کے اردگرد سوراخ رہ جاتے ہیں جس کو غسل کے وقت پانی پہنچانا مشکل ہوتا ہے، کوشش کے باوجود پانی کا ادخال نہیں ہوتا، تو غسل و وضو کا کیا حکم ہوگا؟ بینوا توجروا

المستفتی: فضل احد بٹ خیلہ ملاکنڈ......۲۷/شعبان ۱۴۰۲ھ

﴿۱﴾ (الدرالمختار علی هامش ردالمحتار ص ۲۴۸ جلد ۱ فصل فی الاستنجاء)

﴿۲﴾ قال العلامه حصکفی و الغسل بالماء الی ان یقع فی قلبه انه طهر مالم یکن موسوساً فیقدر بثلاث کمامر. (الدرالمختار علی هامش ردالمحتار ص ۲۴۸ جلد ۱ فصل فی الاستنجاء)

الجواب: جس سوراخ میں پانی داخل کرنا شاق (مشکل) ہو، تو وہاں کانوں کے سوراخوں کی طرح ظاہر پر پانی ڈالنے پر اکتفا کرنا مرخص ہے ﴿۱﴾۔ وھو الموفق

ٹشو پیپر کا استنجا کیلئے استعمال کرنا جائز ہے

سوال: کیا فرماتے علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ آج کل جو خاص قسم کے کاغذ سے استنجا کیا جاتا ہے تو اس کے استعمال کا جواز ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم...... یکم ربیع الثانی ۱۴۰۲ھ

الجواب: چونکہ یہ خاص قسم کا غذ نہ قابل کتابت ہے اور نہ قطع کرنے کے بعد قابل قیمت ہے لہٰذا اس سے استنجا کرنا ممنوع نہیں ہے ﴿۲﴾، اما الاول فظاهر واما الثانی فلما فی ردالمحتار ص ۳۱۵ جلد ۱ وهل اذا کان متقوما ثم قطع منه قطعة لا قیمة لها بعد القطع یکره الاستنجاء بها ام لا الظاهر الثانی ﴿۳﴾. وھو الموفق

﴿۱﴾ قال العلامه ابن عابدین: (قوله وثقب انضم) قال فی شرح المنیه وان انضم الثقب بعد نزع القرط وصار بحال ان امر علیه الماء یدخله وان غفل لافلا بد من امراره ولا یتکلف لغیر الامرار من ادخال عود ونحوه فان الحرج مدفوع.

(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۱۱۴ جلد ۱ ابحاث الغسل)

﴿۲﴾ وفی منهاج السنن شرح جامع السنن: قلت فالکاغذ المعد لذلک فی عصرنا لا یکره الاستنجاء به لانه لا قیمة له بعد القطع وکذا لیس هذا للکتابة فافهم، وفی شرح النقایة وقد ضبط بعض العلماء ضبطا جیدا فقالوا یجوز الاستنجاء بکل جامد طاهر منق قلاع للاثر غیر موذلیس بذی حرمة ولا شرف ولایتعلق به حق الغیر.

(منهاج السنن شرح جامع السنن للترمذی ص ۹۱ جلد ۱ باب کراهیة ما یستنجی به)

﴿۳﴾ (ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۲۵۰ جلد ۱ فصل فی الاستنجاء)

صرف پانی سے استنجاء کرنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ میں کہ ہمارے امام مسجد نے کہا ہے کہ اگر کوئی پیشاب یا پاخانہ کرے اوران جگہوں کو پانی سے دھوئیں اور بعد میں استنجا نہ کریں ،صرف وضو کریں ،تو نماز ہوجاتی ہے کیا یہ صحیح ہے؟بینوا توجروا

المستفتی :محمد شفیع سور جال جماعت ہفتم سی ہائی سکول راولپنڈی......۱۹۶۹ء/۳/۱۷

الجواب: ڈھیلوں کے بعد پانی استعمال کرنا بہتر ہے جبکہ پانی سے استنجا فرض نہ ہو چکا ہواور امام مسجد کا یہ قول بھی صحیح ہے﴿۱﴾۔ وھو الموفق

﴿۱﴾وفی الھندیہ: والاستنجاء بالماء افضل ان امکنہ ذلک من غیر کشف العورة وان احتاج الیٰ کشف العورة یستنجی بالحجر ولا یستنجی بالماء کذا فی فتاویٰ قاضی خان والافضل ان یجمع بینھما کذافی التبیین قیل ھو سنة فی زماننا وقیل علی الاطلاق وھو الصحیح وعلیہ الفتویٰ کذافی السراج الوھاج۔
(فتاویٰ عالمگیریہ ص ۴۸ جلد ۱ الفصل الثالث فی الاستنجاء)

بسم اللہ الرحمن الرحیم
انی انا اللّٰہ لآ الٰہ الا
انا فاعبدنی، واقم
الصلوٰۃ لذکری.
﴿سورۃ طٰہٰ﴾

الله
الله
فتاویٰ دیوبند پاکستان المعروف بہ
فتاویٰ فریدیہ جلد دوم
کتاب الصلوٰۃ

کتاب الصلوٰۃ

(اہمیت وفضائل)

نماز کا منکر اور استہزا کرنے والا زندیق اور کافر ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک شخص نماز نہیں پڑھتا ہے اور کہتا ہے کہ (۱) قرآن میں نماز کا حکم پڑھنا نہیں بلکہ دل میں قائم کرنا ہے۔(۲) حدیث میں ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ میرا دل چاہتا ہے کہ ان لوگوں کے گھروں کو جلا دوں جو اذان سن کر نماز پڑھنے مسجد نہیں آتے یہ حدیث سن کر یہ شخص کہتا ہے کہ یہ جھوٹ ہے اگر ایسا ہوتا تو پھر آگ کیوں نہیں لگتی۔(۳) داڑھی کے بارے میں کہتا ہے کہ ان بالوں میں کچھ نہیں یہ نکما کام ہے۔(۴) کہتا ہے کہ امام مسجد صرف دو سورتیں نماز میں پڑھتا ہے اور اس میں لوگوں کے مارنے کی بد دعا ہے اور یہاں جو اموات واقع ہوئی ہیں ان کا سبب یہی دو سورتیں ہیں۔(۵) عیدین اور جنازہ اس امام کے پیچھے پڑھتا ہے اور پنجگانہ نہیں، جب اسے کہا جاتا ہے کہ یہ کیوں؟ تو کہتا ہے کہ میں اس کے پیچھے کھڑا رہتا ہوں لیکن میری نیت کسی اور امام کا ہوتا ہے۔اس شخص کے بارے میں شریعت کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: مولانا غلام محمد ملتان شہر ۵/نومبر ۱۹۷۴ء

الجواب: بشرط صدق وثبوت یہ شخص زندیق اور کافر ہے﴿۱﴾ اس سے ترک

﴿۱﴾ قال العلامہ حصکفی: ویکفر جاحدها لثبوتها بدليل قطعي وتاركها عمدا مجانة اي تكاسلا فاسق. (الدر المختار علی هامش ردالمحتار ص ۲۵۹ جلد ۱ مطلب فیما یصیر الکافر به مسلماً کتاب الصلاۃ)

معاملات (بائیکاٹ) کرنا ہر مسلمان پر ضروری ہے﴿۱﴾۔وھو الموفق

قصداً تارک الصلاۃ کافر نہیں البتہ فاسق وفاجر ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ جو آدمی قصداً نماز ترک کریں تو وہ کافر بن جاتا ہے یا نہیں، قصداً تارک الصلوٰۃ کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد ادریس پرائمری سکول نیوکیمپ پشاور

الجواب: عمداً تارک الصلوٰۃ حنابلہ کے نزدیک کافر اور مرتد ہے لیکن جمہور کے نزدیک فاسق اور فاجر ہے﴿۲﴾ کیونکہ قرآن وحدیث سے روز روشن کی طرح واضح ہے کہ اعمال ایمان سے خارج ہیں، کما فصل

﴿۱﴾قال الحافظ ابن الحجر العسقلانی: (قوله باب مایجوز من الهجران لمن عصی)اراد بهذه الترجمة بيان الهجران الجائز لان عموم النهي مخصوص بمن لم يكن لهجره سبب مشروع. فتبين هنا السبب المسوغ للهجر وهو لمن صدرت منه معصية فيسوغ لمن اطلع عليها منه هجره عليها ليكف عنها... قال المهلب غرض البخاری فی هذا الباب ان يبين صفة الهجران الجائز، وانه يتنوع بقدر الجرم، فمن كان من اهل العصيان يستحق الهجران بترك المكالمة كما في قصة كعب وصاحبيه... وقال الطبرانی قصة كعب بن مالک اصل فی هجران اهل المعاصی وقد استشكل كون هجران الفاسق او المبتدع مشروعاً ولا يشرع هجران الكافر وهو اشد جرما منهما لكونهما من اهل التوحيد فی الجملة واجاب غيره بان الهجران علی مرتبتين الهجران بالقلب والهجران باللسان، فهجران الكافر بالقلب وبترک التودد والتعاون والتناصر لا سيما اذا كان حربيا وانما لم يشرع هجرانه بالكلام لعدم ارتداعه بذلک عن كفره بخلاف العاصی المسلم فانه ينزجر بذلک غالباالخ.

(فتح الباری شرح صحيح البخاری ص۵۹۷ جلد۱۳ باب ما يجوز من الهجران لمن عصی)

﴿۲﴾قال العلائی: ويكفر جاحدها لثبوتها بدليل قطعي وتاركها عمداً مجانة ای تكاسلا فاسق يحبس حتی يصلی لانه يحبس لحق العبد فحق الحق احق وقيل يضرب حتی يسيل منه الدم وعند الشافعی يقتل بصلاة واحدة حدا وقيل كفراً، قال ابن عابدين وكذا عند مالک واحمد وفی رواية عن احمد وهی المختارة عند جمهور اصحابه انه يقتل كفرا وبسط ذلک فی الحلية.

(الدر المختار مع ردالمحتار ص۲۵۹ جلد۱ مطلب فيما يصير الكافر به مسلما من الافعال)

فی موضعہ، لہٰذا تارک الصلوٰۃ کافر نہ ہوگا، اور **لا تکونوا من المشرکین** ﴿۱﴾ کی عبارت، اشارت، دلالت، اقتضاء اور اعتبار کسی ایک سے یہ معلوم نہیں ہوتا ہے کہ **تارک الصلوٰۃ** مشرک یا کافر ہے اور برتقدیر تسلیم یہ آیت استحلال یا تشدید پر محمول ہوگی، تا کہ دیگر آیات سے متعارض نہ ہو﴿۲﴾۔ **وھو الموفق**

نماز میں کاہلی پر حتی المقدور امر بالمعروف ونہی عن المنکر فراغ ذمہ کیلئے کافی ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ (۱) کہ آیت **قوا انفسکم واھلیکم نارا** کی بنا پر گھر کے افراد کو نصیحت کرتا ہوں لیکن باوجود نصیحت اور توبیخ کے نماز میں کاہلی کرتے ہیں کیا مجھ پر اس کے بعد کوئی گناہ ہوگا؟ (۲) گھر کے افراد اگرچہ نماز پڑھتے ہیں لیکن اوقات کی پابندی نہیں کرتے کیا اوقات کی پابندی ضروری نہیں؟ **بینوا توجروا**

المستفتی: علی اکبر پٹن کلاں آزاد کشمیر

﴿۱﴾ **قال اللہ تعالیٰ: منیبین الیہ واتقوہ واقیموا الصلوٰۃ ولا تکونوا من المشرکین.**
(سورۃ الروم پارہ: ۲۱ رکوع:۷ آیت: ۳۱)

﴿۲﴾ **قال العلامہ علی قاری : (ولا نکفر) ای لا ننسب الی الکفر (مسلما بذنب من الذنوب) ای بارتکاب معصیۃ (وان کانت کبیرۃ) ای کما یکفر الخوارج مرتکب الکبیرۃ (اذا لم یستحلھا) ای لکن اذا لم یکن یعتقد حلھا لان من استحل معصیۃ قد ثبتت حرمتھا بدلیل قطعی فھو کافر (ولا نزیل عنہ اسم الایمان) ای ولا نسقط عن المسلم بسبب ارتکاب کبیرۃ وصف الایمان، کما یقولہ المعتزلۃ حیث ذھبوا الی ان مرتکب الکبیرۃ یخرج عن الایمان ولا یدخل فی الکفر..... ومن المعلوم ان السب دون القتل نعم لو استحل السب او القتل فھو کافر لا محالۃ وعلی تقدیر ثبوت الحدیث فیجب ان یؤول کما اول حدیث " من ترک صلاۃ متعمداً فقد کفر" والحاصل ان الفسق والعصیان لایزیل الایمان فیصیر کافر اولاواسطۃ .**
(شرح فقہ الاکبر للقاری ص ۷۱، ۷۲ الکبیرۃ لا تخرج المومن عن الایمان)

الجواب: (۱) لا یکلف الله نفسا الا وسعها﴿۱﴾ آپ پر نصیحت اورکوشش کرنے کے بعد گناہ نہیں۔(۲) ضروری ہے﴿۲﴾۔وھو الموفق

دین اوراسلام سے بالکل ناواقف آدمی کی نماز کا حکم

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک شخص جو اپنے آپ کومسلمان کہتا ہے لیکن یہ نہیں جانتا ہے کہ پیغمبر علیہ السلام کس کو کہتے ہیں حضوﷺ کا کیانام ہےاورقرآن مجید آسمانی کتاب ہےاورحضورﷺ پرنازل ہوئی ہے جب ایک شخص ان تمام احکام سے ناواقف ہوتو کیااس کیلئے نماز پڑھنادرست ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم......۱۹۷۴ء/۴/۳

الجواب: ایسے برائے نام مسلمانوں کے ساتھ محنت اور مشقت از حد ضروری ہے﴿۳﴾۔وھو الموفق

﴿۱﴾قال العلامه جلال الدين السيوطي: ولما نزلت الاية التى قبلهاشكا المؤمنون من الوسوسة وشق عليهم المحاسبة بها فنزل لا يكلف الله نفسا الا وسعها اى ماتسعه قدرتها لها ماكسبت من الخير اى ثوابه وعليها ما اكتسبت من الشر اى وزره ولا يؤاخذ احد بذنب احد ولا بمالم يكسبه مما وسوست به نفسه.

(تفسير جلالين ص۴۵ جلد۱ سورة البقرة پاره:۳ ركوع:۸ آيت:۲۸۶)

﴿۲﴾ قال العلامه سيد احمد الطحطاوى: (والاوقات اسباب ظاهراً تسيراً) اعلم ان الاوقات لها جهات مختلفة بالحيثيات فمن حيث ان الصلاة لاتجوز قبلها وانما تجب بها اسباب ومن حيث ان الاداء لا يصح بعدها لاشتراط الوقت له وانما تكون قضاء الخ.

(الطحطاوى على المراقى الفلاح ص۹۳ كتاب الصلاة)

﴿۳﴾ قال العلامة الشامي: من فرائض الاسلام تعلم ما يحتاج اليه العبد فى اقامة دينه واخلاص عمله لله تعالىٰ ومعاشرة عباده وفرض على كل مكلف ومكلفة بعد تعلمه علم الدين والهداية تعلم علم الوضوء والغسل والصلاة والصوم الخ.

(ردالمحتار مقدمه ص۳۱ جلد۱ قبيل مطلب فى فرض الكفاية والعين)

وقال الملا على قارى: (قوله بلغوا عنى ولو آية) اى انقلوا الى..... (بقيه حاشيه اگلے صفحه پر)

ملازمت کی وجہ سے مطلق نماز یا نماز باجماعت ترک کرنا

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین شرع متین مسائل ذیل کے بارے میں کہ(۱) یہاں سعودی عرب میں ہماری اکثریت کی ڈیوٹی ایسی ہے مثلاً کرین چلانا گاڑی چلانا وغیرہ کہ افسر ساتھ ہوتا ہے اس وقت اگر اذان ہو جائے لیکن ہمارا افسر ہماری نماز کیلئے جانے پر خوش نہ ہو،تو کیا ہم ملازمت کریں یا مسجد جائیں یا نماز بعد میں پڑھنا چاہئے؟(۲) اگر جماعت ہو رہی ہو اور ہم ایسے کام میں لگے ہوئے ہوں کہ اگر کام چھوڑ دیں تو کام رک جاتا ہے اور افسر ناراض ہو کر سزا دینے پر بھی تیار ہو لیکن ہمیں پھر جماعت ملنے کی امید نہ ہو تو ان حالات میں ہم ضروری کام کے وقت نماز باجماعت چھوڑ سکتے ہیں یا نہیں؟(۳) جہاں نوکری خطرے میں یعنی اگر ہم نماز کیلئے جائیں تو نوکری سے ہاتھ دھونے پڑیں ایسی حالت میں جماعت کو ترک کر سکتے ہیں یا نماز کو قضا کیا کریں؟بینوا توجروا

المستفتی:اجمل خان خلیل ریاض سعودیہ عربیہ ۔۔۔ ۱۲/نومبر۱۹۸۳ء

الجواب: (۱)اگر گاڑی وغیرہ کے ضیاع اور ہلاکت کا خطرہ یا ظن غالب ہو اور افیسر کی طرف سے سزا دینے اور ظلم کرنے کا خطرہ ہو تو آپ پر مسجد جانا ضروری نہیں ہے آپ اسی جگہ میں انفراداً یا باجماعت نماز پڑھ لیں البتہ نماز کو قضا نہ کریں(ماخوذ از مراقی الفلاح)۔ (۲)اس شق کا جواب بھی مثل سابق کے ہے البتہ اگر اقامت کے وقت اجازت ملتی ہے تو غنیمت ہے۔(۳)اگر ملازمت میں نماز کرنے پر پابندی ہو اور نماز قضا کرنا (وقت خارج ہونے کے بعد پڑھنا) عادت کے طور سے واقع رہا ہو تو دوسری ملازمت کی کوشش ضروری ہے﴿۱﴾۔ وھو الموفق

(بقیه حاشیه) الناس وافیدوھم ما امکنکم او ماستطعتم مما سمعتموہ منی وما اخذتموہ عنی من قول او فعل او تقریر بواسطة او بغیر واسطة (ولو آیة) ای ولو کان المبلغ ایة.
(مرقاۃ المفاتیح شرح مشکوٰۃ ص۲۶۴ جلد ۱ کتاب العلم)

﴿۱﴾ قال العلامه الطحطاوی: (وخوف ظالم) ای علی نفسه او ماله او خوف ضیاع ماله او خوف ذھاب قافله لو اشتغل بالصلاۃ جماعة.
(حاشیة الطحطاوی ص۲۹۷ فصل یسقط حضور الجماعة)

باب المواقیت وما یتصل بها

گھڑیوں کے مقررہ وقت سے پہلے یا بعد میں نماز پڑھنا

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ مساجد میں گھڑیوں کے لحاظ سے جو وقت مقرر ہوتا ہے اس مقررہ وقت سے پہلے یا بعد میں قوم کی اجازت سے نماز پڑھنا اور جماعت کرنا جائز ہے یا ناجائز؟ بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم......

الجواب: بلا اجازت اور با اجازت دونوں صورتوں میں جائز ہے البتہ اوقات مقررہ کی رعایت چاہئے تا کہ کسی کی جماعت فوت نہ ہو، نمازی حضرات جو وقت مقرر کرتے ہیں وہ انتظامی امور میں سے ہے﴿۱﴾۔ وهو الموفق

پہاڑوں کے درمیان علاقے کا طلوع وغروب

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہمارا علاقہ پہاڑوں کے درمیان واقع ہے سورج کا طلوع پہاڑ سے ہوتا ہے طلوع پانچ بجکر بیس منٹ پر ہوتا ہے اور غروب سات بجکر چھ منٹ پر ہوتا ہے تو ہم فجر کی اذان کس وقت دیا کریں؟ بینوا توجروا

المستفتی: مولانا لطیف الرحمٰن کوٹکے تختی خیل شکر اللہ......۱۴۱۰ھ

﴿۱﴾ قال العلامه الحصكفي: (ويجلس بينهما) بقدر ما يحضر الملازمون مراعياً لوقت الندب (الافي المغرب).

(الدر المختار على هامش ردالمحتار ص۲۸۷ جلد ۱ باب الاذان)

الجواب: آپ ریڈیو سے طلوع وغروب کا وقت معلوم کریں اور وقت طلوع شمس سے سوا گھنٹہ قبل اذان فجر دیا کریں اور بوقت غروب اذان مغرب دیا کریں ﴿۱﴾۔ وھو الموفق

غروب الشمس اور خیط الاسود والابیض کا صحیح مصداق

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ (۱) ایک شخص کہتا ہے کہ مغرب کا وقت سورج غروب ہوتے ہی شروع ہو جاتا ہے جس کی علامت یہ ہے کہ مشرق کی جانب آسمان کے کنارے پر سیاہی اٹھنی شروع ہو جائے۔ دوسرا شخص کہتا ہے کہ مغرب کی جانب آسمان پر سرخی آ جانا سورج غروب ہونے کی علامت ہے صحیح صورت کیا ہے؟ (۲) سحری کا وقت ختم ہونے اور فجر کا وقت شروع ہونے کی علامت یعنی خیط الاسود اور خیط الابیض کے بارے میں ایک شخص کہتا ہے کہ خیط الاسود والابیض بھی مشرق کی جانب آسمان کے کنارے پر سیاہی کے نیچے کی سفیدی کے اٹھنے کو کہتے ہیں اور یہ بھی مشرق کی جانب سے نمودار ہوتی ہے۔ دوسرا شخص کہتا ہے کہ خیط الابیض تمام آسمان پر ہوتا ہے اس کی بھی صحیح صورت کیا ہے اور کس طرف دیکھنا چاہئے؟ (۳) مغرب کا وقت شروع ہونے سے عشاء کے وقت کے شروع ہونے تک گھڑی کے حساب سے کتنا وقفہ ہونا چاہئے؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد ایوب خان محلہ شیام گنج مردان ۱۰/صفر ۱۳۹۲ھ

الجواب: (۱)، (۲) فقہ اور حدیث کی رو سے پہلے شخص کا قول درست ہے ﴿۲﴾،

﴿۱﴾ قال الحصکفی: وقت صلاۃ (الفجر) ..... (من) اول (طلوع الفجر الثانی) وھو البیاض المنتشر المستطیر لا المستطیل (الیٰ) قبیل (طلوع ذکاء) بالضم غیر منصرف اسم الشمس. (الدرالمختار علی ھامش ردالمحتار ص ۲۶۳ جلد ۱ کتاب الصلاۃ)

﴿۲﴾ قال ابن العلامہ ابن الھمام: (اول المغرب حین تغرب الشمس وآخرہ حین یغیب الشفق وماروا ہ) من امامۃ جبریل علیہ السلام فی الیومین فی وقت واحد (کان للتحرز عن الکراھۃ) لان تاخیر المغرب الی آخر الوقت مکروہ (ثم) اختلف العلماء فی (الشفق) فقال ابو حنیفۃ رحمہ اللہ (ھو البیاض فی الافق بعد الحمرۃ) (فتح القدیر ص ۱۹۵ جلد ۱ باب المواقیت)

﴿۱﴾۔(۳) کم ازکم ڈیڑھ گھنٹہ وقفہ کرنا چاہئے ﴿۲﴾۔وھو الموفق

صبح صادق اورغروب الشمس کے وقت کے تعین کا طریقہ

سوال: کیافرماتے ہیں علماءدین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہم نے سنا ہے کہ سورج کے طلوع سے لیکر غروب تک وقت جب آٹھ حصوں میں تقسیم کیا جائے تو آٹھواں حصہ وقت جتنا بھی ہو یہ صبح صادق اور غروب الشمس کا وقت ہوتا ہے یعنی اتنا وقت صبح صادق اور طلوع الشمس اور غروب الشمس اور غیوب البیاض کے درمیان ہوگا کیا یہ صحیح ہے،اوردوسری بات یہ ہے کہ طلوع فجر کے درمیان ڈیڑھ گھنٹہ وقت ہوتا ہے کیا یہ تعین درست ہے؟بینوا توجروا

المستفتی:نامعلوم......

الجواب: واضح رہے کہ آٹھویں حصے پر دارمداردرست نہیں ہے فقہاء کی روایات میں اس پر اعتماد کہیں نظر سے نہیں گزرا ہے نیز واضح ہو کہ صبح صادق کا وقت طلوع فجر سے ڈیڑھ گھنٹہ قبل شروع نہیں ہوتا زیادہ سے زیادہ سواایک گھنٹہ قبل شروع ہوتا ہے﴿۳﴾ کما ھو یعلم من المشاھدة والریاضی. وھو الموفق

﴿۱﴾قال ابن الھمام: واول وقتھا اذا طلع الفجر الثانی ای الفجر الصادق وھو البیاض المعترض فی الافق واحترز بہ عن الفجر الکاذب وھو البیاض الذی یبدو فی السماء ویعقبہ ظلام وتسمیة العرب ذنب السرحان .(فتح القدیر ص ۱۹۲ جلد۱ باب المواقیت)

﴿۲﴾ قلت وصرح المشائخ بتفاوت الوقت بین طلوع الفجر الصادق وطلوع الشمس وکذا بین غروب الشمس وغیوب البیاض بتفاوت المواسم والبلاد ، والمشاھد فی دیارنا قدر ساعة وربع ساعة. (منھاج السنن شرح جامع السنن ص ۱۰ جلد۲ باب مواقیت الصلاة)

﴿۳﴾ قلت وصرح المشائخ بتفاوت الوقت بین طلوع الفجر الصادق وطلوع الشمس وکذا بین غروب الشمس وغیوب البیاض بتفاوت المواسم والبلاد، والمشاھد فی دیارنا قدرساعة وربع ساعة.

(منھاج السنن شرح جامع السنن ص ۱۰ جلد۲ باب مواقیت الصلاة)

مغرب اور عشاء کے درمیان وقفہ

سوال: مغرب اور عشاء کے درمیان کتنا وقفہ کرنا چاہئے؟ بینوا توجروا

المستفتی: مولوی رسول شاہ الہ داد خیل......۱۶/ ربیع الاول ۱۴۰۲ھ

الجواب: غروب کے سوا گھنٹہ بعد بیاض غائب ہو جاتی ہے غالباً ہمارے دیار میں یہی فرق ہوتا ہے، ریاضی کے اصول پر ۱۵×۴=۶۰ منٹ فرق ہونا چاہئے ﴿۱﴾۔ وھو الموفق

نماز عشاء کا وقت کب شروع ہوتا ہے؟

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ عشاء کا وقت مغرب سے کتنے وقفے کے بعد شروع ہوتا ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: فضل رحیم زڑہ میانہ نوشہرہ

الجواب: غروب سے ایک گھنٹہ بعد عشاء کا وقت شروع ہو جاتا ہے ﴿۲﴾ احتیاطاً ڈیڑھ گھنٹہ انتظار کرنا چاہئے، اہل فن نے فجر صادق اور طلوع شمس کے درمیان پندرہ درجات نیز غروب اور غیوب

﴿۱﴾ قال العلامة الحصكفي رحمه الله: (و) وقت (المغرب منه الىٰ) غروب (الشفق وهو الحمرة) عندهما وبه قالت الثلاثة واليه رجع الامام كما في شروح المجمع وغيرها فكان هو المذهب (و) وقت (العشاء والوتر منه الى الصبح) .

(الدر المختار على هامش ردالمحتار ص ۲۶۵ جلد ۱ كتاب الصلاة)

﴿۲﴾ قال العلامة الحصكفي : (و) وقت (المغرب منه الى) غروب (الشفق وهو الحمرة) عندهما وبه قالت الثلاثة واليه رجع الامام كما في شروح المجمع وغيرها فكان هو المذهب ، قال ابن عابدين رحمه الله: تحت قوله اليه رجع الامام) اى الى قولهما الذى هو رواية عنه ايضاً وصرح في المجمع بان عليه الفتوىٰ.

(الدر المختار مع ردالمحتار ص ۲۶۵ جلد ۱ كتاب الصلاة مطلب في الصلاة الوسطى)

بیاض کے درمیان ۱۵ادرجات کی مقدار معین کی ہے جس سے ۱۵×۴=۶۰ منٹ بنتے ہیں، واما الاحتیاط فلا جل اعتبار غروبهم ولاجل اضطراب الساعات ﴿۱﴾. فافهم، وهو الموفق

نمازوں کے مستحب اوقات

سوال: بحضور جناب محترم حضرت شیخ الحدیث مفتی محمد فرید صاحب دار العلوم حقانیہ

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته! بندہ عارض بدیں منوال است کہ اقوال واختلاف مذاہب دراوقات صلوٰۃ خمسہ کثیر است اوقات معتبرہ صلوٰۃ کہ دریں وقت نماز بہتر است ودریں وقت بہتر نیست تحریر کن، والیضاً تحریر کن کہ اذان صبح بہ کدام وقت صحیح است، نیز وقت از صبح صادق تا طلوع شمس چند وقت است والیضاً فاصلہ درمابین سنت صبح وفرض چند است؟ بینوا توجروا

المستفتی: قاری فرمان اللہ متعلم حقانیہ

الجواب: اذان فجر زیادہ سے زیادہ سوا گھنٹہ طلوع شمس سے پہلے دینی چاہئے اور سنت کو غلس میں پڑھنا بہتر ہے اور فرض اسفار میں پڑھنا بہتر ہے اور نماز کو طلوع سے نصف گھنٹہ قبل پوری کرنا بہتر ہے نماز مغرب کو غروب کے بعد پڑھنا بہتر ہے یعنی بلا تاخیر اور عشاء کو سوا گھنٹہ غروب کے بعد پڑھنا جائز ہے البتہ بہتر یہ ہے کہ ثلث اللیل تک تاخیر کی جائے ﴿۲﴾۔ وهو الموفق

﴿۱﴾في منهاج السنن: قلت وصرح المشائخ بتفاوت الوقت بين طلوع الفجر الصادق وطلوع الشمس وكذا بين غروب الشمس وغيوب البياض بتفاوت المواسم والبلاد، والمشاهد في ديارنا قد رساعة وربع ساعة. (منهاج السنن شرح جامع السنن ص ۱۰ جلد۲ باب ماجاء في مواقيت الصلاة عن النبي صلى الله عليه وسلم)

﴿۲﴾ قال العلامة الحصكفي رحمه الله: (والمستحب) للرجل (الابتداء) في الفجر (باسفار والختم به)......(وتاخير ظهر الصيف) بحيث يمشي في الظل (مطلقا)...... (و) تاخير (عصر) صيفا وشتاء توسعة للنوافل (مالم يتغير ذكاء) بان لا ......(بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

نماز چاشت واشراق کا وقت اور ضحوہ کبریٰ وصغریٰ کا مطلب

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین مفتیان شرع متین مسائل ذیل کے بارے میں کہ

(۱) نماز اشراق اور نماز چاشت کا وقت کب تک رہتا ہے بعض کہتے ہیں کہ اشراق کا وقت چوتھائی دن تک رہتا ہے تو یہ چوتھائی دن صبح صادق سے شروع ہوتا ہے یا طلوع افتاب سے؟

(۲) ضحوۃ کبریٰ اور ضحوۃ صغریٰ سے کیا مراد ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: اکرام الحق ایف ۲۸۷ نشتر آباد راولپنڈی.....۲۵/شوال ۱۳۸۹ھ

الجواب: (۱) نماز چاشت اور نماز اشراق محققین کے نزدیک دو الگ الگ نمازیں نہیں ہیں، اور جمہور کے نزدیک الگ الگ نمازیں ہیں، اور میرا جواب جمہور کے مذہب پر مبنی ہے، وہ یہ ہے کہ سورج کے صاف ہونے کے بعد ان کا وقت شروع ہوتا ہے اور استوا کے وقت ختم ہو جاتا ہے (الدر المختار) اور بعض فقہاء کے نزدیک یہی بہتر ہے کہ چوتھائی دن کے بعد پڑھی جائیں (شامی، کبیری) اور دن سے مراد بظاہر نہار عرفی ہے، اور تصریح باوجود تتبع کے نہ ملی، کیونکہ حدیث ترمض الفصال کی وجہ سے یہ قول کیا گیا ہے اور حرارت اس وقت سے شروع ہوتی ہے ﴿۱﴾۔

(بقیہ حاشیہ) تحار العین فیھا فی الاصح (و) تاخیر (عشاء الی ثلث اللیل) قیدہ فی الخانیۃ وغیرھا بالشتاء اما الصیف فیندب تعجیلھا ... (و) اخر (المغرب الی اشتباک النجوم) ای کثرتھا. (الدر المختار علی ھامش ردالمحتار ص ۲۶۹ تا ۲۷۱ جلد ۱ کتاب الصلاۃ)

﴿۱﴾ قال العلامۃ الحصکفی رحمہ اللہ: فصاعد فی الضحی) علی الصحیح من بعد الطلوع الی الزوال ووقتھا المختار بعد النھار، (تحت قولہ ووقتھا المختار) ای الذی یختار ویرجع لفعلھا وھذا عزاہ فی شرح المنیۃ الی الحاوی وقال لحدیث زید بن ارقم ان رسول اللہ ﷺ قال صلاۃ الاوابین حین ترمض الفصال رواہ مسلم وترمض بفتح التاء والمیم ای بترک من شدۃ الحر فی اخفافھا.

(الدر المختار علی ھامش ردالمحتار ص ۵۰۵ جلد ۱ کتاب الصلاۃ مطلب سنۃ الضحیٰ)

(۲) صبح صادق کے طلوع اور سورج کے غروب کے منتصف کو الضحوۃ الکبریٰ کہا جاتا ہے اور اس سے قبل کو ضحوۃ صغریٰ کہا جاتا ہے (شرح وقایہ)﴿۱﴾۔وھو الموفق

زوال اور وقت چاشت کے بارے میں دوبارہ استفسار

سوال: حضرت مقتدانا مفتی صاحب دامت برکاتہم دار العلوم حقانیہ

کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ(۱) صبح صادق اور غروب آفتاب کے درمیان ضحوۃ کبریٰ سے لیکر طلوع وغروب آفتاب کے درمیان نصف النہار تک اگر نماز پڑھنا مکروہ ہے تو یہ مکروہ تحریمی ہے یا تنزیہی؟ نیز جناب نے تحریر فرمایا تھا، کہ نماز چاشت کا وقت استویٰ کے وقت ختم ہو جاتا ہے اس سے تو معلوم ہوتا ہے کہ مذکورہ بالا سوال کے مذکورہ وقت میں نماز پڑھنا مکروہ نہیں ہے حالانکہ عین استوا کے وقت منع بلکہ ناجائز ہے تو کیا یہ صحیح ہے؟

(۲) جناب کی تحریر کے مطابق یہ سمجھ میں آیا ہے کہ اشراق کا وقت از طلوع تا غروب دن شمار کرتے ہوئے اس کے چوتھائی تک رہتا ہے اور دن کا چوتھائی حصہ ختم ہونے سے چاشت کا وقت شروع ہو جاتا ہے کیا یہ مفہوم صحیح ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: اکرام الحق غفرلہ ایف ۲۸۷ راولپنڈی......۲/ ذی قعدہ ۱۳۸۹ھ

الجواب: (۱) اس وقت میں نماز پڑھنا مکروہ تحریمی ہے، صرف ائمہ خوارزم کے نزدیک اور دیگر بعض ائمہ کے نزدیک صرف استوا کے وقت نماز پڑھنا مکروہ تحریمی ہے، کذا فی الدر المختار مع

﴿۱﴾ قال العلامہ عبید اللہ بن مسعود: اعلم ان النہار الشرعی من الصبح الی الغروب فالمراد بالضحوۃ الکبریٰ منتصفۃ ثم لا بد ان تکون النیۃ موجودۃ فی اکثر النہار فیشترط ان تکون قبل الضحوۃ الکبریٰ ...... فی مختصر القدوری الی الزوال والاول اصح. (شرح الوقایہ ص ۳۰۶ جلد ۱ کتاب الصوم وھکذا فی ردالمحتار ص ۹۲ جلد ۲ کتاب الصوم)

ردالمحتار ص ۳۴۵ جلد ۱ . لیکن روایات حدیثیہ سے قول ثانی کی ترجیح معلوم ہوتی ہے اور اکثر فقہاء نے اسی کو مختار کیا ہے، فلیراجع الی کتب الفقه ﴿۱﴾.

(۲) حدیث ترمض الفصال کی بناپر میں نے اس طرف کو ترجیح دی ہے کیونکہ فقہاء کے کلام میں مناسب تتبع کے بعد اس کا تعین نہ ملا۔ وھو الموفق

فجر اور عشاء کے اوقات کا بیان

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ (۱) صلاۃ فجر کے اوقات لکھ فرماویں، نیز تحریر فرماویں کہ طلوع شمس تک کتنا وقفہ ہے؟ (۲) مغرب اور عشاء کے درمیان کتنا وقفہ ہے تعین فرماویں؟ بینوا توجروا

المستفتی: مولانا رفیع الحق صاحب خطیب مسجد صاحب زادگان نوشہرہ کلاں......۱۸/ ربیع الثانی/۱۴۰۳ھ

الجواب: ہمارے مشاہدہ کی بناپر غالباً سوا گھنٹہ وقت فجر کا ہوتا ہے ﴿۲﴾ اور اسی طرح

﴿۱﴾ قال ابن عابدين: (قوله واستواء) ...... ان الوقت المكروه هو عند انتصاف النهار الى ان تزول الشمس ولا يخفى ان زوال الشمس انما هو عقيب انتصاب النهار بلا فصل وفي هذا القدر من الزمان لا يمكن اداء صلاة فيه فلعل المراد انه لا تجوز صلاة بحيث يقع جزء منها في هذا الزمان اولمراد بالنهار هو النهار الشرعي وهو من اول طلوع صبح الى غروب الشمس وعلى هذا يكون نصف النهار قبل الزوال بزمان يعتد به ...... نهي عن صلاة نصف النهار حتى تزول الشمس ...... بان اعداد انتصاف النهار الشرعي وهو الضحوة الكبرىٰ الى الزوال عند ائمة خوارزم. (الدرالمختار مع ردالمحتار ص ۲۷۳ جلد ۱ كتاب الصلاة)

﴿۲﴾ قال العلامة الحصكفي رحمه الله: (والمستحب) للرجل (الابتداء) في الفجر (باسفار والختم به) هو المختار بحيث يرتل اربعين آية ثم يعيده بطهارة لوفسد وقيل يؤخر جدالان الفساد موهوم (الالحاج بمزدلفة) .

(الدرالمختار مع ردالمحتار ص ۲۶۹ جلد ۱ كتاب الصلاة)

مغرب کا پس فجر کے وقت مناسب یہ ہے کہ طلوع شمس سے نصف گھنٹہ قبل نماز ختم کی جائے۔اور غروب سے سوا گھنٹہ بعد اذان دی جائے ﴿۱﴾۔ وھو الموفق

غیوب شفق اور اوقات کا تعین مشاہدہ سے کرنا چاہئے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ یہاں برطانیہ میں مدت سے یہ بات مشہور ہے کہ شفق اور صبح صادق کا مشاہدہ کرنا مشکل ہے، لہٰذا کسی نے اس طرف زیادہ توجہ نہیں کی، سردیوں کے موسم میں تو کسی حد تک بات صحیح ہوسکتی ہے مگر دیگر مہینوں کیلئے یقیناً ایسا نہیں ہے، بہرحال مشاہدہ کو بالائے طاق رکھ کر محض محکمہ موسمیات سے حاصل کردہ اوقات غروب شفق اور طلوع صبح صادق پر اکتفا کرتے چلے آرہے ہیں، دراصل انگلینڈ میں بسنے والے مسلمانوں نے ابتدا میں عشاء کی نماز اور صبح صادق کیلئے اپنے ہاں اپنی رصدگاہوں سے تعین اوقات کے نقشے منگوائے تھے تو رصدگاہوں نے بارہ درجہ کے مطابق وقت نکال کر بھیجا تھا، پھر آہستہ آہستہ تمام انگلینڈ میں بارہ درجہ والے ٹائم پر عمل شروع ہو چکا، پھر مفتیان شرع کو رجوع کیا تو انہوں نے سوا گھنٹہ بعد نماز کے متعلق کہا اب شرعی حکم کیا ہے تا کہ ہم اس پر عمل کریں؟ بینوا توجروا

نوٹ:......کافی صفحات پر استفتاء مشتمل تھا صرف خلاصہ پر اکتفا کر کے لکھ دیا (مرتب)

المستفتی: حزب العلماء یو کے انگلینڈ......۱۹۸۷ء/۱۲/۱۵

الجواب: آپ سال کی ہر ماہ میں دو یا تین بار غیوب شفق احمر اور شفق ابیض کا وقت مشاہدہ سے معلوم کریں اور آئندہ کیلئے اس کو لائحہ عمل بنائیں ﴿۲﴾ محکمہ موسمیات اور درجات کو بالائے طاق

﴿۱﴾ قال العلامة الحصكفي رحمه الله: (و) وقت (المغرب منه الى) غروب (الشفق وهو الحمرة) عندهما وبه قالت الثلاثة واليه رجع الامام كما فى شروح المجمع وغيرها فكان هو المذهب (و) وقت (العشاء والوتر منه الى الصبح).

(الدرالمختار على ردالمحتار ص ۲۶۵ جلد ۱ كتاب الصلاة)

﴿۲﴾ قال العلامه ابن عابدين: وحاصله انا لا نسلم...... (بقيه حاشيه اگلے صفحه پر)

رکھیں ﴿۱﴾ ان کا اندازہ یہاں بھی مشاہدہ کے مخالف ہے اور واضح رہے کہ دفع حرج کے واسطے احتیاط کو ترک کرنا خلاف شرع اقدام نہیں ہے۔ وھو الموفق

مغرب اور عشاء کے درمیانی وقفے کا دارمدار مشاہدہ پر ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ (۱) نماز کے بعض نقشوں میں عشاء اور مغرب کا درمیانی وقفہ تقریباً ایک گھنٹہ لکھا ہے اور ساتھ یہ بھی لکھا ہے کہ جن حضرات نے ڈیڑھ گھنٹہ یا ایک گھنٹہ بیس منٹ لکھا ہے ان کو طول بلد اور عرض بلد سے پوری واقفیت نہیں ہے، لہٰذا انہوں نے تخمیناً حساب لگایا ہے، آپ صاحبان اپنی تحقیق سے نوازیں۔ (۲) ماہ ذی قعدہ کی مختلف تاریخوں میں صبح صادق کا اگر مشاہدہ کیا جائے تو وہ بھی نوٹ فرما کر ممنون فرماویں۔ بینوا توجروا

المستفتی: بدر منیر تبلیغی صاحب افغان اٹو سٹور بٹ خیلہ ملاکنڈ ایجنسی .....۴/ ذی قعدہ ۱۴۰۲ھ

(بقیہ حاشیہ) لزوم وجود السبب حقیقةً بل یکفی تقدیرہ کما فی ایام الدجال ویحتمل ان المراد بالتقدیر المذکور ھو ماقالہ الشافعیہ من انہ یکون وقت العشاء فی حقھم بقدر ما یغیب فیہ الشفق فی اقرب البلاد الیھم..... فتعین ما قلنا فی معنی التقدیر مالم یوجد نقل صریح بخلافہ واما مذھب الشافعیہ فلا یقضی علی مذھبنا..... قال فی امداد الفتاح قلت وکذلک یقدر لجمیع الآجال کالصوم والزکاۃ والحج والعدہ وآجال البیع والسلم والاجارۃ وینظر ابتداء الیوم فیقدر کل فصل من الفصول الاربعۃ بحسب مایکون کل یوم من الزیادۃ والنقص کذا فی کتب الائمۃ الشافعیۃ ونحن نقول بمثلہ اذاصل التقدیر مقول بہ اجماعاً فی الصلوٰت. (ردالمحتار ھامش الدرالمختار ص ۲۶۶ تا ۲۶۸ جلد ۱ مطلب فی فاقدوقت العشاء کاھل بلغار)

﴿۱﴾ قال العلامہ ابن عابدین: ووجہ ما قلناہ ان الشارع لم یعتمد الحساب بل الغاہ بالکلیۃ بقولہ نحن امۃ امیۃ لانکتب ولانحسب الشھر ھکذا وھکذا وقال ابن دقیق العید الحساب لا یجوز الاعتماد علیہ فی الصلاۃ انتھیٰ. (ردالمحتار ھامش الدرالمختار ص ۱۰۰ جلد ۲ مطلب ماقالہ السبکی من الاعتماد علی قول الحساب مردود)

الجواب: ریاضی کے اصول پر یہ وقت پندرہ درجہ یعنی ۱۵×۴=۶۰ منٹ ہے مگر غروب شمس کے بعد مکرر مشاہدہ سے سوا گھنٹہ ثابت ہے اور صبح صادق کا وقت بھی اسی مقدار سے زائد نہیں ہے ہمارے علاقہ میں صبح صادق ذوالقعدہ کے اوائل میں چار بج کر پچیس منٹ بعد نکلتی ہے ﴿۱﴾۔ وھو الموفق

رمضان کے مہینے میں غلس میں صلاۃ فجر ادا کرنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ رمضان المبارک میں صبح کی نماز کو اذان کے پندرہ منٹ بعد ادا کرنا کیسا ہے جبکہ اس میں یہ فائدہ بھی ہے کہ اکثر لوگ جماعت میں شریک ہوتے ہیں کیا یہ جائز ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: حافظ محمد زبیر عثمانی حضرو اٹک......۲۲/ رمضان ۱۴۰۲ھ

الجواب: روایات حدیثیہ اور فقہیہ کی بنا پر نماز فجر میں اسفار افضل ہے، الا لـحـاج بـمزدلفة ﴿۲﴾ اور تغلیس جائز ہے، مگر افضل نہیں ہے، کـمـا صرحوا به ﴿۳﴾ جواز اس صورت میں ہے جبکہ اذان طلوع شمس سے سوا گھنٹہ قبل دی گئی ہو اور اگر ڈیڑھ گھنٹہ یا پونے دو گھنٹہ قبل دی گئی ہو تو اس اذان سے پندرہ منٹ بعد بھی صبح صادق (جو کہ محسوسات سے ہے) کا نام ونشان نہیں ہوتا ہے۔ وھو الموفق

﴿۱﴾ قلت وصرح المشائخ بتفاوت الوقت بين طلوع الفجر الصادق وطلوع الشمس وكذا بين غروب الشمس وغيوب البياض بتفاوت المواسم والبلاد، والمشاهد في ديارنا قدر ساعة وربع ساعة. (منهاج السنن شرح جامع السنن ص ۱۰ جلد۲ باب مواقيت الصلاة)

﴿۲﴾ قال الحصكفي: (والمستحب) للرجل (الابتداء) في الفجر (باسفار والختم به) هو المختار بحيث يرتل اربعين آية ثم يعيده بطهارة لو فسد وقيل يؤخر جدا لان الفساد موهوم (الالحاج بمزدلفة) . (الدرالمختار على هامش ردالمحتار ص ۲۶۹ جلد ۱ كتاب الصلاة)

﴿۳﴾ وفي منهاج السنن: اعلم ان النبي ﷺ ثبت عنه التغليس بالفجر كما مر في الباب السابق والاسفار به كما روى الطحطاوي عن ابي ......(بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

صبح صادق سے طلوع آفتاب تک گھڑی سے وقت کا تعین

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ صبح صادق سے طلوع آفتاب تک کتنا وقت بنتا ہے جبکہ اکابر علماء دیو بند ڈیڑھ گھنٹہ بتلاتے ہیں لیکن مفتی رشید احمد صاحب کراچی اس سے اٹھارہ منٹ کم بتلاتے ہیں جو نقشہ انہوں نے ہمارے سرگودھا کیلئے دیا ہے اس کے متعلق حکم کی وضاحت فرماویں۔ بینوا توجروا

المستفتی: قاری عبدالحمید چنات آئل ملز ملت آباد سرگودھا ....۵/ جولائی ۱۹۸۶ء

الجواب: اصولی طور سے مفتی رشید احمد صاحب کا اندازہ درست ہے البتہ ہمارے بلاد میں مشاہدہ کی بناء پر سوا گھنٹہ وقت بنتا ہے ۔(۱)۔ وھو الموفق

(بقیہ حاشیہ)طریف و کان شاھدا مع رسول اللہ ﷺ حصن الطائف فکان یصلی بنا صلوٰۃ الفجر حتی لو ان انسانا رمی نبلہ ابصر مواقع نبلہ وروی عن جابر یقول کان النبی علیہ السلام یؤخر الفجر کاسمھا، وروی الشیخان عن ابی برزۃ الاسلمی عن النبی ﷺ قال کان ینفتل عن صلوٰۃ الفجر حین یعرف الرجل جلیسہ ، قلت وھذاالحدیث یدل علی الاسفار بہ نھایۃ لا بدایۃ وروی الشیخان عن ابن مسعود قال ما رئیت رسول اللہ ﷺ صلی صلوٰۃ الا لمیقاتھا الاصلوتین صلوٰۃ المغرب والعشاء بجمع وصلی الفجر یومئذ قبل مقیاتھا، وفی لفظ مسلم قبل میقاتھا بغلس، قلت افاد ھذا الحدیث ان المعتاد کان غیر التغلیس وکان علیہ السلام یفعل الافضل وقد یفعل غیر الافضل توسعۃ علی الامۃ ولم یعلم من ھذہ الروایات ان ایھما افضل الاسفار او التغلیس، فان قیل حدیث ابن مسعود یعلم منہ ان الاسفار افضل لکونہ معتاداً قلنا یعارضہ حدیث الباب السابق فانہ یدل علی کون التغلیس معتاداً فالظاھر ان تعاملہ ﷺ مختلف بین الاسفار مرۃ وبین التغلیس مرۃ اخریٰ ولکن للحنفیۃ تشریع قولی عام فی حدیث الباب ولیس للمخالفین تشریع قولی عام لعدوم ورود غلسوا بالفجر. ومن الاصول تقدیم مثل التشریع القولی العام علی الفعل والوقائع الجزء یۃ علی ان فی الاسفار تکثیر الجماعۃ.

(منھاج السنن شرح جامع السنن ص۱۷، ۱۸ جلد۲ باب ماجاء فی الاسفار بالفجر)

(۱) وفی منھاج السنن: قلت وصرح المشائخ بتفاوت (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

گھڑی کے لحاظ سے اوقات نماز

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ فجر، ظہر، عصر، مغرب اور عشاء کے اوقات گھڑی کے لحاظ سے بتائیں مثلاً صبح کا وقت کتنا ہوتا ہے اور عشاء کا وقت بعد از مغرب کب سے شروع ہوتا ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالفتاح پانیٔی صوابی.....۲۴/شعبان۱۴۰۳ھ

الجواب: ہمارے بلاد میں صبح اور مغرب کا تمام وقت غالباً سوا گھنٹہ رہتا ہے ﴿۱﴾ اور عصر کا وقت غالباً دن کا چھٹا حصہ ﴿۲﴾ اور دیگر اوقات معلوم ومشہور ہے۔ وھو الموفق

(بقیہ حاشیہ) الوقت بین طلوع الفجر الصادق وطلوع الشمس وکذا بین غروب الشمس وغیوب البیاض بتفاوت المواسم والبلاد، والمشاھد فی دیارنا قدر ساعة وربع ساعة.

(منھاج السنن شرح جامع السنن ص ۱۰ جلد۲ باب مواقیت الصلاة)

وقال العلامہ ابن عابدین: ووجہ ما قلناہ ان الشارع لم یعتمد الحساب بل الغاہ بالکلیة بقولہ نحن امة امیة لا نکتب ولا نحسب الشھر ھکذا وھکذا وقال ابن دقیق العید الحساب لا یجوز الاعتماد علیہ فی الصلوٰة انتھیٰ.

(ردالمحتار ص ۱۰۰ جلد۲ مطلب ما قالہ السبکی من الاعتماد علی قول الحساب مردود)

﴿۱﴾ وفی المنھاج: قلت وصرح المشائخ بتفاوت الوقت بین طلوع الفجر الصادق وطلوع الشمس وکذا بین غروب الشمس وغیوب البیاض بتفاوت المواسم والبلاد، والمشاھد فی دیارنا قدر ساعة وربع ساعة.

(منھاج السنن شرح جامع السنن ص ۱۰ جلد۲ باب مواقیت الصلاة)

﴿۲﴾ وفی المنھاج: قال بتعجیل العصر فی اول وقتھا مالک والشافعی واحمد وقال ابوحنیفة واصحابہ بتاخیرھا قال العلامة الشامی ان الوقت بعد العصر ای بعد دخول العصر الی الغروب قدر سدس النھار.

(منھاج السنن شرح جامع السنن ص ۲۶ جلد۲ باب ماجاء فی تعجیل العصر)

مغرب اور عشاء کے درمیان فاصلہ

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہمارے علاقہ میں عشاء کی اذان، مغرب کی اذان سے پچاس یا پچپن یا زیادہ سے زیادہ ایک گھنٹہ بعد دی جاتی ہے عموماً اذان مغرب اور جماعت عشاء کے درمیان سوا گھنٹہ وقفہ رکھا جاتا ہے اس سلسلے میں آپ حضرات سے وضاحت مطلوب ہے کہ مغرب اور عشاء کی اذانوں میں کتنا فرق رکھنا چاہئے؟ بینوا توجروا

المستفتی: غلام سرور لوند خوڑ مردان ۱۹۸۷ء/۳/۱

الجواب: جب سورج یقیناً ڈوب جائے اور اس کے بعد سوا گھنٹہ گزر جائے تو عشاء کا وقت داخل ہو جاتا ہے ہمارے مشاہدہ اور تجربہ سے یہ ثابت ہے ﴿۱﴾ البتہ ریاضی کے حساب سے پندرہ درجہ جو کہ کل ۴×۱۵=۶۰ منٹ وقت مغرب ہے اس کے بعد عشاء شروع ہو جاتی ہے ﴿۲﴾۔ وھو الموفق

شفق ابیض کے غیوب سے قبل نماز عشاء پڑھنا

سوال: کیا فرماتے ہیں مفتیان شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہمارے ہاں ایک مسجد میں جولائی کے مہینے میں عشاء کی نماز پونے نو بجے اور اذان سوا آٹھ بجے دی جاتی ہے مغرب اور عشاء کے درمیان پینتالیس منٹ کا وقفہ رہ جاتا ہے سوال یہ ہے کہ کیا پینتالیس منٹ گزر جانے کے بعد عشاء کا وقت داخل

﴿۱﴾ وفی المنهاج: قلت وصرح المشائخ بتفاوت الوقت بین طلوع الفجر الصادق وطلوع الشمس وکذا بین غروب الشمس وغیوب البیاض بتفاوت المواسم والبلاد، والمشاهد فی دیارنا قد رساعة وربع ساعة. (منهاج السنن شرح جامع السنن ص ۱۰ جلد ۲ باب ماجاء فی مواقیت الصلوة عن النبی ﷺ)

﴿۲﴾ قال الحصکفی: (و) وقت (المغرب منه الی) غروب (الشفق وهو الحمرة) عندهما وبه قالت الثلاثة والیه رجع الامام کما فی شروح المجمع وغیرها فکان هو المذهب (و) وقت (العشاء والوتر منه الی الصبح) (الدر المختار ص ۲۶۵ جلد ۱ کتاب الصلاة)

ہوسکتا ہے یا نہیں؟اس سلسلہ میں احناف کا مفتیٰ بہ مسلک کونسا ہےاور مغرب وعشاء کی اذان کے درمیان کتنا فاصلہ ضروری ہے، نیز ائمہ مذاہب کا شفق کے مصداق میں جو اختلاف ہے اس سے بچنے کا احوط طریقہ کیا ہے؟اورقبل ازغیوب شفق ابیض جماعت کرنے کا کیا حکم ہے؟بینوا توجروا

المستفتی: حبیب اللہ خیرآباد نوشہرہ......۱۹۸۶ء/۸/۶

الجواب: غروب اور عشاء کے درمیان کم ازکم سوا گھنٹہ فاصلہ کرنا چاہئے شفق ابیض کے غیوب کے وقت اذان دینی چاہئے یہی محققین کی رائے ہے، اور یہی احتیاط ہے، بلکہ بعض فقہاء کے نزدیک غیوب بیاض سے قبل نماز باجماعت پڑھنے سے بعداز غیوب انفرادی نماز افضل ہے، کمافی شرح الکبیر ص ۵۶۹ وفی فتاویٰ صاعد امام محلتہ یصلی العشاء قبل غیاب البیاض فالافضل ان یصلیها وحده بعد البیاض ﴿۱﴾. وهو الموفق

بعدازمثل عصر کی اذان کاحکم

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ یہاں سعودی عرب میں بعدازمثل عصر کی اذان دی جاتی ہے جبکہ احناف کا قول بعد مثلین ہےتو اگر ہم ان کی اقتداء میں اس وقت نماز پڑھ لیں تو اس کا کیا حکم ہوگا؟ بینوا توجروا

المستفتی: منیراحمد شارع الشفاء طائف سعودیہ عربیہ......۲۶/اکتوبر۱۹۸۳ء

الجواب: اس امام کے پیچھے اقتدا کیا کریں، اوراگر ہو سکے تو احتیاطاً اعادہ کیا کریں ﴿۲﴾۔ وهو الموفق

﴿۱﴾ (غنیة المستملی المعروف بالکبیری ص ۵۶۵ فصل فی احکام المسجد)

﴿۲﴾ قال العلامة ابن عابدین: (وعلیه عمل الناس الیوم) وانظر هل اذالزم من تاخیره العصر الی المثلین فوت الجماعة یکون الاولیٰ التاخیر ام لا (بقیه حاشیه اگلے صفحه پر)

شفق احمر کا زوال جانب مشرق میں معتبر نہیں

سوال: حامداً ومصلیاً(رساله تحقيق وقت مغرب) صنفه مولانا فقير محمد حسن صاحب زکوڑی (اول وقت المغرب غيبوبة الشمس المعلومة بذهاب الحمرة المشرقيه هذا هو الاصح، وعليه عمل اكثر الاصحاب لقول قائم اذا غابت الحمرة من هذا الجانب يعني المشرق فقد غابت الشمس من شرق الارض وغربها، وروى الكلبي عن ابن عمر رضي الله عنه مرسلا عن النبي ﷺ ، اول وقت المغرب سقوط القرص ووقت الافطار ان تقوم بخذاء القبلة وتفقد الحمرة التي ارتفع من المشرق اذا جاوز قمة الراس الى ناحية المغرب فقط وجب الافطار وسقط القرص ، وهو صافى في ان زوال الحمرة الشرقية علامة سقوط القرص الذي يرى غيبوبة الشمس ومرسل ابن عمر كالمسند، وللشيخ قول بان الغروب يتحقق باستتار القرص لقوله ﷺ لابن اسامة رضي الله عنه وقد صعد جبل قبيس والناس يصلون المغرب فرأى الشمس لم تغب وانما توارت الجبل بئس ما صنعت انها تصليها اذا تريها حيث غابت او غارت وانما عليك مشرقك ومغربك وليس على الناس ان يبعثوا، وجوابه انه لا دلالة فيها ان تحقيق الغروب قبل ذهاب الحمرة فبقى الاخبار الصحيحه الصريحة باعتبار زوالها بغير معارض، انتهى(نقل من كتاب قواعد الاحكام تصنيف عزبن عبد السلام الشافعي المصرى ولد في ۷۰۰ھ)

والحال این کتاب درخانقاه سراجیه نزد کندیاشریف بدست مولانا خان محمد صاحب سجاده نشین موجوداست۔

(بقيه حاشيه)ا والظاهر الاول بل يلزم لمن اعتقد رجحان قول الامام تأمل ثم رأيت في آخر شرح المنية ناقلا عن بعض الفتاوىٰ انه لا كان امام محلته يصلى العشاء قبل غياب الشفق الابيض فالافضل ان يصليها وحده بعد البياض . (ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۲۶۴ جلد ۱ قبيل مطلب لوردت الشمس بعد غروبها اوقات الصلاة)

بسم الله الرحمن الرحيم الخ (فی فج العمیق: من تصنیف شیر محمد کاکیانی فی مذهب النعمانی) ما مر به اول وقت المغرب وقت غروب الشمس اذا غربت عن الافق فی جانب المغرب مائل فعلامة وقت المغرب التی اذا زالت الحمرة من جانب المشرق وبرفع السواد انتهیٰ فی ص ۱۹۹ . وایضاً صرح سید سند فی شرحه علی الچغمنی تحت قوله وفی الشرع من طلوع الفجر الثانی الیٰ غروب الشمس قوله الی غروب الشمس بمعنی مجاوزته عن الافق الغربی بحیث تظهر الظلمة فی جهة المشرق وتزول الحمرة الخ فی القغمه ص ۱۳۱ ، وایضاً قال ابو الفتح ارکن بن حسام المفتی الکناری فی الفتاویٰ الحمادیة نقل من مطلوب المسلمین اما تغریبه اول وقت صلوٰة المغرب اذا غربت الشمس ولم یبق اثر شعاعها یعنی من جانب المشرق انتهیٰ ص ۹ . وایضاً قال علاء الدین الحصکفی فی درالمختار فی درالمنتقیٰ شرح الملتقیٰ تحت قول المصنف، الصوم ترک الاکل الخ من الفجر الی الغروب الی زمان غبیوبة تمام حمرة الشمس بحیث تظهر الظلمة فی جهة المشرق انتهیٰ فی الفتحه ص ۱۳۰ . بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم......۱۳/ جنوری ۱۹۷۵ء

الجواب: اعلم ان التقید بزوال حمرة المشرق لا توافقه الروایات الحدیثیة ولا الفقهیة کما لا یخفیٰ علی من راجع الی کتب الحدیث وکتب الفقه المتداولة بین العلماء، وما اوردوا فی حدیث ابن عمر لا یقبل قبل ذکر الاسناد اوالاستناد الی الکتاب الذی یروی فیه الحدیث مع الاسناد، او یقال ان المراد من ظهور الظلمة فی جهة المشرق هو الظهور فی الافق واما الحمرة فلا یکون فی سائر الایام فلا تکون امارة ولوسلم یحمل علی بعض البلاداورد هذا القول العلامة اللکهنوی فی

حاشیۃ شرح الوقایۃ﴿۱﴾. وهو الموفق

ایک وطن میں نماز پڑھ کر دوسری جگہ پہنچ کر وقت داخل نہیں ہوا ہے کیا کرے؟

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں اگر ایک شخص نے نماز کو اپنے وقت پر ادا کی بعد میں جیٹ طیارے کے ذریعہ سے ایسے وطن میں پہنچا جہاں ابھی تک اسی نماز کا وقت داخل نہیں ہوا ہے کیا یہ شخص یہ نماز دوبارہ پڑھے گا؟ بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم......۱۰/محرم ۱۳۹۲ھ

الجواب: بعض فقہاء کرام فرماتے ہیں کہ وقت کی واپسی کی تقدیر پر نماز کو دوبارہ پڑھنا ضروری ہوگا،فی الدر المختار فلو غربت ثم عادت هل یعود الوقت الظاهر نعم، اور بعض فقہاء فرماتے ہیں کہ اس تقدیر پر دوبارہ نہیں پڑھی جائے گی،فی ردالمحتار ص ۳۳۴ جلد ۱ قلت علی ان الشیخ اسماعیل رد ما بحثه فی النهر تبعاً للشافعیه بان صلوٰة العصر بغیبوبة الشفق تصیر قضاء ورجوعها لا یعیدها اداء ...... ومافی الحدیث خصوصیة لعلی کما یعطیه قوله علیه السلام انه کان فی طاعتک وطاعته رسولک، وقال العلامة الشامی قلت ویلزم علی الاول بطلان صوم من افطر قبل ردها وبطلان صلوة المغرب لو سلمنا عود الوقت بعودها للکل والله تعالیٰ اعلم انتهیٰ مافی ردالمحتار﴿۲﴾ قلت ظاهر حدیث لا یصلی صلوة مرتین یقتضی ترجیح الثانی فافهم وکذا عدم اعادة النبی ﷺ عند عود الشمس . وهو الموفق

﴿۱﴾ قال العلامه عبد الحیی اللکهنوی: قوله (والمغرب منه الیٰ مغیب الشفق وهو الحمرة عندهما وبه یفتیٰ) قوله الی ان تغیب الشمس قال شیخ الاسلام التفتازانی المعتبر فی غروب الشمس سقوط قرص الشمس وهذا ظاهر فی الصحراء واما فی البنیان وقلل الجبال فبان لا یری شئ من شعاعها علی اطراف البنیان وقلل الجبال وان یقبل الظلام من المشرق. (هامش عمدة الرعایه علی شرح الوقایه ص۱۴۷ جلد ۱ کتاب الصلوٰة)

﴿۲﴾ (الدر المختار مع ردالمحتار ص۲۶۵ جلد ۱ مطلب لو ردت الشمس بعد غروبها)

بلغاریہ میں نماز فجر کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام مسئلہ ذیل میں کہ فتاویٰ ودودیہ ص ۱۰۳، ۱۰۴ میں تحریر ہے کہ بلغاریہ کے ملک میں کبھی کبھی شام کی نماز کے بعد شفق کے غائب ہونے سے پہلے سورج آسمان پر نکل آتا ہے، مصنف فتاویٰ جناب مولوی محمد ابراہیم مرحوم نے لکھا ہے "کہ عشاء کا نماز خواہ قضاء کرے یا نہ کرے" لیکن جب سورج نکل آتا ہے تو فجر کی نماز بھی نہیں ہوتی تو آپ مرحوم نے فجر کے متعلق نہیں لکھا ہے کہ قضا کرے گا یا نہیں فجر کے متعلق مسئلہ واضح فرماویں۔ بینوا توجروا

المستفتی: اورنگ زیب ہی پشاور......۱۹۷۶ء/ ۸/ ۲۴

الجواب: بلغاریہ میں بعض موسموں میں غروب شفق سے طلوع فجر ہوتا ہے لہٰذا وہاں نماز فجر باقاعدہ ادا کی جائے گی، کما فی الدر المختار کبلغار فان فیها یطلع الفجر قبل غروب الشفق فی اربعینیة الشتاء (هامش ردالمحتار ص ۳۴۲ جلد ۱ ﴿۱﴾)﴿۲﴾. وهو الموفق

قطب شمالی میں چھ مہینے کے دن میں صوم وصلوٰۃ کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ جہاں چھ مہینے کا دن ہوتا ہے وہاں نماز روزہ کا کیا حکم ہوگا؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالظاہر افغانستان متعلم جامعہ اسلامیہ اکوڑہ خٹک......۱۷/ ذیقعدہ ۱۳۹۶ھ

﴿۱﴾(الدر المختار مع ردالمحتار ص ۲۶۲ جلد ۱ کتاب الصلاة مطلب فی فاقد وقت العشاء کاهل بلغار)

﴿۲﴾ قال العلامه ابن عابدین: وفی شرح المنهاج ویجری ذلک فیما لو مكثت الشمس عند قوم مدة، قال فی امداد الفتاح قلت وكذلک یقدر بجمیع الاجال كالصوم والزكاة والحج والعدة وآجال البیع والسلم والاجارة وینظر ابتداء الیوم فیقدر كل فصل من الفصول الاربعة بحسب ما یكون كل یوم من الزیادة والنقص......(بقیه حاشیه اگلے صفحه پر)

الجواب: چونکہ درقطب شمالی رفتن وقرار کردن انسان نہایت دشوار بلکہ محال است، لہذا شریعت غراء حکم صوم وصلوٰۃ ایں مقام جاری نہ کردہ است، شریعت غراء شواذ ونوادر بیان نمی کند، البتہ درشریعت غراء نظائر وشواہد امور نادرہ ضرور موجود باشد، تا کہ علماء دروقت ضرورت ازو استخراج کنند۔ والاصل ههنا حدیث الدجال رواه مسلم والترمذی اقدروا له قدره ﴿۱﴾ پس یہ شخص اندازہ اورتحری سے طلوع غروب وغیرہ معلوم کرے گا اوراس پرصوم وصلاۃ کی ادائیگی کا بنا کرے گا، اوراگر یہ دشوار ہوتو قریب شہر جس میں باقاعدہ پانچ اوقات پائے جاتے ہوں ریڈیو وغیرہ ذرائع سے معلوم کر کے اوقات پر بنا کرے گا ﴿۲﴾ واعلم ان القمر یتحقق فیه الطلوع والغروب والاستواء کالارض

(بقیہ حاشیہ) کذا فی کتب الائمة الشافعیه ونحن نقول بمثله اذاصل التقدیر مقول به اجماعا فی الصلوات. (ردالمحتار هامش الدرالمختار ص۲۶۸ جلد ۱ مطلب فی طلوع الشمس من مغربها)

﴿۱﴾ حدیث الدجال قلنا یارسول الله فذلک الیوم الذی کسنة ایکفینا فیه صلاة یوم قال لا اقدروا له قدره. (مشکواة المصابیح ص۴۷۳ جلد۲ باب العلامات بین یدی الساعة وذکر الدجال)

﴿۲﴾ قال العلامه ابن عابدین: وفی شرح المنهاج ویجری ذلک فیما لو مکثت الشمس عند قوم مدة قال فی امداد الفتاح قلت وکذلک یقدر لجمیع الآجال کالصوم والزکاة والحج والعدة وآجال البیع والسلم والاجارة وینظر ابتداء الیوم فیقدر کل فصل من الفصول الاربعة بحسب ما یکون کل یوم من الزیادة والنقص کذا فی کتب الائمة الشافعیة ونحن نقول بمثله اذا صل التقدیر مقول به اجماعاً فی الصلوات.

(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص۲۶۸ جلد ۱ مطلب فی طلوع الشمس من مغربها)

وایضاً قال فی الصفحة ۲۶۶ وحاصله انا لا نسلم لزوم وجود السبب حقیقة بل یکفی تقدیره کما فی ایام الدجال ویحتمل ان المراد بالتقدیر المذکور هو ما قاله الشافعیة من انه یکون وقت العشاء فی حقهم بقدر ما یغیب فیه الشفق فی اقرب البلاد الیهم.... فتعین ما قلنا فی معنی التقدیر ما لم یوجد نقل صریح بخلافه وامامذهب الشافعیه فلا یقضی علی مذهبنا.

(ردالمحتار ص۲۶۶، ۲۶۷ جلد ۱ مطلب فی ما قد وقت العشاء کاهل بلغار)

وکذا تفاوت اللیل والنهار فالحکم فیه کحکم الارض ﴿۱﴾۔ فافهم

جس نے نماز عصر نہ پڑھی ہو اس کیلئے نماز عصر سے پہلے نفل پڑھنا اور سنت قبلیہ اور فرض ظہر کے درمیان نفل پڑھنا قابل اعتراض نہیں

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک مسجد میں نماز عصر کی جماعت ہوگئی ہے ایک آدمی اکیلے نماز کیلئے آیا، دوسرے نے آکر کہا ذرا صبر کریں میں ذرا وضو کرلوں تو جماعت کریں گے اب یہ آدمی جماعت ثانیہ سے پہلے اور جماعت اولیٰ کے بعد نفل پڑھ سکتا ہے یا نہیں؟ نیز ظہر کے وقت فرض اور سنن کے درمیان نفل پڑھنا جائز ہیں یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالرحمٰن لکی مروت......۱۹۷۷ء/۷/۳۰

الجواب: جس شخص نے نماز عصر نہ پڑھی ہو اس کیلئے اصفرار سے قبل نوافل پڑھنا مشروع ہے کما صرح به جمیع الفقهاء ﴿۲﴾ نیز کسی فقیہ نے ظہر کے سنن قبلیہ اور فرض کے درمیان نوافل

﴿۱﴾ جس طرح زمین میں نماز فرض ہے اسی طرح اگر کوئی شخص چاند، زہرہ، مریخ یا دیگر سیاروں میں سکونت اختیار کرے تو نماز وہاں بھی فرض رہے گی، البتہ یہ بات کہ سجدہ تو اس کو کہتے ہے کہ ان تکون علی الارض او علی ماقام مقام الارض ، اور فضاء میں معلق اشیا تو ایسے نہیں ہیں، تو اس کا جواب منہاج السنن میں یوں دیا گیا ہے، قلنا کما ان الماء جسم فاصل بین السفینة والارض لا یعتد بفصله فکذلک الریح جسم فاصل بین الطیارة والارض لا یعتد بفصلها وکما ان السماء جسم لیس بارض ولاقام مقامها وتصح الصلوٰة فیها لقوله تعالیٰ واوصانی بالصلوٰة والزکواة ما دمت حیا، ولاستقرار الجبهة علیها فکذلک الطیارة تصح الصلاة والسجدة فیها، وکذلک یقال فی الصلوٰة فی القمر والمریخ وغیرهما، البتہ سمت قبلہ لازمی ہے اور یہ قبلہ نما یا اور کسی ذریعہ سے معلوم کی جا سکتی ہے ورنہ حکم تحری بھی ہے کہ تحری کر کے جانب قبلہ متعین کرلیں، اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں، اینما تولوا فثم وجه الله (الایة) ۔ (از مرتب)

﴿۲﴾ قال العلامه مرغینانی: لاتجوز الصلوة عند طلوع الشمس ولا ......(بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

پڑھنے سے منع نہیں کیا ہے، کما لا یخفیٰ ﴿۱﴾۔ وھو الموفق

ظہر کی نماز مثل ثانی میں پڑھنا خلاف استحباب اور خلاف احتیاط ہے

سوال: ایک مسئلہ ہے جس میں یہ ثابت کیا گیا ہے کہ شدید سردیوں میں مثل ثانی سوا دو بجے شروع ہو جاتی ہے اور اس پر کچھ حوالہ جات بھی درج ہیں، نیز سائل نے مثل ثانی میں نماز پڑھنے کو خلاف استحباب ثابت کیا ہے جناب حضرت مفتی صاحب نے یوں جواب تحریر فرمایا ہے، آپ صاحبان اپنی رائے سے تشفی فرمائیں۔ بینوا توجروا

السائل: شیر محمد......۱۹۷۸ء/۱۰/۱۲

الجواب: یہ عبارات محولہ درست ہیں ان عبارات کی بنا پر مثل ثانی میں نماز پڑھنا خلاف استحباب اور خلاف احتیاط ہے البتہ ڈھائی بجے مثل ثانی کا داخل ہونا قابل غور ہے، نیز گرمی اور سردی کے موسموں میں فرق فئ الزوال میں ہوتا ہے نہ کہ سایہ زائدہ میں ﴿۲﴾۔ فافہم

(بقیہ حاشیہ)عند قیامها فی الظهیرة ولا عند غروبها لحدیث عقبة بن عامر رضی الله عنه قال ثلثة اوقات نهانا رسول الله ﷺ ان نصلی وان نقبر فیها موتانا عند طلوع الشمس حتی ترتفع وعند زوالها حتی تزول وحین تضیف للغروب حتی تغرب۔

(الهدایه ص ۸۰ جلد ۱ فصل فی الاوقات تکره فیه الصلاة)

﴿۱﴾ قال العلامه حصکفی: ولو تکلم بین السنة والفرض لا یسقطها ولکن ینقص ثوابها وقیل تسقط وکذا کل عمل ینا فی التحریمة علی الاصل. (الدرالمختار علیٰ هامش ردالمحتار ص ۵۰۳ جلد ۱ قبیل مبحث مهم فی الکلام علی الضجعة بعد سنن الفجر)

﴿۲﴾ قال العلامه ابن نجیم:(والظهر من الزوال الی بلوغ الظل مثلیه سوی الفیئ) ای وقت الظهر اما اوله فمجمع علیه لقوله تعالیٰ اقم الصلاة لدلوک الشمس ای لزوالها وقیل لغروبها واللام للتأقیت ذکره البیضاوی واما آخره ففیه روایتان عن ابی حنیفه الاولی رواهما محمد عنه ما فی الکتاب والثانیه روایة الحسن اذا صار ظل کل شئ مثله سوی.....(بقیه حاشیه اگلے صفحه پر)

ظہر کی نماز ادا کی پھر جہاز کے ذریعے سفر کر کے دوسرے مقام میں وقت ظہر داخل ہوا تو نماز کا کیا حکم ہے؟

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک آدمی نے ظہر کی نماز ایک مقام پر پڑھ لی پھر جہاز کے ذریعہ دوسری جگہ چلا جائے تو وہاں اسی وقت کی اذان ہورہی تھی اور وہاں پر وہ وقت داخل ہوا کیا دوبارہ نماز ادا کی جائے گی یا پہلے والی نماز کافی ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: سعید اللہ آزاد کوہستان ۱۹۸۵ء/۳/۹

الجواب: اگر سابق وقت کا اعادہ خروج وقت کے بعد ہوا ہو تو اس نماز کو دوبارہ پڑھی جائے، ونظیرہ اعادۃ الظهر والعصر یوم تطلع الشمس من المغرب ﴿۱﴾۔ وهو الموفق

(بقیہ حاشیہ) الفیٔ وهو قولهما والاولى قول ابی حنيفة قال فی البدائع انها المذكورة فی الاصل وهو الصحيح وفی النهاية انها ظاهر الرواية عن ابی حنيفة وفی غاية البيان وبها اخذ ابوحنيفة وهو المشهور عنه وفی المحيط والصحيح قول ابی حنيفة وفی الينا بيع وهو الصحيح عن ابی حنيفة وفی تصحيح القدوری للعلامة قاسم ان برهان الشريعة المحبوبی اختاره وعول عليه النسفی ووافقه صدر الشريعة ورجع دليله.

(البحر الرائق ص ۲۴۵ جلد ۱ كتاب الصلاة)

﴿۱﴾ قال العلامة ابن عابدين: ورد فی حديث مرفوع ان الشمس اذا طلعت من مغربها تسير الى وسط السماء ثم ترجع ثم بعد ذلک تطلع من المشرق كعادتها قال الرملی الشافعی فی شرح المنهاج وبه يعلم انه يدخل وقت الظهر برجوعها لانه بمنزلة زوالها ووقت العصر اذا صار ظل كل شیٔ مثله والمغرب بغروبها وفی هذا الحديث ان ليلة طلوعها من مغربها تطول بقدر ثلاث ليال لكن ذلک لا يعرف الابعد لابهامها على الناس فحينئذٍ قياس ما مر انه يلزم قضاء الخمس لان الزائد ليلتان فيقدران عن يوم وليلة وواجبها الخمس.

(ردالمحتار مع الدرالمختار ص ۲۶۸ جلد ۱ كتاب الصلاة مطلب فی طلوع الشمس من مغربها)

فرض نماز اور نماز جنازہ کا ایک وقت مقرر ہو کونسی مقدم پڑھی جائے گی؟

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ نماز ظہر اور نماز جنازہ کیلئے ایک وقت مقرر ہو چکا ہو تو فرض نماز کا پہلا پڑھنا تو ظاہر ہے لیکن سنن پر مقدم پڑھی جائے گی یا مؤخر؟ بینوا توجروا

المستفتی: صوبیدار حمید گل گرگرہ کوہاٹ......١٩٩١ء/٢/١٩

الجواب: جب نماز ظہر اور نماز جنازہ بیک وقت شروع ہونے والی ہوں یا وقت تنگ ہو تو مفتی بہ قول کی بنا پر سنن کو نماز جنازہ پر مقدم ادا کئے جائیں گے، کمافی ردالمحتار باب العیدین﴿١﴾. وھو الموفق

غروب اور دخول عشاء کے درمیان وقفہ کی مقدار

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ مغرب کی نماز کا وقت کتنی دیر بعد ختم ہو جاتا ہے اور عشاء کی نماز کا وقت کتنی دیر بعد شروع ہوتا ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: غلام محمد ڈھوک منجو ضلع کیملپور......١٩٧٢ء/٢/٨

الجواب: غروب کے وقت سے دخول عشاء تک تقریباً ڈیڑھ، سوا گھنٹہ فرق ہوتا ہے﴿٢﴾۔ فقط

﴿١﴾ قال العلامہ حصکفی: وتقدم صلاۃ الجنازۃ علی الخطبۃ وعلی سنۃ المغرب وغیرھا (کسنۃ الظھر والجمعۃ والعشاء) والعید علی الکسوف لکن فی البحر قبل الاذان عن الحلبی الفتویٰ علی تاخیر الجنازۃ عن السنۃ واقرہ المصنف کانہ الحاق لھا بالصلاۃ لکن فی آخر احکام دین الاشباہ ینبغی تقدیم الجنازۃ والکسوف حتی علی الفرض مالم یضق وقتہ فتامل. (الدرالمختار علی ھامش ردالمحتار ص ٦٢١ جلد١ مطلب فیما یترجع تقدیمہ من صلاۃ عید وجنازہ الخ)

﴿٢﴾ وفی منہاج السنن: قلت وصرح المشائخ بتفاوت الوقت بین طلوع الفجر الصادق وطلوع الشمس وکذا بین غروب الشمس وغیوب البیاض بتفاوت المواسم والبلاد والمشاھد فی دیارنا قدر ساعۃ وربع ساعۃ. (منہاج السنن شرح جامع السنن ص ١٠ جلد٢ باب ماجاء فی مواقیت الصلاۃ عن النبی ﷺ)

کنیڈا میں عصر اور عشاء کے وقت کا تعین

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ یہاں کنیڈا میں دن ساڑھے سترہ گھنٹے کا ہوتا ہے نماز کا ایک چارٹ ارسال خدمت ہے چونکہ یہاں مئی میں گھڑیوں کو ایک گھنٹہ آگے اور نومبر میں ایک گھنٹہ پیچھے کرلیا جاتا ہے، یہ نقشہ اوقات امام شافعی رحمہ اللہ کے مسلک کے مطابق ہے حنفی مسلک کے تحت عصر کی نماز کا وقت کیا ہوگا؟ نیز یہاں غروب آفتاب کے بعد شفق احمر غائب ہوجاتا ہے لیکن شفق ابیض رات گیارہ بجے یا اس سے بھی دیر تک رہتا ہے، اس وقت انتظار بہت مشکل ہوتی ہے کیا نماز مغرب کے بعد فوراً ہم نماز عشاء پڑھ سکتے ہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد اشفاق کنیڈا.....۱۹۷۹ء/۸/۵

الجواب: غروب سے زیادہ سے زیادہ دو گھنٹہ قبل نماز عصر پڑھا کریں غروب کے سوا گھنٹہ بعد نماز عشاء ادا کریں ﴿۱﴾۔ وهو الموفق

﴿۱﴾ حنفیہ کے معمول میں عصر کا وقت دن کی پوری مقدار (طلوع سے غروب شمس تک) کا تقریباً آخری حصہ ہے، لیکن اس میں اتنی تاخیر کرنا جو اصفرار الشمس تک مفضی ہو مکروہ ہے، **قال الحصکفی وآخر العصر الی اصفرار ذکاء فلو شرع فیه قبل التغیر فمده الیه لا یکره (الدرالمختار ص۳۶۸ جلد ۲)** نیز شفق احمر وہ ہے جو سورج کے افق مغرب میں ہونے کی وجہ سے ہو، اور سورج افق میں رات کے آٹھویں حصہ سے عموماً زیادہ نہیں رہتا، بہر حال جب اوقات میں اسی قسم کا تغیر واقع ہو اور رات و دن کی پوری امتیاز ناممکن ہو تو قریبی ممالک کے اعتبار سے چوبیس گھنٹوں میں پانچ نمازوں کا اہتمام کرنا ضروری ہے، **قال الحصکفی: وقاقدوقتهما کبلغار فان فیها یطلع الفجر قبل غروب الشفق فی اربعینه الشتاء مکلف بهما فیقدر لهما ولا ینوی القضاء لفقد وقت الاداء. (درمختار ص ۳۶۲ جلد ۱) وکما فی حدیث مسلم ص ۴۰ جلد ۲ باب ذکر الدجال: قلنا یا رسول الله فذلک الیوم الذی کسنة اتکفینا فیه صلوٰة یوم قال لا اقد رواله قدره الخ. (ازمرتب)**

نماز جمعہ کس وقت تک درست ہے

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ نماز جمعہ کس وقت تک درست ہے؟بینوانوجروا

المستفتی: سید اسماعیل شاہ تحصیل وضلع اٹک......۲۵/اکتوبر۱۹۸۳ء

الجواب: زوال کے بعد ڈھائی گھنٹہ سے زائد تاخیر کرنا بےاحتیاطی ہے ﴿۱﴾ نماز جمعہ میں عجلت بہتر ہے﴿۲﴾۔وھو الموفق

نماز عصر یا فجر کے بعد نفل وقضا نماز پڑھنے کا حکم

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ نماز عصر یا فجر کے بعد کوئی نفل یا قضا نماز پڑھ سکتے ہیں یا نہیں؟بینواتوجروا

المستفتی: محمد زاہد حولدار الیکٹریشن میڈیم رجمنٹ ایل اے ڈی......۱۷/محرم۱۳۹۲ھ

الجواب: قضا پڑھنا جائز ہے اور نفل منع ہے ﴿۳﴾۔ وھو الموفق

﴿۱﴾ قال العلامه ابن نجیم المصری رحمه الله: والجمعة كالظهر اصلا واستحبابا في الزمانين كذا ذكره الاسبيجابي. (البحر الرائق ص ۲۴۷ جلد ۱ كتاب الصلاة في المواقيت الصلاة)

﴿۲﴾ وفي منهاج السنن: يدل حديث سلمة على التبكير في الجمعة وهو المختار عند العيني وقال الاسبيجابي الجمعة كالظهر اصلاً واستحبابا في الزمانين، ويؤيد التبكير ماقاله ابن قدامة في المغني ، كان النبي ﷺ يصليها اذا زالت الشمس صيفا وشتاء على ميقات واحد. (منهاج السنن شرح جامع السنن ص ۵۵ جلد۳ باب ماجاء في وقت الجمعة)

﴿۳﴾ وفي الهنديه: تسعة اوقات يكره فيها النوافل وما في معناها لا الفرائض هكذا في النهايه والكفايه فيجوز فيها قضاء الفائتة وصلاة الجنازة وسجدة التلاوة كذا في فتاوىٰ قاضي خان منها ما بعد طلوع الفجر قبل صلاة الفجر. (فتاوىٰ عالمگيريه ص ۵۲ جلد ۱ الفصل الثالث في بيان الاوقات التي لا تجوز فيها الصلاة وتكره)

نمازمغرب میں تاخیر مکروہ ہے

سوال: کیافرماتے ہیں علماءدین اس مسئلہ کے بارے میں کہ نمازمغرب کوتاخیر سے پڑھنا جبکہ ساری مساجد میں نماز ہوجائے جائز ہے یانہیں؟بینوا توجروا

المستفتی:عبدالخلیل محلّہ اباخیل نوشہرہ......۱۰/رمضان۱۳۹۶ھ

الجواب: مغرب میں زیادہ تاخیر(مقدارشفعہ)مکروہ ہے(فتح القدیر)﴿۱﴾۔ وھو الموفق

قضانمازوں کیلئے مکروہ اوقات

سوال: کیافرماتے ہیں علماءدین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ قضانمازوں کے اوقات مکروہہ کونسے ہیں کیازوال کے علاوہ اوربھی کوئی وقت ممنوعہ ہے؟بینوا توجروا

المستفتی:محمدازرم(اےسی)تبوک سعودیہ عربیہ......۷/۷/۱۴۰۱ھ

الجواب: صرف تین اوقات ہیں غروب،طلوع،استواءان اوقات میں قضامکروہ ہے، والاصفرار فی حکم الغروب ﴿۲﴾. وھو الموفق

ظہر کے وقت کادارمدارزوال پرہے

سوال: کیافرماتے ہیں علماءدین اس مسئلہ کے بارے میں کہ موسم گرمااورموسم سرماکے آغاز

﴿۱﴾ قال المرغینانی (واول وقت المغرب اذا غربت الشمس وآخر وقتها ما لم یغیب الشفق) وقال ابن الهمام رحمه الله: ولذا قلنا ان تاخیر المغرب مطلقاً مکروه.
(هدایه مع فتح القدیر ص۱۹۵ جلد۱ باب المواقیت)

﴿۲﴾ قال العلامه ابن نجیم رحمه الله: ثم لیس للقضاء وقت معین بل جمیع اوقات العمر وقت له الا ثلاثة وقت طلوع الشمس ووقت الزوال ووقت الغروب فانه لا تجوز الصلاة فی هذه الاوقات لما مر فی محله. (البحر الرائق ص۸۰ جلد۲ باب قضاء الفوائیت)

وقت ظہر میں فرق ہے یا نہیں؟ میں نے سنا ہے کہ زوال یعنی وقت نماز ظہر ساڑھے بارہ بجے سے شروع ہوتا ہے تو اگر ایک مسافر یا مقیم گرما اور سرما میں پونے ایک بجہ نماز ظہر ادا کرے تو صحیح ہوگا یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالحمید......۲۳/۴/۱۹۷۴ء

الجواب: دارومدار زوال پر ہے پونے ایک بجہ پر ہر موسم میں زوال ہوا ہوتا ہے﴿۱﴾۔ وھو الموفق

﴿۱﴾ قال العلامه حصکفی: ووقت الظهر من زواله ای میل ذکاء عن کبد السماء الی بلوغ الظل مثلیه، قال ابن عابدین: من زواله الاولیٰ من زوالها عن کبد السماء ای وسطها بحسب ما یظهر لنا. (الدرالمختار مع هامش ردالمحتار ص۲۶۴ جلد ۱ قبیل مطلب لو ردت الشمس بعد غروبها)

باب الاذان والاقامة

اذان کے وقت باتیں کرنے اور وعظ کرنے کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ (۱) اذان سے پہلے مسجد میں بیٹھے ہوئے کچھ لوگ باتوں میں مشغول تھے، کہ اذان شروع ہوگئی، اب باتیں بند کر کے اذان کے الفاظ کا جواب دینا ضروری ہے یا باتیں جاری رکھیں؟ (۲) اگر کسی مجمع میں وعظ ہو رہا ہو، اور اذان کی آواز آنے لگے تو اذان کی تکریم میں وعظ بھی بند کرنا چاہئے یا وعظ جاری رکھا جائے؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد ایوب خان محلہ شیام گنج مردان......۱۰/صفر ۱۳۹۲ھ

الجواب: (۱) باتیں جاری رکھنا خلاف سنت کام ہے ﴿۱﴾ لان اجابة الاذان سنة ﴿۲﴾.
(۲) اگر اس وعظ میں تعلیم دین ہو رہی ہو تو وعظ کو جاری رکھنا مشروع ہے ﴿۳﴾ (ردالمحتار باب الاذان). وهو الموفق

﴿۱﴾ قال العلامه ابن عابدين: وينبغي للسامع ان لا يتكلم ولا يشتغل بشئى فى حالة الاذان والاقامة ولايرد السلام ايضا لان الكل يخل بالنظم. (ردالمحتار ص ۲۹۴ جلد ۱ باب الاذان)
﴿۲﴾ قال العلامه ابن نجيم: ومن سمع الاذان فعليه ان يجيب وان كان جنبا لان اجابة المؤذن ليست باذان وفى فتاوىٰ قاضى خان اجابة المؤذن فضيلة وان تركها لا ياثم واماقوله عليه الصلاة والسلام من لم يجب الاذان فلا صلاة له فمعناه الاجابة بالقدم لاباللسان فقط وفى المحيط يجب على السامع للاذان الاجابة. (البحر الرائق ص ۲۵۹ جلد ۱ باب الاذان)
﴿۳﴾ قال ابن عابدين: قوله(و تعليم علم تعلمه) اى شرعى فيما يظهر ولذا عبر فى الجوهرة بقراءة الفقه (قوله بخلاف قرآن) لانه لا يفوت جوهره ولعله لان تكرار القراءة انما هو للاجر فلا يفوت بالاجابة بخلاف التعلم فعلىٰ هذا لو يقرأ تعليما او تعلما لا يقطع. (ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۲۹۲ جلد ۱ باب الاذان)

اذان واقامت کے کلمات بھی تجوید کے قواعد سے ادا کئے جائیں گے

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اذان اور اقامت کے کلمات میں تجوید کے اصول وقواعد کے مطابق وقف اور غیر وقف کے احکام جاری ہوتے ہیں یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: رحمن الدین تحصیل وڈاکخانہ خاص دیر ضلع دیر

الجواب: قواعد تجوید اور قواعد عربیہ تمام کلمات میں جاری ہوتے ہیں اور اذان واقامت کے کلمات میں بھی جاری ہوتے ہیں ﴿۱﴾ (یدل علیه مافی ردالمحتار ص ۲۵۸، ۲۵۹ جلد ۱). وهو الموفق

دو یا زیادہ جگہوں میں مؤذن ہونا مکروہ ہے

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر ایک آدمی دو یا تین جگہوں میں اذان دے کیونکہ اذان تو محض اعلان ہے کیا یہ جائز ہے؟ بینوا وتوجروا

المستفتی: سعید اللہ آزاد کوہستان...... ۱۹۸۵ء/۴/۶

الجواب: دو یا دو سے زائد مساجد میں ایک موذن ہونا مکروہ ہے، کمافی شرح التنویر قبیل شروط الصلاة ویکره له ان یوذن فی مسجدین ﴿۲﴾. وهو الموفق

﴿۱﴾ قال العلامه حصکفی ولالحن فیه ای تغنی بغیر کلماته فانه لا یحل فعله وسماعه کالتغنی بالقرآن وبلا تغیر حسن، قال ابن عابدین بغیر کلماته ای بزیادة حرکة او حرف او مد او غیرها فی الاوائل والاواخر قهستانی۔

(الدرالمختار مع ردالمحتار ص ۲۸۵ جلد ۱ مطلب فی اول من بنی المنابر للاذان)

﴿۲﴾ قال العلامه ابن عابدین: (قوله فی مسجدین) لانه اذا صلی فی المسجد الاول یکون متنفلا بالاذان فی المسجد الثانی والتنفل بالاذان غیر مشروع ولان الاذان للمکتوبة وهو فی المسجد الثانی یصلی النافلة فلاینبغی ان یدعو الناس الی المکتوبه وهو لایساعدهم فیها.

(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۲۹۵ جلد ۱ قبیل باب شروط الصلاة)

نمازعید کیلئے اذان خلاف سنت متعاملہ ہے

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ نماز عید کیلئے اذان دینا کیسا ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: سمیع الرحمٰن گڑھی کپورہ مردان ۸/۲/۱۹۷۲ء

الجواب: خلاف سنت متعاملہ ہے﴿۱﴾۔وھو الموفق

ٹیپ ریکارڈ سے اذان دینے کا حکم

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ٹیپ ریکارڈ سے اذان دینے کا کیا حکم ہے؟بینوا توجروا

المستفتی: حاجی عبداللہ کلے ڈاکخانہ ہوارہ چارسدہ ۲۴/ذی الحجہ۱۴۰۲ھ

الجواب: ٹیپ ریکارڈ سے اذان کا عکس سنا جاتا ہے نہ کہ اذان لہٰذا اس عکس اذان پر اکتفاء کرنے سے سنت ادانہیں ہوتی﴿۲﴾،جیسا کہ محراب میں ٹیپ ریکارڈ سے جماعت ادانہیں ہوسکتی ہے، ورنہ موذن اورامام کی مؤنت سے نجات حاصل ہوتی۔ وھو الموفق

﴿۱﴾ قال العلامہ حصکفی: لا یسن لغیرها کعید، قال ابن عابدین کعید ای ووتر وجنازة وکسوف واستسقاء وتراویح..... لکن فی التعلیل قصور لا قتضائه سنية الاذان لماليس تبعاً للفرائض كالعيد ونحوه فالمناسب التعليل بعدم وروده فی السنة .

(الدرالمختار مع ردالمحتار ص ۲۸۴ جلد ۱ باب الاذان)

﴿۲﴾ قال العلامه ابن عابدين: ان اذان الصبی الذی لا یعقل لایجزی ویعاد لان مایصدر لاعن عقل لا یعتدبه کصوت الطیور ..... ان المقصود الاصلی من الاذان فی الشرع الاعلام بدخول اوقات الصلاة ثم صار من شعار الاسلام فی کل بلدة اوناحية من البلاد لابد من الاسلام والعقل والبلوغ والعدالة.

(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۲۹۱ جلد ۱ باب الاذان)

وقت سے پہلے اذان دینا جائز نہیں

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر وقت سے پہلے مثلاً قبل الزوال اذان ہو جائے تو کیا یہ جائز ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: اختر گل ظہران افریقہ.....۱۹۷۵ء/۱۱/۲۷

الجواب: امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک اذان قبل الزوال جائز نہیں ہے، لان المقصود من الاذان اعلام الناس بالوقت وفی الاذان قبل الوقت تجهيل لهم ولم يروفيه حديث ثابت حتى يترک به القياس ﴿۱﴾. وهو الموفق

حی علی الفلاح میں آواز زیادہ نہیں کھینچنی چاہئے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ حی علی الفلاح میں الفلاح لفظ جو ہے اس میں سانس طویل کر کے کھینچنا ایک مولانا صاحب فرماتے ہیں کہ آواز نہیں کھینچنی چاہئے کیا مولانا صاحب کا قول درست ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: مثل زادہ ترلاندی ضلع صوابی.....۱۹۶۹ء/۵/۱۲

الجواب: یہاں مد موجود نہیں ہے لہٰذا زیادہ کھینچنا نہیں چاہئے ﴿۲﴾۔ وهو الموفق

﴿۱﴾وفي الهنديه: تقديم الاذان على الوقت في غير الصبح لا يجوز اتفاقا وكذافي الصبح عند ابي حنيفه ومحمد رحمهما الله تعالىٰ وان قدم يعاد في الوقت هكذافي شرح مجمع البحرين لابن الملک وعليه الفتوىٰ هكذا في التتار خانيه ناقلا عن الحجة.
(فتاویٰ عالمگیریه ص ۵۳ جلد ۱ باب الاذان)

﴿۲﴾قال العلامه حصكفي :ومنها القراء ة بالالحان ان غير المعنى والا لا الا في حرف مد ولين .....فلو في اعراب او تخفيف مشدد وعكسه اوبزيادة حرف فاكثر. (الدرالمختار على هامش ردالمحتار ص ۴۶۶ جلد ۱ باب مايفسد الصلوٰة مطلب مسائل زلة القارى)

اجابت اذان میں محمدرسول اللہ بڑھانا

سوال: کیافرماتے ہیں مفتیان عظام شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ جب موذن اذان دیتا ہے، تواجابت اذان جوکی جاتی ہے، توآخری کلمہ لا الہ الا اللہ کے بعداجابت میں محمدرسول اللہ بھی پڑھناچاہئے، یانہیں؟ بعض کہتے ہیں کہ یہ کلمہ بڑھانا گناہ ہےاوربعض کہتے ہیں کہ پوراکلمہ پڑھنا چاہئےاس میں کونساقول صحیح ہے؟ بینواتوجروا

المستفتی: نامعلوم......۱۹۹۰ء/۵/۱۰

الجواب: اجابت اذان سنت ہےاوراپنی طرف سےاذان کےکلمات کی زیادت بدعت سیئہ ہے﴿۱﴾۔وھوالموفق

مغرب کی اذان کاوقت

سوال: کیافرماتے ہیں علماءدین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ریڈیوپشاورپر جب اذان ہوتی ہےتوبعض جگہوں پرسرخی آسمان میں نظرآتی ہے، یہ اذان درست ہے یانہیں؟ بینواتوجروا

المستفتی: جہان بخت خان ملاکنڈایجنسی......۱۹۷۸ء/۱۱/۲۲

الجواب: غروب الشمس کےبعداذان دیناواجب ہے﴿۲﴾اگرچہ سرخی موجودہو، (عمدۃ الرعایۃ)﴿۳﴾. وھوالموفق

﴿۱﴾ قال العلامہ حصکفی: بان یقول بلسانہ کمقالتہ ان سمع المسنون منہ، قال ابن عابدین قولہ کمقالتہ ای مثلھا فی القول لافی الصفہ من رفع صوت ونحوہ.

(الدرالمختار مع ردالمحتار ص ۲۹۲ جلد ۱ باب الاذان)

﴿۲﴾ قال العلامہ مرغینانی واول المغرب حین تغرب الشمس وآخرہ حین یغیب الشفق.

(ھدایہ علی صدرفتح القدیر ص ۱۹۵ جلد ۱ باب المواقیت)

﴿۳﴾ قال العلامہ عبد الحئی اللکھنوی:(قولہ فیعاد) تفریع علی (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

داڑھی مونڈوانے والے کی اذان واقامت

سوال: ایک امام صاحب نے کہا ہے کہ جوشخص شیو (داڑھی مونڈوانا) کرتا ہو اس کا اذان دینا اور اقامت کرنا مکروہ ہے کیا یہ صحیح ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: راجہ علی اصغر کیانی لائلپور فیصل آباد......۱۹۷۲ء/۶/۱۸

الجواب: جوشخص عادتاً داڑھی مونڈواتا ہو تو اس کا اذان اور اسی طرح اقامت مکروہ ہے لیکن یہ کراہت اس وقت ہے جبکہ باقاعدہ مؤذن بنایا جائے، ورنہ کراہت نہیں ہے﴿۱﴾ (فی ردالمحتار ص ۳۶۴، ۳۶۵ جلد ۱). وهو الموفق

بچے کے کان میں اذان کس وقت دی جائے

سوال: کیا فرماتے ہیں فقہاء احناف ومفتیان عظام بیچ اس مسئلہ میں کہ جب بچہ پیدا ہو جائے، تو اس کے کانوں میں اذان واقامت کرنا کس دن افضل ہے، آیا پہلے دن یا ساتویں دن افضل ہے؟ اور اگر ساتویں دن افضل ہے اور کسی نے پہلے دن کر لی ہے تو اس کا اعادہ کیا جائے گا، یا وہی کافی ہے؟ بینوا وتوجروا

المستفتی: عبدالرحمٰن......۱۹۷۸ء/۷/۳۱

(بقیہ حاشیہ) قوله في وقتها اى فتجب اعادة الاذان ان اذن قبل الوقت و كذا لو قدم بعض كلماته على الوقت ووقع بعضها في الوقت يلزم استيناف الكل.
(عمدة الرعايه في حل شرح الوقايه على هامش شرح الوقايه ص ۱۵۲ جلد ۱ باب الاذان)
﴿۱﴾ قال الحصكفي: ويكره اذان جنب واقامته......وفاسق . قال ابن عابدين وحاصله ان يصح اذان الفاسق وان لم يحصل به الاعلام اى لاعتماد على قبول قوله في دخول الوقت...... ثم اعلم انه ذكر في الحاوى القدسي من سنن المؤذن كونه رجلا عاقلا صالحا عالما بالسنن والاوقات مواظباً عليه محتسبا ثقة متطهراً مستقبلاً......الظاهر ان الاعادة انما هي في الموذن الراتب اما لو حضر جماعة عالمون بدخول الوقت واذن لهم فاسق او صبي يعقل لا يكره ولا يعاد اصلا لحصول المقصود، تامل. (ردالمحتار مع الدر المختار ص ۲۸۹، ۲۹۰ جلد ۱ باب الاذان)

الجواب: اذان عند الولادت کیلئے کوئی وقت مقرر نہیں ہے ﴿۱﴾ البتہ تعامل سے عجلت معلوم ہوتی ہے۔ وھو الموفق

اذان کے الفاظ غلط پڑھنا مکروہ ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک مؤذن ہے جو اذان کے بعض الفاظ اس طرح پڑھتا ہے کہ اللہ اکبر میں اللہُ کے ھا پر فتحہ اور حی علی الفلاح میں الفلاح کے فا کلمہ پر ضمہ پڑھتا ہے تو اذان دینا صحیح ہے یا غلط، ہمیں جلدی جواب سے نوازیں زیادہ آداب وسلام عرض ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: حاجی حکیم قلم خان لنڈی کوتل.....۱۹۷۸ء/۳/۶

الجواب: اس مؤذن کیلئے الفاظ درست کرنے سے قبل اذان دینا مکروہ ہے، فی الدرالمختار ولا لحن فیہ ای تغنی بغیر کلماتہ فانہ لایحل ۔ (ھامش ردالمحتار ص ۳۵۹ جلد ۱) ﴿۲﴾ ۔ وھو الموفق

اذان سے قبل تعوذ وتسمیہ کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہمارے علاقہ میں ایک مولوی

﴿۱﴾ قال الشیخ عبد القادر الرافعی: (قولہ حتی قالوا فی الذی یؤذن للمولود ینبغی ان یحول) قال السندی فیرفع المولود عند الولادة علی یدیہ مستقبل القبلة ویؤذن فی اذنہ الیمنی ویقیم فی الیسریٰ ویلتفت فیھما بالصلاة لجھة الیمین وبالفلاح لجھة الیسار وفائدة الاذان فی اذنہ انہ یدفع ام الصبیان عنہ. (تقریرات الرافعی ص ۴۵ جلد ۱ باب الاذان)

﴿۲﴾ قال العلامہ ابن عابدین: (قولہ بغیر کلماتہ) ای بزیادة حرکة او حرف او مد اوغیرھا فی الاوائل والاواخر قھستانی.

(ردالمحتار ھامش الدرالمختار ص ۲۸۵ جلد ۱ قبیل مطلب فی اول من بنی المنائر للاذان)

صاحب ہراذان سے پہلے لاؤڈ سپیکر پرتسمیہ اورتعوذ جہراً پڑھتے ہیں اور وجوب کے قائل ہیں آپ صاحبان سے گزارش ہے کہ کیابسم اللہ یا تعوذ بالجھر کتب شرعیہ میں ثابت ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی :مولوی گلاب خان فاضل حقانیہ ...۱۵/ ربیع الاول ۱۴۰۴ھ

الجواب: باوجود تتبع بلیغ کے واضح جزئیہ نہیں ملا، پس مناسب ہے کہ اس مولوی صاحب سے جزئیہ طلب کیا جائے کیونکہ انہوں نے متعارف اورتعامل سے روگردانی کی ہے﴿۱﴾۔فقط

تہجد کیلئے اذان دینا

سوال: اذان تہجد کا کیا حکم ہے؟ ہمارے ہاں ایک مسجد میں اذان تہجد دی جاتی ہے جبکہ اکثر مساجد میں تہجد کیلئے اذان نہیں دی جاتی ؟بینوا توجروا

المستفتی : مین العلوم صادق روڈ کوئٹہ ...۶/ ربیع الاول ۱۴۰۲ھ

الجواب: جائز ہے﴿۲﴾ کما یشیر الیه کلام البدائع ص۵۵جلد۱ بلال رضی الله عنه اما کان یؤذن بلیل لصلاة الفجر بل لمعان اخریٰ لما روی عن ابن مسعود رضی الله عنه عن النبیﷺ انه قال ایمنعکم من السحور اذان بلال فانه یؤذن بلیل لیوقظ نائمکم ویردقائمکم الحدیث﴿۳﴾. وهو الموفق

﴿۱﴾ وفی الهندیه :الاذان خمس عشرة کلمة وآخره عندنا لا اله الا الله کذافی فتاویٰ قاضی خان. (فتاویٰ عالمگیریه ص۵۵جلد۱ باب الاذان)

﴿۲﴾ وفی منهاج السنن: ذکر محمد فی الموطأ وغیره ان اذان بلال کان فی رمضان خاصة لسحور الناس وفی شرعة الاسلام ان الاذان للتسحیر فی رمضان مستحب وکلام البدائع وغیره یدل علی انه کان فی السنة کلها لصلوٰة التهجد.

(منهاج السنن شرح جامع السنن ص۸۰ جلد۲ باب ماجاء فی الاذان باللیل)

﴿۳﴾ (بدائع الصنائع ص۱۵۵ جلد۱ فصل فی بیان وقت الاذان)

موجود دور میں نقشہ اوقات پر اذان کا حکم اور قبل از وقت اذان کا اعادہ

سوال: (۱) کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ جس آدمی کو صبح صادق اور کاذب کی پہچان کا تجربہ نہ ہو تو اس کیلئے آج کل چھاپ شدہ نقشوں پر عمل کرنا جائز ہے یا نہیں؟
(۲) وقت سے قبل اذان دینے پر جو اعادہ واجب ہے وہ کتنے منٹ قبل اذان دینے پر ہے ایک شخص نے دس منٹ قبل اذان دینے پر اعادہ کا کہا ہے جواب سے نوازیں اور اجر دارین حاصل کریں۔

المستفتی: نامعلوم......۱۱/ دسمبر ۱۹۸۳ء

الجواب: (۱) چونکہ ان نقشوں کا دارمدار تقلید اخبار پر ہوتا ہے نہ کہ مشاہدات پر، لہٰذا بجائے اس کے کہ ان پر اعتماد کیا جائے احوط یہ ہے کہ مشاہدہ پر اعتماد کیا جائے اور طلوع شمس سے سوا گھنٹہ قبل اذان دی جائے اور اس سے قبل اداشدہ نماز کو دوبارہ پڑھی جائے ﴿۱﴾۔

(۲) آدھا منٹ اور اس سے بھی کم موجب اعادہ ہے ﴿۲﴾۔ وهو الموفق

﴿۱﴾ وفي المنهاج: قلت وصرح المشائخ بتفاوت الوقت بين طلوع الفجر الصادق وطلوع الشمس وكذا بين غروب الشمس وغيوب البياض بتفاوت المواسم والبلاد، والمشاهد في ديارنا قدر ساعة وربع ساعة. (منهاج السنن شرح جامع السنن ص ۱۰ جلد ۲ باب ماجاء في مواقيت الصلاة عن النبي ﷺ)

﴿۲﴾ وفي الهنديه: تقديم الاذان على الوقت في غير الصبح لا يجوز اتفاقا وكذا في الصبح عند ابي حنيفة ومحمد رحمهما الله تعالىٰ وان قدم يعاد في الوقت هكذا في شرح مجمع البحرين لابن الملك وعليه الفتوىٰ هكذا في التتارخانية ناقلا عن الحجة.
(فتاوىٰ هنديه ص ۵۳ جلد ۱ الفصل الاول في صفة واحوال المؤذن)

وقال العلامه عبد الحي اللكهنوي: (قوله في وقتها) اى فتجب اعادة الاذان ان اذن قبل الوقت وكذا لو قدم بعض كلماته على الوقت ووقع بعضها في الوقت يلزم استيناف الكل. (عمدة الرعاية على هامش شرح الوقايه ص ۱۵۲ جلد ۱ باب الاذان)

اذان کے بعد درود شریف پڑھنا مستحب ہے

سوال: اذان سے متصل بعد جہر سے درود شریف پڑھنے کا ثبوت قرآن وسنت یا ائمہ اربعہ کے اقوال میں موجود ہے یا نہیں؟ اگر ایسا نہیں، تو کیا اس بدعت کو بند کرنا علماء پر فرض نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد جان شنکیاری مانسہرہ.....۱۹۷۲ء/۱۲/۹

الجواب: اذان کی اجابت کے بعد درود پڑھنا مندوب اور مستحب ہے، لحدیث رواہ مسلم اذا سمعتم المؤذن فقولوا مثل ما یقول ثم صلو علی فانه من صلی علی الحدیث (مشکواۃ ص۶۸)﴿۱﴾ قلت والاجابة مثل عین الاذان فالظاهر ان حکمها واحد فیستحب للمؤذن ان یصلی واجاب لاعلی الجهر ولو جهر فلا یستحق الملام الا عند الالتزام ﴿۲﴾. فافهم وتدبر. وهو الموفق

صبح صادق اور اذان کے اوقات کی پہچان اور قبل از وقت اذان ونماز کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ جس آدمی کو صبح صادق اور کاذب جاننا مشکل ہو، جیسے عام لوگ، تو ان کیلئے مساجد میں آویزان شدہ نقشوں کی پابندی ضروری ہے یا نہیں؟ اگر نقشہ کے حساب سے پندرہ منٹ پہلے اذان دی جائے تو کیا ان کی اذان درست ہوگی اور اگر

﴿۱﴾ عن عبد الله ابن عمرو بن العاص قال قال رسول الله ﷺ اذا سمعتم المؤذن فقولوا مثل مایقول ثم صلوا علی فانه من صلیٰ علی صلوة صلی الله علیه بها عشرا ثم سلو الله لی الوسیلة فانها منزلة فی الجنة لا ینبغی الا لعبد من عباد الله وارجو ان اکون اناهو فمن سال لی الوسیلة حلت علیه الشفاعة، رواه مسلم. (مشکواة ص ۶۴ جلد ۱ باب فضل الاذان واجابة المؤذن)

﴿۲﴾ قال العلامة الشامی: وبان تخصیص الذکر بوقت لم یرد به الشرع غیر مشروع. (ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۶۱۳ جلد ۱ باب العیدین)

مسافراذان سنتے ہی اس اذان پرنماز پڑھ لےتو کیااس نماز کااعادہ ضروری ہے؟بینوا توجروا
المستفتی :رحم الدین بام خیل صوابی ۲۱/دسمبر۱۹۸۳ء

الجواب: ان نقشوں کی پابندی نہ مطلوب ہےاور نہ ممنوع،ہمارے مشاہدہ کے مطابق صبح صادق طلوع شمس سے سوا گھنٹہ قبل ظاہر ہوتا ہے﴿۱﴾،لہٰذااس سے قبل جواذان دی جائے وہ معاد کی جائے گی،اوراس سے قبل اداشدہ نماز کوبھی معاد کی جائے گی﴿۲﴾۔ وھو الموفق

لاؤڈسپیکر کے ذریعہ مسجد کے اندر سےاذان دینامکروہ نہیں

سوال: زیداورعمروکااذان کے مسئلہ پراختلاف پیداہواہے کہ مسجد کے اندر سےاذان دینا درست نہیں،جبکہ لاؤڈسپیکرعموماً مسجد کے اندر ہوتی ہےاوراذان اندر سے دی جاتی ہےتو اس مسئلہ میں کیا تطبیق کی جاوےگی؟بینوا توجروا
المستفتی : قاضی محمدزمان کوہاٹ......۲۲/دسمبر۱۹۸۳ء

الجواب: لاؤڈسپیکر پراذان دیناجائز ہےاوراذان کامسجد سے باہردینااولیٰ ہے﴿۳﴾اور

﴿۱﴾ قلت وصرح المشائخ بتفاوت الوقت بين طلوع الفجر الصادق وطلوع الشمس وكذا بين غروب الشمس وغيوب البياض بتفاوت المواسم والبلاد، والمشاهد في ديارنا قدر ساعة وربع ساعة. (منهاج السنن شرح جامع السنن ص ۱۰ جلد۲ باب ماجاء في مواقيت الصلاة عن النبي ﷺ)

﴿۲﴾ قال الشيخ عبد الحي اللكهنوي: (قوله في وقتها) اي فتجب اعادة الاذان ان اذن قبل الوقت وكذا لو قدم بعض كلماته على الوقت ووقع بعضها في الوقت يلزم استيناف الكل وكذا تجب اعادة الاقامة قبل الوقت.
(عمدة الرعاية على هامش شرح الوقايه ص ۱۵۲ جلد ۱ باب الاذان)

﴿۳﴾قال العلامه ابن عابدين: (قوله في مكان عال) في القنية ويسن الاذان في موضع عال والاقامة على الارض...... وينبغي للموذن ان يؤذن في ......(بقيه حاشيه اگلے صفحه پر)

ترک اولیٰ سے کراہیت لازم نہیں ہوتی ﴿۱﴾۔ وھو الموفق

اذان کے وقت انگوٹھے چومنا

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اذان میں مؤذن اشھد ان محمدرسول اللہ پر پہنچ جائے تو بعض لوگ انگوٹھے چومتے ہیں، کیا یہ درست ہے؟ کتابوں کا حوالہ لکھ کر ممنون فرماویں۔ بینوا توجروا

المستفتی: مولوی داؤدشاہ حضرو ضلع اٹک ۵/مارچ ۱۹۸۴ء

الجواب: جامع الرموز، کنز العباد، فتاویٰ صوفیہ اور کتاب الفردوس وغیرہ میں اس چومنے کو جائز کہا گیا ہے اور اسی باب میں احادیث مرفوعہ ضعیفہ مروی ہیں ﴿۲﴾ پس بعض اوقات بطور احتیاط یہ کام

(بقیہ حاشیہ) موضع یکون اسمع للجیران ویرفع صوته ولا یجهد نفسه لانه یتضرر الیٰ ان قال، وقال ابن سعد بالسند الی ام زید بن ثابت کان بیتی اطول بیت حول المسجد فکان بلال یؤذن فوقه من اول ماأذن الی ان بنی رسول اللهﷺ مسجده فکان یؤذن بعد علی ظهر المسجد وقد رفع له شیٔ فوق ظهره.

(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۲۸۳، ۲۸۵ جلد ۱ باب الاذان)

﴿۱﴾ قال الشیخ محمد امین ابن عابدین: واما المستحب اوالمندوب فینبغی ان لایکره ترکه اصلا لقولهم یستحب یوم الاضحی ان لا یاکل اولا الا من اضحیته ولو اکل من غیرها لم یکره فلم یلزم من ترک المستحب ثبوت الکراهة..... فی البحر فی صلاة العید عند مسئلة الاکل بانه لا یلزم من ترک المستحب ثبوت الکراهة اذلابد لها من دلیل خاص. (ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۸۳ جلد ۱ مطلب فی بیان السنة والمستحب والمندوب والمکروه)

﴿۲﴾ قال ابن عابدین: (تتمة) یستحب ان یقال عن سماع الاولیٰ من الشهادة صلی الله علیک یا رسول الله وعند الثانیة منها قرت عینی بک یارسول الله ثم یقول اللهم متعنی بالسمع والبصر بعد وضع ظفری الابهامین علی العینین فانه علیه السلام یکون قائداله الی الجنة کذا فی کنز العباد، قهستانی ونحوه فی الفتاویٰ الصوفیة (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

قابل اعتراض نہیں ہے، خصوصاً جبکہ صحت بدنیہ کی بنا پر ہو، البتہ ثواب کی نیت سے یہ اقدام قابل اعتراض ہے خصوصاً جبکہ بطور التزام کے ہو ﴿۱﴾ (والتفصیل فی السعایة). وهو الموفق

زبان پر اذان کا جواب دینا مسنون اور بالقدم واجب ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اذان کا جواب واجب ہے یا مسنون یا مستحب، اگر واجب ہے تو لساناً یا عملاً، توضیح مسئلہ فرما کر ممنون فرما دیں۔ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالقیوم ناظم مدرسہ سراج العلوم ٹیکسلا راولپنڈی ......۳۰/ ذی الحجہ ۱۴۰۲ھ

الجواب: اجابت باللسان مسنون ہے اور بالقدم واجب ہے اس شخص پر جس پر جماعت واجب ہو (شامیہ) ﴿۲﴾. وهو الموفق

(بقیہ حاشیہ) وفی کتاب الفردوس من قبل ظفری ابهامیه عند سماع اشهد ان محمدرسول الله فی الاذان انا قائده ومدخله فی صفوف الجنة وتمامه فی حواشی البحر للرملی عن المقاصد الحسنة للسخاوی وذکر ذلک الجراحی واطال ثم قال ولم یصح فی المرفوع من کل هذا شئ ونقل بعضهم ان القهستانی کتب علی هامش نسخة ان هذا مختص بالاذان وامافی الاقامة فلم یوجد بعد الاستقصاء التام والتتبع. (ردالمحتارهامش الدرالمختار ص ۲۹۳ جلد ۱ باب الاذان)

﴿۱﴾ وفی منهاج السنن: وفی السعایه فعلی هذا لو قبل الظفر احیاناً فلابأس وان التزمه واعتقده ضروریا یشبه ان یکون مکروها فرب شیئی مندوب ومباح یکون بالتخصیص والالتزام مکروها انتهیٰ قلت وورد فی بعض الروایات فی فضل التقبیل انه لایصیبه الرمد والعمی کمافی المقاصد الحسنة للسخاوی فعلیٰ هذا لو قبل للصحة البدنیة فلابأس ولوقبل رجاء للثواب فلا خیر فیه ویکون بدعة لعدم ثبوت هذه الروایات عن النبی ﷺ نعم یختص هذا بالاذان. (منهاج السنن شرح جامع السنن ص ۸۷ جلد ۲ باب مایقول اذا اذن المؤذن)

﴿۲﴾ قال العلامة ابن عابدین رحمه الله: ان الاجابة باللسان مستحبة وان الاجابة بالقدم واجبة ان لزم من ترکها تفویت الجماعة.

(ردالمحتارهامش الدرالمختار ص ۲۹۴ جلد ۱ باب الاذان)

اذان کے بعد دیگر کلمات کا ذکر واذکار

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اذان کے بعد دعائے مسنونہ کے علاوہ دیگر ذکر واذکار یا کلمہ طیبہ کا اگر کوئی شخص ورد کرے تو کیا اس کو بدعت کہا جا سکتا ہے، اور کیا اس شخص کو اس سے منع کرنا جائز ہوگا؟ بینوا توجروا

المستفتی: ظہور احمد متعلم دار العلوم حقانیہ.....۵/محرم ۱۴۰۳ھ

الجواب: ذکر مندوبہ کے علاوہ دیگر ذکر نہ مندوب ہے اور نہ ممنوع ہے، ایسے مفتیوں پر تعجب ہے کہ حرمت کو خود بخود ثابت کرتے ہیں حالانکہ، الاصل فی الاشیاء الاباحة ﴿۱﴾. وھو الموفق

مسجد میں لاؤڈ سپیکر کے ذریعے اذان وغیرہ جائز ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ مسجد میں لاؤڈ سپیکر کے ذریعے اذان، نعت، تلاوت وغیرہ جائز ہے یا نہیں؟ جبکہ اذان تو مسجد سے باہر مستحب ہے تو پھر کیا مسئلہ ہوگا۔ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالمتین دولت زئی مردان.....۲۵/ذی الحجہ ۱۳۹۶ھ

الجواب: مسجد میں اذان دینا جائز ہے خواہ لاؤڈ سپیکر میں ہو یا بغیر لاؤڈ سپیکر البتہ مسجد سے باہر افضل ہے ﴿۲﴾۔ نعت اور تلاوت بھی بلند آواز سے جائز ہے بشرطیکہ کسی نمازی کو

﴿۱﴾ قال العلامة ابن عابدين رحمه الله: (قوله فالتعريف بناء عليه) اى على ان الاصل الاباحة اقول هذا الجواب نافع فيما سكت عنه الشارع وبقى على الاباحة الاصلية اما مانص على اباحته او فعله عليه السلام فلا ينفع وقد نص فى التحرير على ان المباح يطلق على متعلق الاباحة الاصلية كما يطلق على متعلق الاباحة الشرعيه فالاحسن فى الجواب ان يقال المراد بقوله فى التعريف ماثبت ثبوت طلبه لا ثبو ت شرعية والمباح غير مطلوب الفعل وانما هو مخير فيه.
(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۷۸ جلد ۱ مطلب المختار ان الاصل فى الاشياء الاباحة)

﴿۲﴾ وفى الهنديه: وينبغى ان يوذن على الماذنة او ......(بقيه حاشيه اگلے صفحه پر)

تکلیف نہ ہو﴿۱﴾۔وھو الموفق

اذان سے پہلے یا بعد مروجہ صلاۃ وسلام پڑھنا

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اذان سے پہلے یا بعد میں مروجہ صلوۃ وسلام پڑھنے کی شرعی حیثیت کیا ہے اور نہ پڑھنے والے کو ملامت کرنا کیسا ہوگا؟ بینوا توجروا

المستفتی: حافظ عبدالرشید ارشد رسالپور...... ۱۹۷۷ء/۹/۳

الجواب: صلوٰۃ وسلام پڑھنا بذات خود عبادت اور موجب ثواب ہے لیکن مروجہ صلوٰۃ وسلام پڑھنا التزام﴿۲﴾ اور ایذاء﴿۳﴾ کی وجہ سے ناجائز اور واجب الاجتناب ہے۔ وھو الموفق

(بقیہ حاشیہ)خارج المسجد ولا یؤذن فی المسجد، والسنة ان یؤذن فی موضع عال یکون اسمع لجیرانه ویرفع صوته ولا یجهد نفسه.....ویقیم علی الارض هکذا فی القنیة، وفی المسجد هکذا فی البحر.

(فتاویٰ عالمگیریه ص۵۵جلد ۱ الفصل الثانی فی کلمات الاذان والاقامة وکیفیتهما)

﴿۱﴾ قال الشیخ محمد امین الشهیر بابن عابدین: وفی حاشیة الحموی عن الامام الشعرانی اجمع العلماء سلفاً وخلفاً علی استحباب ذکر الجماعة فی المساجد وغیرها الا ان یشوش جهرهم علی نائم او مصل او قاری الخ.

(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص۴۸۸جلد ۱ مطلب فی رفع الصوت بالذکر)

﴿۲﴾ قال العلامه ابن نجیم: ولان ذکر الله تعالیٰ اذا قصد به التخصیص بوقت دون وقت او بشئ دون شئ لم یکن مشروعا حیث لم یرد الشرع به لانه خلاف المشروع.

(البحر الرائق ص۱۵۹ جلد۲ باب العیدین)

﴿۳﴾ قال ابن عابدین: وفی حاشیة الحموی عن الامام الشعرانی اجمع العلماء سلفاً وخلفاً علی استحباب ذکر الجماعة فی المساجد وغیرها الا ان یشوش جهرهم علی نائم او مصل او قاری الخ.

(ردالمحتار ص۴۸۸جلد ۱ مطلب فی رفع الصوت بالذکر)

اذان سے پہلے بلند آواز سے صلاۃ وسلام پڑھنا

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ قبل از اذان بصوت جہر صلوۃ وسلام پڑھنا کیسا ہے یہ سنت ہے یابدعت؟بینوا توجروا

المستفتی: عبدالکریم عباسی......۱۹۷۷ء/۹/۱۸

الجواب: صلوۃ وسلام بذات خود عبادت ہے لیکن اپنی طرف سے اس کیلئے وقت خاص کرنا مکروہ ہے خصوصاً جبکہ نمازیوں کو بھی تکلیف ہو، کمافی البحر ص ۱۵۹ جلد۲ ولان ذکر الله اذا قصد به التخصيص بوقت دون وقت او بشئ دون شئ لم يكن مشروعا حيث لم يرد الشرع به لانه خلاف المشروع ﴿۱﴾. وفی ردالمحتار ص ۴۴۱ جلد۱ اجمع العلماء سلفا وخلفا على استحباب ذكر الجماعة في المساجد وغيرها الا ان يشوش جهرهم على نائم او مصل الخ ﴿۲﴾. وهو الموفق

اذان کے وقت انگوٹھے چومنا روایات صحیحہ سے ثابت نہیں

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اکثر لوگ اشهد ان محمد رسول الله کو اذان کے دوران سننے پر اپنے انگوٹھے چومتے ہیں اور آنکھوں پر لگاتے ہیں یہ کام بعض لوگ سنت سمجھتے ہیں اور استدلال میں روایات ذکر کرتے ہیں جن کو مظاہر حق والے نے روایت کیا ہے حالانکہ یہ خلاف سنت رسم ہے اس کو چھوڑ دینا چاہئے اور جس حدیث کا حوالہ دیا جاتا ہے اس کو علامہ ابن طاہر نے تذکرہ میں کہا ہے کہ وہ صحیح نہیں (فوائد المجموعه فی الاحادیث الموضوعه ص د مولفه علامه شوکانی) الغرض یہ کام کرنا کیسا ہے سنت یا خلاف سنت یابدعت؟بینوا توجروا

المستفتی: مولانا رحیم اللہ اضاخیل نوشہرہ......۱۷/ جولائی ۱۹۷۵ء

﴿۱﴾ (البحر الرائق ص ۱۵۹ جلد۲ باب العيدين)

﴿۲﴾ (ردالمحتار هامش الدرالمختار ص۴۸۸ جلد۱ مطلب فی رفع الصوت بالذكر)

الجواب: یہ مخصوص تقبیل اگر چہ علاجاً جائز ہے لیکن ثواب کی نیت سے کرنا بدعت ہے اور چونکہ موجودہ وقت میں عوام اس کو ثواب کی نیت سے کرتے ہیں لہٰذا فتویٰ نہ کرنے کا دیا جائے گا، لان حدیث الصدیق لا یصح رفعه (کمافی المصنوع فی احادیث الموضوع ص ۲۵) (والفوائد المجموعه ص ۹) وعدم صحة الرفع لایستلزم صحة الموقوف بل لا بد من المراجعة الیٰ الاسناد وکذا مانقل عن الخضر علیه السلام لیس بحجة وفی سنده مجاهیل مع الانقطاع (بوادر ص ۴۰۹)﴿۱﴾ ومافی کنز العباد وغیره من کتب الفقه فبناء علی تلک الروایات دون النقل عن الائمة ﴿۲﴾. فافهم وتدبر

﴿۱﴾ قال الشیخ اشرف علی التهانوی : قلت اور د صاحب المقاصد فی الباب عدة اقسام من الروایات المرفوع من حدیث ابی بکر الصدیق عن الدیلمی ثم قال لایصح وقال ایضا ولا یصح فی المرفوع من کل هذا الشیٔ والمنقول عن الخضر علیه السلام عن کتاب موجبات الرحمة وعزائم المغفرة لابی العباس احمد بن ابی بکر الرداد الیمانی المتصوف بسندفیه مجاهیل مع انقطاعه (فلم یصح) والموقوف علی الحسن عن الفقیه محمد بن سعید الخولانی بسنده والمنقول عن المشائخ کمحمد بن البابا والمجد احد القدماء من المصریین وبعض شیوخ العراق اوالعجم وابن صالح ومحمد بن ابی نصر البخاری اقوالهم وورد فی فضله فی ألاول فقد حلت علیه شفاعتی وفی سائرها حفظ العین عن الرمد والعمی ودم الالم عنها هذا ملخص مافی المقاصد اما حکم هذا العمل فظاهر وهو انه ان فعل باعتقاد الثواب الذی لم یثبت دلیله کان بدعة وزیادة فی الدین واکثر من یفعله فی زماننا اعتقادهم کذلک فلا شک فی کونه بدعة وان فعل بنیة الصحیحة البدنیة فهو نوع من الطب فیجوز فی نفسه لکن لو اقصیٰ الی ایهام القربة کما هو المظنون من العوام فی هذا الزمان یمنع منه مطلقاً. (بوادرالنوادر ص۴۰۸، ۴۰۹ چونتیسواں نادره درمسح عینین بالانامل عند الاذان)

﴿۲﴾ وفی منهاج السنن: واما تقبیل ظفر الابهامین فقد ذکر فی جامع الرموز وکنز العباد والفتاویٰ الصوفیه ان یقول عند السماع الاول من شهادتی الرسالةﷺ یارسول الله وعند الثانیة منها قرة عینی بک یارسول الله ویقول اللهم متعنی بالسمع والبصر بعد وضع ظفری الابهامین علی العینین فمن فعله کان رسول اللهﷺ قائده الی الجنة وفی کتاب الفردوس من قبل ظفری ابهامیه عند سماع اشهد ان محمدا رسول الله فی الاذان اناقائده ومدخله فی الجنة انتهیٰ، قالوا لم یصح فی المرفوع فی هذا شیٔ نعم ورد ذلک... (بقیه حاشیه اگلے صفحه پر)

اقامت کے وقت کس مرحلہ پر نماز کیلئے کھڑا ہونا چاہئے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہم نے جہاں بھی نماز پڑھی ہے اقامت شروع ہوتے ہی امام کے پیچھے کھڑے ہو جاتے ہیں لیکن یہاں ایک مسجد میں جب اقامت شروع ہو جائے تو امام اور مقتدی سب بیٹھ جاتے ہیں، حتی کہ حی علی الصلوۃ کہنے کے وقت امام اور سب مقتدی کھڑے ہو جاتے ہیں جو کہ اس حدیث سے ثابت کرتے ہیں، عن ابی قتادۃ الحارث بن ربعی اذا اقیمت الصلوۃ فلا تقوموا حتی ترونی، اس حدیث کا مطلب واضح کریں، تا کہ پتہ لگ جائے کہ ان دو فرقوں میں سے کونسا صحیح ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: فضل الدیان ڈاک اسماعیل خیل نوشہرہ پشاور

الجواب: حی علی الصلوٰۃ پڑھنے کے وقت سے قیام کرنا ادب اور افضل ہے اور پہلے سے قیام کرنے میں نہ گناہ ہے اور نہ عتاب ﴿۱﴾ (الدر المختار) جن فقہاء نے پہلے سے قیام کو مکروہ کہا ہے تو

(بقیہ حاشیہ) فی احادیث مرفوعة ضعیفة ، فان قیل الحدیث الضعیف یکفی فی الفضائل قلنا انهم اشترطوا فی العمل بالضعیف شروطا منها ما ذکره السیوطی و الرملی ان لا یعتقد سنیة ذلک الفعل الثابت بالحدیث الضعیف بل یعتقد الاحتیاط ، وفی السعایه فعلیٰ هذا لو قبل الظفر احتیاطا احیانا فلابأس و ان التزمه واعتقده ضروریا یشبه ان یکون مکروهاً فرب شئ مندوب ومباح یکون بالتخصیص والا لتزام مکروها انتهیٰ قلت وورد فی بعض الروایات فی فضل التقبیل انه لا یصیبه الرمد و العمی کما فی المقاصد الحسنة للسخاوی ،فعلیٰ هذا لو قبل للصحة البدنیة فلابأس ولو قبل رجاء للثواب فلا خیر فیه ویکون بدعة لعدم ثبوت هذه الروایات عن النبیﷺ نعم یختص هذا بالاذان.

(منهاج السنن شرح جامع السنن ص۸۷ جلد۲ باب مایقول اذا اذن المؤذن)

﴿۱﴾ قال العلامة ابن عابدین رحمه الله: ویکره له الانتظار قائما ولکن بقعد ثم یقوم اذا بلغ المؤذن حیی علی الفلاح انتهیٰ هندیه عن المضمرات.

(ردالمحتارهامش الدرالمختار ص۲۹۵ جلد۱ باب الاذان)

ان کی مراد کراہت تنزیہی ہے جس کے کرنے میں عقاب یا عتاب کا خطرہ نہیں ہے ﴿۱﴾ نیز روایات حدیثیہ ﴿۲﴾ اور فقهیه ﴿۳﴾ سے صفوف کی برابری کا مہتم بالشان اور ضروری ہونا ثابت ہے پس افضل اگر چہ حی علی الصلوة کے وقت سے قیام ہے لیکن عادت اور تجربہ سے معلوم ہے کہ ایسے طرزعمل سے صفوف کو ضرور نقصان پہنچتا ہے، لہٰذا اس عارض کی وجہ سے افضل یہ ہے کہ پہلے سے قیام کیا جائے ﴿۴﴾ اور باقی رہا حدیث تو اس کی اس مسئلہ کے ساتھ کوئی خاص مناسبت نہیں ہے بلکہ اس سے مراد یہ ہے کہ امام کا انتظار کھڑے ہوکر کرنا مکروہ ہے اور یہ اتفاقی مسئلہ ہے باقی توجیہات تکلف سے خالی نہیں ہیں۔ وهو الموفق

﴿۱﴾ قال الشيخ محمد امين ابن عابدين: والظاهر ان خلاف الاولیٰ اعم فكل مكروه تنزيها خلاف الاولیٰ ولا عكس لان خلاف الاولیٰ قد لا يكون مكروها حيث لا دليل خاص كترك صلاة الضحیٰ.
(ردالمحتار هامش الدر المختار ص۴۸۳ جلد ۱ مطلب في بيان السنة والمستحب والمندوب الخ)

﴿۲﴾ عن النعمان بن بشير قال كان رسول الله ﷺ يسوى صفوفنا حتى كانما يسوى بها القداح حتى راى انا قد عقلنا عنه ثم خرج يوما فقام حتى كاد ان يكبر فراى رجلاً باديا صدره من الصف فقال عبادالله لتسون صفوفكم او ليخالفن الله بين وجوهكم رواه مسلم.
(مشكواة المصابيح ص۹۷ جلد ۱ باب تسوية الصف الفصل الاول)

﴿۳﴾ وفي الهنديه: وينبغي للقوم اذا قاموا الى الصلوة ان يتراصوا ويسدوا الخلل ويسووا بين مناكبهم في الصفوف ولاباس ان يامرهم الامام بذلك.
(فتاویٰ عالمگیری ص ۸۹ جلد ۱ الفصل الخامس في بيان مقام الامام والمأموم)

﴿۴﴾ وفي منهاج السنن: وقال ابو حنيفه ومحمد يقومون عند حی علی الصلوٰة يشرعون عند قد قامت الصلوٰة، وبالجمله انه لايجب القيام على المقتدى الجالس المنتظر قبل ذلك على اختلاف بينهم في تعين ذلك الحد لا ان القيام قبل ذلك غير جائز كمافي الطحطاوی على الدر المختار في شرح قوله والقيام حين قيل حی علی الفلاح والظاهر انه احتراز عن التاخير دون التقديم حتى لو قام اول الاقامة لا بأس انتهیٰ.
(منهاج السنن شرح جامع السنن ص۷۸ جلد ۲ باب ماجاء ان الامام احق بالاقامة)

لاؤڈ سپیکر پر اذان کے جواز کی دلیل

سوال: چہ میفر مایند علماء دین دریں مسئلہ کہ اذان درلاؤڈ سپیکر درست است یا نہ؟ اگر درست است بہ کدام دلائل متقدمین یا متاخرین دریں مسئلہ بحث قوی است یا نہ، واگر درست نیست بچہ وجہ معتبر فی زماننا است۔ بینوا توجروا

المستفتی: غلام محمد خطیب جامع مسجد چمڈ یری ضلع مردان.....۱۹۶۹ء/۵/۹

الجواب: چونکہ دراذان رفع صوت مطلوب ومحمود ست ﴿۱﴾ لہٰذا درالہ مکبر الصوت اذان کردن مشروع بود، والدليل على حسن رفع الصوت ما ورد انه عليه السلام قال قم مع بلال فالق عليه ما رئيت فليؤذن به فانه اندى صوتا منک، رواه الترمذی وروى ابن ماجه انه عليه السلام امر بلالا ان يجعل اصبعيه فی اذنيه قال انه ارفع لصوتک ﴿۲﴾ وقال العلامة الشامی ناقلا عن النهاية واذا اذن المؤذنون الاذان الاول ترک الناس البيع ذکر المؤذنين بلفظ الجمع اخراجاً للكلام مخرج العادة فان المتوارث فيه اجتماعهم التبليغ اصواتهم الى اطراف المصر الجامع انتهى. (ص ۳۶۲ جلد ۱ ردالمحتار) ﴿۳﴾. پس چونکہ نفس الامر میں اذان کے کلمات پڑھ چکے ہیں تو سنت بہر حال ادا ہوئی ہے اوراس کے علاوہ لاؤڈ سپیکر کے ذریعہ رفع صوت ہو مقصد نور علی نور کے طریق سے حاصل ہو رہا ہے لہٰذا اس کے جواز میں کوئی شک نہیں ہے۔ فقط

﴿۱﴾ قال العلامه ابن عابدين: وفی السراج وينبغی للمؤذن فی موضع يكون اسمع للجيران ويرفع صوته ولا يجهد نفسه لانه يتضرر.
(ردالمحتار هامش الدر المختار ص ۲۸۳ جلد ۱ قبيل مطلب فی المواضع التی يندب لها الاذان)
﴿۲﴾ (مشكواة المصابيح ص ۶۴ جلد ۱ باب الاذان الفصل الثالث)
﴿۳﴾ (ردالمحتار هامش الدر المختار ص ۲۸۷ جلد ۱ باب الاذان مطلب فی اذان الجوق)

تثویب جائز ہے اور اذان میں داخل سمجھنا بدعت ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ تثویب جائز ہے یا بدعت ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی. گل فروز خان وزیر

الجواب: تثویب جائز ہے اس میں تعاون علی البر موجود ہے ﴿۱﴾ البتہ اذان میں داخل کرنا بدعت ہے، یدل علیه مافی الشرح التنویر ویثوب بین الاذان والاقامة فی الکل للکل بما تعارفوه (هامش ردالمحتار ص ۳۶۱، ۳۶۲ جلد ۱) ﴿۲﴾. وهو الموفق

مسجد کی زمین پر بذریعہ لاؤڈ سپیکر اذان دینا بدعت نہیں

سوال: محترم المقام حضرت مولانا مفتی محمد فرید صاحب مفتی اعظم دارالعلوم حقانیہ!

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته کے بعد مسئلہ ذیل کی وضاحت فرما کر مشکور وممنون فرماویں، کہ ہمارے ہاں ایک مولانا نے مسجد کی زمین پر بذریعہ لاؤڈ سپیکر اذان دینا بدعت سیئہ اور مکروہ تحریمی قرار دیا ہے کیا ان کا یہ مسئلہ صحیح ہے مع حوالہ جات کتب کے لکھ کر ہمیں مطمئن کریں۔ بینوا توجروا

المستفتی: مولانا سید شاہ جہان صادق گونڈ اشبقد رفورٹ چارسدہ

﴿۱﴾ وفی منهاج السنن: وجوزه المتأخرون فی الکل للکل بما تعارفوه واستثنوا من الصلوات صلوٰة المغرب لعدم افادة التثویب فیها کما فی النهایه وغیرها وهذا التثویب وان لم یعهد فی الصدر الاول لکن له اصلا فی الشرع ووجها وجیها فی الاصول روی ابو داؤد عن ابی بکرة قال خرجت مع رسول الله ﷺ لصلوٰة الصبح فکان لا یمر برجل الا ناداه بالصلوٰة او حرکه بالرجل، وفیه تعاون علی البر وتکثیر للجماعة ونظیره فی ترک ما عهد فی عصره ﷺ منع النساء عن المساجد.

(منهاج السنن شرح جامع السنن ص۷۵ جلد۲ باب ماجاء فی التثویب فی الفجر)

﴿۲﴾ (الدر المختار علی هامش ردالمحتار ص۲۸۶، ۲۸۷ جلد۱ باب الاذان)

الجواب: افضل یہ ہے کہ اذان مسجد سے خارج مقام پر دی جائے، کما فی الھندیہ ص۵۷ جلد ۱ وینبغی ان یؤذن علی المأذنة او خارج المسجد ولا یؤذن فی المسجد کذا فی فتاویٰ قاضی خان ﴿۱﴾ باقی رہا لاؤڈ سپیکر میں اذان، تو نہ ممنوع ہے اور نہ مطلوب ہے ﴿۲﴾۔ وھو الموفق

تثویب مفتیٰ بہ قول کی بنا پر جائز ہے

سوال: محترم المقام حضرت مفتی صاحب دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! بعد از سلام عرض یہ ہے کہ ہمارا شیخ صاحب اذان کے بعد آواز دیتا ہے کہ "ایمان والو نماز کیلئے آؤ" صرف یہی الفاظ بولتا ہے دوسری طرف ایک مولانا صاحب اور اس کا شیخ صاحب یہ حکم دیتا ہے کہ جس مسجد میں یہ آواز ہو جائے تو اس میں کسی کی نماز ادا نہیں ہوتی، تو اس آواز کے جواز اور عدم جواز نیز اس مسجد میں نماز کے ادا ہونے یا نہ ہونے کا مسئلہ واضح فرماویں تو عین نوازش ہوگی۔ بینوا توجروا

المستفتی: سید سلیمان شاہ بہلولہ پایاں چارسدہ

الجواب: یہ تثویب ہے اور مفتیٰ بہ قول کی بنا پر جائز ہے، لمافی الدرالمختار فی باب الاذان ویثوب بین الاذان والاقامة فی الکل للکل بما تعارفوہ قال العلامة الشامی (ص ۲۶۲ جلد ۱) کتنحنح او قامت قامت او الصلوٰة الصلوٰة ولو احدثوا اعلاما مخالفا

﴿۱﴾ (فتاویٰ عالمگیریہ ص ۵۵ جلد ۱ الفصل الثانی فی کلمات الاذان والاقامة و کیفیتھما)

﴿۲﴾ قال العلامہ ابن عابدین الشامی: ان الاصل الاباحة اقول ھذا الجواب نافع فیما سکت عنہ الشارع وبقی علی الاباحة الاصلیة اماما نص علی اباحتہ او فعلہ علیہ السلام فلا ینفع وقد نص فی التحریر علی ان المباح یطلق علی متعلق الاباحة الاصلیة کما یطلق علی متعلق لاباحة الشرعیة فالاحسن فی الجواب ان یقال المراد بقولہ فی التعریف ما ثبت ثبوت طلبہ لا ثبوت شرعیتہ والمباح غیر مطلوب الفعل وانما ھو مخیر فیہ.

(ردالمحتار ھامش الدرالمختار ص۸۷ جلد ۱ مطلب المختار ان الاصل فی الاشیاء الاباحة)

لذالک جاز نهر عن المجتبیٰ ﴿۱﴾، اور یہ قول کہ اس مسجد میں کسی کی نماز ادا نہیں ہوتی تو معلوم ہوتا ہے کہ یہ قائل یا جاہل ہے یا متجاہل ہے۔ وھو الموفق

اذان مسجد سے باہر اونچی جگہ پر دینا بہتر ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہمارا گاؤں ایک چھوٹی بستی ہے جس کی مسجد کے بیرونی دروازہ پر زمین سے کئی فٹ اونچا ممبر ہے، اور موذن اس پر اذان دیا کرتا ہے بعض خواتین منع کرتی ہیں کہ یہاں سے مکانات نظر آتے ہیں لہٰذا اذان نیچے زمین پر دیا کریں، تو شرعاً اس کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: غلام صادق مسجد چک نمبر ۵۳ بھکر میانوالی.....۲۳/۴/۱۴۰۱ھ

الجواب: بہتر یہ ہے کہ اذان مسجد سے باہر اونچی جگہ پر دی جائے، لان بلالا رضی الله عنہ کان یوذن علی بیت امرء ة من بنی النجار و کان اطول بیت حول المسجد کما فی ابی داؤد ص۷۷ ﴿۲﴾ وفی الهندیه ص۵۷ جلد ۱ وینبغی ان یؤذن علی المأذنة او خارج المسجد و لا یؤذن فی المسجد کذا فی فتاویٰ قاضی خان ﴿۳﴾.

نوٹ:......تاہم پردہ کا انتظام ضروری ہے۔ وھو الموفق

سوائے مغرب کے دیگر اوقات میں تثویب مستحسن ہے

سوال: کیا فرماتے علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ تثویب کے متعلق کافی اختلاف موجود

﴿۱﴾ (الدر المختار علی هامش ردالمحتار ص ۲۸۶، ۲۸۷ جلد ۱ باب الاذان)

﴿۲﴾ عن عروة بن الزبیر عن امرأة من بنی النجار قالت کان بیتی من اطول بیت کان حول المسجد فکان بلال یؤذن علیه الفجر فیاتی بسحر فیجلس علی البیت ینظر الی الفجر الخ. (سنن ابی داؤد ص ۸۴ جلد ۱ باب الاذان فوق المنارة)

﴿۳﴾ (فتاویٰ عالمگیریہ ص ۵۵ جلد ۱ الفصل الثانی فی کلمات الاذان و الاقامة و کیفیتهما)

ہے اس میں مختلف اقوال ہیں صحیح اور فیصلہ شدہ قول کونسا معتبر ہوگا۔ بینوا توجروا

المستفتی: بسم اللہ شاہ متعلم حقانیہ......۱۵/دسمبر ۱۹۸۲ء

الجواب: فقہاء کرام نے سوائے مغرب کے دیگر اوقات میں تثویب کو مستحسن قرار دیا ہے﴿۱﴾ اس کا ماخذ موجود ہے اور نظیر بھی موجود ہے﴿۲﴾۔ وهو الموفق

اذان کے کلمات کے آخر میں ہا، ہا، ہالحن اور ناجائز ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہمارے علاقہ میں مؤذنین جب اذان میں اشهد ان لا اله الا الله پر پہنچتے ہیں تو آخر میں ہا، ہا، ہا وغیرہ پڑھتے ہیں اس کا شرعی حکم کیا ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: یوسف نمبر دار واہ کینٹ راولپنڈی......۱۸/۸/۱۴۰۱ھ

الجواب: چونکہ ہا، ہا وغیرہ آخر میں لحن ہے، لہٰذا ناجائز ہے، لما فی الدر المختار ص ۳۵۹ جلد ۱ ولا لحن فيه اى تغنى بغير كلماته فانه لا يحل فعله ولا سماعه كالتغنى بالقرآن وفى ردالمحتار تحت قوله بغير كلماته اى بزيادة حركة او حرف او مد او

﴿۱﴾ قال العلامة ابن عابدين رحمه الله: (قوله فى الكل) اى كل الصلوٰت لظهور التوانى فى الامور الدينية قال فى العناية احدث المتأخرون التشويب بين الاذان والاقامة على حسب ماتعارفوه فى جميع الصلوات سوى المغرب مع ابقاء الاول يعنى الاصل هو تثويب الفجر وما رآه المسلمون حسنا فهو عند الله حسن.

(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص۲۸۶ جلد ۱ باب الاذان قبيل مطلب فى اذان الجوق)

﴿۲﴾ وفى منهاج السنن: وهذا التثويب وان لم يعهد فى الصدر الاول لكن له اصلا فى الشرع ووجها وجيها فى الاصول روى ابوداؤد عن ابى بكرة قال خرجت مع رسول الله ﷺ لصلوٰة الصبح فكان لا يمر برجل الاناداه بالصلوٰة او حركه بالرجل، وفيه تعاون على البر وتكثير للجماعة ونظيره فى ترك ماعهد فى عصره ﷺ منع النساء عن المساجد

(منهاج السنن شرح جامع السنن ص۲۷ جلد ۲ باب التثويب فى الفجر)

غیرها فی الاوائل والاواخر ﴿۱﴾ . معلوم ہوا کہ زیادت حرکت یا زیادت حرف یا مد آخر یا اول میں لحن ہے،وھو لا یجوز. وھو الموفق

اذان واقامت میں جاہلانہ رویہ پر اصرار جائز نہیں

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہمارے محلّہ کی مسجد دوخاندانوں میں مشترک ہے اذان واقامت کیلئے نمبر مقرر کیا گیا ہے کہ ایک ہفتہ ایک خاندان کا کوئی فرد اذان واقامت کہے گا،اوردوسرے ہفتے میں اس شخص یعنی دوسرے خاندان کا ایک فرداذان کردے گا،اب وہ شخص امی ہے اس کے باری آنے پر اگر کوئی اذان دیتا ہے تو وہ اسے مار کر نیچے گرادیتا ہے اور خود دوبارہ اذان دیتا ہے،اسی طرح اقامت بھی خوددوبارہ کہتا ہے،تو ایسے شخص کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی:مرحم اللہ بونیر......۱۹/شوال ۱۴۰۱ھ

الجواب: بشرط صدق ثبوت یہ شخص جاہل مرکب ہے اس پر ضروری ہے کہ کتاب وسنت کا اتباع کرے،اوران امور شنیعہ پر اصرار نہ کرے۔ وھو الموفق

اذان سے قبل تعوذ وتسمیہ جہر سے پڑھنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اذان سے قبل تعوذ وتسمیہ پڑھنے کا کیا حکم ہے؟ اور جہر سے پڑھنا چاہئے یا آہستہ؟ بینوا توجروا

المستفتی:ڈاکٹر سعید قذافی مارکیٹ باجوڑ......۱۰/ذی القعدہ ۱۴۰۲ھ

الجواب: اذان سے قبل تعوذ اور بسملہ بذات خود نہ مطلوب ہے اور نہ ممنوع ﴿۲﴾ البتہ ان کا

﴿۱﴾ (الدرالمختار علی هامش ردالمحتار ص ۲۸۵ جلد ۱ باب الاذان)

﴿۲﴾ قال العلامة ابن عابدين رحمه الله: (قوله وشرعا اعلام مخصوص) ای اعلام بالصلاة قال في الدرر ويطلق على الالفاظ المخصوصه ای التی يحصل..... (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

جہر سے پڑھنا خصوصاً اذان کی طرح پڑھنا ممنوع ہے کیونکہ عوام ان کو اذان کے کلمات سے شمار کرنے لگیں گے ﴿۱﴾ نیز یہ تعامل سلف اور خلف سے مخالف ہے۔ وھو الموفق

اذان کے وقت اہل بدع کے شعار اور التزام مالایلزم سے اجتناب ضروری ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین ومفتیان عظام اس مسئلہ کے بارے میں کہ ازروئے شریعت محمدی اذان سے قبل یا بعد سراً یا جہراً درود شریف پڑھنا کیسا ہے جیسا کہ بعض لوگ کرتے ہیں، حالانکہ درود شریف کے بہت فضائل ہیں تو پھر اس کو کیوں بعض لوگ منع کرتے ہیں قرآن وسنت کی تعلیمات کی روشنی میں ہمیں جواب سے مستفیض فرماویں؟ بینوا توجروا

المستفتی: حضرت بلال چورنگی ضلع کوہاٹ......۳۰/اکتوبر۱۹۸۴ء

الجواب: درود شریف بذات خود ایک بہت بڑی عبادت ہے اور عبادت غیر موقتہ ہے، البتہ جو درود شریف اہل بدع کا شعار ہو اور یا اس میں التزام مالایلزم کا اعتقاد ہو تو اس سے اجتناب ضروری ہے ﴿۲﴾ قال رسول اللہ ﷺ اتقوا مواضع التهم ﴿۳﴾. وهو الموفق

(بقيه حاشيه) بها الاعلام من اطلاق اسم المسبب على السبب اسمعيل دائما لم يعرفه بالالفاظ المخصوصه لان المراد الاذان للصلاة ولو عرف بها الدخل الاذان للمولود ونحوه على مايأتي...... (قوله على وجه مخصوص) اى من الترسل والاستدارة والالتفات وعدم الترجيع واللحن ونحو ذلك من احكامه الآتية. (ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۲۸۲ جلد ۱ باب الاذان)

﴿۱﴾ قال العلامه حلبي : كل مباح يؤدى اليه اى (الىٰ اعتقاد الجهلة سنيتها) فمكروه.
(غنية المستملي المعروف بالكبيرى ص ۵۲۹ فصل في مسائل شتىٰ)

﴿۲﴾ قال ابن نجيم رحمه الله: ولان ذكر الله تعالىٰ اذا قصد به التخصيص بوقت دون وقت او بشئ دون شئ لم يكن مشروعا حيث لم يرد الشرع به لانه خلاف المشروع.
(البحر الرائق ص ۱۵۹ جلد ۲ باب العيدين)

﴿۳﴾ حديث اتقوا مواضع التهم رواه البخاري في الادب...... (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

بلا وضو اذان افضل نہیں ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ بلا وضو اذان دینا صحیح ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: شمشاد خان طورو مردان ۱۳/صفر ۱۴۰۵ھ

الجواب: بلا وضو اذان دینا افضل نہیں ہے ﴿۱﴾۔ وھو الموفق

تثویب کی مختلف روایات میں تطبیق

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل میں کہ ہمارے گاؤں میں اذان کے بعد مؤذن یا اور کوئی آدمی لوگوں کو آواز دیتے ہیں کہ نماز کیلئے آئیں، اس مسئلہ میں علماء کرام کا اختلاف ہے بعض کہتے ہیں کہ یہ بدعت ہے اور ابوداؤد شریف پر حوالہ دیتے ہیں اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کے اقوال پیش کرتے ہیں اور بعض علماء کرام فرماتے ہیں کہ یہ اعلان جائز ہے اور ہدایہ اور شرح

(بقیہ حاشیہ) المفرد، وقال الملا علی قاری حدیث اتقوا مواضع التھم ھو معنی قول عمر، من سلک مسالک التھم اتھم، رواہ الخرائطی فی مکارم الاخلاق عن عمر موقوفا بلفظ من اقام نفسه مقام التھم فلا تلومن من اساء الظن به.

(الموضوعات الکبریٰ لملا علی قاری ص ۴۹ رقم حدیث ۱۵۱)

﴿۱﴾ قال فی الھندیه: ولایکرہ اذان المحدث فی ظاھر الروایة ھکذا فی الکافی.

(فتاویٰ عالمگیریه ص ۵۴ جلد ۱ باب الاذان)

وفی منھاج السنن: مذھب ابی حنیفة انه یکرہ الاقامة بغیر وضوء ویجوز الاذان وروی عنه انه یکرہ الاذان ایضاً ویؤیدہ حدیث لایؤذن احدکم الا وھو طاھر اخرجه ابو الشیخ مرفوعاً وفی سندہ عبد الله بن ھارون وھو ضعیف واخرجه البیھقی موقوفاعلی وائل وفی سندہ انقطاع لم یسمع الجبار عن ابیه وائل شیأً.

(منھاج السنن شرح جامع السنن ص۷۷ جلد۲ باب کراھیة الاذان بغیر وضوء)

وقایہ پرحوالہ دیتے ہیں، اب عوام متحیر ہیں، اورجگہوں سے بھی ہم نے جواب طلب کیا مگر کسی نے تسلی بخش جواب نہیں دیا، آپ صاحبان کی خدمت میں عرض ہے کہ ہمیں تسلی بخش جواب تحریرفرمائیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: منظور احمد مسجون دارالعلوم تعلیم القرآن راجہ بازار راولپنڈی.....۱۴/محرم ۱۴۰۵ھ

الجواب: فقہاء حنفیہ نے اس تثویب کو جائز قرار دیا ہے ﴿۱﴾ بدلیل ان فیه تعاونا علی البر وبدلیل ان النبیﷺ کان یحرک رجل النائم اوناداه، رواه ابوداؤد ولان بلالاً رضی الله عنه کان ینادی رسول اللهﷺ للصلاة وانکار بعض الصحابة علیه بناء علی بعض العوارض مثل التثویب بالصلاة خیر من النوم فی غیر الفجر ومثل الالتزام ﴿۲﴾. وهو الموفق

﴿۱﴾ قال العلامة الحصکفی رحمه الله: (ویثوب) بین الاذان والاقامة فی الکل للکل بما تعارفوه . قال ابن عابدین رحمه الله:(قوله فی الکل) ای کل الصلوات لظهور التوانی فی الامور الدینیة قال فی العنایة احدث المتأخرون التثویب بین الاذان والاقامة علی حسب ماتعارفوه فی جمیع الصلوات سوی المغرب مع ابقاء الاول یعنی الاصل وهو تثویب الفجر ومارآه المسلمون حسنا فهو عند الله حسن.

(الدرالمختار مع ردالمختار ص ۲۸۶،۲۸۷ جلد ۱ باب الاذان)

﴿۲﴾ وفی منهاج السنن : التثویب اعلام بعد اعلام واصله ان تجئ الرجل مسقرخا فیلوح بثوبه لیری ویشتهر، ویطلق علی الاقامة وزیادة الصلوٰة خیر من النوم فی اذان الفجروالمراد فی ترجمة الباب الثالث وهی سنة عندنا فی الفجر وهو مذهب ائمتنا الثلثة واخطأ الامام النووی فیما نسبه الی ابی حنیفة من انه لایقول به، وقول حی علی الصلوٰة بین الاذان والاقامة حسنه الامام محمد فی الجامع الصغیر وجوزه ابویوسف للامراء وکل من کان مشغولا بمصالح المسلمین و یؤید قوله ماروی فی الصحاح ان بلالا کان یؤذن ثم یأتی رسول اللهﷺ علی باب الحجرة فیؤذنه بصلوٰة الصبح فیخرج، وروی ابوداؤد عن المغیرة بن شعبه قال ضفت النبیﷺ ذات لیلة وفیه فجاء بلال فآذنه بالصلوٰه وجوزه المتأخرون فی الکل للکل بماتعارفوه واستثنوا من الصلوٰت صلوٰة..... (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

مؤذن کی اجازت سے دوسرے شخص کیلئے اقامت کرنا جائز ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ زید بکر کے ساتھ جھگڑا کر رہا تھا کہ جو شخص اذان دیتا ہے اقامت بھی وہ کہے گا، بکر نے کہا کہ یہ غلط ہے مؤذن کا کوئی حق نہیں کہ اذان بھی دے اور اقامت بھی، مولوی صاحب سے مسئلہ دریافت کیا گیا تو مولوی صاحب نے زید کو کہا کہ مؤذن کا حق ہے موذن کی اجازت کے بغیر دوسرا آدمی تکبیر نہ کہے تو زید نے فوراً کہا کہ پھر تجھے اناج دانے لینے کا کوئی حق نہیں، مولوی صاحب نے کہا کہ میں اپنی طرف سے نہیں حدیث رسول اللہ ﷺ بتا تا ہوں، زید نے کہا کہ میں حدیث مانتا ہی نہیں، چونکہ گاؤں میں تبلیغی جماعت کا گشت ہوتا ہے باتیں کرتے کرتے زید نے کہا کہ اب تبلیغ والے میرے گھر پر نہ آئیں اگر آگئے تو میں بے عزتی کروں گا، اس پر ایک شخص نے کہا کہ بھائی تبلیغی جماعت والے تو کلمہ اسلام کی دعوت دیتے ہیں تو زید نے کہا کہ مجھے ایسے اسلام کی ضرورت نہیں، چنانچہ چند آدمی تیسرے دن زید کے ہاں گئے تا کہ اس کو سمجھادیں اور توبہ تائب ہوجائے، اور تجدید نکاح کرے، زید نے کہا میں اسلام کو چھوڑ دوں گا، مگر یہ کام نہیں کروں گا تو کیا زید ان باتوں سے کافر ہوگیا ہے یا نہیں، اگر ہے تو تجدید نکاح ضروری ہے یا نہیں، اگر نہ کرے تو ایسے آدمی کے ساتھ کھانا پینا، دینی و دنیاوی امور میں شریک ہونا جائز ہے یا ناجائز، مسئلہ کی وضاحت فرمادیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالعزیز مدرسہ رحمانیہ جیمس آباد تھرپارکر سندھ

(بقیہ حاشیہ) المغرب لعدم افادة التثويب فيها كمافي النهاية وغيرها، وهذا التثويب وان لم يعهد في الصدر الاول لكن له اصلاً في الشرع ووجها وجيهاً في الاصول روى ابوداؤد عن ابي بكرة قال خرجت مع رسول الله ﷺ لصلوٰة الصبح فكان لا يمر برجل الاناداه بالصلوٰة اوحركه بالرجل، وفيه تعاون على البر وتكثير للجماعة ونظيره في ترك ماعهد في عصره ﷺ منع النساء عن المساجد.

(منهاج السنن شرح جامع السنن ص ۷۵ جلد ۲ باب في التثويب في الفجر)

الجواب: (الف) جو شخص اذان دے تو مستحب یہ ہے کہ وہ اقامت کہے گا لیکن اگر موذن موجود نہ ہو یا موجود ہو لیکن اس کو دوسرے شخص کے اقامت کہنے سے وحشت نہ ہوتی ہو تو دوسرے شخص کا اقامت کہنا بلا کراہت جائز ہوگا، قال فی الدر المختار اقام غیر من اذن بغیبته ای المو ذن لایکره مطلقاً و ان بحضوره کره ان لحقه وحشة (هامش ردالمحتار ص۳۶۷ جلد ۱)﴿۱﴾ وقلت ماروا ه الترمذی من اذن فهو یقیم ففی سنده عبد الرحمن بن زیاد الافریقی و هو ضعیف و علی تقدیر الثبوت یحمل علی الاستحباب ﴿۲﴾ لہذا بکر اور مولوی صاحب حق پر ہیں۔

(ب) اور زید کی یہ بات کہ ''میں حدیث نہیں مانتا ہوں'' کفر ہے ﴿۳﴾ بشرطیکہ یہ مراد نہ ہو کہ میں جاہل مقلد ہوں، میں فقہ کا پابند اور تابعدار ہوں گا براہ راست میں حدیث پر عمل نہیں کرسکتا ہوں کیونکہ یہ مجتہد کا کام ہے اور اس کے ساتھ زیبا ہے۔

(ج) اسلام کے چھوڑنے پر راضی ہونا کفر ہے، نظیره مافی شرح الفقه الاکبر و من دعی الی الصلح فقال انا اسجد للصنم و لاادخل فی هذا الصلح قیل لا یکفر ...... وقال

﴿۱﴾(الدر المختار علی هامش ردالمحتار ص ۲۹۱ جلد ۱ باب الاذان)

﴿۲﴾ وفی منهاج السنن: قال فقهائنا ومالک الاولیٰ ان یقیم من اذن و ان قام غیره فجاز ان لم یتأ ذبذلک الموذن فان کان یتاذی بذلک یکره لان اکتساب اذی المسلم مکروه وقال الشافعی یکره تاذیٰ اولم یتاذی واحتج بحدیث الباب ،واحتج علمائنا بمارواه ابوداؤد وسکت علیه من حدیث عبد الله بن زید وفیه اذان بلال واقامة عبد الله بن زید قال ابن عبد البر اسناده حسن، والجواب عن حدیث الباب انه ضعیف او محمول علی الاولویة.
(منهاج السنن شرح جامع السنن ص ۶۷ جلد۲ باب ماجاء من اذن فهو یقیم)

﴿۳﴾ وفی الهندیه: قال رضی الله عنه سألت صدر الاسلام جمال الدین عمن قرء حدیثا من احادیث النبی ﷺ فقال رجل همه روز خلشها خواند قال ان اضاف ذلک الی القاری لاالی النبی ﷺ ینظر ان کان حدیثا یتعلق بالدین واحکام الشرع یکفر وان کان حدیثا لا یتعلق به لا یکفر. (فتاویٰ عالمگیریه ص۲۶۶ جلد۲ احکام المرتدین منها ما یتعلق بالانبیاء)

برهان الدین صاحب المحیط وفیه نظر وعندی انه یکفر (ص ۱۵۰)﴿۱﴾ بشرطیکہ اس کی مراد اسلام سے دین اسلام ہو اور اگر اس کی مراد کسی خاص جماعت (تبلیغی جماعت) کا طریق کار ہو تو اس سے بے اعتنائی وغیرہ مؤجب کفر نہیں ہے لیکن بہر حال اس شخص کیلئے ضروری ہے کہ پردہ میں تجدید نکاح کرے﴿۲﴾ یعنی زوجین اپنے دو بیٹوں وغیرہ کے روبرو ایجاب وقبول کرے۔

(د) اگر یہ شخص اپنے جہل پر اصرار کرے تو مصلحت کی بنا پر ترک مولات اس کیساتھ جائز ہے﴿۳﴾۔ **وهو الموفق**

صبح اور مغرب کی اذان اور نماز کے اوقات

سوال: فجر کی اذان اور پھر جماعت اسی طرح نماز مغرب کی اذان اور جماعت کیلئے اوقات صحیحہ مستحبہ کیا ہوں گے واضح طریقہ پر فتویٰ صادر فرماویں؟

المستفتی: نامعلوم.....۱۹۷۸ء/۱۰/۲۵

الجواب: صبح کی اذان طلوع شمس سے سوا گھنٹہ پہلے کر کے نصف گھنٹہ بعد جماعت پڑھی جائے﴿۴﴾۔

﴿۱﴾ (شرح فقه الاکبر للقاری ص ۱۸۴ فصل فی الکفر صریحا وکنایة)

﴿۲﴾ قال ابن عابدین: واقره فی نور العین ومفهومه انه لا یحکم بفسخ النکاح وفیه البحث الذی قلناه واما امره بتجدید النکاح فهو لا شک فیه احتیاطاً خصوصا فی حق الهمج الارذال الذین یشتمون بهذه الکلمة فانهم لا یخطر علی بالهم هذا المعنی اصلاً.
(ردالمحتار ص ۳۱۶ جلد۳ قبیل مطلب توبة الیاس مقبولة دون ایمان الیاس)

﴿۳﴾ عن ابی سعید الخدری عن رسول اللهﷺ قال من رای منکم منکراً فلیغیره بیده فان لم یستطع فبلسانه فان لم یستطع فبقلبه وذلک اضعف الایمان رواه مسلم.
(مشکواه المصابیح ص ۴۳۶ جلد۲ باب الامر بالمعروف)

﴿۴﴾ قلت وصرح المشائخ بتفاوت الوقت بین طلوع الفجر الصادق وطلوع الشمس وکذا بین غروب الشمس وغیوب البیاض بتفاوت المواسم والبلاد والمشاهد فی دیارنا قدر ساعة وربع ساعة. (منهاج السنن شرح جامع السنن ص ۱۰ جلد۲ باب مواقیت الصلاة)

مغرب کی اذان بعد الغروب دے کے نماز فوراً ادا کرے﴿۱﴾ اورسوا گھنٹہ بعد عشاء کی نماز ادا کرنی چاہئے۔وھو الموفق

کسی امر کی مقدار شرعی سے زائد اہتمام کرنا یا اپنی طرف سے تخصیص کرنا جائز نہیں ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اذان سے قبل یا بعد مروجہ صلاۃ وسلام کا کیا حکم ہے؟ جو لوگ یہ نہیں کرتے انہیں وہابی اور گستاخ رسول کہا جاتا ہے کیا یہ ضروری ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد ایوب مرکزی مسجد ٹیکسلا......۱۹۷۶ء/۱/۲۰

الجواب: صلاۃ وسلام بذات خود عبادت ہے لیکن کسی امر کی مقدار شرعی سے زائد اہتمام کرنا یا اپنی طرف سے تخصیص کرنا منکر اور ناجائز ہے، کما انکر الله تعالیٰ علی من عامل معاملة الحرام بالطيبات حيث قال يا ايها الذين آمنوا ادخلوا في السلم كافة ولا تتبعوا خطوات الشيطان الخ ﴿۲﴾ وكذا انكر الله على من التزم الدخول من ظهور البيوت فعلاً وتركا ﴿۳﴾ وانكر عبد الله بن مسعود رضي الله عنه من التزم الانصراف عن اليمين

﴿۱﴾ قال العلامة المرغيناني: اول وقت المغرب حين تغرب الشمس وآخر وقتها حين يغيب الشفق. (هدايه على صدر فتح القدير ص۱۹۵ جلد۱ باب المواقيت)

﴿۲﴾ قال العلامه حافظ عماد الدين ابن كثير: يقول الله تعالیٰ امراً عباده المؤمنين به المصدقين برسوله ان يأخذ وابجميع عرى الاسلام وشرائعه والعمل بجميع اوامره وترك جميع زواجره مااستطاعوا من ذلك ... وزعم عكرمه انها نزلت في نفر ممن اسلم من اليهود وغيرهم كعبد الله بن سلام واسد بن عبيد وثعلبه وطائفة استأذنوا رسول الله ﷺ في ان يسبتو وان يقوموا بالتوراة ليلا فامرهم الله باقامة شرائع الاسلام والاشتغال بها عما عداها. (تفسير ابن كثير ص۳۲۴ جلد۱ سورة البقرة آيت:۲۰۸)

﴿۳﴾ قال العلامه شبير احمد العثماني: زمانہ جاہلیت کا ایک دستور یہ ... (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

رواه البخاری ﴿۱﴾ وقال صاحب البحر ص ۱۵۹ جلد۳ ولان ذکر الله تعالیٰ اذا قصد به التخصیص بوقت دون وقت او بشئ دون شئ لم یکن مشروعا حیث لم یرد به الشرع لانه خلاف المشروع ﴿۲﴾. وهو الموفق

دعائے اذان میں بعض اضافی الفاظ کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اذان کی دعا میں والدرجة الرفیعة وارزقنا الشفاعة وغیرہ بعض الفاظ کی زیادت کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبداللہ تور ڈھیر صوابی

الجواب: چونکہ یہ زیادت احادیث مرفوعہ میں نہیں پائی گئی ہے البتہ فقہاء کرام نے اس کو ذکر کیا ہے، لہٰذا ثور پر اکتفاء کرنا اور زیادت پر اعتراض نہ کرنا اعتدال ہے ﴿۳﴾۔ وهو الموفق

(بقیہ حاشیہ) بھی تھا کہ جب گھر سے نکل کر حج کا احرام باندھتے پھر کوئی ضرورت گھر میں جانے کی پیش آتی تو دروازہ سے نہ جاتے چھت پر چڑھ کر گھر کے اندر اترتے یا گھر کی پشت کی جانب نقب دیکر گھستے اور اس کو نیکی کی بات سمجھتے اللہ تعالیٰ نے اس کو غلط فرمادیا.......... اس سے یہ بھی معلوم ہوگیا کہ اپنی طرف سے کسی جائز اور مباح امر کو نیکی بنالینا اور دین میں داخل کر لینا مذموم اور ممنوع ہے جس سے بہت باتوں کا بدعت اور مذموم ہونا معلوم ہوگیا۔ (فوائد تفسیر عثمانی ص۳۷ جلد ۱ سورة البقرة آیت: ۱۸۹)

﴿۱﴾ عن الاسود قال قال عبد الله بن مسعود لا یجعل احدکم للشیطان شیأ من صلاته یریٰ ان حقا علیه ان لا ینصرف الاعن یمینه لقد رأیت النبی ﷺ کثیرا ینصرف عن یساره.
(صحیح البخاری ص۱۱۸ جلد۱ باب الانفتال والانصراف عن الیمین والشمال)

﴿۲﴾ (البحر الرائق ص ۱۵۹ جلد ۱ باب العیدین)

﴿۳﴾ وفی منهاج السنن: ثبت اذکار بعد التأذین منها الصلوٰة علی النبی ﷺ کما فی حدیث عبد الله بن عمرو عند مسلم وقال ابن القیم الافضل صلوٰة التشهد، ومنها دعاء الوسیلة وهو اللهم رب هذه الدعوة التامة والصلوٰة القائمة آت محمدا الوسیلة وابعثه مقاما محمودا الذی وعدته رواه البخاری، قال الحافظ وزیادة والدرجة الرفیعة.....(بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

بالغ لوگوں کی موجودگی میں نابالغ کی اذان

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ بالغ افراد موجود ہیں ان کی موجودگی میں نابالغ کی اذان کیسی ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی :علی اکبر پٹن ازاد کشمیر

الجواب: بہتر نہیں ہے﴿۱﴾۔ وھو الموفق

اذان اوراقامت میں فرق

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اذان اوراقامت میں سوائے کلمات (قد قامت الصلوة) کے علاوہ کوئی اورفرق ہے یانہیں؟بینوا توجروا

المستفتی :محمد ازرم تبوک سعودی عرب......۷/۷/۱۴۰۱ھ

الجواب: راجح یہ ہے کہ اذان پندرہ کلمات ہو،اور بلندآواز سے ہوعجلت سے نہ ہو بخلاف اقامت کے کہ اس میں راجح سترہ کلمات ہیں اور پست آواز اورعجلت سے ہو﴿۲﴾۔وھو الموفق

(بقیہ حاشیہ)لیس لها اصل ، وقال السخاوی لا اصل لها وفی معارف السنن وردت هذه الزیادة عند ابن السنی فی عمل الیوم واللیلة وذکرها الشاه ولی الله فی حجة الله البالغه وزیادة قوله انک لا تخلف المیعاد ثابتة فی السنن الکبریٰ للبیهقی بسند قوی واما زیادة وارزقنا شفاعته فلا اصل لها ایضا وکذا لم یثبت فی شیٔ من طرقه زیادة یاارحم الراحمین کما فی التلخیص. (منهاج السنن شرح جامع السنن ص ۸٦ جلد ۲ باب مایقول اذا اذن المؤذن)

﴿۱﴾ قال فی الهندیه: اذان الصبی العاقل صحیح من غیر کراهة فی ظاهر الروایة ولکن اذان البالغ افضل واذان الصبی الذی لا یعقل لا یجوز ویعاد وکذا المجنون هکذا فی النهایة. (فتاویٰ عالمگیریه ص ۵۴جلد ۱ باب الاذان)

﴿۲﴾وفی الهندیه: الاذان خمس عشرة کلمة وآخر عندنا لا اله الا الله کذافی فتاوی قاضی خان والاقامة سبع عشرة کلمة خمس عشر منها کلمات.... (بقیه حاشیه اگلے صفحه پر)

غروب کے بعد سوا گھنٹہ گزرنے سے قبل اذان عشاء نہیں دینا چاہئے

سوال: ہمارے گاؤں میں چھ مساجد ہیں، ہر مسجد میں ساڑھے آٹھ بجے اذان ہوتی ہے اور ایک مسجد میں آٹھ بجے، اور ساڑھے آٹھ بجے تراویح شروع ہو جاتی ہے، تو ان اوقات میں نماز جائز ہے یا نہیں؟ امام اعظم رحمہ اللہ کے مسلک کے مطابق تراویح اور نماز کا صحیح وقت کیا ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: حکیم مولوی عبدالغفور غفوری دواخانہ ڈھیری کلپانی مردان ۔۔۔ ۲۶/ ۷/ ۱۴۰۱ھ

الجواب: تجربہ اور مشاہدہ سے ثابت ہے کہ غروب کے سوا گھنٹہ گزرنے کے بعد عشاء کا وقت داخل ہوتا ہے اور سفیدی غائب ہو جاتی ہے پس ائمہ مساجد حضرات پر ضروری ہے کہ سوا گھنٹہ گزرنے سے قبل اذانیں نہ دیویں ﴿۱﴾۔ وھو الموفق

صبح صادق سے پہلے اذان

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ رمضان میں اکثر مساجد میں سحری کے وقت کے ختم ہونے پر اذان دی جاتی ہے اور سحری کا وقت صبح صادق سے پہلے ختم ہوتا ہے تو اس صورت میں صبح صادق سے پہلے اذان ہو جائے گی کیونکہ لوگ اذان سننے پر سحری ختم کرتے ہیں تو کیا وقت سے پہلے یہ اذان ہو جاتی ہے؟ یا کوئی اور طریقہ اعلان اختیار کیا جائے؟ بینوا توجروا

المستفتی: مولوی نفیس احمد میر پور خاص سندھ ۔۔۔۔ ۵/ رمضان ۱۴۰۵ھ

(بقیہ حاشیہ) الاذان و كلمتان قوله قد قامت الصلاة مرتين كذافي فتاوىٰ قاضي خان. ...... ويترسل في الاذان ويحدر في الاقامة وهذا بيان الاستجاب كذا في الهدايه.
(فتاوىٰ عالمگیریه ص ۵۵، ۵۶ جلد ۱ الفصل الثاني في كلمات الاذان و الاقامة)

﴿۱﴾ وفي المنهاج: قلت وصرح المشائخ بتفاوت الوقت بين طلوع الفجر الصادق وطلوع الشمس وكذا بين عروب الشمس وغيوب البياض بتفاوت المواسم و البلاد و المشاهد في ديارنا قدر ساعة وربع ساعة. (منهاج السنن شرح جامع السنن ص ۱۰ جلد ۲ باب مواقيت الصلاة)

الجواب: مستحب یہ ہے کہ خورد نوش طلوع فجر سے قبل بند کیا جائے بلکہ مشکوک ہونے سے بھی قبل ﴿۱﴾۔اور اگر بندش کا اعلان کیا جائے تو ممنوع نہیں ہے ﴿۲﴾۔وھو الموفق

وقت سے قبل اذان دینا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر وقت سے قبل اذان دی جائے تو دوبارہ دینا کیسا ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: رضاء اللہ شگئی ضلع صوابی......۱۷/شعبان ۱۴۱۰ھ

الجواب: اس اذان کا اعادہ کیا جائے گا، (شامی وغیرہ) ﴿۳﴾۔ وھو الموفق

اذان کے وقت ریڈیو بلند آواز سے لگانے والے کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک شخص جو کہ ہوش وحواس کے لحاظ سے بالکل صحیح ہے لیکن جب اذان شروع ہو جاتی ہے تو وہ ریڈیو کو بلند آواز سے لگاتا ہے اور ریڈیو بند کرنے کا جب کہا جاتا ہے تو انکار کرتا ہے، نیز نماز کیلئے بلا کر بھی انکار کرتا ہے اس شخص کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: سید غلام حیدر شاہ......۱۹۸۹ء/۱۰/۱۰

﴿۱﴾ قال الشیخ محمد امین ابن عابدین: (قوله وتاخیره) لان معنی الاستعانة فیه ابلغ بدائع ومحل الاستحباب ماذا لم یشک فی بقاء اللیل فان شک کره الاکل فی الصحیح کما فی البدائع. (ردالمحتار ص ۴۲۱ جلد۲ قبیل فصل فی العوارض)

﴿۲﴾ لمارواه ابوداؤد فما احل فهو حلال وماحرم فهو حرام وماسکت عنه فهو عفو.
(سنن ابی داؤد ص ۱۸۳ جلد۲ باب مالم یذکر تحریمه)

﴿۳﴾قال الحصکفی: (فیعاد اذان وقع) بعضه (قبله) کالاقامة خلافا لثانی فی الفجر. (الدرمختار ص ۲۸۴ جلد ۱ باب الاذان). وفی الهندیه: تقدیم الاذان علی الوقت فی غیر الصبح لایجوز اتفاقا وکذافی الصبح عند ابی حنیفه ......(بقیه حاشیه اگلے صفحه پر)

الجواب: ایسے شخص کے ساتھ ترک موالات کرنا چاہئے ﴿۱﴾۔ کیونکہ حکم شرعی (حبس دائم) ہمارے بس میں نہیں ہے۔ وهو الموفق

اقامت کہنا سنت مؤکدہ ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ نماز سے پہلے اقامت پڑھنا کیا درجہ رکھتا ہے فرض ہے یا سنت یا واجب یا مستحب؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالرقیب پشاور یونیورسٹی۔ ۲۴/اپریل ۱۹۷۵ء

الجواب: اقامت سنت مؤکدہ ہے اور صاحب بدائع نے اسے واجبات سے شمار کیا ہے ﴿۲﴾

فی مراقی الفلاح سن الاذان فليس بواجب على الاصح وكذا الاقامة سنة مؤكدة فی قوة الواجب لقول النبی ﷺ الخ (هامش الطحطاوی ص ۱۱۵) ﴿۳﴾. وهو الموفق

(بقیه حاشیه) ومحمد رحمهماالله تعالیٰ وان قدم يعاد فی الوقت هكذا فی شرح مجمع البحرين لابن ملك وعليه الفتوىٰ هكذافی التتارخانيه ناقلا عن الحجة.

(فتاویٰ هنديه ص ۵۳ جلد ۱ الفصل الاول فی صفته واحوال المؤذن)

﴿۱﴾ قال العلامه ابن حجر العسقلانی: فتبين هنا السبب المسوغ للهجر وهو لمن صدرت منه معصية فيسوغ لمن اطلع عليها منه هجره عليها ليكف عنها قال المهلب غرض البخاری فی هذا الباب ان يبين صفة الهجران الجائز وانه يتنوع بقدر الجرم، فمن كان من اهل العصيان يستحق الهجران بترك المكالمة كما فی قصة كعب وصاحبيه وقال الطبری: قصة كعب بن مالك اصل فی هجران اهل المعاصی.

(فتح الباری شرح صحيح البخاری ص ۵۹۸ جلد ۱۳ باب مايجوز من الهجران لمن عصی)

﴿۲﴾ قال العلامة كاسانی: واما واجباتها فانواع بعضها قبل الصلاة وبعضها فی الصلاة... اما الذی قبل الصلاة فاثنان احدهما الاذان والاقامة.

(بدائع الصنائع ص ۶۲۴ جلد ۱ واجبات الصلاة)

﴿۳﴾ (حاشية الطحطاوی علی المراقی ص ۱۹۴ باب الاذان)

اذان میں اشهد ان محمدا رسول الله میں محمداً منصوب پڑھا جائے گا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اذان میں محمدًا رسول الله پڑھا جائے گا یعنی زبر کے ساتھ، یا محمدٌ رسول اللہ یعنی پیش کے ساتھ، کیونکہ کلمہ طیبہ میں پیش کیساتھ پڑھا جاتا ہے تو اذان میں پیش کیوں نہیں ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد سلیم صدیقی عمان مسقط......۱۹۷۴ء/۱۱/۵

الجواب: اذان میں اِنَّ (عامل ناصبه) کی وجہ سے محمداً (زبر کے ساتھ) پڑھا جائے گا ﴿۱﴾۔ وهو الموفق

اذان کیلئے دائیں یا بائیں جانب کی کوئی تخصیص نہیں

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ ان الله يحب التيامن (الحديث) چنانچہ لباس، دخول مسجد، کنگھی اور غسل رجلین وغیرہ میں دائیں طرف اور جانب کا حکم ہے پھر کیا وجہ ہے کہ اذان شعائر اسلام سے ہے اور وہ بائیں جانب کو ہوتی ہے مسجد کی دائیں جانب اذان کیوں نہیں دی جاتی جیسا کہ اقامت دائیں جانب ہوتی ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: قاری عبدالحمید باجوڑ ایجنسی......۳/مئی ۱۹۷۵ء

الجواب: یسار کی طرف اذان کرنا کتابی حکم نہیں ہے پیغمبر علیہ السلام کے زمانہ میں مسجد سے باہر اذان دی جاتی تھی، میمنہ یا میسرہ کا کوئی لحاظ نہیں تھا، كما لا يخفىٰ ﴿۲﴾. وهو الموفق

﴿۱﴾ قال العلامه جمال الدين عثمان بن الحاجب: المنصوبات فمنه اسم ان واخواتها هو المسند اليه بعد دخولها مثل ان زيداً قائم. (كافيه ابن حاجب ص ۴۹ المنصوبات)

﴿۲﴾ قال العلامة ابن عابدين رحمه الله: ان اول من رقى منارة مصر للاذان شر حبيل بن عامر المرادى وبنى سلمة المنابر للاذان بامر معاوية ...... (بقيه حاشيه اگلے صفحه پر)

صوفی جاہل کی بنسبت عالم فاسق کی اذان اولیٰ ہے

سوال: کیافرماتے ہیں علماءدین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک آدمی ایم اے تک تعلیم یافتہ ہے پابندی سے بہت اچھے طریقے سے تلاوت قرآن مجید کرتا ہے حروف بھی اچھے طریقے سے ادا کرتا ہے لیکن اس کی داڑھی نہیں ہے مونڈواتا ہے کیا اس کیلئے اذان دینا جائز ہے؟ دوسرا آدمی ہے جو بالکل ان پڑھ ہے اور تلاوت قرآن بھی نہیں کرسکتا اور نہ اذان کے حروف اچھے طریقے سے ادا کرسکتا ہے االبتہ اس کی داڑھی ہے۔ان دونوں میں سے کون اذان دینے کیلئے بہتر ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: فضل ربی کندی تازہ دین پبی نوشہرہ......۲۵/مئی ۱۹۷۵ء

الجواب: واضح رہے کہ محلوق اللحیه فاسق ہے، کما صرح به فی شهادات تنقیح الفتاویٰ الحامدیه ﴿۱﴾ اور عالم باعمل کی موجودگی میں اس کی اذان مکروہ تحریمی ہے البتہ صوفی جاہل کی نسبت اولیٰ اور افضل ہے، کمافی الدرالمختار وفاسق ولو عالماً لاكنه اولیٰ بامامة واذان من جاهل تقی﴿۲﴾ (هامش ردالمحتار ص۲۶۳ جلد ۱) . وهو الموفق

(بقیه حاشیه)ولم تکن قبل ذلک وقال ابن سعد بالسند الی ام زید بن ثابت کان بیتی اطول بیت حول المسجد فکان بلال یؤذن فوقه من اول ماذن الی ان بنی رسول الله ﷺ مسجده فکان یؤذن بعد علی ظهر المسجد وقد رفع له شئ فوق ظهره.

(ردالمختارهامش الدرالمختار ص ۲۸۵ جلد ۱ مطلب من بنی المنابر للاذان باب الاذان)

﴿۱﴾ قال العلامة ابن عابدین فی تنقیح الفتاویٰ: ان الاخذ من اللحیة وهی دون القبضة کما یفعله بعض المغاربة ومخنثة الرجال لم یبحه احد واخذ کلها فعل یهود الهنود ومجوس الاعاجم فحیث ادمن علی فعل هذا المحرم یفسق.

(تنقیح الفتاویٰ الحامدیة ص ۳۵۱ جلد ۱ لایباح الاخذ من اللحیة وهی دون القبضة)

﴿۲﴾ (الدرالمختار علی هامش ردالمحتار ص ۲۸۹ جلد ۱ مطلب فی المؤذن اذاکان غیر محتسب فی اذانه باب الاذان)

جیل میں قیدیوں کیلئے اذان کا مسئلہ

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ نوشہرہ حوالات میں زمانہ قدیم سے یہ طریقہ تھا، کہ وہاں پر قیدی نماز باجماعت بھی پڑھتے تھے، اور اذان بھی دیتے تھے، اب ایک مولوی صاحب نے قیدیوں کو اس سے منع کیا ہے کہ تم اذان بھی نہ دو اور جماعت بھی نہ کرو، یہ شرع میں منع ہے، اسلئے کہ اذان اس جگہ میں دینی چاہیئے جہاں دروازے کھلے ہوں اور عام لوگ بلا قید وقیود آجا سکتے ہوں، مولوی صاحب نے یہ بھی بتایا کہ ہم مجرم ہیں اور مجرم کی اقتداء صحیح نہیں، لہذا التماس ہے کہ شرع محمدی ﷺ کی روشنی میں اس مسئلے کا جواب بحوالہ کتب معتبرہ مدلل تحریر فرماویں۔ بینوا توجروا

المستفتی: محمد سیف اللہ ...... ۳۱/ جولائی ۱۹۷۳ء

الجواب: نماز جمعہ کو حوالات میں پڑھنا الگ چیز ہے اور نماز باجماعت الگ چیز ہے اور اس دوسری صورت میں اذان نہ دینا بے قاعدہ حکم ہے ﴿۱﴾ اگر اس مولوی صاحب کو جزئیہ معلوم ہو تو ہمیں روانہ کریں۔ وھو الموفق

اذان خطبہ کہاں دی جائے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ نماز جمعہ میں خطبہ سے قبل جو اذان دی جاتی ہے اس کیلئے جگہ کی کوئی قید ہے یا نہیں، یا جہاں بھی دی جائے؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالوہاب زڑہ میانہ نوشہرہ

﴿۱﴾ قال العلامه ابن عابدین: (قوله للفرائض الخمس الخ) دخلت الجمعة بحر وشمل حالة السفر والحضر والانفراد والجماعة قال فی مواهب الرحمن ونور الایضاح ولو منفرداً اداء او قضاء سفراً او حضراً.
(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۲۸۳ جلد ۱ باب الاذان)

الجواب: اس اذان کو داخل مسجد دینا چاہئے نیز بین یدی المنبر اور نزدیک کے دینا چاہئے (والتفصیل فی امداد الفتاویٰ ص ۴۴۹ جلد ۱)﴿۱﴾. وھو الموفق

جس مسجد کیلئے امام ومؤذن مقرر نہ ہو تو واردین کیلئے اذان واقامت افضل ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ حالت سفر میں اکثر مساجد میں جو جماعت ثانیہ کی جاتی ہے تو اس حالت میں اقامت کرنا بہتر ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: مفتی بدر منیر مہتمم دارالعلوم مدنیہ بٹ خیلہ ملاکنڈ ایجنسی ......۱۰/ ذی قعدہ ۱۴۰۹ھ

الجواب: جس مسجد کیلئے امام ومؤذن مقرر نہ ہوں تو واردین کیلئے افضل یہ ہے کہ اذان واقامت کریں، کمافی الھندیہ ص ۵۶ جلد ۱ مسجد لیس له موذن وامام معلوم یصلی فیه الناس فوجاً فوجاً بجماعة فالافضل ان یصلی کل فریق باذان واقامة علی حدة کذا فی فتاویٰ قاضی خان ﴿۲﴾. وھو الموفق

اذان میں کلمات تکبیر دو دو کلمات ملا کر کہے جائیں گے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اذان کے سارے کلمات الگ

﴿۱﴾ قال الشیخ اشرف علی التھانوی رحمه الله: اکثر کتب کی عبارت تو محتمل وجہین کو ہے مگر جامع الرموز کی عبارت صریح ہے، قرب متبادر ومحاذات میں وھو ھذه بین یدیه ای بین الجھتین المسامتتین الیمین المنبر اوالامام ویساره قریبا منه ووسطھما بالسکون فیشمل ما اذا اذن فی زاویة قائمة او حادة او منفرجة حادثة من خطین خارجین من ھاتین الجھتین، قلت تحدث القائمة اذا کان المؤذن حذاء وسط المنبر بالحرکة والمنفرجة والحادة اذا کان فی غیر حذائه. (امداد الفتاویٰ ص ۶۷۴ جلد ۱ باب صلوٰة الجمعة والعیدین)

﴿۲﴾(فتاویٰ عالمگیریه ص ۵۵ جلد ۱ الفصل الاول فی صفته واحوال المؤذن)

الگ سانس کے ساتھ کہنا ضروری ہے یاالله اکبر، الله اکبر، دودوکلمات کوایک سانس میں کہنے کیلئے کوئی استثناءموجود ہے؟بینوا توجروا

المستفتی: عبدالحق ابوہاسوات.....۱۹۸۹ء/۴/۹

الجواب: ہردو الله اکبر کے بعد سانس لی جائے گی ﴿۱﴾۔وھو الموفق

داڑھی مونڈے کی اذان کا اعادہ احوط ہے

سوال: کیافرماتے ہیں علماءدین اس مسئلہ کے بارے میں کے داڑھی مونڈا اگر اذان دے دیں تو اس کا اعادہ کیاجائے گا یانہیں؟بینوا توجروا

المستفتی: صدررحمن گل قریب نیوحاجی کیمپ کراچی نمبرا ۱۴۰۱ھ/۷/۵

الجواب: داڑھی مونڈوانے والا فاسق ہے مردودالشہادت ہے، کمافی تنقیح الفتاوی ﴿۲﴾ اوراس کی اذان مکروہ ہےاوراحوط یہ ہے کہ غیر فاسق اس کا اعادہ کرے، کمافی ردالمحتار ص ۳۹۳ جلد ۱ قوله ویعاد اذان جنب الخ، زادالقهستانی والفاجر والراکب والقاعد﴿۳﴾. وھو الموفق

﴿۱﴾ قال العلامه ابن نجیم (قوله ویترسل فیه ویحدرفیها) ای یتمهل فی الاذان ویسرع فی الاقامة وحده ان یفصل بین کلمتی الاذان بسکتة بخلاف الاقامة للتوارث..... ولو جعل الاذان اقامة یعید الاذان ولوجعل الاقامة اذانا لا یعید لان تکرار الاذان مشروع دون الاقامة. (بحر الرائق ص۲۵۷ جلد ۱ باب الاذان)

﴿۲﴾ قال العلامة ابن عابدین فی تنقیح الفتاویٰ: ان الاخذمن اللحیة وهی دون القبضة کما یفعله بعض المغاربة ومخنثة الرجال لم یبحه احدو اخذ کلها فعل یهود الهنود ومجوس الاعاجم فحیث ادمن علی فعل هذا المحرم یفسق وان لم یکن ممن یستخفونه ولا یعدونه قادحاً للعدالة والمروءة فکلام المولف غیر محرر ،فتدبر.

(تنقیح الفتاویٰ الحامدیه ص ۳۵۱ جلد ۱ لایباح الاخذ من اللحیة وهی دون القبضة)

﴿۳﴾ (ردالمحتار ص ۲۸۹ جلد ۱ مطلب فی المؤذن اذا کان غیر محتسب فی اذانه باب الاذان)

داڑھی مونڈوانے والے کی اذان مکروہ ہے

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ داڑھی مونڈوانے والے کو مستقل طور پر جامع مسجد کا مؤذن بنایا جاسکتا ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: حاجی علی محمد دفتر عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت نادرشاہ بازار بہاولنگر ۱۹۸۸ء/۵/۱۰

الجواب: عادۃ داڑھی مونڈوانے والا فاسق ہے، کمافی تنقیح الفتاویٰ ص ۳۵۱ جلد ۱ فحیث اد من علی فعل ھذا المحرم یفسق ﴿۱﴾ انتھیٰ. اور ارباب فتاویٰ نے لکھا ہے کہ فاسق کی امامت اور اذان مکروہ ہے ﴿۲﴾ پس اس کو باقاعدہ امام اور موذن مقرر کرنا دینی بے اعتنائی اور مداہنت ہے۔ وھو الموفق

بلاوضواذان دینے سے قوم کی خواری وپستی موضوعی وعید ہے

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ بعض لوگ کہتے ہیں کہ بلاوضو اذان دینے سے قوم پر خواری اور پستی آتی ہے کیا یہ صحیح ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: قیس نعمانی مرہٹی نوشہرہ

الجواب: بلاوضواذان دینا خلاف استحباب ہے ﴿۳﴾ اور اس کی وجہ سے قوم کی خواری اور پستی منصوصی بات نہیں موضوعی اور خودساختہ وعید ہے۔ وھو الموفق

﴿۱﴾ (تنقیح الفتاوی الحامدیہ ص ۳۵۱ جلد ۱ لایباح الاخذ من اللحیة وھی دون القبضة)

﴿۲﴾ قال العلامہ حصکفی: ویکرہ اذان جنب واقامتہ واقامة محدث لا اذانہ واذان امرأة وخنثیٰ وفاسق ولو عالما لکنہ اولی بامامة واذان من جاھل تقی.

(الدرالمختار علی ھامش ردالمحتار ص ۲۸۹ جلد ۱ باب الاذان)

﴿۳﴾ قال الشرنبلالی: ویستحب ان یکون الموذن ... علی وضوء لقولہ ﷺ لا یؤذن الا متوضیٔ. (امداد الفتاح شرح نورالایضاح ص ۲۱۱ ما یستحب للمؤذن) (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

(بقیہ حاشیہ)وفی المنهاج: مذهب ابی حنیفة انه یکره الاقامة بغیر وضوء ویجوز الاذان، وروی عنه انه یکره الاذان ایضاً ویؤیده حدیث لا یؤذن احدکم الا وهو طاهر، اخرجه ابو الشیخ مرفوعا وفی سنده عبد الله بن هارون وهو ضعیف واخرجه البیهقی موقوفا علی وائل وفی سنده انقطاع لم یسمع الجبار عن ابیه وائل شیأ، ومذهب الشافعی انه یکره الاذان بغیر طهور، ومذهب احمد ان التطهر مستحب فی الاذان والامامة، وقال مالک یصح الاذان بغیر طهور ولا یقیم الا متوضئ.

(منهاج السنن شرح جامع السنن ص۷۷ جلد۲ باب کراهیة الاذان بغیر وضوء)

باب شروط الصلوٰة وارکانها

جیب میں نسوار یا سگریٹ کے ہوتے ہوئے نماز پڑھنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ نسوار کی ڈبیہ یا تھیلی نیز سگریٹ کے جیب میں ہوتے ہوئے نماز پڑھنا جائز ہے، یا اس کو ہٹانا لازمی ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: لطیف اللہ چارسدہ

الجواب: نسوار میں غالباً پاک پانی ڈالا جاتا ہے لہٰذا اس کے ساتھ نماز ادا کرنا ممنوع نہیں ہے، باقی سگریٹ کی تھیلی اور ڈبیہ پاک ہو تو اس سے نماز کو کوئی نقصان نہیں پہنچتا ہے ﴿۱﴾ البتہ بدبو اور موذی اشیاء کا مسجد لے جانا ممنوع ہے ﴿۲﴾۔ وهو الموفق

میت کے غسل کیلئے استعمال شدہ پاک تختہ پر نماز درست ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ تختہ نماز پر ایک بچے کی میت کو غسل دیا گیا اب اس تختہ پر نماز ہو سکتی ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: منشی محمود مانسہرہ

﴿۱﴾ وفی الهندیه: تطهیر النجاسة من بدن المصلی وثوبه والمکان الذی یصلی علیه واجب هکذا فی الزاهدی فی باب الانجاس.

(فتاویٰ عالمگیریه ص ۵۸ جلد ۱ الفصل الاول فی الطهارة)

﴿۲﴾ قال العلامه ابن عابدین: (قوله واکل نحو ثوم) ای کبصل ونحوه مما له رائحة کریهة للحدیث الصحیح فی النهی عن قربان آکل الثوم والبصل المسجد قال الامام العینی فی شرحه علی صحیح البخاری قلت علة النهی اذی ..... (بقیه حاشیه اگلے صفحه پر)

الجواب: واضح رہے کہ صحت صلوٰۃ کیلئے طہارت مکان شرط ہے، پس اگر یہ تختہ پاک ہوتو اس پر نماز پڑھنا درست ہوگا ﴿۱﴾، والظاہر ھی الطھارۃ والا فلم یصح صلوٰۃ الجنازۃ ایضا. فافھم وتدبر . وھو الموفق

سجدہ ثانیہ بھول کر سلام کے بعد ادا کرنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ ایک شخص آخری رکعت میں سجدہ ثانیہ بھول گیا اور سلام سے بھی فارغ ہوا کہ یاد آیا، اور ابھی تک کوئی امر منافی للصلوٰۃ بھی نہیں کیا ہے، تو اب کیا صورت اختیار کرے، اور اگر کوئی امر منافی للصلوٰۃ سرزد ہوا ہوتو پھر کیا صورت ہوگی؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالرحمٰن

الجواب: ایسے شخص سے اگر کوئی امر منافی للصلوٰۃ سرزد ہوا ہوتو نماز کا اعادہ کرے گا، اور اگر منافی متحقق نہیں ہوا ہوتو سجدہ ثانیہ ادا کرے، اور التحیات پڑھ کر سجدہ سہوہ کرے، اور دوبارہ التحیات پڑھ کر سلام پھیرے ﴿۲﴾۔ وھو الموفق

(بقیہ حاشیہ) الملائکۃ واذی المسلمین ولا یختص بمسجدہ علیہ الصلاۃ والسلام بل الکل سواء لروایۃ مساجدنا بالجمع خلافا لمن شذ ویلحق بما نص علیہ فی الحدیث کل مالہ رائحۃ کریھۃ مأکولا او غیرہ الخ.

(ردالمحتار ھامش الدرالمختار ص ۴۸۹ جلد ۱ مطلب فی الغرس فی المسجد)

﴿۱﴾ وفی الھندیہ: تطھیر النجاسۃ من بدن المصلی وثوبہ والمکان الذی یصلی علیہ واجب ھکذا فی الزاھدی فی باب الانجاس. (فتاویٰ عالمگیریہ ص۵۸ جلد ۱ الفصل الاول فی الطھارۃ)

﴿۲﴾ قال الشیخ طاھر بن عبد الرشید البخاری: وان سلم وھو غیر ذاکر لھما(ای سجدۃ صلبیۃ وسجدۃ التلاوۃ) فان سلامہ لا یکون قطعا وعلیہ ان یسجد للتلاوۃ ویسجد للصلوتیۃ الاول فالاول ثم یتشھد ثم یسلم ثم یسجد سجدتی السھو ثم یتشھد ثم یسلم.

(خلاصۃ الفتاویٰ ص ۱۸۰ جلد ۱ باب سجود السھو)

کوٹ پتلون اور ٹائی پہنے ہوئے نماز پڑھنا

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ انگریزی لباس یعنی کوٹ، پتلون اور ٹائی پہننا ایک رسم عام بن گیا ہے، خاص کر افسر شاہی لوگوں کا یہ شیوہ ہے، ڈیوٹی کے دوران جب نماز کا وقت ہوجائے اور کپڑوں کی تبدیل کرنے کا موقع نہ ملے، کیا اس لباس میں نماز پڑھنا جائز ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: ڈاکٹر خالد حسین میڈیکل افیسر میر علی شمالی وزیرستان ۲۸/۵/۱۹۷۲ء

الجواب: نماز قضاء ہونے سے یہ بہتر ہے کہ اس غیر شرعی لباس میں نماز پڑھی جائے خصوصاً جبکہ عذر بھی ہو﴿۱﴾۔ فقط

سجدہ میں پاؤں اٹھانا

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ سجدہ میں پاؤں اٹھانے سے نماز فاسد ہوتی ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: شفیق الرحمٰن پشاور.....۵/ اگست ۱۹۷۹ء

الجواب: جب تمام سجدہ میں زمین سے پاؤں اٹھائے جائیں تو نماز واجب الاعادہ ہوتی ہے لیکن اس کا متحقق ہونا کسی سے نہیں سنا ہے (بحر شامی)﴿۲﴾۔ وھو الموفق

﴿۱﴾قال الشیخ محمدامین ابن عابدین: (قولہ والرابع ستر عورتہ) ای ولو بما لا یحل لبسہ کثوب حریر وان اثم بلا عذر کالصلوٰۃ فی الارض المغصوبۃ.
(ردالمحتار ھامش الدرالمختار ص۲۹۷ جلد۱ مطلب فی سترا لعورۃ)

﴿۲﴾ قال فی شرح التنویر: ومنھا السجود بجبھتہ وقدمیہ ووضع اصبع واحدۃ منھما شرط. قال ابن عابدین: وافاد انہ لو لم یضع شیأ من القدمین لم یصح السجود وھو مقتضی ما قدمناہ آنفا عن البحر وفیہ خلاف سنذکرہ فی الفصل الآتی (ص ۳۳۰ جلد ۱) وقال الحصکفی: وفیہ یفترض وضع اصابع القدم ولو واحدۃ نحو القبلۃ والا لم تجز والناس عنہ غافلون. (الدرالمختار مع ردالمحتار ص ۳۳۰، ۳۲۹ جلد ۱ بحث الرکوع والسجود)

مستورات کا باریک دوپٹہ اور آستین کا کلائیوں سے اوپر ہونے کی حالت میں نماز

سوال: کیا فرماتے ہیں علماءِ دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ (۱) باریک دوپٹہ جس میں بال نظر آتے ہو اس میں نماز پڑھنا کیسا ہے۔ (۲) نیز آستین جب کلائیوں سے اوپر ہوں نماز کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم......

الجواب: (۱) زنانہ کیلئے اس میں (باریک دوپٹہ میں) نماز پڑھنا صحیح نہیں ہے اور دوبارہ باقاعدہ واجب الاعادہ ہے، روایات حدیثیہ اور فقہیہ سے یہ ثابت ہے ﴿۱﴾۔ (۲) مرد کیلئے مکروہ ہے اور عورت کیلئے مفسد ہے، والدلیل علی الاول کراهة الصلوة علی وجه الولایة، والدلیل علی الثانی کون الیدین عورة الا الکفین ﴿۲﴾. فقط

علم کے اعتبار سے نمازی کی اقسام اور عبارت عالمگیری میں فیہ ضمیر کا مرجع

سوال: کیا فرماتے ہیں علماءِ دین شرع متین کہ فتاویٰ عالمگیری کی درجہ ذیل عبارت کے متعلق ایک استفسار ہے، المصلون ستة من علم الفرائض منها والسنن وعلم معنى الفرائض انه ما يستحق الثواب بفعله والعقاب بتركه والسنة ما يستحق الثواب بفعلها ولا يعاقب بتركها فنوى الظهر والفجر اجزأته واغنت نية الظهر عن نية الفرض والثانی من یعلم

﴿۱﴾ قال فی الهندیه: بدن الحرة عورة الا وجهها وکفیها وقدمیها کذا فی المتون، وشعر المرأة ما علی رأسها عورة واما المسترسل ففیه روایتان الاصح انه عورة کذا فی الخلاصة وهو الصحیح وبه اخذالفقیه ابو اللیث وعلیه الفتوی..... والثوب الرقیق الذی یصف ما تحته لا تجوز الصلاة فیه کذا فی التبیین. (فتاویٰ هندیه ص۵۸ جلد ۱ الفصل الاول فی الطهارة وستر العورة)

﴿۲﴾ قال ابن عابدین رحمه الله: وقید الکراهة فی الخلاصة والمنیة بان یکون رافعا کمیه الی المرفقین. (ردالمحتار هامش الدرالمختار ص۴۷۳ جلد ۱ مطلب مکروهات الصلاة)

ذلک وینوی الفرض فرضاً ولکن لا یعلم ما فیه من الفرائض والسنن یجزیه کذا فی القنیة"اس عبارت میں مافیہ میں ہ ضمیر کا مرجع کیا ہے،ما فی الوقت یامافی الفرض؟ بینوا توجروا

المستفتی:محمد صادق ناظم مجلس منتظمہ اشاعت فتاویٰ عالمگیری سہگل جہلم ۱۹۷۰ء/۵/۱۷

الجواب: ضمیر مافیہ میں نماز فرض کوراجع ہے،یعنی اتنا جانتا ہو کہ یہ نماز فرض ہے لیکن اس نماز میں جتنے فرائض اور واجبات وغیرہا ہیں ان سے ناواقف ہو۔وھو الموفق

بکری دنبے کے چمڑے کے بنے ہوئے مصلیٰ رکھنے کا طریقہ

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین شرع متین ومشائخ عظام اس مسئلہ کے بارے میں کہ بکری یا دنبے کے مصلیٰ پر یہاں علماء میں اختلاف پایا جاتا ہے،بعض کے نزدیک سر اور گردن والا حصہ آگے اور بعض کے نزدیک پچھلا حصہ آگے،لہٰذا مستند کتب کے حوالے سے اس مسئلہ کی وضاحت فرمائیں کہ مصلی کی کونسی سمت آگے اور کونسی پیچھے ہوگی؟بینوا توجروا

المستفتی:مولوی سعید اصفہانی چائے ڈپو کوہالہ مری

الجواب: دونوں شق جائز ہیں،کیونکہ دونوں کے متعلق نہ امر آیا ہے اور نہ منع،تو بنا برحدیث، وما سکت عنه فهو عفو﴿۱﴾ دونوں جائز اور مباح ہیں،البتہ تکلف اور تشدد منع ہے۔فقط

فرض نماز اور سنت کی نیت کس طرح کی جائے؟

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ(۱) نماز کی نیت کس طرح کرنی چاہئے صرف قلب سے یا قلب وزبان دونوں سے۔(۲) سنت نماز میں سنت رسول اللہ کہنا کیا حکم رکھتا ہے؟بینوا توجروا

المستفتی:صفدر حسین اینڈ برادرز سعودی عرب......۱۹۸۶ء/۱/۳۰

﴿۱﴾ (سنن ابی داؤد ص ۱۸۳ جلد۲ باب مالم یذکر تحریمه)

الجواب: (۱) نیت قلب کے ارادہ کا نام ہے خواہ زبان سے تلفظ کیا جائے یا نہیں، البتہ زبان سے تلفظ مستحب ہے اس سے ارادہ قلبی کی تائید اور تقویت ہوتی ہے اور سنت ثابتہ سے متصادم بھی نہیں ہے ﴿۱﴾۔
(۲) سنت یا سنت رسول اللہ پڑھنا ایک حکم رکھتا ہے ایک مجمل ہے اور دوسرا مفصل ﴿۲﴾۔ وھو الموفق

زنانہ کیلئے نماز میں ستر عورت

سوال: چہ مے فرمایند علماء کرام دریں مسئلہ کہ یک زن مسلمان واصیل کہ در یک لباس نماز ادا میکنند، و دران لباس ساق زن وصدرش از جہت کشادگی گریوان ظاہر میشود، این نماز زن دران لباس درست است یا نہ؟ بینوا توجروا

المستفتی: باز محمد افغانی......۱۹۸۷ء/۱/۲۴

الجواب: ماسوائے وجہ وقدمین وکفین ہر اندام مکمل یا ربع وے کہ برہنہ شود، نمازش فاسد شود، کما فی الھندیه ص ۶۰ جلد ۱ الربع وما فوقه كثير وما دون الربع قليل وهو الصحيح هكذا في المحيط ﴿۳﴾. وهو الموفق

بجانب قبلہ بعض مواجہت قبلہ ہو تو نماز فاسد نہیں

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ بندہ کو معلوم نہیں تھا کہ

﴿۱﴾قال العلامه ابراهيم الحلبي: والمستحب في النية ان ينوى يقصد بالقلب ويتكلم باللسان بان يقول اصلي صلوٰة..... ولو نوى بالقلب ولم يتكلم باللسان جاز بلا خلاف بين الائمة لان النية عمل القلب لا عمل اللسان واستحباب ضمه لما ذكرنا.
(غنية المستملي شرح منية المصلي ص ۲۵۱، ۲۵۲)
﴿۲﴾ في ردالمحتار : ان كان مما واظب عليه الرسول ﷺ اوالخلفاء الراشدون من بعده فسنة. (ردالمحتار هامش الدرالمختار ص۷۶ جلد ۱ مطلب في السنة وتعريفها)
﴿۳﴾ (فتاویٰ عالمگیریه ص ۵۸ جلد ۱ الفصل الاول في الطهارة وستر العورة)

قبلہ سے سینہ پھیر کر نماز فاسد ہو جاتی ہے اب بے علمی کی وجہ سے سینہ قبلہ سے پھیر گیا نصف یا نصف سے زیادہ یعنی کم از کم کتنا سینہ قبلہ سے پھیر جانے جس سے نماز فاسد ہو جاتی ہو؟ بینوا توجروا

المستفتی: اکرام الحق نشتر آباد راولپنڈی۔۔۔۔۔۱۶/ ذی الحجہ ۱۳۸۹ھ

الجواب: اگر بعض مواجہت باقی ہو تو نماز فاسد نہیں ہوتی ہے اور جب مواجہت بالکلیہ فوت ہو جائے تو نماز فاسد ہوتی ہے، یدل علیه ما فی ردالمحتار ص ۳۹۸ جلد ۱ ﴿۱﴾۔ فقط

بارش سے بھیگے پاک کپڑوں میں نماز جائز ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک شخص کا بدن بھی پاک ہے اور کپڑے بھی پاک ہیں مگر بوجہ بارش کے کپڑے بھیگ کر بدن کے ساتھ لپٹ گئے، اور دیگر کپڑے موجود نہیں، تو کیا ان کپڑوں میں نماز ادا کرے گا یا قضا کرے گا؟ بینوا توجروا

المستفتی: میر احمد بن جمال الدین کوہالہ راولپنڈی ۔۔۔ ۱۹۷۰ء/۴/۴

الجواب: نماز ادا کرے گا، کیونکہ کپڑے بھیگ جانے سے ناپاک نہیں ہوتے ہیں۔ وھو الموفق

﴿۱﴾ قال العلامة ابن عابدین رحمه الله: وسیأتی فی المتن فی مفسدات الصلاة انها تفسد بتحویل صدره عن القبلة بغیر عذر فعلم ان الانحراف الیسیر لا یضر وهو الذی یبقی معه الوجه او شئ من جوانبه مسامتالعین الکعبة او لهوائها بان یخرج الخط من الوجه او من بعض جوانبه ویمر علی الکعبة او هوائها مستقیما ولا یلزم ان یکون الخط الخارج علی استقامة خارجا من جبهه المصلی بل منها او من جوانبها کما دل علیه قول الدرر من جبین المصلی فان الجبین طرف الجبهة وهما جبینان وعلی ما قررناه یحمل ما فی الفتح والبحر عن الفتاویٰ من ان الانحراف المفسد ان یجاوز المشارق الی المغارب. فهذا غایة ما ظهر لی فی هذا المحل والله تعالیٰ اعلم.

(ردالمحتار ص ۳۱۶، ۳۱۷ جلد ۱ مبحث فی استقبال القبلة)

ہمارے بلاد میں نماز کیلئے جہت قبلہ کافی ہے نہ کہ عین قبلہ

سوال: کیافرماتے ہیں علماءدین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہمارے لئے قبلہ کی صحیح سمت کیا ہے؟ کیاموسم گرمااورسرما میں سورج کے غروب ہونے کے درمیان والی جگہ میں قبلہ ہوگا؟ بینوا توجروا

المستفتی: جہان بخت خان ملاکنڈ ایجنسی......۱۹۷۸ء/۱۱/۲۷

الجواب: واضح رہے کہ اہل ریاضی کے نزدیک کعبہ بنسبت ہمارے بلاد کے جنوب کی طرف مائل ہے لیکن تمام فقہاء کا کہنا ہے کہ نماز تمام جہت قبلہ کی طرف پڑھنا جائز ہے﴿۱﴾۔وهو الموفق

ہمارے بلاد میں بین المغربین سمت قبلہ ہے

سوال: کیافرماتے ہیں علماءدین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہندوپاک میں قبلہ بجانب مغرب ہے اسلئے مساجد کارخ عین مغرب کی جانب ہے لیکن آج کل سعودی عرب سے جوقبلہ نما ملتا ہے اس کے ذریعے ہمارے گجرات شہر میں قبلہ مغرب سے اٹھارہ درجہ جنوب کی طرف بنتا ہے اب اس مسجد میں جوعین مغرب کی طرف بنی ہوئی ہے نماز پڑھنا درست ہے یانہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم......۱۹۸۷ء/۱۰/۲۷

الجواب: ہمارے بلاد میں بین المغربین سمت قبلہ ہے﴿۲﴾اورکعبہ کی طرفین کا استقبال

﴿۱﴾ قال العلامة حسن بن عمار الشرنبلالي: (قوله اصابة جهتها) فالمغرب قبلة لاهل المشرق وبالعكس والجنوب قبلة لاهل الشمال وبالعكس فالجهة قبلة كالعين توسعة على الناس كما في القهستاني حتى لو ازيل المانع لا يشترط ان يقع استقباله على عين القبلة كما في الحلبي وهو قول العامة وهو الصحيح لان التكليف بحسب الوسع. (مراقي الفلاح ص ۱۱۵ باب شروط الصلاة)

﴿۲﴾ قال ابن عابدين رحمه الله: وقال في شرح زادالفقير وفي بعض الكتب المعتمدة في استقبال القبلة الى الجهة اقاويل كثيرة واقربها الى الصواب قولان الاول ان ينظر في مغرب الصيف في اطول ايامه ومغرب الشتاء في اقصر ايامه (بقیه حاشیه اگلے صفحه پر)

(چھتیس درجات تک) کافی ہے اوران جدید آلات پر اعتماد نہ مطلوب ہے اور نہ ممنوع، البتہ ان کی وجہ سے قدیم مساجد میں شبہات پیدا کرنا جائز نہیں ہے﴿۱﴾۔ وھو الموفق

ناچ گانے والی جگہ پر نماز کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایسی مخصوص جگہ جہاں پر اکثر ناچ گانا ہوتا ہے، اس جگہ پر نماز جنازہ وغیرہ پڑھنا اور پڑھانا جائز ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: منصب دار مقام بولیا توال ضلع اٹک......۲۳/ رمضان ۱۴۰۸ھ

(بقیہ حاشیہ) فلیدع الثلثین فی الجانب الایمن والثلث فی الایسر والقبلة عند ذلک ولو لم یفعل ھکذا وصلی فیما بین المغربین یجوز واذ وقع خارجا منھا لا یجوز بالاتفاق، ملخصا وفی منیة المصلی عن امالی الفتاویٰ حد القبلة فی بلادنا یعنی سمر قند بین المغربین مغرب الشتاء ومغرب الصیف فان صلی الی جھة خرجت من المغربین فسدت صلاته.

(ردالمحتار ص ۳۱۴ جلد ۱ مبحث استقبال القبلة)

﴿۱﴾قال العلائی: فتبصر وتعرف بالدلیل وھو فی القریٰ والامصار محاریب الصحابة والتابعین وفی المفاز والبحار النجوم کا لقطب، قال صاحب ردالمحتار تحت (قوله محاریب الصحابة والتابعین) فلا یجوز التحریٰ معھا زیلعی بل علینا اتباعھم خانیه ولا یعتمد علی قول الفلکی العالم البصیر الثقة ان فیھا انحرافا خلافا للشافعیه فی جمیع ذلک کما بسطه فی الفتاویٰ الخیریة فایاک ان تنظر الی ما یقال ان قبلة اموی دمشق واکثر مساجدھا المبنیة علی سمت قبلته فبھا بعض انحراف وان اصح قبلة فیھا قبلة جامع الحنابله الذی فی سفح الجبل اذ لا شک ان قبلة الاموی من حین فتح الصحابة ومن صلی منھم الیھا وکذا من بعدھم اعلم واوثق وادری من فلکی لا ندری ھل اصاب ام اخطا بل ذلک یرجح خطاہ وکل خیر فی اتباع من سلف...... قال القھستانی ومنھم من بناہ علی بعض العلوم الحکمیة الا ان العلامة البخاری قال فی الکشف ان اصحابنا لم یعتبروہ...... اقول لم ارفی المتون ما یدل علی عدم اعتبارھا(ای دلائل النجوم) ولنا نعلم ما نھتدی به علی القبلة من النجوم وقال تعالیٰ والنجوم لتھتدوا بھا علی ان محاریب الدنیا کلھا نصبت...... (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

الجواب: بنابر حدیث تمام روئے زمین پر نماز پڑھنا جائز ہے﴿۱﴾سوائے بعض خاص مقامات کے جن کو حدیث نے مستثنیٰ کیا ہے﴿۲﴾اور یہ مسئولہ جگہ ان میں سے نہیں ہے۔ وهو الموفق

بس (گاڑی) میں نماز کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ اگر بس میں نماز قضا ہونے کا خطرہ ہو تو نماز پڑھنی جائز ہے یا نہیں؟ اور قبلہ رو ہونا ضروری ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: ملک امان اللہ جامع مسجد عثمان غنی برہان اٹک.....۱۹۸۹ء/۲/۱۹

الجواب: بس اور ریل کا حکم یکساں ہے ان میں نماز پڑھنا جائز ہے، اور قبلہ رو ہونا ضروری ہے﴿۳﴾ نیز جب بس کھڑی ہو تو بیٹھ کر نماز پڑھنا صحیح نہیں ہے﴿۴﴾۔ وهو الموفق

(بقیه حاشیه) بالتحری حتی منی کما نقله فی البحر ولا یخفیٰ ان اقوی الادلة النجوم والظاهر ان الخلاف فی عدم اعتبارها انما هو عند وجود المحاریب القدیمة اذ لا یجوز التحری معها کما قدمناه لئلا یلزم تخطئة السلف الصالح وجماهیر المسلمین.
(ردالمحتار مع الدرالمختار ص۳۱۷ جلد ۱ قبیل کرامات الاولیاء ثابتة)

﴿۱﴾ عن حذیفة قال قال رسول اللهﷺ فضلنا علی الناس بثلاث جعلت صفوفنا کصفوف الملائکة وجعلت لنا الارض کلها مسجدا وجعلت تربتها لنا طهورا اذا لم نجد الماء رواه مسلم. (مشکواة المصابیح ص۵۴ جلد ۱ باب التیمم الفصل الاول)

﴿۲﴾عن ابن عمر قال نهی رسول اللهﷺ ان یصلی فی سبعة مواطن فی المزبلة والمجزرة والمقبرة وقارعة الطریق وفی الحمام وفی معاطن الابل وفوق ظهر بیت الله رواه الترمذی وابن ماجه. (مشکواة المصابیح ص۶۷ جلد ۱ باب المساجد ومواضع الصلوٰة)

﴿۳﴾ قال العلامة الحصکفی رحمه الله: (والمربوطة بلجة البحر ان کان الریح یحرکها شدیدا فکالسائره والافکالواقفة) ویلزم استقبال القبلة عند الافتتاح وکلما دارت.
وقال ابن عابدین رحمه الله: (قوله والا فکالواقفة) ای ان لم تحرکها الریح شدیدا بل یسیرا فحکمها کاالواقفة فلا تجوز الصلاة فیها قاعدا مع القدرة ..... (بقیه دوسرے صفحه پر)

(پچھلے صفحے کا حاشیہ)علی القیام کما فی الامداد(قوله ویلزم استقبال القبلة) ای فی قولهم جمیعا بحر وان عجز عنه یمسک عن الصلاة امداد عن مجمع الروایات ولعله یمسک مالم یخف خروج الوقت لما تقرر من ان قبلة العاجز جهة قدرته وهذا کذلک والافما. (الدرالمختار مع ردالمحتار ص۵۶۳ جلد۱ باب صلاة المریض)

﴿۴﴾ وفی منهاج السنن: واما الصلوٰة فی السفینة اذا کانت سائرة فجائزة بلا کراهة اذا لم یمکن الخروج الی الشط، ومع الکراهة اذا امکن الخروج الیه نعم الصلوٰة قاعدا برکوع وسجود عند العجز عن القیام وعن الخروج الی الشط تجزیٰ بالاتفاق، وعند القدرة علی القیام وعلی الخروج الی الشط تجزئ عند ابی حنیفة مع الاساءة وعند ابی یوسف ومحمد لا یجزئ ویلزم التوجه الی الکعبة اتفاقا، وتمام الکلام فی البدائع، واما الصلوٰة فی السیارات البریة من القطارات وغیرها فعند الوقوف حکمها کحکم الصلوٰة علی الارض وعند السیر حکمها کحکم الصلوٰه فی السفینة السائره فمن صلی فیها قاعداً برکوع وسجود اجزءت، ومن صلی فیها بالایماء للزحمة وضیق المحل فالظاهر من النظائر ان یعید الصلوٰة. (منهاج السنن شرح جامع السنن ص۲۳۴ جلد۲ باب ماجاء فی الصلوٰة علی الدابة حیث توجهت به)

باب صفة الصلوٰة

جدت پسندی کے مرض کا انجام بھیانک ہوتا ہے

سوال: السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! امابعد میں حنفی ہوں اور مقلد ہوں لیکن رفع الیدین کی احادیث بھی موجود ہیں اب میں باقاعدہ رفع الیدین کرتا ہوں آیا اس کا ثواب ہے یا عذاب؟ براہ کرم جواب سے مستفید فرمائیں۔ بینوا توجروا

المستفتی: فضل عالم بڈھ بیر پشاور/ ۱۹۷۶ء/ ۱۲/۵

الجواب: محترم وعلیکم السلام کے بعد واضح رہے کہ اگر آپ شاہ ولی اللہ جیسے محقق ومدقق عالم نہ ہوں تو آپ جدت پسندی کے مریض ہیں ایسے مریض پر رفتہ رفتہ الحاد وزندقہ میں مبتلا ہونے کا خطرہ ہوتا ہے علماء احناف حدیث کو حدیث کی وجہ سے ترک کرتے ہیں افسوس ہے کہ آپ حنفیت کو اپنی رائے سے ترک کرتے ہیں اللہ کریم آپ کو استقامت کی نعمت سے نوازے۔ فقط

قبر سامنے ہو تو ایسی حالت میں نماز پڑھنے کا کیا حکم ہے؟

سوال: چہ میفر مایند علماء دین دریں مسئلہ کہ زمین مقبرہ کہ پیش درزمین قبور باشد بلاضرورت نماز درآں جا جائز است یانہ؟ بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم.....۱۹۷۹ء/ ۲۳/۱۱

الجواب: اگر قبور زیر نظر نہ باشد کراہیت نیست، کما فی الھندیہ ص ۱۱۳ جلد ۱ (مصری) وفي الحاوي وان كانت القبور ماوراء المصلي لا يكره فانه ان كان بينه وبين القبر مقدار ما لو كان في الصلوٰة ويمر انسان لايكره فههنا ايضا لا يكره كذا في التتارخانيه،

انتهی﴿۱﴾ قلت وانه قدر ما یقع بصرہ علی المار لو صلی بخشوع ای رامیا ببصرہ الیٰ موضع سجودہ ، ردالمحتار ص۵۹۳ جلد ۱ ﴿۲﴾. وھو الموفق

بوٹ پہنے ہوئے نماز پڑھنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ کیا فوجی لوگ بوٹ پہنے ہوئے نماز پڑھ سکتے ہیں یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: حولدار محمد زاہد C/o ایس بی پی او نمبر ۳......۷ محرم ۱۳۹۲ھ

الجواب: بوٹ میں نماز پڑھنا منع نہیں ہے لیکن بوٹ کے پاک اور ناپاک کی معرفت بہت مشکل ہے لہذا ہم اس میں نماز پڑھنے کا فتویٰ نہیں دے سکتے ﴿۳﴾۔ فقط

ہوائی جہاز اور موٹر میں نماز کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہوائی جہاز میں نماز پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟ اور موٹر میں اشارہ سے نماز پڑھنے کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: مولوی گل محمد گلی چشمہ کوئٹہ......۲۰/شوال ۱۴۰۴ھ

﴿۱﴾ (ھندیه ص۱۰۷ جلد ۱ الفصل الثانی فیما یکرہ فی الصلاة ومالایکرہ)

﴿۲﴾ (ردالمحتار ھامش الدرالمختار ص۴۶۹ جلد ۱ مطلب اذا قرأ تعالیٰ جد باب مایفسد الصلاة)

﴿۳﴾وفی المنھاج: قال مشائخنا الیوم لا یصلی بالنعال فی المسجد لان دخول المساجد متنعلا من سوء الادب فی العرف الحادث ولان تلویث المسجد بھا واقع لا محالة ولان علة التنعل قد انتھت لان الیھود والنصاریٰ فی زماننا یصلون فی النعال لا یخلعونھا، واعلم ان النعال اذا لم تکن مانعة من توجیه رءوس الاصابع الی القبلة فجاز الصلوٰة فیھا والا فلا کما یشیر الیه کلام القاری فی المرقاة، فالصلوٰة فی المداس الرائج الیوم لا یجوز اذا کان مقدمه مرتفعا واسعا بحیث لا یمتلأ باصابع القدم فافھم. منھاج السنن شرح جامع السنن ص۲۷۸ جلد ۲ باب الصلاة فی النعال)

الجواب: (۱)چونکہ ہوائی جہاز میں استقرار جبہہ ممکن ہے لہٰذا اس میں کشتی چانداورآسمان کی طرح نماز پڑھنا جائز ہے۔(۲)موٹر میں اشارہ سے نماز پڑھنا کافی نہیں اور واجب الاعادہ ہے﴿۱﴾۔وھو الموفق

الجواب الثانی: چونکہ ہوائی جہاز میں تمام ارکان با قاعدہ ادا ہو سکتے ہیں لہٰذا صورت مسئولہ میں سفینہ کی طرح نماز پڑھنا درست ہوگا، فی البدائع ص ۱۰۹ جلد ۱ وان کانت سائرة فان امكنه الخروج الى الشط يستحب له الخروج اليه لانه يخاف دوران الرأس في السفينة فيحتاج الى القعود وهو آمن عن الدوران في الشط فان لم يخرج وصلى فيها قائماً بركوع وسجود اجزأه لما روى الخ﴿۲﴾، ويؤيد صحة الصلوٰة في السماء قال الله تعالىٰ اوصانى بالصلوٰة والزكوة ما دمت حيا﴿۳﴾ فافهم. وهو الموفق

نماز وغیرہ کے متفرق مسائل

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین مسائل ذیل کے بارے میں کہ(۱)ایک مسجد میں قرآن کے ختم کیلئے امام کھڑا ہے جبکہ دوسری جانب تراویح بغیر ختم کے پڑھی جاتی ہیں، لیکن فرض اکٹھے پڑھتے ہیں تو کیا یہ صورت جائز ہے؟(۲)کسی دوائی کی تاریخ ختم ہو چکی ہے لیکن اس میں فائدہ کی توقع ہے کیا اس کی فروخت جائز ہے؟(۳)اگر امام الحمد سے پہلے ایک آیت یا زیادہ پڑھ لیں تو نماز میں فرق آتا

﴿۱﴾وفي المنهاج: واما الصلاة في السيارات البرية من القطارات وغيرها فعند الوقوف حكمها كحكم الصلاة على الارض وعند السير حكمها كحكم الصلاة في السفينة السائرة فمن صلى فيها قاعداً بركوع وسجود اجزءت، ومن صلى فيها بالايماء للزحمة وضيق المحل فالظاهر من النظائر ان يعيد الصلوٰة. (منهاج السنن شرح جامع السنن ص ۲۳۴ جلد ۲ باب الصلاة على الدابة الخ)

﴿۲﴾(بدائع الصنائع ص ۱۰۹ جلد ۱ فصل في اركان الصلاة)

﴿۳﴾(سورة مريم پاره: ۱۶ ركوع:۵ آيت:۳۲)

ہے یانہیں؟ (۴) حافظ قرآن کے پیچھے اگر فاتح قرآن کو دیکھ کر لقمہ دے کیا یہ جائز ہے؟ (۵) اگر حافظ قرآن ایک جگہ ختم کرے پھر دوسری مسجد میں دوسرا ختم شروع کرے کیا مقتدیوں کی سنت ختم ہو جاتی ہے؟ (۶) فجر کی دو رکعت سنت ایسی جگہ میں ادا کرنا کہ امام کی قرأت سنائی دیتی ہو درست ہے یانہیں؟ (۷) جو آدمی فوت ہو چکا ہے اس کا شناختی کارڈ گھر میں رکھنا جائز ہے یانہیں؟ (۸) تبلیغ میں جا کر بریلوی ائمہ کے پیچھے نماز پڑھنا درست ہے یانہیں؟ (۹) نمازیوں کے آگے گزرنے کیلئے کتنا فاصلہ شرط ہے؟ (۱۰) محمد نواز اور محمد عیاض نام رکھنا جائز ہے یانہیں؟ (۱۱) مسجد میں جب کسی آدمی کو احتلام ہو جائے تو کیا محتلم اذان تک مسجد میں رہ سکتا ہے اور دیوار مسجد پر تیمم جائز ہے یانہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: طاہر یونانی دواخانہ اقبال مارکیٹ مینگورہ سوات...... ۱۹۹۰ء/۶/۱۷

الجواب: (۱) جائز ہے ﴿۱﴾۔ (۲) یہ صرف قانونی جرم ہے۔ (۳) سجدہ سہو واجب ہے ﴿۲﴾ (کبیری ص۱۲۶)۔ (۴) اگر یہ فاتح فتح دینے کے وقت نماز میں شامل نہ تھا تو اس کا فتح لینا مفسد صلوٰۃ ہے ﴿۳﴾۔ (۵) بلاشک وشبہ ادا ہوتی ہے ﴿۴﴾۔ (۶) فاصل کی موجودگی کے وقت سنتیں پڑھنا

﴿۱﴾ قال العلامة ابن عابدين: من صلى العشاء والتراويح والوتر فى منزله ثم ام قوما آخرين فى التراويح ونوى الامامة كره له ذلك ولا يكره للمامومين ولو لم ينو الامامة وشرع فى الصلاة فاقتدى الناس به لم يكره لواحد منهما.

(ردالمحتار ص ۵۲۴ جلد ۱ مطلب فى كراهة الاقتداء فى النفل على سبيل التداعى)

﴿۲﴾ قال الحلبى: وقد يقال انه بقرأته قبل الفاتحة آخر الفاتحة فقد آخر الواجب.

(غنية المستملى شرح منية المصلى ص ۴۳۱ فصل فى سجود السهو)

﴿۳﴾ وفى الهنديه: وان فتح غير المصلى على المصلى فاخذ بفتحه تفسد كذا فى منية المصلى.

(فتاوىٰ عالمگيريه ص ۹۹ جلد ۱ الفصل الاول فيما يفسد)

﴿۴﴾ قال العلامة عبد الحئى: قد روى بعض اهل العلم عن كنز الفتاوىٰ رجل ام قوماً فى التراويح وختم فيها ثم ام قوما آخرين له ثواب الفضيلة ولهم ثواب الختم.

(مجموعة الفتاوىٰ ص ۲۲۴ جلد ۱ كتاب الصلاة)

بہ نسبت ترک اہون ہیں ﴿۱﴾۔(۷) نہ ممنوع ہے نہ مطلوب ہے۔(۸) بعض اوقات اعادہ ضروری ہوتا ہے۔(۹) تین چار گز ﴿۲﴾۔(۱۰) جائز ہے۔(۱۱) مسجد میں جنب کا رہنا جائز نہیں ہے ﴿۳﴾ (اور مسجد کی دیوار پر تیمم کرنا ناجائز نہیں ہے)۔ وھو الموفق

نماز کے بارے میں بعض استفسارات کے مختصر جوابات

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین ان مسائل کے بارے میں کہ (۱) مغرب یا عشاء کی نماز میں اگر امام تین آیات پڑھ کر بھول گیا مقتدی نے لقمہ دیا اور امام نے لقمہ لیا تو اس صورت میں کس کی نماز فاسد ہوگی؟ (۲) فجر کی سنت اگر چھوڑی گئی تو اس کو بعد میں پڑھے گا یا نہیں؟ (۳) اگر صبح کی نماز سے آدمی سویا ہوا تھا تو اشراق کے بعد قضا کی نیت کرے گا یا ادا کی نیت کرے گا؟ (۴) عصر کی نماز افتاب غروب ہونے کے بعد قضا کرے گا یا ادا کی نیت کرے گی؟ (۵) اگر امام نے سری نماز میں الحمد تک جہر کیا تو سجدہ سہو واجب ہے یا نہیں؟ (۶) امام کیلئے عمامہ صرف نماز میں سنت ہے یا ہر وقت سنت ہے؟ (۷) بعد از سنت اجتماعی دعا بدعت ہے یا جائز؟ (۸) بریلوی امام کے پیچھے دیوبندی کا نماز پڑھنا کیسا ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: عمر خطاب، محمد حکیم، ہاتھیاں مردان ...... ۵/ رمضان ۱۴۱۰ھ

﴿۱﴾ قال ابن الهمام: ومن انتهىٰ الى الامام فى صلاة الفجر وهو لم يصل ركعتى الفجر ان خشى ان تفوته ركعة ويدرك الاخرى يصلى ركعتى الفجر عند باب المسجد ثم يدخل لانه امكنه الجمع بين الفضيلتين وان خشى فوتهما دخل مع الامام لان ثواب الجماعة اعظم والوعيد بالترك الزم بخلاف سنة الظهر. (فتح القدير ص ۴۱۴ جلد ۱ باب ادراک الفریضة)

﴿۲﴾ قال العلامة ابن عابدين: انه قدر ما يقع بصره على المار لو صلى بخشوع اى راميا ببصره الى موضع سجوده. (ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۴۲۹ جلد ۱ باب مايفسد الصلاة ومايكره فيها)

﴿۳﴾ قال العلامة الحصكفى: ويحرم الحدث الاكبر دخول المسجد لا مصلى عيد وجنازة ولو للعبور خلافا للشافعى الالضرورة حيث لا يمكنه غيره ولو احتلم فيه ان خرج مسرعا تيمم ندبا. (الدرالمختار ص ۱۲۲ جلد ۱ مطلب يوم عرفة افضل من يوم الجمعة كتاب الطهارة)

الجواب: (۱)امام اور فاتح دونوں کی نماز درست ہے﴿۱﴾(شامی،کبیری)۔(۲)صرف طلوع شمس کے بعد پڑھے قبل از طلوع مکروہ ہے﴿۲﴾(شامی)۔(۳)طلوع شمس سے نماز فجر قضا ہوتی ہے البتہ قضا قبل الزوال کی صورت میں سنت بھی پڑھے جائیں گے﴿۳﴾۔(۴)غروب کے بعد قضا کی نیت کرے گا۔(۵)اتنی قلیل مقدار عفو ہے﴿۴﴾۔(۶)عمامہ پہننا کار ثواب ہے،اور بلا عمامہ نماز پڑھنا مکروہ تحریمی نہیں ہے﴿۵﴾۔(۷)مستحب ہے اور فرض کے بعد جائز ہے﴿۶﴾۔(۸)جس کا عقیدہ شرکی ہو اس کا اقتدا کرنا باطل ہے۔وھو الموفق

﴿۱﴾ قال العلامه الحصكفي رحمه الله: بخلاف فتحه على امامه فانه لا يفسد مطلقا لفاتح وآخذ بكل حال(قوله بكل حال) اى سواء قرأ الامام قدر ما تجوز به الصلاة آم لا انتقل الى آية اخرى ام لا تكرر الفتح ام لا هو الاصح.

(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۴۶۰ جلد ۱ باب مايفسد الصلاة ومايكره فيها)

﴿۲﴾﴿۳﴾قال العلامه ابن عابدين:(قوله ولا يقضيها الا بطريق التبعية) اى لا يقضى سنة الفجر وفاته الفجر الا اذا فاتت مع الفجر فيقضيها تبعا لقضائه لو قبل الزوال واما اذا فاتت وحدها فلا تقضى قبل الطلوع الشمس بالاجماع لكراهة النفل بعد الصبح واما بعد طلوع الشمس فكذلك عندهما وقال محمد احب الى ان يقضيها الى الزوال كما فى الدرر قيل هذا قريب من الاتفاق لان قوله احب الى دليل على انه لولم يفعل لالوم عليه وقالا لا يقضى وان قضى فلابأس به. (ردالمحتار على هامش الدرالمختار ص ۵۳۰ جلد ۱ باب ادراک الفريضة)

﴿۴﴾قال ابن عابدين: لان القليل من الجهر فى موضع المخافتة عفو.

(ردالمحتارهامش الدرالمختار ص ۵۴۹ جلد ۱ باب سجود السهو)

﴿۵﴾ قال الحلبى: المستحب ان يصلى الرجل فى ثلثة اثواب ازار وقميص وعمامة ولو صلى فى ثوب واحد متوشحا به جميع بدنه كما يفعله القصار فى القصرة جاز من غير كراهة مع تيسر وجود الطاهر الزائد ولكن فيه ترک الاستحباب.

(غنية المستملى المعروف بالكبيرى ص۳۴۷فصل فى بيان ما الذى يكره فعله فى الصلوٰة)

﴿۶﴾ قال العلامة ابن عابدين: واما ما ورد من الاحاديث فى...... (بقيه حاشيه اگلے صفحه پر)

بیٹھ کر نماز پڑھنے میں رکوع کا طریقہ

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ جس طرح کھڑے ہو کر نماز پڑھنے میں رکوع اسی طرح کی جاتی ہے کہ کمر اتنی سیدھی ہو کہ پانی کا پیالہ بھر کر کمر پر رکھ لیں اور گر نہ جائے تو کیا اسی طرح رکوع کرنا بیٹھ کر نماز پڑھنے میں بھی ہے، حالانکہ یہ تو سجدہ سے مشابہ ہوگا صحیح طریقہ کیا ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: اکرام الحق غفرلہ

الجواب: صرف انحناء کافی ہے، حقیقی اور اصل رکوع کی طرح کمر کو سیدھا کرنا ناممکن ہے (فلیراجع الی ردالمحتار ص ۵۱۱ جلد ۱) ﴿۱﴾. فقط

حنفی لوگ آمین آہستہ کہا کریں

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہم ابوظہبی میں فرض نماز باجماعت پڑھتے ہیں تو عرب لوگ امام کے پیچھے آمین زور سے پڑھتے ہیں کیا ہم بھی زور سے پڑھیں گے؟ ہم کیوں آہستہ پڑھتے ہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: لتہ باز خان ابوظہبی ۱۹۷۴ء/۱۰/۱۰

(بقیہ حاشیہ) الاذکار عقیب الصلاۃ فلا دلالۃ فیہ علی الاتیان بھا قبل السنۃ بل یحمل علی الاتیان بھا بعدھا لان السنۃ من لواحق الفریضۃ وتوابعھا ومکملاتھا فلم تکن اجنبیۃ عنھا فما یفعل بعدھا یطلق علیہ انہ عقیب الفریضۃ.

(ردالمحتار ھامش الدر المختار ص ۳۹۱ جلد ۱ اداب الصلاۃ)

﴿۱﴾ قال العلامۃ ابن عابدین: (قولہ ویجعل سجودہ اخفض) اشار الی انہ یکفیہ ادنی الانحناء عن الرکوع وانہ لا یلزمہ تقریب جبھۃ من الارض باقصی مایمکنہ کما بسطہ فی البحر عن الزاھدی. (ردالمحتار ھامش الدر المختار ص ۵۶۱ جلد ۱ باب صلاۃ المریض)

الجواب: آپ آمین کو آہستہ پڑھا کریں ﴿۱﴾ اور عرب پر اعتراض نہ کریں ان کا مسلک ہم سے الگ ہے ﴿۲﴾۔ وھو الموفق

رفع الیدین، آمین بالجہر وغیرہ اختلافی مسائل میں صحابہ سے اختلاف آرہا ہے

سوال: محترم جناب مفتی صاحب: میں بطور ایک محقق دین عرض کرتا ہوں کہ آپ روز قیامت اللہ تعالیٰ کے دربار میں اپنی پیشی کو ملحوظ رکھتے ہوئے صحیح ترین سند کے ساتھ جواب سے مشکور فرمائیں، کہ رفع الیدین عندالرکوع کرنے اور آمین بالجہر کہنے میں کرنے کے دلائل زیادہ قوی ہیں یا نہ کرنے کی؟ بینوا توجروا

المستفتی: امان اللہ حلیم میڈیکوز یونیورسٹی ٹاؤن پشاور ......۲/ جون ۱۹۷۵ء

الجواب: محترم المقام دامت برکاتکم! وعلیکم السلام کے بعد واضح رہے کہ ان مسائل میں قرن صحابہ سے اختلاف آرہا ہے لہٰذا ان میں حق عند اللہ کا تعین مشکل بلکہ ناممکن ہے ان میں سے ہر مذہب حق عنداھلہ ہے باقی جو شخص علم تفسیر اور علم حدیث سے باقاعدہ خبردار نہ ہو اور کسی امام کا مقلد بھی نہ ہو وہ شیطان کا شکار ہو جاتا ہے۔ وھو الموفق

﴿۱﴾ وفی الھندیہ: اذا فرغ من الفاتحة قال آمین والسنة فیه الاخفاء کذا فی المحیط. (فتاویٰ عالمگیریہ ص ۷۴ جلد ۱ الفصل الثالث فی سنن الصلاة وآدابها وکیفیتها)

﴿۲﴾ وفی المنھاج: اختلفوا فی انه اهل یجهر بها من یؤمن ام یخفیها الثانی مذهب ابی حنیفة واحدقولی مالک، والاول قول الشافعی فی القدیم وقول احمد وقال الشافعی فی الجدید یجهر بها الامام ویخفیها المأموم، والمختار قوله القدیم وقال الحافظ ابن حجر وعلیه الفتویٰ وروی عن عمر وعلی وابن مسعود بل الخلفاء الراشدین الاخفاء...... فاستدل الحنفیة بروایة شعبه فقال آمین وخفض بها صوته ویؤیدها قوله تعالیٰ ادعوا ربکم تضرعا وخفیة. لان آمین دعاء وکذا یؤیدها حدیث حفظت من رسول اللهﷺ السکتتین لان المراد من السکتة الاخفاء دون عدم القراء ة وکذا یؤیدها آثار الصحابة کما مرت وکذا القیاس علی سائر الاذکار.

(منهاج السنن شرح جامع السنن ص ۱۲۵، ۱۲۷ جلد ۲ باب ماجاء فی التامین)

رفع الیدین کی احادیث ہمارے نزدیک منسوخ ہیں

سوال: محترم مولانا صاحب! رفع الیدین کے بارے میں آپ کے فتویٰ نے مجھے سخت حیرت میں ڈال دیا، میں نے ثبوت میں بخاری ومسلم سے احادیث پیش کرنے کا کہا تھا لیکن آپ نے تعمیل کیلئے شرائط پیش کیں کہ جب تک قرآن وحدیث کا بڑا عالم یا کسی امام کا مقلد نہ ہو اور عمل کرے تو شیطان کا شکار ہوا ہے، بزرگو! میں نہ تو عالم دین ہوں اور نہ تقلید جانتا ہوں اب میں کیا کروں بخاری ومسلم کی احادیث سے صاف انکار کروں؟

المستفتی: امان اللہ حلیم میڈیکوز یونیورسٹی ٹاؤن پشاور......۱۷/ جون ۱۹۷۵ء

الجواب: محترم المقام دامت برکاتکم! السلام علیکم کے بعد واضح رہے کہ اگر آپ با قاعدہ عالم نہ ہوں تو ان مسائل میں عذر ظاہر کریں اور اس کو کسی مقامی یا غیر مقامی عالم کے پاس روانہ کریں تاکہ آپ کی تشفی ہو جائے۔ محترم بخاری اور مسلم کی یہ احادیث منسوخ ہیں ﴿۱﴾ ان میں صرف یہ ثابت ہے کہ پیغمبر علیہ السلام نے رفع الیدین کیا ہے ان میں یہ ثابت نہیں کہ تاحین وفات کیا ہے جیسا کہ نماز میں چلنا پھرنا باتیں کرنا معمول تھا۔ وھو الموفق

﴿۱﴾ احادیث میں رفع الیدین اور ترک رفع الیدین دونوں کے متعلق روایات موجود ہے لیکن ترک رفع الیدین کے روایات ناسخ ہیں، منہاج السنن میں ہے: اعلم ان ترک الرفع متواتر عملا کالرفع، والبلاد قاطبة فیھا الرافعون وفیھا التارکون ما عدا الکوفة فانھم باجمعھم تعاملوا بالترک وکذا بالترک کان تعامل اھل المدینة فی عھد مالک کما ینقله المالکیه ...... فیحمل حدیث ابن عمر علی النسخ ویؤیده ترک الراوی العمل به کما فی روایة الطحاوی ، وکذا یؤید النسخ کونه غیر المعمول به فی المدینة المنورة فی عھد مالک وکذا ترک اکابر الصحابة وفقھاء ھم مثل عمر وعلی وابن مسعود العمل به (منھاج السنن ص ۱۴۲ جلد ۲) اس کے علاوہ یہ روایات صریحاً ترک رفع الیدین کیلئے دلیل ہے۔ (۱) عن علقمة...... (بقیه حاشیه اگلے صفحه پر)

مسئلہ ترک رفع الیدین اور حدیث مسلم شریف

سوال: محترم ومکرم آپ صاحبان نے فرمایا تھا کہ رفع الیدین منسوخ ہے لیکن رفع الیدین کرنے والے کہتے ہیں کہ اگر کسی نے اس کا منسوخ ہونا ثابت کیا تو ہم اس کو مبلغ پانچ سو روپے نقد بطور انعام دیں گے، میں نے انہیں وہ مسلم شریف والی حدیث پیش کی، انہوں نے مسلم شریف لا کر بتایا کہ یہ منع تو بوقت سلام ہے اور پھر اس مسلم شریف میں بوقت رکوع رفع کی کئی احادیث اثبات میں پیش کیں براہ مہربانی منسوخ ہونے کی مضبوط دلیل مع حوالہ تحریر فرماویں تا کہ ہم اہل حدیث کا جواب کریں۔ بینوا توجروا

المستفتی: امان اللہ پشاور یونیورسٹی.....۱۹/ جولائی ۱۹۷۵ء

الجواب: الحديث المسئول رواه جابر بن سمرة رضى الله عنه مرفوعاً ص ۱۸۱ جلد ۱ ﴿۱﴾ وفيه انكار على رفع اليدين لقوله ﷺ اسكنوا فى الصلوٰة وهو

(بقيه حاشيه) قال قال لنا ابن مسعود الا اصلى بكم صلاة رسول الله ﷺ فصلى ولم يرفع يديه الامرة واحدة مع تكبير الافتتاح رواه الترمذى وابوداؤد والنسائى وهو حديث صحيح (اثار السنن باب ترك رفع اليدين فى غير الافتتاح ص ۱۰۴)وفى التعليق قلت صححه ابن حزم وقال الترمذى حديث ابن مسعود حديث حسن (باب رفع اليدين عند الركوع ص ۵۹ جلد ۱). (۲) عن براء بن عازب قال ان رسول الله ﷺ كان اذا افتتح الصلوٰة رفع يديه الى قريب من اذنيه ثم لا يعود (ابوداؤد ص ۱۰۹ جلد ۱). (۳)عن عبد الله بن عمر قال: رأيت رسول الله ﷺ اذا افتتح الصلوٰة رفع يديه حذو منكبيه واذا اراد ان يركع وبعد ما يرفع رأسه من الركوع فلا يرفع ولا بين السجدتين (مسند حميدى ص۲۷۷ جلد۲ احاديث عبد الله بن عمر رقم: ۶۱۴)

﴿۱﴾ عن جابر بن سمرة قال خرج علينا رسول الله ﷺ فقال مالى اراكم رافعى ايديكم كانها اذناب خيل شمس اسكنوا فى الصلوٰة قال ثم خرج علينا فرانا حلقا فقال مالى اراكم عزين قال ثم خرج علينا فقال الا تصفون كما تصف الملائكة عند ربها فقلنا يارسول الله وكيف تصف الملائكة عند ربها قال يتمون الصفوف الاول ويتراصون فى الصف. (الصحيح المسلم ص ۱۸۱ جلد ۱ باب الامر بسكون فى الصلاة)

لا يصدق على وقت السلام لان السلام محلل ومخرج عن الصلوٰة ﴿۱﴾. وهوالموفق

نماز میں عدم رفع الیدین اور تقلید فیصلہ شدہ مسائل ہیں

سوال: مسئلہ رفع الیدین کے متعلق بخاری شریف ص ۴۶۸ میں ابن عمر رضی اللہ عنہ کی روایت مسلم شریف میں ابوقلابہ، جابر بن سمرہ اور بیہقی میں ہے کہ خلفاء اربعہ رفع الیدین کرتے تھے اسی طرح فاتحہ خلف الامام بھی ثابت ہے بخاری ص ۴۸۰ ترمذی ص ۱۰۵۔ اس کا کیا جواب دیں گے نیز تقلید شخصی کی وضاحت فرمائیے۔ بینوا توجروا

المستفتی: حکیم اللہ محمد یوسف مسکین پور شریف مظفر گڑھ......۱۹۷۵ء/۶/۱۸

الجواب: محترم المقام: یہ فیصلہ شدہ مسائل ہیں ان کے ہر پہلو پر علماء نے بحث کی ہے آپ عینی اور معارف السنن کو مراجعت کریں اور تشفی حاصل کریں، البتہ تقلید شخصی کے متعلق واضح رہے کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں اس تقلید پر انکار کیا ہے کہ امام اور مقلد کے پاس ہدایت اور عقل نہ ہو یعنی نہ دلیل نقلی ہو اور نہ دلیل عقلی ہو، **حیث قال اولو كان آباء هم لا يعقلون شيئاً ولا يهتدون** ﴿۲﴾ مطلق تقلید شخصی پر انکار نہیں کیا ہے، لہٰذا وہ تقلید شخصی منکر نہ ہوگا جس کے امام متعلقہ کے ساتھ دلیل عقلی یا نقلی موجود ہو، نیز **فاسئلوا اهل الذكر ان كنتم لا تعلمون** ﴿۳﴾ بھی ہے اور قرآن مطلق ہے یعنی ہر حادثہ میں

﴿۱﴾ وفي المنهاج: ومنها ما رواه مسلم وغيره عن جابر بن سمرة قال خرج علينا رسول اللهﷺ ونحن رافعوا يدينا في الصلاة فقال ما لي اراكم رافعي ايديكم كانها اذ ناب خيل شمس واللفظ للنسائي وسياق هذا الحديث مغاير عن سياق الحديث الذي انكر فيه على من رفع ايديهم عند السلام كما لا يخفىٰ على من راجع الى نصب الرايه وتعليقاته.

(منهاج السنن شرح جامع السنن ص ۱۴۰ جلد ۲ باب رفع اليدين عند الركوع)

﴿۲﴾ (سورة البقرة پاره: ۲ رکوع ۵ آیت: ۱۷۰)

﴿۳﴾ (سورة النحل پاره: ۱۴ رکوع: ۱۲ آیت: ۴۳)

صرف ایک اہل ذکر کو مراجعت کرے اور جدا جدا اہل ذکر کو مراجعت کرنا دونوں کا مجوز ہے، والاول هو التقليد الشخصي، نیز تقلید شخصی خیر القرون میں بلانکیر موجود ہوئی ہے تو یہ سنت ہوگی نہ کہ بدعت لان الائمة الاربعة كانوا ائمة في حياتهم فافهم ولاتعجل، نیز حدیث عليكم بالسواد الاعظم ﴿۱﴾ بھی تقلید شخصی کی افضلیت کا مؤید ہے کیونکہ ہر زمانہ میں خواص کا سواد اعظم مقلد رہا ہے، كما لا يخفىٰ على من راجع الى تاريخ المحدثين والشارحين للحديث والفقهاء واصحاب الطريقة من الشيوخ، واما غير المقلدين فانهم يقلدون (في الحقيقة) الائمة شر القرون ويذرون ائمة خير القرون تلك اذاً قسمةٌ ضيزىٰ. وهو الموفق

﴿۱﴾ عن ابن عمر قال قال رسول اللهﷺ اتبعوا لسواد الاعظم فانه من شذ شذ في النار رواه ابن ماجه من حديث انس.

(مشكوٰة المصابيح ص ۳۰ جلد ۱ باب الاعتصام بالكتاب والسنة كتاب الايمان)

باب واجبات الصلوٰۃ

چلتی ریل گاڑی میں بیٹھ کر نماز پڑھنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک شخص ریل گاڑی میں سفر کرتا ہے اور نماز کا وقت ہوا اب یہ شخص بیٹھ کر نماز پڑھ سکتا ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: گل محمد بلوچستان......۲۱/۷/۱۹۸۶ء

الجواب: ریل میں بیٹھ کر نماز پڑھنا جائز ہے اگر چہ چل رہی ہو اور قیام سے معذور ہو، البتہ استقبال قبلہ ضروری ہے (ہندیہ ص ۱۵۲ جلد ۲)﴿۱﴾ . وھو الموفق

تکبیر تحریمہ میں کونسی چیز فرض یا واجب ہے؟

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ تکبیر تحریمہ میں کونسی چیز

﴿۱﴾ قال فی الهندیه: ومن اراد ان یصلی فی سفینة تطوعا او فریضة فعلیه ان یستقبل القبلة ولایجوز له ان یصلی حیثما کان وجهه کذا فی الخلاصة .

(فتاویٰ عالمگیریه ص ۶۳، ۶۴ جلد ۱ الفصل الثالث فی استقبال القبلة)

وفی منهاج السنن: واما الصلوٰة فی السیارات البریة من القطارات وغیرها فعند الوقوف حکمها کحکم الصلوٰة علی الارض وعند السیر حکمها کحکم الصلوٰة فی السفینة السائرة فمن صلیٰ فیها قاعداً برکوع وسجود اجزأت ، ومن صلی فیها بالایماء للزحمة وضیق المحل فالظاهر من التطائر ان یعید الصلوة ،واما الصلوٰة فی الطیارات فلعل حکمها کحکم الصلوٰة فی السفینة السائرة.

(منهاج السنن شرح جامع السنن ص ۲۳۴ جلد ۲ باب الصلوٰة علی الدابة حیث ما توجهت به)

فرض اور کیا واجب اور سنت ہے اشاعت فتاویٰ عالمگیری کیلئے باحوالہ جواب کا احتیاج ہے کیونکہ عالمگیری میں نماز کیلئے واجبات میں تکبیر تحریمہ کے بارے میں کوئی چیز ذکر نہیں ہے۔بینوا توجروا

المستفتی: محمد صادق ناظم مجلس منتظمہ اشاعت فتاویٰ ہندیہ سہگل جہلم

الجواب: تکبیر تحریمہ شرط اور فرض ہے(درمختار باب صفة الصلوٰة)﴿۱﴾ اور بالخصوص اللہ اکبر پڑھنا واجب یا سنت ہے (الدرالمختار مع ردالمحتار ص۳۴۷ جلد ۱)﴿۲﴾. فقط

نماز عشاء کی چار رکعتوں میں قصداً یا سہواً جہر کرنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک امام نے نماز عشاء کی چاروں رکعتوں میں قرأت بالجہر کیا اور سجدہ سہوہ نہ کیا اس نماز کا کیا حکم ہے؟بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم......

الجواب: عشاء کی رکعتین آخرین میں اسرار واجب ہے لہٰذا اس اسرار کے ترک کی وجہ سے سجدہ سہوہ واجب ہوگا جب کہ یہ ترک سہواً ہو ورنہ اعادہ واجب ہوگا،قال فی شرح التنویر والجهر فيما يخافت فيه الامام هامش ردالمحتار ص ۶۹۴ جلد ۱ ﴿۳﴾ والاسرار يجب على الامام والمنفرد مما يسر فيه وهو صلوٰة الظهر والعصر والثالثة من المغرب والاخريان من العشاء ردالمحتار ص۴۳۷ جلد ۱ ﴿۴﴾. وهو الموفق

﴿۱﴾ قال العلامه الحصكفي: من فرائضها التحريمة وهي شرط.
(الدارالمختار على هامش ردالمحتار ص۳۲۶ جلد ۱ باب صفة الصلوٰة)

﴿۲﴾ قال العلامة الحصكفي: واذا اراد الشروع في الصلاة كبر لو قادرا للافتتاح اى قال وجوبا الله اكبر قال ابن عابدين واجيب بانه يفيد السنية اوالوجوب. (الدرالمختار مع ردالمحتار ص۳۵۴ جلد ۱ فصل في بيان تاليف الصلوٰة الى انتهائها باب صفة الصلوٰة)

﴿۳﴾ (الدرالمختار على هامش ردالمحتار ص۵۴۸ جلد ۱ باب سجود السهو)

﴿۴﴾ (ردالمحتار هامش الدرالمختار ص۳۴۶ جلد ۱ باب صفة الصلاة)

نماز میں الفاظ پر زبانی تلفظ ضروری ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین مسائل ذیل کے بارے میں کہ (۱) اگر ایک نمازی الحمد، تشہد، درود شریف اور دعا پورے دھیان کے ساتھ معنی سمجھتے ہوئے اور ہونٹ بند کئے ہوئے دل میں الفاظ ادا کرے، کیا قرأت وغیرہ دل میں پڑھنے سے نماز ہو جاتی ہے؟ (۲) اگر دل میں پڑھنے سے نماز ادا نہیں ہوئی تو وہ کونسا طریقہ ہے کہ ہونٹ بند کئے ہوئے زبان سے الفاظ ادا ہو سکیں؟ آج کل ۹۹/ فیصد نمازی اسی طرح معلوم ہوتے ہیں کہ ان کے ہونٹ نہیں ہلتے اگر کوئی ایسا طریقہ ہو تو قرآن وسنت کے مطابق لکھوا کر ارسال کریں تاکہ میں بھی باسانی نماز ادا کرسکوں۔ بینوا توجروا

المستفتی: نور محمد بوہڑ بازار راولپنڈی..... یکم جون ۱۹۷۰ء

الجواب: (۱) یہ تدبر اور تفکر ہے لہٰذا اس سے ذمہ فارغ نہیں ہوتا ہے فراغت ذمہ کیلئے تلفظ ضروری ہے، وفی الهداية ص ۹۸ ثم المخافة ان يسمع نفسه والجهر ان يسمع غيره وهذا عند الفقيه ابی جعفر الهندوانی ، وقال الكرخی ادنی الجهر ان يسمع نفسه وادنی المخافة تصحيح الحروف لان القرأة فعل اللسان وعلی هذا الاصل كل ما يتعلق بالنطق ﴿۱﴾۔ (۲) گونگے کے ماسوا کیلئے گنجائش نہیں ہے آپ مشقت برداشت کریں اور تلفظ کیا کریں اللہ تعالیٰ آپ کو دگنا اجر دے گا (لحديث ورد بذلك) ﴿۲﴾ اور آپ جس طرح گفتگو کرتے ہیں اور مشقت برداشت کرتے ہیں تو اسی طرح نماز میں بھی مشقت برداشت کریں۔ فقط

﴿۱﴾ (هدايه ص ۱۰۶، ۱۰۷ جلد ۱ كتاب الصلوٰة فصل فی القرأة)

﴿۲﴾ عن عائشة قالت قال رسول اللهﷺ الماهر بالقرآن مع السفرة الكرام البررة والذی يقرأ القرآن ويتتعتع فيه وهو عليه شاق له اجران متفق عليه.

(مشكواة المصابيح ص ۱۸۴ جلد ۱ باب فضائل القرآن)

نماز کے الفاظ تفکر سے نہیں تلفظ سے ادا کرنا لازمی ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ نماز با جماعت ادا کرتے ہوئے جب تشہد، درود شریف اور دعا وغیرہ کرنی ہوتی ہے تو زبان سے پڑھتے ہوئے میری زبان سے الفاظ صحیح طریقے سے ادا نہیں ہوتے بلکہ دل میں پورے دھیان کے ساتھ معنی سمجھتے ہوئے پڑھ سکتا ہوں تو کیا اس سے نماز ہو جائے گی؟ اگر نہیں تو پھر حضرت میں کیا کروں میں بڑی مشکل میں گرفتار ہوں اگر زبان سے الفاظ ادا کرتا ہوں تو کچھ آواز بھی نکلتی ہے جس کی وجہ سے ساتھ والے نمازیوں کو نماز پڑھنے میں خلل آتا ہے اگر آواز نہ نکالوں تو زبان پر الفاظ تو چڑھتے ہیں لیکن پتہ نہیں چلتا کہ زبان سے ادا ہوئے ہیں یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: نور محمد بوہڑ بازار راولپنڈی ...... مئی ۱۹۷۰ء

الجواب: چونکہ تشہد کا پڑھنا واجب ہے لہٰذا آپ کیلئے ضروری ہے کہ آپ تدبر اور تفکر پر اکتفاء نہیں کریں گے بلکہ اپنی مقدور اور استطاعت کے موافق تلفظ کریں گے آپ اگر اپنے الفاظ نہ سنیں لیکن یہ یقین حاصل ہو کہ میں نے زبان سے تصحیح حروف کی ہے تو یہ بھی کافی ہے ﴿۱﴾۔ فقط

بس (لاری) میں بلا استقبال قبلہ ادا کی ہوئی نماز کا اعادہ واجب ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ سفر کے دوران جب ڈرائیور گاڑی کو نماز کیلئے نہیں روکتا تو بغیر استقبال قبلہ کے اشارے کے ساتھ نماز جائز ہوگی یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: مولوی عبید اللہ مدرس عربی ہائی سکول لتمبر ضلع کرک ۱۹۷۲ء/۱۱/۲۶

﴿۱﴾ قال العلامة الحصكفي: (و) ادنى الجهر اسماع غيره و ادنىٰ المخافتة اسماع نفسه، قال ابن عابدين: اعلم انهم اختلفوا في حد وجود القرأة على ثلاثة اقوال فشرط الهندواني والفضلي لوجودها خروج صوت يصل الى اذنه وبه قال الشافعي وشرط بشر المريسي واحمد خروج الصوت من الفم وان لم يصل الى اذنه لكن بشرط كونه مسموعا في الجملة حتى لو ادنىٰ احد صماخه الى فيه يسمع ولم يشترط الكرخي وابوبكر البلخي السماع واكتفيا بتصحيح الحروف. (الدر المختار على هامش ردالمحتار ص ۳۹۴ جلد ۱ فصل في القرأة)

الجواب: غیر جاندار سواری میں استقبال قبلہ ضروری ہے، فی الدر المختار علی هامش ردالمحتار ص ۴۱۷ جلد ۱ ﴿۱﴾، اور اگر تنگی وقت کی وجہ سے بلا استقبال ادا کی گئی تو بعد میں واجب الاعادہ ہوگی (بالاصل المذکور فی البحر ص ۱۴۹ جلد ۱)۔ وهو الموفق

نماز کے متعلق مختلف سوالات کے جوابات

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین مسائل ذیل کے بارے میں کہ (۱) نماز بحالت قعود میں رکوع کے وقت ہاتھ کہاں رکھے جائیں گے؟ (۲) منفرد بوجہ سجدہ سہوہ دونوں طرف سلام پھیرے گا؟ (۳) نماز کی تیسری رکعت میں شام کو یا چوتھی رکعت (عصر کی نماز میں) شریک ہوا اب بعد از فراغت امام یہ ایک رکعت کے بعد قاعدہ کرے گا یا دو کے بعد؟ (۴) طلاق مغلظہ دینے کے باوجود جو شخص اس بیوی کو اپنے پاس رکھے، اس شخص کو مسجد میں نماز پڑھنے کی اجازت دی جائے گی یا روکا جائے گا؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالرحمٰن وانڈہ شہاب خیل لکی مروت......۱۹۷۶ء/۲/۲۵

الجواب: (۱) اگر حرج نہ ہو تو گھٹنوں پر ہاتھ رکھنا افضل ہوگا (ماخوذ از شامی) ﴿۲﴾۔

﴿۱﴾ قال العلامة الحصكفي: والمربوطة بلجة البحر ان كان الريح يحر كها شديدا فكالسائرة والافكالواقفة ويلزم استقبال القبلة عند الافتتاح وكلما دارت (قوله ويلزم استقبال القبلة) اى فى قولهم جميعا بحر وان عجز عنه يمسک عن الصلاة امداد عن مجمع الروايات ولعله يمسک مالم يخف خروج الوقت لما تقرر من ان قبلة العاجز جهة قدرته وهذا كذلک والا فما الفرق فليتأمل وانما لزمه الاستقبال لانها فى حقه كالبيت حتى لا يتطوع فيها مومنا مع القدرة على الركوع والسجود بخلاف راكب الدابة. (ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۵۶۳ جلد ۱ مطلب فى الصلاة فى السفينة باب صلاة المريض)

﴿۲﴾ قال ابن عابدين: (قوله ان يبلغ الركوع) اى يبلغ اقل الركوع بحيث تنال يداه ركبتيه وعبارته فى الخزائن عن القنية الى ان يصير اقرب الى الركوع.
(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۳۲۸ جلد ۱ قبيل مبحث القرأة)

(۲) سلام ایک طرف (دائیں) پھیرنا چاہئے اس میں منفرد اور امام کا فرق نہیں ہے، البتہ دونوں طرف سلام پھیرنا مفسد صلاۃ نہیں، خلافا للبعض (شامی)﴿۱﴾۔ (۳) مفتی بہ قول کے مطابق ایک رکعت کرنے کے بعد قعدہ کرے گا (شامی)﴿۲﴾۔ (۴) ایسے مجرم شخص کو نماز باجماعت یا مسجد سے منع کرنا حرام ہے (القرآن)﴿۳﴾. وھو الموفق

سواری اور پیادہ پا کی حالت میں نماز کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماءِ دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ سواری اور پیادہ پا جانے کے وقت نماز کا کیا حکم ہے اور اس آیت کا کیا مطلب ہوگا، وان خفتم فرجالاً او رکبانا (الایۃ)؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد امین.....۲/۴/۱۹۷۴ء

﴿۱﴾ قال ابن عابدین: (یجب بعد سلام واحد عن یمینه فقط) لانه المعهود وبه یحصل التحلیل وهو الاصح بحر عن المجتبیٰ وعلیه لو اتی بتسلیمتین سقط عنه السجود.
(الدر المختار علی هامش ردالمحتار ص ۵۴۵،۵۴۶ جلد ۱ باب سجود السهو)

﴿۲﴾ قال العلامة الحصکفی: ویقضی اول صلاته فی حق قرأة وآخرها فی حق تشهد فمدرک رکعة من غیر فجر یاتی برکعتین بفاتحة وسورة وتشهد بینهما وبرابعة الرباعی بفاتحة فقط ولا یقعد قبلها . قال ابن عابدین: (قوله ویقضی اول صلاته فی حق قرأة) هذا قول محمد کما فی مبسوط السرخسی وعلیه اقتصر فی الخلاصه وصرح الطحاوی والاسبجابی والفتح والدرر والبحر وغیرهم وذکر الخلاف کذلک فی السراج لکن فی صلاة الجلابی ان هذا قولهما وتمامه فی شرح الشیخ اسمعیل وفی الفیض عن المستصفیٰ لو ادرکه فی رکعة الرباعی یقضی رکعتین بفاتحة وسورة ثم یتشهد ثم یأتی بالثالثة بفاتحة خاصة عند ابی حنیفة وقالا رکعة وسورة وتشهد ثم رکعتین اولا هما بفاتحة وسورة وثانیتهما بفاتحة خاصة. وظاهر کلامهم اعتماد قول محمد (قوله وتشهد بینهما) قال فی شرح المنیة ولو لم یقعد جاز استحسانا لا قیاسا ولا یلزمه سجود السهو لکون الرکعة اولی من وجه.
(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۴۴۱ جلد ۱ قبیل باب الاستخلاف)

﴿۳﴾ قال الله وتعالیٰ: ومن اظلم ممن منع مساجد الله ان یذکر فیها اسمه وسعی فی خرابها.
(سورة البقرة پاره: ۱ رکوع: ۱۴ آیت: ۱۱۴)

الجواب: اعلم ان الراجل هو القائم علی الرجلین سواء کان ماشیاً او لا کما ان الراکب هو الواقف علی المرکب سواء کان ذاهبا اولا. لکن الفقهاء الکرام اتفقوا علی کون العمل الکثیر مفسداً کما صرحوا به والمشی المتتابع عمل کثیر فیکون مفسداً وهو مقتضی الاحتیاط، فافهم نعم لو ورد مشاة اورکبانا لقدم النص علی الاصل فتقدیم المحتمل علی الاصل خلاف الاحتیاط، وکذا الراکب هو الساکن وانما الماشی هو المرکب فالتقابل ایضا یقتضی الاحتیاط﴿۱﴾. وهوالموفق

دوسجدوں کےدرمیان جلسہ نہ کرنا موجب اعادہ صلاۃ ہے

سوال: کیافرماتے ہیں علماءدین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگرکوئی شخص دوسجدوں کےدرمیان جلسہ نہیں کرتا،یعنی صرف اشارہ کرتا ہےکیایہ نماز ہوجاتی ہے؟بینوا توجروا

المستفتی:مسعودصدیقی محلّہ موچی پورہ کابلی گیٹ پشاور......۱۹۹۱ء/۲/۱۷

الجواب: جب جلسہ (سبحان الله) کہنےکی مقدار سےکم ہوتو نمازواجب الاعادہ ہوتی ہے﴿۲﴾۔وهوالموفق

﴿۱﴾ قال العلامة ابن عابدین: فلایجوز علی الدابة بلا عذر لعدم الحرج کما فی البحر (قوله راکبا) فلاتجوز صلاة الماشی بالاجماع بحر عن المجتبیٰ.

(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص۵۱۲ جلد۱ مطلب فی الصلاة علی الدابة)

﴿۲﴾قال العلامة الحصکفی: وتعدیل الارکان ای تسکین الجوارح قدر تسبیحة فی الرکوع والسجود وکذا فی الرفع منهما علی مااختاره الکمال. قال ابن عابدین: لو ترکها او شیئا منها ساهیا یلزمه السهو ولو عمدا یکره اشد الکراهة ویلزمه ان یعید الصلاة.

(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص۳۴۲ جلد۱ باب صفة الصلاة)

باب سنن الصلوٰۃ

فرض نماز کے بعد طویل دعا یا اللھم انت السلام کی مقدار کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ نماز کے بعد امام یا مقتدی کا بیٹھ کر طویل دعا کا کیا حکم ہے، جبکہ روایات میں صرف مقدار اللھم انت السلام آیا ہے کیا اس سے زیادہ بیٹھنا جائز نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم......۱۹۷۴ء/۴/۱۲

الجواب: ذکر بعد المکتوبات کی مقدار حسب تصریح فقہاء کرام قدر اللھم انت السلام یا معمولی کم وبیش ہے، کما فی ردالمحتار ص ۴۹۵ جلد ۱ وقول عائشة رضی الله عنها بمقدار لا یفید انه کان یقول ذلک بعینه بل کان یقعد بقدر ما یسعه ونحوه من القول تقریباً فلا ینا فی ما فی الصحیحین من انه ﷺ کان یقول فی دبر کل صلوٰة مکتوبة لا اله الا الله الخ ﴿۱﴾. وهو الموفق

تشہد میں اشارہ بالسبابہ اور اقوال فقہاء کرام

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ تشہد میں اشارہ سنت ہے یا نہیں؟ نیز مجدد الف ثانی رحمہ اللہ نے اپنے مکتوبات میں اسے حرام لکھا ہے اسی طرح جامع الرموز، خلاصۃ الفتاویٰ، فتاویٰ ظہیریہ، فتاویٰ ہندیہ میں بھی ہے کہ، والمختار انه لا یشیر والا کثرون لا یرون الاشارة، تحقیقی جواب لکھ کر تشفی فرمائے۔ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالرحمٰن مدرسۃ الحسینیہ شہداد پور سانگھڑ......۱۹۷۵ء/۶/۹

﴿۱﴾ (ردالمحتار هامش الدر المختار ص ۳۹۱ جلد ۱ قبیل فصل فی القراءة)

الجواب: علماء ومتاخرین اشارہ کے حل وحرمت میں مختلف ہیں، بہت سے علماء اس کو جائز اور سنت مانتے ہیں اور بہت سے اس کو ناجائز اور مکروہ کہتے ہیں ان میں سے مجدد الف ثانی رحمہ اللہ بھی شمار کیا گیا ہے، البتہ راجح جواز اور سنیت معلوم ہوتی ہے کیونکہ احادیث مرفوعہ فعلیہ اور قولیہ سے فعل معلوم ہے انکار معلوم نہیں ہے، تو نسخ کس طرح درست ہو سکے گا، واماحدیث اسکتوا فی الصلوٰۃ ففیه انکار علی رفع الیدین فی الصلاۃ او عند السلام کما لا یخفیٰ علی من راجع الی مسلم ولیس فیه انکار علی الاشارۃ، والنسخ لا یثبت بالرائ والقیاس وما قیل ان احادیث الاشارۃ مضطربة فیقال بالمنع ثم بالتوسع کما فی الرفع عند التحریمة علی ان الضعیف یثبت به الاستحباب وماقیل ان البخاری لم یروها فیقال الحجه هو الحدیث دون البخاری فقط کما یقال فی مسئلة رفع الیدین، وقد صرحوا ان عدم کون الحدیث علی شرط البخاری لا یقتضی عدم الصحة فلیراجع، نیز ہمارے ائمہ متقدمین سے ظاہر الروایت میں اشارہ کے متعلق نہ نفی موجود ہے اور نہ اثبات، اور نادر الروایة میں اثبات موجود ہے، کما فی الموطأ للامام محمد واما لی ابی یوسف رحمهما الله تعالیٰ، وفی البحر ان المصیر الیٰ نادر الروایة واجب عند عدم الظاهر، فما قالوا ان ظاهر الروایة هی عدم الاشارۃ فقد ضلوا واضلوا الفهم، لم یفرقوا بین عدم الروایة وروایة العدم، نیز متاخرین میں سے جنہوں نے اشارت کو ترجیح دی ہے وہ جامع بین الفقہ والحدیث میں محققین ہیں، بخلاف ما قال بعد مها هی ان قولهم مخالف عن الروایة والدرایة کما فی فتح القدیر واما ما نسب الی الامام الربانی فقال شیخنا ومرشدنا مولانا محمد عبد المالک الصدیقی المجددی قدس سره ان هذا المکتوب موضوع نسبه الی شیخه، فقال البعض انه لم یبلغه الاحادیث وفیه مافیه، وقیل تحقیقه مخالف عن تحقیق اهل الفن، وما قالوا انها ما ذکرت فی ظاهر

الـروایة فـلـم یـمیـزوا بیـن عدم الروایة وروایة العدم، وما قالوا انها لم یذکرها صاحب الهـدایة قـلـنـا قـد ذکرها فی مختارات النوازل ولم یذکرها فی الهدایه لعدم ذکرها فی القـدوری وجـامع الصغیر وغیره، وماقالوا ان المسنون هو افتراش الاصابع الی القبلة، قـلـنـا نـعـم ذلک مسـنون فی اول الوضع خلافا للشوافع فانهم یحلقون الکف من اول الوضع فافهم وتدبر. وهوالموفق

تشہد میں اشارہ کا حکم اور صاحب خلاصہ کیدانی کی عبارت کی توضیح

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ رفع سبابہ عندالتشہد کا اثبات احناف کے بعض کتابوں میں مذکور ہے اور بعض نفی کا قول کرتے ہیں، فتاویٰ وددودیہ (پشتو) میں اسے سنن نماز سے گردانا ہے اور خلاصہ کیدانی کے باب خامس میں اشارہ بالسبابہ کا ھل الحدیث محرمات میں بیان کیا ہے تو اس بارے میں قول راجح کیا ہوگا؟ بینوا توجروا

المستفتی: ہدایت اللہ نعیم کنڈی اکازی تہکال پشاور.....۱۹۷۴ء/۹/۹

الجواب: محترم المقام دامت برکاتکم السلام علیکم کے بعد واضح رہے کہ قول راجح ومحقق یہ ہے کہ اشارہ سنت اور محکم ہے، لانه ثبت فی الاحادیث المرفوعة فعلها وترغیبها وتقریرها وکذا ثبت فی الاثار فعل الصحابة بعد وفاتهﷺ ولم یرو عن ابی حنیفة رحمه الله فی الظاهر الروایة شیٔ مـن الـنـفـی او الاثبـات وهـی سـاکتة، نعم فی غیر الظاهر ثبت اثباتها کما فی الموطأ وامـالی ابی یوسف وقال صاحب البحر اذا لم یثبت الحکم فی الظاهر فوجب المصیر الی غیر الظاهر، نعم اختلف المتاخرون یعنی علمائنا فقال البعض بانها منسوخة فیکون العمل بهـا حـرامـا وقال بعض الحنفیة وکذا الشوافع والموالک والحنابلة واهل الحدیث بعدم

النسخ وهو الراجح كما حقق في مقامه، خلاصہ یہ کہ بنابر تحقیق اشارہ سنت اور محکم ہے اور صاحب خلاصہ وغیرہ کے نزدیک حرام ومنسوخ ہے، اور خلاصہ میں اہل حدیث کا ذکر مثال کے طور پر ہے کیونکہ اہل حدیث کے ساتھ ہمارے محققین احناف بھی شریک ہیں۔ وهو الموفق

اللهم انت السلام کے وقت ہاتھ اٹھانا

سوال: فرض نماز کے بعد اللهم انت السلام پڑھتے وقت ہاتھ اٹھائیں گے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: گل فراز نوشہرہ......۲۶/محرم الحرام ۱۳۹۵ھ

الجواب: يرفع الايدى عند زيادة الكلمات الدعائيه وعند عدم الزيادة لم يثبت الرفع وكذا لا يقتضيه الاصل﴿۱﴾ الا ان يقال ان الثناء على الكريم دعاء ﴿۲﴾. وهو الموفق

پگڑی کے مسنون ہونے کا حکم انقلابات زمانہ سے تبدیل نہیں ہوتا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ جس مقام پر پگڑی کا

﴿۱﴾ وفي المنهاج : اعلم انه لم يثبت مواظبة النبي ﷺ على ذكر خاص وكذا لم يثبت عند رفع الايدى عند مثل هذه الاذكار، واما رفع الايدى عند الدعوات خارج الصلوٰة فقد ثبت باحاديث كثيرة قولية وفعلية في الامهات الست وغيرها منها ما اخرجه ابن ابى حاتم وذكره الحافظ ابن كثير في تفسيره ص ۷۲ ا جلد ۳ عن ابى هريره ان رسول الله ﷺ رفع يديه بعد ما سلم وهو مستقبل القبلة فقال اللهم اخلص الوليد بن الوليد الى آخر الدعاء الخ.
(منهاج السنن شرح جامع السنن ص ۷۱ ا جلد ۲ باب مايقول اذا سلم)

﴿۲﴾ قال العلامه سيد احمد الطحطاوى: قوله والدعاء هذا لا ينا فى الاتيان باللهم انت السلام الخ لانه ليس دعاء بل ثناء الا ان يراد بالدعاء ما يعم الذكر او هو بالنظر الى قوله فحينا الخ دعاء على مافيه. (الطحطاوى شرح مراقى الفلاح ص ۱۳ ۳ فصل فى صفة الاذكار)

استعمال نہ ہوتا ہو، اس مقام پر پگڑی میں نماز پڑھنا جائز ہے یا ناجائز؟ اور یہ بات کس کتاب میں لکھی ہوئی ہے کہ جہاں پگڑی کا استعمال نہ ہوتا ہو، وہاں پگڑی میں نماز پڑھنا مکروہ تحریمی ہے کتاب کا حوالہ لکھ کر ممنون فرماویں۔ بینوا توجروا

المستفتی: محمد نثار برطانیہ.....۱۹/محرم ۱۳۹۵ھ

الجواب: امر مسنون تا قیامت مسنون رہے گا، عرف کے انقلابات سے سنت میں انقلاب نہیں آتا، کما فی تنقیح الفتاویٰ ص ۳ جلد ۱ ﴿۱﴾ . وھو الموفق

غیر مقلدین کا رفع الیدین کرنا ہماری تحقیق کی بنا پر غلط اور ان کا ایھا النبی کے بجائے علی النبی پڑھنا خلاف احتیاط ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ (۱) ہمارا ایک ساتھی رفع الیدین کرتا ہے اور دوسروں کو ایسا کرنے کی ترغیب دیتا ہے کیا اس کیلئے ایسا کرنا اور دوسروں کو ترغیب دینا جائز ہے؟ (۲) نیز ہمارا یہ ساتھی تشہد میں السلام علیک ایھا النبی کے بجائے علی النبی پڑھتا ہے اور اس کو محتاط قرار دیتا ہے اور دوسروں کو ترغیب بھی دیتا ہے کیا ایسا کرنا جائز ہے۔ بینوا توجروا

المستفتی: ایم نثار محمد کوثر پڑانگ چارسدہ.....۱۹۶۹ء/۵/۵

الجواب: (۱) یہ شخص کوئی غیر مقلد معلوم ہوتا ہے لہٰذا وہ ہماری تحقیق کی بنا پر غلطی پر ہے ﴿۲﴾۔

﴿۱﴾ قال العلامہ محمد امین ابن عابدین: وفی القنیه لیس للمفتی ولا للقاضی ان یحکما علی ظاھر المذھب ویترکا العرف..... واصلھا قوله علیه الصلاة والسلام ما رآه المسلمون حسناً فھو عند الله حسن (اقول) لکن صرحوا بان العرف المخالف للنص لا یعتبر بانه لایصح بیع الشرب مقصودا وان تعورف. (تنقیح الفتاویٰ الحامدیه ص ۳ جلد ۱ قبیل کتاب الطھارۃ (مقدمه))

﴿۲﴾ قال العلامه ابن عابدین: الدلیل الشرعی اقتضی العمل بقول المجتھد وتقلیده فیه فیما احتاج الیه وھو فاسئلوا اهل الذکر والسوال انما یتحقق عند طلب.....(بقیه حاشیه اگلے صفحه پر)

(۲)اس کا یہ احتیاط خلاف احتیاط ہے﴿۱﴾۔وھو الموفق

فاتحہ اور سورۃ کے درمیان بسم اللہ پڑھنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ قبل سورت امام کیلئے بھی تسمیہ (آہستہ) پڑھنا مستحب ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: اکرام الحق راولپنڈی.....۱۹۷۲ء/۱/۱۳

الجواب: فاتحہ اور سورت کے درمیان بسم اللہ پڑھنا جائز غیر مکروہ (حسن) ہے(ردالمحتار ص۴۵۸ جلد ۱)﴿۲﴾. وھو الموفق

بغیر عمامہ کے نماز پڑھنے کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ بغیر عمامہ (پگڑی) کے نماز پڑھنے کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: شفیق الرحمن مندنی چارسدہ.....۱۹۸۶ء/۱۰/۱۲

(بقیہ حاشیہ) حکم الحادثة المعینة فاذا ثبت عنده قول المجتهد وجب عمله به واما التزامه فلم یثبت من السمع اعتباره ملزما الخ.
(ردالمحتار هامش الدر المختار ص ۲۰۹ جلد۳ مطلب فیما اذا رتحل الی غیر مذهبه باب التعزیر)
﴿۱﴾قال العلامه حصکفی: ویقصد بالفاظ التشهد معانیها مرادة له علی وجه الانشاء کانه یحی الله تعالیٰ ویسلم علی نبیه وعلی نفسه واولیاءه لا الاخبار عن ذلک قال ابن عابدین: ای لا یقصد الاخبار والحکایة عما وقع فی المعراج منه ﷺ ومن ربه سبحانه ومن الملائکة علیهم السلام.
(الدر المختار مع ردالمحتار ص۳۷۷ جلد ۱ قبیل مطلب فی جواز الترحم علی النبی ابتداء)
﴿۲﴾قال العلامه ابن عابدین: (قوله ولا تکره اتفاقا) ولهذا صرح فی الذخیرة والمجتبیٰ بانه ان سمی بین الفاتحة والسورة المقروءة سرا او جهرا کان حسنا عند ابی حنیفة ورجحه المحقق ابن الهمام وتلمیذه الحلبی لشبهة الاختلاف فی کونها اية من کل سورة بحر.
(ردالمحتار هامش الدر المختار ص ۳۶۲ جلد ۱ مطلب قرأة البسملة بین الفاتحة والسورة)

الجواب: بلا عمامہ کے نماز پڑھنا خلاف اولیٰ ہے اس میں امام اور غیر امام کا کوئی فرق نہیں ہے﴿۱﴾۔وهو الموفق

نماز میں سر پر عمامہ یا ٹوپی رکھنا مطلوب اور مسنون ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ بعض لوگ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے عوارض خارجیہ کے بغیر سر کو عاری عن العمامه او القلسنوة چھوڑا ہے اور کہتے ہیں کہ سر پر عمامہ یا ٹوپی نہ رکھنا بھی سنت ہے کیا یہ صحیح ہے؟ نیز نماز اور غیر نماز کی حالت کا حکم بیان فرماویں۔ بینوا بالدلائل الواضحة المتقررة فی الدین النبوی ﷺ.

المستفتی: عبدالرحیم جلبئ صوابی......۲۱/ جولائی ۱۹۷۳ء

الجواب: سر کا چھپانا نماز میں مطلوب اور مسنون ہے، کما صرحوا به﴿۲﴾ لیکن نماز سے خارج چھپانا اور اس کا اہتمام کرنا امر مباح ہے، اور جائز ہے بشرطیکہ یہ برہنہ رکھنا کفار یا فساق سے تشبیہ کرنے پر مبنی نہ ہو، والا فیکون حراماً قال الله تعالیٰ ولا ترکنوا الی اللذین ظلموا﴿۳﴾ وقال رسول الله ﷺ من تشبه بقوم فهو منهم ﴿۴﴾ وصرح به الفقهاء في مواضع كثيرة.فقط

﴿۱﴾ قال الشيخ طاهر بن عبد الرشيد :و فی الاصل لا بأس بان یصلی الرجل فی ثوب واحد متوشحاً یؤم کذلک والمستحب ان یصلی الرجل فی ثلاثة اثواب قمیص وازار وعمامة اما لو صلی فی ثوب واحد متوشحا به جمیع بدنه کازار المیت یجوز صلوته من غیر کراهة. (خلاصة الفتاویٰ ص۴۳ جلد۱ الفصل السادس فی سترالعورة)

﴿۲﴾وفی الهندیه: وتکره الصلاة حاسرا رأسه اذا کان یجد العمامه وقد فعل ذلک تکاسلا اوتهاونا بالصلاة ولابأس به اذا فعله تذللا وخشوعا بل هو حسن کذا فی الذخیرة. (فتاویٰ عالمگیریه ص۱۰۶ جلد۱ الفصل الثانی فیما یکره فی الصلاة وما لا یکره)

﴿۳﴾ (سورة هود: آیت:۱۱۳ پاره:۱۲ رکوع: ۱۰)

﴿۴﴾ قال الطیبی: (قوله من تشبه بقوم فهو منهم) هذا عام فی الخلق والخلق والشعار واذاکان الشعار اظهر فی التشبیه ذکر فی هذا الباب. (شرح طیبی ص۲۱۹ جلد۸ کتاب اللباس الفصل الثانی)

تشہد میں اشارہ کا ثبوت اور مجدد الف ثانی رحمہ اللہ کا مسلک

سوال: چہ مے فرمایند علماء دین ومفتیان کرام دریں مسئلہ کہ اشارہ درحالت قعود بوقت شہادتین چہ حکم دارد، سنت است یا فرض، وجواب ازقول امام ربانی مجدد الف ثانی رحمہ اللہ در باب منع از اشارہ چیست؟ بینوا بالدلائل الواضحة توجروا، عند الله الحکیم العلیم

المستفتی: عتیق اللہ متعلم دارالعلوم حقانیہ..... ۱۹۸۴ء/ ۸/ ۷

الجواب: اشارہ در وقت تشہد سنت زائدہ ومستحب است درقول راجح، لثبوتها بالاحادیث من غیر نسخ ولثبوتها فی نادر الروایة عن ابی حنیفة رحمه الله وظاهر الروایة ساکتة عنها، وقال صاحب البحر فی مثله یصار الیٰ نادر الروایة ومشائخنا المتاخرون اختلفوا فیها فذهب الامام الربانی وغیره الی منعها وذهب الاکثرون ومن جمعوا بین علم الفقه والحدیث وکذا متبعوا المجدد الی ثبوتها وتمام الکلام فی منهاج السنن شرح جامع السنن للامام الترمذی ص۱۶۶ جلد۲ فلیراجع﴿۱﴾. وهو الموفق

﴿۱﴾وفی المنهاج: اعلم ان الاشارة بالسبابة من سنن الصلوٰة عن الائمة الثلاثة واما الامام ابو حنیفة فلم یرو عنه فی ظاهر الروایة شئ من النفی او الاثبات کما لا یخفیٰ علی من راجع الی کتب ظاهر الروایة ومن جعل نفی الاشارة ظاهر الروایة فقداخطأ فی جعل عدم الذکر ذکر العدم نعم روی عنه فی غیر ظاهر الروایة الاثبات کما فی موطأ محمد واما لی ابی یوسف وکذا صرح فی الکفایة والمحیط انه قال بسنیتها ابو حنیفة، وقال صاحب البحر فی باب قضاء الفوائت من البحر المسئلة اذا لم تذکر فی ظاهر الروایة وثبتت فی روایة اخریٰ تعین المصیر الیها، واختلف مشائخنا المتأخرون فی الاشارة قال بعضهم یشیر وقال بعضهم لا یشیر، والراجح الاشارة لان الاحادیث القولیة والفعلیة والتقریریة وردت فی فعلها دون منعها فکیف یصح دعویٰ النسخ، علی ان ادعاء النسخ لا بد فیه من النقل الصریح من اهل الفن کالطحاوی وغیره فان قیل احادیث الاشارة مضطربة، قلنا لم یقل احد من اهل الفن باضطرابه کما لم یقولوا باضطراب حدیث رفع الیدین عند التحریمة وحدیث..... (بقیه حاشیه اگلے صفحهه پر)

احکام کامدار کتاب وسنت پر ہے بخاری پر نہیں

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک مقلد حنفی شخص نے رفع الیدین شروع کیا ہے اور کہتا ہے کہ مجھے عدم رفع الیدین پر دلیل دی جائے اور وہ بھی صرف بخاری شریف سے اور کسی کتاب کو نہیں مانتا ہوں، اس کی وضاحت فرماویں۔ بینوا توجروا

المستفتی: حافظ افتخار علی شاہ خطیب جامع مسجد تقوی نوشہرہ.....۱۹۸۴ء/۲/۷

الجواب: اس شخص سے آپ پوچھیں کہ آپ کے نزدیک بخاری حجت ہے یا حدیث؟ اور یہ پوچھ لیں کہ جب بخاری شریف میں متضاد احادیث موجود ہوں مثلاً احادیث جلسہ استراحت، تو اس میں

(بقیہ حاشیہ) وضع الیدین تحت الصدر او تحت السرۃ، نعم قالوا ان اختلاف الکیفیات الواردۃ محمول علی اختلاف الاوقات والتوسع صرح بہ العینی والنووی ولان اثار الصحابۃ وردت فی فعلھا دون منعھا مثل اثر ابن عمر رواہ احمد واثر معاذ بن جبل رواہ الطبرانی واثر ابی ھریرہ رواہ عبد الرزاق واثر عقبۃ بن عامر رواہ الحاکم فی تاریخہ واثار الصحابۃ تکفی لاثبات الاستحباب وکذا ھی دالۃ علی عدم النسخ ولان ظاھر الروایۃ ساکتۃ عنھا وغیرھا ناطقۃ بھا فتعین المصیر الیھا، ولان من رجح الاشارۃ من مشائخنا فھم الذین جمعوا بین الفقہ والحدیث بخلاف من رجح نفیھا، فان قیل لم یروالبخاری حدیث الاشارۃ، قلنا لیس ھو علی شرط البخاری والحجۃ عندنا وعند الامام البخاری ھو الحدیث الثابت دون ما ھو علی شرط البخاری، فان قیل لم یذکر صاحب الھدایۃ الاشارۃ قلنا لم یتعرض لھا صاحب الھدایۃ فی الھدایۃ لا نفیا ولا اثباتا لعدم ذکرھا فی ظاھر الروایۃ نعم ذکرھا فی مختارات النوازل فان قیل ذکر فی ظاھر الروایۃ بسط الاصابع عند القعدۃ قلنا البسط عند اول القعود لا ینا فی القبض عند الشھادۃ، فان قیل ورد فیہ لفظ "وعلیہ الفتویٰ" قلنا من قال ان لفظ" وعلیہ الفتویٰ" الآکد خالف عن قولہ وافتیٰ بخلافہ، فعلم ان الاعتبار لقوۃ المدرک والدلیل عند الاختلاف بین الخواص وبہ یحصل قطع النزاع وبہ وقع عمل السلف والخلف.

(منھاج السنن شرح جامع السنن ص۱۶۶، ۱۶۷ جلد ۱ باب ماجاء فی الاشارۃ)

آپ کا کیا رویہ ہے؟ اوران سے پوچھیں کہ بخاری شریف میں یہ کہاں ہے کہ پیغمبر علیہ السلام نے دائماً حتی الموت رفع الیدین کیا ہے اور ترک نہیں کیا ہے﴿۱﴾۔ وھو الموفق

حدیث ابن عمر رضی اللہ عنہما متناً مضطرب ہے

سوال: محترم جناب مولانا مفتی محمد فرید صاحب دار العلوم حقانیہ! گزشتہ دنوں آپ کے ہاں ایک غیر مقلد مولوی گکھڑ منڈی سے آیا تھا، اور اس نے ایک حدیث کا ترجمہ کروانا تھا، انہوں نے یہاں آ کر مفتیوں اور خصوصاً مولانا سرفراز خان صفدر صاحب کے خلاف پروپیگنڈہ شروع کیا کہ وہ غلط ترجمہ پڑھاتے ہیں اور وہ حدیث رفع الیدین کے بارے میں ہے وغیرہ وغیرہ، بہر حال اس حدیث میں رکوع کے بعد جو لفظ لا یرفعھما ہے اس کا تعلق ما قبل سے ہے یا مابعد سے؟ بینوا توجروا

المستفتی: قاری محمد یوسف گکھڑ منڈی گجرانوالہ.....۵/ جمادی الثانی ۱۴۰۲ھ

الجواب: ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث متناً مضطرب ہے معارف السنن اور مشکل الاثار وغیرہ کو مراجعت کرنے سے اس میں کوئی تردد باقی نہیں رہتا، پس اس روایت مسئولہ میں " ان یرکع" پر جملہ ختم ہوا ہے، اور " بعد ما یرفع رأسہ" ظرف مقدم ہے اپنے عامل " لا یرفعھما" پر، اگر قلمی یا قدیم نسخوں میں اس سے مخالف عبارت ہو تو اس پر اعتماد کرنا چاہئے۔ وھو الموفق

نماز کے بعد جہر سے کلمات پڑھنا اور لاؤڈ سپیکر پر ذکر بالجہر کرنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ (۱) نماز با جماعت ادا

﴿۱﴾ عن براء بن عازب قال ان رسول اللہ ﷺ کان اذا افتتح الصلوٰۃ رفع یدیہ الی قریب من اذنیہ ثم لا یعود. (ابوداؤد شریف ص ۱۱۶ جلد ۱ باب من لم یذکر الرفع عند لرکوع)
عن علقمة قال قال لنا ابن مسعود الا اصلی بکم صلوٰۃ رسول اللہ ﷺ فصلی ولم یرفع یدیہ الامرۃ واحدۃ مع تکبیر الافتتاح رواہ الترمذی وابوداؤد والنسائی.
(مشکواۃ المصابیح ص ۷۷ جلد ۱ باب صفة الصلوٰۃ)

ہونے کے بعد فوراً زور زور سے امام اور مقتدیوں کا لا الہ الا انت الخ ، کا ورد کرنا کیسا ہے؟ جبکہ مسبوقین کی نماز میں خلل واقع ہوتا ہے، بلکہ اکثر غلط ہو جاتے ہیں۔ (۲) نماز عشاء کے بعد امام اور پانچ چھ مقتدیوں کا لاؤڈ سپیکر پر جہراً لا الہ الا اللہ ، پڑھنا کیسا ہے؟ جبکہ جوش میں آ کر کچھ اور الفاظ بھی منہ سے نکلتے ہیں جس کو وجد وغیرہ کہتے ہیں جبکہ یہ عمل عام اہل محلہ اور دوسرے مسبوقین کی نماز اور آرام میں خلل انداز ہوتا ہے کیا یہ جائز ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد نادر خان ضلع نوشہرہ.....۲۵/شوال ۱۴۱۰ھ

الجواب: (۱) ذکر بالجہر جائز ہے لیکن جب مسبوق کیلئے ضرر رساں ہو تو مکروہ ہے (شامی)۔ (۲) یہ بھی مکروہ ہے جبکہ نمازی وغیرہ کو ضرر رساں ہو (شامی) ﴿۱﴾ البتہ جن لوگوں کو لاؤڈ سپیکر میں ذکر کرنے سے جذب حاصل ہوتا ہو اور بغیر لاؤڈ سپیکر کے مزہ نہیں دیتا ہو تو یہ ذاکر بیمار ہے ﴿۲﴾ اور جس سامع کو ضرر رساں ہو اور گانے سننا ضرر رساں نہ ہو تو وہ بھی بیمار ہے۔ وھو الموفق

﴿۱﴾ قال العلامہ ابن عابدین عن الامام الشعرانی: اجمع العلماء سلفاً وخلفاً علی استحباب ذکر الجماعۃ فی المساجد وغیرھا الا ان یشوش جھرھم علی نائم او مصل او قارئ.

(ردالمحتار ھامش الدرالمختار ص ۴۸۸ جلد ۱ مطلب فی رفع الصوت بالذکر)

﴿۲﴾ قال العلامہ آلوسی: عن ابن عمر وقد رأی ساقطا من سماع القرآن فقال انا نخشی اللہ تعالیٰ ومانسقط ھؤلاء یدخل الشیطان فی جوف احدھم ..... ھذا نعت اولیاء اللہ تعالیٰ قال تقشعر جلودھم تبکی اعینھم وتطمئن قلوبھم الی ذکر اللہ تعالیٰ ولم ینعتھم اللہ سبحانہ بذھاب عقولھم والغشیان علیھم انما ھذا فی اھل البدع وانما ھو من الشیطان، واخرج ابن ابی شیبہ عن ابن جبیر قال الصعقۃ من الشیطان وقال ابن سیرین بیننا وبین ھؤلاء الذین یصرعون عند قرأۃ القرآن ان یجعل احدھم علی حائط باسطا رجلیہ ثم یقرأ علیھم القرآن کلہ فان رمی بنفسہ فھو صادق.

(تفسیر روح المعانی ص ۲۸۴ جلد ۱۳ سورۃ الزمر آیت: ۲۳)

تشہد میں اشارہ بالسبابہ احادیث سے ثابت ہے

سوال: چہ میفر مایند علماء دین دریں مسئلہ کہ اشارۃ بالسبابہ لطفا از شما استدعا مینمایم، زیرا کہ فہم چیز است و در وطن مایاں منفی است، واگر یک ادم میکند او را بدعے داند، کہ ایں وہابی شدہ است و پیش مایان عاجزان نہ یک کتاب ونہ ایں قدر علمیت کہ برائے شان قناعت بدہم ونہ بخود شان اینقدر حفظ از علم احادیث است، اگر ایں مسئلہ اشارت واضح موافق با کمال علمیت ووقوف خود نوشتہ شود، در ہر کتاب کہ نفی اشارت میشود و میکند نام این کتاب و مرجوحیت قول این ہم لطفاً واضح شود؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالغفار افغانستان

الجواب :دریں باب بسیار احادیث مرفوعہ وارد شدہ اند (فليراجع الى مشكواة باب التشهد) وبعد از وفات پیغمبر علیہ السلام از صحابہ اشارہ کردن ثابت شدہ است (فليراجع الى الموطأ للامام محمد) وائمہ ما متقدمین در کتب ظاهر الروايه ہیچ نہ گفتہ اند، بے شک در غیر ظاهر الروايت بہ جواز تصریح کردہ اند، شیخ ابی یوسف رحمہ اللہ در امالی وامام محمد در موطاً وصاحب بحر در باب قضاء الفوائت گفتہ است، کہ در وقت عدم ظاهر الروايت واجب است مصیر بہ نادر الروايه وعلماء متاخرین در اشارۃ مختلف اند جمع عظیم بر جواز قائل است، وجمع عظیم بر عدم جواز، لاکن راجح جواز است زیرا نکہ آن متاخرین کہ جامع بین الفقہ والحدیث اند، مثل صاحب الفتح والبحر والشرح الكبير وردالمحتار قائل بر جواز اند وصاحب الہدایۃ نیز بر جواز تصریح کردہ است در مختار النوازل وسکوت کردہ است در ہدایہ وبحث دریں مسئلہ بسیار است وفرصت نوشتن کم است لہٰذا بریں اشارات اکتفاء باید کرد ﴿۱﴾۔ وهو الموفق

﴿۱﴾ (مر التفصيل فى الحاشية المحولة بمنهاج السنن شرح جامع السنن ص ۱۶۲ جلد ۱ باب ماجاء فى الاشارة)

فرض وسنن کے بعد اجتماعی دعا حدیث قولی کی بنا پر مسنون اور فعلی کی بنا پر غیر معمول ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ فرض نماز کے بعد دعا مانگنا یا سنت کے بعد مانگنا حضور ﷺ سے ثابت ہے یا نہیں، اگر فرض نماز کے بعد حضور ﷺ نے ہیئت اجتماعی سے ہاتھ اٹھا کر دعا مانگی ہو تو اس کی وضاحت بھی فرمائیں۔ واجرکم علی اللہ

المستفتی: محمد لقمان شمس آباد اٹک......۴/صفر ۱۴۰۵ھ

الجواب: حضور ﷺ نے ہیئت اجتماعی سے دعا کرنے کی ترغیب دی ہے، کما فی الدارمی والفتح وغیرہ ﴿۱﴾، اور بذات خود ہیئۃ اجتماعی سے نہ فرائض سے متصل دعا مانگی ہے اور نہ سنن رواتب کے بعد، اور نہ اللھم انت السلام ہیئت اجتماعیہ سے پڑھا ہے، پس ہیئۃ اجتماعیہ سے دعا کرنے میں بعد الفرائض اور بعد الرواتب فرق نہیں ہے حدیث قولی کی بنا پر دونوں مسنون ہیں اور حدیث فعلی کی بنا پر دونوں غیر معمول ہیں، فافھم ﴿۲﴾۔ وھو الموفق

﴿۱﴾ قال الحافظ ابن الحجر: واخرج الحاکم عن حبیب بن مسلمۃ الفھری سمعت رسول اللہ ﷺ یقول: لا یجتمع ملأ فیدعو بعضھم ویؤمن بعضھم الا اجابھم اللہ تعالیٰ. (فتح الباری شرح صحیح البخاری ص ۳۰۸ جلد ۱۴ باب التأمین)

﴿۲﴾ وفی المنھاج: والجواب عن الامر الاول انه معارض بالقرآن والاحادیث الصریحة فی مشروعية الدعاء والذكر على وجه الاجتماع قال الله تبارک وتعالیٰ قد اجیبت دعوتكما، وروی القرطبی عن ابی العالیه ان موسیٰ علیه السلام كان یدعو وھارون علیه السلام یؤمن، وقال النبی ﷺ لا یجتمع ملأ فیدعو بعضھم ویؤمن بعضھم الا اجابھم الله تعالیٰ رواه الحاکم وذكره فی كنز العمال، وقال النبی ﷺ ما اجتمع ثلاثة قط بدعوة الا كان حقا على الله ان لا یرد ایدھم رواه الدارمی وذكره الحافظ فی الفتح...... ماتبین من الجواب الاول انه ثبت باحادیث قولیة مندوبیة الدعاء على وجه الاجتماع ولم یثبت ما یعارضھا لانه لم یثبت عن النبی ﷺ فی روایة ما انه لم یدع على وجه الاجتماع ...... (بقیه حاشیه اگلے صفحه پر)

نماز کے بعد اللھم انت السلام میں بعض الفاظ کی زیادت کرنا

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ فرض نماز کے بعد اللھم انت السلام ومنک السلام میں حینا ربنا بالسلام وادخلنا دار السلام کی زیادت کرنا شرعاً کیا حکم رکھتا ہے؟بینوا توجروا

المستفتی:عبداللہ تورڈھیر صوابی

الجواب: چونکہ یہ زیادت احادیث مرفوعہ اور آثار صحابہ میں نہیں پائی گئی ہے﴿۱﴾البتہ فقہاء کرام نے اس کو ذکر کیا ہے﴿۲﴾لہٰذا ماثور پر اکتفا کرنا اور زیادت پر اعتراض نہ کرنا اعتدال ہے۔وھو الموفق

(بقیہ حاشیہ)بخلاف اذان العید فانه ثبت فيه روايةالعدم فى سنن ابى داؤد وغيره فالعجب من هذا القائل فى انه لم يفرق بين عدم الرواية وبين رواية العدم، ولو سلم ان النبی ﷺ لم يدع بعد الصلوٰة على وجه الاجتماع والانقل عنه البتة وهو التحقيق ايضاً فيقال ان القول هو الا قوىٰ من غيره الخ.
(منهاج السنن شرح جامع السنن ص ۱۷۴ جلد ۱ جلد ۲ مبحث الدعاء على هيئة الاجتماعية)

﴿۱﴾ عن عائشة رضي الله عنها: قالت كان رسول الله ﷺ اذا سلم لم يقعد الا مقدار ما يقول اللهم انت السلام ومنک السلام تباركت يا ذالجلال والاكرام رواه مسلم، وعن ثوبان رضي الله عنه قال كان رسول الله ﷺ اذا انصرف من صلوته استغفر ثلثا وقال اللهم انت السلام ومنک السلام تبارک يا ذالجلال والاكرام رواه مسلم.
(مشكواة المصابيح ص ۸۸ جلد ۱ باب الذكر بعد الصلوٰة الفصل الاول)

﴿۲﴾ قال العلامه شرنبلالی: بعد الفرض القيام الى اداء السنة التى تلى الفرض متصلا بالفرض منسون غير انه يستحب الفصل بينهما كما كان عليه السلام اذا سلم يمكث قدر ما يقول اللهم انت السلام ومنک السلام اليک يعود السلام تباركت يا ذالجلال والاكرام وقال الطحطاوى تحت (قوله واليک يعود السلام) قال فى شرح المشكاة عن الجزرى واما ما يزاد بعد قوله ومنک السلام من نحو واليک يرجع السلام فحينا ربنا وادخلنا دارالسلام فلا اصل له بل مختلق بعض القصاص.
(مراقى الفلاح مع الطحطاوى ص ۱۷۰ فصل فى صفة الاذكار بعد الصلاة)

فرائض کے بعد دعا کرنا

سوال: کیافرماتے ہیں علماءدین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ بعض لوگ صلوٰۃ مکتوبہ کے بعد ادعیہ ماثورہ پڑھنا مکروہ قرار دیتے ہیں اور استدلال میں عقائد السنیہ کی عبارت پیش کرتے ہیں، **والمختار عند الحنفية ان يشتغل بعد اداء المكتوبة بالسنة ويكره ان يشتغل بالدعاء والتسبيح قبل اداء السنة،** حالانکہ احادیث میں متعدد اذکار صلوٰۃ مکتوبہ کے بعد وارد ہیں لہٰذا حنفیہ کے قول مذکور کی کوئی تاویل ہو تو تحریر فرماویں۔ بینوا توجروا

المستفتی: مولوی محمد یعقوب تحت نصرتی بنوں......۱۹۶۹ء/۴/۲

الجواب: جمہور احناف مثلاً ابن الہمام، ابن عابدین، ابن نجیم، حلبی وغیرہ کی یہی رائے ہے اور بعض احناف کی رائے یہ ہے کہ فرائض کے بعد متصل دعا کی جائے مثلاً امام بقالی (بحوالہ **شرعة الاسلام**) لہٰذا بہتر یہ ہے کہ رواتب کے بعد دعا کی جائے ﴿۱﴾ اور فرائض کے بعد متصل دعا کرنا بھی حنفیت سے متعارض نہیں ہے، اگرچہ عند الجمهور مکروہ تنزیہی ہے رواہ مسلم ﴿۲﴾۔ وهو الموفق

﴿۱﴾ قال الحلبي: واماما روى من الاحاديث في الاذكار عقيب الصلوٰة فلادلالة فيها على الاتيان بها عقيب الفرض قبل السنة بل يحمل على الاتيان بها بعد السنة ولا يخرجها تخلل السنة بينها وبين الفريضة عن كونها بعدها وعقيبها لان السنةمن لواحق الفريضة وتوابعها ومكملاتها فلم تكن اجنبية منهما فما يفعل بعدها يطلق عليه انه فعل بعد الفريضة وعقيبها.
(غنية المستملي شرح منية المصلي ص ۳۳۱ قبيل فصل في المكروهات)

﴿۲﴾ عن عائشة رضي الله عنها قالت كان رسول الله ﷺ اذا سلم لم يقعد الا مقدار ما يقول اللهم انت السلام ومنك السلام تباركت يا ذالجلال والاكرام الحديث، وعلىٰ هامشه: قوله لم يقعد الا الخ.... وعلى هذا فلا وجه للاستدلال به على ان ماثبت من الادعية بعد الصلوٰة كان يأتي بها ﷺ بعد السنة جمعا بينه وبين هذا الحديث والله اعلم.
(صحيح المسلم ص ۲۱۸ جلد ۱ باب استحباب الذكر بعد الصلاة وبيان صفته)

وقال الحصكفي رحمه الله: ويكره تاخير السنة ال.....(بقيه حاسيه اگلے صفحه پر)

سنتوں کی تیسری رکعت میں ثنا نہیں پڑھی جائے گی

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ سنت مؤکدہ کی تیسری رکعت میں سبحانک اللھم سے شروع کرے گا یا بسم اللہ سے؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالرشید جہلم

الجواب: بسم اللہ سے پڑھے گا ﴿۱﴾۔ وھو الموفق

تشہد میں اشارہ بالسبابہ کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہمارے ہاں دو علماء کا اختلاف ہے ایک عالم اشارہ بالسبابہ کو سنت کہتا ہے اور دوسرا ترک اشارہ کو مستحب کہتا ہے پس ان دونوں کے بارے میں قول فیصل لکھ کر ہماری رہنمائی فرمایئے۔ بینوا توجروا

المستفتی: مولوی عبدالرحیم قلعہ سیف اللہ بلوچستان ...۱۹۹۰ء/۱/۱۰

الجواب: ہماری (فقہ احناف) ظاھر الروایت اشارہ کے جواز اور عدم جواز سے ساکت ہے البتہ نادر الروایۃ میں جواز مسطور ہے، کما فی الموطأ والامالی وھی الراجعة لتائیدھا بالاحادیث المرفوعه وآثار الصحابة ولان المتأخرین الذین اختاروھا جامعون بین

(بقیہ حاشیہ) بقدر اللھم انت السلام الخ، قال الحلوانی لا بأس بالفصل بالاوراد واختارہ الکمال قال الحلبی ان ارید بالکراھة التنزیھیة ارتفع الخلاف. (الدرالمختار علی ھامش ردالمحتار ص ۳۹۱ جلد ۱ مطلب فیما لو زاد علی العدد الوارد فی التسبیح)

﴿۱﴾ وفی الھندیه: واذا قام یفعل فی الشفع الثانی ما فعل فی الشفع الاول من القیام والرکوع والسجود کذا فی المحیط و یقرأ الفاتحة فقط ھکذا فی الکافی وتکرہ الزیادة علی ذلک کذا فی السراج الوھاج.

(فتاویٰ عالمگیریه ص ۷۶ جلد ۱ سنن الصلاة وآدابھا وکیفیتھا)

الفقه والحديث﴿۱﴾ (والتفصيل فی منهاج السنن) ﴿۲﴾. وهو الموفق

ترکِ تسمیہ سے سجدہ سہو یا اعادہ صلاۃ لازم نہیں ہوتا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ (۱) ہر رکعت میں بسم اللہ پڑھنا سنت ہے یا واجب؟ (۲) اور نہ پڑھنے سے سجدہ سہو لازم ہوگا یا نہیں؟ (۳) نہ پڑھنے سے نماز درست ہوگی یا واجب الاعادہ؟ بینوا توجروا

المستفتی: عالم خان لنڈی یاہ لکی مروت.....۲۲/محرم ۱۴۰۱ھ

الجواب: ہر رکعت میں بسم اللہ پڑھنا سنت ہے، ترک سنت سے قضا اور اعادہ لازم نہیں ہوتا ﴿۳﴾ لما فی شرح التنوير وسمى غير الموتم بلفظ البسملة سراً فی اول كل ركعة ولو جهرية بحذف يسير هامش ردالمحتار ص۴۵۷ جلد ۱ ﴿۴﴾. وهو الموفق

﴿۱﴾ قال العلامه ابن عابدين: وفی المحيط انها سنة يرفعها عند النفی ويضعها عند الاثبات وهو قول ابی حنيفة ومحمد وكثرت به الاثار والاخبار فالعمل به اولىٰ..... وقال فی الشرح الكبير قبض الاصابع عند الاشارة هو المروی عن محمد فی كيفية الاشارة وكذا عن ابی يوسف فی الامالی وهذا فرع تصحيح الاشارة وعن كثير من المشائخ لا يشير اصلا وهو خلاف الدراية والرواية فعن محمد ان ما ذكره فی كيفية الاشارة قول ابی حنيفة..... وهذا اما اعتمده المتاخرون لثبوته عن النبی ﷺ بالاحاديث الصحيحة ولصحة نقله عن ائمتنا الثلاثة فلذا قال فی الفتح ان الاول خلاف الدراية والرواية.....واستضی بمصباح الحقيق فی هذا المقام فانه من منح الملك العلام.
(ردالمحتار هامش الدر المختار ص۳۷۶ جلد ۱ مطلب مهم فی عقد الاصابع عند التشهد)

﴿۲﴾ (مر التفصيل فی ذيل هذا الباب فليراجع)

﴿۳﴾ قال الحصكفی: (وسننها) ترك السنة لا يوجب فساداً ولا سهوا بل اساءة لو عامداً غير مستخف، قال ابن عابدين، ای بخلاف ترك الفرض فانه يوجب الفساد وترك الواجب فانه يوجب سجود السهو. (الدر المختار مع ردالمحتار ص۳۵۰ جلد ۱ مطلب سنن الصلاة)

﴿۴﴾ (الدر المختار علی هامش ردالمحتار ص۳۶۲ جلد ۱ قبيل مطلب لفظة الفتوىٰ آكد من لفظة المختار)

نماز کے بعد اللھم انت السلام الخ کس طرح پڑھا جائے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ نماز کے بعد جب امام اللھم انت السلام پڑھتا ہو تو کس طرف رخ کرے، نیز یہ دعا ہے یا نہیں، بعض لوگ اسے دعا نہیں کہتے، جواب سے نواز کر ممنون فرمائیں۔ بینوا توجروا

المستفتی: شاد محمد کوہاٹ......۲۸/محرم ۱۴۰۱ھ

الجواب: اللھم انت السلام الخ ایک ذکر ہے دعا نہیں ہے اس ذکر کے کرتے وقت ہاتھ اٹھانا ثابت نہیں ہے پیغمبر ﷺ اور صحابہ رضی اللہ عنہم نے ہیئت اجتماعی سے یہ ذکر (اللھم انت السلام) نہیں کیا ہے بلکہ انفرادی طور پر کیا ہے لہٰذا ہر شخص انفرادی طور سے رو بہ قبلہ ہو کر کیا کرے ﴿۱﴾۔ وھو الموفق

دعا بعد السنن کے مسئلہ میں افراط وتفریط سے ہم بیزار ہیں

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ دعا بعد السنت علی ہیئت الاجتماعیہ جائز ہے یا نہیں؟ آپ حضرات کے فتویٰ سے جواب ظاہر ہے مگر خیر المدارس ملتان کے مفتی صاحب عدم جواز کے قائل ہیں ہمارے علاقہ میں لوگ دار العلوم حقانیہ کے فتویٰ پر عمل کرتے ہیں مگر بعض اس سے انکاری ہیں یہ پوسٹر حاضر خدمت ہے جس میں دونوں جانب دلائل اور رد موجود ہیں، اب ہم کیا کریں کس کی بات کو مانیں؟ مدلل جواب ارسال کر کے ممنون فرمائیں۔ بینوا توجروا

المستفتی: ملک جہانزیب افریدی درہ بازار درہ آدم خیل......۱۲/محرم ۱۴۰۵ھ

الجواب: پیغمبر ﷺ نے ہیئت اجتماعیہ سے نہ فرائض کے بعد دعا کی ہے اور نہ سنن رواتب

﴿۱﴾ وعن ثوبان رضی اللہ عنہ: قال کان رسول اللہ ﷺ اذا انصرف من صلوتہ استغفر ثلاثا وقال اللھم انت السلام ومنک السلام تبارکت یا ذا الجلال والاکرام رواہ مسلم. (مشکواۃ المصابیح ص ۸۸ جلد ۱ باب الذکر بعد الصلوٰۃ الفصل الاول)

کے بعداور نہ اللھم انت السلام کو ہیئت اجتماعیہ سے پڑھا ہے البتہ پیغمبرﷺ نے ہیئت اجتماعیہ سے دعا کرنے کی ترغیب دی ہے، **کما فی کنز العمال وغیرہ** پس ہیئت اجتماعیہ سے نماز کے بعد دعا کرنا ممنوع نہیں ہے نہ فرائض کے بعد اور نہ سنن رواتب کے بعد، ممنوع صرف التزام ہے، **والمختار هو بعد الرواتب عند الجمهور وبعد الفرائض عند البقالي وتمام الكلام في المقالات.**

جواب اشتہار:...... ہمارا مسلک اور صوبہ سرحد کے علماء کا مسلک، مسلک دیوبندی ہے اس پوسٹر کے مضمون میں افراط وتفریط موجود ہے ہم بریلویت اور سلفیت دونوں سے بیزار ہیں، **دعا بعد السنن بهيئة الاجتماعيه** حضورﷺ نے نہ بعد الفرائض کی ہے اور نہ بعد السنن، **ومن ادعى فعليه البيان،** البتہ پیغمبرﷺ نے ہیئت اجتماعیہ سے دعا کی ترغیب دی ہے، اور فقہاء کی اکثریت نے دعا بعد السنّت کو افضل قرار دیا ہے، اختلاف فضیلت میں ہے نہ کہ جواز اور عدم جواز میں، البتہ التزام مالایلزم دونوں صورتوں میں مکروہ ہے۔

جن علماء کرام نے بعد السنن دعا کو بدعت قرار دیا ہے ہم ان سے متفق نہیں ہیں اکثر فقہاء نے دعا کو بعد السنن افضل قرار دیا ہے ہاں امام بقالی رحمہ اللہ بعد الفرائض کو افضل مانتے ہیں، **وهو مختار اكثر الاكابر،** جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ حضورﷺ نے بعد السنن دعا نہیں کی ہے لہٰذا بالاجماع بدعت ہے تو ان سے پوچھنا چاہئے کہ احادیث کی کونسی کتاب میں ہے کہ نہیں کی ہے عدم ذکر اور ذکر العدم میں فرق موجود ہے، اور اگر یہ مان لیا جائے کہ پیغمبر علیہ السلام نے یہ دعا نہیں کی، **والا النقل عنه البتة وهو التحقيق ايضا فيقال ان القول هو الاقوىٰ من غيره انه ثبت باحاديث قولية مندوبية الدعاء على وجه الاجتماع ولم يثبت ما يعارضها لانه لم يثبت عن النبيﷺ في رواية ما انه لم يدع على وجه الاجتماع بخلاف اذان العيد فانه ثبت فيه رواية العدم في سنن ابي داؤد وغيره. وهو الموفق**

ہیئت اجتماعیہ سے دعا کرنا مندوب ہے بدعت نہیں

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اندریں مسئلہ کہ پنج وقتہ نمازوں کے بعد خواہ فرائض کے بعد متصل ہو یا سنن رواتب کے بعد، اجتماعی دعا درست ہے یا نہیں؟ بعض لوگ جو کہ سرزمین حجاز اور مکہ مکرمہ سے پڑھ کر آتے ہیں تو نمازوں کے بعد اجتماعی دعا کو فرائض کے بعد اور خصوصاً سنن کے بعد ناجائز اور بدعت کہتے ہیں، اور مسلمانوں کو نماز کے بعد دعا مانگنے سے منع کرتے ہیں شریعت اور علماء احناف کے مسلک کی رو سے اس کا حل کیا ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد اقبال ڈنڈل ٹیکشن تربت مکران بلوچستان......۲۷/ رمضان ۱۴۰۵ھ

الجواب: حضورﷺ نے فرائض کے بعد دعا کی ترغیب دی ہے، کما فی حدیث الترمذی قیل یا رسول اللهﷺ ای الدعاء اسمع قال جوف اللیل الاخر ودبر الصلوات المکتوبات ﴿۱﴾ اور دبر المکتوبات سے مراد میں اختلاف ہے بعض محدثین مابعد متصل مراد لیتے ہیں اور بعض غیر متصل، اور دبر کا اطلاق دونوں پر ہوتا ہے کیونکہ ان دونوں میں سے کوئی ایک بھی فرائض پر مقدم نہیں ہیں ﴿۲﴾ واضح رہے کہ دعا کیلئے بہت سے آداب ہیں جو کہ اس حدیث میں مذکور نہیں ہیں اور دیگر احادیث میں مذکور ہیں (مثل رفع الیدین ، التثلیث، التحمید، الصلاۃ، التامین) بعض ان اداب میں سے ہیئت اجتماعی ہے، لحدیث الحاکم وکنز العمال لا یجتمع ملا فیدعوا بعضهم ویؤمن بعضهم الا اجابهم الله، ولحدیث الدارمی وابی نعیم ما اجتمع ثلاثة قط بدعوة

﴿۱﴾ (سنن الترمذی ص ۱۸۸ جلد ۲ باب ماجاء فی جامع الدعوات)

﴿۲﴾ قال العلامه ابن عابدین: واما ما ورد من الاحادیث فی الاذکار عقیب الصلاه فلا دلالة فیه علی الاتیان بها قبل السنة بل یحمل علی الاتیان بها بعدها لان السنة من لواحق الفریضة وتوابعها ومکملاتها فلم تکن اجنبیة عنها فما یفعل بعدها یطلق علیه انه عقیب الفریضة. (ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۳۹۱ جلد ۱ قبیل مطلب فی ما لو زاد الخ)

الاکان حقا علی اللہ ان لا یرد ایدیھم (ذکرہ الحافظ فی فتح الباری)﴿۱﴾ پس ہیئت اجتماعی سے دعا کرنا مندوب ہے منکر اور بدعت نہیں ہے، البتہ بدعت لغوی ہے، کیونکہ پیغمبرﷺ نے ہیئت اجتماعی سے نہ فرائض کے بعد دعا مانگی ہے اور نہ سنن کے بعد، ونظیرہ الازار والسراویل. وھو الموفق

علماء احناف سنن کے بعد اور بقالی المعتزلی فرائض کے بعد دعا کو افضل سمجھتے ہیں

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ بعض علماء کہتے ہیں کہ سنن کے بعد دعا ہیئت اجتماعی کے ساتھ حرام اور بدعت سیئہ ہے اور بعض کہتے ہیں کہ مستحب اور بدعت حسنہ ہے قول فیصل ذکر کر کے ممنون فرماویں۔ بینوا توجروا

المستفتی: مولوی سیف الرحمٰن برول باندہ ضلع دیر ۔۔۔۔ ۱۹۷۰/۷/۲۵

الجواب: واضح رہے کہ ہیئت اجتماعی کے ساتھ دعا کرنا خیر القرون میں معمول نہ تھا نہ فرائض کے بعد اور نہ رواتب کے بعد﴿۲﴾ ومن ادعی فعلیہ البیان والدلیل ولن یأتوا بہ ولو کان بعضھم لبعض ظھیراً، البتہ حدیث قولی سے دعا کرنا ثابت ہے، وہو حدیث دبر الصلوات المکتوبات﴿۳﴾ اور یہ حدیث دونوں پر صادق ہے، لان الدعاء بعد الرواتب یصدق علیہ انہ دبر المکتوبات لا انہ قبل المکتوبات ، وایضاً صرح العلامۃ الشامی وابن الھمام ان ما یفعل بعد الرواتب یطلق علیہ انہ دبر المکتوبات فلیراجع وصرح فی البحر والخلاصہ

﴿۱﴾ (فتح الباری شرح صحیح البخاری ص ۳۰۸ جلد ۱۴ باب التأمین)

﴿۲﴾ ولیعلم ان الدعاء المعمول فی زماننا من الدعاء بعد الفریضۃ رافعین ایدیھم علی الھیئۃ الکذائیۃ لم تکن المواظبۃ علیہ فی عھدہ علیہ الصلاۃ والسلام الخ. (العرف الشذی علی الترمذی ص ۸۲ جلد ۱ باب ماجاء فی کراھیۃ ان یخص الامام نفسہ بالدعاء)

﴿۳﴾ عن ابی امامۃ قال قیل یا رسول اللہ ای الدعاء اسمع قال جوف اللیل الاخر ودبر الصلوات المکتوبات رواہ الترمذی. (مشکوٰۃ المصابیح ص ۸۹ جلد ۱ باب الذکر بعد الصلاۃ الفصل الثانی)

وارشاد الساری وغیرہ ان الدعاء عند الحنفیة بعد الرواتب نعم قال البقالی المعتزلی انہ بعد الفرائض ﴿۱﴾ فعلم ان فی الامر توسعاً والاولیٰ ھو الاتیان بعد الرواتب واما الھیئة الاجتماعیہ فھی من اداب الدعاء کالحمد والصلوٰۃ وغیرہ لحدیث ذکر فی معارف السنن وغیر واحد من کتب الاحادیث﴿۲﴾. وھو الموفق

دعا بعد السنّت اور بعد الفرض پر التزام بدعت اور دوام مشروع ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ بعض اہل علم کہتے ہیں کہ فرض نماز کے بعد دعا بہ ہیئت اجتماعیہ زیادہ بہترین اور افضل ہے اور سنت کے بعد بہ ہیئت اجتماعی دعا کا کوئی ثبوت نہیں، بعض اہل علم سنن کے بعد دعا کو لازم سمجھتے ہیں براہ مہربانی قول فیصل سے نواز کر مشکور فرماویں۔ بینوا توجروا

المستفتی: ناصر شاہ محلّہ سیدان جلبئی صوابی.....۱۹۷۲ء/۱۲/۵

﴿۱﴾ وفی شرح شرعة الاسلام ویغتنم الدعاء بعد المکتوبة قبل السنة علی ماروی عن البقالی (المعتزلی فی الاصول، الحنفی فی الفروع مثل صاحب الکشاف) من انہ قال الافضل ان یشتغل بالدعاء ثم بالسنة وبعد السنن والاوراد علی ماروی عن غیرہ وھو المشھور المعمول فی زماننا فانہ مستجاب بالحدیث.

(تعلیق الکوکب الدری ص ۲۹۱ جلد۲) (وھکذا فی السعایہ ص ۲۶۱ جلد۲ باب صفة الصلاۃ)

﴿۲﴾ قال الله تبارک وتعالیٰ: قد اجیبت دعوتکما، وروی القرطبی عن ابی العالیة ان موسیٰ علیہ السلام کان یدعو وھارون علیہ السلام یؤمن، وقال النبی علیہ السلام لا یجتمع ملأ فیدعو بعضھم ویؤمن بعضھم الا اجابھم الله تعالیٰ رواہ الحاکم وذکرہ فی کنز العمال وقال النبی ﷺ ما اجتمع ثلاثة قط بدعوة الا کان حقا علی الله ان لا یرد ایدیھم رواہ الدارمی وذکرہ الحافظ فی الفتح..... ثبت باحادیث قولیة مندوبیة الدعاء علی وجہ الاجتماع.

(منھاج السنن شرح جامع السنن ص ۱۷۳ جلد۲ مبحث الدعاء علی الھیئة الاجتماعیة)

الجواب: واضح رہے کہ دعا باالتزام بدعت ہے خواہ فرائض کے بعد ہو یا رواتب (سنن) کے بعد، لیکن التزام بہت سے لوگوں پر خفی ہے التزام کا معنی ہے کسی چیز کو لازم اور واجب سمجھنا یا کسی چیز کے فاعل یا تارک پر واجب جیسا انکار کرنا اور برا ماننا، اور صرف دوام اور پابندی کو التزام نہیں کہا جاتا ہے، ورنہ تہجد، اوابین، ضحیٰ وغیرہ مستحبات تمام کے تمام بدعات ہو جائیں گے، **والامر لیس کذلک لا نھم لا یعتقدونھا واجبات ولا ینکرون علی تارکھا مثل الانکار علی تارک الواجب** ، اور فقہ حنفی میں یہ مذکور ہے کہ جمہور احناف کے نزدیک سنن کے بعد دعا کرنا بہتر ہے اور امام بقالی کے نزدیک فرائض کے بعد بہتر ہے اور اسی کو اکثر اکابر دیو بند نے مختار کیا ہے ﴿۱﴾ لہٰذا اس میں تشدد نہ کرنا چاہئے اور اسی بلاد میں اسلم یہی ہے کہ سنن کے بعد دعا کی جائے تا کہ عام فقہاء سے مخالفت نہ ہو اور فتنہ برپا نہ ہو، ورنہ امام بقالی جو کہ حنفی فی الفروع اور معتزلی فی الاصول ہے ان کے قول پر عمل کرنا بھی جائز ہے، **وان شئت الاطلاع علی دلائل الطرفین فراجع الی المقالات ﴿۲﴾ . وھو الموفق**

﴿۱﴾ قال المفتی الاعظم المفتی کفایت اللہ رحمہ اللہ: (دعا بعد السنن والنوافل) کا حکم یہ ہے کہ اگر اس میں کسی طرح کا التزام نہ ہو اور اسے بہتر اور افضل نہ سمجھا جائے اور اس کے تارک پر ملامت نہ کی جائے اور اجتماع کا اہتمام نہ کیا جائے اور امام کو اس کیلئے مقید نہ کیا جائے تو بعد سنتوں کے جو لوگ اتفاقی طور پر موجود ہوں اگر وہ دعا مانگ لیں تو جائز ہے۔

(کفایت المفتی ص ۳۴۰ جلد ۳ سنن ونوافل کے بعد دعائے اجتماعی کا ثبوت ہے یا نہیں فصل اول)

﴿۲﴾ مقالات میں سے یہ مقالہ دعا اگلے صفحات پر برائے افادہ عام نقل کیا جاتا ہے (از مرتب)

غنية الطالب

فی الدعاء بعد المكتوبة والرواتب

دعا کی فضیلت: ......دعا کرنا عبادت ہے پیغمبر علیہ الصلاۃ والسلام فرماتے ہیں، الدعاء هو العبادة رواه الترمذی ﴿۱﴾ اوراللہ تعالیٰ نے دعا کوعبادت قرار دیا ہے،وقال ربکم ادعونی استجب لکم ان الذین یستکبرون عن عبادتی سیدخلون جهنم داخرین (سورة المومن)﴿۲﴾ دعا عبادت کا مغز (اصل، گودا) ہے پیغمبر علیہ السلام فرماتے ہیں، الدعاء مخ العبادة(رواه الترمذی) ﴿۳﴾ دعا عبادت کی اصل ہے یعنی کامل عبادت ہے کیونکہ عبادت اس تعظیم اور عاجزی کو کہتے ہیں جو کسی ذات کی تسلط غیبی پر دلالت کرتی ہو اور دعا میں یہ دلالت واضح طور پر موجود ہے۔

دعا اور تقدیر: ......بعض لوگ کہتے ہیں کہ تقدیر نہیں بدلی جاتی اسلئے دعا کرنا بے فائدہ ہے لیکن یہ ایک فاسد خیال ہے ﴿۴﴾ کیونکہ جب کوئی شے عبادت ہو اور اللہ تعالیٰ کی جانب سے مطلوب ہو اور انبیاء علیہم السلام کا معمول ہو وہ عبث نہیں ہوسکتی، اور عالم اسباب میں جس طرح دوسرے اسباب وذرائع کا استعمال تقدیر سے متصادم نہیں اسی طرح دعا بھی ایک سبب اور ذریعہ ہے تو تقدیر سے متصادم نہ ہوگا۔

﴿۱﴾ (جامع الترمذی ص۱۷۳ جلد۲ ابواب الدعاء باب ماجاء فی فضل الدعاء)

﴿۲﴾ (سورة المومن آیت، ۶۰ رکوع، ۱۱ پارہ: ۲۴)

﴿۳﴾ (جامع الترمذی ص۱۷۳ جلد۲ باب ماجاء فی فضل الدعاء ابواب الدعوات)

﴿۴﴾ عن سلمان الفارسی قال قال رسول اللہ ﷺ لا یرد القضآء الا الدعاء ولا یزید فی العمر الا البر رواه الترمذی. (مشکواة المصابیح ص۱۹۵ جلد۱ کتاب الدعوات الفصل الثانی)

آداب دعا: ...... دعا کرنے کے بہت سے آداب ہیں جن کی اپنے درجے کے موافق رعایت کرنا بہت اہم ہے

(الف)......دونوں ہاتھ اٹھانا، کما فی البیھقی یرفع یدیه فی الدعاء ﴿۱﴾ لیکن نماز کے اندر عام طور سے نہیں اٹھائے جائیں گے، کما فی مصنف ابن ابی شیبه ان رسول اللهﷺ لم یکن یرفع یدیه حتی یفرغ من صلاته.

(ب)......دعا سے پہلے حمد وصلاۃ پڑھنا، لحدیث ابی داؤد اذا صلیت فقعدت فاحمد الله بما هو اهله وصل علی ثم ادعه﴿۲﴾.

(ج)......ناجائز سوال نہ کرنا، لحدیث مسلم یستجاب لعبد مالم یدع باثم او قطیعة رحم ﴿۳﴾.

(د)......حضور اور توجہ سے مانگنا اور قبول ہونے کا یقین کرنا، لحدیث الترمذی ادعو الله وانتم موقنون بالاجابة واعلموا ان الله لا یستجیب دعاء من قلب غافل لاه ﴿۴﴾.

(ھ)......عزم اور اصرار سے دعا کرنا، لحدیث البخاری اذا دعا احدکم فلیعزم المسئله

﴿۱﴾ عن انس قال کان رسول اللهﷺ یرفع یدیه فی الدعاء حتی یری بیاض ابطیه. (مشکواۃ المصابیح ص۱۹۶ جلد۱ ابواب الدعوات الفصل الثالث)

﴿۲﴾ عن فضالة بن عبید قال بینما رسول اللهﷺ قاعد اذ دخل رجل فصلی فقال اللهم اغفرلی وارحمنی فقال رسول اللهﷺ عجلت ایها المصلی اذاصلیت فقعدت فاحمد الله بما هو اهله وصل علی ثم ادعه قال ثم صلی رجل آخر بعد ذلک فحمد الله وصلی علی النبیﷺ فقال له النبیﷺ ایها المصلی ادع تجب رواه الترمذی وروی ابوداؤد والنسائی نحوه. (سنن الترمذی ص۱۸۶ جلد۲ باب ماجاء فی جامع الدعوات)

﴿۳﴾عن ابی هریرة قال قال رسول اللهﷺ یستجاب للعبد مالم یدع باثم او قطیعه رحم الخ رواه مسلم. (مشکواۃ المصابیح ص۱۹۴ جلد۱ کتاب الدعوات الفصل الاول)

﴿۴﴾ سنن الترمذی ص۱۸۶ جلد۲ باب ماجاء فی جامع الدعوات)

وعن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہﷺ لا یقولن احدکم اللھم اغفرلی ان شئت اللھم ارحمنی ان شئت لیعزم المسئلۃ فانہ لا مکرہ لہ﴿۱﴾.

(و)......الفاظ دعا تین بار مکرر کہنا، لحدیث مسلم و ابی داؤد ان رسول اللہﷺ کان یعجبہ ان یدعو ثلاثا﴿۲﴾.

(ر)......قبول ہونے کی جلدی نہ کرنا، حوصلہ اور ہمت بلند رکھنا، لحدیث البخاری یستجاب للعبد ما لم یعجل﴿۳﴾.

(ح)......آخر میں آمین کہنا، لحدیث ابی داؤد ان ختم بآمین فقد اوجب﴿۴﴾.

(ط)......چہرے پر (آخر میں) ہاتھ پھیرنا، لحدیث ابی داؤد قال علیہ الصلاۃ والسلام فاذا فرغتم فامسحوا بھا جوھکم ﴿۵﴾.

(ی)......حرام سے بچنا، لحدیث مسلم مطعمہ حرام ومشربہ حرام وملبسہ حرام وغذی بالحرام فانی یستجاب لذلک رواہ مسلم ﴿۶﴾.

(ک)......ہیئت اجتماعیہ سے دعا کرنا، حضرت موسیٰ علیہ السلام اور ہارون علیہ السلام نے ہیئت اجتماعیہ سے دعا کی تھی، اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں، قد اجیبت دعوتکما، وفی تفسیر القرطبی ص۳۷۵ جلد۸ عن ابی العالیہ کان موسیٰ علیہ السلام یدعو وھارون علیہ السلام یؤمن﴿۷﴾ اور نبی علیہ السلام

﴿۱﴾ (صحیح البخاری ص۹۳۸ جلد۲ باب لیعزم المسئلۃ فانہ لا مکرہ لہ کتاب الدعوات)
﴿۲﴾ (سنن ابی داؤد ص ۲۲۰ جلد۱ باب فی الاستغفار کتاب الصلاۃ)
﴿۳﴾ (صحیح البخاری ص۹۳۸ جلد۲ باب یستجاب للعبد ما لم یعجل کتاب الدعوات)
﴿۴﴾ (سنن ابی داؤد ص۱۴۲ جلد۱ باب التأمین وراء الامام)
﴿۵﴾ (سنن ابی داؤد ص۲۱۶ جلد۱ باب الدعاء کتاب الصلاۃ)
﴿۶﴾ (مشکواۃ المصابیح ص ۲۴۱ جلد۱ باب الکسب وطلب الحلال الفصل الاول)
﴿۷﴾ (تفسیر قرطبی ص۳۷۵ جلد۸ سورۃ یونس آیت ۸۹ رکوع: ۱۴)

نے ہیئت اجتماعیہ سے دعا کرنے کی ترغیب دی ہے، کما رواہ الحاکم و ذکر فی کنز العمال قال النبی ﷺ لا یجتمع ملأ فیدعو بعضھم ویؤمن بعضھم الا اجابھم اللہ تعالیٰ و کما رواہ الدارمی و ذکرہ الحافظ فی الفتح ما اجتمع ثلاثۃ قط بدعوۃ الا کان حقا علی اللہ ان لا یرد ایدیھم ﴿۱﴾ اورعلامہ مرغینانی نے ہدایہ کتاب الحج میں لکھا ہے، والاجابۃ فی الجمع ارجیٰ ﴿۲﴾۔

(ل)......اوقات اجابت میں دعا کرنا، اوقات اجابت بہت ہیں یہاں پانچ ذکر کئے جاتے ہیں، اول اذان کے وقت، دوم مقدس جنگ کے وقت، سوم بارش کے وقت، کما فی حدیث ابی داؤد ثنتان لا تردان الدعاء عند النداء وعند البأس حین یلحم بعضھم بعضا وفی روایۃ وتحت المطر ﴿۳﴾ چہارم رات کے آخری حصہ میں پنجم فرض نماز کے بعد، کما فی حدیث الترمذی قیل یا رسول اللہ ای الدعاء اسمع قال جوف اللیل الاخر و دبر الصلوات المکتوبات ﴿۴﴾۔

ذکر وغیرہ کیلئے احداث جماعات: ...... عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ہیئت اجتماعیہ سے ذکر کرنے پر انکار کیا ہے، کما رواہ الحاکم باسنادہ ﴿۵﴾ تو اس روایت سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ احداث جماعات منکر ہے اس کا جواب یہ ہے کہ پیغمبر علیہ السلام نے ہیئت اجتماعیہ سے دعا کرنے کی ترغیب دی ہے اور اسی طرح ہیئت اجتماعیہ سے ذکر کرنے کی ترغیب دی ہے، کما فی حدیث الترمذی اذا مررتم بریاض الجنۃ فارتعوا، قالوا وما ریاض الجنۃ قال حلق الذکر ﴿۶﴾

﴿۱﴾ (فتح الباری شرح صحیح البخاری ص۳۰۸ جلد۱۴ باب التأمین)
﴿۲﴾ (ھدایہ علی صدر فتح القدیر ص۳۶۹ جلد۲ باب الاحرام کتاب الحج)
﴿۳﴾ وفی روایۃ تحت المطر رواہ ابوداؤد والدارمی الا انہ لم یذکر وتحت المطر۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص۶۶ جلد۱ باب فضل الاذان واجابۃ الموذن الفصل الثانی)
﴿۴﴾ (سنن ترمذی ص۱۸۸ جلد۲ باب ماجاء فی جامع الدعوات)
﴿۵﴾ (مسند دارمی ص۶۸ جلد۱ باب فی کراھہ اخذ الرای)
﴿۶﴾ (سنن ترمذی ص۱۸۹ جلد۲ باب ماجاء فی تھد التسبیح بالید)

وکما فی حدیث مسلم، ان رسول اللہﷺ خرج علی حلقة من اصحابه فقال ما اجلسکم ھھنا قالوا، ذکر اللہ فی آخره اتانی جبرائیل علیه السلام فاخبرنی ان اللہ تعالیٰ یباھی بکم الملائکة﴿۱﴾ وکما فی حدیث ملائکۃ سیاحین ھم ای الذاکرون قوم لا یشقی بھم جلیسھم ﴿۲﴾.

حدیث عبداللہ بن مسعود موقوف ہے اور حدیث موقوف حدیث مرفوع کے مقابلہ میں مرجوح اور متروک ہوتا ہے﴿۳﴾ اور یا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے نیکیوں کے گننے اور گناہوں کے شمار کو چھوڑنے پر انکار کیا ہے نہ کہ احداث جماعات پر، کما فی سنن الدارمی ص ۶۱ جلد ۱ فقال عبد اللہ بن مسعود ما ھذا الذی اراکم تصنعون قالوا یا عبد الرحمن حصی نعدبه التکبیر والتھلیل والتسبیح قال فعدوا سیأتکم فاناضامن ان لا یضیع من حسناتکم شیٔ، اور یہ ممکن ہے کہ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے اس فعل کی اپنی حیثیت کے فوق اہتمام پر انکار کیا ہو۔

﴿۱﴾ (رواہ مسلم، مشکوٰۃ المصابیح ص۱۹۸ جلد ۱ باب ذکر اللہ والتقرب الیه الفصل الثالث)
﴿۲﴾ عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ ﷺ ان للہ ملائکة یطوفون فی الطرق یلتمسون اھل الذکر فاذا وجدوا قوما یذکرون اللہ تنادو...... قال ھم الجلساء لا یشقی جلیسھم رواہ البخاری وفی روایة مسلم قال ان للہ ملائکة سیارۃفضلا یبتغون مجالس الذکر فاذا وجدوا مجلساً فیه ذکر قعدوا معھم ..... فیقول وله غفرت ھم القوم لا یشقی بھم جلیسھم. (مشکوٰۃ المصابیح ص۱۹۷ جلد ۱ باب ذکر اللہ والتقرب الیه)
وعن ابی ھریرۃ او عن ابی سعید الخدری قال قال رسول اللہﷺ ان للہ ملائکة سیاحین والارض فضلا عن کتاب الناس ... فیقول ھم القوم لا یشقی لھم جلیس ھذا حدیث حسن صحیح وقدروی عن ابی ھریرۃ من غیر ھذا الوجه. (سنن الترمذی ص ۱۹۹ جلد۲ باب ای الکلام احب الی اللہ)
﴿۳﴾ قال العلامة السید شریف علی الجرجانی: المرفوع ھو ما اضیف الی النبیﷺ خاصة من قول او فعل او تقریر سواء کان متصلا او منقطعاً...... والموقوف وھو مطلقا ما روی عن الصحابی من قول او فعل متصلاً کان او منقطعاً وھو لیس بحجة علی الاصح الخ. (الرسالة فی فن اصول الحدیث للسید شریف علی الجرجانی ص ۳،۲ الملحقه بالترمذی)

لفظ دبر کی تشریح:...... دبر الصلاۃ کا دو مطلب پر اطلاق کیا جاتا ہے، ایک ما قبل سلام پر اور یہ مطلب واضح ہے، کیونکہ دبر شئے کسی چیز کے پچھلے جز کو کہتے ہیں، اور دوسرا اطلاق ما بعد اور خارج نماز پر بھی کیا جاتا ہے، جیسا کہ حدیث مسلم میں آیا ہے، **معقبات لا یخیب قائلهن دبر کل صلاۃ ثلاث وثلثون تسبیحة وثلاث وثلاثون تحمیدة واربع وثلاثون تکبیرة﴿۱﴾**، اور اسی طرح یہ حدیث مذکور ترمذی شریف میں آیا ہے۔

فائدہ:...... دبر المکتوبات ما بعد الفرائض کو کہتے ہیں خواہ متصل ہو یا منفصل، متصل سے خاص نہیں ہے کیونکہ پیغمبر علیہ السلام نے دعا اور تسبیحات دونوں کی ترغیب لفظ دبر سے دی ہے اور یہ ناممکن ہے کہ دونوں عمل ایک وقت میں فرائض کے متصل کیے جائیں اگر دعا پہلے کی جائے تو تسبیحات دبر الفرائض نہ ہوں گی اگر تسبیحات پہلے کی جائیں تو دعا دبر الفرائض نہ ہوگی، اور جمع بین التسبیحات والدعا خلاف سنت ہو جائیگی، حالانکہ یہ کسی کا قول نہیں ہے کہ دعا پہلے کی جائے اور بعد میں تسبیحات کی جائیں یا بالعکس، ان میں سے کوئی بھی خلاف سنت نہیں ہے، تو معلوم ہوا کہ فرائض اور دعا کی فصل تسبیحات سے جائز ہے اور اسی طرح فرائض اور تسبیحات کی فصل دعا سے جائز ہے، پس لازم ہوا کہ لفظ دبر اتصال کا مقتضی نہیں، تو جب فرائض اور دعا کی فصل تسبیحات سے دعا دبر المکتوبات کیلئے مضر نہیں، کیونکہ تسبیحات سنن مرغوبہ ہیں، تو اسی طرح فرائض اور دعا کی فصل مسنون نماز سے ضرر رسان نہ ہوگی، بلکہ بطریق اولیٰ ضرر رسان نہ ہوگی، کیونکہ اتصال مسنون نماز فرائض کے ساتھ اشد ہے، بہ نسبت اتصال تسبیحات فرائض کے ساتھ، قیامت کے دن نماز مسنون فرائض کے قائم مقام بن جائے گی نہ تسبیحات، فقہاء کرام نے تصریح کی ہے کہ جو ذکر وغیرہ سنن موکدہ کے بعد کی جائے تو اسے دبر المکتوبات کہا جائے گا، علامہ شامی رد المحتار میں فرماتے ہیں، **واما ما ورد من الاحادیث**

﴿۱﴾ عن کعب بن عجرة قال قال رسول اللهﷺ معقبات لا یخیب قائلهن او فاعلهن دبر کل صلوٰة مکتوبة ثلث وثلثون تسبیحة وثلث وثلثون تحمیدة واربع وثلثون تکبیرة رواه مسلم.(مشکواة المصابیح ص ۸۹ جلد ۱ باب الذکر بعد الصلوات)

فی الاذکار عقیب الصلاۃ فلا دلالہ فیہ علی الاتیان بہا قبل السنۃ بل یحمل علی الاتیان بہا بعدہا لان السنۃ من لواحق الفریضۃ وتوابعہا ومکملاتہا فلم تکن اجنبیۃ عنہا، فما یفعل بعدہا یطلق علیہ انہ عقیب الفرائض، انتہیٰ(ص ۴۹۴ جلد ۱)﴿۱﴾، اور محقق ابن الہمام فتح القدیر میں فرماتے ہیں، وما ورد انہ ﷺ کان یقول دبر کل صلاۃ لا الہ الا اللہ وحدہ...... الی ان قال..... لا یقتضی وصل ہذہ الاذکار بل کونہا عقیب السنۃمن غیر اشتغال بما لیس ہو من توابع الصلاۃ یصحح کونہ دبرہا، انتہیٰ (ص ۳۱۳ جلد ۱)﴿۲﴾.

دعا بہ ہیئت اجتماعیہ: ......اہل علم پر مخفی نہیں ہے کہ پیغمبر علیہ السلام نے بعض اوقات میں ہیئت اجتماعیہ کے ساتھ خطبہ جمعہ میں دعا کی ہے، بخاری شریف (ص ۱۴۰ جلد ۱) میں روایت ہے، فرفع رسول اللہ ﷺ یدیہ یدعو ورفع الناس ایدیہم مع رسول اللہ ﷺ یدعون﴿۳﴾ اور بعض اوقات میں انفرادی طور سے فجر کے بعد دعا کی ہے، یا منہ قبلہ کی طرف ہوتا، کماروی الحاکم وابن ابی شیبہ ان رسول اللہ ﷺ رفع یدیہ بعد ما سلم وہو مستقبل القبلۃ فقال، اللہم اخلص الولید الی آخرہ (وذکر الحافظ ابن کثیر فی تفسیرہ ص ۱۷۲ جلد ۳) اور یا منہ قوم کی طرف ہوتا، کما روی ابن ابی شیبہ فی مصنفہ قال ابو الاسود صلیت مع رسول اللہ ﷺ فلما سلم انحرف ورفع یدیہ ودعا﴿۴﴾.

﴿۱﴾ (ردالمحتار ہامش الدر المختار ص ۳۹۱ جلد ۱ قبیل مطلب فی ما لو زاد علی العدد الوارد عقب الصلاۃ)

﴿۲﴾(فتح القدیر ص ۳۸۳، ۳۸۴ جلد ۱ باب النوافل)

﴿۳﴾(صحیح البخاری ص ۱۴۰ جلد ۱ باب رفع الناس ایدیہم مع الامام فی الاستسقاء)

﴿۴﴾ وفی منہاج السنن: واما رفع الایدی عند الدعوات خارج الصلوٰۃ فقد ثبت باحادیث کثیرۃ قولیۃ وفعلیۃ فی الامہات الست وغیرہا منہا ما اخرجہ ابن ابی حاتم وذکرہ الحافظ ابن کثیر فی تفسیرہ ص ۱۷۲ جلد ۳ عن ابی ہریرۃ ان رسول اللہ ﷺ رفع یدیہ.....(بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

بعد الفرائض یا بعد السنن ہیئت اجتماعی سے دعا کرنے کے متعلق ذخیرہ احادیث ساکت ہے نہ دعا کرنے کی متعلق روایت موجود ہے اور نہ نہ کرنے کے متعلق روایت موجود ہے اسے عدم ذکر اور عدم روایت کہتے ہیں، اگر کوئی یہ دعویٰ کرے کہ پیغمبر علیہ السلام نے یہ دعا نہیں کی ہے تو اس نے پیغمبر علیہ السلام پر افتراء کیا، اور اسی طرح کوئی یہ دعویٰ کرے کہ پیغمبر علیہ السلام نے یہ دعا کی ہے تو یہ بھی افترا ہے۔

اگر کوئی کہہ دے کہ اگر یہ دعا کی ہوتی تو مروی ہوتا، تو اس کا مخالف یہ کہے گا کہ اگر یہ دعا نہ کی ہوتی تو یہ نہ ہونا مروی ہوتا جیسا کہ نماز عید کیلئے اذان اور اقامت نہیں ہوئی ہے اور یہ نہ ہونا مروی ہے، **کما فی روایة ابی داؤد ص ۱۶۹ وغیرہ** ﴿۱﴾ ، بہر حال ہیئت اجتماعیہ کے ساتھ اس دعا کے متعلق اور اسی طرح **اللھم انت السلام** کے متعلق ذخیرہ احادیث ساکت ہے اور عدم ذکر اور ذکر عدم کے درمیان فرق نہ کرنا غباوت یا غوایت ہے۔﴿۲﴾

(بقیہ حاشیہ) بعد ما سلم وهو مستقبل القبلة فقال اللهم اخلص الوليد بن الوليد الى آخر الدعاء وفي سنده علي بن زيد بن جد عان وهو متكلم فيه والراجح انه لا ينزل عن درجة الحسن كيف وقال يعقوب هذا حديث صحيح وقال العجلي وابن عدى يكتب حديثه وقال ابن دقيق العيد، علي بن زيد وان ضعف فقد ذكر بالصدق...... واما اخرجه ابن ابى شيبة في مصنفه من حديث الاسود العامري عن ابيه هو عبد الله بن حاجب بن عامر قال صليت مع رسول الله ﷺ الفجر فلما سلم انصرف ورفع يديه. (منهاج السنن شرح جامع السنن ص ۱۷۲ جلد۲ باب ما يقول اذا سلم) (تفسير ابن كثير ص ۷۱۰ جلد۱ سورة النساء آيت: ۹۸)

﴿۱﴾ عن ابن عباس ان رسول الله ﷺ صلى العيد بلااذان ولا اقامة وابابكر وعمر او عثمان شك يحيٰ. (سنن ابى داؤد ص ۱۷۰ جلد۱ باب ترك الاذان في العيد)

﴿۲﴾ قال العلامه مفتي اعظم مفتي كفايت الله الدهلوي: شيخ (عبد الحق محدث دهلوى) کی مراد یہ ہو کہ ہاتھ اٹھانا اور امین امین کہنا ثابت نہیں تو اس کا جواب یہ ہے کہ احادیث میں اس کا ذکر نہ ہونا کہ دعا میں آپ ہاتھ اٹھاتے تھے اس بات کی دلیل نہیں ہے کہ ہاتھ نہیں اٹھاتے تھے کسی شے کا ذکر نہ ہونے سے اس کا عدم لازم نہیں، فان عدم الثبوت لا يستلزم ثبوت العدم وهذا ظاهر جداً، جیسا کہ روایات سے یہ ثابت نہیں ہوا کہ ہاتھ اٹھاتے تھے اسی طرح یہ بھی کسی روایت میں نہیں کہ ہاتھ نہیں اٹھاتے تھے۔

(کفایت المفتی ص ۳۴۸ جلد۳ فصل سوم فرائض کے بعد دعا کی مقدار کیا ہے)

قول، فعل اور تقریر رسول اللہ ﷺ سے ثابت امر بدعت نہیں: ...... پیغمبر علیہ السلام کے قول، فعل اور تقریر کو حدیث کہتے ہیں ﴿۱﴾ تو ایک کام تب خلاف سنت اور بدعت ہوگا کہ نہ قول رسول اللہ ﷺ سے ثابت ہو اور نہ فعل اور تقریر سے ثابت ہو تو یہ دعویٰ کرنا کہ یہ کام بدعت ہے کیونکہ پیغمبر علیہ السلام نے نہیں کیا ہے غباوت یا غوایت ہے۔

نماز کے بعد ہیئت اجتماعیہ سے دعا کرنا: ...... نماز کے بعد ہیئت اجتماعیہ سے دعا کرنے کے متعلق فعل رسول اللہ ﷺ ساکت ہے البتہ قول رسول اللہ ﷺ ثابت ہے وہ حدیث دبر المکتوبات ہے، رواہ الترمذی ﴿۲﴾ اور اس حدیث میں نہ رفع الیدین کا ذکر ہے اور نہ حمد وصلاۃ کا ذکر ہے نہ آمین اور مسح الوجہ کا ذکر ہے، اور نہ انفراد یا اجتماع کا ذکر ہے، لیکن قاعدہ یہ ہے کہ، اذا ثبت الشئ ثبت بادابہ ولوازمہ، بہرحال اس دعا میں ان آداب کی رعایت کی جائے گی خواہ یہ دعا فرائض کے بعد ہو یا سنن کے بعد۔

دعا بعد السنت کے بارے میں فقہاء کے اقوال: ...... شرح شرعۃ الاسلام میں لکھا ہے، ویغتنم بعد المکتوبة قبل السنة علی ما روی عن البقالی (المعتزلی فی الاصول، الحنفی فی الفروع مثل صاحب الکشاف) من انه قال الافضل ان یشتغل بالدعاء ثم بالسنة، وبعد السنن والاوراد علی ما روی عن غیرہ وهو المشهور المعمول فی زماننا فانه مستجاب بالحدیث (تعلیق الکوکب الدری ص ۲۹۱ جلد۲) قلت ومثل قول البقالی مروی عن الامام

﴿۱﴾ قال الشیخ عبد الحق الدهلوی: اعلم ان الحدیث فی اصطلاح جمهور المحدثین یطلق علی قول النبی ﷺ وفعله وتقریره ومعنی التقریر انه فعل احد او قال شیأ فی حضرته ﷺ ولم ینکر ولم ینهه عن ذلک بل سکت وقرر.
(مصطلحات علم الحدیث الملحقه بالمشکواۃ المصابیح ص ۳ للشیخ عبد الحق الدهلوی)
﴿۲﴾ قیل یا رسول اللہ ﷺ ای الدعاء اسمع قال جوف اللیل الاخر ودبر الصلوات المکتوبات. (سنن ترمذی ص ۱۸۸ جلد۲ باب ماجاء فی جامع الدعوات)

جعفر الصادق فی الطبرانی ﴿۱﴾، پس امام بقالی کے نزدیک فرائض کے بعد دعا کرنا افضل ہے اور اس کو اکثر اکابر کا میلان ہے، اور جمہور کے نزدیک بعد السنن افضل ہے اور فقہاء کرام نے یہ قول مختار کیا ہے۔

ابن الہمام اور ابن العابدین کی رائے پہلے ذکر ہوئی، ابن نجیم صاحب بحر فرماتے ہیں، لکن عندنا السنة مقدمة علی الدعاء الذی ھو عقب الفراغ (ص ۳۰۴ جلد۸) اور صاحب مراقی الفلاح علامہ حسن شرنبلالی فرماتے ہیں، ویستحب للامام بعد سلامه ان یتحول الی جھة یساره لتطوع بعد الفرض ویستحب ان یستقبل بعده ای بعد التطوع وعقب الفرض ان لم یکن بعده نافلة، یستقبل الناس...... ثم یدعون لانفسھم وللمسلمین رافعی ایدیھم ثم یمسحون بھا وجوھھم انتھیٰ بحذف (الطحطاوی ص ۲۵۳ تا ۲۵۷) اور اشباہ والنظائر میں ابن نجیم اور شرح اشباہ میں حموی فرماتے ہیں ، الاشتغال بالسنة عقیب الفرض افضل من الدعاء (ص ۱۲۷، ۱۲۸) صاحب خلاصۃ الفتاویٰ علامہ طاہر بن عبدالرشید البخاری فرماتے ہیں، بعد الفریضة الاشتغال بالسنة اولیٰ من الاشتغال بالدعاء (ص ۹۵ جلد ۱) اور علامہ قسطلانی ارشاد الساری شرح بخاری میں فرماتے ہیں، وعند الحنفیة یکره له المکث قاعداً لیشغل بالدعاء لان القیام الی السنة بعد اداء الفریضة افضل من الدعاء والتسبیح والصلاۃ (ص ۱۴۴ جلد ۲).

التزام اور دوام میں فرق:...... التزام مالا یلزم اور کسی شے کا اپنی حیثیت سے فوق اس کا اہتمام کرنا بدعات ہیں، اللہ تعالیٰ نے ان انصار پر انکار کیا ہے جنھوں نے احرام کی حالت میں اپنے گھروں کو پیچھے کی جانب سے آنے کا اہتمام اور التزام کیا تھا، اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں، ولیس البر بان تأتوا

﴿۱﴾ وفی السعایة نقلا عن المواھب للقسطلانی نقلا عن الحافظ بن الحجر اخرج الطبرانی من روایة جعفر بن محمد الصادق قال الدعاء بعد المکتوبة افضل من الدعاء بعد النافلة کفضل المکتوبة علی النافلة.

(سعایه شرح ھدایه ص ۲۵۸ جلد ۲ باب صفة الصلاۃ)

البيوت من ظهورها ولكن البر من اتقى، وأتوا البيوت من ابوابها (سورة البقرة)﴿۱﴾ اور عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ان لوگوں پر انکار کیا تھا جنہوں نے نماز کے بعد دائیں جانب پھیرنا لازم سمجھا تھا، حیث قال لا يجعل احدكم للشيطان شيأً من صلاته يرى ان حقاً عليه ان لا ينصرف الا عن يمينه (بخاری ص ۱۱۸ جلد ۱)﴿۲﴾ اور ملا علی قاری فرماتے ہیں، من اصر على امر مندوب وجعله عزما ولم يعمل بالرخصة فقد اصاب منه الشيطان من الاضلال (مرقاة ص ۳۵۳ جلد ۲)﴿۳﴾.

التزام دو قسم کے ہیں ایک حقیقی ہے کہ ایک شے واجب نہ ہو اور لزوم و وجوب کا اعتقاد کیا جائے اور یہ نذر کی صورت میں جائز ہے، اور نذر کے علاوہ مکروہ اور بدعت ہے۔ دوسرا التزام حکمی ہے کہ کسی شے کو لازم اور واجب نہ سمجھتا ہو لیکن اپنی حیثیت سے فوق اہتمام کرتا ہو جیسا کہ عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ پر ابتلاء آئی تھی اور اللہ تعالیٰ نے اس سے انکار کیا اور یہ آیت نازل ہوئی، يا ايها الذين آمنوا ادخلوا في السلم كافة ولا تتبعوا خطوات الشيطان (بقرة) ﴿۴﴾ اور اسی طرح انصار کی ابتلاء کہ، ليس البر ان

﴿۱﴾ (سورة البقرة پاره: ۲ رکوع: ۷ آیت: ۱۸۹)
﴿۲﴾ (صحيح البخاری ص ۱۱۸ جلد ۱ باب الانفتال والانصراف عن اليمين والشمال)
﴿۳﴾ (مرقاة المفاتيح شرح مشكواة المصابيح ص ۳۵۳ جلد ۲ باب الدعاء فى التشهد)
﴿۴﴾ قال العلامه حافظ عماد الدين ابن كثير: يقول الله تعالىٰ امراً عباده المؤمنين به المصدقين برسوله ان يأخذو بجميع عرى الاسلام وشرائعه والعمل بجميع اوامره وترك جميع زواجره ما استطاعوا من ذلک...... وزعم عكرمه انها نزلت فى نفر ممن اسلم من اليهود وغيرهم كعبد الله بن سلام واسد بن عبيد وثعلبة وطائفه استأذنوا رسول الله ﷺ فى ان يسبتو وان يقوموا بالتوراة ليلاً فامرهم الله باقامة شعائر الاسلام والاشتغال بها عما عداها، وفى ذكر عبد الله بن سلام مع هؤلاء نظر، اذ يبعد ان يستأذن فى اقامة السبت وهو مع تمام ايمانه يتحقق نسخه ورفعه وبطلانه والتعويض عنه باعياد الاسلام.
(تفسير ابن كثير ص ۳۲۴ جلد ۱ سورة البقرة آیت: ۲۰۸)

تاتوا البیوت من ظھورھا ﴿۱﴾ کے ساتھ اس سے انکار نازل ہوا، البتہ التزام اور دوام میں فرق ضروری ہے التزام بالمستحب ممنوع ہے اور دوام بالمستحب مطلوب ہے، قال رسول اللہ ﷺ خیر العمل مادیم علیہ وقال رسول اللہ ﷺ احب الاعمال الی اللہ ادو مھا و ان قل، رواہ البخاری ومسلم عن عائشۃ رضی اللہ عنھا﴿۲﴾ التزام اور دوام کے درمیان نسبت عموم خصوص من وجہ ہے جو لوگ فرض یا سنن کے بعد ہمیشہ دعا کرتے ہیں اور التزام کیساتھ کرتے ہیں تو یہ شخص دوام اور التزام دونوں کا مرتکب ہوا اور جو شخص فرض یا سنن کے بعد کبھی کبھی دعا کرتا ہے اور التزام کرتا ہے تو اس نے التزام کیا اور دوام نہیں، اور جو شخص فرض یا سنن کے بعد ہمیشہ دعا کرتا ہے لیکن نہ اسے لازم کہتا ہے اور نہ تارک پر انکار کرتا ہے تو اس نے دوام کیا اور التزام نہیں اور بدعت سے بچ گیا، البتہ عوام کی اصلاح کیلئے کبھی کبھی فرض اور سنن کے بعد دعا نہ کرنا مناسب ہے تا کہ التزام میں مبتلا نہ ہو جائے۔

تین بار دعا بعد السنن مباح ھے: ...... پیغمبر علیہ السلام نے زیارت القبور کے وقت تین بار دعا کی ہے، کما فی مسلم (ص ۳۱۲ جلد ۱) جاء النبی ﷺ البقیع فقام فاطال القیام ثم رفع یدیہ ثلاث مرات ثم انحرف ﴿۳﴾ اور فرض یا سنن کے بعد تین بار دعا کرنا نہ مطلوب ہے اور نہ ممنوع ہے امر مباح ہے اور ہر وہ مباح جس پر عوام کا عقیدہ سنیت پیدا ہو جائے وہ مکروہ بن جاتا ہے، کما فی شرح الکبیر کل مباح یودی الیہ ای الی اعتقاد الجھلۃ سنیتھا فمکروہ (۵۷۳) ﴿۴﴾.

﴿۱﴾ (سورۃ البقرۃ پارہ: ۲ رکوع: ۷ آیت: ۱۸۹)

﴿۲﴾ (مشکواۃ المصابیح ص ۱۱۰ جلد ۱ باب القصد فی العمل الفصل الاول)

﴿۳﴾ (صحیح مسلم شریف ص ۳۱۳ جلد ۱ فصل فی التسلیم علی اھل القبور والدعاء لھم)

﴿۴﴾ (غنیۃ المستملی المعروف بالکبیری ص ۵۶۹ فصل فی مسائل شتیٰ)

نماز کے بعد چند معمولات کے بارے میں فقہی مسائل: ......

جس نماز کے بعد سنن نہ ہو تو امام کی مرضی ہے کہ اپنی جگہ سے اٹھتا ہے یا بیٹھتا ہے لیکن قبلہ کی طرف اللھم انت السلام (الی آخرہ) کی مقدار سے زیادہ نہ بیٹھے گا (بدائع) اور بنا بر حدیث ترمذی شریف نماز فجر اور نماز مغرب کے فرض کے بعد بمقدار اشھد ان لا الہ الا اللہ الخ، دس بار پڑھنے کے بیٹھنا مستثنیٰ ہے، (مراقی الفلاح وطحطاوی ص ۲۵۲، ۲۵۳) اور جب بیٹھ جائے تو اس کی مرضی ہے کہ دائیں طرف منہ پھیرتا ہے یا بائیں طرف، یا لوگوں کی طرف منہ کریں لیکن یہ اس وقت کہ سامنے کوئی نمازی نہ ہو (بدائع) اور جس نماز کے بعد سنن ہو تو امام اللھم انت السلام کی مقدار کے برابر بیٹھ جائے پھر سنت ادا کریں (مراقی الفلاح وطحطاوی ص ۲۵۲) سنت اس جگہ نہیں پڑھی جائے گی جہاں فرض ادا کیا ہو (بدائع ص ۱۶۱ جلد ۱) البتہ اگر مقتدی فصل اور انتظار کے بعد اسی جگہ سنت ادا کرے تو یہ جائز ہے (حدیث ابوداؤد)﴿۱﴾۔(تمت المقالة فی الدعاء)

فرائض اور سنن کے درمیان بیٹھنا اور اللھم انت السلام دونوں سنت ہیں

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ فرائض اور سنن کے درمیان بیٹھنا ہی سنت ہے یا اللھم انت السلام کا پڑھنا بھی سنت میں شامل ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: لعل مرجان ہنگو......۱۹۷۲ء/۸/۲۴

﴿۱﴾ عن الازرق بن قیس...... فقال الرجل الذی ادرک معه التکبیرة الاولیٰ من الصلوٰۃ یشفع فوثبت الیه عمر فاخذ بمنکبیه فهزه ثم قال اجلس فانه لم یهلک اهل الکتاب الا انهم لم یکن بین صلواتهم فصل فرفع النبی ﷺ بصره فقال اصاب الله بک یاابن الخطاب.
(سنن ابی داؤد ص ۱۵۱ جلد ۱ باب فی الرجل یتطوع فی مکانه الذی صلی فیه المکتوبة)

الجواب: دونوں سنت ہیں ﴿۱﴾۔ وہو الموفق

﴿ ۱ ﴾ قال ابن عابدين رحمه الله: (قوله الا بقدر اللهم) لما رواه مسلم والترمذی عن عائشة رضی الله عنها قالت كان رسول اللهﷺ لا يقعد الا بمقدار ما يقول اللهم انت السلام ومنک السلام تبارکت يا ذالجلال والاکرام واماما ورد من الاحاديث فی الاذكار عقيب الصلاة فلا دلالة فيه على الاتيان بها قبل السنة بل يحمل على الاتيان بها بعدها لان السنة من لواحق الفريضة وتوابعها ومكملاتها فلم تكن اجنبية عنها فما يفعل بعدها يطلق عليه ان عقيب الفريضة وقول عائشة بمقدار لا يفيد انه كان يقول ذلک بعينه بل كان يقعد بقدر ما يسعه ونحوه من القول تقريبا فلا ينا فی ما فی الصحيحين من انهﷺ كان يقول فی دبر كل صلاة مكتوبة لا اله الا الله وحده لا شريک له له الملک وله الحمد وهو علی كل شئ قدير اللهم لا مانع لما اعطيت ولا معطی لما منعت ولا ينفع ذا الجد من الجد وتمامه فی شرح المنية۔

(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۳۹۱ جلد ۱ مطلب هل يفارقة الملكان اداب الصلاة)

باب آداب الصلوٰۃ

فرض ادا کرنے کے بعد امام سنت کہاں ادا کرے؟

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ بعض لوگ کہتے ہیں کہ ظہر، مغرب اور عشاء کی نمازوں کے بعد امام کیلئے محراب میں سنت پڑھنا مکروہ ہے کیا یہ درست ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: ملک جہانزیب آفریدی درہ آدم خیل کوہاٹ......۳۰/اگست ۱۹۸۹ء

الجواب: جس فرض کے بعد سنت ہو تو فرض پڑھانے والے امام کیلئے مستحب ہے کہ آگے یا پیچھے ہو جائے اور جانب چپ یا راست (دائیں یا بائیں) کو ہو جائے اور یا گھر کو چلا جائے ﴿۱﴾۔ فقط

پگڑی کے ساتھ نماز کثرت ثواب کا ذریعہ ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ امام کیلئے عمامہ (پگڑی) ضروری ہے یا نہیں؟ نیز واضح کریں کہ بعض لوگ کہتے ہیں کہ پگڑی اور عمامہ باندھنے سے ثواب ستر گنا درجہ زیادہ ہیں کیا یہ صحیح ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: فضل کریم صوابی......۲۷/ذی قعدہ ۱۳۹۵ھ

الجواب: عمامہ پہننا ہر مسلمان کیلئے کار خیر اور مستحب ہے، خصوصاً نماز کی حالت میں کثرت ثواب کا ذریعہ ہے، کما فی الفردوس الدیلمی عن جابر رکعتان بعمامة خیر من سبعین

﴿۱﴾ قال الحصكفي: يستحب للامام التحول ليمين القبلة الخ و قال العلامه ابن عابدين رحمه الله: وان كان بعدها تطوع وقام يصليه يتقدم او يتأخر او ينحرف يمينا او شمالاً او يذهب الى بيته فيتطوع ثمة. (ردالمحتار ص ۳۹۲ جلد ۱ مطلب فيما لو زاد على العدد الوارد فى التسبيح عقب الصلاة آداب الصلاة)

رکعة بلا عمامة وفیه ایضاً الصلوٰة فی العمامه عشر الاف حسنة کما فی کشف الحقائق ص۷۷﴿۱﴾ البتہ امام کے ساتھ اس کی تخصیص کرنا جہالت ہے۔وھو الموفق

اللھم انت السلام پڑھتے وقت ہاتھ اٹھانا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اللھم انت السلام پڑھتے وقت ہاتھ اٹھانا بدعت ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: حبیب اللہ خان ایبٹ آباد.....۲۶/۳/۸۵

الجواب: فعل رسول اللہ ﷺ اللھم انت السلام پڑھنے کے وقت ہاتھ اٹھانے سے ساکت ہے نہ اس کے متعلق اثبات مروی ہے نہ نفی، سکوت سے نفی بنانا کم فہمی یا بدفہمی ہے۔وھو الموفق

فرض نماز کے بعد جہراً دعا کرنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ فرض نماز کے بعد جہراً دعا مانگنا چاہئے یا آہستہ، اور مستحب کونسا طریقہ ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد سلیمان کراچی......۱۶/ جمادی الاولیٰ ۱۴۰۲ھ

الجواب: نماز کے بعد امام کا جہراً دعا مانگنا اور مقتدیوں کا آمین کہنا جائز ہے، لحدیث ورد بذلک کما فی فتح الباری ﴿۲﴾، لیکن مسبوق وغیرہ کو ایذا کی تقدیر

﴿۱﴾ قال القاری: وکذا ما اورده الدیلمی من حدیث ابن عمر مرفوعاً: صلاة بعمامة تعدل خمسا وعشرین...... ومن حدیث انس مرفوعا الصلاة فی العمامة بعشرة آلاف حسنة قلت: مروی ابن عمر نقله السیوطی عن ابن عساکر فی جامعه الصغیر مع التزامه بانه لم یذکر فیه الموضوع. (الموضوعات الکبریٰ للقاری ص۱۴۷ رقم حدیث: ۵۶۳)

﴿۲﴾قال الحافظ ابن حجر العسقلانی: قوله (باب التامین) یعنی قول آمین عقب الدعا ذکر فیه حدیث ابی هریرة اذا امن القاری فأمنوا، والمراد بالقاری... (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

پرنا جائز ہے (حموی) ﴿۱﴾۔ وھو الموفق

پگڑی کی شرعی حیثیت اور مقدار

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ پگڑی صرف نماز کیلئے باندھی جائے گی یا دیگر اوقات میں بھی مسنون ہوگی، اس کی شرعی حیثیت کیا ہے اور کیا رومال جو عام طور پر کندھوں پر استعمال کیا جاتا ہے، اس سے سنت کا اتباع ہوگا یا نہیں؟ نیز حضوﷺ کی پگڑی کی مقدار کیا تھی؟ بینوا توجروا

المستفتی: روح الامین فائنل شعبہ نفسیات پشاور یونیورسٹی ......۳۰/ ذی الحجہ۱۴۰۲ھ

الجواب: پگڑی نماز اور غیر نماز دونوں حالتوں میں مسنون ہے ﴿۲﴾ پگڑی کی کوئی حد شرعی نہیں ہے البتہ حضوﷺ نے ساڑھے تین گز، چھ گز دو قسم پگڑیاں (مختلف رنگوں کی) استعمال کی ہیں (سعایہ وزرقانی)۔ وھو الموفق

(بقیہ حاشیہ) ھنا الامام اذا قرأ فی الصلاۃ ویحتمل ان یکون المراد بالقاری اعم من ذلک...... واخرج الحاکم عن حبیب بن مسلمۃ الفھری سمعت رسول اللہﷺ یقول: لا یجتمع ملأ فیدعو بعضھم ویؤمن بعضھم الا اجابھم اللہ تعالیٰ. (فتح الباری شرح صحیح البخاری ص۳۰۸ جلد۱۴ باب التامین)

﴿۱﴾ قال العلامۃ ابن عابدین: وفی حاشیۃ الحموی عن الامام الشعرانی اجمع العلماء سلفاً وخلفاً علی استحباب ذکر الجماعۃ فی المساجد وغیرھا الا ان یشوش جھرھم علی نائم او مصل او قاریٔ. (ردالمحتار ص۴۸۸ جلد۱ مطلب فی رفع الصوت بالذکر باب مایفسد الصلاۃ ومایکرہ فیھا)

﴿۲﴾ عمامہ (پگڑی) پہننا رسول اللہﷺ کی سنتوں میں سے ایک سنت ہے حضرات انبیاء اور صالحین کے لباس کا حصہ ہے، علامہ قسطلانی لکھتے ہیں، رسول اللہﷺ کا ایک عمامہ تھا جس کو سحاب کہا جاتا تھا، آپ اس عمامہ کے نیچے سر پر مڑی ہوئی ٹوپی پہنتے تھے، (المواھب مع زرقانی ص ۹ جلد۵) اور شرح مواہب میں ہے کہ حضوﷺ کا ایک عمامہ چھ گز اور ایک بارہ گز کا تھا، اور سعایہ میں ہے کہ ملا علی قاری نے اپنے رسالہ عمامہ میں ذکر کیا ہے کہ ہمارے بعض حنفی علماء نے ذکر کیا ہے کہ حضوﷺ ہمیشہ جو عمامہ پہنتے تھے اس کا طول...... (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

فرض ادا کرنے کے بعد مقدار اللھم انت السلام الخ بیٹھنا یا یہ پڑھنا دونوں ثابت ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ فرض اور سنت کے درمیان بمقدار اللھم انت السلام الخ بیٹھنا سنت ہے یا بعینہ اس دعا کا پڑھنا سنت ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: لعل مرجان کوہاٹ......۲۶/رجب ۱۳۹۳ھ

(بقیہ حاشیہ) سات گز تھا اور جمعہ اور عیدین میں بارہ گز کا عمامہ باندھتے تھے، اور اس کی تائید علامہ جزری کے قول سے بھی ہوتی ہے جو انہوں نے تصحیح المصابیح میں ذکر کیا ہے، حتی اخبرنی من اثق به انه وقف علی شیئ من کلام الشیخ محی الدین النووی ذکر فیه انه علیه السلام کان له عمامة قصیرة وعمامة طویلة وان القصیرة کانت سبعة ازرع والطویلة اثنی عشر، حافظ ابن القیم نے زاد المعاد (ص ۴۷ جلد ۱) اور ملا علی قاری نے مرقاۃ اور مجد الشیر ازی وغیرہ ارباب السیر نے ذکر کیا ہے کہ حضور ﷺ جس طرح ٹوپی استعمال فرماتے تھے اسی طرح عمامہ بھی باندھتے تھے چنانچہ آپ ﷺ اکثر ٹوپی پہن کر اس پر عمامہ باندھتے تھے، نیز بغیر عمامہ کے صرف ٹوپی بھی پہنتے تھے اور بغیر ٹوپی کے بھی عمامہ استعمال فرماتے تھے، اور اگر یہ اعتراض کیا جائے کہ ترمذی میں مرفوع روایت ہے: ان فرق ما بیننا وبین المشرکین العمائم علی القلانس، تو اس کا ایک جواب محدثین نے یہ ذکر کیا ہے کہ امام ترمذی نے کہا ہے، اسناده لیس بالقائم اور منہاج السنن میں ہے کہ اس حدیث میں حضور ﷺ کی مراد اعتجار پر انکار ہے۔

رسول اللہ ﷺ سے صرف حالت احرام میں برہنہ سر ہونا ثابت ہے اور عموماً آپ ﷺ کی عادت یہ تھی کہ آپ کے سر مبارک پر عمامہ یا ٹوپی بھی رہتی تھی، اور یہ سنت ملائکہ ہیں، تفسیر ابن کثیر (ص ۴۲۳ جلد ۱) میں متعدد روایات اس بارے میں وارد ہیں، صحابہ کرام بھی ٹوپی یا عمامہ سے اپنے سروں کو ڈھانکتے تھے، عبداللہ بن عتیک اور عبداللہ بن عدی میں سے ہر ایک کے عمامے کا ذکر بخاری شریف میں آیا ہے اسی طرح کتب احادیث میں انس بن مالک، عمار بن یاسر اور حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہم جیسے صحابہ کرام کے عمامے کا ذکر آیا ہے، نیز دوسرے صحابہ کرام کے عمامے پہننے اور شملہ چھوڑنے کی کیفیت تک کا تذکرہ حدیث کی کتابوں میں موجود ہے، تابعین اور تبع تابعین کے متعلق عمامے کا استعمال مروی ہے، ابن بطال مالکی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ امام مالک نے بیان فرمایا کہ انہوں نے یحییٰ بن سعید، ربیعہ اور ابن ہرمز رحمہم اللہ میں سے ہر ایک کو عمامہ باندھتے ہوئے پایا اور میں ربیعہ کی مجلس میں تھا ان میں اکتیس شرکاء تھے ہر ایک عمامہ باندھے ہوئے تھا حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں، قوم عمامے اور ٹوپی پر سجدہ کرتی تھی (بخاری ص ۵۶ جلد ۱)..... (از مرتب)

الجواب: اسی مقدور کا فصل بھی سنت ہے، اور اللھم انت السلام یا دوسرے اذکار ماثورہ پڑھنا بھی سنت ہے، لثبوت کلیهما بالحدیث ﴿۱﴾. وھو الموفق

سنت اور فرض کے درمیان کھانا پینا یا باتیں کرنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ صبح کی نماز میں فرض اور سنت کے درمیان یا نماز ظہر کی سنت اور فرض کے درمیان کھانا پینا اور باتیں کرنا جائز ہے یا نہیں؟ اس سے سنت کا اعادہ لازم ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: مولوی نصیب خان حسن خیل شمالی وزیرستان......۱۰/نومبر ۱۹۸۹ء

الجواب: فرائض اور سنن کے درمیان یہ امور منقص ثواب ہیں لیکن موجب اعادہ نہیں ہیں (شرح التنویر علی هامش ردالمحتار ص۴۵۷ جلد ۱)﴿۲﴾. وھو الموفق

نماز میں فوات خشوع کے خطرہ سے آنکھیں بند کرنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر توجہ اور خشوع بنانے کیلئے نماز میں دونوں آنکھیں بند رکھی جائیں تو اس میں کوئی قباحت ہوگی یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالحلیم بقلم خود......۱۹۷۳ء/۱/۱۷

﴿۱﴾ وعن عائشة رضی الله عنها قالت کان رسول الله ﷺ اذا سلم لم یقعد الا مقدار ما یقول اللهم انت السلام ومنک السلام تبارکت یا ذا الجلال والاکرام رواه مسلم .
وعن ثوبان رضی الله عنه قال کان رسول الله ﷺ اذا انصرف من صلوته استغفر ثلثا وقال اللهم انت السلام ومنک السلام تبارکت یا ذاالجلال والاکرام رواه مسلم.
(مشکواة المصابیح ص۸۸ جلد ۱ باب الذکر بعد الصلوٰة الفصل الاول)

﴿۲﴾ قال العلامة الحصکفی: ولو تکلم بین السنة والفرض لا یسقطها ولکن ینقص ثوابها، وقیل تسقط. (الدرالمختار علی هامش ردالمحتار ص۵۰۳ جلد ۱ مبحث مهم فی الکلام علی الضجعة بعد سنن الفجر باب الوتر والنوافل)

الجواب: اگرآنکھیں کھولنے میں خشوع کےفوات کاخطرہ ہوتو بند کرنا جائز بلکہ بہتر ہے (شامی ص ۶۰۴ جلد ۱)﴿۱﴾۔ وھو الموفق

امام کے لئے پگڑی کی مقدار

سوال: کیافرماتے ہیں علماءدین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ امام مسجد کیلئے پگڑی کی کم ازکم مقدار کتنی ہونی چاہئے؟ بینوا توجروا

المستفتی: مثل زادہ ترلاندی صوابی......۱۹۶۹ء/۱۲/۵

الجواب: پیغمبر علیہ السلام کی پگڑی مختلف قسم کی تھی لیکن سنت ہر پگڑی سےادا ہوتی ہے جیسا کہ قمیص اور چادر اور ازار جتنا بھی ہو اس سے سنت ادا ہوسکتی ہے یہ ضروری نہیں ہے کہ موافق مقدار منقولہ کی ہو﴿۲﴾۔وھو الموفق

﴿۱﴾ قال العلامة الحصكفي: وتغميض عينيه للنهي الا لكمال الخشوع. (قوله الالكمال الخشوع) بان خاف فوت الخشوع بسبب رؤية ما يفرق الخاطر فلا يكره بل قال بعض العلماء انه الاولى وليس ببعيد حلية وبحر . (الدر المختار على هامش ردالمحتار ص۴۷۷ جلد ۱ مطلب اذا تردد الحكم بين سنة وبدعة كان ترك السنة اولى، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها)

﴿۲﴾العمامة ما اعتم بالرأس ولاحدلها شرعاً نعم ذكر في شرح المواهب كانت لهﷺ عمامة قصيرة ستة اذرع وعمامة طويلة اثنا عشر ذراعاً وكما في الطبراني ولكن قال ابن حجر لا اصل له (مواهب ص۹۹) وفي السعاية ذكر على القارى في رسالته في العمامة ذكر بعض علماء نا الحنفية ان العمامة التي كان يلبس دائما طولها سبعة اذرع والتي تلبس في الجمعة والعيدين طولها اثنتا عشرة ذراعا ويؤيده ما ذكره الجزرى في تصحيح المصابيح قد تتبعت الكتب وتطلبت من كتب السير والتواريخ لا قف على قدر عمامتهﷺ فلم اقف على شئ حتى اخبرني من اثق به انه وقف على شئ من كلام الشيخ محي الدين النووى ذكر فيه انه عليه السلام كان له عمامة قصيرة وعمامة طويلة وان القصيرة كانت سبعة اذرع والطويلة اثنى عشر (مواهب) وقال الشيخ احمد عبد الجواد الدومي عن ابن القيم: لم تكن عمامتهﷺ كبيرة يوذى الرأس حملها ولا صغيرة لا تقى الرأس من حر ولا برد بل كانت وسطاً بين ذلك وخير الامور الوسط (اتحافات ص۱۵۵). (ازمرتب)

عمامہ کے دو شملوں کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ عمامہ کے دو شملے چھوڑنا جائز ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: حامد انور......۱۹۷۵ء/۱۲/۳

الجواب: بین الکتفین دو عذبہ (عذبة شمله عمامه) جائز ہیں ﴿۱﴾ (اشعة اللمعات شرح مشکواة). وھو الموفق

عمامہ کیلئے رومال کا استعمال اور مقدار عمامہ

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ آج کل رومال کا جو استعمال ہے کیا اس کو سر پر باندھنے سے عمامہ کی سنت ادا ہوگی؟ نیز از روئے احادیث عمامہ کی اقل مقدار اور اکثر مقدار کتنے گز تک ثابت ہے؟ نیز کیا عمامہ صرف امام کیلئے سنت ہے یا مقتدی اور منفرد کیلئے بھی؟ بینوا توجروا

المستفتی: حبیب گل......۱۹۷۴ء

الجواب: واضح رہے کہ عمامہ پہننا ہر مسلمان کیلئے سنت ہے لثبوتها بالاحادیث القولیة

﴿۱﴾ وفی المنهاج: وکما ثبت ارسال العذبة بین الکتفین کذلک ثبت ارسالها من الجانب الایمن نحو الاذن فی حدیث امامة، اخرجه الطبرانی فی الکبیر...... وکذلک ثبت ارخاء ها بین یدی المعتم ومن خلفه فی حدیث عبد الرحمن بن عوف رواه ابو داؤد وفی اسناده شیخ مجهول وفی حدیث ثوبان اخرجه الطبرانی فی الاوسط...... اعلم ان سدل الطرف الاسفل یسمی عذبة فی الاصطلاح واما غرز الطرف الاعلی وارساله من خلفه فیسمی عذبة لغة وهو ثابت فی روایة ابی الشیخ من روایة ابن عمر، کان رسول الله ﷺ یدیر کور العمامة علی راسه ویغرزها من وراءه ویرخی لها ذوابة بین کتفیه.

(منهاج السنن شرح جامع السنن ص ۲۱۲ جلد ۵ باب سدل العمامة بین الکتفین)

والفعلية کما لا یخفیٰ، اورفقہاءکرام نے اس کومستحبات نماز میں شمار کیا ہے، کما فی شرح الکبیر ص ۳۲۴ ﴿۱﴾. اس میں امام اور غیر امام کا حکم یکساں ہے صرف امام کے ساتھ خاص ہونا کسی دلیل سے ثابت نہیں ہے ﴿۲﴾۔ نیز واضح رہے کہ عمامہ ہر وہ کپڑا ہوتا ہے جو کہ سر پر پیچیدہ کیا جائے، کما فی التعلیق الممجد، اور یہ معنی رومال میں بھی موجود ہے، لہٰذا لغت عربی کی رو سے یہ عمامہ ہوگا، اگرچہ ہماری لغت میں اسے عمامہ نہیں کہا جاتا ہے اور چونکہ عمامہ کیلئے شرعاً کوئی مقدار مقرر نہیں ہے لہٰذا رومال کے صغر سے کوئی نقص لازم نہ ہوگا، البتہ ملاعلی قاری نے مرقات میں لکھا ہے کہ پیغمبر ﷺ کا چھوٹا عمامہ سات شرعی گز تھا اور بڑا عمامہ بارہ شرعی گز تھا، لیکن اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ اس خاص مقدار سے کم وبیش عمامہ مسنون نہ ہوگا، کما فی الرداء والازار ﴿۳﴾. فافهم ۔وهو الموفق

﴿۱﴾ قال العلامه حلبی: المستحب ان يصلی الرجل فی ثلثة اثواب ازار وقميص وعمامة ولو صلی فی ثوب واحد متوشحا به جميع بدنه كما يفعله القصار فی المقصرة جاز من غير كراهة...... ولكن فيه ترک الاستحباب.

(غنية المستملی ص۳۴۷ فصل فيما يكره فی الصلاة)

﴿۲﴾ قال العلامه عبد الحئی اللكهنوی: وقد ذكروا ان المستحب ان يصلی فی قميص وازار وعمامة ولا يكره الاكتفاء بالقلنسوة ولا عبرة لما اشتهر بين العوام من كراهة ذلک.

(عمدة الرعايه علی هامش شرح الوقايه ص۱۹۸ جلد۱ قبيل باب الوتر والنوافل)

وفی منهاج السنن: ان العمامة سنة ولها فضيلة مثل سائر السنن الزائدة واما روايات فضيلة الصلوٰة فيها خمسا وعشرين صلاة او سبعين صلاة وعشرة الاف حسنة فباطلة وموضوعة صرح به القاری وغيره.

(منهاج السنن شرح جامع السنن ص۲۱۲ جلد۵ باب سدل العمامة بين الكتفين)

﴿۳﴾ وفی منهاج السنن: والعمامة هی ما اعتم بالرأس ولاحد لها شرعا نعم ذكر فی شرح المواهب كانت له ﷺ عمامة قصيرة ستة اذرع عمامة طويلة اثنا عشر ذراعا وفی السعاية ذكر علی القاری فی رسالته فی العمامة ذكر بعض علماء نا الحنفية ان العمامة التی كان يلبس دائما طولها سبعة اذرع والتی تلبس فی الجمعة والعيدين ...... (بقيه حاشيه اگلے صفحه پر)

سجدہ میں جاتے ہوئے ہاتھ گھٹنوں پر رکھیں گے یا کھلے ہوئے؟

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ جب حضور ﷺ قومہ سے سجدہ میں جاتے تو ہاتھ گھٹنوں پر رکھ کر جاتے یا کھلے ہاتھ؟ ہمارے لئے بہتر طریقہ کون سا ہے کہ گھٹنوں پر ہاتھ رکھ کر جائیں یا کھلے ہاتھ؟ بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم ۱۹۷۳ء/ ۸/ ۲۳

الجواب: سجدہ سے اٹھنے کے وقت ران یا گھٹنوں پر اعتماد کرنا حدیث اور فقہ سے ثابت ہے ﴿۱﴾ لیکن سجدہ کو جاتے وقت اعتماد کرنا ثابت نہیں، لہٰذا بلا عذر اس کا نہ کرنا بہتر ہے۔ وھو الموفق

فرض کے بعد ذکر واذکار افضل ہیں یا سنت پڑھنے کے بعد؟

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ مغرب کی نماز کے بعد

(بقیہ حاشیہ)طولها اثنتا عشرة ذراعا ويويده ما ذكر الجزرى فى تصحيح المصابيح قد تتبعت الكتب وتطلبت من كتب السير والتواريخ لا قف على قدر عمامته ﷺ فلم اقف على شئ حتى اخبرنى من اثق به انه وقف على شئ من كلام الشيخ محى الدين النووى ذكر فيه انه عليه السلام كان له عمامة قصيرة وعمامة طويلة وان القصيرة كانت سبعة اذرع والطويلة اثنى عشر انتهى.
(منهاج السنن شرح جامع السنن ص۲۳۷ جلد ۱ باب مافى المسح على الجوربين والعمامة)

﴿۱﴾ قال العلامة الحصكفى: ويكره للنهوض على صدور قدميه بلا اعتماد وقعوده استراحة، قال ابن عابدين: (قوله بلا اعتماد) اى على الارض قال فى الكفاية اشار به الى خلاف الشافعى فى موضعين احدهما يعتمد بيديه على ركبتيه عندنا وعنده على الارض والثانى الجلسة الخفيفة قال شمس الائمة الحلوانى الخلاف فى الافضل حتى لو فعل كما هو مذهبنا لا بأس به عند الشافعى ولو فعل كما هو مذهبه لا بأس به عندنا كذا فى المحيط.
(الدرالمختار على هامش ردالمحتار ص۳۷۴ جلد ۱ باب آداب الصلاة)

تین چار دفعہ کلمہ شریف آیۃ الکرسی وغیرہ پڑھی پھر دعا مانگی اس کے بعد سنت ادا کی کیا یہ صحیح ہے یا فرض کے بعد فوراً سنت ادا کرنا ضروری ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: علی شاہ.....۱۹/ مارچ ۱۹۷۵ء

الجواب: سنت کے بعد افضل ہے ﴿۱﴾ البتہ فرض کے بعد متصل بھی جائز ہے۔ وھو الموفق

امام کیلئے ربنا لک الحمد پڑھنا اور نہ پڑھنا دونوں جائز ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ امام سمع اللہ لمن حمدہ کے بعد ربنا لک الحمد پڑھے گا یا نہیں؟ اگر پڑھ لے تو نماز میں فرق آتا ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: عزیز الحق پوسٹ بکس نمبر ۱۱۴۲۱ جدہ سعودی عرب ... ۱۹۸۵ء/۱۰/۳۱

الجواب: امام سمع اللہ لمن حمدہ کے بعد ربنا لک الحمد پڑھ سکتا ہے، ہمارے مذہب میں یہ مختلف فیہ مسئلہ ہے اس میں توسع ہے بہت سے فقہاء نے پڑھنے کو راجح قرار دیا ہے ﴿۲﴾ ۔ وھو الموفق

امام سے عمامہ باندھ کر نماز پڑھانے کا مطالبہ درست نہیں

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر ایک شخص لوگوں کے روبرو یہ بات کہے کہ پگڑی سر پر باندھنا سنت رسول ہے، اور جو علماء سر پر پگڑی نہیں باندھتے وہ لعنتی اور خبیث

﴿۱﴾ قال العلامہ حسن بن عمار الشرنبلالی: قال الکمال عن شمس الائمۃ الحلوانی انہ قال لابأس بقراءۃ الاوراد بین الفریضۃ والسنۃ فالاولیٰ تاخیر الاوراد عن السنۃ، فھذا ینفی الکراھۃ. (مراقی الفلاح شرح نور الایضاح ص ۱۱۲ فصل فی صفۃ الاذکار)

﴿۲﴾ قال العلامۃ ابن عابدین: (قولہ لغیرہ) ای لمؤتم ومنفرد لکن سیاتی ان المعتمد ان المنفرد یجمع بین التسمیع والتحمید وکذا الامام عندھما وھو روایۃ عن الامام جزم بھا الشرنبلالی فی مقدمتہ. (ردالمحتار ھامش الدرالمختار ص ۳۵۳ جلد ۱ باب صفۃ الصلاۃ)

ہیں اس کہنے والے کا کیا حکم ہے کیونکہ ہمارے معاشرے میں اکثر علماء سر پر پگڑی نہیں باندھتے بلکہ اکثر ٹوپی اور قراقلی پہنتے ہیں۔ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالرزاق پی او ایف واہ کینٹ......۱۹۹۱ء/۱/۹

الجواب: عمامہ پہننا سنت رسول ﴿۱﴾ اور سنت ملائکہ ہے ﴿۲﴾ اور اس کا پہننا ہر مسلمان کیلئے سنت زائدہ اور مستحب ہے ﴿۳﴾ علماء کرام یا ائمہ کرام کے ساتھ اس کا خاص کرنا غلطی ہے ﴿۴﴾ البتہ

﴿۱﴾ فی منهاج السنن: ان العمامة سنة ولها فضيلة مثل سائر السنن الزائدة واما روايات فضيلة الصلوٰة فيها خمساً وعشرين صلاة او سبعين صلاة وعشرة آلاف حسنة فباطلة وموضوعة صرح به القارى وغيره، وتمام هذه المسائل فى التحفة الاحوذى.

(منهاج السنن شرح جامع السنن ص ۲۱۲ جلد ۵ باب سدل العمامة بين الكتفين)

﴿۲﴾ قال العلامه حافظ ابن كثير: (قوله من الملائكة مسومين) قال معلمين وكان سيما الملائكة يوم بدر عمائم سود ويوم حنين عمائم حمر وروى من حديث حصين بن مخارق عن سعيد عن الحكم عن مقسم عن ابن عباس قال لم تقاتل الملائكة الا يوم بدر...... عن ابن عباس قال كان سيما الملائكة يوم بدر عمائم بيض قدارسلوها فى ظهورهم ويوم حنين عمائم حمر ......حدثنا هشام بن عروة عن يحيىٰ بن عباد ان الزبير رضى الله عنه كان عليه يوم بدر عمامة صفراء مقجرابها فنزلت الملائكة عليهم عمائم صفر.

(تفسير ابن كثير ص ۵۲۳ جلد ۱ سوره آل عمران آيت ۱۲۵)

﴿۳﴾ قال فى شرح الوقايه: السنة ما واظب النبى عليه السلام عليه مع الترک احيانا فان كانت المواظبة المذكورة على سبيل العبادة فسنن الهدىٰ وان كانت على سبيل العادة فسنن الزوائد كلبس الثياب والاكل باليمين وتقديم الرجل اليمنىٰ فى الدخول ونحو ذلک.

(شرح الوقايه ص ۶۹ جلد ۱ الولاء والتيامن فى الوضوء كتاب الطهارة)

﴿۴﴾ قال العلامه حسن بن عمار بن على: والمستحب ان يصلى فى ثلاثة اثواب ازار وقميص وعمامة وقال الزيلعى والافضل ان يصلى فى ثوبين لقوله عليه السلام اذا كان لاحدكم ثوبان فليصل فيهما يعنى مع العمامة لانه يكره مكشوف الرأس.

(امداد الفتاح شرح نور الايضاح ص ۲۲۹ باب شروط الصلوٰة واركانها)

کپڑے یا چمڑے کی ٹوپی پر کفایت کرنا بھی جائز ہے ﴿۱﴾ اور جو شخص عمامہ کو بالکلیہ ترک کردے یا استخفاف اور قلت مبالات کی وجہ سے ترک کردے یا تکاسل کی وجہ سے ترک کردے، تو وہ حدیث بیہقی **لعنتهم ولعنهم الله وکل نبی یجاب والتارک لسنتی** کی بناپر ملعون ہے ﴿۲﴾۔ **وهو الموفق**

نوٹ:...... ماحول اور معاشرہ کے تاثر سے سنت رسول ترک کرنا اضعف ایمان کی علامت ہے۔ فقط

﴿۱﴾ وقال فی منهاج السنن: فی الغرائب رجل صلی مع قلنسوة ولیس فوقها عمامة او شیٔ آخر یکره وما ذکره الفردوس الدیلمی عن جابر رکعتان بعمامة خیر من سبعین رکعة بلا عمامة، وبالجملة ان ترک العمامة ترک الاولیٰ نعم جاز ترک مالایکون مطلوباً شرعا عند مصلحة العوام.

(منهاج السنن شرح جامع السنن ص ۲۲۵ جلد ۲ باب ماجاء فی الصلوٰة فی الثوب الواحد)

﴿۲﴾ وقال فی منهاج السنن: ذکر العلی القاری ایضا والمجد الشیرازی وغیرهما من ارباب السیران النبی ﷺ کان یلبس القلانس تحت العمائم وبغیر العمائم ویلبس العمائم بغیر القلانس انتهیٰ، فان قیل قد روی الترمذی مرفوعا ان فرق ما بیننا وبین المشرکین العمائم علی القلانس قلنا قال الترمذی اسناده لیس بالقائم وقیل قصده ﷺ الانکار علی الاعتجار. (منهاج السنن شرح جامع السنن ص ۲۳۷ جلد ۱ باب ماجاء فی المسح علی الجوربین والعمامة)

قال العلامه عبد الحئی اللکهنوی: وقد ذکروا ان المستحب ان یصلی فی قمیص وازار وعمامة ولایکره الاکتفاء بالقلنسوة ولا عبرة لما اشتهر بین العوام من کراهته ذلک.

(عمدة الرعایه علی هامش شرح الوقایه ص ۱۹۸ جلد ۱ قبیل باب الوتر النوافل)

باب تسویۃ الصفوف

کیا اکیلا نابالغ بالغین کی صف میں کھڑا ہوگا؟

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ جب بالغین کی صف میں جگہ موجود ہوتو کیا نابالغ جب اکیلا ہو بالغین کی صف میں کھڑا ہو سکتا ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: کرک استاد بھرت بنوں ۱۹۷۵ء/۱۱/۲۰

الجواب: یہ نابالغ بالغین کی صف میں کھڑا ہو سکتا ہے، کما فی الدر المختار ﴿۱﴾. وھو الموفق

اگلی صف میں جگہ قبضہ کرنے اور مصحف کو پشت کرنے کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں (۱) کہ ایک شخص کیلئے مسجد کی صف اول میں رومال یا ٹوپی رکھ کر جگہ قبضہ کرنا کیسا ہے؟ (۲) اگلی صف میں نمازی بیٹھے ہیں زید پیچھے صف میں بیٹھ کر قرآن مجید میں تلاوت کرتا ہے جس کی وجہ سے لوگوں کی پشت قرآن مجید کی طرف ہوتی ہے کیا زید کا یہ طریقہ جائز ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالرحمٰن، حمید علی پارک اچھرہ لاہور ۱۹۸۷ء/۹/۸

الجواب: (۱) یہ ممنوع نہیں ہے البتہ کسی کو اپنے مقام سے اٹھانا مکروہ ہے ﴿۲﴾۔

﴿۱﴾ قال الحصکفی ثم الصبیان ظاهره تعددهم فلو واحدا دخل الصف. (الدر المختار علی هامش ردالمحتار ص ۴۲۲ جلد ۱ مطلب فی الکلام علی الصف الاول)

﴿۲﴾ قال العلامة ابن عابدین : (قوله ولیس له) قال فی القنیة له فی المسجد موضع معین یواظب علیه وقد شغله غیره قال الا وزاعی له ان یزعجه ولیس له ذلک عندنا، ای لان المسجد لیس ملکا لاحد بحر عن النهایة قلت (بقیه حاشیه اگلے صفحه پر)

(۲) قرآن مجید اور کتب دینیہ کی طرف پاؤں پھیلانا مکروہ ہے، پشت کرنا مکروہ نہیں ہے۔﴿۱﴾۔ وهو الموفق

سخت دھوپ کی وجہ سے صف اول چھوڑنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک مسجد میں ایک حصہ پر چھت اور جنوبی حصہ بغیر چھت کا ہے اب ایک بزرگ عالم دین لوگوں کو زبردستی دھوپ میں پہلی صف میں شمولیت پر مجبور کرتے ہیں کہ صف اول کی فضیلت زیادہ ہے جبکہ دھوپ بھی شدید ہے تو اس صورت میں مقتدی کیا کریں؟ بینوا توجروا

المستفتی: فضل حلیم بونیر ۸۷/۷/۲۹

الجواب: جب سخت دھوپ کی وجہ سے ترک جماعت جائز ہے﴿۲﴾ تو صف اول چھوڑنا بطریق اول جائز ہوگا، البتہ جب دھوپ قابل برداشت ہو تو صف اول کی فضیلت حاصل کرنا چاہئے، لان من ابتلى ببليتين فليختر اهونهما. فافهم

(بقيه حاشيه) وينبغي تقييده بما اذا لم يقم عنه على نية العود بلا مهلة كما لو قام للوضوء مثلا ولا سيما اذا وضع فيه ثوب لتحقق سبق يده تأمل.

(ردالمحتارهامش الدرالمختار ص ۴۹۰ جلد۱ قبيل باب الوتر والنوافل)

﴿۱﴾ وفي الهنديه: مد الرجلين الى جانب المصحف ان لم يكن بحذائه لا يكره وكذا لو كان المصحف معلقا في الوتدوهو قد مد الرجل الى ذلك الجانب لا يكره كذا في الغرائب.

(فتاوىٰ عالمگيريه ص ۳۲۲ جلد۵ الباب الخامس في آداب المسجد والقبلة والمصحف الخ)

﴿۲﴾ قال الحصكفي: ولا (يجب الجماعة) على من حال بينه وبينها مطر وطين وبرد شديد قال العلامةابن عابدين رحمه الله: (قوله وبرد شديد) لم يذكرا لحر الشديد ايضا ولم ارمن ذكره من علمائنا ولعل وجهه ان الحر الشديد انما يحصل غالبا في صلاة الظهر وقد كفينا مونته بسنية الابراد نعم قد يقال لو ترك الامام هذه السنة وصلى في اول الوقت كان الحر الشديد عذر تأمل.

(ردالمحتار ص ۴۱۱ جلد۱ باب الامامة)

قسم میں حانث ہونے والے کے ساتھ صف میں نماز پڑھنا جائز ہے

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک شخص نے بعداز نماز جمعہ مسجد میں حلف اٹھایا کہ فلاں کام کو کروں گا، اب وہ قسم کے خلاف کرے اور وہ کام نہ کرے، کیا اس کے ساتھ نماز باجماعت ایک صف میں جائز ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: زردار خان حویلیاں ہزارہ.....۱۹۷۲ء/۸/۱۴

الجواب: اہل سنت والجماعت کا یہ مسلک ہے کہ گناہ کی وجہ سے نیکی کو نقصان نہیں پہنچتا ﴿۱﴾ اور گناہ کی وجہ سے کسی کا نیک کام سے روکنا گناہ ہے، لہٰذا اس خلاف وعدہ ہونے والے آدمی کی نماز درست ہے اور اس کو مسجد آنے سے روکنا اور صف سے نکالنا بڑا گناہ ہے اس سے اجتناب ضروری ہے البتہ فساق کے ساتھ تعلقات قطع کرنا چاہئے تاکہ وہ واپس اور تائب ہو جائے۔ فقط

مسجد بھرنے پر سڑک کے پار صفوف بنانا

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ اگر مسجد نمازیوں سے بھر جائے اور مسجد کی

﴿۱﴾ قال الامام نعمان بن ثابت: نقول المسئلة مبينة مفصلة: من عمل حسنة بشرائطها خالية عن العيوب المفسدة والمعانى المبطلة ولم يبطلها حتى خرج من الدنيا فان الله تعالىٰ لا يضيعها بل يقبلها منه ويثيبه عليها وما كان من السيئات دون الشرك والكفر ولم يتب عنها حتى مات مؤمنا فانه فى مشيئة الله تعالىٰ ان شاء عذبه وان شاء عفاعنه ولم يعذبه بالنار ابداً، قال الملا على قارى فى شرحه: وفى اقتصار حكم الامام الاعظم رحمه الله على الرياء والعجب دون سائر الآثام اشعار بان باقى السيئات لا تبطل الحسنات بل قال الله تعالىٰ: ان الحسنات يذهبن السيئات وذلك للحديث القدسى سبقت رحمتى غضبى.
(شرح القارى على الفقه الاكبر ص۷۷، ۷۸ الطاعات بشروطها مقبولة الخ)

مشرقی جانب متصل چودہ فٹ سڑک ہے لوگ اس فاصلہ کو چھوڑ کر اس پار صفوف بناتے ہیں ان لوگوں کے اقتداء کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: مولوی محمد وزیر بٹگرام ہزارہ.....۲۳/صفر ۱۴۰۱ھ

الجواب: ان لوگوں پر ضروری ہے کہ اس فاصلہ کو پر کر کے نماز ادا کریں ورنہ ان کا اقتدا درست نہ ہوگا، لما فی الدر المختار علی ھامش ردالمحتار ص۵۴۷ جلد ا ویمنع من الاقتداء طریق تجری فیه عجلة او نھر..... لیسع صفین فاکثر الا اذا اتصلت الصفوف فیصح مطلقا ﴿۱﴾ ہاں عیدگاہ میں اگر فاصلہ رہ جائے تو نماز ادا ہو جاتی ہے، لمافی الھندیه ص۸۷ جلد ا ﴿۲﴾. وھو الموفق

صفوف میں شیوخ، نوجوانوں، بچوں اور عورتوں کی ترتیب

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ نماز میں صفوف بنانے میں پہلی صف میں بڑی عمر والے پھر نوجوان پھر بچے اور آخر میں عورتیں کھڑی ہوں گی، اس کا شرعی ثبوت کیا ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: ولی اللہ تبوک سعودی عرب.....۲۰/ ربیع الثانی ۱۴۰۲ھ

الجواب: یہ مسئلہ درست ہے حدیث شریف میں وارد ہے، لیلنی منکم اولوا الاحلام والنھیٰ ثم الذین یلونھم ثم الذین یلونھم (رواہ مسلم) ﴿۳﴾ پس اہل علم اور اہل

﴿۱﴾ (الدر المختار علی ھامش ردالمحتار ص۴۳۳ جلد ا باب الامامة مطلب الکافی للحاکم جمع کلام محمد فی کتبه التی ھی ظاھر الراویة)

﴿۲﴾ وفی الھندیه: وفی مصلی العید الفاصل لا یمنع الاقتداء وان کان یسع فیه الصفین او اکثر. (فتاویٰ ھندیه ص۸۷ جلد ا الفصل الرابع فی بیان ما یمنع صحة الاقتداء وما لایمنع)

﴿۳﴾ (مشکواة المصابیح ص۹۸ جلد ا باب تسویة الصف الفصل الاول)

عقل درجہ بدرجہ صفوف بنائیں گے، مثلاً اولاً مرد بالغ ثانیاً نابالغ وغیر ذلک ﴿۱﴾۔ وھو الموفق

پچھلی صف میں اکیلے کھڑے ہوکر آگے صف سے نمازی کا پیچھے صف میں لانا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ جب اگلی صف بھر جائے اور پیچھے ایک ہی نمازی آئے دوسرے کے آنے کی امید نہ ہوتو اس صورت میں آگے صف سے کسی نمازی کو کھینچ کر پیچھے لانا ضروری ہے یا نہیں۔ نیز اگر ایسا نہ کریں تو اکیلا کھڑا ہونا مکروہ تحریمی ہے یا تنزیہی؟ بینوا توجروا

المستفتی: اکرام الحق نشتر آباد راولپنڈی......۱۶/ذی الحجہ ۱۳۸۹ھ

الجواب: اس زمانے میں بہتر یہ ہے کہ تنہا کھڑا ہوا جائے، فلیراجع الی الشرح الکبیری ص ۷۱ ۳ ﴿۲﴾ وردالمحتار ص ۶۰۵ جلد ۱، ناقلا عن القنیہ، اور بعض فقہاء نے فرمایا ہے کہ اگر صف میں کوئی سمجھدار آدمی ہوتو اس کو کھینچے ورنہ تنہا کھڑا ہو جائے (ردالمحتار ص ۶۰۵ جلد ۱) ﴿۳﴾ اور اصل حکم کے متعلق تصریح نہیں ملی، لیکن بظاہر کراہت تنزیہی معلوم ہوتی ہے کیونکہ فرجہ کے موجود ہونے کے باوجود جب پیغمبر علیہ السلام نے اعادہ کا حکم نہیں دیا، تو فرجہ کے نہ ہونے کے وقت امر سہل ہوگا۔ فقط

﴿۱﴾ قال العلامة الحصكفي رحمه الله : الرجال ثم الصبيان ثم الخناثى ثم النساء .
(الدر المختار على هامش ردالمحتار ص ۴۲۲ جلد ۱ باب الامامة)

﴿۲﴾ قال العلامة الحلبي رحمه الله: والقيام وحده اولى في زماننا لغلبة الجهل على العوام فاذاجره يفسد صلوته انتهى. (الشرح الكبير ص ۳۴۹ فصل في بيان ما الذي يكره فعله في الصلاة)

﴿۳﴾ قال العلامة الحصكفي رحمه الله: وقد منا كراهة القيام في صف فيه فرجة بل يجذب احدامن الصف ذكره ابن الكمال لكن قالوا في زماننا تركه اولىٰ فلذا قال في البحر يكره وحده الا اذا لم يجد فرجة (قوله وقد منا) اى في باب الامامة عند قوله ويصف الرجال حيث قال ولو صلى على رفوف المسجدان وجد في صحنه مكانا كره كقيامه في صف خلف صف فيه فرجة، ولعله يشير بذلك الى انه لو لا العذر المذكور كان انفراد المأموم مكروها (قوله لكن قالوا) القائل صاحب القنية فانه.....

(بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

امام کے پیچھے صف پوری ہوکر دوسری صف میں اکیلا کھڑا ہونا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ پیش امام کے پیچھے ایک صف اگر پوری ہو جائے تو دوسری صف میں مقتدی اکیلا کھڑا ہو سکتا ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد سلیم صدیقی پوسٹ بکس نمبر ۶۳۰ مسقط عمان.....۱۹۷۴ء/۱۱/۵

الجواب: صف میں اکیلا کھڑا ہونا مکروہ ہے ﴿۱﴾ لیکن نماز درست ہوتی ہے، لحدیث زادک الله حرصاً ولا تعد ﴿۲﴾ ولم یامره بالاعادة ههنا ﴿۳﴾. فافهم. وهو الموفق

(بقیه حاشیه) عزا الی بعض الکتب اتی جماعة ولم یجد فی الصف فرجة قیل یقوم وحده ویعذر وقیل یجذب واحدا من الصف الی نفسه فیقف بجنبه والاصح ماروی هشام عن محمد انه ینتظر الی الرکوع فان جاء رجل والاجذب الیه رجلا او دخل فی الصف ثم قال فی القنیة والقیام وحده اولیٰ فی زماننا لغلبة الجهل علی العوام فاذا جره تفسد صلاته.
(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص۴۷۸ جلد ۱ باب من یفسد الصلاة ومایکره فیها)

﴿۱﴾ قال العلامه حصکفی: وقد منا کراهة القیام فی صف خلف صف فیه فرجة للنهی وکذا القیام منفرداً وان لم یجد فرجة بل یجذب احداً من الصف ذکره ابن الکمال لکن قالوا فی زماننا ترکه اولیٰ. (الدرالمختار علی هامش ردالمحتار ص۴۷۸ جلد ۱ باب مکروهات الصلاة)

﴿۲﴾ وعن ابی بکرة انه انتهیٰ الی النبی ﷺ وهو راکع فرکع قبل ان یصل الی الصف ثم مشی الی الصف فذکر ذلک للنبی ﷺ فقال زادک الله حرصا ولا تعد رواه البخاری.
(مشکواة المصابیح ص۹۹ جلد ۱ الفصل الاول باب الموقف)

﴿۳﴾ قال العلامه علی بن سلطان محمد: ذهب الجمهور الی ان الانفراد خلف الصف مکروه غیر مبطل وقال النخعی وحماد وابن ابی لیلی ووکیع واحمد مبطل والحدیث حجة علیهم فانه علیه السلام لم یأمره بالاعادة ولو کان الانفراد مفسداً لم تکن صلاته منعقدة لاقتران المفسد بتحریمتها.
(مرقاة المفاتیح شرح مشکواة ص۱۸۵ جلد۳ قبیل الفصل الثانی باب الموقف)

مسجد میں نماز ادا کرنے والے کے آگے مسجد سے باہر یا اندر گزرنے کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک شخص مسجد کے اندر یا صحن میں نماز ادا کر رہا ہے اور دوسرا شخص مسجد سے دور سامنے گزر گیا، کیا وہ گنہگار ہوگا؟ نیز مسجد اور غیر مسجد کا کوئی فرق ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: حبیب اللہ.....۳۰/۳/۷۴

الجواب:: محقق ابن الہمام نے اس کو مختار کیا ہے کہ مسجد اور غیر مسجد میں فرق نہیں ہے یعنی مسجد میں بھی کچھ دور (ای مالایقع علیه بصر المصلی الخاشع) گزرنا جائز ہے (کمافی فتح القدیر ص ۲۸۸ جلد ۱) ﴿۱﴾. وهو الموفق

صف اول میں سنتیں شروع کر کے جماعت کھڑی ہو جائے تو یہ شخص کیا کرے گا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک آدمی صف اول میں سنتیں پڑھنا شروع کرے اور کچھ دیر بعد جماعت کھڑی ہو جائے، اب جبکہ صف ایک ہی ہے اب یہ شخص اس صف میں سنتیں پورا کر کے جماعت کے ساتھ شامل ہو جائے یا سنتیں ترک کر کے پیچھے ہٹ کے سنت پڑھ کر پھر فرض جماعت میں شریک ہو جائے؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالغنی.....۳/ جون ۱۹۷۵ء

﴿۱﴾ قال العلامة ابن الهمام : وفی النهایة الاصح انه ان کان بحال لو صلی صلاة الخاشعین نحو ان یکون بصره فی قیامه فی موضع سجوده وفی موضع قدمیه فی رکوعه والی ارنبة انفه فی سجوده فی حجره فی قعوده والی منکبه فی سلامه لا یقع بصره علی المار لا یکره ومختار السرخسی مافی الهدایه وما صحح فی النهایة مختار فخر الاسلام رجحه فی النهایة. (فتح القدیر ص ۳۵۴ جلد ۱ باب ما یفسد الصلاة ومایکره فیها)

الجواب: سنت پڑھ کر امام کے ساتھ شریک ہو جائے (ردالمحتار)﴿۱﴾۔ وهو الموفق

صفوں میں ٹخنوں اور کندھوں کو ملانے سے مراد محاذات ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ نماز میں ٹخنے اور کندھے ملا کر کھڑا ہونا چاہئے یا بغیر کندھے ملائے ہوئے کھڑا ہونا چاہئے؟ حالانکہ ان دونوں کو بیک وقت ملانا مشکل ہے۔ بینوا توجروا

المستفتی: غلام حیدر چارسدہ

الجواب: صفوف کو سیدھا رکھنا مطلوب ہے اور جن روایات میں کعب کو کعب سے، منکب کو منکب سے اور رکبۃ کو رکبۃ سے ملانے کا حکم وارد ہے اس سے مراد محاذات ہے نہ کہ معنی حقیقی مراد ہے، لانها متعذر فی آنٍ واحد، فافهم ﴿۲﴾ وفی البحر ص ۳۵۳ جلد ۱ وینبغی للقوم اذا قاموا الی الصلوٰة ان يتراصوا ويسدوا الخلل ويسووا بين مناكبهم فی الصفوف ﴿۳﴾۔ وهو الموفق

﴿۱﴾ قال العلامة ابن عابدين رحمه الله: قال فی شرح المنية والا وجه ان يتمها لانها ان كانت صلاة واحدة فظاهر الخ. (ردالمحتار هامش الدرالمختار ص۵۲۸ جلد ۱ قبيل مطلب فی كراهة الخروج من المسجد بعد الاذان باب ادراک الفريضة)

﴿۲﴾ وفی المنهاج: واما الزاق المنكب بالمنكب والركبة بالركبة والكعب بالكعب فالمراد منه المحاذاة دون المعنى الظاهر بدليل ماروا ه ابوداؤد وحاذوا بين المناكب وحاذوا بالاعناق...... واما ما يفعله اهل الظاهر من حمل الا لزاق على الحقيقة فلا سلف لهم فيه على ان الزاق الكعب بالكعب والركبة بالركبة والمنكب بالمنكب حقيقة فی وقت واحد عسير جداً بل محال.

(منهاج السنن شرح جامع السنن ص۱۰۳ جلد۲ باب ماجاء فی اقامة الصفوف)

﴿۳﴾ (البحر الرائق ص۳۵۳ جلد ۱ باب الامامة)

بلاضرورت صفوف کو چھوڑ کر امام سے دور کھڑا ہونا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک شخص مسجد میں آ کر امام کی اقتدا میں نیت باندھ لیتا ہے اور صف کو چھوڑ کر اکیلا کھڑا ہوتا ہے، ایسے شخص کی نماز کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالرحیم پشاور شہر

الجواب: اگر یہ شخص صفوں کو چھوڑ کر اکیلا امام کی اقتدا کرتا ہے تو اس کی نماز جائز خلاف اولیٰ ہے، کما فی الهندیه ص ۸۸ جلد ۱ ولو اقتدیٰ بالامام فی اقصی المسجد والامام فی المحراب فانه یجوز كذا فی شرح الطحاوی وان قام علی سطح داره المتصل بالمسجد لا يصح اقتداءه ﴿۱﴾. وهو الموفق

﴿۱﴾ (فتاویٰ عالمگیریه ص ۸۸ جلد ۱ الفصل الرابع فی بیان مایمنع صحة الاقتداء وما لا یمنع)

باب الامامة
فصل فی الجماعة

تارک الجماعة فاسق ومنافق ہے

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ مسجد میں روزانہ اذان دی جاتی ہواور گاؤں کے لوگ اذان سن کرحاضر نہ ہوتے ہوں اوراذان کے مطالب ومقصد سے بھی واقف ہوایسے لوگوں کیلئے شرعی حکم کیا ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد نذیر عباسی ساکن ڈھیرآزادکشمیر ۲۰/محرم ۱۳۹۲ھ

الجواب: تارک الجماعة فاسق ﴿۱﴾ اورمنافق ہے ﴿۲﴾۔ وھو الموفق

﴿۱﴾ قال العلامه ابن نجیم: وذکر فی غایة البیان معزیا الی الاجناس ان تارک الجماعة یستوجب اساءة ولا تقبل شهادته اذا ترکها استخفافا بذلک ومجانة اما اذا ترکها سهوا او ترکها بتاویل بان یکون الامام من اهل الاهواء او مخالفا لمذهب المقتدی لا یراعی مذهبه فلا یستوجب الاساءة وتقبل شهادته.

(البحر الرائق ص ٣٤٥ جلد ١ باب الامامة)

﴿۲﴾ عن عبد الله بن مسعود قال لقد رائیتنا وما یتخلف عن الصلاة الا منافق قد علم نفاقه او مریض ان کان المریض لیمشی بین رجلین حتی یأتی الصلاة وقال ان رسول الله ﷺ علمنا سنن الهدیٰ وان من سنن الهدیٰ الصلاة فی المسجد الذی یوذن فیه.

(مشکواة المصابیح ص ٩٦ جلد ١ باب الجماعة الفصل الثالث)

کسی فاسق وفاجر کو نماز باجماعت سے منع نہیں کیا جائے گا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک شخص نے اپنی بیوی کو بدعی طلاق یعنی طلاق ثلاثہ دی ہیں جس کے متعلق تمام علماء کرام علاقہ کشمیر نے زوج سے زوجہ کی علیحدگی کا حکم صادر کر دیا، لیکن وہ دونوں پشاور چلے گئے اور وہاں مقیم ہو کر اکٹھے رہتے ہیں اور زنا میں مبتلا ہیں ان سب باتوں کا اس شخص کے والد نے بھی اقرار کیا ہے اور نماز ظہر کے بعد امام کے پوچھنے پر کہا کہ میں ان کے ساتھ غمی شادی میں شریک ہوں اور تعلق رکھتا ہوں اور ان کے ہاں آنا جانا ہوتا ہے تو امام مسجد نے نماز کا اعادہ کیا اور اس کے والد کو کہا کہ جب تک آپ نے اپنے بیٹے سے تعلق نہیں چھوڑا ہو مسجد باجماعت کو حاضری مت کرو، اس شخص نے دوسری مسجد جا کر نماز پڑھنی شروع کی، اس دوسری مسجد کے امام نے کہا کہ آپ کی نماز جائز ہے آپ صرف والد ہونے کے ناطے کافر نہیں بن گئے ہیں اب اس مسئلہ کی حقیقت کیا ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: صاحب حق کانگڑہ شبقدر فورٹ پشاور......۲۰/ جمادی الثانی ۱۳۸۹ھ

الجواب: اس طلاق دینے والے کے والد کو نماز باجماعت یا مسجد سے منع کرنا حرام ہے اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں، ومن اظلم ممن منع مساجد الله ان یذکر فیها اسمه ﴿۱﴾ وقال ارء یت الذی ینهیٰ عبداً اذا صلیٰ ﴿۲﴾ وایضاً ما منع النبی ﷺ الثلثة الذین خلفوا عن المسجد والجماعة ﴿۳﴾، نیز اس کام کا اعادہ سراسر لاعلمی کا مظاہرہ ہے اور ایسی تعزیر کا پورا کرنا مشکل ہی مشکل ہے کیونکہ فسق وفجور صرف زنا نہیں ہے جوا، شراب پینا، سود کرنا، داڑھی حلق کرنا، نماز باقاعدہ

﴿۱﴾ (سورة البقرة پارہ: ۱ آیت: ۱۱۴ رکوع: ۱۴)

﴿۲﴾ (سورة العلق پارہ: ۳۰ آیت: ۹، ۱۰ رکوع: ۲۱)

﴿۳﴾ (الصحیح البخاری ص ۶۳۵ جلد ۲ باب حدیث کعب بن مالک کتاب المغازی)

نہ پڑھنا یہ تمام کے تمام موجب فسق ہیں تو ان کو مسجد سے اور جماعت سے کیوں منع نہیں کرتے ہیں، مختصر یہ کہ دوسرا امام حق بہ جانب ہے اور اس شخص پر (والد) نیز تمام مسلمانوں پر ضروری ہے کہ اس زانی سے تعلقات قطع کریں ﴿۱﴾۔ وهو الموفق

حدیث: من ام قوما وهم له كارهون اور صلوا خلف كل بر وفاجر میں تطبیق

سوال: ما يقول العلماء الراسخون في هذه المسئلة ان الامام اذا صار فاسقا بعد ما تقلدوه عادلاً هل يستحق العزل، وهل يجوز لاهل الحل والعقد من اهل المحلة ان يعزلوه استدلالا بقوله عليه السلام لا يقبل صلوٰة من ام قوما وهم له كارهون؟ وبعضهم يقولون يجوز الصلوٰة خلفه ولا يستحق العزل استدلالا بقوله عليه السلام صلوا خلف كل بر وفاجر ،فما التطبيق بين الحديثين؟ بينوا توجروا

المستفتی: سید حبیب شاہ معرفت شیخ الحدیث مولانا محمد احمد صاحب شیر گڑھ.....۱۹۷۳ء/۳/۱۹

الجواب: اعلم ان الصلوٰة جائزة خلف الفاسق لقوله عليه السلام صلوا خلف كل بر وفاجر (الحديث) ﴿۲﴾ لكنها مكروهة تحريماً كما في منحة الخالق على

﴿۱﴾ قال القارى على بن سلطان محمد: رخص للمسلم ان يغضب على اخيه ثلاث ليال لقلته ولا يجوز فوقها الا اذا كان الهجر ان في حق من حقوق الله تعالىٰ فيجوز فوق ذلك..... واجمع العلماء على ان من خاف من مكالمة احد وصلته ما يفسد عليه دينه او يدخل مضرة في دنياه يجوز له مجانبته وبعده ورب صرم جميل خير من مخالطة تؤذيه..... فان هجرة اهل الاهواء والبدع واجبة على مر الاوقات ما لم يظهر منه التوبة والرجوع الى الحق، فانه ﷺ لما خاف على كعب بن مالك واصحابه النفاق حين تخلفوا عن غزوة تبوك امر بهجر انهم خمسين يوماً. (مرقاة المفاتيح شرح مشكواة ص ۷۵۹ جلد۸ باب ماينهى عنه من التهاجر والتقاطع واتباع العورات)

﴿۲﴾ (اخرجه البيهقى كتاب الجنائز باب الصلوٰة على من قتل نفسه غير مستحل لقتلها (ص ۱۹ جلد۴) والدار القطنى باب صفة من تجوز الصلاة .....(بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

هامش البحر ص ۳۴۹ جلد ا ، قال الرملی ذکر الحلبی فی شرح منیة المصلی ان کراهة تقدیم الفاسق والمبتدع کراهة التحریم انتهیٰ﴿۱﴾ قلت وهذا عند وجود غیر الفاسق لما فی البحر ص ۳۴۹ جلد ا وینبغی ان یکون محل کراهة الاقتداء بهم عند وجود غیرهم والا فلا کراهة کما لا یخفیٰ﴿۲﴾ وجاز عزله عند عدم الفتنة کما یدل علیه ما فی ردالمحتار ص ۵۰۲ جلد ا واذا قلد عدلا ثم جار وفسق لا ینعزل ولکن یستحب العزل ان لم یستلزم فتنة انتهیٰ﴿۳﴾ قلت وجه الدلالة واضحة لان امام الحی ادون حالا من الامام الکبیر وقلت ایضا هذا عند تحقق الامام الغیر الفاسق والافلا ضیر فیه فافهم. وهو الموفق

کن صورتوں میں ترک جماعت جائز ہے؟

سوال: کیا فرماتے ہیں علماءدین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ذیل میں مندرج صورتوں میں انسان مسجد جا کر نماز باجماعت پڑھے یا گھر میں رہ کر انفراداً ادا کرے؟ (۱) زوجہ کو خاوند کی غیر موجودگی میں ضرر پہنچنے کا غالب گمان ہے۔ (۲) زوجہ کو خاوند کی عدم موجودگی میں ایذاء پہنچنے کا شک وتردد ہے۔ (۳) زوجہ کو خاوند کی عدم موجودگی میں محض طبیعت کی خرابی کا اندیشہ ہے۔ (۴) کسی سے وعدہ پورا کرنے کا وقت ہے۔

(بقیہ حاشیہ) معه والصلاة علیه ص۵۷ جلد۲ وبنحوه اخرجه الطبرانی فی الکبیر رقم: ۱۳۶۲۲ (حاشیه امداد الفتاح ص ۳۴۴ بیان من تکره امامتهم) وعن ابی هریرة قال قال رسول اللهﷺ الجهاد واجب علیکم مع کل امیر برا کان اوفاجرا وان عمل الکبائر والصلاة واجبة علیکم خلف کل مسلم برا کان او فاجرا وان عمل الکبائر...... رواه ابوداؤد. (مشکواة المصابیح ص ۱۰۰ جلد ا باب الامامة)

﴿۱﴾ (منحة الخالق علی هامش البحر الرائق ص ۳۴۹ جلد ا باب الامامة)

﴿۲﴾ (البحر الرائق ص ۳۴۹ جلد ا باب الامامة)

﴿۳﴾ (ردالمحتار هامش الدر المختار ص ۴۰۵ جلد ا باب الامامة)

(۵) سخت معذور ہے مسجد میں ستر وغیرہ ظاہر ہوتا ہے، تفصیلی جواب سے نواز کر ممنون بناویں۔ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالحمید ایس وی درازندہ ڈیرہ اسماعیل خان.....۱۹۷۲ء/۲/۲۵

الجواب: اول اور آخری صورت میں ترک جماعت جائز ہے ﴿۱﴾۔ فقط

صحت اقتدا کیلئے امام کی رضامندی شرط نہیں

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر کوئی امام اپنے مقتدیوں سے تنخواہ کا مطالبہ کرے اور کہہ دے کہ جو شخص تنخواہ دینے سے انکاری ہے وہ میرے پیچھے نماز نہ پڑھے، شریعت کی رو سے اس بارے میں کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: غنی الرحمٰن ارمڑ پایاں نوشہرہ

الجواب: امامت کے عوض اجرت (تنخواہ) دینا اور لینا جائز ہے ﴿۲﴾ البتہ کسی امام کے پیچھے اقتدا کی صحت کیلئے اس امام کی رضامندی شرط نہیں ہے ﴿۳﴾۔ وھو الموفق

انفراداً نماز عصر پڑھی تو جماعت سے دوبارہ نہیں پڑھی جائے گی

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک شخص انفراداً عصر کی نماز ادا

﴿۱﴾ قال العلامة الحصكفي رحمه الله: ولا على من حال بينه وبينها مطر وطين وبرد شديد وظلمة كذلك وريح ليلا لا نهارا وخوف على ماله او من غريم او ظالم او مدافعة احد الاخبثين، قال ابن عابدين (قوله او ظالم) يخافه على نفسه او ماله.

(الدرالمختار مع ردالمحتار ص ۴۱۴ جلد ۱ باب الامامة)

﴿۲﴾ قال العلامة الحصكفي: ويفتى اليوم بصحتها لتعليم القرآن والفقة والامامة والاذان.

(الدرالمختار على هامش ردالمحتار ص ۳۸ جلد ۵ باب الاجارة الفاسدة)

﴿۳﴾ قال الحصكفي: والامام ينوى صلاته فقط ولا يشترط لصحة الاقتداء نية امامة المقتدى بل لنيل الثواب عند اقتداء احدبه قبله كما بحثه في الاشباه.

(الدرالمختار على هامش ردالمحتار ص ۳۱۲ جلد ۱ مبحث النية باب شروط الصلاة)

کرتا ہے جبکہ اس کو جماعت کے ہونے یا نہ ہونے کی متعلق کچھ معلوم نہیں ہے، اب یہ شخص ایک جماعت پر جو عصر پڑھ رہے ہیں گزرتا ہے تو یہ شخص یہ نماز ان کے ساتھ دوبارہ پڑھ سکتا ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: سعد اللہ خان فیروز سنز لیبارٹریز نوشہرہ.....۲۳/ربیع الثانی ۱۴۰۳ھ

الجواب: جو شخص نماز عصر ایک بار پڑھے خواہ انفراداً ہو یا اجتماعاً وہ دوبارہ نماز عصر نہیں پڑھ سکتا ﴿۱﴾ (شامی)۔ وھو الموفق

مسجد حرام اور مسجد نبوی میں حنفی کا شوافع کے پیچھے اقتدا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہم لوگ اپنے گاؤں میں ایک نئی بات کا شکار ہو رہے ہیں یہاں ایک بزرگ فرماتے ہیں کہ ہمارے یعنی حنفی المسلک مسلمانوں کی نماز بیت اللہ شریف اور حرم نبوی ﷺ میں اس امام کے پیچھے جو شافعی المسلک ہو نہیں ہوتی، جبکہ ہم تمام نے ان کے پیچھے نمازیں ادا کی ہیں، فتویٰ کا طالب ہوں سند کے ساتھ جلدی ارسال فرمائیں۔ بینوا توجروا

المستفتی: الحاج حافظ محمد اسماعیل.....۱۹۷۳ء/۲/۱۵

الجواب: اگر امام (جو مخالف فی الفروع ہو) سے مفسد صلوٰۃ متحقق نہ ہوا ہو تو اس کے پیچھے اقتدا مکروہ نہیں ہے، یدل علیہ ما فی ردالمحتار ص ۵۲۶ جلد ۱ وفی حاشیۃ الاشباہ للخیر الرملی الذی یمیل الیہ خاطری القول بعدم الکراھۃ اذا لم یتحقق منہ مفسد انتھیٰ﴿۲﴾ یقول العبد الضعیف ان قول الرملی یؤیدہ ما تعاملہ السلف لا نھم اقتدوا

﴿۱﴾ قال الحصکفی: وان صلی ثلاثا منھا ای الرباعیۃ اتم منفرداً ثم اقتدیٰ بالامام متنفلاً ویدرک بذلک فضیلۃ الجماعۃ حاوی الا فی العصر فلا یقتدی لکراھۃ النفل بعدہ. (الدرالمختار علی ھامش ردالمحتار ص۵۲۷ جلد ۱ باب ادراک الفریضۃ)

﴿۲﴾ (ردالمحتار ص ۴۱۶ جلد ۱ مطلب فی الاقتداء بشافعی ونحوہ ھل یکرہ ام لا، باب الامامۃ)

بعضهم ببعض مع الاختلاف فی الفروع ﴿۱﴾. وهو الموفق

خطرہ ملازمت کی وجہ سے حنفیت چھوڑ کر دوسرے مذاہب کے طریقے پر نماز پڑھانا

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک امام حنفی المسلک بوجہ ملازمت اپنے حنفی نماز کا طریقہ چھوڑ کر دوسرے مذاہب کے طریقہ پر نماز پڑھائیں حتی کہ وتر کو دو سلام سے ادا کرے، کیا کسی حنفی کیلئے اس طریقہ سے امامت کرانا جائز ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: جہان نثار بشام سوات......۱۹۹۰ء/۸/۵

الجواب: اگر یہ امام مضطر نہ ہو تو اس کیلئے یہ ضمیر فروشی جائز نہیں ہے ﴿۲﴾ ورنہ اضطرار کی صورت میں اس سے شدید منکرات بھی مرخص ہو جاتے ہیں ﴿۳﴾۔ وهو الموفق

شر وفتنہ سے بچنے کیلئے جماعت ثانیہ اهون البلیتین ہے

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ (۱) ہماری مسجد کا جو امام گزر چکا ہے وہ موجودہ امام کا استاد تھا، اور ابھی وہ استاد اس سے ناراض ہے (۲) امام مسجد مولوی یوسف قریشی کا بھی

﴿۱﴾ قال العلامه ابراهيم الحلبی: ولهذا ذكر فی المحيط انه لو صلی خلف فاسق او مبتدع احرز ثواب الجماعة لكن لا يحرز ثواب المصلی خلف تقی كيف وقد صلی الصحابة والتابعون خلف الحجاج وفسقه ما لا يخفی...... وعليه يحمل عمل الصحابة والتابعين فی الاقتداء بالحجاج. (غنية المستملی شرح منية المصلی ص ۴۷۵ فصل فی الامامة)

﴿۲﴾ فی الهنديه: حنفی ارتحل الی مذهب الشافعی رحمه الله تعالیٰ يعزر كذا فی جواهر الاخلاطی، قال الصحيح قوله ارتحل الی مذهب الشافعی يعزر ای اذا كان ارتحاله لالغرض محمود شرعا . (فتاویٰ عالمگيريه ص ۱۶۹ جلد ۲ فصل فی التعزير)

﴿۳﴾ قال الله تعالیٰ: انما حرم عليكم الميتة والدم ولحم الخنزير وما اهل به لغير الله فمن اضطر غير باغ ولا عاد فلا اثم عليه ان الله غفور رحيم .

(سورة البقرة آيت:۱۷۳ پاره: ۲ ركوع:۵)

شاگرد ہے وہ بھی اس سے ناراض ہے۔(۳) اس امام سے تمام محلے والے بھی ناراض ہیں، کیا اس کا اقتدا جائز ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: گل جنان ولد حاکم خان......۲۸/جنوری ۱۹۷۵ء

الجواب: کون سی وجوہات کی بنا پر اس مذکور امام سے یہ لوگ ناراض ہے؟ ان کی وضاحت سے قبل ہم جواب دینے سے معذور ہیں۔ وهو الموفق

دوبارہ استفسار کا جواب

سوال: تفصیل اور وجوہات درجہ ذیل ہیں کہ ہمارے محلے میں تین بھائیوں کی اولاد ہیں دو بھائیوں کی اولاد کہتی ہے کہ مسجد کیلئے متفقہ طور پر امام رکھا جائے لیکن تیسرے بھائی کی اولاد کہتی ہے کہ موجودہ امام کو اسی طرح رکھنا ہوگا، لیکن اکثریت اس پر متفق ہے کہ موجودہ امام کو امامت سے ہٹایا جائے اور اس دوسرے کو متفقہ طور پر مقرر کیا جائے، اور یہ دوسرا امام اسی گاؤں کا ہے اور ہمیشہ چچا زاد بھائیوں سے زمین وغیرہ پر لڑتا ہے لیکن موجودہ امام اپنی امامت سے نہیں ہٹتا اور کہتا ہے کہ جس طرح بھی ہو میں امامت کروں گا اسی وجہ سے ایک مسجد میں دو امام ایک ہی وقت میں نماز ادا کرتے ہیں کیا یہ جائز ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: گل جنان ضلع بنوں......۲۴/فروری ۱۹۷۵ء

الجواب: محترم بلاوجہ امام کو معزول کرنا جائز نہیں ہے، نیز بیک وقت دو جماعت منعقد کرنا مکروہ ہے﴿۱﴾ البتہ بنسبت خانہ جنگی اور شر وفتنہ کے اهون البليتين ہے﴿۲﴾ پس تکرار و تعدد خیر ست لیکن

﴿۱﴾ قال العلامہ حصكفي: ويكره تكرار الجماعة باذان واقامة في مسجد محلة لا في مسجد طريق او مسجد لا امام له ولا مؤذن. (الدر المختار على هامش ردالمحتار ص ۴۰۸ جلد ۱ مطلب في تكرار الجماعة في المسجد)

﴿۲﴾ قال العلامه عبد القادر الرافعي: (قوله الا لفتنة) اى الا اذا خيف حصول فتنة من عزله بسبب فسقه فلا يسعى في عزله لان ضرر الفتنة فوق ضرر خلعه.
(تقريرات الرافعي حاشيه ابن عابدين ص ۶۹ جلد ۷ باب الامامة)

تلوار وتعصب ثراست۔وھو الموفق

سٹیٹ بینک میں امامت کرنا

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ سٹیٹ بینک میں ملازمت یاامامت کرنادرست ہے یانہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: سراج الاسلام جامع مسجد کوچی بازار محمد علی جوہر روڈ پشاور.....۳/صفر۱۴۰۴ھ

الجواب: بینک کی ملازمت تعاون علی المعصیۃ ہے جوکہ ممنوع ہے﴿۱﴾اور یہ امامت بذات خود جائز ہے البتہ سودی منافع کا کسی امام یاملازم کوبطور عوض دیناجائز نہیں ہے﴿۲﴾۔وھو الموفق

ننگے سر امامت کرنے کا حکم

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ کیاامام ننگے سر امامت کرسکتا ہے؟

﴿۱﴾ عن جابر قال لعن رسول اللهﷺ اکل الربوا و موکله و کاتبه و شاهدیه وقال هم سواء رواه مسلم. (مشکواة المصابیح ص ۲۴۴ جلد ۱ الفصل الاول باب الربوا)

﴿۲﴾ وفی المنهاج: ان التصدق من الحرام کفران کان علی رجاء الثواب لان فیه استحلال المعصیة وهو کفر اذا ثبت کونها معصیة بدلیل قطعی سواء کان حراماً لعینه او لغیره وهو الراجح فالاصل فیه ان یرد الی المالک او ورثته فان لم یمکن الرد فسبیله التصدق علی الفقراء کما فی الهدایة وغیرها ولکن لا علی وجه رجاء الثواب من هذا المال نفسه بل ینوی فراغ الذمة او ایصال الثواب الی المالک فیثیبه الله تعالیٰ بامتثال امر الشریعة کما صرح به ابن القیم وفی شرح الاشباه انه جاز اخذ الحرام کالربا للفقیر، ویدل علی جواز التصدق علی الفقراء وعلی جواز اخذهم حدیث عاصم بن کلیب اخرجه ابوداؤد فی سننه فی باب اجتناب الشبهات من کتاب البیوع من حدیث اجابة النبیﷺ داعی امرأة وفی آخره اطعمیه الاساریٰ.

(منهاج السنن شرح جامع السنن ص ۳۴ جلد ۱ مبحث التصدق من الحرام)

حالانکہ امام کے پاس کپڑا بھی موجود ہوتا ہے لیکن اسے اتار کر کہتا ہے کہ یہ بھی سنت رسول ہے کیا ننگے سر نماز پڑھانا جائز ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی :صوفی گل رحمٰن پیپلز کالونی فیصل آباد......۷/ رمضان ۱۴۰۳ھ

الجواب: احرام کی حالت میں اور تواضع کی صورت میں ننگے سر نماز پڑھنا جائز ہے البتہ تواضع اور تصنع میں فرق ضروری ہے اور نئی تہذیب والوں کیلئے احتجاج کا محل بننا فتنہ عظیم ہے ﴿۱﴾۔وھو الموفق

مستورات کیلئے برائے نماز مسجد میں حاضر ہونا درست نہیں

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ (۱) کیا عورتیں اور مرد (غیر محرم) مسجد میں نماز باجماعت پڑھ سکتے ہیں جبکہ مسجد میں پردے کا انتظام نہ ہو، اور ایک دوسرے کو بخوبی دیکھ سکتے ہوں جبکہ ہم نے بار بار انہیں کہا ہے کہ عورتیں گھروں میں نماز پڑھ لیا کریں کیونکہ مکہ مکرمہ میں بھی ایسا ہوتا ہے مسئلہ کی وضاحت کریں؟ (۲) ان عورتوں میں کئی عورتیں نیم برہنہ بھی مسجد میں آتی ہیں اور مسجد کے احاطہ میں ایک کمرہ ہے جس میں پوشاک تبدیل کر کے نماز پڑھتی ہیں یہ پوشاک بھی وہ ہوتی ہے جس کو پاکستان میں ہم بنام ٹیڈی کپڑے گردانتے ہیں کیا ان کی اس میں نماز ہوتی ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی :محمد اسحاق ہانگ کانگ.....۱۹۷۴ء/۲/۱۱

الجواب: محترم المقام دامت برکاتکم !السلام علیکم کے بعد واضح رہے (۱) کہ جب مرد اور عورت ایک امام کے پیچھے اقتدا کریں تو محاذات کی صورت میں مرد کی نماز فاسد ہو جائے گی محاذات سے

﴿۱﴾قال العلامة الحصکفی: وصلاته حاسرا ای کاشفا رأسه للتکاسل ولابأس به للتذلل اما للاهانة بها فکفر فی ردالمحتار قال فیه اشارة الی ان الاولیٰ ان لا یفعله وان یتذلل ویخشع بقلبه فانهما من افعال القلب. (الدر المختار علی هامش ردالمحتار ص ۴۷۴ جلد ۱ مطلب فی الخشوع باب مایفسد الصلاة ومایکره فیها)

مراد یہ ہے کہ عورت دائیں یا بائیں طرف مرد کے ساتھ بلا حائل قریب کھڑی ہو یا مرد سے آگے سامنے کھڑی ہو اگر چہ مرد بعید ہو﴿۱﴾ حرم شریف میں محاذات سے حفاظت کا بڑا اہتمام کیا جاتا ہے لیکن عوام کی بدنظمی سے منتظمین عاجز ہو جاتے ہیں۔(۲) عورت کیلئے نیم برہنہ ہونا حرام ہے لیکن ستر عورت کے وقت اگر چہ ٹیڈی لباس ہو نماز درست ہے﴿۲﴾۔وھو الموفق

بغیر عمامہ اور بغیر ٹوپی کے نماز پڑھانا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ سعودی عرب میں اکثر ائمہ بغیر عمامہ یا ٹوپی کے کھڑے ہوکر نماز پڑھاتے ہیں اور ہمیں مجبوراً ان کے پیچھے نماز پڑھنی پڑتی ہے کیا ان لوگوں کے پیچھے نماز ہوتی ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد اسماعیل وزارۃ الدفاع والطیر ان ریاض سعودیہ......۱۹۸۸ء/۴/ ۱۸

الجواب: بغیر عمامہ یا بغیر ٹوپی کے نماز پڑھنا یا پڑھانا خلاف سنت ہے﴿۳﴾ لیکن ایسی نماز کا

﴿۱﴾ قال ابن عابدین: وقد صرحوا بان المرأة الواحدة تفسد صلاة ثلاثة اذا وقفت فی الصف من عن یمینها ومن عن یسارها ومن خلفها فالتفسیر الصحیح للمحاذاة ما فی المجتبیٰ المحاذاة المفسدة ان تقوم بجنب الرجل من غیر حائل او قدامه واجاب فی النهر بان المرأة انما تفسد صلاة من خلفها اذا کان محاذیالها.

(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۴۲۳ جلد ۱ باب الامامة)

﴿۲﴾ وفی فتاویٰ الهندیه: بدن الحرة عورة الا وجهها وکفیها وقدمیها کذا فی المتون.
(فتاویٰ عالمگیریه ص ۵۸ جلد ۱ الفصل الاول فی الطهارة وستر العورة)

﴿۳﴾ فی منهاج السنن: اعلم انه تستحب الصلوٰة فی ثلاثة اثواب الرداء والازار والعمامة او القمیص والسراویل والعمامة صرح به فی البحر وغیره، ولا تکره فی ثوب واحد اذا اشتمل به جمیع بدنه کازار المیت کما صرح به فی الشرح الکبیر، ولعل مراده نفی کراهة التحریم فلایرد ما ذکر فی الغرائب رجل صلی مع قلنسوة ولیس فوقها عمامة او شئ آخر یکره وماذکره الفردوس الدیلمی عن جابر رکعتان بعمامة .. (بقیه حاشیه اگلے صفحه پر)

اعادہ کرنا مطلوب شرعی نہیں ہے نیز داڑھی منڈے کے پیچھے نماز مکروہ تحریمی ہے لیکن واجب الاعادہ نہیں ہے، لان السلف الصالحین قد صلوا خلف ائمة الجور ولم تروعنهم الاعادة ﴿۱﴾ ولان الاقتداء خلف الفاسق اولیٰ من الانفراد ولان هذه الکراهة لامر خارج عن ماهیة الصلوٰة ﴿۲﴾ فافهم . وهو الموفق

امام مسجد میں اور بعض مقتدی تہہ خانہ میں ہوں تو اقتدا درست ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایسا مسجد ہو جس کے نیچے تہہ خانہ

(بقیہ حاشیہ)خیر من سبعین رکعة بلا عمامة، وبالجملة ان ترک العمامة ترک الاولیٰ نعم جاز ترک ما لایکون مطلوبا شرعا عند مصلحة العوام. (منهاج السنن شرح جامع السنن ص۲۲۵ جلد۲ باب ماجاء فی الصلوٰة فی الثوب الواحد)

﴿۱﴾ قال العلامه حلبی: ولهذا ذکر فی المحیط انه لو صلی خلف فاسق او مبتدع احرز ثواب الجماعة لکن لا یحرز ثواب المصلی خلف تقی کیف وقد صلی الصحابة والتابعون خلف الحجاج وفسقه ما لا یخفی وعلیه ما یحمل عمل الصحابة والتابعین فی الاقتداء بالحجاج. (غنیة المستملی شرح المنیة المصلی ص۴۷۵ فصل فی الامامة)

﴿۲﴾ وفی منهاج السنن: (قوله رجل ام قوما وهم له کارهون) قال ابن الملک لبدعته او فسقه او جهله اما اذا کان بینه وبینهم کراهة عداوة بسبب امر دنیوی فلا یکون له هذا الحکم ، وقال القطب الجنجوهی جملة الامر انه لو کان فیه ما یوجب کراهته شرعا اعتبرت کراهة وان لم یکرهه احد، وان لم یکن فیه ذلک شرعا لم یعتبر فیه کراهة من کرهه وان کرهه الکل واما اذا لم یکن امره ظاهراً شرعا فالمعتبر رایٔ غالب من خلفه، قال القاری اما اذا کرهه البعض فالعبرة بالعالم ولو انفرد، وقیل العبرة بالاکثر ورجحه ابن حجر ولعله محمول علی اکثر العلماء اذا وجدوا والافلا عبرة بکثرة الجاهلین وجزم صاحب الحلیة بکون هذه الکراهة کراهة تحریم کما قاله ابن عابدین وذکرارباب الفتاویٰ ان کراهة الاقتداء بمثل هذا الامام اذا کان فی القوم افضل منه والافلا کراهة وذکروا ایضا ان الاقتداء بمثله اولیٰ من الانفراد.

(منهاج السنن شرح جامع السنن ص ۲۴۰ جلد۲ باب ماجاء من ام قوما وهم له کارهون)

بھی ہوامام مسجد میں کھڑا ہواور بارش یا دوسرے اجتماعات کی وجہ سے جگہ نہ ہواور مقتدی تہہ خانہ میں کھڑے ہو جائیں تو کیا نیچے نماز ہوتی ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالمنان.....۱۹۷۴ء/۳/۱۹

الجواب: یہ اقتدا یعنی جب امام بالا ہواور قوم تہہ خانہ میں ہو جائز ہے جبکہ اشتباہ سے مأمون ہوں، کما صرح به فی الهندیه و ردالمحتار فی باب الامامة ﴿۱﴾. وهو الموفق

جماعت ثانیہ کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک مسجد میں جماعت ثانیہ پڑھنا کیسا ہے جائز ہے یا ناجائز؟ بینوا توجروا

المستفتی: حاجی گل عظیم خان احسان کارپوریشن بٹ خیلہ سوات.....۱۹۷۹ء/۹/۱۷

الجواب: جماعت ثانیہ نہ مطلقا مکروہ ہے اور نہ مطلقا مشروع، کما لا یخفیٰ علی من راجع الی امامة ردالمحتار وبوادر النوادر، اذان اور اقامت کے ترک کی صورت میں اور ہیئت بدلنے کی صورت میں انکار کرنا بذات خود منکر ہے، کما فی ردالمحتار ص۵۵۳ جلد ۱ ولو کرر اهله بدونهما او کان مسجد طریق جاز اجماعاً (وقال بعده) عن ابی یوسف انه اذا لم تکن الجماعة علی الهیئة الاولیٰ لا تکره والاتکره وهو الصحیح ﴿۲﴾. وفی الهندیه ص۸۳ جلد ۱ وفی الاصل للصدر الشهید اما اذا صلوا الجماعة بغیر اذان واقامة فی

﴿۱﴾ وفی الهندیه: ولو قام علی سطح المسجد واقتدی بامام فی المسجد ان کان للسطح باب فی المسجد ولا یشتبه علیه حال الامام یصح الاقتداء. (فتاویٰ عالمگیریه ص۸۸ جلد ۱ الفصل الرابع فی بیان ما یمنع صحة الاقتداء وما لا یمنع)(وهکذا فی ردالمحتار ص۴۳۵ جلد ۱ قبیل مطلب فی رفع المبلغ صوته زیادة علی الحاجة)

﴿۲﴾ (ردالمحتار ص۴۰۸، ۴۰۹ جلد ۱ مطلب فی تکرار الجماعة فی المسجد باب الامامة)

ناحية المسجد لا يكره﴿۱﴾ وفی المقام تفصيل ﴿۲﴾. وهو الموفق

جب شرکاء چار سے زائد نہ ہوں تو مسجد کی کسی طرف میں جماعت ثانیہ کر سکتے ہیں

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہمارے گاؤں کی مسجد میں معین امام موجود ہے اور نماز ادا کریں لیکن کچھ آدمی رہ جائیں اور جماعت ثانیہ کریں تو کیا ان کی یہ نماز یعنی جماعت ثانیہ درست ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: حبیب اللہ خان گمبیلا لکی مروت......۴/۷/۱۴۰۱ھ

الجواب: مسجد کی کسی طرف میں بلا اذان واقامت جماعت ثانیہ کرنا جائز ہے خصوصاً جبکہ یہ شرکائے نماز چار سے زائد نہ ہو، کما فی الهنديه ص ۸۳ جلد ۱ وفی الاصل للصدر الشهيد اما اذا صلوا بجماعة بغير اذان واقامة فی ناحية المسجد لايكره، وقال شمس الائمة الحلوانی ان كان سوی الامام ثلاثة لا يكره بالاتفاق﴿۳﴾. وهو الموفق

﴿۱﴾ (فتاویٰ عالمگيريه ص ۸۳ جلد ۱ الفصل الاول فی الجماعة)

﴿۲﴾ قال الشاه اشرف علي التهانوی: روایات فقہیہ سے چند صورتیں اور ان کے احکام معلوم ہوتے ہیں صورۃ اولیٰ مسجد محلہ میں غیر اہل نے نماز پڑھ لی ہو، صورۃ ثانیہ مسجد محلہ میں اہل نے بلا اعلان اذان یا بلا اذان بدرجہ اولیٰ نماز پڑھی ہو، صورۃ ثالثہ وہ مسجد طریق پر ہو، صورۃ رابعہ اس مسجد میں امام ومؤذن معین نہ ہوں، صورۃ خامسہ مسجد محلہ ہو یعنی اس کے نمازی اور امام معین ہوں اور انہوں نے اس میں اعلان اذان کی صورت سے نماز پڑھی ہو، پس صورۃ رابعہ اولیٰ میں تو بالاتفاق جماعت ثانیہ جائز بلکہ افضل ہے جیسا کہ افضلیت کی تصریح موجود ہے اور صورت خامسہ میں اگر جماعت ثانیہ بہیئت الاولیٰ ہو تب بالاتفاق مکروہ تحریمی ہے جیسا کہ ردالمحتار میں تحریمی ہونے کی تصریح ہے اور اگر ہیئت اولیٰ پر نہ ہو پس یہ محل کلام ہے امام ابو یوسف کے نزدیک مکروہ نہیں اور امام صاحب کے نزدیک مکروہ ہے جیسا کہ ظہیریہ میں اس کا ظاہر روایت ہونا مصرح ہے، البتہ ایک روایت امام صاحب سے یہ ہے کہ اگر تین سے زیادہ آدمی ہوں مکروہ ہے ورنہ مکروہ نہیں یہ خلاصہ ہوا روایات کے مدلول ظاہری کا الخ۔

(امداد الفتاویٰ ص ۲۴۲ جلد ۱ باب الامامة والجماعة)

﴿۳﴾ (فتاویٰ هنديه ص ۸۳ جلد ۱ الفصل الاول فی الجماعة الباب الخامس فی الامامة)

دیہات کی مساجد میں جماعت ثانیہ کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ دیہات کی مساجد میں مذہب حنفی کی بنا پر جماعت ثانیہ جائز ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد عمران نوشہرہ

الجواب: جماعت ثانیہ نہ مطلقاً ممنوع ہے اور نہ مطلقاً مشروع ہے امام ابو یوسف رحمہ اللہ کا قول، اوسع المذاہب ہے وھو انہ اذا لم تکن الجماعة علی الهیئة الاولیٰ لا تکرہ والاتکرہ وھو الصحیح کما فی ردالمحتار ص ۵۵۲ جلد ۱ ﴿۱﴾. وھو الموفق

ائیرپورٹ کی مسجد میں جماعت ثانیہ مکروہ نہیں ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک مسجد عرب امارات کے ائیرپورٹ پر واقع ہے پانچ وقتہ نمازوں کیلئے امام مقرر ہے جو باقاعدہ امامت کراتا ہے مگر مسئلہ یہ ہے کہ ظہر کو دو جماعتیں ہوتی ہیں جو ہیئت اولیٰ پر پڑھائی جاتی ہیں اسی مصلی اور اقامت کے ساتھ اور دونوں جماعتوں کیلئے اوقات بھی باقاعدہ لکھے جا چکے ہیں کیا یہ جائز ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالرشید اندرون ہشتنگری گیٹ پشاور......۲۰/ ربیع الاول ۱۴۰۲ھ

الجواب: بظاہر اس تکرار جماعت میں کوئی کراہت نہیں ہے، کیونکہ ائیرپورٹ اور سٹیشن وغیرہ کے مساجد محلّہ نہیں رکھتے ہیں (ماخوذ از ردالمحتار ص ۵۱۶ جلد ۱ باب الامامة) ﴿۲﴾. وھو الموفق

﴿۱﴾ (ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۴۰۹ جلد ۱ مطلب فی تکرار الجماعة فی المسجد)

﴿۲﴾ قال العلامة ابن عابدین رحمه الله: او کان مسجد طریق جاز اجماعا کما فی مسجد لیس له امام ولاموذن ویصلی الناس فیه فوجا فوجا فان الافضل ان یصلی کل فریق باذان واقامة علی حدة کما فی امالی قاضیخان ......واما مسجد الشارع فالناس فیه سواء لا اختصاص له بفریق دون طریق. (ردالمحتار ص ۴۰۸ جلد ۱ مطلب فی تکرار الجماعة فی المسجد باب الامامة)

سودخور امام کی وجہ سے نماز کیلئے دوسری مسجد جانا بہتر ہے

سوال: کیا فرماتے علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ کیا سودخور کے پیچھے نماز پڑھنا جائز ہے؟ جبکہ قریب ہی دوسری مسجد میں نماز باجماعت ہوتی ہے؟ بینو اتو جروا

المستفتی: میاں احسان اللہ اسماعیل خیل نوشہرہ.....۳۰/ جولائی ۱۹۷۳ء

الجواب: اسی صورت میں دوسری مسجد کو جانا جائز ہے بلکہ بہتر ہے، **فی الشرح الکبیر ص ۵۲۹ وفی فتاویٰ قاضی خان اذا کان امام الحی زانیا او آکل ربواً له ان یتحول الی مسجد آخر﴿۱﴾. وهو الموفق**

فرض نماز کے اعادہ کرنے والے کے پیچھے نووارد مفترض کے اقتدا کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان عظام اس مسئلہ کے بارے میں کہ کراہت تحریمی کی وجہ سے فرض نماز کے اعادہ کرنے والے امام کے پیچھے نووارد مفترض کا اقتدا درست ہے یا نہیں؟ بینو اتو جروا

المستفتی: شیخ الحدیث مولانا فضل الٰہی شاہ منصوری دارالعلوم حقانیہ.....۱۴/۱۰/۱۹۹۰

الجواب: اس اقتدا کی صحت یا عدم صحت کے متعلق صریح جزیہ نہیں ملا، اور اکابر اس میں مختلف ہیں، مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ صحت کی طرف مائل ہے اور مفتی عزیز الرحمٰن صاحب رحمہ اللہ عدم صحت کے قائل ہیں، راجح حکیم الامت رحمہ اللہ کا قول ہے **ان شاء الله**، کیونکہ اعادہ کی تعریف یہ ہے، **هي فعل ما فعل او لا مع ضرب من الخلل ثانيا وقيل هو اتيان المثل الاول على وجه الكمال كما في منحة الخالق على هامش البحر ص۷۸ جلد۲ ﴿۲﴾، وفي ردالمحتار ص۶۷۷ جلد ۱ عن الميزان يوخذ من لفظ الاعادة ومن تعريفها بما مر انه ينوي بالثانية الفرض**

﴿۱﴾ (غنية المستملي شرح منية المصلي ص ۵۶۵ فصل في احكام المسجد)
﴿۲﴾ (منحة الخالق على هامش البحر الرائق ص۷۸ جلد ۲ باب قضاء الفوائت)

لان ما فعل او لا هو الفرض فاعادته فعله ثانيا اما على القول بان الفرض يسقط بالثانية فظاهر، واما على القول الاخر فلان المقصود من تكرارها ثانيا جبر نقصان الاولیٰ فالاول فرض ناقص والثانية فرض كامل، انتهیٰ مافی ردالمحتار ﴿۱﴾، وفی جنائز ردالمحتار ص۸۲۶ جلد ۱ فاذا اعادها وقعت فرضاً مكملا للفرض الاول نظير اعادة الصلوٰة المؤاداة بكراهة فان كلا منهما فرض كما حققناه في محله انتهیٰ ما فی ردالمحتار ﴿۲﴾، خلاصہ یہ کہ صلوٰۃ معادہ فرض ہے اورابن الہمام رحمہ اللہ کا کلام بھی اسی طرف مشیر ہے، کما فی ردالمحتار ص۴۲۶ جلد ۱ قوله والمختار انه جابر للاول لان الفرض لا يتكرر ای الفعل الثانی جابر للاول بمنزلة الجبر بسجود السهو وبالاول يخرج عن العهدة... ومقابله ما نقلوه عن ابی اليسر من ان الفرض هو الثانی، واختار ابن الهمام الاول كما قال لان الفرض لا يتكرر وجعله الثانی يقتضی عدم سقوطه بالاول اذهو لازم ترک الركن لا الواجب الا ان يقال المراد ان ذلک امتنان من الله تعالیٰ اذ يحتسب الكامل وان تاخر عن الفرض لما علم سبحانه انه سيوقعه، انتهیٰ﴿۳﴾ خلاصہ یہ کہ اعادہ کی صورت میں معلوم ہو جائے گا کہ یہ نماز معادہ فرض ہے پس اس تو وارد کا اقتدا درست ہوگا۔ وهو الموفق

اہل محلّہ کیلئے مسجد میں دوبارہ جماعت کرنا مکروہ ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر ایک مسجد میں

﴿۱﴾ (ردالمحتار هامش الدرالمختار ص۴۳۶ جلد ۱ باب قضاء الفوائت)

﴿۲﴾ (ردالمحتار هامش الدرالمختار ص۶۵۲ جلد ۱ مطلب فی كراهة صلاة الجنازة فی المسجد باب صلاة الجنائز)

﴿۳﴾ (ردالمحتار مع الدرالمختار ص۳۳۷ جلد ۱ مطلب كل صلاة اديت مع كراهة تحريم تجب اعادتها)

جماعت ہو چکی ہے اور اس کے بعد اسی محلہ کے دیگر لوگ پھر دوبارہ جماعت کرتے ہیں کیا شرعاً یہ دوسری جماعت جائز ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالولی افغانی متعلم دارالعلوم حقانیہ.....۱۹۸۶ء/۱۲/۳۱

الجواب: جس مسجد محلہ کا امام مقرر ہو اور اس نے باقاعدہ نماز باجماعت پڑھائی ہو تو اس کے بعد جماعت ثانیہ مکروہ ہے، **اما اذا صلوا بجماعة بغير اذان واقامة في ناحية المسجد لا يكره وقال شمس الائمة الحلواني ان كان سوى الامام ثلاثة لا يكره اتفاقا كذا في الاصل لصدر الشهيد (عالمگیری ص ۸۲ جلد ۱ باب الامامة** ﴿۱﴾. **وهوالموفق**

بدعتی کے اقتدا میں نماز پڑھی جائے یا انفراداً؟

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ بدعتی کے اقتدا میں نماز پڑھنا کیسا ہے اگر اقتدا نہ کیا جائے تو پھر انفرادا پڑھنی ہوگی؟ حکم بیان فرماویں۔ بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم.....۲۹/شوال ۱۴۰۳ھ

الجواب: انفراد سے ستائیس درجہ افضل ہے﴿۲﴾ (**بحر، شامي، فتح القدير، هنديه وغيره**)﴿۳﴾. **وهوالموفق**

﴿۱﴾ (فتاویٰ عالمگیریه ص ۸۳ جلد ۱ باب الامامة)

﴿۲﴾ عن ابن عمر قال قال رسول الله ﷺ صلوة الجماعة تفضل على صلوة الرجل وحده بسبع وعشرين درجة. (سنن الترمذى ص ۳۰ جلد ۱ باب ماجاء فى فضل الجماعة)

﴿۳﴾ وفى الهنديه: تجوز الصلاة خلف صاحب هوى وبدعة..... ولو صلى خلف مبتدع او فاسق فهو محرز ثواب الجماعة لكن لا ينال مثل ما ينال خلف تقى كذا فى الخلاصه. (فتاوىٰ عالمگیریه ص ۸۴ جلد ۱ الفصل الثالث فى بيان من يصلح اماما لغيره)

امام کو اجرت دینے کے خوف سے جماعت ترک کرنے والے کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ جو مقتدی امام کو فطرانہ دینے اور اجرت دینے کے ڈر سے نماز ترک کریں اس کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم......۲۳/ ذی قعدہ ۱۳۹۶ھ

الجواب: تارک الجماعۃ فاسق ہے ﴿۱﴾ اگرچہ امام میں فسق، بدعت حرام خوری وغیرہ عیوب کیوں موجود نہ ہوں ﴿۲﴾ (ماخوذ من ردالمحتار والبحر والهنديه). وهو الموفق

غیر اہل محلّہ کی جماعت ثانیہ اور اذان واقامت

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر ایک مسجد میں نماز ہو چکی ہو اور مہمان حضرات جماعت ثانیہ کریں تو یہ جائز ہے یا نہیں؟ نیز اذان واقامت کا کیا حکم ہوگا؟ بینوا توجروا

المستفتی: نورالحق باڑہ پشاور......٦/صفر ۱۴۰۳ھ

الجواب: جس مسجد کے ساتھ محلّہ ہو اور امام ومؤذن مقرر ہو تو اہل محلّہ کی باقاعدہ جماعت کے بعد دوسری جماعت مکروہ ہے البتہ اگر تین چار اشخاص ایک کونے میں بغیر اقامت کے جماعت ثانیہ کریں تو

﴿۱﴾ قال العلامه ابن عابدين رحمه الله: (قوله قال في البحر الخ) وقال في النهر هو اعدل الاقوال واقواها ولذا قال في الاجناس لا تقبل شهاته اذا تركها استخفافا ومجانة اما سهوا او بتاويل ككون الامام من اهل الاهواء او لا يراعى مذهب المقتدى فتقبل.

(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۴۱۰ جلد ۱ باب الامامة)

﴿۲﴾ قال العلامه ابن نجيم رحمه الله: (قوله وكره امامة العبد والاعرابى والفاسق والمبتدع والاعمى وولد الزنا) بيان للشيئين الصحة والكراهة اما الصحة فمبينة على وجود الاهلية للصلاة مع اداء الاركان وهما موجودان من غير نقص في الشرائط والاركان ومن السنة حديث صلوا خلف كل بر وفاجر وفي صحيح البخارى ان ابن عمر كان يصلى خلف الحجاج وكفى به فاسقا كما قال الشافعي وقال المصنف انه افسق اهل زمانه.

(البحر الرائق ص ۳۵۸ جلد ۱ باب الامامة)

قابل اعتراض نہیں، ہاں شارع عام کی مسجد میں یہ حکم نہیں ہوگا، فلیراجع الی البدائع والشرح الکبیر﴿۱﴾. وھو الموفق

مسافروں کا اہل محلّہ کی جماعت سے قبل جماعت کرنا جائز ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ مسافروں کیلئے قبل از جماعت اہل محلہ ان کی مسجد میں علیحدہ جماعت کرنا درست ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: زاہد حسین بٹ خیلہ سوات

الجواب: مسافر لوگ اہل محلہ کی جماعت سے قبل جماعت کر سکتے ہیں اس میں کوئی کراہت نہیں ہے (عینی شرح هدایه، شامی ص ۳۷۱ جلد ۱)﴿۲﴾. وھو الموفق

حنفی امام کا شوافع کیلئے طریقہ شوافع پر نماز پڑھانا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ امام حنفی ہے اور مقتدی دوسرے

﴿۱﴾ قال الحلبی: واذا لم یکن للمسجد امام ومؤذن راتب فلا یکره تکرار الجماعة فیه باذان واقامة بل هو الافضل ذکره قاضی خان اما لو کان له امام ومؤذن معلوم فیکره تکرار الجماعة فیه باذان واقامة عندنا وعن ابی حنیفة رحمه الله لو کانت الجماعة الثانیة اکثر من ثلثة یکره التکرار والافلا وعن ابی یوسف رحمه الله اذا لم تکن علی هیئة الاولیٰ لا یکره والا یکره وهو الصحیح وبالعدول عن المحراب تختلف الهیئة کذا فی فتاویٰ البزازی. (غنیة المستملی ص ۵۶۶، ۵۶۷ فصل فی احکام المسجد)

(ومثله فی بدائع الصنائع ص ۳۷۸ جلد ۱ تکرار الجماعة فی المسجد)

﴿۲﴾ قال الحصکفی: وکره ترکهما معا لمسافر ولو منفرداً وکذا ترکها لا ترکه لحضور الرفقة بخلاف مصل ولو بجماعة فی بیته بمصر او قریة لها مسجد ای فیه اذان واقامة والا فحکمه کالمسافر فلا یکره ترکهما اذا اذان الحی یکفیه او مصل فی مسجد بعده صلاة جماعة فیه بل یکره فعلهما. (الدر المختار علی هامش رد المحتار ص ۲۹۱ جلد ۱ مطلب فی کراهة تکرار الجماعة فی المسجد)

امام کے تابع ہیں شوافع ہیں یا موالک وغیرہ، کیا یہ حنفی امام دوسرے مذہب کے مقتدیوں کیلئے ان کے طریقہ پر نماز پڑھا سکتا ہے؟ مثلاً قنوت فی الفجر، تسمیہ بالجہر وغیرہ؟ بینوا توجروا

المستفتی: فضل اکبر حقانی حالاً مقیم متحدہ عرب امارات......۹/ ۷/ ۱۴۰۱ھ

الجواب: اما متبوع رہے گا، اس کے تابع ہونے میں توہین اور بدنظمی وغیرہ مصائب موجود ہیں ﴿۱﴾۔ وھو الموفق

چوری کے خطرہ کی وجہ سے ترک جماعت کی اجازت ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ میں زرعی تربیتی ادارہ پشاور میں بحیثیت انسٹرکٹر تعینات ہوں، طلبا کو پڑھانے کے علاوہ چوکیداروں کی نگرانی بھی میرے ذمہ ہے مسئلہ یہ ہے کہ ہمارے اکثر چوکیدار ڈیوٹی کے دوران مسجد کو نماز با جماعت کیلئے جاتے ہیں اب اگر خدانخواستہ اسی دوران کوئی چوری وغیرہ ہو جائے تو متعلقہ چوکیدار اور ساتھ میں بھی بحیثیت نگران ذمہ دار ہوں گا سوال یہ ہے کہ کیا چوکیدار کیلئے ڈیوٹی کے دوران نماز با جماعت ادا کرنا ضروری ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: کشمیر خان پشاور یونیورسٹی......۲۲/ شوال ۱۴۰۴ھ

الجواب: مناسب یہ ہے کہ یہ چوکیدار حضرات وغیرہ ڈیوٹی کے دوران کسی مناسب جگہ میں نماز با جماعت ادا کریں اگرچہ چوری کے خطرہ کی وجہ سے ترک نماز با جماعت جائز ہے (کما فی ردالمحتار ص ۵۱۹ جلد ۱) ﴿۲﴾. وھو الموفق

﴿۱﴾ قال العلامہ ابن عابدین : لو ان رجلا برئ من مذهبه باجتهاد وضح له كان محمودا ماجورا اما انتقال غيره من غير دليل بل لما يرغب من غرض الدنيا وشهوتها فهو المذموم الآثم المستوجب للتاديب والتعزير لارتكابه المنكر في الدين واستخفافه بدينه ومذهبه.
(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۲۰۹ جلد ۳ مطلب فيما اذا ارتحل الى غير مذهبه باب التعزير)

﴿۲﴾ قال العلامة الحصكفي: ولا على من حال بينه وبينها...... (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

عدم محاذات کی صورت میں میاں بیوی جماعت کر سکتے ہیں

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک آدمی اپنے بیوی کے ساتھ امریکہ میں رہتا ہے اس کا کہنا ہے کہ یہاں عید کے سوانماز با جماعت کا کوئی بندوبست نہیں ہے اگر یہی شخص اپنی بیوی کے ساتھ اپنے گھر میں نماز با جماعت ادا کرے تو جائز ہے یا ناجائز؟ بینوا توجروا

المستفتی: فضل مولیٰ عرف تنگی استاد پڑانگ چارسدہ.....۱۲/صفر ۱۳۹۲ھ

الجواب: بلا شک وشبہ یہ جماعت جائز ہے البتہ بیوی کو وجوباً پیچھے کھڑا کرے گا، لان المحاذاة مفسد عندنا ﴿۱﴾ وروى الطبراني في الكبير والاوسط ان رسول الله ﷺ اقبل من نواحي المدينة يريد الصلوٰة فوجد الناس قد صلوا فمال الى منزله فجمع اهله فصلى بهم (بحواله بوادر ص ۱۳۱ جلد ۱) ﴿۲﴾ . وهو الموفق

امام کیلئے مسجد کے ہال کے دروازہ میں متقدیوں سے علیحدہ کھڑا ہونا مکروہ ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ امام مسجد ہمیشہ مسجد کے کمرہ

(بقيه حاشيه) مطر وطين وبرد شديد وظلمة كذلك وريح ليلالا نهارا وخوف على ماله، قال ابن عابدين اى من لص ونحوه اذا لم يمكنه غلق الدكان او البيت مثلاً ومنه خوفه على تلف طعام في قدر...... والظاهر عدمه لان له قطع الصلاة له ولاسيما ان كان امانة عنده كوديعة او عارية او رهن مما يجب عليه حفظه.

(الدرالمختار مع ردالمحتار ص ۴۱۱ جلد ۱ قبيل مطلب البدعة خمسة قسام باب الامامة)

﴿۱﴾ قال الحصكفي: واذا حاذته ولو بعضو واحد......امرأة...... ولاحائل بينهما في صلاة...... فسدت صلاته. (الدرالمختار على هامش ردالمحتار ص ۴۲۳ جلد ۱ قبيل مطلب الواجب كفاية هل يسقط بفعل الصبي)

﴿۲﴾ (بوادر النوادر ص ۱۳۱ جلد ۱ تفصيل كراهت جماعة ثانيه)

(ہال) کے دروازہ میں کھڑا ہوتا ہے اور مقتدی مسجد کے صحن میں ہوتے ہیں کیا یہ اقتدا صحیح ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم ۱۹۹۰ء/۲/۸

الجواب: یہ اقتدا صحیح ہے لیکن مکروہ ہے، اما الاول لکون المسجد مکانا واحداً واما الثانی فلتخصیص الامام بالمکان ولقیامه بین الاسطوانتین (ماخوذ از ردالمحتار ﴿۱﴾. وهو الموفق

مستورات کی جماعت کا ثبوت شرعی موجود ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ بندہ کی اہلیہ نفلوں میں کلام پاک سنا رہی ہے اور عورتوں کی امامت کر رہی ہے اب بعض لوگ کہتے ہیں کہ عورتوں کی جماعت کا کیا ثبوت ہے؟ کیا واقعی عورتوں کی جماعت کا کوئی شرعی ثبوت نہیں ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: فضل الٰہی خطیب جامع مسجد فاروقیہ اسلام آباد ۱۹۷۶ء/۹/۲۴

الجواب: بنابر تحقیق عورتوں کی جماعت مشروع ہے نہ منسوخ ہے اور نہ مخصوص ہے، لان النبی ﷺ جعل لام ورقة مؤذنا وامرها ان تؤم اهل دارها (رواه ابو داؤد ص ۹۵ جلد ۱) ﴿۲﴾ ولا وجه لنسخه ولا دليل على الخصوصية كيف وقدروى ابن ابى شيبه ان ام سلمة وعائشة رضى الله عنهما امتا فى التراويح والفرض ﴿۳﴾ قال العلامة اللكهنوى فى عمدة الرعاية على هامش شرح الوقايه ص ۱۷۲ جلد ۱ قوله كجماعة

﴿۱﴾ قال العلامة ابن عابدين: تنبيه فى معراج الدراية من باب الامامة الاصح ماروى عن ابى حنيفة انه قال كره للامام ان يقوم بين الساريتين او زاوية او ناحية المسجد او الى سارية لانه بخلاف عمل الامة.

(ردالمحتار هامش الدر المختار ص ۴۷۸ جلد ۱ باب مايفسد الصلاة ومايكره فيها)

﴿۲﴾ (سنن ابى داؤد ص ۹۵ جلد ۱ باب امامة النساء)

﴿۳﴾ (مصنف ابن ابى شيبه ص ۵۳۶ جلد ۱ باب المرأة تؤم النساء)

النساء وحدهن عللوه بانها لا تخلو عن ارتكاب ممنوع وهو قيام الامام وسط الصف ولا يخفیٰ ضعفه بل ضعف جميع ماوجهوا به الكراهة كما حققناه في تحفة النبلاء فی مسألة جماعة النساء وذكرنا هناك ان الحق عدم الكراهة كيف لا وقدامت بهن ام سلمة وعائشة رضی الله عنهما في التراويح وفی الفرض كمااخرجه ابن ابی شيبة وغيره وامت ام ورقة في عهد النبیﷺ بامره كما اخرجه ابوداؤد ، انتهیٰ﴿۱﴾ قلت وقال الامام الائمة اذاصح الحديث فهو مذهبی ﴿۲﴾ اولعل المراد من الكراهة تنزيهة كما يشير اليه كلام صاحب الخلاصة وصلوتهن فرادی افضل﴿۳﴾ نعم صرح فی شرح التنوير بالتحريم لا كن لا وجه له﴿۴﴾ فافهم. وهو الموفق

جماعة النساء بعض فقہاء کے نزدیک جائز اور بعض کے نزدیک مکروہ ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ(۱)ایک حافظ قرآن تراویح میں

﴿۱﴾ (عمدة الرعاية على هامش شرح الوقاية ص۱۷۶ جلد۱ فصل فی الجماعة)
﴿۲﴾ قال العلامه ابن عابدين: ونظيره هذا ما نقله العلامه بيری في اول شرحه على الاشباه عن شرح الهداية لابن الشحنة ونصه اذا صح الحديث وكان على خلاف المذهب عمل بالحديث ويكون ذلک مذهبه ولا يخرج مقلده عن كونه حنفيا بالعمل به فقد صح عنه انه قال اذا صح الحديث فهو مذهبی وقد حكى ذلک ابن عبد البر عن ابی حنيفة وغيره من الائمة . (ردالمحتار هامش الدرالمختار ص۵۰ جلد۱ مطلب صح عن الامام انه اذا صح الحديث فهو مذهبی)
﴿۳﴾ قال العلامه طاهر بن عبد الرشيد البخاری: وامامة المرأة للنساء جائزة الا ان صلوتهن فرادی افضل. (خلاصة الفتاویٰ ص۱۴۷ جلد۱ فصل فی الامامة والاقتداء)
﴿۴﴾ قال العلامه حصكفی: ويكره تحريما جماعة النساء ولو فی التراويح...... فان فعلن تقف الامام وسطهن ...... كالعراة فيتوسطهم امامهم ويكره جماعتهم تحريما فتح.
(الدرالمختار على هامش ردالمحتار ص۴۱۸ جلد۱ قبيل مطلب هل الاساءة دون الكراهة الخ)

خواتین کیلئے امامت کراتی ہے جس کیلئے دیگر خواتین کو دعوت بھی دی جاتی ہے کیا اس میں کراہت ہے؟
(۲) ایک معمر خاتون چارسدہ میں بروز جمعہ دیگر خواتین کو جمع کر کے جمعہ پڑھاتی ہے کیا ان خواتین کے ذمہ نماز ظہر ساقط ہوجاتی ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: مفتی عبداللہ شاہ محلہ عزیز خیل چارسدہ ۱۹۹۱ء/۴/۱۰

الجواب: (۱) فقہاء کرام نے خواتین کی جماعت کو اور جماعت کیلئے گھروں سے نکلنے کو مکروہ لکھا ہے، کما فی امامة الدر المختار مع ردالمحتار ﴿۱﴾ اور مولانا عبدالحی نے عمدة الرعایہ علی شرح الوقایہ ص۱۷۶ جلد۱ میں جواز کو راجح قرار دیا ہے ﴿۲﴾ کیونکہ پیغمبر علیہ السلام نے ام ورقہ رضی اللہ عنہا کو امامت کرنے کی اجازت دی تھی، کمافی سنن ابی داؤد ص۹۵ جلد۱ باب امامة النساء ﴿۳﴾

﴿۱﴾ قال العلامہ حصکفی: ویکرہ تحریما جماعة النساء ولو فی التراویح فی غیر صلاة جنازة فان فعلن تقف الامام وسطهن ویکرہ جماعتهم تحریما فتح ویکرہ حضورهن الجماعة ولو لجمعة وعید ووعظ مطلقاً ولو عجوز الیلا علی المذهب المفتی به لفساد الزمان. (الدر المختار علی هامش ردالمحتار ص۴۱۸ جلد۱ باب الامامة)

﴿۲﴾ قال العلامه عبد الحئی اللکهنوی: قوله کجماعة ای کما یکره جماعة النساء وحدهن سواء کان فی الفرض او النفل وعللوه بانها لا یخلو عن ارتکاب ممنوع وهو قیام الامام وسط الصف ولا یخفی ضعفه بل ضعف جمیع ما وجهوا به الکراهة کما حققناه فی تحفة النبلاء الفناها فی مسئلة جماعة السناء وذکرنا هناک ان الحق عدم الکراهة کیف لا وقد امت بهن ام سلمة وعائشة فی التراویح وفی الفرض کما اخرجه ابن ابی شیبه وغیره امت ام ورقة فی عهد النبی ﷺ بامره کما اخرجه ابو داؤد.
(عمدة الرعایه علی هامش شرح الوقایة ص۱۷۶ جلد۱ فصل فی الجماعة)

﴿۳﴾ عن ام ورقة بنت عبد الله بن الحارث بهذا الحدیث والاول اتم وکان رسول الله ﷺ یزورها فی بیتها وجعل لها مؤذنا یؤذن لها وامرها ان یؤم اهل دارها قال عبد الرحمن فانا رأیت مؤذنها شیخا کبیراً. (سنن ابی داؤد ص۹۵ جلد۱ باب امامة النساء)

اور پیغمبر علیہ السلام کی وفات کے بعد حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا اور ام سلمہ رضی اللہ عنہا تراویح میں امامت کراتی تھی، کما فی مصنف ابن ابی شیبہ وغیرہ ﴿۱﴾ تو معلوم ہوا کہ ام ورقہ رضی اللہ عنہا کی امامت نہ مخصوص ہے اور نہ منسوخ ہے، بہرحال فقہائے کرام کا حکم فتنہ کے سد باب پر محمول ہے۔
(۲) جب ذکورت شرط وجوب ہے تو عورت عورتوں کی امام جمعہ ہوسکتی ہے لیکن بہرحال مکروہات سے بھرپور ہے اور انفراس سے بہت مفضول ہے۔ وھو الموفق

دنیاوی معاملات میں امام اور مقتدی کے اختلاف سے مقتدی کی نماز پر کوئی اثر نہیں پڑتا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ امام اور مقتدی کے درمیان دنیاوی معاملات پر اختلاف پیدا ہوا، امام نے مقتدی سے کہا کہ میرے پیچھے نہ آپ کی نمازیں ہوئی ہیں اور نہ ہوتی ہیں کیا امام کے اس قول سے مقتدی کے یہ نمازیں ہوئی ہیں یا نہیں؟ اور نماز پڑھنا جائز ہوگا یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم......۱۹۷۴/۴/۱۰ء

الجواب: امام کی یہ دونوں باتیں کہ تیری نمازیں نہیں ہوئی ہیں اور میرے پیچھے اقتدا نہ کریں پٹھانی باتیں ہیں کتابی اور شرعی باتیں نہیں ہیں۔ وھو الموفق

ٹیوشن کیلئے دور جا کر مسجد کی بجائے حجرہ وغیرہ میں نماز پڑھانا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ زید اپنے شہر سے میل یا نصف میل کے فاصلے پر عمرو کے گھر جاتا ہے اور وہاں کے بچوں کو دین کے سبق کا ٹیوشن کراتا ہے اور امامت بھی کرتا ہے لیکن وہاں مسجد نہیں ہے عمرو کے گھر یا حجرہ میں نماز پڑھاتا ہے آیا زید کا ایسا کرنا شرعاً جائز ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: فضل احمد ضلع کوہاٹ

﴿۱﴾ ان ام سلمة وعائشة رضی الله عنهما امتا فی التراویح والفرض. (مصنف ابن ابی شیبه ص ۵۳۶ جلد ۱ باب المرأة تؤم النساء)

الجواب: یہ شخص تارک الجماعت نہیں ہے،البتہ تارک المسجد ہونا قابل غور ہے۔وھو الموفق

جس مسجد میں مقتدی نہ ہوں تو ان کا عارضی امام کہاں نماز ادا کرے؟

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک شہر میں چند مساجد ہیں اور ہر مسجد میں نماز باجماعت ادا کی جاتی ہے شہر سے باہر مختلف سرکاری رہائشی مکانات ہیں ان کی مشترکہ ایک چھوٹی سی مسجد ہے اس کا کوئی خاص امام اور مؤذن مقرر نہیں ہے بلکہ ایک ملازم وہاں نماز پڑھاتا ہے اب اگر چند ایام یہ مسجد غیرآبادر ہے اور کوئی شخص نہ آیا کرے تو یہ عارضی امام ان ایام میں شہر کے کسی مسجد میں نماز کیلئے جایا کرے یا اپنی مسجد میں نماز ادا کرے؟اور شہر کی مسجد میں جا کر بحیثیت مقتدی نماز پڑھنا قابل ثواب ہے یانہیں؟بینوا توجروا

المستفتی:عبدالحمید ایس وی درازندہ ایف آر ڈی آئی خان.....۱۹۷۲ء/۱۱/۲۶

الجواب: اگر اس مسجد میں دیگر نمازی نہ ہوں تو اس عارضی امام کیلئے بہتر یہ ہے کہ اس محلہ والی مسجد میں اذان اور نماز ادا کرے(فلیراجع الی ردالمحتار ص ۵۱۹ جلد ۱)﴿۱﴾۔ وھوالموفق

امام مسجد پر لعنت کرنے والا خود ملعون ہے

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک شخص اپنے امام مسجد کو برا بھلا کہتا ہے کہ تم پر خدا کی لعنت ہو اور بار بار یہ کہتا ہے اس شخص کا کیا حکم ہے؟بینوا توجروا

المستفتی:مولوی فیض محمد.....۱۹۷۴ء/۱۱/۲۳

﴿۱﴾ قال العلامة ابن عابدین: قلت لکن فی الخانیة وان لم یکن لمسجد منزله مؤذن فانه یذھب الیه ویؤذن فیه ویصلی وان کان واحدا لان المسجد منزله حقا علیه فیودی حقه موذن مسجد لا یحضر مسجده احد قالوا ھو یوذن ویقیم ویصلی وحده وذاک احب من یصلی فی مسجد آخر.
(ردالمحتار ھامش الدرالمختار ص ۴۱۰ جلد ۱ قبیل مطلب البدعة خمسة اقسام)

الجواب: اگر یہ امام اس لعنت کا اہل نہ ہو تو یہ لعنت کنندہ ملعون ہو جائے گا اور لائق تعزیر ہوگا،
لقول النبی ﷺ ان العبد اذا لعن شیئاً صعدت اللعنة الی السماء فتغلق ابواب السماء دونها ثم تهبط الی الارض فتغلق ابوابها دونها ثم تاخذ یمینا وشمالا فاذا لم تجد مساغا رجعت الی الذی لعن فان کان لذلک اهلاً والارجعت الی قائلها (رواه ابوداؤد بحواله مشکواة ص ۴۱۳ جلد ۱) (۱)۔ وهو الموفق

امام مسجد کے پیچھے اقتداء نہ کرنا موجب عقوق نہیں

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک بڑے نام امام ہے جس نے مسجد میں نیم وہ عمل نہیں ہے ... زنا ... حرام میں مبتلا ہے اسلئے ایک مقتدی اس امام کے پیچھے اقتداء نہیں کرتے ... اقتداء نہیں کرتے ... کہ میرے پیچھے نماز مت پڑھو اور نہ یہ کہا ہے کہ تم مجھ سے عاق ہو اور مقتدی بھی اس کے ساتھ بیٹھتا نہیں رہتا، کیا یہ مقتدی اقتداء نہ کرنے کی وجہ سے عاق ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: راضی الرحمن ارمڑ پایاں پشاور.... ۵/۱۱/۱۹۷۴ء

الجواب: امام کے پیچھے اقتداء نہ کرنا موجب عقوق نہیں ہے، البتہ تمام فتاویٰ میں یہ مسطور ہے کہ انفراد سے فاسق کے پیچھے اقتداء کرنا افضل ہے (۲)۔ وهو الموفق

شہوانی وسوسوں کی وجہ سے ترک جماعت نہیں کیا جائے گا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ جب میں باجماعت

---

(۱) (مشکواة المصابیح ص ۴۱۳ جلد ۲ باب حفظ اللسان والغیبة والشتم)

(۲) قال العلامة الحصکفی رحمه الله: وفی النهر عن المحیط صلی خلف فاسق او مبتدع نال فضل الجماعة، قال العلامة ابن عابدین رحمه الله: (قوله نال فضل الجماعة) افاد ان الصلاة خلفهما اولی من الانفراد.

(رد المحتار مع الدر المختار ص ۴۱۵ جلد ۱ مطلب فی امامة الامرد باب الامامة)

نماز میں شرکت کروں تو دوسرے نمازیوں کے بارے میں شہوانی وسوسے پیدا ہونا شروع ہو جاتے ہیں یعنی شہوانی قوت میں تحریک پیدا ہو جاتی ہے خواہ وہ بوڑھے کیوں نہ ہوں اس مرض نے مالیخولیا یا مکمل شیطانی اور فاسد خیالات کی صورت اختیار کر لی ہے اس صورت حال میں نماز با جماعت ادا کروں یا ترک جماعت کروں؟ بینوا توجروا

المستفتی: شیرین جان شہباز خیل بنوں......۱۹۷۲ء/۱۰/۴

الجواب: واضح رہے کہ آپ کے مرض کا جائز علاج موجود ہے تو ناجائز علاج (ترک جماعت) کی کیا ضرورت ہے جائز علاج یہ ہے کہ آپ نماز میں یہ خیال کریں کہ اللہ تعالیٰ مجھے دیکھتا ہے اور میرے دل کی باتوں کو جانتا ہے تو تدریجاً آپ کے یہ فاسد خیالات ختم ہو جائیں گے ﴿۱﴾۔ فقط

جماعت ثانیہ کا حکم نیز کسی کا قصداً جماعت ثانیہ کیلئے جماعت اولیٰ ترک کرنے کا حکم

سوال: (۱) جماعت ثانیہ کا کیا حکم ہے جبکہ مسجد بھی برلب سڑک واقع ہو۔ (۲) اگر ایک شخص ایک یا دو رکعت امام کے ساتھ ادا کر سکتا ہو لیکن وہ قصداً باقی لوگوں کیلئے جماعت ثانیہ کرنے کے واسطے پہلی جماعت ترک کرے اس کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد نظیف وزیرستانی

الجواب: (۱) چونکہ بظاہر یہ مسجد، مسجد الشارع ہے لہذا اس میں جماعت ثانیہ جائز ہے، خصوصاً

﴿۱﴾ عن عثمان بن ابی العاص قال قلت یا رسول اللہ ان الشیطان قد حال بینی وبین صلوتی وبین قراء تی یلتبسها علی فقال رسول اللہ ﷺ ذاک شیطان یقال لہ خنزب فاذا احسته فتعوذ باللہ منه واتفل علی یسارک ثلثا ففعلت ذاک فاذھبه اللہ عنه رواہ مسلم.
وعن القاسم بن محمد ان رجل ساله فقال انی اھم فی صلوتی فیکثر ذلک علی فقال له امض فی صلوتک فانه لن یذھب ذلک عنک حتی تنصرف وانت تقول ماأتممت صلوتی رواہ مالک. (مشکوٰۃ المصابیح ص ۱۹ جلد ۱ باب فی الوسوسة الفصل الثالث)

بلکہ اذان اور اقامت کو دوسری جماعت کیلئے ترک کیا جائے اور محراب بھی ترک کیا جائے (یدل علیہ ما فی الدرالمختار وردالمحتار ص ۵۱۶ جلد ۱) ﴿۱﴾. (۲) یہ شخص غلطی پر ہے جماعت اولیٰ بلا شک وشبہ جائز ہے اور جماعت ثانیہ میں اختلاف ہے لہٰذا مشکوک کیلئے متیقن نہیں چھوڑنا چاہئے۔ وھو الموفق

﴿۱﴾ قال العلامة الحصکفی رحمه الله: ویکره تکرار الجماعة باذان واقامة فی مسجد محلة لا فی مسجد طریق وقال ابن عابدین: اجمع مماهنا ونصها یکره تکرار الجماعة فی مسجد محلة باذان واقامة الا اذا صلی بهما فیه او لا غیر اهله لکن بمخافتة الاذان ولو کرر اهله بدونهما او کان مسجد طریق جاز اجماعا الخ. (الدرالمختار مع ردالمحتار ص۴۰۸ جلد ۱ مطلب فی تکرار الجماعة فی المسجد باب الامامة)

فصل فی الاحق بالامامة

عالم کی موجودگی میں غیر عالم کی امامت

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک محلہ میں فارغ التحصیل عالم دین موجود ہے اور نماز باجماعت کیلئے بھی حاضر ہوتا ہے لیکن گھریلو معاملات کی بنا پر اس عالم کی والدہ صاحبہ اسے امامت کرنے نہیں دیتا، اور نہ خود امامت کرتا ہے اور اپنا چھوٹا بھائی جو کہ جماعت ہشتم کا طالب علم ہے پیش امام بنایا ہے کیا اس عالم کی نماز اپنے چھوٹے بھائی کے پیچھے ہوتا ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: ملک عزیز خان لنڈا

الجواب: اس عالم کا یہ رویہ خلاف اولیٰ ہے، کما فی شرح التنویر والاحق بالامامة تقدیما بل نصبا مجمع الانهر، الاعلم باحکام الصلوٰة الخ (هامش ردالمحتار ص ۵۲۰ جلد ۱) ﴿۱﴾. وهو الموفق

عالم اور درست خوان کو امام بنایا جائے نہ کہ صرف خوش الحان کو

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک عالم دین ایک مسجد میں قدیمی امام ہے مگر خوش الحان نہیں ہے اب بعض لوگ صرف اس بنا پر کہ وہ خوش الحان نہیں ہے امامت سے معزول کرنا چاہتے ہیں اور اس کی جگہ دوسرے شخص کو جو عالم نہیں صرف خوش الحان ہے کو امام بنانا چاہتے ہیں کیا شرع کی رو سے ان کا یہ موقف صحیح ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالقدوس ساہیوال

﴿۱﴾ (الدر المختار هامش ردالمحتار ص ۴۱۲ جلد ۱ باب الامامة)

الجواب: مقررہ امام مسجد نماز پڑھائے گو دوسرا اس سے زیادہ پڑھا ہوا ہو، دخل المسجد من هو اولیٰ بالامامة من امام المحلة فامام المحلة اولیٰ، فتاویٰ عالمگیری ص ۸۲ جلد ۱ ﴿۱﴾ و امام المسجد احق بالامامة من غیرہ و ان کان الغیر افقه و اقرء و اورع و افضل الخ ص ۱۷۸ جلد ۱ مراقی الفلاح ﴿۲﴾، بہر حال خوش آوازی اچھی چیز ہے بلکہ احقر کے نزدیک خوش الحان کو امام بنانا بہتر نہیں بلکہ درست خوان بنانا چاہئے چنانچہ فتاویٰ عالمگیری ص ۱۱۵ جلد ۱ سطر گیارہ میں ہے، لا ینبغی للقوم ان یقدموا فی التراویح الخوشخوان ﴿۳﴾.

المجیب: فضل الٰہی خالق داد ضلع ساہیوال

یہ جواب صحیح ہے
مفتی جامعہ اسلامیہ عربیہ رشیدیہ ساہی وال

یہ جواب درست ہے
(محمد فرید عفی عنہ)

فاسق امام باقاعدہ معزول کیا جائے گا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہمارے امام میں چند باتیں ایسی ہیں جن کی بنا پر ان کی شخصیت امامت کے قابل نہیں ہے، وہ سینما پر بیہودہ فلمیں دیکھنے کا شوقین ہے بلکہ باقاعدہ دیکھنے جاتا ہے، غیر شادی شدہ تھا ابھی شادی ہوگئی ہے سینما میں دیکھنے کی چشم دید شہادتیں موجود ہیں مسجد میں لوگوں کے درمیان منافقت کرتا ہے داڑھی ایک انچ سے بھی کم ہے اکثر مقتدی اس سے ناراض ہیں ایسے شخص کا امامت سے معزول کرنا کیسا ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: مسعود صدیقی محلہ موچی پورہ علاقہ کابلی گیٹ پشاور شہر...... یکم شعبان ۱۴۱۱ھ

﴿۱﴾ (فتاویٰ عالمگیریہ ص ۸۳ جلد ۱ الفصل الثانی فی بیان من هو احق بالامامة)
﴿۲﴾ حاشیة الطحطاوی علی مراقی الفلاح ص ۲۹۹ جلد ۱ فصل فی بیان الاحق بالامامة)
﴿۳﴾ (فتاویٰ عالمگیریہ ص ۱۱۶ جلد ۱ فصل فی التراویح)

الجواب: بشرط صدق وثبوت اگر اس امام میں یہ عیوب موجود ہوں تو ان پر ضروری ہے کہ ان کا ازالہ کریں اور اگر وہ ضد کریں تو ان کے پیچھے صالحین کی امامت مکروہ تحریمی ہے ﴿۱﴾ نہ عوام کی، اندھوں میں کا ناراجہ ہوتا ہے ﴿۲﴾ اور جو امام فاسق ہو تو وہ خود بخود معزول نہیں ہوتا بلکہ با قاعدہ معزول کرنے کا لائق ہوتا ہے (شامی، بحر) ﴿۳﴾۔ وھو الموفق

امام کی موجودگی میں دوسرے کی امامت مکروہ ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک مسجد کا امام زندہ ہے اور عرصہ چالیس پچاس سالوں سے بدستور امام چلا آرہا ہے لیکن بروز جمعہ ایک اور صاحب نے بغیر اجازت امام کے اپنے آپ کو امام مقرر ہونے کا اعلان کردیا، حالانکہ اس کو کسی نے اجازت نہیں دی تھی، کیا اور کوئی اسی طرح امام مقرر ہوسکتا ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: رسول شاہ عمرزئی چارسدہ......۱۹۷۳ء/۲/۱۴

الجواب: اگر امام سابق معزول نہ ہوا ہو اور نماز کے وقت غائب نہ ہو تو بلا اجازت دوسرے امام کی امامت مکروہ ہے، قال رسول اللہ ﷺ لا یؤمن الرجل فی سلطانہ ﴿۴﴾ وفی

﴿۱﴾ قال ابن عابدین: (ویکرہ امامة عبد واعرابی وفاسق) من الفسق وھو الخروج عن الاستقامة ولعل المراد بہ من یرتکب الکبائر کشارب الخمر والزانی وآکل الربا ونحو ذلک.
(ردالمحتار ھامش الدرالمختار ص ۴۱۴ جلد ۱ مطلب البدعة خمسة اقسام باب الامامة)

﴿۲﴾ قال العلامہ ابن نجیم: وینبغی ان یکون محل کراھة الاقتداء بھم عند وجود غیرھم والا فلا کراھة کما لا یخفیٰ. (البحر الرائق ص ۳۴۹ جلد ۱ باب الامامة)

﴿۳﴾ قال العلامہ ابن عابدین: (قولہ ویعزل بہ)ای بالفسق لوطرأ علیہ والمراد انہ یستحق العزل کما علمت آنفا. (ردالمحتار ھامش الدرالمختار ص ۴۰۵ جلد ۱ باب الامامة)

﴿۴﴾ (مشکواة المصابیح ص ۱۰۰ جلد ۱ باب الامامة الفصل الاول)

الدرالمختار علی هامش ردالمحتار ص ۵۲۲ جلد ۱ اعلم ان صاحب البیت ومثله امام المسجد الراتب اولیٰ بالامامة من غیره مطلقاً ﴿۱﴾۔ وهو الموفق

امام کیلئے کم ازکم مسائل وضوونماز کاعلم ہوناضروری ہے

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ امام کیلئے کتناعلم ضروری ہے اور کتنی خوبیوں کی ضرورت ہے اور کونسی علمیت کی سند ان کے پاس ہونی چاہئے؟ اور امام کیلئے زکواۃ فدیہ، صدقہ قربانی کے چمڑے وغیرہ لیناجائز ہے یانہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم.....۱۹۷۳ء/۲/۱۲

الجواب: امام کیلئے کم ازکم مسائل وضوونماز سے خبردار ہوناضروری ہے﴿۲﴾ اور جب امام مسکین ہوتو اس کو زکواۃ، فدیہ، فطرانہ وغیرہ دیناجائز ہے جبکہ اجرت کی نیت سے نہ ہو﴿۳﴾ اور قربانی کے چمڑے غنی امام کو دینا بھی جائز ہے جبکہ اجرت کی نیت سے نہ ہو﴿۴﴾۔ وهو الموفق

﴿۱﴾ (الدرالمختار علی هامش ردالمحتار ص۴۱۳ جلد ۱ باب الامامة)

﴿۲﴾ قال العلامة الحصكفی رحمه الله: والاحق بالامامة تقدیما بل نصبا مجمع الانهر الاعلم باحكام الصلاة. (الدرالمختار علی هامش ردالمحتار ص ۴۱۲ جلد ۱ قبیل مطلب فی تكرار الجماعة فی المسجد باب الامامة)

﴿۳﴾ وفی الهندیه ولو نوی الزكاة بما یدفع المعلم الی الخلیفة ولم یستأجره ان كان الخلیفة بحال لو لم یدفعه یعلم الصبیان ایضا اجزأه والا فلا وكذا ما یدفعه الی الخدم من الرجال والنساء فی الاعیاد وغیرها بنیة الزكاة كذا فی معراج الدرایة.

(فتاویٰ عالمگیریه ص ۱۹۰ جلد ۱ الفصل السابع فی المصارف)

﴿۴﴾ وفی الهندیه: ولو ادخل جلد الاضحیه فی قرطالة او جعله جرابا ان استعمل الجراب فی اعمال منزله جاز ولو اجر لا یجوز وعلیه ان یتصدق بالاجر واما القرطالة ان استعملها فی منزله او اعار جاز الخ.

(فتاویٰ هندیه ص ۳۰۱ جلد۵ الباب السادس فی ما یستحب فی الاضحیة والانتفاع بها)

امام مسجد کو گالی گلوچ دینا اور یوم ندعوا کل اناس بامامھم کا مطلب

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک شخص اباء واجداد سے ایک مسجد میں چلا آرہا ہوا ایک شخص اس کے پیچھے نماز پڑھ کر اس کو بڑے لفظوں میں گالی گلوچ دیں اس شخص کا شریعت غراء میں کیا حکم ہے جبکہ پیش امام رسول اللہ ﷺ کے مصلی کا وارث ہوتا ہے، اسی طرح یوم ندعوا کل اناس بامامھم، الایة، قیامت کے دن اللہ تعالیٰ ہر قوم کے امام اور سردار کو بلائے گا، اس آیت کی رو سے اس شخص کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: مولوی عبدالرؤف

الجواب: واضح رہے کہ احادیث صحیحہ کی بنا پر اکرام مسلم ضروری ہے ﴿۱﴾ خصوصاً جبکہ امام ہو امام کے بے احترامی سے فساد اور بدنظمی پیدا ہوتی ہے اور قرآن مجید میں بامامھم سے امام الحی مراد نہیں ہے ﴿۲﴾

﴿۱﴾ عن ابن عمران رسول الله ﷺ قال المسلم اخو المسلم لا يظلمه ولا يسلمه ومن كان في حاجة اخيه كان الله في حاجته ومن فرج عن مسلم كربة فرج الله عنه كربة من كربات يوم القيمة ومن ستر مسلماً ستره الله يوم القيامة متفق عليه.

(مشكواة المصابيح ص ۴۲۲ جلد ۱ باب الشفقة والرحمة على الخلق)

عن ابی هريرة ان النبی ﷺ قال اذا عاد المسلم اخاه او زاره قال الله تعالیٰ طبت و طاب ممشاک وتبوأت من الجنة منزلا رواه الترمذی.

(مشكواة المصابيح ص ۴۲۶ جلد ۱ باب الحب فی الله ومن الله)

﴿۲﴾ قال الحافظ عماد الدين ابن كثير: يخبر تبارک وتعالیٰ عن يوم القيامة انه يحاسب كل امة بامامهم وقد اختلفوا في ذلک فقال مجاهد وقتاده بنبيهم وهذا كقوله تعالیٰ (ولكل امة رسول فاذا جاء رسولهم قضى بينهم بالقسط الاية) وقال بعض السلف هذا اكبر شرف لاصحاب الحديث لان امامهم النبی ﷺ وقال ابن زيد لكتابهم الذي انزل على نبيهم من التشريع واختاره ابن جرير وروى عن ابن ابی نجيح عن...... (بقيه حاشيه اگلے صفحه پر)

ایک جاہل امام کیلئے تعبیر کرنا کفر کو دعوت دینا ہے ﴿۳﴾۔ وھو الموفق

اجرت پر نماز پڑھنے والے امام اور مقتدیوں کی نماز درست ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ متاخرین فقہاء نے موذن یا امام کو وقت کی پابندی اور مستقل آنے جانے کی وجہ سے کچھ معاوضہ جائز قرار دیا ہے جو جواز اجرت کیلئے ایک سبب ہے تو اگر کسی موذن یا امام کی نیت میں یہ سبب جواز نہ ہو اور معاوضہ کو اذان اور امامت کا معاوضہ سمجھتے ہیں تو کیا ان کی اذان، نماز نیز مقتدیوں کی نماز درست ہوگی یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: اکرام الحق راولپنڈی.....۲/محرم ۱۳۹۲ھ

الجواب: نماز متقدمین اور متاخرین دونوں کے نزدیک درست ہے اختلاف اجرت کے جواز اور عدم جواز میں ہے، نعم ھو محروم من الثواب عند عدم الاحتساب ﴿۲﴾. فقط

(بقیہ حاشیہ) مجاھد انه قال: بکتبھم فیحتمل ان یکون اراد ھذا وان یکون اراد ما رواہ العوفی عن ابن عباس فی قولہ (یوم ندعوا کل اناس بامامھم) ای بکتاب اعمالھم وکذا قال ابو العالیة والحسن والضحاک وھذا القول ھو الارجح لقولہ تعالیٰ وکل شئ احصیناہ فی امام مبین الخ. (تفسیر ابن کثیر ص۴۳ جلد۳ سورۃ بنی اسرائیل آیت ۷۱)

﴿۱﴾ عن ابن عباس قال قال رسول اللہ ﷺ من قال فی القرآن برأیه فلیتبوأ مقعدہ من النار وفی روایة من قال فی القرآن بغیر علم فلیتبوأ مقعدہ من النار رواہ الترمذی وعن جندب قال قال رسول اللہ ﷺ من قال فی القرآن برأیه فاصاب فقد اخطأ رواہ الترمذی وابو داؤد. (مشکواۃ المصابیح ص ۳۵ جلد ۱ کتاب العلم الفصل الثانی)

﴿۲﴾ قال العلامه ابن عابدین: (قولہ ولا لاجل الطاعات) الاصل ان کل طاعة یختص بھا المسلم لا یجوز الاستئجار علیھا عندنا لقولہ علیه السلام اقرؤا القرآن ولا تاکلوا به وفی آخر ما عھد رسول اللہ ﷺ الی عمرو بن العاص وان اتخذت موذنا فلا ناخذ علی الاذان اجرا ولان القربة متی حصلت وقعت عن العامل وھذا تتعین اھلیته فلا یجوز له اخذا لاجرۃ من غیرہ کما فی الصوم والصلاۃ ھدایة، (قولہ ویفتی الیوم بصحتھا لتعلیم القرآن)..... (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

امام موجود نہ ہو تو دوسرا شخص امام کی اجازت کے بغیر امامت کرے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ نماز با جماعت کا وقت پورا ہو چکا ہے اور امام صاحب موجود نہیں ہے تو امام صاحب کی اجازت کے بغیر ہم لوگ جماعت کر سکتے ہیں یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی علی اکبر پٹن کلاں ازاد کشمیر

الجواب: جب امام موجود نہ ہو تو دوسرا شخص امامت کرے گا، ﴿۱﴾ اگرچہ امام کی اجازت کے بغیر ہو، حدیث اور فقہ دونوں میں یہ حکم مروی ہے۔ وھو الموفق

(بقیہ حاشیہ) قال فی الهداية وبعض مشايخنا رحمهم الله تعالیٰ استحسنوا الاستئجار علی تعليم القرآن لظهور التوانی فی الامور الدينية ففی الامتناع تضيع حفظ القرآن وعليه الفتویٰ، وقد اقتصر علی استثناء تعليم القرآن ايضا فی متن الكنز ومتن مواهب الرحمن وكثير من الكتب وزاد فی مختصر الوقاية ومتن الاصلاح تعليم الفقه وزاد فی متن المجمع الامامة ومثله فی متن الملتقی ودرر البحار وزاد بعضهم الاذان والاقامة والوعظ وذكر المصنف معظمها ولكن الذی فی اكثر الكتب الاقتصار علی ما فی الهداية فهذا مجموع ما افتی به المتاخرون من مشايخنا وهم البلخيون علی خلاف فی بعضه مخالفين ما ذهب اليه الامام وصاحباه وقد اتفقت كلمتهم جميعا فی الشروح والفتاویٰ علی التعليل بالضرورة وهی خشية ضياع القرآن كما فی الهداية وقد نقلت لک ما فی مشاهير متون المذهب الموضوعة للفتویٰ فلا حاجة الی نقل ما فی الشروح والفتاویٰ وقد اتفقت كلمتهم جميعا علی التصريح باصل المذهب من عدم الجواز ثم استثنوا بعده ما علمته فهذا قاطع وبرهان ساطع علی ان المفتی به ليس هو جواز الاستئجار علی كل طاعة بل علی ماذكره فقط.

(ردالمحتار هامش الدر المختار ص۳۸ جلد ۱ مطلب فی الاستئجار علی الطاعات كتاب الاجارة)

﴿۱﴾ قال الحصكفی واعلم ان صاحب البيت ومثله امام المسجد الراتب اولیٰ بالامامة من غيره مطلقا وقال ابن عابدين ای وان كان غيره من الحاضرين من هو اعلم واقرأ منه وفی التتارخانية جماعة اضياف فی دار يريد ان يتقدم احدهم ينبغی ان يتقدم المالک فان قدم واحدا منهم لعلمه وكبره فهو افضل واذا تقدم احدهم جاز لان الظاهر ان المالک ياذن لضيفه اكراماله. (الدر المختار مع ردالمحتار ص ۴۱۳ جلد ۱ باب الامامة)

بانی مسجد جب امام مقرر ہو تو دوسرے شخص کی امامت کا کیا حکم ہے؟

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک قوم نے برضا ورغبت بانی مسجد کو امام مسجد مقرر کیا، اور اس پر عرصہ گزر گیا اب اس امام کے معزز ہونے کی وجہ سے بعض مقتدیوں نے حسد شروع کیا حالانکہ اس میں ایسا کوئی عیب نہیں ہے جو مانع اقتدا ہو اب قوم حسد کی وجہ سے دوسرے شخص کے پیچھے اقتدا کرتے ہیں تو کیا اس دوسرے امام کے پیچھے اقتدا صحیح ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: خلیل الرحمٰن انور ادینہ ضلع صوابی.....۱۹۷۴ء/۷/۱۶

الجواب: مسجد کا بانی بنسبت قوم کے الیق بالامامت والولایت ہے، کما فی الشرح الکبیر ص ۵۷۱ رجل بنی مسجداً وجعله لله تعالیٰ فهو احق بمرمته وعمارته ...... والامامة فیه ان کان اهلا لذالک...... وکذا ولد البانی انتهیٰ: بحذف یسیر﴿۱﴾ وبمعناه فی خلاصة الفتاویٰ ص ۴۲۱ جلد۴ ﴿۲﴾ لہٰذا باوجود سابق امام کے اس دوسرے امام کی امامت ظلم ہے۔ وهو الموفق

جماعۃ النساء میں تحقیق سے جواز بلا کراہیت معلوم ہوتا ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ مستورات نماز تراویح باجماعت پڑھ سکتی ہیں؟ کہ ایک لڑکی حافظہ امامت کرائیں اور دو چار لڑکیاں مقتدی بن جائیں کیا یہ جائز ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالصبور صاحب بنوں.....۱۹۷۴ء/۱۰/۱۱

﴿۱﴾ (غنیة المستملی شرح منیة المصلی ص۵٦۷ فصل فی احکام المسجد)

﴿۲﴾ قال العلامه طاهر بن عبد الرشید رجل بنیٰ مسجداً فی سکه فنازعه بعض اهل السکة فی عمارته او نصب المؤذن والامام فالمختار ان البانی اولیٰ وفی العمارة اولیٰ بالاتفاق.

(خلاصة الفتاویٰ ص ۴۲۱ جلد۴ الفصل الرابع فی المسجد واوقافه ومسائله)

الجواب: فقہاء کرام نے جماعۃ النساء کومکروہ تحریمی قرار دیا ہے، کما فی الدرالمختار ویکرہ تحریما جماعة النساء ولو فی التراویح ﴿۱﴾ (ھامش ردالمحتار ص ۳۸۰ جلد ۱) وفی الھندیہ ص ۸۹ جلد ۱ ویکرہ امامة المرأة للنساء فی الصلوٰت کلھا من الفرائض والنوافل الا فی صلوة الجنازة ھکذا فی النھایہ ﴿۲﴾ لیکن تحقیق سے جواز بلا کراہیت معلوم ہوتا ہے، کما قال العلامة اللکھنوی فی عمدة الرعایة علی ھامش شرح الوقایہ (۱۷۲ جلد ۱) ان الحق عدم الکراھة وقد امت بھن ام سلمة وعائشة فی التراویح وفی الفرض کما اخرجه ابن ابی شیبة وغیرہ. وامت ام ورقة فی عھد النبی ﷺ بامرہ کما اخرجه ابوداؤد انتھیٰ ما فی العمدة ﴿۳﴾ قلت ما قالوا انھا منسوخة فضعیف من وجھین عدم تحقیق الناسخ وکذا فعل امھات المؤمنین ایاھا بلا نکیر کما مر فی کلام المحقق وکذا انکر ابن الھمام تحقق الناسخ، ولو قالوا انھا مخصوصة بام ورقة قلنا لا یصح دعوی الخصوصیة ایضا لانھا فعلتھا امھات المؤمنین رضی اللہ عنھم بعد وفاته قلت والاوجه عندی ان یحمل الکراھة علی الخروج الی المسجد للجماعة. وھو الموفق

جس کی بیوی اغوا کی گئی ہو ایسے مظلوم کی اقتدا وامامت درست ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ زید کی منکوحہ کسی نے اغوا کرلی ہے اب زید کی امامت اوراس کے پیچھے اقتدا صحیح ہے یانہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: ڈھیران گل مندوخیل خوڑہ نظام پور پشاور......۱۹۷۷ء/۹/۵

﴿۱﴾ (الدرالمختار علی ھامش ردالمحتار ص ۴۱۸ جلد ۱ مطلب ھل الاساءة دون الکراھة او افحش منھا باب الامامة)

﴿۲﴾ (فتاویٰ عالمگیریہ ص ۸۵ جلد ۱ الفصل الثالث فی بیان من یصلح اماما لغیرہ)

﴿۳﴾ (عمدة الرعایة ھامش شرح الوقایة ص ۱۷۶ جلد ۱ فصل فی الجماعة)

الجواب: مظلوم کے پیچھے اقتدا کرنا مکروہ نہیں ہے البتہ ظالم کے پیچھے اقتدا کرنا مکروہ ہے ﴿۱﴾ لکونه فاسقا فاجراً ﴿۲﴾ بل یکفر عند الاستحلال ﴿۳﴾. وهو الموفق

مسجد اور امامت میں دعویٰ کرنے والے غلط خوان کی امامت

سوال: ایک امام مسجد ہے جو حروف کے مخارج اور صفات بالکل نہیں جانتے جبکہ اس مسجد میں پہلے اس کا والد امام تھا، جب والد مرگیا تو اس نے مصلّی پر قبضہ کرلیا، اور محلّہ والوں نے باقاعدہ اسے امام نہیں بنایا ہے لیکن محلّہ کی اکثریت اس کے پیچھے نماز پڑھتی ہے مگر بعض لوگ اس کے خلاف ہیں امام کہتا ہے کہ یہ مصلّی اور امامت ہماری وراثت ہے اور سیری (زمین) بھی ہماری ہے چونکہ یہ مسجد ان کی جائیداد میں بنی ہوئی ہے اور سینکڑوں سال پہلے سے موجود ہے لہٰذا اس امام کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم......۳/ ربیع الاول ۱۴۰۳ھ

﴿۱﴾ عن ابی هريرة قال قال رسول اللهﷺ المسلم اخو المسلم لا يظلمه ولا يخذله ولا يحقره...... كل المسلم على المسلم حرام دمه وماله وعرضه رواه مسلم.

(مشكواة المصابيح ص ۴۲۲ جلد ۲ باب الشفقة والرحمة على الخلق)

﴿۲﴾ قال العلامة الحصكفي رحمه الله: ويكره امامة عبد وفاسق قال ابن عابدين: تكره امامته بكل حال بل مشى في شرح المنية على ان كراهة تقديمه كراهة تحريم.

(ردالمحتار مع الدرالمختار ص ۴۱۴ جلد ۱ مطلب البدعة خمسة اقسام باب الامامة)

﴿۳﴾ قال العلامة ابن عابدين: لكن في شرح العقائد النسفية استحلال المعصية كفر اذا ثبت كونها معصية بدليل قطعي وعلى هذا تفرع ما ذكر في الفتاوىٰ من انه اذا اعتقد الحرام حلالا فان كان حرمته لعينه وقد ثبت بدليل قطعي يكفر والا فلا بان تكون حرمته لغيره او ثبت بدليل ظني وبعضهم لم يفرق بين الحرام لعينه ولغيره وقال من استحل حراما قد علم في دين النبي عليه السلام تحريمه كنكاح المحارم فكافر.

(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۲۹ جلد ۲ مطلب استحلال المعصية القطعية كفر)

الجواب: مسجد اور امامت میں حصص ارث جاری نہیں ہوتے، البتہ اگر سابق امام کا بیٹا غلط خوان نہ ہو تو مصلحتاً اور ہمت افزائی کے ارادہ سے اس کو امام بنایا جائے گا ﴿۱﴾ اور غلط خوان ہونے کی صورت میں اس تعمیر کنندہ یا وقف کنندہ کے بیٹے کی رائے سے دیگر امام مقرر کیا جائے گا ﴿۲﴾ (ماخوذ از کبیری، خلاصۃ الفتاویٰ والشامیۃ) . وھو الموفق

خطابت وامامت میں وراثت جاری نہیں ہوتی

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک جامع مسجد اوقاف بورڈ کی تحویل میں ہے انہوں نے اس میں زید کو باتنخواہ خطیب مقرر کیا چند سال بعد زید فوت ہوا بورڈ نے اس میں دوسرا خطیب عمر مقرر کیا جو کہ فاضل دیوبند وڈابھیل ہے اور تین مدارس اسلامیہ کا مہتمم ہے نیز معمر مقرر عالم مدرس ہے اب زید کا نوجوان بیٹا بکر جو عالم نہیں ہے بلکہ ایک مقامی مدرسہ میں محرر تھا، وہ کہتا ہے کہ چونکہ میرا باپ اس جامع مسجد میں خطیب تھا اسلئے یہ میرا حق ہے اور مجھے وراثت میں دی جائے اور میری زندگی میں اوقاف بورڈ دوسرا خطیب مقرر نہیں کر سکتا کیا واقعی خطابت وامامت میں وراثت جاری ہوتی ہے؟ بکر اور عمر میں زیادہ مستحق کون ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: سید احمد شاہ چارسدہ.....۱۹۷۲ء/۱۱/۲۸

﴿۱﴾ قال العلامة ابن عابدين رحمه الله: واذ مات احد من اهلها توجه على ولده فان لم يخرج على طريقة والده يعزل وتوجه للاهل.

(ردالمحتار ۳۰۸ جلد۳ مطلب تحقيق مهم فى توجيه الوظائف للابن فصل فى الجزية)

﴿۲﴾ قال العلامه الحلبى: رجل بنىٰ مسجدا وجعله لله فهو احق بمرمته وعمارته وبسط البوارى والحصير والقناديل والاذان والاقامة والامامة فيه ان كان اهلا لذلك وان لم يكن فالرائ فى ذلك اليه وكذا ولد البانى وعشيرته من بعده اولىٰ من غيرهم.

(غنية المستملى شرح الكبير ص۵۶۷ فصلى فى احكام المسجد)

(ومثله فى خلاصة الفتاوىٰ ص ۴۲۱ جلد۴ الفصل الرابع فى المسجد واوقافه ومسائله)

الجواب: اگر خطیب کا بیٹا فرض منصبی کے ادائیگی کا اہل ہو﴿۱﴾ اور اس کے نائب بنانے میں خدمت دین کی توقع موجود ہو تو اعانت اور حوصلہ افزائی کے طور پر اس کو نائب بنایا جائے گا، اور اگر یہ بیٹا نااہل ہو اور خدمت دین کی اس کی ذات سے توقع نہ ہو تو اس کو نائب نہیں بنایا جائے گا (فلیراجع الی ردالمحتار ص۳۸۸ جلد۳) . وھوالموفق

امام کو گالیاں دینے اور حقارت کی نگاہ سے دیکھنے کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک امام ہے اور قوم اس کو حقارت کی نگاہ سے دیکھتی ہے بلکہ بعض اوقات امام کو گالی دینے بلکہ اس سے بھی زیادہ سے گریز نہیں کرتی پیش امام کو ان سب چیزوں کا علم ہوتا ہے لیکن وہ دنیوی مفاد کی خاطر اغماض کرتے ہیں اور پاؤں جما کر مصلی چھوڑنے کو تیار نہیں، سوال یہ ہے کہ ایسی قوم کی نماز ایسے پیش امام کے پیچھے جس کو حقارت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں شرعاً درست ہے یا نہیں؟ اور ایسے امام کیلئے امامت نہ چھوڑنا درست ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: حاجی عبدالجبار لاہور خورد......۱۲/صفر ۱۳۹۲ھ

﴿۱﴾ قال العلامہ ابن عابدین: نعم قال الحموی فی رسالته وقد ذکر علماء نا انه یفرض لاولادھم تبعاً ولا یسقط بموت الاصل ترغیبا وذکر العلامة المقدسی ان اعطاء ھم بالاولیٰ لشدة احتیاجھم سیما اذا کانوا یجتھدون فی سلوک طریق آبائھم...... اذا مات من له وظیفة فی بیت المال لحق الشرع واعزاز الاسلام کاجر الامامة والتأذین وغیر ذلک ممافیه صلاح الاسلام والمسلمین وللمیت ابناء یراعون ویقیمون حق الشرع واعزاز الاسلام کما یراعی ویقیم الاب فللامام ان یعطی وظیفة الاب لابناء المیت لا لغیرھم لحصول مقصود الشرع وانجبار کسر قلوبھم...... واذا مات احد من اھلھا توجه علی ولده فان لم یخرج علی طریقة والده یعزل عنھا وتوجه للاھل. (ردالمحتار ھامش الدرالمختار ص۳۰۷، ۳۰۸ جلد۳ مطلب من له وظیفة توجه لولد من بعده فصل فی الجزیة)

الجواب: مسلمان اور بالخصوص پیش امام کو گالیاں دینا فسق وفجور ہے، لحدیث رواہ مسلم سباب المسلم فسوق ﴿۱﴾، نیز عرفا بھی ناجائز اور موجب ملامت ہے لیکن باوجود اس کے اس قوم کی اقتدا اس امام کے پیچھے درست ہے، لوجود شرائط الاقتداء وعدم الموانع ﴿۲﴾ اور اگر یہ امام مجبور اور محتاج نہ ہو تو اس کیلئے یہ امامت چھوڑنا بہتر ہے کیونکہ اپنے آپ کو ذلیل کرنا اور کرانا شرعاً مذموم ہے۔ وھو الموفق

مندرجہ سوال اوصاف سے موصوف شخص کو امام مقرر کرنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک شخص درجہ ذیل اوصاف اور عقائد رکھنے والا ہے۔ (۱) کہتا ہے کہ جو شخص امام کی اقتدا میں فاتحہ نہ پڑھے وہ گمراہ ہے اس کی نماز صحیح نہیں۔ (۲) زکواۃ لینے والے کیلئے تقویٰ اور کسی بستی کا نمبردار ہونا ضروری ہے۔ (۳) بیٹا جو اپنے والد سے جدا ہو جائے زکواۃ یا فطرانہ دے سکتا ہے۔ (۴) اپنے محلے کی مسجد کے متعلق کہتا ہے کہ یہ محراب اور مسجد میرے والد کی ذاتی ملکیت ہے۔ (۵) سود اور انتفاع بالمرہونہ کو جائز سمجھتا ہے۔ کیا ایسے شخص کو امام مقرر کرنا جائز ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالعزیز اوگی مانسہرہ

﴿۱﴾ (الصحیح المسلم ص ۵۸ جلد ۱ باب بیان قول النبی ﷺ سباب المسلم فسوق وقتاله كفر كتاب الايمان)

﴿۲﴾ وفی منهاج : (قوله رجل ام قوما وهم له كارهون) قال ابن الملک لبدعته او فسقه او جهله اما اذا كان بينه وبينهم كراهة عداوة بسبب امر دنيوى فلا يكون له هذا الحكم، وقال القطب الجنجوهی جملة الامر انه لو كان فيه مايوجب كراهة شرعا اعتبرت كراهة وان لم يكرهه احد، وان لم يكن فيه ذلک شرعا لم يعتبر فيه كراهة من كرهه وان كرهه الكل.
(منهاج السنن شرح جامع السنن ص ۲۴۰ جلد ۲ باب ماجاء من ام قوماً وهم له كارهون)

الجواب: یہ شخص فرقہ سلفیہ سے معلوم ہوتا ہے اس کو حنفیہ کا امام مقرر کرنا موجب فساد اور موجب فتنہ ہے ایسے شخص کیلئے ضروری ہے کہ وہ سلفیہ کا امام بنے ﴿۱﴾۔ وهو الموفق

محکمہ اوقاف ڈیوٹی سے معذور ملازم کو گزر اوقات کیلئے مراعات دیا کریں

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہمارے محلہ کی مسجد کا پیش امام وخطیب بہت بوڑھے ہو چکے ہیں جو کئی ماہ سے صاحب فراش ہے جمعہ اس کا لڑکا پڑھاتا ہے بعض نمازیں بھی پڑھاتا ہے کیا اس امام کیلئے جو ڈیوٹی سے غیر حاضر ہے محکمہ اوقاف سے تنخواہ لینا جائز ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد علی نوشہرہ صدر......۱۲/نومبر ۱۹۸۷ء

الجواب: محکمہ اوقاف کیلئے ضروری ہے کہ مذکورہ قدیم معذور امام کو مراعات دیا کریں اور ایسے امام کے اہل اولاد میں سے کسی ایک کو جدید امام منتخب کرے تاکہ قوم کے ذریعہ معاد (نماز باجماعت) کو کسی کے ذریعہ معاش کے خطرہ کی وجہ سے نقصان لاحق نہ ہو ﴿۲﴾۔ وهو الموفق

﴿۱﴾ قال ابن عابدين: ومما يزيد ذلك وضوحاما صرحوا به في كتبهم متونا وشروحا من قولهم ولا تقبل شهادة من يظهر سب السلف...... وقال ابن ملك في شرح المجمع وترد شهادة من يظهر سب السلف لانه يكون ظاهر الفسق...... وقال الزيلعي او يظهر سب السلف يعني الصالحين منهم وهم الصحابة والتابعون لان هذه الاشياء تدل على قصور عقله وقلة مروءته .

(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۳۲۱ جلد۲ مطلب مهم في حكم سب الشيخين)

﴿۲﴾ قال ابن عابدين: اذا مات من له وظيفة في بيت المال لحق الشرع واعزاز الاسلام كاجر الامامة والتأذين وغير ذلك مما فيه صلاح الاسلام والمسلمين وللميت ابناء يراعون ويقيمون حق الشرع واعزازالاسلام كما يراعي ويقيم الاب فللامام ان يعطي وظيفة الاب لابناء الميت لا لغيرهم لحصول مقصود الشرع وانجبار كسرقلوبهم......واذا مات احد من اهلها توجه على ولده فان لم تخرج على طريقة والده يعزل عنها وتوجه للاهل.

(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص۳۰۷، ۳۰۸ جلد۳ فصل في الجزية)

حاصلات امامت میں حصہ مانگنے کیلئے والدہ کا بیٹے کو عاق کرنا امامت کیلئے ضرر رساں نہیں

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک آدمی کا والد فوت ہوا ہے اور والدہ، دو بہن اور تین بھانجے اس کے ذمہ رہ گئے ہیں اس آدمی نے والدہ اور بہنوں کو جائیداد میں حصہ بھی دیا ہے اب امامت کے جو حاصلات ہیں اس میں ان کا حصہ بنتا ہے یا نہیں؟ باوجودیکہ گاؤں کے معززین اور ممبران نے اس آدمی پر تین ہزار پانچ سو روپیہ رکھ دیئے کہ اپنی والدہ کو دیدیں اب اس آدمی کی بہن اور بھانجے والدہ کو بڑھکاتے ہیں کہ اپنے بیٹے کو عاق کردیں اور ساتھ یہ بھی کہدیں کہ میں تم کو دودھ نہیں بخشتی کیا ان الفاظ سے یہ آدمی عاق ہوگا یا نہیں؟ اب عوام بھی بگڑ گئے ہیں کہ ان کو والدہ نے عاق کردیا ہے لہٰذا اس کے پیچھے اقتدا درست نہیں کیا واقعی ان کی اقتدا درست نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: سید روخان شکر پورہ پشاور......۲۹/ ذی الحجہ ۱۴۰۹ھ

الجواب: منصب امامت کوئی جائیداد نہیں ہے اور نہ ترکہ ہے حتی کہ اس میں والدہ کا حصہ بھی ہو یہ محض خلافت ہے البتہ اگر اس شخص کے والد کو کوئی ملکانہ بطور ملک کے دیا گیا ہو تو اس میں ورثہ کا حصہ ہوگا، اور اگر یہ ملکانہ بطور ملک کے نہ دیا گیا ہو اور اوقاف مسجد سے ہو تو اس میں ماسوائے موجودہ امام کے دیگراں (اس امام کی والدہ وہمشیرہ گان) کا کوئی حق نہیں ہے۔

ملاحظہ:......صورت اولیٰ کی تقدیر پر والدہ کی ناراضگی برمحل ہے اور صورت ثانیہ کی تقدیر پر بے محل ہے ﴿۱﴾ اور یہ بیٹا عاق نہیں ہے۔ وھو الموفق

﴿۱﴾ قال العلامہ ملا علی قاری: (قولہ عقوق الوالدین) ای قطع صلتھما ما خوذ من العق وھو الشق والقطع والمراد عقوق احدھما قیل ھو ایذاء لا یتحمل مثلہ من الولدعادۃ وقیل عقوقھما مخالفۃ امرھما فیما لم یکن معصیۃ.

(ھامش مرقاۃ علی المشکواۃ المصابیح ص ۱۷ جلد ۱ باب الکبائر وعلامات النفاق)

و فی منھاج السنن: (قولہ عقوق الوالدین) ای قطع صلتھما...... (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

مفقود الزوجہ امام کے پیچھے نماز پڑھنا درست ہے

سوال: ایسا امام جو مفقود الزوجہ ہو کے پیچھے نماز پڑھنا صحیح ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم......۱۹۷۶ء/۲/۲۷

الجواب: امام مفقود الزوجہ کے پیچھے نماز پڑھنا (اقتدا کرنا) کسی امام کے نزدیک ممنوع نہیں ہے ﴿۱﴾۔ وھو الموفق

شادی میں غیر شرعی رسومات اور عہد شکنی کرنے والے امام کو معزول کرنا مناسب ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ موضع پٹیال میں تمام اشخاص نے باہم یہ حلف لیا تھا، کہ شادی میں غیر شرعی رسومات مثلاً ڈھول باجا، گانا بجانا، ناچنا وغیرہ نہیں کیا جائے گا اگر کوئی اس عہد کی خلاف ورزی کرے گا تو اس کے ساتھ نشست و برخاست اور کھانا پینا ترک کیا جائے گا تقریباً پانچ سال تک تمام لوگ اس عہد پر پابند رہے لیکن ہمارے امام مسجد نے اس عہد کو توڑا اور گانا بجانا کیا ان کو دیکھ کر ایک اور شادی میں بھی اسی طرح ہوئی اور گانے بجانے کے ساتھ مغنیہ عورتوں کو بھی مدعو کی گئیں

(بقیہ حاشیہ) وایذاء هما وملخصه ارتکاب امر یوذیهما ولا یتحمل مثله من الولد، والعقوق حرام الا اذا کان فی طاعتهما معصیة الخالق او کان فیها تغیر الشرع، والعاق فاسق فیجری علیه ما یجری علی الفاسق.

(منهاج السنن شرح جامع السنن ص ۳ جلد ۲ باب ماجاء فی التغلیظ فی الکذب والزور)

﴿۱﴾ وفی منهاج السنن: (قوله رجل ام قوما وهم له کارهون) قال ابن الملک لبدعته او فسقه او جهله اما اذا کان بینه وبینهم کراهة عداوة بسبب امر دنیوی فلا یکون له هذا الحکم وقال القطب الجنجوهی جملة الامر انه لو کان فیه مایوجب کراهته شرعا اعتبرت کراهة وان لم یکن یکرهه احد، وان لم یکن فیه ذلک شرعا لم یعتبر فیه کراهة من کرهه وان کرهه الکل.

(منهاج السنن شرح جامع السنن ص ۲۴۰ جلد ۲ باب ماجاء من ام قوما وهم له کارهون)

اور سب کے سامنے نچوائی گئیں اس امام مسجد نے اس کا بائیکاٹ بھی نہیں کیا اور نکاح کیلئے چلے گئے، اب اس امام کا کیا حکم ہے کہ اس کی امامت جائز ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم......مانسہرہ

الجواب: اگر عام لوگ امام کے معاون اور امام سے مدافعت کرنے والے نہ ہوں امام کو اکیلے چھوڑنے والے ہوں تو ایسے بے حمیت اور عہد شکن امام کو معزول کرنا مناسب ہے﴿۱﴾۔ وھو الموفق

مودودی گروپ والوں کی امامت کے لحاظ سے اقسام

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ مودودی عقائد رکھنے والے کے پیچھے نماز جائز ہے یا نہیں؟ اگر ایک شخص جماعت اسلامی اور مولانا مودودی صاحب کی کتب ورسائل تقسیم کر رہا ہے اور لوگوں کو دعوت دیتا ہے کہ اس پارٹی میں شامل ہو جاؤ مگر وہ یہ کام صرف ضد کی وجہ سے کرتا ہے اور مودودی عقائد کو نہیں مانتے تو اس کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: شیر علی خان پشاور......۱۹۸۴ء/۱۰/۱۴

الجواب: جماعت اسلامی (مودودی گروپ) کے افراد تین قسم کے ہیں اول وہ لوگ جو کہ مودودی صاحب کے تفردات کو حق سمجھتے ہیں دوم وہ جو کہ ان تفردات کو حق نہیں سمجھتے لیکن ان کی طرف غلط نسبت کرنے والوں کی مدافعت کرتے ہیں سوم وہ جو صرف سیاسی امور میں شریک ہیں مدافعت ومداہنت سے پاک ہیں۔ قسم اول کے پیچھے اقتدا ممنوع ہے، قسم دوم کی اقتدا مکروہ ہے، اور قسم سوم کی اقتدا دیگر غیر اسلامی (سیکولر) پارٹیوں کی طرح (مسلم لیگ، نیشنل) وغیرہ کا حکم رکھتا ہے۔ وھو الموفق

﴿۱﴾ قال العلامہ ابن عابدین: وعند الحنفية ليست العدالة شرطا للصحة فيصح تقليد الفاسق الامامة مع الكراهة واذا قلد عدلا ثم جار وفسق لا ينعزل ولكن يستحب العزل ان لم يستلزم فتنه...... ويعزل به اى بالفسق لو طرأ عليه والمراد انه يستحق العزل كما علمت آنفا ولذا لم يقل ينعزل. (ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۴۰۵ جلد ۱ باب الامامة)

امام مسجد کو بلاوجہ معزول کرنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ زید ایک گاؤں میں آٹھ نو سالوں سے پیش امام تھا، بغیر عذر شرعی کے گاؤں کے لوگوں نے اس کو جبراً معزول کیا اور اس کے جگہ عمرو جو گاؤں کے ملک کا رشتہ دار ہے کو پیش امام بنایا، سوال یہ ہے کہ اس صورت میں عمرو کی امامت جائز ہے یا نہیں؟ اور سال کے دوران کی فصل عمرو کی ہوگی یا زید کی؟ بینوا توجروا

المستفتی: فضل رحمٰن پیش امام باجوڑ

الجواب: (الف) بلاوجہ امام کو امامت سے معزول کرنا اگر چہ گناہ ہے لیکن نافذ ہوگا، جبکہ اہل حل وعقد کی طرف سے ہو، نظیرہ العزل عن الامامة الکبریٰ بالتغلیب (من الاشباہ والنظائر ص ۴۰۲) ان الامام لیس له ان یخرج شیأ من ید الا بحق ثابت معروف. فافهم

(ب) جس امام کیلئے سالانہ اجرت مقرر کی گئی ہو تو دوران سال معزول ہونے کی صورت میں مقدار عمل کی اجرت کا مستحق ہوگا، نظیرہ ما فی ردالمحتار ص۵۷۷ جلد۳ ان المدرس لو مات او عزل فی اثناء السنة قبل مجیئی الغلة وظهورها من الارض یعطی بقدر ما باشر و یصیر میراثا عنه کالاجیر اذا مات فی اثنا المدة﴿۱﴾. وهو الموفق

مسئلہ تنسیخ نکاح کے منکر کی امامت جائز ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک شخص نے اپنی بیوی کو عدالت کی بار بار تنبیہات کے وجود آباد نہیں کیا اور کیس کی پیروی بھی نہیں کرتا بالآخر عدالت نے تنسیخ نکاح کی ڈگری جاری کر دی بندہ نے دیوبند، سہارنپور، دہلی، کراچی، ملتان، اکوڑہ خٹک

﴿۱﴾ (ردالمحتار هامش الدر المختار ص۴۵۷ جلد۳ مطلب فیما لو مات المدرس او عزل قبل مجئی الغلة کتاب الوقف)

وغیرہ سے استفتاءات کئے کہ بصورت مذکورہ شرعاً طلاق ہوئی یا نہیں، تو سب نے لکھا کہ طلاق ہوئی ہے اور عدت کے بعد دوسری جگہ نکاح جائز ہے تو بندہ نے دوسری جگہ نکاح پر دیا، اب ہمارے امام مسجد نے کہا کہ تنسیخ نکاح ہمارے مذہب میں نہیں ہے، لہٰذا یہ دوسرا نکاح حرام ہے اب استفتاء یہ ہے کہ جب مفتیوں نے فتویٰ دیا اور بعد عدت کے جائز سمجھ کر نکاح کیا تو اس کو حرام کہنے والے کے پیچھے شرعاً نماز مکروہ ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم......

الجواب: اگر ضرورت شدیدہ (مثلاً عصمت کا ڈر یا نفقہ کا عدم انتظام) کی بنا پر یہ فسخ ہوا ہو تو یہ فسخ اور حاکم کا طلاق دینا صحیح ہے اور عدت کے بعد نکاح جائز ہے ﴿۱﴾ اور اس کو غلط سمجھنے والا مولوی غلطی پر ہے اس کے پیچھے اقتدا کرنے میں کوئی نقصان نہیں ہے کیونکہ یہ مولوی اصل مذہب کی بنا پر حق بہ جانب ہے اگر چہ جم غفیر کے فتویٰ پر بے اعتمادی کرنے سے غلطی پر ہے۔ وھو الموفق

شریعت میں امام وخطیب کیلئے ریٹائیرمنٹ یعنی معزولی کا تعین

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک عالم دین کیلئے درس وتدریس، امامت وخطابت کے سلسلہ میں شرعاً عمر کی قید کتنی ہے کیا شریعت نے کوئی قید مقرر کی ہے کہ فلاں عمر تک فرائض دینیہ سرانجام دینے کے بعد اسے ریٹائیرمنٹ دی جائے گی، مثلاً ایسے علماء کرام جو اوقاف کے ملازمین ہیں شرعاً کتنی مدت عمر تک اس کام کے لائق رہتے ہیں شرعاً عمر کی جو قید ہو واضح فرمادیں۔ بینوا توجروا

المستفتی: حمید الرحمٰن عابد قادری انوار الاسلام بھگوان بازار لاہور..... ۱۲/ صفر ۱۳۹۲ھ

الجواب: قواعد کی بنا پر خطباء اور ائمہ کا عزل درست نہیں ہے جب تک فرائض کی بجا آوری

﴿۱﴾ (حیلہ ناجزہ للشیخ اشرف علی التھانوی ص ۲۹ جز دوم تفریق الزوجین بحکم حاکم)

کر سکتے ہوں مگر عجز کے وقت نیز شرائط کے وقت عزل درست ہے،لعموم الحدیث المسلمون عند شروطهم او کما قال (الحدیث) ﴿۱﴾. وهو الموفق

امام مسجد کو گالی دینا فسق ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک شخص عرصہ چھ سال تک امام مسجد کے پیچھے نماز پڑھتا رہا، اب ایک پارٹی میں شمولیت کی بنا پر عرصہ چھ سال سے نماز پڑھنی چھوڑ دی اور علی الاعلان امام مسجد کے متعلق کہتا ہے کہ اس امام کے پیچھے نماز پڑھنی ایسی ہے جیسا کہ ایک گدھے کے پیچھے بلکہ اس سے بھی بدتر، اس شخص کیلئے ازروئے شرع محمدی ﷺ کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: مولوی امیر زمان قلندر آباد ہزارہ......۱۹۷۲ء/۱۱/۱۲

الجواب: بشرط صدق مستفتی یہ شخص فاسق اور لائق تعزیر ہے، قال رسول الله ﷺ سباب المسلم فسوق ﴿۲﴾ (رواه مسلم) (والتفصیل فی ردالمحتار ص ۲۰۲ جلد۳) ﴿۳﴾ . وهو الموفق

﴿۱﴾ قال ابن سیرین اذا قال بعه بکذا و کذا فما کان من ربح فهو لک او بینی وبینک فلا بأس به وقال النبی ﷺ المسلمون عند شروطهم.

(الجامع الصحیح للبخاری ص ۳۰۳ جلد ۱ باب اجرا لسمسرة کتاب الاجارة)

﴿۲﴾ (الصحیح المسلم ص ۵۸ جلد ۱ باب بیان قول النبی ﷺ سباب المسلم فسوق وقتاله کفر کتاب الایمان)

﴿۳﴾ قال العلامة الحصکفی رحمه الله: لا یعذر بیاحمار یا خنزیر یا کلب یاتیس یا قرد یا ثور یا بقر یا حیة واستحسن فی الهدایة التعزیر لو المخاطب من الاشراف وتبعه الزیلعی وغیره. (الدر المختار هامش ردالمحتار ص ۲۰۲ جلد ۳ مطلب فی الجرح المجرد باب التعزیر)

غلط قرأت کرنے والے کی امامت مکروہ ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک امام صاحب قرأت میں درجہ ذیل غلطیاں کرتا ہے اس کی اقتدا مکروہ ہے یا نہیں؟

(۱)صراط المستقیم میں صاد کو زبر کے ساتھ پڑھتا ہے۔(۲)غیر المغضوب میں راء مکسورہ کو مفتوحہ یعنی زبر کے ساتھ پڑھتا ہے۔(۳)سمع اللہ کو سمق اللہ پڑھتا ہے۔(۴)سورۃ الملک میں فمن یأتیکم و یأتکم یعنی حذف یا کے ساتھ پڑھتا ہے۔(۵)سورۃ الناس اور فلق میں اعوذ برب ناس اور برب خلق یعنی شد اور لام کو چھوڑتا ہے۔(۶)فی تضلیل کو فی تضل پڑھتا ہے۔(۷)فویل للذین کو فویل ایلذین یعنی لام کو زیر سے پڑھتا ہے، اور للذین کو ایلذین پڑھتا ہے۔بینوا توجروا

المستفتی: اہالیان موضع صریح چارسدہ.....۱۹۷۲ء/۹/۱۹

الجواب: بشرط صدق مستفتی ایسے امام کے پیچھے اقتدا مکروہ ہے ﴿۱﴾ اس کو باقاعدہ امام بنانا اور رکھنا اضاعت صلوٰۃ ہے اس امام پر ضروری ہے کہ مشق سے ان غلطیوں کا ازالہ کرے ورنہ مستعفی ہوجائے۔ وھو الموفق

﴿۱﴾ قال العلامة الحصكفي رحمه الله: ولا غير الالثغ به ای بالالثغ علی الاصح كما فی البحر عن المجتبیٰ وحرر الحلبي وابن الشحنة انه بعد بذل جهده دائما حتما كالامي فلايؤم الامثله ولا تصح صلاته اذا امكنه الاقتداء بمن يحسنه او ترك جهده او وجد قدر الفرض مما لالثغ فيه هذا هو الصحيح المختار فی حكم الالثغ وكذا من لا يقدر علی التلفظ بحرف من الحروف اولا يقدر علی اخراج الفا الا بتكرار واعلم انه اذا فسد الاقتداء بای وجه كان لا يصح شروعه فی صلاة نفسه.

(الدر المختار علی هامش ردالمحتار ص ۴۳۰ جلد ۱ مطلب فی الالثغ باب الامامة)

امرد کے پیچھے اقتدا مکروہ تنزیہی ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ جولڑکا بالغ صبیح الوجہ مشتہی ہو چہرے اور ذقن پر داڑھی کے ایک بال کا بھی اثر نہ ہو شیشہ کی طرح چہرہ صاف وخوبصورت ہو نہایت حسین ہو کیا ایسے لڑکے کے پیچھے نماز درست ہے؟ بعض لوگ کہتے ہیں کہ یہ امامت مکروہ تنزیہی ہے تو اگر کراہت تنزیہی کا ہر وقت ارتکاب کیا جاتا ہو تو الاصرار علی الصغیرة کبیرة کی بنا پر یہ تحریمی بن جاتا ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد ایاز بنوں

الجواب: امرد بلا ریش کو کہا جاتا ہے جو صبیح الوجہ اور خوبصورت ہو اور اس کے پیچھے اقتدا درست ہے لیکن مکروہ تنزیہی ہے، فی ردالمحتار ص ۵۲۵ جلد ۱ ﴿۱﴾ قوله و کذا تکره خلف امرد الظاهر انها تنزیهیة والظاهر ایضا کما قال الرحمتی ان المراد به صبیح الوجه لانه محل الفتنة، مکروہ تنزیہی نہ گناہ صغیرہ میں داخل ہے اور نہ کبیرہ میں، بدلیل صدوره عن الانبیاء علیهم السلام ﴿۲﴾ لہٰذا اس پر اصرار کرنا گناہ نہ ہوگا اور کبیرہ نہ ہوگا، لہٰذا ایسا شخص امام بنانا بہتر نہیں ہے ورنہ اقتدا اسکے پیچھے بلا کراہیت تحریمی درست ہے۔ وهو الموفق

﴿۱﴾(ردالمحتار هامش الدر المختار ص ۵۱۴ جلد ۱ مطلب فی امامة الامرد باب الامامة)
﴿۲﴾ قال الامام ابو حنیفة رحمه الله: والانبیاء علیهم الصلوٰة والسلام کلهم منزهون عن الصغائر والکبائر والکفر والقبائح وقد کانت منهم زلات وخطیئات، قال الملا علی قاری فی شرحه عن ابن الهمام والمختار ای عند جمهور اهل السنة العصمة عنها ای عن الکبائر لا الصغائر غیر المنفردة خطأ او سهواً ومن اهل السنة من منع السهو علیه، والاصح جواز السهو فی الافعال، والحال ان احداً من اهل السنة لم یجوز ارتکاب المنهی منهم عن قصد ولکن بطریق السهو والنسیان ویسمی ذلک زلة.
(شرح فقه الاکبر لملا علی قاری ص ۵۶، ۵۹ الانبیاء منزهون عن الکبائر والصغائر)

پیدائشی شل ہاتھ تکبیر کے وقت سیدھا ہو کر سر سے اوپر جاتا ہو ایسے امام کی امامت کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک شخص کا ہاتھ پیدائشی چھوٹا اور شل ہے، تکبیر تحریمہ یعنی رفع یدین کرتے وقت یہ ہاتھ سیدھا ہو کر سر سے اوپر ہو جاتا ہے کیا ایسا شخص امامت کرسکتا ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: حضرت اللہ چونگی نمبر ۵ مردان ملاکنڈ روڈ......۱۲/ جمادی الثانی ۱۳۹۷ھ

الجواب: اگر لوگ اس کو نفرت کی نظر سے دیکھتے ہوں تو اس کی امامت بہتر نہیں ہے ﴿۱﴾ بشرطیکہ قوم میں اس سے اچھا آدمی موجود ہو ورنہ کراہت نہ ہوگی، ویدل علی المسطور ما فی البحر ص ۳۴۹ جلد ۱ وینبغی ان یکون محل کراھة الاقتداء بھم عند وجود غیرھم ﴿۲﴾. وھو الموفق

داڑھی مونڈا شافعی، حنبلی یا مالکی اور شیعہ جعفری و غیر جعفری کی اقتدا کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر کوئی شافعی یا حنبلی یا مالکی امام ہو اور داڑھی مونڈواتا ہو عرب ممالک میں اکثر ان مذاہب کے ائمہ داڑھی مونڈواتے ہیں تو ان کی اقتدا کا کیا حکم ہے؟ نیز شیعہ بھی دو قسم کے ہیں جعفری اور غیر جعفری کیا جعفری شیعوں کے پیچھے نماز جائز ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم......۱۴/ شوال ۱۴۰۳ھ

الجواب: اگر کوئی حنفی متشرع کے پیچھے اقتدا کرنے سے آپ عاجز ہیں تو شافعی، مالکی اور حنبلی امام

﴿۱﴾ قال العلامه ابن عابدین الشامی: (قوله ومفلوج وابرص شاع برصه) وکذلک اعرج یقوم ببعض قدمه فالاقتداء بغیره اولیٰ وکذا من له ید واحدة فتاویٰ صوفیه عن التحفه والظاھر ان العلة النفرة. (ردالمحتار ھامش الدرالمختار ص ۴۱۶ جلد ۱ قبیل مطلب فی الاقتداء بشافعی ونحوه باب الامامة)

﴿۲﴾ (البحر الرائق ص ۳۴۹ جلد ۱ باب الامامة)

کے پیچھے اقتدا کیا کرے، اگر چہ داڑھی مونڈا ہو، کیونکہ انفراد سے فاسق امام کے پیچھے اقتدا افضل ہے ﴿۱﴾ (بحر، شامی، ہندیہ) البتہ شیعہ جعفری یا غیر جعفری کے پیچھے اقتدا باطل اور کالعدم ہے ﴿۲﴾۔ وھو الموفق

جس امام کا پیشہ موجب تنفیر و تقلیل جماعت ہو اس کی اقتدا مکروہ ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک امام پر اپنے مقتدیوں کے مردوں کو غسل دینا لازمی ہے، نیز امام عید الاضحیٰ کے دن جملہ مقتدیوں کی قربانیوں کا ذبح بھی کرتے ہیں اور یہ بھی ان پر لازم کیا گیا ہے، یعنی امام سے غاسل اور قصاب کا کام لیا جاتا ہے کیا ایسے امام کے پیچھے نماز پڑھنا جائز ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: بندہ رحیم اللہ باچا اضا خیل بالا نوشہرہ

الجواب: فقہاء کرام نے ایسے امام کے متعلق کوئی تصریح نہیں کی ہے اس وجہ سے کلیات کی بنا پر جواب لکھا جاتا ہے، صاحب ہدایہ نے (ص ۴۴ باب الامامة) فاسق ، اعمیٰ اور ولد الزنا وغیرہ کی اقتدا کی کراہت تنفیر سے معلل کی ہے فرماتے ہیں، ولان فی تقدیم ھؤلاء تنفیر الجماعة فیکرہ انتھی ﴿۳﴾۔ اور جو امام غسل کا پیشہ اختیار کرتا ہے لوگوں کی نظر میں خفیف نظر آتا ہے لہٰذا ایسے امام کی امامت میں تنفیر ضرور موجود ہوتا ہے ﴿۴﴾ تو کراہت ضرور ہوگی، اور ذبح کرنے میں کوئی ازدرا اور تخفیف نہیں ہے لہٰذا یہ عمل موجب کراہت نہیں ہے بیشک لزوم بلا اجرت ظلم ہے۔ وھو الموفق

﴿۱﴾ قال العلامه الحصکفی رحمه الله: ویکره امامة عبد وفاسق واعمیٰ ومبتدع، قال ابن عابدین: افاد ان الصلاة خلفهما اولیٰ من الانفراد.
(ردالمحتار مع الدرالمختار ص۴۱۵ جلد۱ مطلب البدعة خمسة اقسام باب الامامة)

﴿۲﴾ قال فی الهندیه: ولا تجوز خلف الرافضی والجهمی والقدری والمشبة ومن یقول بخلق القرآن. (فتاویٰ عالمگیریه ص۸۴ جلد۱ الفصل الثالث فی بیان من یصلح اماما لغیره)

﴿۳﴾ (هدایه ص ۱۱۰ جلد۱ باب الامامة کتاب الصلاة)

﴿۴﴾ قال العلامه ابن عابدین: علل الکراهة بغلبة الجهل فیهم وبان فی تقدیمهم تنفیر الجماعة. (ردالمحتار ص۴۱۴ جلد۱ قبیل مطلب البدعة خمسة اقسام)

امام مسجد کی توہین وغیرہ مختلف مسائل

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ (۱) امام مسجد کی توہین کا کیا حکم ہے (۲) مسجد کو چھوڑ کر گھر میں نماز پڑھنے کا کیا حکم ہے؟ (۳) بعض لوگوں نے قسم اٹھا کر کہا کہ ہم اس امام کے پیچھے اقتدا نہیں کریں گے دوبارہ نماز پڑھیں اور اقتدا کریں تو کیا حکم ہے؟ (۴) اس امام کا مذبوحہ ان لوگوں پر کیسا ہے؟ (۵) قسم کھانے کے باوجود اس امام کی اقتدا میں نماز جنازہ پڑھنے کا کیا حکم ہوگا؟ بینوا توجروا

المستفتی: سید غلام نبی شاہ پیش امام وخطیب مرکزی مسجد ہزارہ......۲۰/ ذی قعدہ ۱۳۹۷ھ

الجواب: (۱) امام کی توہین حرام اور موجب ترک جماعت اور ترک مسجد ہے اس سے اجتناب ضروری ہے، قال رسول اللہ ﷺ بحسب امرء من الشر ان یحقر اخاہ المسلم کل المسلم علی المسلم حرام دمہ ومالہ وعرضہ (مسلم)﴿۱﴾ ۔ (۲) صحت نماز کیلئے مسجد شرط نہیں ہے البتہ مسجد خیر البقاع ہے اس میں جو فضیلت ہے وہ دوسرے مکان میں نہیں ہے ﴿۲﴾ ۔
(۳) یہ لوگ کفارہ دیں گے ﴿۳﴾ ۔ (۴) اگر یہ امام مسلمان ہو تو اس کا ذبیحہ ہر مسلم اور غیر مسلم کیلئے جائز ہے ﴿۴﴾ ۔ (۵) اگر قسم کنندگان کی مراد صرف پنجگانہ نماز ہے تو کوئی حرج نہیں ہے۔ وھو الموفق

﴿۱﴾ (الصحیح المسلم ص ۳۱۷ جلد ۲ باب تحریم ظلم المسلم وخذلہ واحتقارہ ودمہ وعرضہ ومالہ)

﴿۲﴾ عن ابی امامۃ...... فقال شر البقاع اسواقھا وخیر البقاع مساجدھا رواہ ابن حبان فی صحیحہ عن ابن عمر. (مشکواۃ المصابیح ص ۷۱ جلد ۱ الفصل الثانی باب المساجد ومواضع الصلوٰۃ)

﴿۳﴾ قال العلامۃ الحصکفی رحمہ اللہ: وکفارتہ او اطعام عشرۃ مساکین او کسوتھم...... وان عجز عنھا کلھا صام ثلاثۃ ایام ولاء.
(الدر المختار علی ھامش ردالمحتار ص ۶۶ جلد ۳ مطلب کفارۃ الیمین کتاب الایمان)

﴿۴﴾ قال الحصکفی: وشرط کون الذابح مسلما حلالا خارج الحرم ان کان صیداً الخ.
(الدر المختار علی ھامش ردالمحتار ص ۲۰۸ جلد ۵ کتاب الذبائح)

محتاط نابینا حافظ قرآن کی امامت جائز غیر مکروہ ہے

سوال: جناب بزرگوارم شیخ الحدیث مولانا عبدالحق صاحب (رحمہ اللہ) اکوڑہ خٹک
سلام مسنون کے بعد عرض یہ ہے کہ ہمارے علاقہ میں کافی بحث ومباحثہ کے بعد بعض علماء کہتے ہیں کہ نابینا انسان کے پیچھے نماز مکروہ ہے جبکہ بعض غیر مکروہ کہتے ہیں۔اب سوال یہ ہے کہ ایسا نابینا جو قاری بھی ہو حافظ قرآن بھی ہو اور ایک حد تک تفسیر وترجمہ قرآن بھی جانتا ہو اس کے دو خادم بھی ہوں،طلباء کو کنز الدقائق تک فقہ زبانی سکھاتا ہو مشکواۃ شریف بھی پڑھ چکا ہو،اس کے پاس چار جوڑے کپڑے بھی موجود ہو جو وقتاً فوقتاً تبدیل کرتا ہو کیا ایسے نابینا کے پیچھے نماز مکروہ ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: حافظ گل سعادت خان مدرسہ عربیہ معراج العلوم بنوں.....۷/ ذی قعدہ ۱۳۸۹ھ

الجواب: ایسے محتاط حافظ اعمیٰ کی امامت عوام الناس کیلئے بلاشبہ جائز غیر مکروہ ہے لیکن اگر بینا لوگوں میں اس سے بہتر (اعلم مثلا) موجود ہو تو اس کی امامت مکروہ (تنزیہی) ہے،**فی الشرح الکبیر ص ۴۳۹ وذکر فی المحیط لا بأس بان یؤم الاعمی والبصیر اولیٰ وفی الانفع ذکر الامام المعروف بخواھر زادہ فی مبسوطہ انما یکرہ تقدیم الاعمیٰ اذا کان غیرہ افضل منہ وقد ثبت ان النبی علیہ السلام استخلف ابن ام مکتوم یؤم الناس وھو اعمیٰ رواہ ابوداؤد انتھیٰ ما فی شرح الکبیر ﴿۱﴾. وھو الموفق**

شیخ الحدیث مفتی اعظم مولانا مفتی (محمد فرید عفی عنہ) مدظلہ جامعہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک

امام کے حقوق،اجرت امامت سے زائل نہیں ہوتے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک امام مسجد کو مقتدی

﴿۱﴾ (غنیۃ المستملی شرح منیۃ المصلی ص ۴۷۶ فصل فی الامامۃ)

حضرات کہتے ہیں کہ ہم تجھے امامت کا عوض اناج وغیرہ یا تنخواہ کی صورت میں دیتے ہیں، لہٰذا آپ کا ہم پر کوئی حق نہیں تو امام کے حقوق اس کے علاوہ کچھ ہوتے ہیں یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: احسان اللہ ہزارہ......۱۸/ دسمبر۱۹۷۴ء

الجواب: چونکہ امامت پر اجرت لینا جائز ہے﴿۱﴾ اور یہ اجرت احتباس اور پابندی کی عوض ہوتی ہے نہ کہ نفس امامت کی، لہٰذا امام کے حقوق اس سے زائل نہیں ہوں گے۔ وھو الموفق

حرام خوراور سودخور کی اقتدااور شرکت نماز کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ (۱) حرام خوراور سودخور کی اقتدا کا کیا حکم ہے؟ نیز اس کی عبادات درست ہیں یا نہیں؟ (۲) سودخور کے ساتھ شریک ہوکر نماز پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: مثل خان خلیل تہکال پشاور......۷/۷/۱۳۹۱ھ

الجواب: (۱) حرام خور کی عبادت درست ہے گناہ نیکی کو نقصان نہیں پہنچاتا ہے﴿۲﴾۔ البتہ

﴿۱﴾ قال العلامة الحصکفی رحمه الله: ویفتی الیوم بصحتها لتعلیم القرآن والفقه والامامة والاذان. (الدرالمختار علی هامش ردالمحتار ص۳۸ جلد۵ باب الاجارة الفاسدة مطلب فی الاستنجار علی الطاعات)

﴿۲﴾قال الامام اعظم ابو حنیفة: من عمل حسنة بشرائطها خالیة عن العیوب المفسدة والمعانی المبطلة ولم یبطلها حتی خرج من الدنیا فان الله تعالیٰ لا یضیعها بل یقبلها منه ویثیبه علیها ، قال الملا علی قاری: وذلک لقوله تعالیٰ ان الله لا یضیع اجر المحسنین وفی آیة اخری ان لله لا یضیع اجر المؤمنین بل یقبلها منه ای بفضله وکرمه الخ.

(شرح فقه الاکبر لملا علی قاری ص۸۷ الطاعات بشروطها مقبولة.

وقال الحافظ عماد الدین ابن کثیر: یقول تعالیٰ مخبراً: انه لا یظلم احدا من خلقه یوم القیامة مثقال جبة خردل ولا مثقال ذرة بل یو فیها له ویضاعفها له ان کانت حسنة، ان الله لا یظلم مثقال ذرة وان تک حسنة یضاعفها ویؤت من لدنه اجراً عظیماً.

(تفسیر ابن کثیر ص۴۵۰ جلد۱ سورة النساء آیت،: ۴۰)

اس کی اقتدا مکروہ ہے﴿۱﴾۔(۲) جائز ہے۔ وھو الموفق

تین امام ہونے کی وجہ سے دس دس دن تراویح اور لاؤڈ سپیکر پر نماز کا مسئلہ

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ(۱) ایک مسجد میں تین امام ہیں کیا شرعاً ہر ایک امام دس دس دن تراویح پڑھا سکتا ہے؟ (۲) نمازیوں کی تعداد بیس کے لگ بھگ ہوتی ہے کیا لاؤڈ سپیکر میں امام نماز پڑھا سکتا ہے؟ (۳) دیہاتی علاقوں میں قریب دو مسجدوں میں جدا جدا لاؤڈ سپیکر کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: علی اکبر ازاد کشمیر

الجواب: (۱) بالکل پڑھا سکتے ہیں۔(۲) لاؤڈ سپیکر میں نماز پڑھنا ممنوع نہیں ہے البتہ بلا ضرورت نہ پڑھنا بہتر ہے۔(۳) نہ ممنوع ہے اور نہ مطلوب، البتہ تصادم آواز اور اشتباہ پڑنے کی صورت میں ممنوع ہے۔وھو الموفق

داڑھی مونڈے ہوئے کی امامت اور اذان ہونے یا نہ ہونے کی لاعلمی کی صورت میں نماز

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ(۱) پشاور یونیورسٹی کی مسجد میں طلباء امامت کے ساتھ نماز ادا کرتے ہیں یہاں کوئی امام نہیں ہے عموماً داڑھی والا طالب علم نماز پڑھاتا ہے لیکن جب یہ نہ ہو تو داڑھی مونڈا امامت کراتا ہے، نیز داڑھی والے کی نسبت اگر داڑھی مونڈا زیادہ عالم

﴿۱﴾ قال ابن نجیم رحمہ اللہ: (قولہ وکرہ امامة العبد والاعرابی والفاسق والمبتدع والاعمیٰ وولدالزنا) بیان للشیئین الصحة والکراھة اما الصحة فمبنیة علی وجود الاھلیة للصلاة مع اداء الارکان وھما موجودان من غیر نقص فی الشرائط والارکان ومن السنة حدیث صلوا خلف کل بر وفاجر وفی صحیح البخاری ان ابن عمر کانیصلی خلف الحجاج وکفی بہ فاسقا کما قال الشافعی وقال المصنف ان افسق اھل زمانہ.

(البحر الرائق ص ۳۴۸ جلد ۱ باب الامامة)

ہواوران کوزیادہ مسائل یاد ہوں، اور داڑھی والا کم علم ہو، تو احق بالامامت کون ہے؟ (۲) اس صورت میں اگر نماز ہورہی ہو اور ایک عالم دین درمیان میں آجائے تو وہ کیا کرے گا، ان کے ساتھ نماز پڑھے گا یا اکیلا؟ (۳) اگر اذان کا علم نہیں، کہ ہوئی ہے یا نہیں اور جماعت ہوجائے اس کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: شفیق الرحمٰن پشاور یونیورسٹی......۵/اگست ۱۹۷۹ء

الجواب: (۱) داڑھی مونڈا جب داڑھی والے کی نسبت زیادہ اعلم بمسائل الصلوٰۃ ہو تو وہ احق بالامامت ہوگا﴿۱﴾ (الدر المختار مع ردالمحتار) ۔(۲) انفراد سے اقتدا بالفاسق افضل ہے﴿۲﴾ (البحر، هندیه، ردالمحتار) ۔(۳) یہ نماز باوجود خلاف سنت ہونے کے درست ہے۔﴿۳﴾ ۔فقط

امامت کو ذلیل پیشہ کہنے والے کی امامت

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ زید نے کہا کہ امامت ذلیل پیشہ ہے اور ذلت ہے بعدازاں وہ زید امامت بھی کرنے لگا، کیا اس کی امامت درست ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: قاری محمد فرید مدرسہ معارف القرآن حنفیہ مرکزی جامع مسجد مانسہرہ

﴿۱﴾ قال الحصكفي: والاحق بالامامة تقديما بل نصبا الاعلم باحكام الصلاة فقط صحة وفساداً بشرط اجتنابه للفواحش الظاهرة وحفظه قد رفرض وقيل واجب وقيل سنة، قال ابن عابدين: وعبارة الكافي وغيره الاعلم بالسنة اولىٰ الا ان يطعن عليه في دينه لا الناس لا يرغبون في الاقتداء به. (الدرالمختار مع ردالمحتار ص ۴۱۲ جلد ۱ باب الامامة)

﴿۲﴾ قال العلامة الحصكفي: صلى خلف فاسق او مبتدع نال فضل الجماعة، قال العلامه ابن عابدين: افاد ان الصلاة خلفهما اولىٰ من الانفراد.

(الدرالمختارعلى هامش ردالمحتار ص ۴۱۵ جلد ۱ قبيل مطلب البدعة فى امامة الامرد)

﴿۳﴾ قال العلامة ابن عابدين رحمه الله: اذا صلىٰ فى مسجد المحلة جماعة بغير اذان حيث يباح اجماعا. (ردالمحتار على الدرالمختار ص ۴۰۸ جلد ۱ باب الامامة مطلب فى تكرار الجماعة فى المسجد)

الجواب: زید کی اس عبارت کے دو مفہوم ہو سکتے ہیں۔(۱) کہ عوام امامت کے پیشہ کو ذلیل سمجھتے ہیں اس مفہوم کی وجہ سے زید پر کوئی اعتراض نہیں ہے کہ اندریں زمانہ لوگ جہالت کی وجہ سے امامت کے پیشہ کو حقارت کی نظر سے دیکھتے ہیں جس کا گناہ لوگوں پر ہوگا﴿۱﴾۔(۲) اور اگر خود زید کا بھی یہی عندیہ ہے تو یہ انتہائی خطرناک ہے﴿۲﴾ اس سے زید تائب ہو جائے تو امامت کر سکتا ہے۔ وهو الموفق

امام کا استعفیٰ دیئے بغیر دوسرے کا جبراً قبضہ کرنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک پیش امام نے استعفیٰ نہیں دیا ہو اور اس کی جگہ دوسرا امام جبراً قبضہ کرنا چاہتا ہے اور لوگوں کو سابقہ امام کے خلاف اکساتا ہے تو کیا اس دوسرے امام کے پیچھے اقتدا شرعاً درست ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: نا معلوم......۱۹۷۲ء/۱/۱۶

الجواب: امام الحیّ کے حضور میں دوسرے شخص کی امامت مکروہ ہے جبکہ بلا اذن ہو، قال رسول اللہ ﷺ لا یؤمن الرجل الرجل فی سلطانه ﴿۳﴾ وفی الدرالمختار، واعلم ان صاحب البیت ومثله امام المسجد الراتب اولیٰ بالامامة من غیره مطلقا الخ﴿۴﴾. وهو الموفق

﴿۱﴾ قال الحصکفی: وثبوتها بار کعوا مع الراکعین ومن حکمها نظام الالفة وتعلم الجاهل من العالم هی افضل من الاذان عندنا...... فاخترت الامامة، قال ابن عابدین، قلت ومفاده انها افضل من الاقتداء. (الدرالمختار مع ردالمحتار ص۴۰۸ جلد ۱ قبیل مطلب فی تکرار الجماعة فی المسجد باب الامامة)

﴿۲﴾ قال العلامه ملا علی قاری: من استخف بالقرآن او بالمسجد او بنحوه مما یعظم فی الشرع کفر. (شرح فقه الاکبر لملا علی قاری ص۱۶۷ فصل فی القرأة والصلاة)

﴿۳﴾ عن ابی مسعود رواه مسلم وفی روایة له ولا یؤمن الرجل الرجل فی اهله. (مشکواة المصابیح ص۱۰۰ جلد ۱ باب الامامة الفصل الاول)

﴿۴﴾ (الدرالمختار علی هامش ردالمحتار ص۴۱۳ جلد ۱ مطلب فی تکرار الجماعة فی المسجد باب الامامة)

نابینا عالم دین حافظ وقاری کی امامت بلا کراہیت درست ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہمارے گاؤں میں ایک نابینا حافظ اور قاری ہے مزید یہ کہ عالم وفاضل دیوبند ہے اور حق گو ومتقی بھی ہے، یہ عالم رمضان شریف میں تراویح پڑھاتا ہے اور کبھی کبھی صبح وعشاء کی نمازوں میں بھی امامت کرتا ہے کیا نابینا کی امامت جائز ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: قاری محمد ابراہیم شاہ حسن خیل بنوں.....۱۹۹۱ء/۱/۱۴

الجواب: ایسے نابینا کے پیچھے اقتدا کرنا بلا کراہیت درست ہے، خواہ فرائض میں ہو یا تراویح میں، کما فی الدرالمختار علی ھامش ردالمحتار ص ۳۹۳ جلد ۱ باب الامامة) ویکرہ تنزیھاً امامة عبد وفاسق واعمی ونحوہ الاعشی نھر الا ان یکون غیر الفاسق اعلم القوم فھو اولیٰ (وفی ردالمحتار ص ۳۹۳ جلد ۱ باب الامامة) تبع فی ذلک صاحب البحر حیث قال قید کراھة الاعمیٰ فی المحیط وغیرہ بان لا یکون افضل القوم فان کان افضلھم فھو اولیٰ ﴿۱﴾. وھوالموفق

امام کی تقرری میں اکثریت کی رائے معتبر ہوگی

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہمارے ہاں عموماً ائمہ مساجد بغیر تنخواہ کے فرائض امامت ادا کرتے ہیں، امام کے معزولی اور تقرری میں اہل محلہ کی رائے معتبر ہوتی ہے اب ہمارے امام نے خود بخود امامت سے مجبوری ظاہر کی ہے، اسلئے اہل محلہ نے دوسرا امام مقرر کردیا، جس پر فریقین بن گئے ایک فرقہ نے اس تقرری پر اعتراض کیا اسی وجہ سے اب کوئی امام مقرر نہیں ہے ایک فرقہ اکثریت رکھتا ہے جبکہ دوسری پارٹی اقلیت میں ہے اب کس کی رائے معتبر ہوگی؟ بینوا توجروا

المستفتی: غلام حسین افضل فلور ملز شینہ باغ خورد کیملپور.....۱۹۷۲ء/۲/۱۶

﴿۱﴾ (الدرالمختار مع ھامش ردالمحتار ص ۴۱۴ جلد ۱ باب الامامة)

الجواب: اکثر کا فیصلہ منظور کیا جائے گا، فی الدر المختار او الخیار الی القوم فان اختلفوا اعتبر اکثرھم (ھامش الدر ص ۵۲۲ جلد ۱)﴿۱﴾. وھو الموفق

بلا ثبوت شرعی صرف الزام کی وجہ سے کراہت اقتدا کا حکم نہیں دیا جا سکتا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہم نے شرعی فیصلہ کیلئے مسمیٰ فلان اور مولوی فلاں سکنہ بیگو خیل کو ثالثان شرعی متعین کیے، فریقین سے بیان لینے کے بعد شرعی فیصلہ سنایا تو ایک فریق کو یہ فیصلہ ناجائز معلوم ہوا، تو ثالثان سے کہہ کر فیصلہ رد کر دیا، مگر ثالثان نے کہا کہ اگر ہمارے فیصلہ کے خلاف تم لوگوں نے غلطی کا کوئی ثبوت پیش کیا تو ہم تسلیم کریں گے پھر ہم نے حقانیہ اکوڑہ خٹک سے فتویٰ نمبر ۵۹۹۲ طلب کیا تو اس میں ان کے فیصلہ کے خلاف ثبوت پیش ہوا ہم نے وہ فتوے پیش کئے تو انہوں نے انکار کیا اور اپنے غلط فیصلے پر ثابت قدم رہے لیکن ہمیں یقین ہے کہ انہوں نے اس فیصلہ میں رشوت لی ہے اور جو آدمی ہمارے درمیان پھرتا تھا انہوں نے ہمیں یقین سے کہا ہے کہ انہوں نے رشوت لی ہے، کیا ایسے ثالثوں کے پیچھے اقتدا جائز ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: اجمل خان سکنہ بیگو خیل لکی مروت......۱۹۷۲ء/۶/۶

الجواب: محترم! واضح رہے کہ بغیر ثبوت شرعی کے ہم صرف اس الزام کی وجہ سے کراہت اقتدا کا فتویٰ نہیں دے سکتے ہیں، قال اللہ تعالیٰ یا ایھا الذین آمنوا اجتنبوا کثیرا من الظن ان بعض الظن اثم (الایۃ)﴿۲﴾. وھو الموفق

﴿۱﴾ (الدر المختار علی ھامش ردالمحتار ص ۴۱۳ جلد ۱ قبیل مطلب البدعۃ خمسۃ اقسام باب الامامۃ)

﴿۲﴾ (سورۃ الحجرات پارہ: ۲۶ آیت: ۱۲ رکوع ۱۴)

غلط خوان کے پیچھے درست خوان کی اقتدا درست نہیں

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ جو شخص صحیح طور پر قرآن مجید نہیں پڑھ سکتا، مثلاً الفراش المبثوث کی بجائے الفراخ المبثوت پڑھتا ہے، اس کے پیچھے اقتدا جائز ہے یا نہیں؟ اس کو امامت کرانے کا حق ہے یا نہیں، باوجودیکہ دوسرے جید علماء بھی موجود ہوں۔ بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم......

الجواب: الفراش کو الفراخ پڑھنے والے کے پیچھے درست خوان کی اقتدا درست نہیں ہے، کما فی الدرالمختار ولا غیر الالثغ به ای بالالثغ علی الاصح وکذا من لا یقدر علی التلفظ بحرف من الحروف (هامش الرد ص ۵۴۴، ۵۴۵ جلد ۱)﴿۱﴾۔ وهوالموفق

﴿۱﴾ (الدرالمختار علی هامش ردالمحتار ص ۴۳۰ جلد ۱ مطلب فی الالثغ باب الامامة)

فصل فی من تصح امامته ومن لا تصح

وتر کوایک رکعت اور مصحف سے پڑھنے والے کی اقتدا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ وتر کوایک رکعت پڑھنے والوں کی اقتدا کا کیا حکم ہے؟ نیز مصحف سے پڑھنے والے امام کی اقتدا جائز ہے یانہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: تختہ خان سعودی عرب......۲/ ذیقعدہ ۱۴۰۲ھ

الجواب: وتر کوایک رکعت پڑھنے والے ائمہ کے پیچھے اقتدا نہ کریں ﴿۱﴾ اور مصحف سے پڑھنے والے امام کے پیچھے اقتدا بھی خلاف احتیاط ہے ﴿۲﴾۔ وھو الموفق

﴿۱﴾ قال العلامه ابن نجیم: وصحح الشارح الزیلعی انه لا یجوز اقتدا الحنفی بمن یسلم من الرکعتین فی الوتر وجوزه ابوبکر الرازی ویصلی معه بقیة الوتر...... ویخالفه ما ذکر فی الارشاد من انه لا یجوز الاقتدا فی الوتر بالشافعی باجماع اصحابنا لانه اقتداء المفترض بالمتنفل فانه یفید عدم الصحة فصل او وصل...... فی فتح القدیر بما ذکره فی التجنیس وغیره من ان الفرض لایتأدی بنیة النفل ویجوز عکسه فعلی هذا ینبغی ان لایجوز وتر الحنفی اقتداء بوتر الشافعی بناء علی انه لم یصح شروعه فی الوتر لانه بنیته ایاه انما نوی النفل الذی هو الوتر فلا یتأدی الواجب بنیة الواجب الخ.

(البحر الرائق ص ۳۹ جلد ۲ باب الوتر والنوافل)

﴿۲﴾ وفی الهندیه: ویفسدها قراء ته من مصحف عند ابی حنیفة رحمه الله تعالیٰ وقالا یفسدله ان حمل المصحف وتقلیب الاوراق والنظر فیه عمل کثیر وللصلاة عنه بدو علی هذا لو کان موضوعا بین یدیه علیٰ رحل وهو لا یحمل ولا یقلب اوقرأ المکتوب فی المحراب لا تفسد ولان التلقن من المصحف تعلم لیس من اعمال الصلاة وهذا یوجب التسویة بین المحمول وغیره فتفسد بکل حال وهو الصحیح هکذا فی الکافی. (فتاویٰ عالمگیریه ص ۱۰۱ جلد ۱ الفصل الاول فیما یفسدها الباب السابع فیما یفسد الصلاة ومایکره فیها)

حقہ اور سگریٹ پینے والے کی اقتدا کا حکم

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ جو امام حقہ یا سگریٹ پیتا ہو اس کی امامت درست ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: عابد محمود حمیدی اٹک.....۱۹۸۴ء/۱۰/۳۰

الجواب: پیاز، لہسن اور تمباکو خوروں کا حکم یکساں ہے ان کے کھانے والوں کے پیچھے اقتدا کرنے میں کراہت نہیں ہے، البتہ بدبو کی حالت میں نماز پڑھنا مکروہ تحریمی ہے جیسا کہ بدبودار آدمی کیلئے مسجد جانا مکروہ تحریمی ہے﴿۱﴾۔ وهو الموفق

﴿۱﴾ قال العلامة ابن عابدين رحمه الله: (قوله واكل نحو ثوم) اى كبصل ونحوه مماله رائحة كريهة للحديث الصحيح في النهى عن قربان آكل الثوم والبصل المسجد قال الامام العينى في شرحه على صحيح البخارى قلت علت النهى اذى الملائكة واذى المسلمين ولا يختص بمسجده عليه الصلاة والسلام بل الكل سواء لرواية مساجدنا بالجمع خلافا لمن شذ ويلحق بما نص عليه في الحديث كل ماله رائحة كريهة ماكولا وغيره وانما خص الثوم هنا بالذكر وفى غيره ايضا بالبصل ولكراث لكثرة اكلهم لها وكذلک الحق بعضهم بذلک من بفيه بخر اوبه جرح له رائحة وكذلک القصاب والسماک والمجذوم والابرص اولى بالالحاق وقال سحنون لا ارى الجمعة عليهما واحتج بالحديث والحق بالحديث كل من اذى الناس بلسانه وبه افتى ابن عمر وهو اصل في نفى كل من يتاذى به ولا يبعد ان يعذر المعذور باكل ماله ريح كريهة لما في صحيح ابن حبان عن المغيرة بن شعبة قال انتهيت الى رسول الله ﷺ فوجد منى ريح الثوم فقال من اكل الثوم فاخذت يده فادخلتها فوجد صدرى معصوبا فقال ان لک عذرا وفى رواية الطبرانى في الاوسط اشتكيت صدرى فاكلته وفيه فلم يعنفه ﷺ وقوله ﷺ وليقعد في بيته صريح في ان اكل هذه الاشياء عذر في التخلف عن الجماعة وايضا هنا علتان اذى المسلمين واذى الملائكة فبالنظر الي الاولى يعذر في ترک الجماعة وحضور المسجد وبالنظر الى الثانية يعذر.....(بقيه حاشيه اگلے صفحه پر)

دیوار مسجد سے ''یا محمد'' مٹانے والے کی امامت

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ مسجد کی دیوار پر اوقات نماز کا بورڈ لگا ہوا ہے جس کے اوپر دائیں جانب ''یا اللہ'' اور بائیں جانب ''یا محمد'' لکھا ہوا ہے ایک شخص نے بائیں جانب سے ''یا محمد'' کو جلا کر مٹا دیا ہے کیا یہ شخص اہانت کا مرتکب نہیں ہوا ہے؟ کیا ایسا شخص امامت کر سکتا ہے؟ کیا اس کے ساتھ صف میں کھڑا ہونا جائز ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: حبیب الرحمٰن......۱۱/۲/۱۹۷۵ء

الجواب: پیغمبر ﷺ کا نام نہایت قابل احترام اور واجب الاحترام ہے، ولھذا لا یجوز لف شئ فی الکواغذ التی فیھا اسم اللہ تعالیٰ او اسم النبی ﷺ (کما فی الھندیہ ص ۳۵۷ جلد ۵) ﴿۱﴾. اور اہل بدع کے شعار کا مٹانا جہاد موجب ثواب ہے، ولھذا قطع الصحابۃ رضی اللہ عنھم بعض الاشجار ﴿۲﴾ پس اگر اس نے اس لفظ مبارک کو اس وجہ سے جلایا

(بقیہ حاشیہ) فی ترک حضور المسجد ولو کان وحدہ، ملخصا اقول کونہ یعذر بذلک ینبغی تقیید بما اذا اکل ذلک بعذر او اکل ناسیا قرب دخول وقت الصلاۃ لئلا یکون مباشرا لما یقطعہ عن الجماعۃ بصنعہ. (ردالمحتار ھامش الدرالمختار ص ۴۸۹ جلد ۱ قبیل باب الوتر والنوافل)

﴿۱﴾ وفی الھندیہ : ولا یجوز لف شئ فی کاغذ فیہ مکتوب من الفقہ وفی الکلام الاولی ان لا یفعل وفی کتب الطب یجوز ولو کان فیہ اسم اللہ تعالیٰ او اسم النبی ﷺ یجوز محوہ لیلف فیہ شئ کذافی القنیۃ. (فتاویٰ عالمگیریہ ص ۳۲۲ جلد ۵ الباب الخامس فی اداب المسجد والقبلۃ والمصحف وما کتب الخ)

﴿۲﴾ قال العلامہ محمد ادریس الکاندھلوی: بعض روایات وتاریخی نقول سے یہ ظاہر ہوتا ہے، کہ لوگ اس درخت (اذیبا عون تحت الشجرۃ) کی تعظیم وتکریم کرنے لگے اور وہاں آ کر نفلیں بھی پڑھتے عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو جب یہ بات معلوم ہوئی تو انہوں نے اس درخت کو کاٹ دینے کا حکم فرمایا اس اندیشہ سے کہ کہیں اس درخت کی پرستش نہ ہونے لگے۔ (تفسیر معارف القرآن ص ۴۶۹ جلد ۷ سورۃ الفتح آیت: ۱۸)

ہو کہ عوام فساد اعتقاد سے بچیں تو اس کا یہ جذبہ درست ہے، لیکن یہ عمل اس کا غلط اور بے ادبی ہے، یہ نجدیت کا کام ہے، حنفیت کا کام نہیں ہے بہر حال یہ شخص بے ادب باایمان ہے اگر نادم نہ ہو تو اس کے پیچھے اقتدا نہ کی جائے البتہ نماز اور جماعت سے اس کو منع نہیں کیا جائے گا۔ وھو الموفق

اغوا کار، زانی اور جھوٹی قسمیں کھانے والے کی امامت

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہماری مسجد میں دو شخص ہیں جن میں سے ایک صوم وصلاۃ کا پابند ہے جبکہ دوسرے میں یہ برائیاں پائی جاتی ہیں۔ (۱) اغوا کرنا اور کرانا (۲) زنا کرنا اور کرنے میں مدد دینا (۳) نکاح پر نکاح پڑھانا (۴) جھوٹی گواہی دینا (۵) جھوٹی قسمیں کھانا (۶) کباڑ مال مسجد سے غائب کرنا۔ جب رمضان شروع ہوتا ہے تو مسجد میں آتا ہے باقی سارا سال نماز نہیں پڑھتا، رمضان میں آکر مسجد پر قبضہ کرتا ہے، لوگ اسے کہتے ہیں کہ ہماری نماز آپ کے پیچھے نہیں ہوتی لیکن وہ بضد ہے، نتیجۃً مجبوراً لوگ گھروں میں نماز پڑھتے ہیں کیا اس امام کے پیچھے نماز ہوتی ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: جاوید اقبال کوٹ دھمیک جہلم

الجواب: بشرط صدق وثبوت اس برے امام کے پیچھے اقتدا مکروہ تحریمی ہے، کمافی شرح الکبیر (ص ۴۳۸) ان کراھة تقدیمه کراھة تحریم ﴿۱﴾ البتہ انفراد سے فاسق کے پیچھے اقتدا بہتر ہے، کما فی ردالمحتار ص ۵۲۵ جلد ۱ قوله فضل الجماعة افاد ان الصلوٰة خلفهما اولیٰ من الانفراد ﴿۲﴾. وھو الموفق

﴿۱﴾ قال العلامه الحلبی: کذا فی فتاویٰ الحجة وفیه اشارة الی انهم قدموا فاسقا یاثمون بناء علی ان کراھة تقدیمه کراھة تحریم. (الشرح الکبیر ص ۴۷۵ فصل فی الامامة)
﴿۲﴾ (ردالمحتار هامش الدر المختار ص ۴۱۵ جلد ۱ باب الامامة قبیل مطلب فی امامة الامرد)

نکاح پرنکاح کرانے والے کی امامت

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ زید جوامام مسجد اور خطیب ہے نکاح پر نکاح کردیا ہے،اس کی امامت کا کیاحکم ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد یوسف خان.....۱۹۷۴ء/۱۱/۳۰

الجواب: برتقدیر صدق اگراس خطیب نے یہ کام دیدہ دانستہ طور سے کیا ہوتو تعاون علی المعصیة ﴿۱﴾ کی وجہ سے سخت گنہگار ہوگا،اور صالحین کی اقتداء کالائق نہ ہوگا﴿۲﴾۔وھو الموفق

نماز کی صحت وفساد سے ناواقف اور جوان بیٹی کو بے پردہ اور بلا نکاح رکھنے والے کی امامت

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک ایساامام جونماز کی صحت وفساد سے ناواقف ہوجس کی اہلیہ اور جوان بیٹی کھیتوں میں بے پردہ گھاس وغیرہ کیلئے پھرتی ہوں اور بیٹی کو بلاعقدونکاح گھر میں پالتا ہو،تاکہ مال منڈی کی طرح نکاح میں زیادہ رقم حاصل کرے،کیااس امام کی امامت جائز ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: حسین احمد

الجواب: اگراس امام کے مقتدی بھی ان جرائم میں مبتلا ہوں تو کراہیت نماز نہیں ہےاوراگر مقتدیوں میں اس سے بہتر شخص موجود ہوتواس کے پیچھے اقتدا مکروہ ہے،یدل علیه مافی البحر ص ۳۴۹ جلد ۱ فالحاصل انه یکره لهؤلاء التقدم ویکره الاقتداء بهم کراهة تنزیه (الی ان قال) وینبغی ان یکون محل کراهة الاقتداء بهم عند وجود غیرهم والا فلا کراهة﴿۳﴾. فقط

﴿۱﴾ قال الله تعالیٰ، ولا تعاونوا علی الاثم والعدوان. (سورة المائدة پاره: ٦ رکوع ۱ آیت:۲)

﴿۲﴾ قال الحصکفی رحمه الله: ویکره امامة عبد وفاسق. (درمختار ص ۴۱۴ باب الامامة)

﴿۳﴾ (البحر الرائق ص ۳۴۹ جلد ۱ باب الامامة)

بدکرداراورمفعول کی امامت کاحکم

سوال: کیافرماتے ہیں علماءدین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک شخص امام مسجد بن گیا ہے جو کہ ظاہراً مفعول ہے اوراس بدکرداری میں مشہور ہے اورحدیث شریف میں آتا ہے کہ سات آدمیوں کی نماز قبول نہیں ہوتی ان میں سے ایک فاعل ہے اوردوسرامفعول، یہ حدیث شریف تنبیہ الغافلین کے باب حق الجار میں موجود ہے تو کیاایسے شخص کی امامت جائز ہے؟بینواتوجروا

المستفتی:عزیزالرحمٰن بازارگئی صوابی......۱۹۸۷ء/۹/۱۶

الجواب: بشرط صدق وثبوت اس امام کے پیچھے اقتدامکروہ تحریمی ہے﴿۱﴾ لکونه فاسقا ولا تجب الاعادة ﴿۲﴾ اوربہرحال التائب من الذنب کمن لا ذنب له ﴿۳﴾ کاخیال رکھنا بھی ضروری ہے۔ وهو الموفق

مرہونہ پرنفع لینے والے کی اقتدا

سوال: کیافرماتے ہیں علماءدین اس مسئلہ کے بارے میں کہ جوپیش امام مرہونہ سے نفع لیتا ہو اس کی اقتداجائز ہے یانہیں؟بینواتوجروا

المستفتی:محمدجان مقام مسجھورمانسہرہ

﴿۱﴾ قال العلامة الحصكفي رحمه الله: ويكره امامة عبد واعرابي وفاسق واعمى ومبتدع. قال ابن عابدين: (قوله اى غير الفاسق) ..... تكره امامته بكل حال بل مشى فى شرح المنية على ان كراهة تقديمه كراهة تحريم. (ردالمحتار مع الدرالمختار ص۴۱۴ جلد۱ مطلب البدعة خمسة اقسام باب الامامة)

﴿۲﴾ قال فى ردالمحتار فيكره لهم التقدم ويكره الاقتداء بهم تنزيهاً فان امكن الصلاة خلف غيرهم فهو افضل والا فالاقتداء اولىٰ من الانفراد.

(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص۴۱۳ جلد۱ قبيل مطب البدعة خمسة اقسام باب الامامة)

﴿۳﴾ عن عبد الله بن مسعود قال قال رسول اللهﷺ التائب من الذنب كمن لا ذنب له رواه ابن ماجه والبيهقى فى شعب الايمان الخ. (مشكواة المصابيح ص۲۰۶ جلد۱ باب الاستغفار والتوبة)

الجواب: چونکہ مرہونہ سے نفع لینا ناجائز اور ربا ہے، لان کل قرض جر نفعا فھو ربواً، ھو لفظ الحدیث و کذا حاصل الحدیث﴿۱﴾ لہٰذا ایسے امام کے پیچھے اقتدا کرنا (جنازہ وغیرہ میں) مکروہ تحریمی ہے﴿۲﴾لیکن بشرطیکہ قوم کا حال اس امام سے بدتر نہ ہو ورنہ اندھوں میں کانا راجہ ہوتا ہے، یشیر الیہ کلام البحر وینبغی ان یکون محل کراھة الاقتدا بھم عند وجود غیرھم (ص ۳۴۹ جلد ۱)﴿۳﴾. وھو الموفق

﴿۱﴾ عن علی رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ ﷺ کل قرض جر منفعة فھو ربا رواہ الحارث بن ابی اسامة واسنادہ ساقط ولہ شاھد ضعیف عن فضالة بن عبید عند البیھقی وآخر موقوف عن عبد اللہ بن سلام عند البخاری.

(بلوغ المرام من ادلة الاحکام ص ۲۸۲ رقم حدیث: ۸۱۲)

ورواہ ابن ابی شیبة فی مصنفہ حدثنا خالد الاحمر عن حجاج عن عطاء قال کانوا یکرھون کل قرض جر منفعة. (فتح القدیر ص ۳۵۲ جلد ۶ قبیل کتاب ادب القاضی)

وفی امداد الفتاویٰ رسالہ کشف الدجیٰ: ومما یدل علی عدم حل القرض الذی یجر الی المقرض نفعا ما اخرجہ البیھقی فی المعرفة عن فضالة بن عبید موقوفا بلفظ کل قرض جر منفعة فھو وجہ من وجوہ الربا ورواہ فی السنن الکبریٰ عن ابن مسعود وابی بن کعب وعبد اللہ بن سلام وابن عباس موقوفاً علیھم (ص ۹۹) وایضا قال فی (ص ۲۱۵) وقال ﷺ کل قرض جر منفعة فھو ربا وھو حدیث حسن لغیرہ صرح بہ العزیزی فی شرح الجامع الصغیر (ص ۸۴۷ جلد ۳).

(امداد الفتاویٰ ص ۲۱۵، ۲۷۰ جلد ۳ کشف الدجیٰ عن وجہ الربوا)

﴿۲﴾ قال الشامی: قولہ (ویکرہ امامة عبد ..... وفاسق) من الفسق وھو الخروج عن الاستقامہ ولعل المراد بہ من یرتکب الکبائر کشارب الخمر والزانی وآکل الربا ونحو ذلک کذا فی البرجندی.

(ردالمحتار ھامش الدرالمختار ص ۴۱۴ جلد ۱ قبیل مطلب البدعة خمسة اقسام)

﴿۳﴾ (البحر الرائق ص ۳۴۹ جلد ۱ باب الامامة)

ایک مشت سے کم داڑھی رکھنے والے کی امامت

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ داڑھی مونڈوانے کا کیا حکم ہے اور ایک مشت رکھنا واجب یا سنت ہے؟ اور جو شخص ایک مشت سے کم داڑھی رکھتا ہو اس کی اقتدا جائز ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: حافظ عبدالرشید جھنگ.....۳۱/۶/۱۳۹۷ھ

الجواب: ایک مشت داڑھی رکھنا واجب ہے البتہ اس کے وجوب سنت وحدیث سے ثابت ہے، کما صرح به شیخ عبد الحق محدث الدهلوی﴿۱﴾، اس کا مونڈوانے والا فاسق ہے اور کتروانے والا نیز فاسق ہے جبکہ علیٰ قصد الدوام ہو، کما فی تنقیح الفتاویٰ ﴿۲﴾ اور فاسق کی اقتدا مکروہ ہے البتہ انفراد سے افضل ہے﴿۳﴾۔ وهو الموفق

﴿۱﴾ (اشعة للمعات شرح مشکواۃ باب الترجل الفصل الاول)

وقال الملا علی قاری: وقد اختلفوا فیما طال من اللحیة فقیل ان قبض الرجل علی لحیته واخذ ماتحت القبضة ولابأس به وقد فعله ابن عمر رضی الله عنه وجماعة من التابعین واستحسنه الشعبی وابن سیرین وکره الحسن وقتادة ومن تبعها وقالوا ترکها عافیة احب منه لکن الظاهر هو الاول. (نفع قوت المغتذی علی هامش سنن ترمذی ص ۱۰۰ جلد۲)(وهکذا فی مرقاة المفاتیح ص ۲۹۸ جلد۸ باب الترجل الفصل الاول)

﴿۲﴾قال العلامه محمدامین: ان الاخذ من اللحیة وهی دون القبضة کما یفعله بعض المغاربة ومخنثة الرجال لم یبحه احد واخذ کلها فعل یهود الهنود ومجوس الاعاجم.

(تنقیح الفتاویٰ الحامدیه ص ۳۵۱ جلد ۱ لایباح الاخذ من اللحیة وهی دون القبضة)

﴿۳﴾ قال العلامة ابن عابدین رحمه الله: فان امکن الصلاة خلف غیرهم فهو افضل والا فالاقتداء اولیٰ من الانفراد. (ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۴۱۳ جلد ۱ قبیل مطلب البدعة خمسة اقسام باب الامامة)

دس سالہ لڑکے کی امامت باطل ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک دس سالہ لڑکا ہے پانچ پارے تک قرآن پڑھا ہے اس کے پیچھے اقتدا کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: رئیس خان شاہ کوٹ پبی نوشہرہ ... یکم ذی قعدہ ۱۴۰۲ھ

الجواب: تمام فقہاء نے تصریح کی ہے کہ بالغ کا نابالغ امام کے پیچھے اقتدا باطل ہے ﴿۱﴾ لحدیث الامام ضامن ﴿۲﴾ ولحدیث انما جعل الامام لیوتم به ﴿۳﴾. وهو الموفق

داڑھی مونڈے حافظ قرآن کی اقتدا کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک حافظ قران داڑھی مونڈواتا ہو یا کترواتا ہو اور مسنون داڑھی نہ رکھتا ہو، اس کے پیچھے اقتدا کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم ۱۹۷۷ء/۹/۲۳

﴿۱﴾ قال العلامه حصكفی: ولا یصح اقتداء رجل بامرأة وخنثی وصبی مطلقا ولو فی جنازة ونفل علی الاصح. (الدرالمختار علی هامش ردالمحتار ص ۴۲۷ جلد ۱ مطلب الواجب کفایة هل یسقط بفعل الصبی)

﴿۲﴾ عن ابی هریرة قال قال رسول اللهﷺ الامام ضامن والمؤذن مؤتمن اللهم ارشد الائمة واغفر للمؤذنین.

(جامع ترمذی ص ۲۹ جلد ۱ باب ماجاء ان الامام ضامن والمؤذن مؤتمن)

﴿۳﴾ عن عائشة ام المومنین انها قالت صلی رسول الله ﷺ فی بیته وهو شاک فصلی جالسا وصلی وراءه قوم قیاما فاشار الیهم ان اجلسوا فلما انصرف قال انما جعل الامام لیؤتم به فاذا رکع فارکعوا الخ.

(الصحیح البخاری ص ۹۵ جلد ۱ باب انما جعل الامام لیؤتم به الخ. کتاب الاذان)

الجواب: مسنون داڑھی نہ رکھنے والے امام کے پیچھے نیک آدمیوں کی موجودگی میں اقتدا مکروہ تحریمی ہے، لکونہ فاسقا کما فی تنقیح الفتاویٰ ص ۳۵۱ جلد ۱ ان الاخذ من اللحیۃ وھی دون القبضۃ کما یفعلہ بعض المغاربۃ ومخنثۃ الرجال لم یبحہ احدواخذ کلھا فعل الیھود والھنود ومجوس الاعاجم اہ فحیث ادمن علی فعل ھذا المحرم یفسق﴿۱﴾ وفی شرح الکبیر ص ۴۷۹ کراھۃ تقدیمہ کراھۃ تحریم﴿۲﴾ وفی البحر ص ۳۴۹ جلد ۱ وینبغی ان یکون محل کراھۃ الاقتداء بھم عند وجود غیرھم والا فلا کراھۃ ﴿۳﴾، مختصر یہ کہ ایسے حافظ کو امام نہ بنایا جائے یہ اقتدا ختم القرآن نہ کرنے سے بدتر ہے۔ وھو الموفق

داڑھی کو قبضہ سے کم کرنے والے کی امامت مکروہ تحریمی ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ موضع ہوتری ہری پور کے پیش امام نے داڑھی رکھی ہوئی ہے لیکن اس قدر کٹوا دیتا ہے کہ محض نام کی داڑھی ہے جیسا کہ حجام سے چھ، سات دن تک حجامت نہ کروایا ہو، تو کیا ایسا امام جس کو داڑھی کا تقدس اور سنت رسول ﷺ کا احترام نہ ہو تو کیا اس کے پیچھے نماز ہو سکتی ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: قاضی میر اکبر ہری پور......۱۸/ شوال ۱۴۰۱ھ

الجواب: ایسے امام کے پیچھے اقتدا مکروہ تحریمی ہے، لان الاخذ مادون القبضۃ حرام ومفسق کما فی تنقیح الفتاویٰ الحامدیہ ص ۳۵۱ جلد ۱ ان الاخذ من اللحیۃ وھی دون القبضۃ کما یفعلہ البعض المغاربۃ ومخنثۃ الرجال لم یبحہ احد واخذ کلھا فعل یھود

﴿۱﴾ تنقیح الفتاویٰ الحامدیہ ص ۲۵۱ جلد ۱ لا یباح الاخذ من اللحیۃ وھی دون القبضۃ)

﴿۲﴾ غنیۃ المستملی شرح منیۃ المصلی ص ۴۷۵ فصل فی الامامۃ)

﴿۳﴾ (البحر الرائق ص ۳۴۹ جلد ۱ باب الامامۃ)

الهنود ومجوس الاعاجهم فحیث اد من علی فعل هذا المحرم یفسق ﴿۱﴾. وهو الموفق

سنت داڑھی نہ رکھنے اور عیسائی مشنری میں ملازمت کرنے والے کی امامت

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک امام مدرسہ فتح پوری دہلی کا فارغ التحصیل ہے لیکن اس کی داڑھی سنت کے موافق نہیں ہے اور پینتالیس سال سے عیسائی مشنری میں تنخواہ دار ملازم کی حیثیت سے خدمات انجام دے رہا ہے، نیز مقتدیوں سے بد اخلاقی بھی کرتا ہے شعائر دین کا لحاظ نہیں رکھتا، ایسے امام کے پیچھے اقتدا جائز ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالرحیم حمام گلی صدر روڈ پشاور ۱۲/ ذی قعدہ ۱۴۰۲ھ

الجواب: بشرط صدق وثبوت ایسے امام کے پیچھے اقتدا مکروہ تحریمی ہے، لفسقه کما فی شهادات تنقیح الفتاویٰ الحامدیه ﴿۲﴾ البتہ اگر قوم کی دینی حالت اس سے بدتر ہو تو یہ امام اندھوں میں کانا ہے تو کراہت نہیں ہے، کما فی البحر ص ۳۴۹ جلد ۱ وینبغی ان یکون محل کراهة الاقتداء بهم عن وجود غیرهم والا فلا کراهة ﴿۳﴾. وهو الموفق

مسجد میں فوٹو بنوانے سے منع نہ کرنے والے امام کی امامت

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ مسجد میں نکاح کے وقت فوٹو لینا کیسا ہے؟ نیز اس امام کی امامت کا کیا حکم ہوگا کہ باوجود حاضر مجلس ہونے کے منع نہ کرے کیا اس کی امامت درست ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: سراج الدین حقانی خطیب ڈومیل ضلع جہلم ... ۱۹۸۶ء/ ۸/ ۱۰

﴿۱﴾ (تنقیح الفتاویٰ الحامدیه ص ۳۵۱ جلد ۱ لا یباح الاخذ من اللحیة وهی دون القبضة)

﴿۲﴾ قال العلامه محمد امین: ان الاخذ من اللحیة وهی دون القبضة کما یفعله بعض المغاربة ومخنثة الرجال لم یبحه احد واخذ کلها فعل یهود الهنود ومجوس الاعاجم. (تنقیح الفتاویٰ الحامدیه ص ۳۵۱ جلد ۱ لا یباح الاخذ من اللحیة وهی دون القبضة)

﴿۳﴾ (البحر الرائق ص ۳۴۹ جلد ۱ باب الامامة)

الجواب: مساجداور بازار منکرات سے بھرے ہوئے ہیں اور یہ لوگ اہل ورع پر غالب ہیں لہٰذا امام مجبور ہوگا، ہاں نھی عن المنکر کا فریضہ اپنی جگہ لازم ہے،فوٹو کی حرمت عام مسلمانوں کو بھی معلوم ہے۔﴿۱﴾ تاہم اس امام کی اقتدا درست ہے (بحر الرائق)﴿۲﴾۔ وھو الموفق

لالچ کی وجہ سے غلط فیصلہ کرنے والے کی امامت

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہمارے گاؤں سربلند پورہ کے خطیب......دو فریقوں کا ثالث مقرر ہوا، لالچ کی وجہ سے شرعی فیصلہ کی بجائے غیر شرعی فیصلہ کیا اور لوگوں کو ظاہر کیا کہ یہ فیصلہ شرعی ہے حالانکہ وہ دھوکہ اور فراڈ تھا، جب اس فیصلہ کو قاضی نام مہر ورآف بڈنی کو پیش کیا گیا تو یہ ثالث اپنے فراڈ (دھوکہ) کی وجہ سے حاضر ہونے سے انکاری ہوا اور حاضری نہیں دی، کیا ایسے امام کے پیچھے نماز پڑھنا جائز ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: حاجی سفید گل سربلند پورہ پشاور......۲۱/ ذی الحجہ ۱۴۰۲ھ

الجواب: چونکہ اس مسئلہ متنازع فیہا میں حصص شرعی معلوم اور متیقن ہیں اور فائل میں تحریر شدہ ہیں تو اگر اس مصالح خطیب نے بلا رضامندی طرفین یہ فیصلہ کیا ہو تو فیصلہ نامنظور اور کالعدم ہے اور فراڈ کرنے کی صورت میں نیک لوگوں کی نماز اس کے پیچھے مکروہ تحریمی ہے۔﴿۳﴾۔ وھو الموفق

﴿۱﴾ عن عبد الله بن مسعود قال سمعت رسول اللهﷺ يقول اشد الناس عذابا عند الله المصورون. (مشكواة المصابيح ص ۳۸۵ جلد ۲ باب التصاوير الفصل الاول)

﴿۲﴾ قال العلامة ابن نجيم رحمه الله: وينبغي ان يكون محل كراهة الاقتداء بهم عند وجود غيرهم والا فلا كراهة كما لا يخفى.

(البحر الرائق ص ۳۴۹ جلد ۱ باب الامامة)

﴿۳﴾ قال العلامة الحلبي : كذا في فتاوىٰ الحجة وفيه اشارة الى انهم قدموا فاسقا ياثمون بناء على ان كراهة تقديمه كراهة تحريم. (الشرح الكبير ص ۴۷۵ فصل في الامامة)

مغصوبہ زمین مزارعت پر لینے والے کی امامت

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلے کے بارے میں کہ ہمارے گاؤں میں ایک صاحب جائیداد کافی عرصہ سے مفلوج ہے گاؤں کو چھوڑ کر بیوی کے رشتہ داروں کے ہاں سکونت پذیر ہے، اس کی جائیداد پر بڑے بیٹے نے قبضہ کیا ہے، باپ اس پر سخت ناراض ہے اور کہتا ہے کہ اس کا بیٹا اور اس کے زیر نگرانی سارے کاشتکار اس کی زمین میں تصرف نہ کریں، باپ نے احتجاجا کافی عرصہ سے زمین کے محصولات لینے سے بھی انکار کیا ہے اور سرکار کے ہاں مقدمہ بھی دائر کیا ہے۔ ان کاشتکاروں میں ایک مولوی صاحب نے بھی زمین مزارعت پر لی ہے اس پر ایک مقتدی اعتراض کرتا ہے کہ وہ خان صاحب کی مرضی کے بغیر قابض بیٹے کے زیر نگرانی جو کاشتکاری کر رہا ہے از روئے شرع ناجائز ہے اور اس جرم کا مرتکب نماز پڑھانے کا اہل نہیں ہے، سوال یہ ہے کہ واقعی اس مولوی صاحب کے پیچھے نماز پڑھنا صحیح نہیں ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد شفیق حقانی لیکچرر فیڈرل گورنمنٹ بوائز کالج پشاور......۱۹۸۴ء/ ۷/ ۳۱

الجواب: بشرط صدق وثبوت اس زمین میں بلا اجازت تصرف کنندگان غصب اور ظلم کے مرتکب ہیں، قال رسول اللہ ﷺ لا یحل مال امرئ الا بطیب نفس منه رواه البیهقی فی شعب الایمان﴿۱﴾ وفی شرح المجله ص ۶۱ جلد۲ لا یجوز لاحدان یتصرف فی ملک غیره الا باذنه. واضح رہے کہ جس امام کی دینی حالت مقتدیوں سے بدتر ہو تو اس کے پیچھے نماز مکروہ ہے ورنہ اندھوں میں کانا راجہ ہوتا ہے، یدل علیه مافی امامة البحر ﴿۲﴾. وهو الموفق

﴿۱﴾ (مشکواة المصابیح ص ۲۵۵ جلد ۱ باب الغصب والعارية الفصل الثانی)

﴿۲﴾ قال العلامة ابن نجیم رحمه الله: وینبغی ان یکون محل کراهة الاقتداء بهم عند وجود غیرهم والافلا کراهة کما لا یخفی.

(البحر الرائق ص ۳۴۹ جلد ۱ باب الامامة)

حضرت تھانوی رحمہ اللہ پر بہتان لگانے والے کی اقتدا نہ کی جائے

سوال: محترم مفتی صاحب دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک.....السلام علیکم: عرض یہ ہے کہ ہمارے گاؤں میں ایک نئے مولوی صاحب آئے ہیں دوران گفتگو انہوں نے فرمایا کہ (مولانا) اشرف علی (تھانوی رحمہ اللہ) کی ایک کتاب "ملفوظات یومیہ" ہے جس میں لکھا ہے کہ ایک آدمی نے دریافت کیا کہ ماں کے ساتھ زنا کرنا کیسا ہے تو انہوں نے جواب میں کہا کہ "آدمی سارا ہی ماں کے بیچ ہوتا ہے جس کا تھوڑا سا حصہ بیچ داخل ہو جائے تو کیا حرج ہے" تو میں نے مولوی صاحب سے اس بات پر احتجاج کیا تو مولوی صاحب نے کہا کہ "اس کنجر نے تو حضور ﷺ کی بھی توہین کی ہے" ان کے کنجر کہنے پر مجھے غصہ آیا اور میں نے کہا کہ آپ نے اشرف علی صاحب کو جو (کنجر) کہا ہے میرے خیال میں آپ خود ہی ہے، مولوی صاحب کہتے ہیں کہ میں کتاب اور تحریر آپ کو دکھاؤں گا، مگر ابھی تک نہیں دکھائی ہے کیا اس مولوی کے پیچھے میری نماز ہوتی ہے کیا اس کو امام رکھنا جائز ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: فیض بیروٹ راولپنڈی.....رمضان المبارک ۱۳۸۹ھ

الجواب: ہم مولوی صاحب کے بہت ممنون ہوں گے اگر انہوں نے یہ کتاب اور حوالہ دکھایا، اور اس کے بعد ہم تحقیقی جواب لکھنے پر قادر ہوں گے اس سے پہلے ہم اتنا کہہ سکتے ہیں کہ " **سبحانک ھذا بھتان عظیم** " ﴿۱﴾ اور یا یہ کہیں گے کہ حضرت کے ملفوظات اور مواعظ میں ایسے مضامین جن میں مدعیان عقل کے غرائب اور ان کی تردید ہوتی ہے تو شاید مولوی صاحب نے تحریف کیا ہے اور اپنے آپ کو خطرہ میں ڈالا ہے اس کی مثال ایسی ہے کہ اگر ایک شخص بولے کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں، **لا تسمعوا لھذا القرآن والغوا فیه** ﴿۲﴾ وغیرہ ذلک، تو یہ درست ہے کہ اللہ تعالیٰ کا کلام ہے

﴿۱﴾ (سورۃ النور پارہ: ۱۸ رکوع: ۸ آیت: ۱۶)

﴿۲﴾ (سورۃ حم سجدہ پارہ: ۲۴ رکوع ۱۸ آیت ۲۶)

لیکن حرام نہیں ہے بہرحال ایسے خبیث کے پیچھے اقتدا نہ کیا کریں ﴿۱﴾ ایک صحیح العقیدہ امام کے پیچھے اقتدا کیا کریں اور آپ نے جو جواب دیا ہے بغض فی اللہ کی وجہ سے ہے ایسا شخص قابل عزل واہانت ہے اگر معاملہ یہی ہو ﴿۲﴾۔ وھو الموفق

جس امام کے بالغ لڑکیاں گلیوں میں پھرتی ہوں ان کی امامت کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک امام کے دو بالغ لڑکیاں ہیں جو دسویں اور چھٹی میں تعلیم حاصل کرتے ہیں گلیوں میں پھرتی ہیں اور شریعت کا مسئلہ ہے کہ لڑکیوں کو خطبہ (پیغام نکاح) آئے تو نکاح پر دیا کرے لیکن اس امام نے ایک خطبہ کو رد بھی کیا ہے کیا ایسے امام کی اقتدا کی جائے گی یا انفرادی نماز پڑھیں گے؟ بینوا توجروا

المستفتی: حسین احمد سرگودھا...... ۱۹۷۸ء/۷/۳۰

الجواب: انفرادا نماز پڑھنے سے فاسق کے پیچھے اقتدا افضل ہے خصوصاً جبکہ امام کی دینی حالت بنسبت قوم کی اچھی ہو، کما فی شرح التنویر صل خلف فاسق او مبتدع نال فضل الجماعة وفی ردالمحتار ص ۲۵۲ جلد ۱ افاد ان الصلوٰۃ خلفھا اولیٰ من الانفراد ولکن لا ینال کما ینال خلف تقی ﴿۳﴾۔ وھو الموفق

﴿۱﴾ عن عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ ﷺ سباب المسلم فسوق وقتالہ کفر. (الجامع الصحیح للمسلم ص ۵۸ جلد ۱ کتاب الایمان)

﴿۲﴾ قال العلامہ ابن عابدین: واما الفاسق فقد عللوا کراھة تقدیمہ بانہ لا یھتم لامر دینیہ وبان فی تقدیمہ للامامة تعظیمہ وقد وجب علیھم اھانتہ شرعاً ولا یخفیٰ انہ اذا کان اعلم من غیرہ لا تزول العلة فانہ لا یؤمن ان یصلی بھم بغیر طھارة فھو کالمبتدع تکرہ امامتہ بکل حال بل مشی فی شرح المنیة علی ان کراھة تقدیمہ کراھة تحریم لما ذکرنا قال ولذا لم تجز الصلاة خلفہ اصلا عند مالک وروایة عن احمد. (ردالمحتار ھامش الدرالمختار ص ۴۱۶ جلد ۱ قبیل مطلب البدعة خمسة اقسام باب الامامة)

﴿۳﴾ الدرالمختار مع ردالمحتار ص ۴۱۵ جلد ۱ قبیل مطلب فی امامة الامرد باب الامامة)

حیات النبی ﷺ نہ ماننے والے اور روایات درود کو ضعیف کہنے والے کی امامت

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ جو امام مسئلہ حیات النبی ﷺ میں اختلاف رکھتا ہے اور درود شریف کی روایات کو ضعیف قرار دے رہے ہیں وہ روایات جن میں آنحضور ﷺ تک صلوٰۃ وسلام کے ایصال کا ذکر فرمایا گیا ہے ایسے امام کو مقرر کرنا ازروئے شرع کیا حکم رکھتا ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: حاجی عبدالمنان چیف کمیسٹ منگورہ سوات

الجواب: بظاہر یہ شخص سلفی اور نجدی معلوم ہوتا ہے پس اگر یہ حقیقت ہو تو ایسے شخص کو باقاعدہ امام مقرر کرنا مکروہ ہے ﴿۱﴾، لکونه مبتدعا خارجيا شديداً على المسلمين رحيماً على الكفار مبيحا لقتل اهل الاسلام وتاركاً لقتل اهل الاوثان وفق قول الصادق المصدوق ﷺ (رواه البخارى). وهو الموفق

عاق کے پیچھے اقتدا کرنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک مولوی صاحب جو ہمارا پیش امام ہے اپنے والد سے لڑ پڑا، والد نے بیک وقت طلاق ثلاثہ ڈال دیں کہ یہ بیٹا مجھ سے عاق ہے کیا اب اس عاق شدہ امام صاحب کے پیچھے نماز درست ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: ڈاکٹر ظہور محمد واڑی ضلع دیر ۱۹۸۳ء/ ۸/ ۳۱

﴿۱﴾ ويكره امامة ...... مبتدع اى صاحب بدعة وهى اعتقاد خلاف المعروف عن الرسول لا بمعاندة بل بنوع شبهة وكل من كان من قبلتنا لا يكفر بها حتى الخوارج الذين يستحلون دماء نا واموالنا الخ.

(الدر المختار على هامش ردالمحتار ص ۴۱۴ جلد ۱ مطلب البدعة خمسة اقسام باب الامامة)

الجواب: عاق کے پیچھے اقتدا مکروہ ہے﴿۱﴾لیکن اس کے پیچھے اقتدا انفراد سے افضل ہے (شامی وغیرہ)﴿۲﴾۔وھو الموفق

بریلوی فرقہ کی اقتدا کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ میں جس علاقے میں رہائش پذیر ہوں وہاں بریلویوں کی مسجد ہے کوشش کے باوجود بعض باجماعت نمازیں چھوٹ جاتی ہیں کیونکہ ہمارے اپنے مسلک کی مسجد کچھ دور واقع ہے بریلویوں کے غلط عقائد تو کسی پر مخفی نہیں ہیں کیا ہم ان کے پیچھے اقتدا کر سکتے ہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: مجید الحسن اسلام آباد......۱۹۹۰ء/۹/۲

الجواب: اکیلے نماز پڑھنے سے فاسق و بدعتی کی اقتدا میں نماز پڑھنا بہتر ہے (ردالمحتار)﴿۳﴾۔ وھو الموفق

بریلوی فرقہ کی اقتدا پر دوبارہ استفسار

سوال: جواب موصول ہوا لیکن ایک خدشہ پھر بھی رہ گیا وہ یہ کہ اگر عقائد مشرکانہ ہوں مثلاً غیر

﴿۱﴾ لان العقوق من الکبائر وفی الحدیث عن عبد اللہ بن عمر و قال قال رسول اللہ ﷺ الکبائر الاشراک باللہ وعقوق الوالدین الخ.
(مشکواۃ المصابیح ص۱۷ جلد۱ باب الکبائر الفصل الاول)

﴿۲﴾ قال العلامۃ الحصکفی رحمہ اللہ: صلی خلف فاسق او مبتدع نال فضل الجماعۃ قال ابن عابدین (قولہ نال فضل الجماعۃ) افاد ان الصلاۃ خلفھما اولی من الانفراد.
(الدرالمختار مع ردالمحتار ص۴۱۵ جلد۱ مطلب فی امامۃ الامرد باب الامامۃ)

﴿۳﴾قال ابن عابدین:افاد ان الصلاۃ خلفھما اولیٰ من الانفراد.
(ردالمحتار ھامش الدرالمختار ص ۴۱۵ جلد۱ مطلب فی امامۃ الامرد)

اللہ کو عالم الغیب حاضر وناظر، حاجت روا مشکل کشا سمجھنا تو پھر کیا ہوگا؟ بینوا توجروا

المستفتی: مجید الحسن اسلام آباد

الجواب: اس خاص فرقہ کے واعظین اور مقررین شرک میں مبتلا ہوتے ہیں اور عوام کو شرک میں مبتلا کرتے ہیں لیکن اس فرقہ کے علماء غالبی طور سے مؤولین ہوتے ہیں مثلاً یہ مانتے ہیں کہ پیغمبر علیہ السلام بشر ہے لیکن اس کو بشر نہیں کہتے، بلکہ نور ہیں اور کہتے ہیں کہ علم کلی سے جب مراد استغراق حقیقی ہو تو وہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ خاص ہے اور پیغمبر علیہ السلام کیلئے وہ علم کلی ثابت ہے، جس میں استغراق عرفی موجود ہے، کما فی قولہ تعالیٰ اوتیت من کل شئ ﴿۱﴾ واتنیه من کل شئ سببا ﴿۲﴾ وفی قوله علیه السلام فتجلی لی کل شئ ای قدر یلیق بالملک والرسول، اور حاضر وناظر کو مہملہ قرار دیتے ہیں نہ کہ محصورہ للاحتیاط والتنزہ. وهو الموفق

گالی گلوچ اور برا بھلا کہنے والے کی امامت

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک امام ہے جو غریب اور غیر شادی شدہ ہے نیز گالی گلوچ استعمال کرنے اور برا بھلا کہنے والے ہیں اس کے پیچھے نماز پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: غلام محی الدین مانسہرہ......۱۹۷۸ء/۱۰/۱۲

الجواب: جب امام کی حالت بنسبت قوم کے بہتر ہو تو اس کی امامت میں کراہت نہیں ہے کیونکہ آندھوں میں کانا راجہ ہوتا ہے، کما یشیر الیه کلام البحر ص ۳۴۹ جلد ۱ وینبغی ان یکون محل کراهة الاقتداء بهم عند وجود غیرهم ﴿۳﴾. وهو الموفق

﴿۱﴾ (پارہ ۱۹ سورۃ النمل: آیت: ۲۳)

﴿۲﴾ (پارہ: ۱۶ سورۃ الکهف آیت: ۸۴)

﴿۳﴾ (البحر الرائق ص ۳۴۹ جلد ۱ باب الامامة)

منشیات کے عادی کی اقتدا مکروہ تحریمی ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک شخص منشیات کا عادی ہے چرس وغیرہ کا نشہ کرتا ہے اور یہ شخص سنت اعمال سے بھی دور ہے ایسے شخص کی اقتدا کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد یعقوب.....۱۹۷۴ء/۳/۳

الجواب: ایسے امام کے پیچھے اقتدا کرنا مکروہ تحریمی ہے اگر چہ انفراد سے ایسے امام کے پیچھے اقتدا افضل ہے ﴿۱﴾ کما فی منحة الخالق ذکر الحلبی فی شرح منية المصلی ان کراهة تقديم الفاسق والمبتدع کراهة التحريم (هامش البحر ص ۳۴۶ جلد ۱) ﴿۲﴾ . وهو الموفق

حقوق زوجیت ادا نہ کرنے اور مقتدیوں میں انتشار پھیلانے والے کی امامت کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک شخص کے نکاح میں دو عورتیں ہیں ایک پرانی اور ایک نئی، جبکہ نئی عورت اس کے ہاں آباد ہے اور تمام حقوق زوجیت ادا کرتا ہے اور پرانی عورت میکے چلی گئی ہے اور حقوق زوجیت ادا نہیں کرتے اور معلقہ ہے، علاوہ ازیں یہ امام مقتدیوں میں انتشار بھی پیدا کرتا ہے جس کی وجہ سے کئی لوگوں نے اس کے پیچھے نماز ادا کرنا چھوڑ دیا ہے پس دریافت طلب مسئلہ یہ ہے کہ جو شخص حقوق العباد پامال کرتا ہو اور اتفاق واتحاد کی بجائے انتشار پیدا کر رہا ہو اس کے پیچھے نماز پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: غلام محمد، تاج محمد مٹی آباد راولپنڈی.....۲۲/شوال ۱۳۸۹ھ

﴿۱﴾ قال العلامه ابن عابدين: فان امكن الصلوة خلف غيرهم فهو افضل والا فالاقتداء اولىٰ من الانفراد.

(ردالمحتار ص ۴۱۳ جلد ۱ قبيل مطلب البدعة خمسة اقسام باب الامامة)

﴿۲﴾ (منحة الخالق على هامش البحر الرائق ص ۳۴۹ جلد ۱ باب الامامة)

الجواب: اگر پرانی عورت اپنی مرضی سے میکے چلی گئی ہو اور یہ انتشار حق بیان کرنے کی وجہ سے ہو تو اس امام کے پیچھے اقتدا میں کوئی کراہت نہیں ہے اور اگر یہ پرانی عورت اس نے ظالمانہ طور سے گھر سے نکالی ہو اور یہ انتشار من مانی کی وجہ سے محقق ہوا ہو تو اس صورت میں اس کے پیچھے صالحین کی اقتدا مکروہ ہے اگرچہ انفراد سے بہتر ہے، یدل علی جمیع ما ذکرت قولہ تعالیٰ فان خفتم الا تعدلوا فواحدة﴿۱﴾ وقال رسول اللہ ﷺ اذا کانت عند الرجل امراء تان فلم یعدل بینھما جاء یوم القیامة وشقہ ساقط اخرجہ اصحاب السنن الاربع عن ابی ھریرة رضی اللہ عنہ مرفوعاً ﴿۲﴾ وفی الھدایہ وغیرھا واذا کان لرجل امرء تان حرتان فعلیہ ان یعدل بینھما فی القسم﴿۳﴾، وفی الدر المختار ولو ام قوما وھم لہ کارھون ان کانت الکراھیة لفساد فیہ او لانھم احق بالامامة منہ کرہ ذلک تحریماً لحدیث ابو داؤد لا یقبل اللہ صلاة من تقدم قوما وھم لہ کارھون وان ھو احق لا والکراھیة علیھم، انتھیٰ ما فی الدر المختار علی ھامش ردالمحتار ص ۵۲۲ جلد ۱ ﴿۴﴾ وفی الشرح الصغیر علی ھامش الکبیر ص ۴۳۸ ویکرہ تقدیم الفاسق کراھة تحریم﴿۵﴾، فقط. وھو الموفق

بیٹھ کر رکوع سجدہ کرنے والے امام کی اقتدا جائز ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک مستند حافظ قرآن عالم دین کی

﴿۱﴾ (سورة النساء پارہ: ۴ رکوع: ۱۲ آیت: ۳)
﴿۲﴾ (مشکواة المصابیح ص ۲۷۹ جلد ۱ باب القسم الفصل الثانی)
﴿۳﴾ (ھدایة ص ۳۲۸ جلد ۲ باب القسم کتاب النکاح)
﴿۴﴾ (الدر المختار علی ھامش ردالمحتار ص ۴۱۳ جلد ۱ مطلب فی تکرار الجماعة فی المسجد باب الامامة)
﴿۵﴾ (غنیة المستملی المعروف بالکبیری ص ۴۷۵ فصل فی الامامة)

بوجہ ایکسیڈنٹ دائیں پنڈلی ٹوٹ جانے کی باعث ہسپتال والوں نے پوری ٹانگ پر پلستر لگادیا ہے، رمضان میں قبلہ کی طرف سیدھی ٹانگ رکھ کر اور بیٹھ کر نماز تراویح پڑھا سکتا ہے یا نہیں اور فرض نماز کے متعلق بھی لکھ دیں کہ ہمارے لئے کھڑے ہو کر اقتدا کرنا جائز ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: حافظ شیر محمد کوئٹہ......۱۹۷۸ء/۷/۳

الجواب: اگر یہ امام بیٹھ کر رکوع اور سجدہ پر قادر ہو تو اس کے پیچھے اقتدا فرائض اور غیر فرائض دونوں میں درست ہے، **کما فی شرح التنویر وقائم بقاعد یرکع ویسجد لانه ﷺ آخر صلاته قاعداً وهم قیام وابوبکر یبلغهم تکبیره ﴿۱﴾. وهو الموفق**

تقلید شخصی کے منکر کی امامت جائز نہیں ہے

سوال: یک ملا از وہابیہ میگوید ودر کتاب خود نیز تحریر میکند کہ تقلید یکے از چہار مذاہب وعمل بران کردن شرک است، وصاحبان مذاہب اربعہ را مشرکان میگوید، پس بہ معاملہ دنیاوی ودیگر کاروبار وغیرہ دراو جائز است مر مسلمان را یا نہ، ونیز امامت کردن ایں قسم وہابیہ مر مسلمان را جائز است یا نہ؟ بینوا توجروا

المستفتی: مولوی فضل صمدانی باندہ ضلع چارسدہ......۲۹/صفر ۱۴۰۲ھ

الجواب: تلقید شخصی مشروع است ومشروعیت او از قرآن واحادیث وتعامل سلف وخلف ثابت است ﴿۲﴾ البتہ تقلید شرکی حرام وشرک است ﴿۳﴾ چنانچہ در قرآن مجید مصرح است، پس کدام

﴿۱﴾ (الدر المختار علی هامش ردالمحتار ص۴۳۵ جلد ۱ قبیل مطلب فی رفع المبلغ صوته زیادة علی الحاجة باب الامامة)

﴿۲﴾ قال الله تعالیٰ: فاسئلوا اهل الذکر ان کنتم لا تعلمون (النحل) وقال الله تعالیٰ: ولو ردوه الی الرسول والیٰ اولی الامر منهم لعلمه الذین یستنبطونه منهم (النساء) وقال رسول الله ﷺ اصحابی کالنجوم بایهم اقتدیتم اهتدیتم ، بیهقی، وقال البیقی حدیث مسلم یؤدی بعض معناه وقال ابن حجر صدق البیهقی (مرقات ص۲۸ جلد ۱۱، ۱۲) وهکذا قلدوا اهل المدینة لزید بن ثابت کما فی البخاری حیث سأل اهل المدینة......(بقیه حاشیه اگلے صفحه پر)

شخص کہ تلقید شخصی راشرک قرار کند ومقلدین رامشرکین قرار مے گرداند محرف قرآن ومنحرف از سبیل مؤمنین است، اقتدائے اودر نماز ناجائز است ﴿۱﴾ وترک موالات بااو واجب ہست۔ وھو الموفق

خیانت کرنے والے امام کی اقتدا مکروہ تحریمی ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک امام مسجد کے پاس امانت رقم آتی رہی اور اس نے وہ امانت ادا نہیں کی بلکہ خود کھاتا پیتا رہا، جس پر مکمل ثبوت موجود ہے کہ یہ امام خیانت کرنے والا ہے اس امام کے پیچھے نماز ہوسکتی ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالحمید، عبدالرحمٰن مین بازار ہری پور ہزارہ......۱۹۷۷ء/۶/۷

الجواب: بشرط ثبوت خیانت اس کے پیچھے اقتدا مکروہ تحریمی ہے ﴿۲﴾ لان الخیانة

(بقیہ حاشیہ) عن ابن عباس فی حق حائضة اذا صارت حائضة بعد طواف الزیارة فتنظر او ترجع الیٰ وطنہا؟ فقال ابن عباس ترجع الی وطنہا فقال اہل المدینة لا نأخذ بقولک وندع قول زید بن ثابت کما فی البخاری باب اذا حاضت المرء ة بعد ما افاضت، وھکذا التعامل علی تقلید الشخصی سلفاً خلفاً الی الآن ثابت وذاک حسن لحدیث ماراه المؤمنون حسناً فھو عند اللہ حسن رواہ المحدثون موقوفا علی ابن مسعود وجعلہ الامام محمد مرفوعا فی بلاغاته. (ازمرتب)

﴿۳﴾ قال اللہ تعالیٰ: واذا قیل لھم اتبعوا ما انزل اللہ قالوا بل نتبع ما الفینا علیه اباء نا او لوکان آباء ھم لا یعقلون شیئاً ولا یھتدون. (البقرہ پارہ: ۲ رکوع:۵ آیت: ۱۷۰)

﴿۱﴾ قال الحصکفی: ویکرہ امامة...... مبتدع ای صاحب بدعة وھی اعتقاد خلاف المعروف عن الرسول لا بمعاندة بل بنوع شبھة وکل من کان من قبلتنا لا یکفر بھا. (الدرالمختار علی ھامش ردالمحتار ص ۴۱۴ جلد ۱ مطلب البدعة خمسة اقسام)

﴿۲﴾ قال الحلبی: وفیه اشارة الی انھم قدموا فاسقا یاثمون بناء علی ان کراھة تقدیمه کراھة تحریم. (الشرح الکبیر ص ۴۸۵ فصل فی الامامة)

حرام﴿۱﴾ والاقتداء بالفاسق مکروہ تحریما صرح به الامام الحلبی فی الشرح الکبیر ،البتہ انفراد سے اقتدا بہتر ہے﴿۲﴾۔وھو الموفق

خنثیٰ مشکل کی امامت کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ خنثیٰ مشکل کے پیچھے اقتدا اور اس کو امام بنانا درست ہے یا نہیں؟بینوا توجروا

المستفتی:ارشاداللہ زیارت کا کا صاحب.....۴/رمضان۱۴۰۵ھ

الجواب: اگر خنثیٰ سے مراد عنین (نامرد) ہو تو اس کی امامت درست ہے اور اگر خنثیٰ سے مراد وہ شخص ہو جس کے مردانہ اور زنانہ دونوں آلے ہوں اور دونوں سے بیک وقت پیشاب کرتا ہو تو اس کی امامت مردوں کیلئے درست نہیں ہے، کما فی الھندیه ص ۸۵ جلد ۱ وامامة الخنثیٰ المشکل للنساء جائزة .....وللرجل والخنثیٰ مثله لا یجوز﴿۳﴾. وھو الموفق

تراویح میں نابالغ کی امامت کا مسئلہ

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ رمضان میں نابالغ حافظ کے پیچھے تراویح پڑھنے کا کیا حکم ہے،جبکہ گاؤں میں غیر حافظ دوسرا امام بھی موجود ہے؟بینوا توجروا

المستفتی:عبدالرؤف ریام لورہ ایبٹ آباد

﴿۱﴾ عن عبد الله بن عمرو قال قال رسول الله ﷺ اربع من کن فیه کان منافقا خالصاً ومن کانت فیه خصلة منهن کانت فیه خصلة من النفاق حتی یدعها اذا اؤتمن خان واذا حدث کذب واذا عاھد غدر واذا خاصم فجر. متفق علیه.

(مشکواۃ المصابیح ص۱۷ جلد ۱ باب الکبائر وعلامات النفاق)

﴿۲﴾ قال العلامة ابن عابدین: افاد ان الصلاۃ خلفھما اولیٰ من الانفراد.

(ردالمحتار ص۴۱۵ جلد ۱ مطلب فی امامة الامرد باب الامامة)

﴿۳﴾ (فتاویٰ عالمگیریه ص۸۵ جلد ۱ الفصل الثالث فی بیان من یصلح اماما لغیرہ)

الجواب: نابالغ کے پیچھے تراویح پڑھنے سے ذمہ فارغ نہیں ہوتا ہے، کما فی الدرالمختار ص ۵۴۱ جلد ۱ ﴿۱﴾ لہٰذا بالغ امام کے پیچھے اقتدا کی جائے گی، اوراھون البلیتین پرعمل ہوگا۔ وھو الموفق

بیع مؤجل کرنے والے امام کی امامت

سوال: کیافرماتے ہیں علماءدین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہمارا پیش امام ازقسم غلہ جوکہ موجودہ وقت میں مثلاً بیس روپیہ فی من گندم فروخت ہوتا ہےاور مذکورہ امام لوگوں کوتیس یا پینتیس روپیہ فی من قرض فروخت کرتے ہیں اورلوگ خرید کر کے سال بعد رقم دیتے ہیں امام صاحب اسے بیع سلم کہتے ہیں حالانکہ یہ تو سود ہے کیااس امام کے پیچھے نماز پڑھنا جائز ہے؟بینوا توجروا

المستفتی: بندہ محمد عبدالحمید عفی عنہ......۱۹۷۳ء/۱۱/۲۵

الجواب: یہ سلم نہیں ہے بلکہ بیع مؤجل ہےاور چونکہ یہ زیادت تاجیل کی وجہ سے ہے نہ کہ تاجیل کی عوض ہے، لہٰذا یہ بیع جائز ہے، صرح بہ مولانا اللکھنوی فی مجموعة الفتاویٰ ناقلاً عن شرح النقایه والبحر والنهر فلیراجع ﴿۲﴾۔ وھو الموفق

﴿۱﴾ قال العلامة الحصکفی رحمه الله: ولا یصح اقتداء رجل بامرأة وخنثی وصبی مطلقا ولو فی جنازة ونفل علی الاصح. (الدرالمختار علی هامش ردلمحتار ص۴۲۷ جلد ۱ مطلب الواجب کفایة هل یسقط بفعل الصبی وحده باب الامامة)

﴿۲﴾ قال العلامة عبد الحئی اللکهنوی: زیادتی ثمن برائے اجل بلاشبہ درست ہےاس کا ثبوت ہدایہ کی کتاب المرابحه کی عبارت سے اچھی طرح ہوتا ہے ہدایہ میں ہے، الا تری انه یزاد فی الثمن لاجل الاجل، کیاتمہیں یہ نہیں معلوم کہ مدت کی وجہ سے ثمن میں زیادتی کی جاسکتی ہےاورایسی ہی عبارتیں دوسری کتب عدیدہ میں بھی موجود ہیں، فصیح الدین ہروی رحمہ اللہ شرح وقایہ کی کتاب المرابحہ میں لکھتے ہیں، فی النسیئة یزاد الثمن لاجل الاجل نسیہ میں مدت کی وجہ سے ثمن میں زیادتی کی جاسکتی ہے......(بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

بے مروت اور بے غیرت شخص کی امامت مکروہ ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک بستی کے مسلمانوں نے تحریراً وعدہ واقرار کیا کہ بیاہ شادی میں حرام رسومات، ڈھول ناچ، بیہودہ گانا بجانا وغیرہ ہرگز استعمال نہیں کریں گے، اگر کسی نے کیا تو مبلغ یکصد روپیہ جرمانہ ہوگا، اس پر تقریبا پچیس سال عمل درعمل ہوا، اتفاقاً بستی کے ایک شخص نے اپنے بیٹے کی شادی پر ڈھول اور فاحشہ بازاری عورتیں وغیرہ لائے اور ناچ وغیرہ کا پروگرام ہوا، اور بستی کے چند افراد نے بھی ساتھ دیا، امام مسجد نے ان کی اس خلاف ورزی کی وجہ سے تنبیہاً

(بقیہ حاشیہ) اور نہر الفائق شرح کنز الدقائق میں ہے الاتری انه یزاد فی الثمن لاجله کیا تمہیں یہ نہیں معلوم کہ مدت کی وجہ سے ثمن میں زیادتی کی جاسکتی ہے، اور بحر الرائق شرح کنز الدقائق میں ہے لان للاجل شبها بالمبیع الاتری انه یزاد فی الثمن لاجل الاجل کیونکہ اجل کو مبیع سے مشابہت ہو کیا تم کو یہ نہیں معلوم کہ اجل کی وجہ سے ثمن میں زیادتی کی جاسکتی ہے، اور اسی کتاب میں چند سطروں کے بعد لکھا ہے، الاجل فی نفسه لیس بمال ولا یقابله شیء من الثمن حقیقة اذا لم یشترط زیادة الثمن بمقابله قصدا ویزاد فی الثمن لاجله اذا ذکر الاجل بمقابلة زیادة الثمن قصدا خود اجل تو مال نہیں ہے اور نہ اس کے مقابل میں کچھ ثمن ہے، جبکہ قصداً اس کے مقابل میں زیادتی ثمن کی تصریح نہ کردی جائے، البتہ اس کی وجہ سے ثمن پر زیادتی کی جاسکتی ہے جبکہ زیادتی کے مقابلہ میں مدت ذکر کردی جائے ان عبارتوں سے امر معلول عنہ کا جواز اچھی طرح معلوم ہوا، اور ایسا ہی فقہ کی بہت سی کتابوں میں ہے، اور ہدایہ کی عبارت بھی عبارات سابقہ کے مخالف نہیں ہے، ہدایہ کی پوری عبارت یہ ہے، لو کانت له الف مؤجلة فصالحه علی خمس مائة حالة لم یجز لان المعجل خیر من المؤجل وهو غیر مستحق بالعقد فیکون بازاء ماحطه عنه وذلک اعتیاض عن الاجل وهو حرام، اگر کسی چیز کے دام ہزار درہم تھے، جبکہ قیمت دیر میں دی جائے تو مشتری نے پانچ سو پر صلح کی اس شرط سے کہ وہ دام ابھی دیدے گا تو یہ جائز نہ ہوگا، کیونکہ عجلت گو تاخیر سے بہتر ہے لیکن عقد بیع سے اس کمی کا حق حاصل نہ تھا تو اب دام کی کمی عجلت کے مقابلہ میں ہو جائے گی اور یہ اجل سے نفع اٹھانا ہو جو حرام ہے کیونکہ مدت سے نفع اٹھانا امر دیگر ہے اور مدت کی وجہ سے ...... (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

بامید مصلحت ان سے علیحدگی اختیار کی، ان چند افراد نے ایک جاہل ہم خیال کو امام مقرر کرلیا جس سے بستی میں نہایت پریشانی ہوئی ہے، اب سوال یہ ہے کہ ان افراد کی یہ حرکت از روئے شرع جائز ہے یا نہیں؟ اور جو امام بلا اجازت امام اول کے مقرر ہوا ہے از روئے شرع ایسے بدعت پسند ناخواندہ امام کی اقتدا درست ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: پیر سکندر شاہ سوبلن ہزارہ.....۱۹۷۴ء/۱۲/۹

الجواب: ان افراد کی یہ حرکت حرام ہے﴿۱﴾ لانهم خالفوا الشرع واخلفوا الوعد نعم التعذير باخذا المال منسوخ﴿۲﴾ اور اس بے مروت اور بے غیرت امام کے پیچھے اقتدا کرنا مکروہ ہے﴿۳﴾۔وهو الموفق

(بقیہ حاشیہ) ثمن پر زیادتی امر دیگر ہے چونکہ اس مسئلہ میں پہلے سے مدت کا حق ثابت تھا، اور پانچ سو پر صلح حال میں واقع ہوئی تو مدت سے نفع اٹھانا جو مال نہیں ہو لازم آیا، اسی لئے حرمت کا حکم دیا گیا، اور زیادتی ثمن کی صورت میں مدت کیلئے حق اجل پہلے سے ثابت نہیں ہے بلکہ ابتداء مقصود تاجیل ثمن زائد ہوا ہے پس اس کے جواز میں کوئی کلام نہ ہوگا۔ (مجموعة الفتاویٰ ص ۱۲۴ جلد۲ کتاب البیع)

﴿۱﴾ قال العلامه ابن البزار الكردرى: استماع صوت الملاهى كالضرب بالقضيب ونحوه حرام لقوله عليه السلام استماع الملاهى معصية والجلوس عليها فسق والتلذذ بها كفر اى بالنعمة. (فتاویٰ بزازيه على هامش الهنديه ص ۳۵۹ جلد۶ الباب الثالث فيما يتعلق بالمناهى)

﴿۲﴾ قال العلامه ابن عابدين: وفى المجتبىٰ لم يذكر كيفية الاخذ وارى ان ياخذها فيمسكها فان أيس من توبته يصرفها الى ما يرى وفى شرح الآثار التعزير بالمال كان فى ابتداء الاسلام ثم نسخ والحاصل ان المذهب عدم التعزير باخذ المال.

(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۱۹۶ جلد۳ مطلب فى التعزير باخذا المال)

﴿۳﴾ قال العلامه الحصكفى رحمه الله: ويكره امامة عبد وفاسق. (الدرالمختار على هامش ردالمحتار ص۴۱۳، ۴۱۴ جلد۱ مطلب البدعة خمسة اقسام باب الامامة)

منکرات سے بھرپور دعوت ولیمہ میں شریک ہونے والے امام کی اقتدا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک دفعہ نماز جمعہ کے بعد گاؤں والوں نے اتفاق کیا کہ جو آدمی شادی میں گانا بجانا لائے گا اور طوائف کو ڈانس وغیرہ کیلئے بلائے گا، تو ان کی دعوت ولیمہ میں شرکت نہیں کی جائیگی بعد میں ایک شخص نے اس کا ارتکاب کیا جس میں اکثر لوگ شامل نہیں ہوئے لیکن بعض لوگ شامل ہو گئے اور ان کی وجہ سے امام صاحب نے بھی دعوت ولیمہ میں شرکت کی اب لوگ اس امام کے پیچھے نماز نہیں پڑھتے ہیں ایسے شخص کی امامت کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: مولوی گل زمان راولپنڈی......۱۹۷۸ء

الجواب: اس امام میں دینی حمیت اور غیرت نہیں ہے اور جنہوں نے شرکت نہیں کی ہے ان میں دینی حمیت اور غیرت موجود ہے ﴿۱﴾ پس اگر یہ امام اپنے اس فعل پر نادم ہو ﴿۲﴾ تو لوگوں پر ضروری ہے کہ اس کے پیچھے نماز پڑھیں اور اپنے آپ کو امامت اور جماعت کی ثواب سے محروم نہ کریں ﴿۳﴾۔ وهو الموفق

﴿۱﴾ قال العلامه حصكفي: دعي الى وليمة وثمة لعب او غناء قعدو اكل لو المنكر في المنزل فلو على المائدة لا ينبغي ان يقعد بل يخرج معرضا لقوله تعالىٰ فلا تقعد بعد الذكرىٰ مع القوم الظالمين فان قدر على المنع فعل والا يقدر صبر ان لم يكن ممن يقتدى به فان كان مقتدى ولم يقدر على المنع خرج ولم يقعد لانه فيه شين الدين الخ.

(الدرالمختار على هامش ردالمحتار ص۲۴۵ جلد۵ كتاب الحظر والاباحة)

﴿۲﴾ عن عبد الله بن مسعود قال قال رسول الله ﷺ التائب من الذنب كمن لا ذنب له رواه ابن ماجه والبيهقي في شعب الايمان...... وفي شرح السنة روى عنه موقوفا قال الندم توبة والتائب كمن لا ذنب له.

(مشكواة المصابيح ص۲۰۶ جلد ۱ باب الاستغفار)

﴿۳﴾ عن ابن عمر قال قال رسول الله ﷺ صلوٰة الجماعة تفضل صلوٰة الفذ بسبع وعشرين درجة متفق عليه. (مشكواة المصابيح ص۹۵ جلد ۱ باب الجماعة وفضلها)

ساحر، جادوگر اور مشرکانہ عقائد رکھنے والے کی امامت کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین مسائل ذیل کے بارے میں

(۱) جس شخص کا عقیدہ درست نہ ہو اور جادوگر ہو بعض امور میں اللہ تعالیٰ کے ساتھ شریک بھی ٹھہراتا ہو اس کی امامت کا حکم کیا ہے؟ (۲) اگر کوئی مولوی نجوم کے ذریعہ غیب کی باتیں کرتے ہو سحر اور جادو کرتا ہو تو کیا اس کی امامت صحیح ہے؟ (۳) اگر ایک مولوی صاحب نے ایک ہی خاندان کے چھوٹی بچیوں کی نماز جنازہ پڑھائیں لیکن جب ان کی لڑکیوں کا دادا فوت ہوا تو مولوی صاحب نے پارٹی بازی کے طیش میں آکر جنازہ نہیں پڑھایا کیا اس کی اس متعصبانہ رویہ کی وجہ سے اس کی امامت درست ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: لیاقت علی راولپنڈی

الجواب: (۱) مشرک اور ساحر امام کے پیچھے اقتدا کرنا باطل اور کالعدم ہے ﴿۱﴾ البتہ محض تہمت بلاثبوت ناقابل سماعت ہے (قواعد فقہ) (۲) سحر اور جادو جب کفر کی حد تک پہنچا ہو تو اس کا حکم جواب نمبر۱ میں مسطور ہوا ﴿۲﴾ اور جو جادو کفر کی حد تک نہیں پہنچا ہو تو اس عامل امام کے پیچھے اقتدا مکروہ تحریمی ہے (کبیری) ﴿۳﴾۔ (۳) مولوی صاحب نے کن وجوہات کی بنا پر نماز

﴿۱﴾ قال العلامه حصكفي : وان انكر بعض ما علم من الدين ضرورة كفر بها كقوله ان الله تعالىٰ جسم كالاجسام وانكاره صحبة الصديق فلا يصح الاقتداء به اصلا فليحفظ.
(الدرالمختار على هامش ردالمحتار ص ۴۱۵ جلد ۱ قبيل مطلب فى امامة الامرد)

﴿۲﴾ قال العلامه ابن عابدين: فهذه انواع السحر الثلاثه قد تقع بما هو كفر من لفظ او اعتقاد او فعل وقد تقع بغيره كوضع الاحجار وللسحر فصول كثيرة فى كتبهم فليس كل ما يسمى سحرا كفراً اذ ليس التكفير به لما يترتب عليه من الضرر بل لما يقع به مما هو كفر كاعتقاد انفراد الكواكب بالربوبية او اهانة قرآن او كلام مكفر ونحو ذلك ملخصا.
(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۳۴ جلد ۱ مطلب السحر انواع)

﴿۳﴾ قال العلامة الحلبي: كذا فى فتاوىٰ الحجة وفيه اشارة الى انهم قدموا فاسقا ياثمون بناء على ان كراهة تقديمه كراهة تحريم. (الشرح الكبير ص ۴۷۵ فصل فى الامامة)

جنازہ نہیں پڑھائی ہے ان کی وضاحت ضروری ہے تاکہ ہم فتویٰ دینے پر مقتدر رہیں۔ وھو الموفق

توبہ کرنے کے بعد فاسق کی اقتدا میں کوئی حرج نہیں

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ جھوٹی قسم کھانے والے کی پیچھے نماز ہوسکتی ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: رحمت دین سنگ جانی راولپنڈی......۱۹۷۲ء/۹/۱۸

الجواب: جھوٹی قسم کھانے والا سخت گنہگار ہے ﴿۱﴾ لیکن توبہ کے بعد اس کے پیچھے اقتدا کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے ﴿۲﴾۔ وھو الموفق

جھوٹی قسم سے توبہ کرنے کے بعد اس کی امامت مکروہ نہیں ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ کسی شخص نے جھوٹی قسم کھائی پھر اس شخص نے توبہ بھی کی اور کفارہ بھی ادا کیا، تو توبہ اور کفارہ کے بعد اس کی امامت جائز ہوگی یا مکروہ؟ بینوا توجروا

المستفتی: سید غلام حیدر شاہ سورجال راولپنڈی......۱۹۶۹ء/۱۱/۲۷

الجواب: یمین غموس گناہ کبیرہ ہے ﴿۳﴾ یہ شخص جب توبہ کرے تو اس کے پیچھے اقتدا مکروہ

﴿۱﴾ عن عبد اللہ بن عمرو قال قال رسول اللہ ﷺ الکبائر الاشراک باللہ وعقوق الوالدین وقتل النفس والیمین الغموس رواہ البخاری وفی روایۃ انس وشھادۃ الزور بدل الیمین الغموس متفق علیہ. (مشکواۃ المصابیح ص۱۷ جلد ۱ باب الکبائر وعلامات النفاق)

﴿۲﴾ وعن عبد اللہ بن مسعود قال قال رسول اللہ ﷺ التائب من الذنب کمن لا ذنب لہ. (مشکواۃ المصابیح ص۲۰۶ جلد ۱ باب الاستغفار والتوبۃ الفصل الثالث)

﴿۳﴾ عن عبد اللہ بن عمرو قال قال رسول اللہ ﷺ الکبائر الاشراک باللہ وعقوق الوالدین وقتل النفس والیمین الغموس رواہ البخاری وفی روایۃ انس وشھادۃ الزوربدل الیمین الغموس، متفق علیہ. (مشکواۃ المصابیح ص۱۷ جلد ۱ باب الکبائر وعلامات النفاق)

نہیں ہے﴿۱﴾ بشرطیکہ دیگر امور مفسقہ سے پاک ہو۔ وھو الموفق

مودودی جماعت سے تعلق رکھنے والے امام کے پیچھے اقتدا کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ جو شخص یا مولوی، مودودی جماعت کا حامی ہو اس کے پیچھے اقتدا جائز ہے یا ناجائز؟ اور معزول کیا جائے گا یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: فیض محمد جامعہ اسلامیہ اکوڑہ خٹک ......۱۰/ جون ۱۹۷۰ء

الجواب: (۱) چونکہ مودودی صاحب کے نزدیک گندہ معاشرے میں حدود جاری کرنا ظلم ہے اور مودودی صاحب نے قرآن کے اطلاق کی تقید اپنی رائے سے کی ہے اور جن امور سے ظلم کا انسداد ہوتا ہے اس کو ظلم کہا ہے۔ (۲) نیز بعض انبیاء علیہم السلام اور بعض صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین اور اکثر علماء اسلام کے متعلق گستاخانہ کلام کیا ہے۔ (۳) خصوصاً خلافت وملوکیت کے بعض ابواب میں بے سند تاریخی واقعات کو ایسی ترتیب سے جوڑ دیا ہے جس کا تاثر صحابہ پر بدظنی پیدا ہونا ہے۔

لطیفہ:﴾...... مودودی صاحب گندہ معاشرے کی وجہ سے اصلاحی عمل (حدود) کو ظلم کہنا جائز رکھتا ہے اور خلافت وملوکیت کی گندہ ترتیب کے گندہ تاثر کی وجہ سے اس کتاب کے مطالعہ اور اشاعت کو ظلم نہیں کہتا ہے اس بے انصافی پر تعجب ہے۔

(۴) نیز ابھی تک مودودی صاحب کا مسلک بھی متعین نہیں ہے اور نہ کفر کا مدار اس کے نزدیک متعین ہے اسی وجہ سے کبھی کفار یعنی ضروریات دین سے منکرین کو کفر اور اسلام کے درمیان معلق کہتے ہیں اور کبھی خوارج کی طرح تارک حج کو کافر ہونے کا اعتقاد رکھتے ہیں۔

﴿۱﴾ عن عبد الله بن مسعود قال قال رسول الله ﷺ التائب من الذنب کمن لا ذنب له رواه ابن ماجة والبیهقی فی شعب الایمان...... وفی شرح السنة روی عنه موقوفا قال الندم توبة والتائب کمن لا ذنب له. (مشکواة المصابیح ص ۲۰۶ جلد ۱ باب الاستغفار والتوبة)

ان وجوبات کی بنا پر مودودی صاحب پر کفر کا خطرہ ہے لہٰذا اس کے پیچھے اقتدا نہ کرنا ضروری ہے اور جماعت اسلامی کے افراد میں جو مودودی صاحب کے رنگ پر رنگ ہیں تو ان کا بھی یہی حکم ہے اور جو افراد مودودی صاحب کے ساتھ صرف سیاسی امور میں شریک ہیں لیکن مداہنت میں مبتلا ہیں یعنی نہ مودودی صاحب پر انکار کرتے ہیں اور نہ اس سے جدا ہوتے ہیں، بلکہ مودودی صاحب پر مواخذہ کرنے والے کے ساتھ مشت وگریبان ہوتے ہیں تو ان کے پیچھے بھی اقتدا نہ کرنا ضروری ہے اور جو افراد ایسے نہ ہوتو ان کا حکم آسان ہے لیکن ایسے افراد میرے علم میں ابھی تک نہیں آئے ہیں، قال رسول اللہ ﷺ من قال فی القرآن برأیه فلیتبوأ مقعده من النار، رواه الترمذی ﴿۱﴾ ،وقال رسول اللہ ﷺ من وقر صاحب بدعة فقد اعان علی هدم الاسلام رواه البیهقی ﴿۲﴾ وقال رسول اللہ ﷺ لتتبعن سنن من قبلکم شبراً بشبر وذراعاً بذراع ﴿۳﴾ قلت ومن سننهم عدم اجراء الحدود لمصالح دنیویة، وقال اللہ تعالیٰ ولا ترکنوا الی الذین ظلموا ﴿۴﴾ وقال علیه السلام من تشبه بقوم فهو منهم ﴿۵﴾ وقال اللہ تعالیٰ ودوا لو تدهن فیدهنون ﴿۶﴾ وقال علیه الصلوٰة والسلام مثل المدهن فی حدود اللہ والواقع فیها مثل قوم استهموا سفینة الحدیث رواه البخاری ﴿۷﴾ وقال الفقهاء والمتکلمون ویعزل به (الفسق) الا لفتنة ﴿۸﴾ قلت فامام الحیی یعزل باولیٰ فافهم وللتفصیل موضع آخر. وهو الموفق

﴿۱﴾ (مشکواة المصابیح ص ۳۵ جلد ۱ کتاب العلم الفصل الثانی)
﴿۲﴾ (مشکواة المصابیح ص ۳۱ جلد ۱ باب الاعتصام بالکتاب والسنة الفصل الثالث)
﴿۳﴾ (مشکواة المصابیح ص ۴۵۸ جلد ۲ باب تغیر الناس الفصل الاول)
﴿۴﴾ (سورة هود پاره: ۱۲ رکوع: ۱۰ آیت ۱۱۳)
﴿۵﴾ (مشکواة المصابیح ص ۳۷۵ جلد ۲ کتاب اللباس الفصل الثانی)
﴿۶﴾ (سورة القلم پاره: ۲۹ رکوع: ۳ آیت: ۹)
﴿۷﴾ (الجامع الصحیح للبخاری ص ۳۶۹ جلد ۱ باب القرعة فی المشکلات کتاب الشهادات)
﴿۸﴾ (الدر المختار علی هامش ردالمحتار ص ۴۰۵ جلد ۱ باب الامامة)

درود وسلام کوخوش آوازی سے پڑھنے کوراگ سے تشبیہ دینے والے کی امامت

سوال: کیافرماتے ہیں علماءدین اس مسئلہ کے بارے میں ایک مولوی صاحب کہتا ہے کہ ''صلوٰۃ وسلام کھڑے ہوکرراگ کی شکل میں پڑھنا حرام ہے'' راگ تو ڈھول وغیرہ سے ہوتا ہے اورصلوٰۃ وسلام تو کھڑے ہوکر یا بیٹھ کرسریلی آواز سے پڑھا جاتا ہے تو اس قسم کے الفاظ کہنے والے مولوی صاحب کیلئے کیاحکم ہے کیااس کے پیچھے نماز ادا کرنا صحیح ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی :صوفی محمد فیروز خان کوہ مری بوریاں......۱۵/ دسمبر ۱۹۷۹ء

الجواب: اس مولوی صاحب کے الفاظ درست ہیں البتہ جس مادہ اورمثال کے متعلق یہ الفاظ کہے ہیں اس پر یہ الفاظ منطبق نہیں ہے پس یہ مولوی صاحب لائق امامت ہےاورلائق ملامت ہے نہ کہ لائق عزل عن الامامت. وھو الموفق

فاسق کے گھر سے کھانے والے کی امامت

سوال: کیافرماتے ہیں علماءدین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک امام صاحب ایسے آدمی کے گھر سے کھاتا پیتا ہو جو دائمی نماز نہ پڑھنے والا ہے بدمعاش اورظالم ہے ہرناجائز کام میں پیش پیش ہوتا ہے تواس کھانے والے امام کی امامت صحیح ہے یانہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی :ایک مسلمان بھائی کوہاٹ......۱۹۷۸ء/ ۷/ ۲۹

(۱)......**الجواب:** حرام خوری موجب فسق ہے﴿۱﴾ لیکن کافر یا فاسق کے گھر سے کھانا مفسق نہیں

﴿۱﴾ قال العلامہ ابن عابدین: (قوله وفاسق) من الفسق وهو الخروج عن الاستقامة ولعل المراد به من يرتكب الكبائر كشارب الخمر والزاني وآكل الربا ونحو ذلك.

(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۴۱۴ جلد ۱ قبيل مطلب البدعة خمسة اقسام)

ہے، لانہ النبی ﷺ اجاب دعوۃ یھود خیبر ﴿۱﴾ وکان یوسف علیہ السلام من بیت العزیز ﴿۲﴾. وھو الموفق

(۲)......**الجواب:**......۱۹۷۸ء/۷/۱۹

صحت امامت کیلئے پابند نماز کا خوراک کھانا شرط نہیں ہے کسی امام نے اس کو شرط قرار نہیں دیا ہے۔ وھو الموفق

چور کی امامت کا مسئلہ

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک امام مسجد چوری کرنے کا عادی ہے اور اپنے اس برے کام سے منع نہیں ہوتا، کافی سمجھایا گیا لیکن وہ باز نہیں آتا، علاوہ ازیں اپنے کپڑے نہیں دھوتے ننگے پاؤں پھرتا ہے اور اسی طرح مسجد میں داخل ہو کر نماز پڑھاتا ہے جس کی وجہ سے مقتدیوں کو نفرت ہوتی ہے کیا ایسے شخص کو امامت سے معزول کرنا جائز ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: وحید، ہیئر کٹنگ......۱۹۷۳ء/۵/۷

الجواب: اگر یہ امام تائب نہیں ہوتا اور اس سے بہتر امام پایا جاتا ہو تو قوم کے اہل حل وعقد کیلئے اس کا معزول کرنا جائز ہے، ونظیرہ الامام الاکبر ﴿۳﴾. وھو الموفق

﴿۱﴾ عن جابر ان یھودیۃ من اھل خیبر سمت شاۃ مصلیۃ ثم اھدتھا لرسول اللہ ﷺ فاخذ رسول اللہ ﷺ الذراع فاکل منھا واکل رھط من اصحابہ معہ فقال رسول اللہ ﷺ ارفعوا ایدیکم وارسل الی الیھودیۃ فدعاھا فقال سممت ھذہ الشاۃ الخ رواہ ابو داؤد والدارمی. (مشکوۃ المصابیح ص ۵۴۱ جلد۲ باب فی المعجزات)

﴿۲﴾ قال اللہ تعالیٰ: وقال الذی اشتراہ من مصر لا امرأتہ اکرمی مثواہ عسی ان ینفعنا او نتخذہ ولداً، وکذلک مکنا لیوسف فی الارض ولنعلمہ من تأویل الاحادیث واللہ غالب علی امرہ ولکن اکثر الناس لا یعلمون. (سورۃ یوسف پارہ ۱۲، رکوع ۱۳ آیت: ۲۱)

﴿۳﴾ قال ابن عابدین الشامی: وعند الحنفیۃ لیست العدالۃ شرطا للصحۃ فیصح تقلید الفاسق الامامۃ مع الکراھۃ واذا قلد عدلا ثم جار وفسق ... (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

علماء کے خلاف چغل خوری کرنے والے کی امامت

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہمارے ہاں ایک پیش امام ہے انہوں نے پیپلز پارٹی کے ایک وزیر کو خط لکھا کہ میں تمھارا حامی ہوں اور یہاں پر دو مولوی صاحبان ہیں وہ بے نظیر بھٹو کے خلاف تقاریر کرتے ہیں لہٰذا ان کو ضلع بدر کردو، حالانکہ ان دو مولویوں نے یہ کام بالکل نہیں کیا ہے کیا اس چغل خور مولوی کے پیچھے اقتداجائز ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد رحمان معرفت عثمان ٹریڈنگ کمپنی بٹ خیلہ

الجواب: صرف خط کی وجہ سے کسی کو متہم کرنا خلاف قاعدہ اقدام ہے﴿۱﴾ الا عند البینة او الاعتراف نیز جو مولوی لوگ علی الاعلان پیپلز اور نیشنل وغیرہ کے حامی ہے تو ان کو کونسی سزادی گئی،فافهم . وهو الموفق

سوشلسٹ امام کی اقتداکاحکم

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ سوشلزم کاعقیدہ رکھنے والے امام کے پیچھے نماز کا کیاحکم ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد اقبال تاروتنگی چارسدہ

الجواب: جس نے دیدہ ودانستہ سمجھ بوجھ کر اس نظریہ کی معاونت کی ہوتو اس کو مسلمان سمجھنا

(بقیہ حاشیہ)لا ینعزل ولکن یستحب العزل ان لم یستلزم فتنة......(قوله ویعزل به) ای بالفسق لو طرأ علیه والمراد انه یستحق العزل کما علمت آنفا ولذا لم یقل ینعزل.

(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۴۰۵ جلد ۱ باب الامامة)

﴿۱﴾ عن ابی هریرة قال قال رسول الله ﷺ ایاکم والظن فان الظن اکذب الحدیث الخ.

(مشکواة المصابیح ف۴۲۷ جلد ۲ باب ما ینهی عنه من التهاجر والتقاطع)

غلط فہمی یا بدفہمی ہوگی﴿۱﴾۔ وھو الموفق

الجواب الثانی: سوشلزم پر ایمان اور یقین رکھنے والے کے پیچھے اقتدا جائز نہیں ہے﴿۲﴾۔ وھو الموفق

وعدہ خلافی کرنے والے آدمی کے پیچھے اقتدا کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک شخص نے اپنے پیش امام مسجد کھن خورد تھانہ کوٹ سے کوئی چیز خرید کر زبانی بیع کر کے وعدہ کیا کہ کل آپ کو زرِ ثمن ادا کیا جائے گا اور مبیعہ بھی ابھی تک قبضہ نہیں کیا لیکن موصوف نے وہی چیز دوسرے آدمی پر فروخت کردی تو امام مسجد ہونے کے ناطے اس وعدہ خلاف کے پیچھے اقتدا جائز ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد تماز خان کھن کلاں بھیگوال ہزارہ.....۱۹۷۲ء/۶/۲۷

الجواب: فقہاء کرام نے لکھا ہے کہ وعدہ خلافی خلاف مروت کام ہے﴿۳﴾ لہٰذا یہ معاملہ موجب فسق یا موجب کراہت اقتدا نہیں ہے۔ فقط

﴿۱﴾ قال العلامه علی قاری: وکذا لو قال هذا زمان الکفر لا زمان کسب الاسلام ای کفر ان اراد انه ینبغی فی هذا الزمان کسب الکفر لا کسب الاسلام، بخلاف ما اذا اراد ان هذا زمان غلبة اهل الکفر والجهل وضعف کسب الاسلام والعلم. (شرح فقه الاکبر للقاری ص ۱۸۱ فصل فی الکفر صریحاً وکنایة)

﴿۲﴾ قال الحصکفی: وان انکر بعض ما علم من الدین ضرورة کفر بها..... فلا یصح الاقتداء به اصلا. (الدر المختار علی هامش ردالمحتار ص ۴۱۵ جلد ۱ قبیل امامة الامرد)

﴿۳﴾ قال فی هامش المشکواة: (قوله فلا اثم علیه) قیل فیه دلیل علی ان الوفاء بالوعد لیس بواجب شرعی بل هو من مکارم الاخلاق بعد ان کان بنیة الوفاء واما جعل الخلف فی الوعد من علامات النفاق کما مر معناه الوعد علی نیة الخلف. لمعات.

(هامش مشکواة المصابیح ص ۴۱۶ جلد ۲ باب الوعد)

عثمانی پارٹی والوں کی اقتدا کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہمارے ہاں عثمانی پارٹی (حزب اللہ) والے تقریباً دس آدمی ہیں وہ ہماری جماعت میں شامل نہیں ہوتے بلکہ بعد میں دوسری جماعت کرتے ہیں اگر ہمارے بعض آدمی تاخیر سے پہنچ جائیں تو کیا ہم ان کی اقتدا کر سکتے ہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: عزیز الحق ایس اے سی سی جدہ سعودی عرب......۱۶/صفر ۱۴۰۵ھ

الجواب: جب اہل سنت والجماعت کی امامت متوقع ہو تو مبتدعین (حزب اللہ وغیرہ) کی اقتدا نہ کریں ﴿۱﴾۔ وهو الموفق

بریلوی فرقہ کے پیچھے اقتدا کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ بریلویوں کے پیچھے نماز پڑھنا درست ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: مولوی محمد اسماعیل علوی شمالی وزیرستان......۸/ جمادی الثانی ۱۴۰۲ھ

الجواب: جو بریلوی کفر کے درجہ تک پہنچ چکے ہوں ان کے پیچھے اقتدا باطل اور کالعدم ہے اور جو کفر کے درجہ کو نہ پہنچے ہوں تو ان کے پیچھے اقتدا مکروہ تحریمی ہے (ماخوذ از هنديه و ردالمحتار) كمافي الهنديه ص۸۸ جلد ۱ حاصله ان كان هوى لا يكفر به صاحبه تجوز الصلوٰة خلفه مع الكراهة و الافلا هكذا في التبيين ﴿۲﴾. وهو الموفق

﴿۱﴾ قال العلامة الحصكفي رحمه الله: ويكره امامة عبد وفاسق واعمى ومبتدع اى صاحب بدعة وهي اعتقاد خلاف المعروف عن الرسول لا بمعاندة بل بنوع شبهة. (الدر المختار على هامش ردالمحتار ص۴۱۴ جلد ۱ مطلب البدعة خمسة اقسام باب الامامة)

﴿۲﴾ (فتاوىٰ عالمگيريه ص۸۴ جلد ۱ الفصل الثالث في بيان من يصلح اماما لغيره)

کسی شخص کی قسم پر اعتماد نہ کرنے اور اسے گالی دینے والے کی امامت

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک متدین اور متشرع شخص قرآن کریم کی تلاوت کرر ہا تھا اور امام مسجد نے آ کر اسے کچھ کہا اس نے جواب میں قرآن مجید بند کر کے کہا کہ میرے ہاتھوں میں کلام اللہ شریف ہے حلفیہ کہتا ہوں کہ نہ میں نے یہ بات کہی ہے اور نہ یہ کام کیا ہے، تو امام نے جواب میں کہا کہ تو تو کافر ہے، منافق ہے ابلیس ہے تیرے اس کلام پر بھی مجھے اعتماد نہیں، تو اس امام مذکورہ کا کیا حکم ہے؟ قابل امامت ہے یا نہیں؟ دائرہ اسلام سے خارج ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالمنان چمیالی ہزارہ ۳/نومبر ۱۹۷۴ھ

الجواب: چونکہ اس امام کا اس پہلے شخص کی قسم پر اعتماد نہیں ہے کلام اللہ پر باقاعدہ اعتماد رکھتا ہے لہٰذا یہ امام کافر نہیں ہوا ہے البتہ سباب (گالی) کی وجہ سے فاسق ہوا ہے، قال رسول اللہ ﷺ سباب المسلم فسوق (رواہ مسلم)﴿۱﴾ ان کے پیچھے صالحین کی اقتدا مکروہ ہے، کما صرح به فی امامة البحر﴿۲﴾. وهو الصواب

والی بال اور کبڈی کھیلنے والے کی امامت

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک امام کا بچہ انیس سالہ پابند صوم وصلوٰۃ، صورت وسیرت موافق شرع وسنت صحیح ہے، کبھی کبھی امامت کرتا ہے لیکن اس لڑکے میں یہ عیب بھی ہے کہ ہم عصروں کے ساتھ والی بال اور کبڈی بھی کھیلتا ہے اور ان کے ساتھ مچھلی کا شکار بھی کرتا ہے اب

﴿۱﴾ (الصحیح المسلم ص ۵۸ جلد ۱ باب قول النبی ﷺ سباب المسلم فوق وقتاله کفر)

﴿۲﴾ قال العلامه ابن نجیم: فالحاصل انه یکره لهؤلاء التقدم ویکره الاقتداء بهم کراهة تنزیهیة فان امکن الصلاة خلف غیرهم فهو افضل والا فالاقتداء اولیٰ من الانفراد.

(البحر الرائق ص ۳۴۹ جلد ۱ باب الامامة)

بعض شر پسند افراد اور غیر متشرع ارکان ان ہر سہ کھیلوں کو ناجائز اور حرام قرار دیتے ہیں کیا اس لڑکے کی امامت جائز ہے؟ نیز کبھی کبھی وہ لوگ اس لڑکے کی توہین اور بے عزتی بھی کرتے ہیں کیا اس لڑکے کی توہین اور بے عزتی امام کی توہین اور بے عزتی نہیں ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالعظیم ۱۰/۴/۱۹۷۴ء

الجواب: (۱) واضح رہے کہ شکار کرنا مباح ہے، کما یدل علیہ القرآن ﴿۱﴾ والاحادیث ﴿۲﴾ وصرح بہ الفقهاء الکرام ﴿۳﴾ اور کبڈی کھیلنے میں بھی کوئی حرج نہیں ہے جبکہ کشف عورت سے خالی ہو، البتہ والی بال کھیلنا مکروہ ہے کیونکہ انگریزوں کا ایجاد کردہ کھیل ہے اور اس میں جو منفعت ہے وہ دیگر ذرائع سے حاصل ہو سکتی ہے اور کشف عورت وغیرہ اس کے لوازم عادیہ ہیں، لہٰذا اس سے اجتناب بہتر ہے، بہر حال صحت اقتدا سے مانع نہیں ہے۔

(۲) ہر مسلمان کی توہین اور بے عزتی ناجائز ہے خصوصاً جبکہ حقدار ہو یا حقدار کی اولاد ہو، لحدیث: المسلم اخو المسلم لا یظلمه ولا یخذله ولا یحقره بحسب امرأ من الشران یحقر اخاه المسلم، وکل المسلم علی المسلم حرام دمه وماله وعرضه رواه مسلم ﴿۴﴾. وهو الموفق

بلا اجرت مردوں کو غسل دینے والے کی امامت

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک بڑی مسجد کا پیش امام ہے

﴿۱﴾ قال الله تعالیٰ: احل لکم صید البحر وطعامه متعا لکم وللسیارة وحرم علیکم صید البر ما دمتهم حرما واتقوا الله الذی الیه تحشرون. (سورة المائدة پارہ: ۷ آیت: ۹۶ رکوع: ۳)

﴿۲﴾ (مشکواة المصابیح ص ۳۵۷ جلد ۲ کتاب الصید والذبائح)

﴿۳﴾ قال الحصکفی الصید هو مباح الا للمحرم فی غیر الحرم او للتلهی الخ. (الدر المختار علی هامش ردالمحتار ص ۳۲۸ جلد ۵ کتاب الصید)

﴿۴﴾ (الصحیح المسلم ص ۳۱۷ جلد ۲ باب تحریم ظلم المسلم الخ)

نیک اور متقی انسان ہے مگر امامت کے ساتھ ساتھ شہر کے مردوں کو غسل بھی دیتا ہے لیکن یہ کام بطور پیشہ اجرت پر نہیں کرتے، کیا اس کی اقتدا میں کراہت ہے؟ بینو اتوجروا

المستفتی: حاجی نواب خان باڑہ مارکیٹ نوشہرہ......۱۹۸۷ء/۱۰/۲۱

الجواب: جو امام غسل میت کو ذریعہ معاش بنائے تو اس کے پیچھے اقتدا بلا کراہت جائز ہے کیونکہ اس امام میں اگر چہ خلاف مروت کام موجود ہے لیکن قوم اکثری طور پر فسق وفجور میں مبتلا ہوتا ہے پس جو امام اس کو ذریعہ معاش نہ بنائے تو اس کے پیچھے اقتدا بطریق اولیٰ مکروہ نہ ہوگی ﴿۱﴾ ۔ وھو الموفق

نسواری امام کے پیچھے اقتدا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ جو امام نسوار (تمبا کو منہ میں رکھنے) کا عادی ہو کیا اس کے پیچھے اقتدا صحیح ہے؟ بینو اتوجروا

المستفتی: شاہ مست درہ ادم خیل......۱۹/ مارچ ۱۹۷۵ء

الجواب: چونکہ تمباکو کا استعمال مباح ہے لہٰذا اس کا استعمال امامت سے متصادم نہیں ہے، کما فی ردالمحتار ص ۲۰۴ جلد ۵ فانه لم یثبت اسکاره ولا تفتیره ولااضراره بل ثبت له منافع فهو داخل تحت قاعدة الاصل فی الاشیاء الاباحة﴿۲﴾. وھو الموفق

ولد الزنا کی امامت خلاف اولیٰ ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ جو شخص منکوحہ غیر پر قبضہ کر کے

﴿۱﴾ قال العلامه ابن نجیم رحمه الله: وینبغی ان یکون محل کراهة الاقتدا بهم عند وجود غیرهم والافلا کراهة کما لا یخفیٰ.

(البحر الرائق ص ۳۴۹ جلد ۱ باب الامامة)

﴿۲﴾ (ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۳۲۶ جلد ۵ کتاب الاشربة)

اس سے ناجائز تعلقات قائم کریں اور پھر اس سے بچہ پیدا ہو، اور وہ جوان ہوکر امام بنایا جائے تو کیا اس کی اقتدا جائز ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: فضل معبود بیخ پیر صوابی.....۱۹۷۲ء/۷/۹

الجواب: اگر یہ امام بنسبت قوم کے اعلم ہو تو اس کے امام بنانے میں کوئی حرج نہیں ہے ورنہ خلاف اولیٰ ہے، فی الدر المختار ویکرہ تنزیھا امامة عبد ...... وولد الزنا ھذا ان وجد غیرھم (ای من ھو احق بالامامة منھم شامی) والا فلا کراھة (ھامش ردالمحتار ص ۵۲۵ جلد ۱)﴿۱﴾. وھو الموفق

ضروریات دین سے منکر کی امامت درست نہیں ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک شخص کا عقیدہ ہے کہ نبی کریم ﷺ حاضر وناظر ہیں مختار کل اور غیب دان ہیں بشر نہیں بلکہ نور ہے اولیاء اللہ نفع اور نقصان پہنچا سکتے ہیں، ان کے نام نذر و نیاز، ان سے مدد مانگنا اور کسی حاجت کیلئے مزار پر دیگ پکانا درست ہے کیا ایسے شخص کے پیچھے نماز پڑھنا درست ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالغفور غورغشتی کیمبلپور.....۱۹۷۲ء/۸/۱۷

الجواب: بشرط صدق مستفتی یہ شخص انکار ضروریات دین کی وجہ سے کافر ہے ان کے پیچھے اقتدا درست نہیں ہے﴿۲﴾ وللتفصیل موضع آخر. وھو الموفق

﴿۱﴾ (ردالمحتار مع الدر المختار ص ۴۱۵ جلد ۱ قبیل مطلب فی امامة الامرد باب الامامة)

﴿۲﴾ قال العلامة الحصکفی رحمه الله: وان انکر بعض ما علم من الدین ضرورة کفر بھا کقوله ان الله تعالیٰ جسم کالاجسام وانکاره صحبة الصدیق فلا یصح الاقتدا به اصلا. (الدر المختار علی ھامش ردالمحتار ص ۴۱۵ جلد ۱ مطلب فی امامة الامرد باب الامامة)

شافعی امام جوخون بہنے سے وضوکر رہا ہوتو اس کے پیچھے حنفی مقتدی کی نماز صحیح ہوتی ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ جو شافعی المسلک امام خون بہنے سے وضو نہ کرے کیونکہ ان کے نزدیک خون سے وضو نہیں ٹوٹتا تو کیا کسی حنفی کی نماز اس کے پیچھے جائز ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: حمید گل مہمندی فاضل حقانیہ ۱۲/ جمادی الثانی ۱۴۰۲ھ

الجواب: جو شافعی المذہب امام فرائض کی رعایت کرے مثلاً ناک سے خون جاری ہونے کے بعد وضو کیا کرے ﴿۱﴾ تو اس کے پیچھے اقتدا جائز ہے، کما فی ردالمحتار ص ۵۶۷ جلد ۱ والذی یمیل الیه القلب عدم کراهة الاقتداء بالمخالف مالم یکن غیر مراع فی الفرائض لان کثیراً من الصحابة والتابعین کانوا ائمة مجتهدین وهم یصلون خلف امام واحد مع تبائن مذاهبهم انتهیٰ ﴿۲﴾. قلت فعلی التفحص والتجسس لا نهم تعاملوا به. وهو الموفق

خونی بواسیر کے مریض کی امامت کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک شخص خونی بواسیر کا مریض ہے علاج کے بعد خون آنا بند ہوا ہے لیکن کبھی کبھی پانی سا آ جاتا ہے، لیکن ایسا نہیں کہ کپڑوں پر لگا ہو، ایسا شخص امامت کرا سکتا ہے یا نہیں؟ کیا اس کی اقتدا درست ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: حافظ محمد عمر چھوٹی روڈ کیملپور ۱۷/ جمادی الثانی ۱۳۸۹ھ

الجواب: جب وضو کی ابتدا سے نماز کے ختم ہونے تک کوئی نجاست خون، پانی وغیرہ خارج نہ ہو تو اس

﴿۱﴾ قال العلامه ابن عابدین: والمعنی انه یجوز فی المراعی بلا کراهة وفی غیره معها ثم المواضع المهمة للمراعاة ان یتوضأ من الفصد والحجامة والقئی والرعاف ونحو ذلک. (ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۲ ۱ ۳ جلد ۱ مطلب فی الاقتداء بشافعی)

﴿۲﴾ (ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۶ ۱ ۲ جلد ۱ مطلب اذا صلی الشافعی قبل الحنفی هل الافضل الصلاة مع الشافعی ام لا باب الامامة)

شخص کیلئے امامت کرنادرست ہے (یدل علیه مافی درالمختار ص ۲۷۲ جلد ۱)﴿۱﴾. وهوالموفق

صراط کی جگہ سراط پڑھنے اورلڑکی کی شادی پر پیسے لینے والے کی امامت

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ (۱) صراط المستقیم کی جگہ سراط المستقیم پڑھنے والے کی اقتدا کا کیاحکم ہے؟ (۲) جوامام اپنی لڑکی کی شادی پرشوہروالوں سے پیسے لیتے ہیں اس کی اقتدا کا کیاحکم ہے؟ بینواتوجروا

المستفتی: عبداللہ پی......۳/۶/۱۳۹۸ھ

الجواب: (۱) صورت مذکورہ میں اقتدادرست ہے البتہ مشق ضروری ہے﴿۲﴾۔

(۲) چونکہ امام بنسبت قوم کے بہتر ہوتا ہے لہٰذا اندھوں میں کانا راجح ہونے کی وجہ سے ان کے پیچھے اقتدا درست ہے﴿۳﴾۔ وهوالموفق

قاتل کی امامت کاحکم

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ باپ نے اپنے بیٹے کوگولی سے

﴿۱﴾ قال العلامة الحصكفي رحمه الله: ولا طاهر بمعذور هذا ان قارن الوضوء الحدث او طرأ عليه بعده وصح لو توضا على الانقطاع وصلى كذلك كاقتداء بمفتصد امن خروج الدم.(الدرالمختارعلى هامش ردالمحتار ص۴۲۸ جلد ۱ قبيل مطلب فى الا لثغ باب الامامة)

﴿۲﴾ قال العلامة ابن عابدين رحمه الله:(قوله الا ما يشق) قال فى الخانية والخلاصة الإصل فيما اذا ذكر حرفا مكان حرف وغير المعنى ان امكن الفصل بينهما بلا مشقة تفسد والا يمكن الا بمشقة كالظاء مع الضاد المعجمتين والصاد مع السين المهملتين والطاء مع التاء قال اكثرهم لا تفسد. (ردالمحتار ص۴۶۸ جلد ۱ مطلب اذا قرأ تعالىٰ جد بدون الف لا تفسد باب مايفسد الصلاة ومايكره فيها)

﴿۳﴾قال العلامه ابن نجيم: وينبغي ان يكون محل كراهة الاقتداء بهم عند وجود غيرهم والا فلا كراهة. (البحر الرائق ص ۳۴۹ جلد ۱ باب الامامة)

زخمی کیا زخمی حالت میں لڑکے نے بیان دیا کہ مجھے والد نے زخمی کیا ہے، مگر اس پر دعویٰ قتل نہیں کرتا ہوں چودہ دن بعد لڑکا مر گیا، لڑکے کی ماں نے ملزم باپ کو عدالت میں بخش دیا اب یہی شخص مسجد کا امام بن گیا ہے کیا قاتل کی امامت جائز ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: احمد خان تحصیل بازار چارسدہ.....۱۹۸۴ء/۵/۲

الجواب: ناجائز قتل کرنے والے کو﴿۱﴾ باقاعدہ امام مقرر کرنا مکروہ تحریمی ہے البتہ اگر قوم میں اس کی نسبت آندھوں میں کانا کا ہو، یعنی اعلم القوم ہے تو کراہیت نہیں ہے (بحر) ﴿۲﴾۔ وھو الموفق

پیغمبر علیہ السلام کے حاضر و ناظر، نذر لغیر اللہ اور عبد القادر جیلانی کی امداد کے قائل کی امامت

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ جس شخص کا یہ عقیدہ ہو کہ رسول اللہ ﷺ حاضر و ناظر اور عالم الغیب ہے نذر لغیر اللہ کا عقیدہ رکھتا ہو اور شیخ عبد القادر جیلانی رحمہ اللہ کی امداد کا قائل ہو اور اس قسم عقائد کی تشہیر کرتا ہو کیا اس کے پیچھے اقتدا درست ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: مولانا عبد الرحمٰن تجوڑی لکی مروت.....۱۹۷۲ء/۱۱/۶

الجواب: بشرط صدق مستفتی یہ شخص کفر کی وجہ سے نا قابل امامت ہے﴿۳﴾ یدل علیه ما فی البزازیه من قال ارواح المشائخ حاضرة یعلم الغیب تعلم یکفر﴿۴﴾ وفی شرح

﴿۱﴾عن ابی هریرة قال قال رسول الله ﷺ اجتنبوا السبع الموبقات قالوا یا رسول الله وماهن قال الشرک بالله والسحر وقتل النفس التی حرم الله الابالحق..... متفق علیه. (مشکواة المصابیح ص۱۷ جلد۱ باب الکبائر وعلامات النفاق)

﴿۲﴾ قال العلامة ابن نجیم رحمه الله: وینبغی ان یکون محل کراهة الاقتداء بهم عند وجود غیرهم والافلا کراهة کما لا یخفیٰ. البحر الرائق ص ۳۴۹ جلد۱ باب الامامة)

﴿۳﴾ قال الحصکفی: وان انکر بعض ما علم من الدین ضرورة کفر بها..... فلا یصح الاقتداء به اصلا فلیحفظ. (الدرالمختار علی هامش ردالمحتار ص۴۱۵ جلد۱ قبیل مطلب فی امامة الامرد)

﴿۴﴾(فتاویٰ بزازیه علی هامش الهندیه ص۳۲۶ جلد۶ الباب الثانی فیما یتعلق بالله تعالیٰ)

الفقه الاکبر ذکر الحنفیة تصریحاً بالتکفیر باعتقاد ان النبی ﷺ یعلم الغیب لمعارضة قوله تعالیٰ قل لا یعلم من فی السموات والارض الغیب الا الله ﴿۱﴾ وفی الخانیة تصریح بکفر من تزوج امرء ة بشهادة الله ورسوله﴿۲﴾. وهو الموفق

دیدہ ودانستہ جوے کا مال لینے والے کی اقتدا مکروہ ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہمارے گاؤں میں ایک مولوی صاحب پیش امام ہے اس کا ایک بھائی بمبئی میں رہائش پذیر ہے اس مولوی صاحب کا بھائی جوا کھیلتا ہے اور سارا کاروبار قمار اور جواری پر جاری ہے یہ جواباز اس مولوی صاحب کو دولت بھیجتا ہے اب ہمارے گاؤں میں یہ مولوی صاحب امیر ترین آدمی ہے اور اس کا بھائی کروڑ پتی ہے اور یہ مولوی صاحب لکھ پتی ہے اور خود بھی اقرار کرتا ہے کہ میں پرائے مال کا چوکیدار ہوں اور جواری کا بھی اقرار کرتا ہے اس امام کے پیچھے نماز باجماعت پڑھنا جائز ہے یا ناجائز؟ بینوا توجروا

المستفتی: حیات خان سٹینوفتر ڈویژنل انسپکٹر آف سکولز پشاور......۱۹/ جمادی الثانی ۱۳۸۹ھ

الجواب: مولوی صاحب کا بھائی فاسق ہے (جوابازی کی تقدیر پر) اور اس مولوی کیلئے دیدہ دانستہ ایسا مال لینا جائز نہیں ہے کیونکہ یہ غنی ہے﴿۳﴾ اور ایسے امام کے پیچھے (یعنی باوجود غنی ہونے کے جوا کا

﴿۱﴾ (شرح فقه الاکبر ص ۱۵۱ حکم تصدیق الکاهن بما یخبر به من الغیب)

﴿۲﴾ قال العلامه فخر الدین حسن بن منصور المعروف بقاضی خان: رجل تزوج امرأة بغیر شهود فقال الرجل والمرأة خدائے راوپیغامبر مراگواہ کردیم قالوا یکون کفرا لانه اعتقد ان رسول اللهﷺ یعلم الغیب وهو ماکان یعلم الغیب حین کان فی الاحیاء فکیف بعدالموت. (فتاویٰ قاضی خان موضوع علی هامش الهندیه ص ۵۷٦ جلد۳ مایکون کفرا من المسلم ومالایکون)

﴿۳﴾ قال العلامه عبد الحئی اللکهنوی: جس کے پاس حرام مال ہے اور اگر حلال مال بھی اس کے پاس ہے اور وہ بنسبت حرام کے زائد ہے تو اس کی نذر قبول کرنا اور اس کی دعوت...... (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

مال دیدہ دانستہ کھاتا ہو) اقتدا مکروہ ہے لیکن انفراد سے افضل ہے﴿۱﴾ (منقول از فتاویٰ مولانا لکھنوی وغیرہ) . وھو الموفق

دیوث کی امامت مکروہ تحریمی ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک شخص شادی شدہ کی ملازمت کے سلسلہ میں کہیں تبادلہ ہوا جہاں اس کی ایک شخص سے ملاقات ہوگئی اور دوستانہ تعلقات قائم کئے اس کے بعد اس کو گھر لایا اور بیوی سے کہا کہ یہ اس گھر کا فرد ہے، اس سے پردہ نہیں کروگے ہر وقت آ سکتا ہے کچھ عرصہ بعد اس نے اس شخص کی شادی اپنی سالی سے کرادی لیکن ناکامی کی بنا پر کچھ مدت بعد طلاق دے دی، طلاق کے بعد بھی یہ شخص گھر پر رہتا ہے اور وہ خود ڈیوٹی جاتا ہے اس کی بیوی بھی اس دوست کی تابع ہے کیا اس دیوث شخص کی امامت درست ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: نیو اتحاد ہارڈ ویئر سٹور ڈی آئی خان..... ۶/۸/۱۹۸۶ء

الجواب: بشرط صدق وثبوت یہ آدمی دیوث ہے﴿۲﴾ اس کے پیچھے اقتدا کرنا مکروہ تحریمی

(بقیہ حاشیہ) کھانا اور اس کا صدقہ اور ہدیہ لینا اور کرایہ مکان یا علاج کی اجرت لینا درست ہے بشرطیکہ یہ نہ معلوم ہو کہ جو اس نے دیا ہے عین مال حرام سے ہے اور اگر یہ معلوم ہو یا یہ کہ مال حرام غالب ہو تو کچھ درست نہیں ہے، اشباہ والنظائر میں ہے، اذا کان غالب مال المهدی حلالا فلا بأس لقبول هدیته واکل ماله مالم یتبین انه من حرام وان کان غالب ماله الحرام لا یقبلها ولا یأکل الا اذا قال انه حلال ورثه او استقرضه. (مجموعة الفتاوی ص ۱۹۳ جلد۲ کتاب الحظر والاباحة)

﴿۱﴾ قال العلامه ابن عابدین: فان امکن الصلوٰة خلف غیرهم فهو افضل والا فالاقتداء اولیٰ من الانفراد. (ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۴۱۳ جلد۱ قبیل مطلب امامة الامرد)

﴿۲﴾ قال الحصکفی: (قوله دیوث) هو من لا یغار علی امرأته او محرمه (یا قرطبان) مرادف دیوث، قال ابن عابدین: هو الذی یری مع امرأته او محرمه رجلا فیدعه خالیا بها وقیل هو المتسبب للجمع بین اثنین لمعنی غیر ممدوح وقیل هو الذی یبعث امرأته مع غلام بالغ او مع مزارعه الی الضیعة او یاذن لهما بالدخول علیها فی غیبته. (الدرالمختار مع ردالمحتار ص ۲۰۲ جلد۳ قبیل مطلب فیما لو شتم رجلا بالفاظ متعددة باب التعزیر)

ہے البتہ چونکہ عوام میں بنسبت امام کے زیادہ مفسقات موجود ہوتے ہیں لہٰذا عوام کی اقتدا اس امام کے پیچھے مکروہ نہیں ہے، کما یشیر الیه کلام البحر فی الامامة﴿۱﴾۔

ملاحظہ:.....اجنبی، دیور اور دیگر محارم کا حکم یکساں ہے اور دیوثی سے بہت کم لوگ محفوظ ہیں۔ وھو الموفق

چرس پینے والے امام کی اقتدا مکروہ تحریمی ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک شخص باقاعدگی کے ساتھ دن میں ایک دو دفعہ چرس پیتا ہے نیز کبھی کبھی ہیروئن کا کش بھی کرتا ہے ایسے امام کے پیچھے اقتدا درست ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: نورالحق صاحب باڑہ بازار خیبر ایجنسی.....۱۹۸۸ء/۱۱/۵

الجواب: چرس اور ہیروئن پینا مکروہ تحریمی ہے، لحدیث کل مسکر حرام﴿۲﴾ وفی شرح التنویر ص ۴۰۴ جلد۵ یحرم اکل البنج والحشیشة هی ورق العنب والافیون﴿۳﴾ انتهی قلت والشرب فی حکم الاکل، پس ایسے امام کے پیچھے اقتدا کرنا مکروہ تحریمی ہے، وھو فی حکم الفاسق کما فی شرح الکبیر﴿۴﴾ البتہ واجب الاعادہ نہیں ہے، وھو حکم الاقتدا بکل فاسق کما صرحوا به﴿۵﴾۔ وھو الموفق

﴿۱﴾قال العلامة ابن نجیم: وینبغی ان یکون محل کراهة الاقتداء بهم عند وجود غیرهم والا فلا کراهة کما لا یخفی. (البحر الرائق ص ۳۴۹ جلد ۱ باب الامامة)

﴿۲﴾ عن بریدة ان رسول اللهﷺ قال نهیتکم عن الظروف فان ظرفا لا یحل شیئا ولا یحرمه وکل مسکر حرام رواہ مسلم. (مشکواۃ المصابیح ص ۳۷۲ جلد ۲ باب النقیع والانبذة)

﴿۳﴾(الدر المختار علی هامش ردالمحتار ص ۴۲۵ جلد۵ کتاب الاشربة)

﴿۴﴾ فی فتاوی الحجة وفیه اشارة الی انهم قدموا فاسقا یاثمون بناء علی ان کراهة تقدیمه کراهة تحریم. (الشرح الکبیر ص ۴۷۵ فصل فی الامامة)

﴿۵﴾ قال العلامه ابن عابدین: فان امکن الصلوٰة خلف غیرهم فهو افضل والا فالاقتداء اولی من الانفراد وفی الدر المختار هذاان وجد غیرهم والا فلا کراهة بحر بحثا وفی النهر عن المحیط صلی خلف فاسق او مبتدع نال فضل الجماعة.

(الدر المختار مع ردالمحتار ص ۴۱۳، ۴۱۵ جلد ۱ مطلب فی امامة الامرد باب الامامة)

بداخلاق اورغیبت کرنے والے امام کی اقتدا

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ بداخلاق اورغیبت کرنے والے امام کی اقتدا میں نماز پڑھنا جائز ہے یانہیں؟بینوا توجروا

المستفتی: محمد فاضل فاروقی واہ کینٹ......۳۰/ ذی قعدہ۱۴۰۴ھ

الجواب: ایسے امام کے پیچھے صالحین کی اقتدا مکروہ ہے﴿۱﴾ورنہ اندھوں میں کانا راجہ ہوتا ہے(بحر الرائق)﴿۲﴾۔وھو الموفق

سلس البول کے مریض کی اقتدا باطل ہے

سوال: (۱)سلسل البول کی تعریف کیا ہے؟(۲)اگرایک گاؤں میں ایک مستند عالم دین موجود ہواوراس گاؤں میں اورکوئی عالم نہیں ہےاور یہ عالم سلسل البول کی بیماری میں مبتلا ہےتو کیااس مریض سلسل البول عالم کے پیچھے اقتدا صحیح ہے یانہیں؟بینوا توجروا

المستفتی: محمدابراہیم ضمیمہ تیمرگرہ ملاکنڈ ڈویژن......۲۵/شوال۱۳۸۹ھ

﴿۱﴾ قال العلامه شرنبلالی: وروی محمد عن ابی حنیفة وابی یوسف ان الصلاة خلف اهل الاهواء لا تجوز والصحیح انها تجوز علی الحکم الذی ذکرنا مع الکراهة خلف من لا تکفره بدعته لقوله ﷺ صلوا خلف کل بر وفاجر، وصلوا علی کل بروفاجر وجاهدوا مع کل بروفاجر رواه الدار قطنی کما فی البرهان واذا صلی خلف فاسق او مبتدع یکون محرزا ثواب الجماعة لکن لا ینال ثواب من یصلی خلف تقی، قال ﷺ من صلی خلف عالم تقی فکانما صلی خلف نبی کذا فی مجمع الروایات والحدیث الضعیف یعمل به فی فضائل الاعمال. (امداد الفتاح شرح نورالایضاح ص ۳۴۴ بیان من تکره امامتهم)

﴿۲﴾قال ابن نجیم: وینبغی ان یکون محل کراهة الاقتداء بهم عند وجود غیرهم والا فلا کراهة کما لا یخفیٰ. (البحر الرائق ص ۳۴۹ جلد ۱ باب الامامة)

الجواب: یہ لفظ سلس البول ہے سلسل البول غلط ہے اور سلس البول کی تعریف یہ ہے من به سلس البول هو من لا یقدر علی امساکه یعنی وہ مرض جس میں بے اختیار پیشاب خارج ہوتا ہے هدایه مع العینی ص ۵ جلد ۱ ﴿۱﴾. (۲) اگر یہ عالم معذور نہ ہو یعنی اتنا وقفہ پاتا ہو جس میں وضو اور نماز پڑھ سکے تو اس کی اقتدا صحیح ہے ﴿۲﴾ اور اگر اتنا وقفہ نہ پاتا ہو تو اسکے پیچھے اقتدا باطل ہے ﴿۳﴾۔(معتبرات الفقه). وهو الموفق

استاد سے عاق کی نماز اور امامت

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ جو شخص اپنے استاد اور پیش امام جو اباء واجداد سے یکے بعد دیگرے علم دین کی تعلیم دے رہا ہے اس شخص نے بھی نماز اور قرآن اس استاد سے سیکھ لیا ہے اور استاد امامت کے جملہ حقوق ادا کرتا رہا ہے اور علم دین سے واقف ہے تو بلا قصور شرعی استاد کو گالیاں دینا، ناجائز بکواس کرنا تحقیر کی نظر سے دیکھنا اور ان کے خلاف پروپیگنڈے کرنا وغیرہ عند الشرع اس شخص کا کیا حکم ہے، استاد نے اسے عاق بھی کیا ہے کیا اس کی نماز وغیرہ عبادات قبول ہیں یا نہیں، اس کی امامت کرنے کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم......

﴿۱﴾ قال العلامه اکمل الدین البابرتی: ومن به سلس البول وهو من لا یقدر علی امساکه. (عنایه علی هامش فتح القدیر ص ۱۵۹ جلد ۱ فصل فی الاستحاضة)

﴿۲﴾ وفی الهندیه: او مما یتصل بذلک احکام المعذور شرط ثبوت العذر ابتداء ان یستوعب استمراره وقت الصلوٰة کاملا وهو الاظهر الخ. (فتاویٰ عالمگیریه ص ۴۰ جلد ۱)

﴿۳﴾ وفی الهندیه: ولا یصلی الطاهر خلف من به سلس البول ولا الطاهرات خلف المستحاضة وهذا اذا قارن الوضوء الحدث او طرأ علیه هکذا فی الذاهدی.

(فتاویٰ عالمگیریه ص ۸۴ جلد ۱ الفصل الثالث فی بیان من یصلح اماما لغیره)

الجواب: بعض فتاویٰ مثلاً فتاویٰ نور الہدیٰ ص ۳۸۶ میں مسطور ہے کہ استاد سے عاق کی نماز امامت اور عبادت نامنظور ہے اور دنیا سے بے ایمان جائے گا، حیث قال وینبغی للمتعلم ان یعظم استاذه لان فی تعظیمه برکة ومن لم یعظم او شتم فهو عاق ولا تقبل صلوته ولا امامته ویعزر ویشهر وعلیه الفتوی فی زماننا ثم قال بعد احرف وتسقط عدالته ولا یعتبر قوله ولا یعمل بفتواه لو کان مفتیا (وقال ایضا) لا یحل ذبیحة العاق ولا امافته لانه یصیر مرتداً فی الحال ومثواه فی النار، انتهی لیکن یہ احکام چونکہ نہ دلیل شرعی سے ثابت ہیں اور نہ کسی معتبر کتاب سے منقول ہیں، لہٰذا ایسے احکام (علی تقدیر الثبوت) سدباب اور تعزیر پر محمول کئے جائیں گے، اور حقیقت یہ ہے کہ عاق فاسق ہے، اس کے پیچھے اقتدا مکروہ ہے ﴿۱﴾ واجب التعزیر ہے اور عاق پر ضروری ہے کہ استاد کو راضی کرے اور اللہ تعالیٰ سے بھی معافی مانگے والدلیل علی التعزیر مافی الدرالمختار وللشاب العالم ان یتقدم الشیخ الجاهل وقال الرملی فالمتقدم ارتکب معصیة فیعزر (ردالمحتار ص ۴۹۸ جلد ۵) ﴿۲﴾ خلاصہ یہ کہ بشرط صدق وثبوت یہ شخص فاسق اور واجب التعزیر ہے۔ وهو الموفق

﴿۱﴾ قال ابن عابدین: واما الفاسق فقد عللوا کراهة تقدیمه بانه لا یهتم لا مر دینه وبان فی تقدیمه للامامة تعظیمه وقد وجب علیهم اهانته شرعا ولا یخفی انه اذا کان اعلم من غیره لا تزول العلة فانه لا یؤمن ان یصلی بهم بغیر طهارة فهو کالمبندع تکره امامته بکل حال بل مشی فی شرح المنیة علی ان کراهة تقدیمه کراهة تحریم لما ذکرنا قال ولذا لم تجز الصلاة خلفه اصلا عند مالک وروایة عن احمد فلذا حاول الشارح فی عبارة المصنف وحمل الاستثناء علی غیر الفاسق والله اعلم

(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۴۱۴ جلد ۱ قبیل مطلب البدعة خمسة اقسام)

﴿۲﴾ قال العلامة ابن عابدین رحمه الله: (قوله وللشاب العالم ان یتقدم) لانه افضل منه ولهذا یقدم فی الصلاة وهی احد ارکان الاسلام وهی تالیة (بقیه حاشیه اگلے صفحه پر)

اسقاط لینے والے مالدار امام کی امامت

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک پیش امام کی آمدنی فصلات کے عشر کے علاوہ اجرت امامت بھی ہے اور سالانہ امدنی گزارہ سے بڑھ کر غلہ کی فروخت بھی کرتا ہے نیز ٹیلر ماسٹر بھی ہے کیا ایسے امام کیلئے دائرہ حیلہ اسقاط میں بیٹھنا جائز ہے؟ اگر نہیں تو کیا اس کے پیچھے نماز پڑھنا افضل ہے یا اکیلے پڑھنا؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد شفیع سورجال راولپنڈی ۱۹۶۹ء/۳/۱۷

الجواب: اگر امام غنی ہوتو اس کیلئے دائرہ اسقاط میں بیٹھنا جائز نہیں ہے ﴿۱﴾ اور حیلہ کے بعد اسقاط لینا جائز ہے اور باوجود غنی ہونے کے اگر فدیہ لیتا ہو دائرہ اسقاط میں بیٹھتا ہو تو اس کے پیچھے اقتدا مکروہ تحریمی ہے لیکن اقتدا انفراد سے بہت افضل ہے ﴿۲﴾ ۔ وهو الموفق

(بقیہ حاشیہ) الایمان زیلعی وصرح الرملی فی فتاواه بحرمة تقدم الجاهل علی العالم حیث اشعر نزول درجته عند العامة لمخالفة لقوله تعالیٰ یرفع الله الذین آمنوا منکم والذین اوتو العلم درجات الی ان قال وهذا مجمع علیه فالمتقدم ارتکب معصیة فیعزر.

(ردالمحتار ص۵۳۳ جلد۵ مسائل شتیٰ قبیل کتاب الفرائض)

﴿۱﴾ قال العلامه مرغینانی: ولا تدفع الیٰ غنی لقوله ﷺ لا یحل الصدقة لغنی وهو باطلاقه حجة علی الشافعی رحمه الله فی غنی الغزاة وکذا حدیث معاذ رضی الله عنه علی ما روینا، قال العلامه ابن الهمام: اخرج ابوداؤد والترمذی عن ابن عمر عنه علیه السلام لا تحل الصدقة لغنی ولا لذی مرة سوی حسنه الترمذی.

(هدایه مع فتح القدیر ص۲۰۸ جلد۲ باب من یجوز دفع الصدقة الیه ومن لا یجوز)

﴿۲﴾ قال الحصکفی: صلی خلف فاسق او مبتدع نال فضل الجماعة قال ابن عابدین افاد ان الصلاة خلفهما اولیٰ من الانفراد.

(الدرالمختار مع ردالمحتار ص۴۱۵ جلد۱ باب الامامة)

مودودی جماعت والوں کی اقتدا کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ مودودی جماعت سے تعلق رکھنے والوں کی اقتدا کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: روح الامین ایم ایس سی نفسیات پشاور یونیورسٹی......۳۰/ ذی الحجہ ۱۴۰۲ھ

الجواب: اس جماعت کے جس فرد کا وہ عقیدہ ہو جو مودودی صاحب کا عقیدہ تھا ﴿۱﴾ تو ایسے افراد کے پیچھے اقتدا مکروہ ہے ﴿۲﴾۔ وھو الموفق

قاطع اللحیہ کے پیچھے داڑھی والے کی نماز

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ قاطع اللحیہ کیلئے نماز پڑھانا جائز ہے یا نہیں؟ اور اس کے پیچھے ایک بے علم داڑھی والے کی نماز پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: ڈاکٹر خالد حسین انچارج سکاؤٹ ہسپتال شمالی وزیرستان......۱۴/ ربیع الثانی ۱۳۹۲ھ

الجواب: فاسق کے پیچھے اقتدا مکروہ ہے ﴿۳﴾ یعنی باوجود صالحین کے لیکن انفراد سے یہ

﴿۱﴾ قال العلامه مفتی کفایت الله: مودودی جماعت کے افسر مولوی ابوالاعلیٰ کو میں جانتا ہوں وہ کسی معتبر اور معتمد علیہ عالم کے شاگرد اور فیض یافتہ نہیں ہیں اگر چہ ان کی نظر اپنے مطالعہ کی وسعت کے لحاظ سے وسیع ہے تاہم دینی رجحان ضعیف ہے اجتہادی شان نمایاں ہے اور اسی وجہ سے ان کے مضامین میں بڑے بڑے علماء اعلام بلکہ صحابہ کرام پر بھی اعتراضات ہیں اس لئے مسلمانوں کو اس تحریک سے علیحدہ رہنا چاہئے اور ان سے میل جول ربط واتحاد نہ رکھنا چاہئے الخ۔ (کفایت المفتی ص ۳۲۹ جلد ۱ فصل پنجم فرقہ مودودی)

﴿۲﴾ وفی شرح التنویر: ویکره امامة عبد ......وفاسق...... ومبتدع ای صاحب بدعة وهی اعتقاد خلاف المعروف عن الرسول.

(الدر المختار علی هامش ردالمحتار ص ۴۱۴ جلد ۱ مطلب البدعة خمسة اقسام)

﴿۳﴾ وفی الهندیه: وتجوز امامة الاعرابی والاعمی والعبد وولد الزنا والفاسق الا انها تکره هکذا فی المتون. (فتاویٰ عالمگیریه ص ۸۵ جلد ۱ الفصل الثالث فی بیان من یصلح اماما لغیره)

اقتدا بہتر ہے﴿۱﴾۔وھو الموفق

ضروریات دین سے منکر اور بدعتی کی اقتدا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ غور غشتی میں مذہبی اور دینی جماعتوں کی چھوٹی چھوٹی شاخیں موجود ہیں، مثلاً مفتی گروپ، ہزاروی گروپ، نورانی گروپ، مودودی جماعت، تبلیغی جماعت، توحیدی جماعت وغیرہ وغیرہ ان جماعتوں میں بسا اوقات ایسا واقعہ پیش آتا ہے کہ ایک دوسرے کے پیچھے نماز نہیں پڑھتے کیا ان میں کوئی ایسی جماعت ہے جن کے پیچھے ہماری نماز ادا نہ ہوتی ہو؟ بینوا توجروا

المستفتی: عزیز البشر غور غشتی اٹک......۱۵/جنوری ۱۹۷۵ء

الجواب: ان جماعتوں کے وہ افراد جو ضروریات دین سے منکر ہوں تو ان کے پیچھے اقتدا کرنا درست نہیں ہے اگر چہ وہ مؤول ہوں﴿۲﴾ اور جو افراد کسی استحسان کی وجہ سے بدعات سیئہ میں ملوث ہوں تو ان کے پیچھے اقتدا کرنا مکروہ ہے، البتہ انفراد سے اقتدا افضل ہے﴿۳﴾ (ماخوذ از شامی، بحر، ہندیہ)۔وھو الموفق

﴿۱﴾ قال العلامة الحصكفي رحمه الله: صلى خلف فاسق او مبتدع نال فضل الجماعة، قال ابن عابدين: افاد ان الصلاة خلفهما اولى من الانفراد.
(الدرالمختار مع هامش ردلمحتار ص۴۱۵ جلد ۱ باب الامامة قبيل مطلب في امامة الامرد)

﴿۲﴾قال الحصكفي: وان انكر بعض ما علم من الدين ضرورة كفربها كقوله ان الله تعالىٰ جسم كالاجسام وانكاره صحبة الصديق فلا يصح الاقتداء به اصلا.
(الدرالمختار على هامش ردالمحتار ص۴۱۵ جلد ۱ قبيل مطلب في امامة الامرد)

﴿۳﴾ قال ابن نجيم رحمه الله: فان قلت فما الا فضلية ان يصلي خلف هؤلاء او الانفراد قيل اما في حق الفاسق فالصلاة خلفه اولى لما ذكر في الفتاوىٰ قدمناه واما الآخرون فيمكن ان يكون الانفراد اولى لجهلهم بشروط الصلاة ويمكن ان يكون على قياس الصلاة خلف الفاسق والافضل ان يصلي خلف غيرهم فالحاصل انه يكره لهؤلاء التقدم ويكره الاقتداء بهم كراهة تنزيهية فان امكن الصلاة خلف غيرهم فهو افضل والا فالاقتداء اولى من الانفراد. (البحر الرائق ص۳۴۹ جلد ۱ باب الامامة)

بدعتی کی اقتدا کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ کیا بدعتی کی امامت جائز ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: صوفی لعل خان......۱۹۷۰ء/۵/۲

الجواب: اگر بدعتی کافر ہو جیسے مرزائی اور اکثر شیعہ تو ان کے پیچھے اقتدا باطل اور کالعدم ہے اور اگر کافر نہ ہو تو مکروہ تحریمی ہے﴿۱﴾۔ وھو الموفق

مودودیت کے اعتراف اور پرچار نہ کرنے والے کی امامت ممنوع نہیں ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک شخص بظاہر نماز کا پابند اور پرہیزگار ہے اور ہمارا پیش امام ہے، لیکن ان میں دو غلطیاں ہیں ایک یہ کہ مودودی تفسیر جلد اول اس کے پاس موجود ہے دوم یہ کہ مودودی رسائل وغیرہ کا مطالعہ کرتا ہے اسلئے ہم لوگوں نے اس کے پیچھے نماز پڑھنی چھوڑ دی ہے امام کہتا ہے کہ ''نماز پڑھو کیونکہ مودودی صاحب کا عقیدہ برا نہیں ہے نیز میں نے مودودی صاحب کو دیکھا بھی نہیں ہے اور نہ اس کا شاگرد ہوں ہم پٹھانوں نے الگ جماعت شروع کی ہے تفصیلی جواب سے نوازیں مہربانی ہوگی''۔ بینوا توجروا

المستفتی: حاجی عزیز الرحمٰن (دوبئی)......۱۹۷۶ء/۱۰/۱۳

الجواب: چونکہ یہ امام نہ مودودیت کا اعتراف کرتا ہے اور نہ پرچار کرتا ہے بلکہ براءت ظاہر کرتا

﴿۱﴾ وفی الهندیه: تجوز الصلاة خلف صاحب هوی وبدعة ولا تجوز خلف الرافضی والجهمی والقدری والمشبهة ومن یقول بخلق القرآن واحاصله ان کان هوی لایکفر به صاحبه تجوز الصلاة خلفه مع الکراهة والا فلا هکذا فی التبیین والخلاصه.
(فتاویٰ عالمگیریه ص ۸۴ جلد ۱ الفصل الثالث فی بیان من یصلح اماما لغیره)

ہے لہٰذا اس کے پیچھے اقتدا ممنوع نہیں ہے البتہ اس کے گفتار سے بیدار رہنا ضروری ہے۔ وهو الموفق

اعرج (لنگڑے) کی اقتدا مکروہ تنزیہی ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اعرج کی اقتدا کا کیا حکم ہے ان کے پیچھے نماز ہوسکتی ہے یا نہیں؟ اور کیا اس کو امامت سے معزول کرا سکتے ہیں یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد دانش منڈی بالا پشاور......۱۹۷۸ء/۱۱/۱

الجواب: اعرج کے پیچھے اقتدا مکروہ تنزیہی ہے، کما فی الهندیه ص ۸۹ جلد ۱ ولو کان لقدم الامام عوج وقام علی بعضها یجوز وغیره اولیٰ﴿۱﴾ پس اس عیب کی وجہ سے اس کا عزل کرنا ایک بے قاعدہ امر ہے البتہ اس کیلئے خود مستعفی ہونا بہتر ہے۔ وهو الموفق

سودخور امام کی اقتدا مکروہ تحریمی ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک مسجد کا امام مشہور سودخور ہو، اور ایک جگہ نہیں بلکہ مختلف جگہوں میں علی الاعلان سود کرتا ہے ایسے امام کے پیچھے اقتدا یا مسجد میں اس کا امام بنانا کیسا ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: حجاب شاہ میاں خان مردان......۱۹۷۲ء/۲/۲

الجواب: مکروہ تحریمی ہے﴿۲﴾۔ وهو الموفق

جس امام کا نسب معلوم نہ ہو اس کی اقتدا کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ بعض لوگ کہتے ہیں کہ جس امام کا

﴿۱﴾ (فتاویٰ عالمگیریه ص ۸۵ جلد ۱ الفصل الثالث فی بیان من یصلح اماما لغیره)

﴿۲﴾ قال العلامة الحصکفی رحمه الله: وکذا تکره خلف امرد... وشارب الخمر وآکل الربا. (الدرمختار علی هامش ردالمحتار ص ۴۱۵ جلد ۱ مطلب فی امامة الامرد)

نسب معلوم نہ ہو اس کی اقتدا صحیح نہیں کیا یہ درست ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: بادشاہ گل ڈھیری شبقدر چارسدہ......۱۹۶۹ء/۱/۱۴

الجواب: اسلام میں علم اور تقویٰ بڑی چیز ہے ﴿۱﴾ نسب صرف انتظامی امور میں معتبر ہے اسی وجہ سے یہ مسئلہ مطلقاً صحیح نہیں ہے ﴿۲﴾۔ وهو الموفق

ایک پاؤں سے معذور کی امامت

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک لنگڑا امام سجدہ اور قاعدہ کی حالت میں ایک ٹانگ مسنون طریقے سے نہیں رکھ سکتا، جبکہ اس گاؤں میں صحیح الاعضاء آدمی بھی موجود ہیں ان کے باوجود اس لنگڑے کی امامت درست ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: مولوی حاجی ایوب گلگت......۸/ ربیع الاول ۱۴۰۱ھ

﴿۱﴾ قال العلامه عماد الدين ابن كثير: (وقوله تعالىٰ: ان اكرمكم عند الله اتقاكم) اى انما تتفاضلون عند الله تعالىٰ بالتقوىٰ لابالاحساب وقد وردت الاحاديث بذلك عن رسول اللهﷺ قال البخارى: ... عن ابى هريرة قال: سئل رسول اللهﷺ اى الناس اكرم؟ قال: اكرمهم عند الله اتقاهم قالوا: ليس عن هذا نسألك قال: فاكرم الناس يوسف نبى الله، ابن نبى الله، ابن نبى الله ابن خليل الله، قالوا: ليس عن هذا نسئلك قال: فعن معادن العرب تسألونى؟ قالوا: نعم قال، فخياركم فى الجاهلية خياركم فى الاسلام اذا فقهوا.

(تفسير ابن كثير ص ۲۷۵ جلد۴ سورة الحجرات آيت:۱۳)

﴿۲﴾ قال العلامة الحصكفى رحمه الله: والاحق بالامامة الا علم باحكام الصلاة فقط صحة وفسادا بشرط اجتنابه للفواحش.

(الدرالمختار على هامش ردالمحتار ص ۴۱۲ جلد۱ باب الامامة)

وقال العلامه طاهر بن عبد الرشيد: وفى الاصل لا يجوز للسيد الجاهل ان يتقدم على الفقيه لان شرف العلم فوق النسب.

(خلاصة الفتاوىٰ ص ۳۲۴ جلد۴ كتاب الكراهية جنس آخر)

الجواب: اگر یہ لنگڑا اعلم القوم نہ ہوتو اس کے پیچھے اقتدا افضل نہیں ہے، کمافی ردالمحتار ص ۵۲۵ جلد ۱ وکذلک اعرج یقوم ببعض قدمہ ﴿۱﴾ البتہ اس عیب کی وجہ سے واجب العزل نہیں ہے۔وھو الموفق

والدین کی گستاخی کرنے والے کی امامت مکروہ ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ زید ایک محلّہ کا امام ہے والدین کی گستاخی کرتا ہے کیا ان کی امامت درست ہے؟ ان کا لوگوں کو تبلیغ وتعلیم دینا کیا حکم رکھتا ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم.....۵/ جنوری ۱۹۷۵ء

الجواب: اگر زید کے والدین بہ جانب حق ہوں تو عقوق کی وجہ سے زید کے پیچھے اقتدا (نیک لوگوں کے موجودگی میں) مکروہ تحریمی ہے، لان العقوق من الکبائر کما فی حدیث متفق علیہ﴿۲﴾ والاقتداء خلف الفاسق مکرہ تحریماً کما صرح بہ فی شرح الکبیر ص ۴۷۹ باب الامامۃ﴿۳﴾واما التقید المذکور فلما فی البحر ص ۳۴۹ جلد ۱ وینبغی ان یکون محل کراھۃ الاقتداء بھم عند وجود غیرھم والافلا کراھۃ ﴿۴﴾ لیکن باوجود

﴿۱﴾ قال العلامہ الشامی: وکذلک اعرج یقوم ببعض قدمہ فالاقتداء بغیرہ اولیٰ تاترخانیۃ.
(ردالمحتار ھامش الدرالمختار قبیل مطلب فی الاقتداء بشافعی الخ باب الامامۃ ص ۴۱۶ جلد ۱)

﴿۲﴾ عن عبد اللہ بن عمرو قال قال رسول اللہ ﷺ الکبائر الاشراک باللہ وعقوق الوالدین وقتل النفس والیمین الغموس رواہ البخاری وفی روایۃ انس وشھادۃ الزور بدل الیمین الغموس متفق علیہ.
(مشکواۃ المصابیح ص ۱۷ جلد ۱ باب الکبائر وعلامات النفاق)

﴿۳﴾قال الحلبی : کذا فی فتاویٰ الحجۃ وفیہ اشارۃ الی انھم قدموا فاسقا یاثمون بناء علی ان کراھۃ تقدیمہ کراھۃ تحریم. (الشرح الکبیر ص ۴۷۵ فصل فی الامامۃ)

﴿۴﴾ (البحر الرائق ص ۳۴۹ جلد ۱ باب الامامۃ)

کراہت کے انفراد سے اقتدا بہتر ہے﴿۱﴾صرح به فی امامة البحر والفتح والهنديه وردالمحتار ، اور ایسے شخص کیلئے تعلیم دینے اور تبلیغ کرنے میں کوئی وبال نہیں ہے، لان المنكر فی قوله تعالیٰ اتأمرون الناس بالبر وتنسون انفسكم هو المعطوف ﴿۲﴾ فقط. وهوالموفق

امور شرعیہ کی پابندی نہ کرنے والے اور جھوٹ بولنے والے کی امامت

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہمارے امام میں ذیل خامیاں موجود ہیں۔(۱)رمضان میں صرف تین روزے رکھے (۲) پیشاب کے بعد کلوخ وغیرہ نہیں کرتے (۳) نماز کی کوئی پابندی نہیں کرتے (۴) بغیر عذر کے بھی کبھی نماز نہیں پڑھتے (۵) قرآن مجید بھی کبھی کہیں سے کبھی کہیں سے پڑھتے ہیں اور بولتا ہے کہ میں نے ختم کیا (۶) جھوٹ بولنے سے کبھی گریز نہیں کرتا کیا ایسے امام کے پیچھے اقتدا صحیح ہے؟بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم......۱۹۷۴ء/۲۱/۱۱

الجواب: بشرط صدق وثبوت ایسے امام کے پیچھے صالحین کی اقتداء مکروہ ہے،يدل عليه ما فی البحر ص ۳۴۹ جلد ۱ وينبغی ان يكون محل كراهة الاقتداء بهم الفاسق والعبد وغيره عند وجود غيرهم والافلا كراهة﴿۳﴾. وهوالموفق

﴿۱﴾ قال العلامة ابن نجيم رحمه الله: فالحاصل انه يكره لهؤلاء التقدم ويكره الاقتداء بهم كراهة تنزيهية فان امكن الصلاة خلف غيرهم فهو افضل والا فالاقتداء اولیٰ من الانفراد. (البحر الرائق ص ۳۴۹ جلد ۱ باب الامامة)

﴿۲﴾ قال العلامه شبير احمد العثمانی: اور آیت سے مقصود یہ ہے کہ واعظ کو اپنے وعظ پر ضرور عمل کرنا چاہئے یہ غرض نہیں کہ فاسق کسی کو نصیحت نہ کرے۔
(تفسیر عثمانی پارہ: اول سورۃ البقرہ آیت: ۴۴ رکوع ۵)

﴿۳﴾ (البحر الرائق ص ۳۴۹ جلد ۱ باب الامامة)

اپنے استاد عالم دین کی بے عزتی اور توہین کرنے والے کی امامت

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک شخص اپنے ایک استاد جو عالم دین بھی ہے، کی دنیاوی لالچ کی وجہ سے بے عزتی اور توہین کرتا ہے کیا یہ شخص اس جزیہ فقہیہ کے تحت داخل نہیں ہے؟ کہ من اهان عالما بغير سبب خيف عليه الكفر، اور اس سلسلہ میں یہ شاگرد عاق ہے یا نہیں؟ اور اس کی امامت جائز ہوگی یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: حافظ ہدایت الرحمٰن مانکی صوابی......۱۲/محرم الحرام ۱۴۰۳ھ

الجواب: عالم سے علم دین کی وجہ سے عداوت کرنا موجب کفر ہے، ذاتیات کی وجہ سے عداوت کفر نہیں ہے، ﴿۱﴾ البتہ سباب المسلم فسوق ﴿۲﴾ کی بنا پر یہ شخص فاسق ہے اور ایسے شخص کے پیچھے اقتدا مکروہ تحریمی ہے ﴿۳﴾ جبکہ قوم میں اس شخص سے نیک لوگ موجود ہوں اور عاق کا بھی یہی حکم ہے (ماخوذ از شرح فقه الاكبر وبحر الرائق) . وهو الموفق

﴿۱﴾ قاله الملا على قارى: من ابغض عالما من غير سبب ظاهر خيف عليه الكفر قلت الظاهر انه يكفر لانه اذا ابغض العالم من غير سبب دنيوى او اخروى فيكون بغضه لعلم الشريعة ولا شك فى كفر من انكره فضلاً عمن ابغضه .
(شرح فقه الاكبر لملا على قارى ص ۱۷۳ فصل فى العلم والعلماء)

﴿۲﴾ عن عبد الله بن مسعود قال قال رسول الله ﷺ سباب المسلم فسوق وقتاله كفر.
(الصحيح المسلم ص ۵۸ جلد ۱ كتاب الايمان)

﴿۳﴾ قال العلامة الحصكفى رحمه الله: ويكره امامة عبد وفاسق واعمى، قال ابن عابدين: (قوله اى غير الفاسق) واما الفاسق فقد عللوا كراهة تقديمه بانه لا يهتم لامر دينه وبان فى تقديمه للامامة تعظيمه وقد وجب عليهم اهانته شرعا ولا يخفىٰ انه اذا كان اعلم من غيره لا تزول العلة فانه لا يؤمن ان يصلى بهم بغير طهارة فهو كالمبتدع تكره امامته بكل حال بل مشى فى شرح المنية على ان كراهة تقديمه كراهة تحريم.
(الدر المختار مع ردالمحتار ص ۴۱۴ جلد ۱ مطلب البدعة خمسة اقسام باب الامامة)

کسی اجنبی کے گھر میں بے پردہ آنے جانے والے کی امامت

سوال: کیافرماتے علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک شخص بالکل اجنبی اور علاقہ غیر کا رہنے والا ہو اور یہاں پر اس کا کوئی رشتہ دار نہ ہو اور نہ کوئی اس کو پہچانتا ہو یہ شخص کسی ایسے گھر میں بلاتکلف اور بے پردہ آتا جاتا ہو جس میں اکثریت نوجوان لڑکیوں کی ہو اور کچھ شادی شدہ اور کچھ بیوہ عورتیں بھی اس گھر میں رہتی ہوں یعنی تمام کے تمام غیر محرم ہوں اور اسی گھر میں کھاتا پیتا بھی ہو، شریعت میں ایسے شخص کی امامت کا کیا حکم ہے، جائز ہے یا ناجائز؟ بینوا توجروا

المستفتی: عطاء اللہ جان مانکی صوابی......۱۹۷۱ء/۱۲/۲۳

الجواب: چونکہ عوام بھی اس شنیع کام میں مبتلا ہیں لہٰذا اس امام کے پیچھے عوام کی اقتدا مکروہ نہیں ہے البتہ مقتدیوں میں غیر فاسق موجود ہوں تو پھر اس کے پیچھے اقتدا مکروہ ہوگی، یدل علیہ مافی البحر ص ۳۴۹ جلد ۱ وینبغی ان یکون محل کراھة الاقتداء بھم عند وجود غیرھم والا فلا کراھة لما لا یخفیٰ ﴿۱﴾. وھوالموفق

زانی کو امام بنانا مکروہ تحریمی ہے

سوال: کیافرماتے علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ زانی کا امام بنانا جائز ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: ہیڈ ماسٹر پرائمری سکول......۱۹۷۶ء/۱/۱۶

الجواب: زانی کے پیچھے نماز پڑھنا یا اس کو باقاعدہ امام بنانا مکروہ تحریمی ہے ﴿۲﴾ کما فی

﴿۱﴾ (البحر الرائق ص ۳۴۹ جلد ۱ باب الامامة)

﴿۲﴾ قال العلامہ محمد امین ابن عابدین: (قوله وفاسق) من الفسق وھو الخروج عن الاستقامة ولعل المراد به من یرتکب الکبائر کشارب الخمر والزانی وآکل الرباء ونحو ذلک. (ردالمحتار ھامش الدرالمختار ص ۴۱۴ جلد ۱ قبیل مطلب البدعة خمسة اقسام)

شرح الکبیر کراھة تقدیمه کراھة تحریم ص ۴۷۹﴿۱﴾ لیکن انفراد سے فاسق کے پیچھے اقتدا افضل ہے، کما فی شرح التنویر صلی خلف فاسق او مبتدع نال فضل الجماعة، وفی ردالمحتار ص۵۲۵ جلد ۱ افاد ان الصلاة خلفهما اولیٰ من الانفراد لاکن لا ینال کما ینال خلف تقی وورع﴿۲﴾. وھو الموفق

والد اور استاد کی اہانت کرنے والے کی امامت

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ زید، عمر اور بکر تین بھائی ہیں ان میں سے زید سند یافتہ عالم ہے اور شادی شدہ بھی ہے جبکہ بکر اور عمر گھر پر نہیں ہوتے بلکہ کاروبار کے سلسلہ میں سفر پر ہوتے ہیں بکر اور عمر نے زید کے ساتھ یہ فیصلہ کیا تھا کہ والدین کا خرچہ مشترکہ طور پر ادا کریں گے لیکن زید کا رویہ والدین کے ساتھ بہت توہین آمیز ہے جبکہ زید اپنے والد کا شاگرد بھی ہے زید نے ضعیف العمر والدین کو گھر سے نکال کر تھپڑ مارے اور چائے کا پیالہ بھی زور سے انڈیل دیا، زید والدین کو گھر میں عزت کے ساتھ روٹی وغیرہ بھی نہیں دیتے اپنے والد کو ہر بات پر ٹوکتا ہے اور برا بھلا کہتا ہے سوال یہ ہے کہ اس قسم کے آدمی کی اقتدا کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: مولانا غلام حیدر لنڈا احمد خیل بنوں ۱۲/صفر ۱۳۹۲ھ

الجواب: بشرط صدق مستفتی زید عاق اور فاجر ہے اس کے پیچھے اقتدا مکروہ تحریمی ہے، لحدیث الکبائر ومنها عقوق الوالدین﴿۳﴾ وفی منحة الخالق قال الرملی ذکر الحلبی

﴿۱﴾ (غنیة المستملی المعروف بالکبیری ص ۴۷۵ فصل فی الامامة)

﴿۲﴾ (ردالمحتار مع الدرالمختار ص ۴۱۵ جلد ۱ قبیل مطلب فی امامة الامرد باب الامامة)

﴿۳﴾ عن عبد الله بن عمرو قال قال رسول الله ﷺ الکبائر الاشراک بالله وعقوق الوالدین وقتل النفس والیمین الغموس رواه البخاری وفی روایة انس وشهادة الزور بدل الیمین الغموس متفق علیه . (مشکواة المصابیح ص ۱۷ جلد ۱ باب الکبائر وعلامات النفاق الفصل الاول)

ان تقدیم الفاسق والمبتدع کراھة التحریم (ھامش البحر ص ۳۴۹ جلد ۱)﴿۱﴾.

نوٹ:......اگر قوم اس سے بدتر ہو تو اقتدا مکروہ نہیں ہے(بحر)﴿۲﴾۔ وھو الموفق

مشرک کے پیچھے اقتدا باطل ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ مشرک کے پیچھے اقتدا کا کیا حکم ہے جائز ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: احمد خان راولپنڈی......۱۹/۱۲/۱۹۸۳ء

الجواب: مشرک کے پیچھے اقتدا باطل ہے خواہ کسی بھی مکتب فکر سے متعلق ہو (ھندیه)﴿۳﴾. وھو الموفق

بینک کے ملازم کی امامت کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ زید ایک زمیندارہ بینک جو کواپریٹو بینک کی ایک شاخ ہے کا سیکرٹری ہے یہ بینک دس فیصد یا اس سے زیادہ سالانہ شرح کے ساتھ قرضہ دیتا ہے اصل رقم کو چھوڑ کر جو زائد رقم شرح کی بنتی ہے بینک نے زید کیلئے بطور تنخواہ اسی شرح کی رقم سے مقرر کی ہوئی ہے، اور بینک کا یہ سب کاروبار زید ہی کرتا ہے، اب اس موضع میں زید کو امام مسجد مقرر کیا جارہا ہے جبکہ بعض

﴿۱﴾ (منحة الخالق علی ھامش البحر الرائق ص ۳۴۹ جلد ۱ باب الامامة)

﴿۲﴾ قال العلامه ابن نجیم: وینبغی ان یکون محل کراھة الاقتداء بھم عند وجود غیرھم والافلا کراھة لما لا یخفیٰ.

(البحر الرائق ص ۳۴۹ جلد ۱ باب الامامة)

﴿۳﴾ وفی الھندیه: ولا تجوز خلف الرافضی والجھمی والقدری والمشبھة ومن یقول بخلق القرآن وحاصله ان کان ھوی لا یکفر به صاحبه تجوز الصلوٰة خلفه مع الکراھة والا فلا. (فتاویٰ عالمگیریه ص ۸۴ جلد ۱ الفصل الثالث فی بیان من یصلح اماما لغیره)

افرادزید کی امامت اوراقتدا کودرست نہیں سمجھتے ازروئے شرع اس کی امامت کا کیا حکم ہے؟بینوا توجروا

المستفتی: محمد اکرم قریشی واہ کینٹ.....شوال ۱۳۸۹ھ

الجواب: زید تعاون فی المعصیت کی وجہ سے امامت کے لائق نہیں ہے، کسی نیک شخص کوامام مقرر کیا جائے، قال اللہ تعالیٰ و لاتعاونوا علی الاثم والعدوان ﴿۱﴾ وایضا لعن رسول اللہ ﷺ کاتب الربوا فتکون ذنبا کثیرۃ ﴿۲﴾ واضح رہے کہ ربوا،سود،منافع ایک ہی چیز ہے احادیث صحیحہ سے ثابت ہے کہ قرضہ پرمنافع لینا سود اور حرام ہے ﴿۳﴾۔وھو الموفق

بادی بواسیر والے امام کی امامت

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک امام بادی بواسیر کا مریض ہےاس کی اقتدا کا کیا حکم ہے؟بینوا توجروا

المستفتی: میاں محمد یاسین فضل آباد ملاکنڈ ایجنسی

الجواب: اگر یہ امام معذورشرعی نہ ہوتو امامت کرسکتا ہے(شامی)﴿۴﴾۔وھو الموفق

﴿۱﴾ (سورۃ مائدہ پارہ: ۶ آیت: ۲ رکوع ۱)

﴿۲﴾ عن جابر قال لعن رسول اللہ ﷺ آکل الربوا وموکلہ و کاتبہ وشاھدیہ وقال ھم سواء رواہ مسلم. (مشکواۃ المصابیح ص ۲۴۴ جلد ۱ باب الربوا الفصل الاول)

﴿۳﴾وعن علی قال: قال رسول اللہ ﷺ کل قرض جر منفعۃ فھو ربا، رواہ الحارث بن ابی اسامۃ واسنادہ ساقط ولہ شاھد ضعیف عن فضالۃ بن عبید عند البیھقی وآخر موقوف عن عبد اللہ بن سلام عند البخاری. (بلوغ المرام للعسقلانی ص ۲۸۲ رقم حدیث: ۸۱۲ قبیل باب التفلیس والحجر)

وقال الشیخ اشرف علی التھانوی: اخرجہ البیھقی فی المعرفۃ عن فضالۃ بن عبید موقوفا بلفظ کل قرض جر منفعۃ فھو وجہ من وجوہ الرباء ورواہ فی السنن الکبریٰ عن ابن مسعود وابی ابن کعب وعبد اللہ بن سلام وابن عباس موقوفا علیھم.

(امداد الفتاویٰ ص ۲۱۵ جلد ۳ رسالہ کشف الدجیٰ عن وجہ الربوا)

﴿۴﴾ قال العلامۃ الحصکفی رحمہ اللہ: ولا طاھر بمعذور ھذا..... (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

سب وشتم اور لوگوں کی توہین کرنے والے کی امامت

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک امام مسجد نے قوم سے مخالف ہونے کی بنا پر مسجد اور امامت کو سب وشتم دیئے، یہ امام جاہل ہے اور علماء کا توہین بھی کرتا ہے قرأت بھی غلط کرتا ہے ایسے شخص کی امامت کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: مولوی عبدالاکبر مسجد خانان

الجواب: اگر یہ الزام مسلم اور مبرہن ہوں تو اس امام کے پیچھے اقتدا مکروہ ہے ﴿۱﴾ البتہ انفراد سے اقتدا افضل ہے (شامی، بحر، هندیه). وهو الموفق

بیوی کو نفقہ سے محروم کرنے منگنی پر ڈھول بجوانے اور غیر محرم کو دم کرنے والے کی امامت

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک شخص آخری عمر میں دوسری شادی کرے اور پہلی بیوی کو حقوق شرعیہ اور نان ونفقہ سے محرم کردے اور اولاد کو بھی محروم کرے دوسری شادی میں منگنی پر ڈوموں کو بلا کر ڈھول بجوائے اور پرائے عورتوں سے ناچ کرایا اور گانے گائے گئے، نیز غیر محرم عورتوں کو کھلا منہ کر کے دم کرتا ہے وغیرہ وغیرہ، کیا اس کی امامت جائز ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: فقیر احمد شاہ ڈیرہ اسماعیل خان

(بقیه حاشیه) ان قارن الوضوء الحدث او طرأ علیه بعده وصح لو توضأ علی الانقطاع وصلی کذلک کاقتداء بمفتصد امن خروج الدم.

(الدرالمختار ص ۴۲۸ جلد ۱ باب الامامة قبیل مطلب فی الالثغ)

﴿۱﴾ قال العلامة الحصکفی: وفی النهر عن المحیط صلی خلف فاسق او مبتدع نال فضل الجماعة، قال ابن عابدین : افاد ان الصلاة خلفهما اولی من الانفراد. (ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۴۱۵ جلد ۱ قبیل مطلب فی امامة الامرد باب الامامة)

الجواب: بشرط صدق وثبوت مذکورۃ الاوصاف شخص فاسق ہے﴿۱﴾جس کی اقتدا مکروہ تحریمی ہے﴿۲﴾محلّہ کے ارباب حل وعقد کا فریضہ ہے کہ وہ اس امام کو سبکدوش کردیں﴿۳﴾لیکن اگر یہ امام کسی وجہ سے برقرار رہے تو پھر انفراد سے اقتدا افضل ہے، درمختار میں ہے، صلی خلف فاسق او مبتدع نال فضل الجماعة﴿۴﴾. وهو الموفق

افیون کا نشہ کرنے والے، مردوں کو بطور پیشہ غسل دینے والے اور جادوگر امام کی اقتدا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ جو شخص ہمیشہ افیون کے نشے میں مست ہو، اور مردوں کو بطور پیشہ مستقلاً غسل دیتا ہو، سحر، جادوٹونہ اور غلط تعویذات کرتا ہو، اس کی امامت درست ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: شمس الرحمٰن کالکس ضلع دیر.....۱۹۷۳ء/۴/۵

﴿۱﴾ قال العلامه محمد بن البزاز الکردری: استماع صوت الملاهی کالضرب بالقضیب ونحوه حرام لقوله علیه السلام استماع الملاهی معصیة والجلوس علیها فسق والتلذذ بها کفر ای بالنعمة.

(فتاویٰ بزازیه علی هامش الهندیه ص ۳۵۹ جلد۲ الباب الثالث فیما یتعلق بالمناهی)

﴿۲﴾ قال العلامة الحصکفی رحمه الله: ویکره امامة عبد وفاسق واعمی ومبتدع، قال ابن عابدین : نکره امامته بکل حال بل مشی فی شرح المنیة علی ان کراهة تقدیمه کراهة تحریم.

(ردالمحتار مع الدرالمختار ص۴۱۴ جلد۱ قبیل مطلب البدعة خمسة اقسام باب الامامة)

﴿۳﴾قال الحصکفی: ویکره تقلید الفاسق ویعزل به الا لفتنة ، قال ابن عابدین: ای بالفسق لو طرأ علیه والمراد انه یستحق العزل کما علمت آنفا ولذا لم یقل ینعزل.

(الدرالمختار مع ردالمحتار ص۴۰۵ جلد۱ باب الامامة)

﴿۴﴾ (الدرالمختار علی هامش ردالمحتار ص۴۱۵ جلد۱ قبیل مطلب فی امامة الامرد باب الامامة)

الجواب: واضح رہے کہ افیون کھانا حرام ہے، لما فی الدرالمختار ویحرم اکل البنج والحشیشه هی ورق القنب والافیون،الخ﴿۱﴾ وبمعناه فی سائر کتب الفتاویٰ، اورحرام کار خصوصاً جبکہ علی الدوام کرنے والا ہو فاسق ہے اور فاسق کے پیچھے اقتدا مکروہ تحریمی ہے،صرح به فی الکبیری﴿۲﴾ نیز پیشہ ورغسال لوگوں کی نظر میں خفیف ہوتا ہے جو کہ مورث کراہۃ اقتدا ہے، کما یدل علیه تعلیل الهدایة حیث قال ولان فی تقدیم هؤلاء تنفیر الجماعة ص ۱۱۰ جلد ۱ ﴿۳﴾ اور جادوگری فسق یا کفر سے خالی نہیں ہوتا لہٰذا ایسے امام کے پیچھے اقتدا نہ کرنا چاہئے ﴿۴﴾۔وهو الموفق

ناجائز معاملہ پر والدین سے ناراض بیٹے کی اقتدا جائز ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک پیش امام اپنی والدہ سے ناراض ہے اس کو قوم کہتا ہے کہ والدہ سے راضی نامہ کرلے یا معافی طلب کرے، لیکن وہ نہ راضی نامہ کرنا چاہتا ہے اور نہ معافی طلب کرتا ہے جب کہ ماں کا بیان یہ ہے" واقعہ یوں بیان کیا جاتا ہے کہ میرا بیٹا فلاں ولد فلاں قوم.....سکنہ.....ناراض ہو کر کسی کے مکان میں چلا گیا ہے اور میرے خاوند کو فوت ہوئے آٹھ سال ہو

﴿۱﴾ (الدرالمختار علی هامش ردالمحتار ص ۳۲۵ جلد۵ کتاب الاشربة)

﴿۲﴾ قال العلامة الحلبی فی شرح المنیة: فی فتاویٰ الحجة وفیه اشارة الی انهم قدموا فاسقا یاثمون بناء علی ان کراهة تقدیمه کراهة تحریم. (الشرح الکبیر ص۴۷۵ فصل فی الامامة)

﴿۳﴾ (هدایه ص ۱۱۰ جلد ۱ باب الامامة کتاب الصلوٰة)

﴿۴﴾ قال الحصکفی : وحرام وهو علم الفلسفه والشعبذة والتنجیم والرمل وعلوم الطبائعین والسحر، قال العلامه ابن عابدین: فهذه انواع السحر الثلاثة قد تقع بما هو کفر من لفظ او اعتقاد او فعل وقد تقع بغیره کوضع الاحجار وللسحر فصول کثیرة فی کتبهم فلیس کل مایسمی سحرا کفراً اذ لیس التکفیر به لما یترتب علیه من الضرر بل لما یقع به مما هو کفر کاعتقاد انفراد الکواکب بالربوبیة واهانة قرآن او کلام مکفر ونحو ذلک. (ردالمحتار هامش الدرالمختار ص۳۳ جلد ۱ مطلب السحر انواع)

گئے ہیں ان آٹھ سالوں میں اس نے میری کوئی امدادنہیں کی ،پچھلے سال وہ گھر آیا ہم نے جرگہ بٹھا کراس کو کہا،اوروہ ناراض ہوکرکسی کے مکان میں چلا گیااب وہ کہتا ہے کہ میں والدہ سے ناراض ہی رہوں گا اگر آپ نے میرااوروالدہ صاحبہ کا راضی نامہ کرنا ہےتو میرا گوشت کاٹ کر بوری میں ڈال کرلے جائیں اور میں دندہ مانی سے معافی نہیں مانگوں گا وغیرہ'' ۔اس صورت میں ایسے بیٹے کی امامت جائز ہے یانہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی :مولوی محمد غنی راولپنڈی ۱۹۶۹ء/ ۲۲/۱۱

الجواب: آپ نے کوئی تفصیل نہیں بتائی ہے کہ ناراضگی کی وجہ کیا ہے لہٰذا تعلیقی جواب دیا جاتا ہے یعنی اگر والدہ کے جائز معاملہ سے یہ ناراضگی ہوتو فسق کی وجہ سے اس کے پیچھے اقتدا مکروہ تحریمی ہے ﴿۱﴾ اوراگر والدہ کے کوئی ناجائز معاملہ سے ناراضگی ہوتو اس پرکوئی حرج نہیں ہے، **لحدیث لاطاعة للمخلوق فی معصیة الخالق** ﴿۲﴾ . **وهو الموفق**

حضورﷺ کے بارے میں ناشائستہ کلمات کہنے والے کا توبہ کے بعد امامت کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ میرے والدمولانا امین الحق پر بعض مخالفین نے ذاتی عناد کی بنا پر یہ الزام لگایا ہے کہ اس نے آج سے چالیس سال قبل آنحضرتﷺ فداه ابی وامی کے بارے میں ناشائستہ کلمات استعمال کئے تھے جن کی وجہ سے اس وقت کے علماء نے اس کوامامت سے معزول کیا تھا، حالانکہ میرے والد نے زندگی بھر اس قسم کے الفاظ نہیں کہے ہیں میرا والد سلسلہ عالیہ قادریہ میں منسلک ہے اولیاء اللہ کے ماننے والے اورمعتقد ہیں اور حضورﷺ کے ادنیٰ امتی

﴿۱﴾ قال العلامة الحصكفي رحمه الله: ويكره امامة عبد واعرابي وفاسق واعمى ومبتدع، قال ابن عابدين: تكره امامته بكل حال بل مشى في شرح المنية على ان كراهة تقديم كراهة تحريم. (ردالمحتار مع الدر المختار ص ۴۱۴ جلد ۱ مطلب البدعة خمسة اقسام باب الامامة)

﴿۲﴾ (مشكواة المصابيح ص ۳۲۱ جلد ۱ الفصل الثانی كتاب الامارة)

ہونے پر فخر کرتا ہے، خدانخواستہ اگر بمقتضائے بشریت اس نے اس قسم کے کلمات کہے بھی ہوں اور اس نے توبہ کر کے انابت الی اللہ کی ہو تو کیا اس کے پیچھے اقتدا درست ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: سیدالابرار منشی فاضل نوشہرہ......۱۹۶۹ء/۴/۶

الجواب: سب الرسول علیہ السلام کے ثبوت شرعی کے بعد ساب کا توبہ قرآن وحدیث اور فقہ کی بنا پر صحیح ہے اور اس کی امامت صحیح ہے، قال اللہ تعالیٰ فی شان المنافقین، ولقد قالوا کلمة الکفر وکفروا بعد اسلامهم وهموا بما لم ینالوا الی ان قال فان یتوبوا یک خیرالهم (الایة)﴿۱﴾ وجه الاستدلال ان المنافقین کانوا مسلمین ظاهرا، ویجری علیهم احکام المسلمین وقال الله تعالیٰ غافر الذنب وقابل التوب﴿۲﴾ من غیر تقید وتخصیص، وقال رسول اللهﷺ التائب من الذنب کمن لا ذنب له ﴿۳﴾ وقال العلامة الشامی فی ردالمحتار ص ۴۰۲ جلد۳ فهذا صریح کلام القاضی عیاض فی الشفاء والسبکی وابن تیمیه وائمه مذاهب علی ان مذهب الحنفیة قبول التوبة بلا حکایة قول آخر عنهم وانما حکوا الخلاف فی بقیه المذاهب الخ﴿۴﴾. وهو الموفق

گروی پر نفع لینے والے اور پیشہ ور امام کی اقتدا کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ (۱) ایک پیش امام صاحب کسی آدمی کو مبلغ تین ہزار روپے دے کر زمین مرہونہ بنا لیتا ہے اور زمین کے حاصلات سے مالک کو کچھ نہیں دیتے اور دی ہوئی رقم بدستور رکھتا ہے کیا اسی طرح کے معاملہ کرنے والے امام کی اقتدا جائز ہے؟ (۲) ایسا

﴿۱﴾ (سورة التوبة پاره: ۱۰ رکوع : ۱۶ آیت: ۷۴)
﴿۲﴾ (سورة المؤمن پاره: ۲۴ رکوع: ۱ آیت : ۳)
﴿۳﴾ (مشکواة المصابیح ص ۲۰۶ جلد ۱ باب الاستغفار والتوبة)
﴿۴﴾ (ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۳۱۹ جلد ۳ مطلب مهم فی حکم ساب الانبیاء باب المرتد)

شخص جو ہمیشہ کیلئے پیشہ امامت اختیار کرے اس کے پیچھے ہمیشہ کیلئے نماز پڑھنا کیسا ہے؟ (۳) اگر اس پیشہ ورامام کے پیچھے اقتدا صحیح نہ ہو تو اس کو کس طرح راہ راست پر لایا جاسکتا ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: شوکت علی ولد تاج ملوک خان طورو مردان...... ۱۹۶۹ء/۴/۸

الجواب: (۱) مرہونہ پر نفع لینا جائز نہیں ہے خواہ مشروط ہو یا معروف ہو اور ہمارے علاقوں میں معروف ہے لہٰذا حرام ہے اور اس کا مرتکب فاسق ہے اس کے پیچھے نماز پڑھنا مکروہ تحریمی ہے ﴿۱﴾ لیکن انفراد سے اقتدا افضل ہے ، عن ابی بردہ بن ابی موسیٰ قال قدمت المدینة فلقیت عبد اللہ بن سلام فقال انک بارض فیھا الربوا فاش فاذا کان لک علی رجل حق فاھدیٰ الیک تبن او حمل شعیر او حبل قت فلا تاخذہ فانہ ربوا، رواہ البخاری ،وقال ابن عابدین: قلت والغالب من احوال الناس انھم انما یریدون عند الدفع الانتفاع ولو لاہ لما اعطاہ الدراھم وھذا بمنزلة الشرط لان المعروف بمنزلتہ کالمشروط وھذا مما یعین المنع ﴿۲﴾ (ردالمحتار ص۴۲۷ جلد۵) وفی منحة الخالق قال الرملی ذکر الحلبی فی شرح المنیة ان کراھة تقدیم الفاسق والمبتدع کراھة تحریم وفی البحر بعد عبارة والا فالاقتداء بھم اولیٰ من الانفراد (بحر ص ۳۴۹ جلد ۱)﴿۳﴾ .

(۲:۳) پیشہ امامت بذات خود امر مستحسن ہے بے شک جب اجرت میں فرائض اور واجبات لیتا ہے یا باوجود غنی شرعی کے زکواۃ فطرانہ لیتا ہے تو یہ امر مستقبح ہے اہل محلہ پر ضروری ہے کہ اس کیلئے تنخواہ مقرر کرے اور زکواۃ وغیرہا اجرت میں نہ دیوے۔ وھو الموفق

﴿۱﴾ قال العلامة الحصکفی رحمہ اللہ: صلی خلف فاسق او مبتدع نال فضل الجماعة وکذا تکرہ خلف امرد، قال ابن عابدین: افاد ان الصلاة خلفھما اولیٰ من الانفراد .
(الدرالمختار مع ردالحتار ص۴۱۵ جلد ۱ مطلب فی امامة الامرد باب الامامة)

﴿۲﴾ (ردالمحتار ھامش الدرالمختار ص۳۴۳ جلد۵ کتاب الرھن)

﴿۳﴾ (منحة الخالق علی ھامش البحر الرائق ص ۳۴۹ جلد ۱ باب الامامة)

ریڈیو، ٹی وی وغیرہ کی مرمت کرنے والے مستری کے پیچھے اقتدا کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک مولوی صاحب کا بیٹا ریڈیو اور ٹی وی کا مستری ہے تو کیا اس مستری بیٹے کے پیچھے نماز ادا کرنا جائز ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: ہدایت اللہ کانگڑہ چارسدہ......۲۱/شعبان ۱۴۰۹ھ

الجواب: فاسق کے پیچھے فساق کی اقتدا بلا کراہت جائز ہے ﴿۱﴾ (ماخوذ از بحر هندیه باب الامامة). وهو الموفق

﴿۱﴾ قال العلامة ابن نجیم رحمه الله: وینبغی ان یکون محل کراهة الاقتداء بهم عند وجود غیرهم والا فلا کراهة کما لا یخفیٰ.

(البحر الرائق ص ۳۴۹ جلد ۱ باب الامامة)

باب القراء ۃ فی الصلوٰۃ

لا الٰہ پر وقف مفسد نماز نہیں ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر ایک شخص کلمہ توحید کے ذکر کے دوران یا نماز کے دوران لا الٰہ پر وقف کرے اور وقف کے بعد الا الله پڑھے اور یہ وقف قصداً یا نسیاناً یا جہالت کی وجہ سے ہو تو اس کا کیا حکم ہے نماز فاسد ہوگی یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: مولانا غلام جلیل صاحب مدرس مدرسہ مفتاح العلوم ہنگو......۱۹۸۶/۱۰/۷

الجواب: مفتیٰ بہ قول کی بنا پر یہ وقف مفسد صلاۃ نہیں ہے (فلیراجع الی الهندیه ص ۸۵ جلد ۱ الفصل الخامس زلة القاری﴿۱﴾. وهو الموفق

دو سورتوں کے درمیان چھوٹی سورت چھوڑ کر فصل کرنا مکروہ ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر کوئی امام دو سورتیں مثلاً پہلی رکعت میں سورة الفیل پڑھے، اور دوسری رکعت میں سورة الماعون پڑھے یا پہلی رکعت میں سورة العصر پڑھے اور دوسری رکعت میں الم ترکیف پڑھے، تو یہ مکروہ ہے یا نہیں ان دونوں صورتوں کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم......۱۹۸۶ء/۹/۱۴

﴿۱﴾ قال فی الهندیه: وان تغیر به المعنی تغیرا فاحشا نحو ان یقرأ شهد الله انه لا اله ووقف ثم قال الا هو لا تفسد صلاته عند عامة علمائنا وعند البعض تفسد صلاته والفتویٰ علی عدم الفساد بکل حال هکذافی المحیط. (فتاویٰ عالمگیریه ص ۸۱ جلد ۱ فصل الخامس فی زلة القاری)

الجواب: جب کوئی امام اول رکعت میں الم ترکیف الخ پڑھے، اور دوسری رکعت میں ارء یت الذی الخ پڑھے تو یہ مکروہ ہے اور جب اول رکعت میں والعصر الخ پڑھے اور دوسری رکعت میں الم ترکیف الخ تو مکروہ نہیں، کمافی شرح التنویر مع ردالمحتار قبیل باب الامامة ویکره الفصل بسورة قصيرة اما بسورة طويلة بحيث يلزمه منه اطالة الركعة الثانيه اطالة كثيرة فلا يكره، شرح المنية ﴿۱﴾. وهو الموفق

نماز میں دو سورتوں سے فصل کرنا جائز اور ایک سورۃ قصیرہ سے فصل کرنا مکروہ ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک شخص رکعت اولیٰ میں سورۃ الکافرون اور دوسری رکعت میں سورۃ اخلاص پڑھ لے یا پہلی رکعت میں سورۃ التین اور دوسرے رکعت میں سورۃ القدر پڑھ لے تو کیا یہ طریقہ مکروہ ہے یا غیر مکروہ؟ مدلل ومبرہن جواب سے نوازیں۔ بینوا توجروا

المستفتی: حکیم عبدالرؤف صاحب پابینی صوابی.....۱۹۸۹ء/۱/۹

الجواب: دو سورتوں سے فصل ہو تو غیر مکروہ ہے اور ایک سورۃ سے فصل ہو تو مکروہ ہے جبکہ یہ سورۃ فاصلہ قصیر ہو اور جب طویل بین ہو تو مکروہ نہیں ہے، کمافی شرح التنویر ص ۵۱۰ جلد ۱ ویکره الفصل بسورة قصيره، امابسورة طويلة بحيث يلزم منه اطالة الركعة الثانيه اطالةً كثيرة فلا يكره (شرح المنية) كما ذا كانت سورة قصيرتان ﴿۲﴾. وهو الموفق

ایک بڑی آیت دو رکعتوں پر تقسیم کرکے پڑھنا جائز مگر خلاف سنت ہے

سوال: محترمی ومکرمی جناب صدر دار الافتاء مفتی صاحب دار العلوم حقانیہ! ایک استفتاء عرض

﴿۱﴾ (ردالمحتار هامش الدر المختار ص ۴۰۴ جلد ۱ قبيل باب الامامة)
﴿۲﴾ (ردالمحتار هامش الدر المختار ص ۴۰۴ جلد ۱ قبيل باب الامامة)

خدمت ہے جو چند اجزاء پر مشتمل ہے جواب مرحمت فرماویں۔(الف) فرض نماز (جہری) میں امام کو ایک رکعت میں ایک آیت کا کم ازکم کتنا حصہ پڑھنا ضروری ہے۔(ب) ایک آیت کتنی بڑی ہو (قرآن کریم کی بعض بڑی آیتوں کے حوالے مرحمت فرمائیں) کہ جس کے ایک جز کا حصہ پڑھنے سے رکعت صحیح ہو اور قرأت ادا ہو۔(ج) ایک امام صاحب نے دوگانہ نماز فجر کی ایک رکعت میں سورۃ الفتح کی آخری آیت نمبر ۲۹ کا صرف آخری حصہ یعنی "سیماھم فی وجوھھم تا اجراً عظیما" پڑھ کر رکوع کر لیا کیا نماز درست ہوگی؟ بینوا توجروا

المستفتی: حبیب اللہ چوک ابریشم گران پشاور......۱۹۸۸ء/۶/۷

الجواب: جب نمازی طویل آیت مثلاً ایۃ الکرسی یاسورۃ الفتح کی آخری آیت دو رکعتوں پر تقسیم کریں یا مقدار سورۃ الکوثر اس سے پڑھے، تو قرأت واجبہ ادا ہوئی اور نماز درست ہو چکی، البتہ خلاف سنت ہے، فلیراجع الی ردالمحتار ص ۲۲۱ جلد ۱ بحث واجبات الصلوٰۃ﴿۱﴾۔ وھو الموفق

العالمین اور الرحمن میں وصل اور وقف دونوں جائز ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہمارے امام نے الحمد للہ رب العالمین پر وقف کیا اور الرحمن الرحیم جدا پڑھ لیا، اس پر ایک شخص نے اعتراض کیا کہ یہ غلط ہے بلکہ وصل کرے یعنی نَ الرحمن الرحیم پڑھا کرے کیونکہ یہ وقف غلط ہے نوبت یہاں تک پہنچی کہ امام نے اسے کہا کہ اچھے تعلیم یافتہ لوگ میرے پیچھے نماز پڑھ لیتے ہیں وہ غلطی نہیں پکڑتے

﴿۱﴾ قال ابن عابدین: لو قرأ آیۃ طویلۃ کآیۃ الکرسی او المداینۃ البعض فی رکعۃ والبعض فی رکعۃ اختلفوا فیہ علی قول ابی حنیفۃ قیل لا یجوز لانہ ماقرأ آیۃ تامۃ فی کل رکعۃ وعامتھم علی انہ یجوز لان بعض ھذہ الآیات یزید علی ثلاث قصار او یعد لھا فلا تکون قراءتہ اقل من ثلاث آیات وھذا یفید ان بعض الایۃ کالآیۃ فی انہ اذا بلغ قدر ثلاث آیات قصار یکفی. (ردالمحتار ھامش الدرالمختار ص ۳۳۸ جلد ۱ مطلب واجبات الصلاۃ)

اورتم ان پڑھ کیسے میری غلطی کو پکڑ سکتے ہو پس آپ کی نماز میرے پیچھے نہیں ہوسکتی پھر تقریباً دو مہینے بعد ایک جھوٹا اشتہار شائع ہوا جس میں جھوٹا انگوٹھا لگا کر فتویٰ لگایا تھا کہ اس امام کی شکل کفار جیسی ہے اس کے پیچھے نماز نہیں ہوتی، استفتاء یہ ہے کہ اس نماز اور اس شخص کا کیا حکم ہے جس نے امام کے خلاف جھوٹا اشتہار پھیلایا ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: خان زمان دارتیاں خانپور ہزارہ.....۱۷/نومبر ۱۹۶۹ء

الجواب: وقف اور وصل دونوں جائز ہیں رب العالمین الرحمن بھی جائز بلکہ بہتر ہے لان الوقف بين الصفة والموصوف غير مستحسن عند الفقهاء، وصرح به في الخانيه على هامش الهنديه ص ۱۴۳ جلد ۱ ﴿۱﴾. اور الرحمن الرحیم (جدا) پڑھنا بھی جائز ہے، لحديث مرفوع رواه الترمذى ﴿۲﴾ (لاكنه منقطع) پس اس میں تشدد نہیں کرنا چاہئے اور چونکہ افتراء فسق ہے لہٰذا اس شخص پر توبہ کرنا اور معافی مانگنا ضروری ہے۔ فقط

﴿۱﴾ قال العلامه فخر الدين القاضي خان: او فصل بين الوصف والموصوف بان قرأ انه كان عبدا ووقف ثم ابتدء بقوله شكوراً فمثل هذا لا يحسن ولا تفسد به الصلاة وكذا لو فصل بين قوله الا بذكر الله تطمئن القلوب لا تفسد الصلاة وان كان لا يحسن هذا الوقف لان مواضع الوصل والفصل لا يعرفها الا العلماء.

(فتاویٰ خانيه على هامش الهنديه ص ۱۵۵ جلد ۱ فصل فی قرأة القرآن)

﴿۲﴾ عن ام سلمة قالت كان رسول الله ﷺ يقطع قرأته يقرأ الحمد لله رب العالمين ثم يقف الرحمن الرحيم ثم يقف وكان يقرأها ملك يوم الدين هذا حديث غريب وبه يقرأ ابو عبيد ويختاره هكذا روى يحى بن سعيد الاموى وغيره عن ابن جريج عن ابن ابى مليكة عن ام سلمة وليس اسناده بمتصل لان الليث بن سعد روى هذا الحديث عن ابن ابى مليكة عن يعلى ابن مملك عن ام سلمة انها وصفت قراء ة النبى ﷺ حرفا حرفا وحديث الليث اصح وليس فى حديث الليث وكان يقرأ مالك يوم الدين.

(سنن الترمذى ص ۱۱۶ جلد ۲ ابواب القراء ات عن رسول الله ﷺ)

نمازعید کی قرأت اور ہیئت میں غلطی کا شبہ

سوال: محترم جناب مفتی صاحب دام مجدکم دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک! مسئلہ آن ست کہ مایاں نمازعیدالفطر مے گزاردیم چوں در رکعت اول خطیب صاحب **سورة الاعلیٰ** شروع کرد، پس گفت **سبح اسم ربک الاعلی الذی خلق،** پس گفت **والذی قدر فهدیٰ** دوقسم لغزش صادر شد، یکے وقف برخلق، ودوم ترک **فسویٰ** ، چوں رکعت دوم شروع کرد سورۃ غاشیہ بخواند **بمصیطر** مع صاد بخواند، **فاصلة السين والصاد بدل عنه ولهٰذا ذكر المفسر في تفسير الجلالين بمسيطر والافعادته قراءة ابی عمرو في المتن غالباً،** بعدہ بہ تکبیرات زوائد رکعت دوم شروع کرد پس بجائے سہ تکبیر پنج بگفت، چوں تکبیر چہارم گفت ہمہ مردمان ماسوائے چند افراد کہ امام بنظر ایشان در مے آمد، بقیام ماندند، باقی ہمہ اشخاص برکوع رفتند، چوتکبیر پنجم گفت، مردماں بقومہ افتند وامام ہنوز برکوع آمد، وآن کسان چند کہ امام درنظرشان بود آں ہم برکوع افتند بمتابعت امام خود چوں **سمع الله** بعدازتکبیر پنجم بگفت مردمان بقومہ رفتہ متحیر شدند، کہ ایں چہ مصیبت برپاشد بعض درگفتگوئے مفسد نماز ہم درآمدند، چوں از سلام فارغ شد، من بندہ ناچیز عرض کردم کہ نماز رااعادہ باید کرد، ازانکہ متابعت کنندہ گان را نماز مکروہ شدہ، ومخالفین رکوع را کہ امام را دراول وآخر رکوع قطعاً نیافتند، نماز فاسد شد، ازانکہ شرکت باامام دررکن شرط است برائے ادراک رکن باامام ومتابعت ہم ضروریست۔ ہردوفوت شدند، مگرایشان بجواب من گفتند کہ نماز صحیح است حالانکہ در "**مفتاح الصلاة**" مےنویسد کہ اگرازمصلی فرض فوت شد اعادہ نماز فرض است واگر واجب فوت شد نماز رااعادہ کردن واجب واگرسنت فوت شد سنت واگر مستحب فوت شد اعادہ نماز مستحب است، چونکہ شمایاں رااللہ تعالیٰ علم وسیع وجامع عطافرمودہ لہٰذا حل ایں مشکل بکنید۔ والسلام

المستفتی: مولوی میراکبر پیش امام مسجد میناخیل لکی مروت......۵/۱/۱۹۶۹ء

الجواب: درصورت مذکورہ بالا نماز عید صحیح است ہیچ مفسد از امام متحقق نہ شدہ است وگفتگو کنندگان نماز خود را از وجہ جہل فاسد کردہ اند، امام را دریں ہیچ گناہ نیست۔ فقط

نماز میں غیر مکمل آیت پڑھنے کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ نماز میں صرف مسلمات قانتات تائبات پڑھنا کس طرح ہے، عسی ان یبدله سے پڑھنا ضروری ہے یا نہیں؟ وضاحت کے ساتھ فرماویں کہ نماز فاسد ہوئی ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: حبیب اللہ خیر آباد ضلع نوشہرہ......۱۹۷۶ء/۲/۲۴

الجواب: صورت مسئولہ میں نماز فاسد نہیں ہے، البتہ مکروہ ہے، لان غایة الامر انه قرء وسط الاية وترک اولها، وقرء الصفة وترک الموصوف ولافساد فيه بدليل مافي ردالمحتار لو قرء آية طويله كآية الكرسي او المداينة البعض في ركعة والبعض في ركعة اختلفوا فيه على قول ابي حنيفة قيل لا يجوز لانه ما قرء آية تامة في كل ركعة وعامتهم على انه يجوز لانه بعض هذه الايات يزيد على ثلاث آيات قصار الخ﴿۱﴾، قلت فلو كانت القراءة من وسط الاية مفسدة لحكموا بالفساد وما قالوا قلت ومن قرء كراماً كاتبين يعلمون ما تفعلون بعد الفاتحة هل تصح صلوته اولا، فافهم، نعم الوقف بين الصفة والموصوف غير مستحسن كما في فتاوىٰ قاضي خان فليراجع ﴿۲﴾. وهو الموفق

﴿۱﴾ (ردالمحتار هامش الدر المختار ص۳۳۸ جلد ۱ مطلب واجبات الصلاة)

﴿۲﴾ قال العلامه فخر الدين المعروف بقاضي خان: وان وصل في غير موضعه او فصل في غير موضعه فقد ذكرنا نحوه ان لم يتغير المعنىٰ تغيرا فاحشا بان وقف على الشرط وابتدأ بالجزاء فقرأ ان الذين آمنوا وعملوا الصالحات ووقف وقفا تاما ثم ابتدأ بأُلئک هم خير البرية او قرأ من عمل صالحا من ذكر او انثى وهو ......(بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

پہلی رکعت میں کسی سورت کا حصہ اور دوسری میں پوری سورت کا پڑھنا افضل نہیں

سوال: پہلی رکعت میں کسی سورت کا ایک رکوع اور دوسری رکعت میں پوری سورت اگر پڑھی جائے تو کیا اس سے نماز ہو جاتی ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد وصی الدین راولپنڈی.....۲۶/۱۱/۱۹۷۵ء

الجواب: یہ امر جائز ہے قابل اعتراض نہیں، البتہ افضل اور بہتر نہیں ہے کما فی ردالمحتار ص ۵۱۰ جلد ۱ وکذا لو قرء فی الاولیٰ من وسط سورة او من سورة اولها ثم قرء فی الثانیة من وسط سورة اخریٰ او من اولها او سورة قصیرة الاصح انه لا یکره لاکن الاولیٰ ان لا یفعل من غیر ضرورة ﴿۱﴾. وهو الموفق

قرأت میں تغیر فاحش واقع نہ ہو تو نماز فاسد نہیں ہوگی

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک شخص نماز میں قرآن غلط طریقے سے پڑھتا ہے اسی طرح کہ "اِنَّا" کی بجائے "انَّ" ارسلنا" کی بجائے" ارسلن" "کیف فعل" کے لام کو لمبا کر کے ،فعلا" پڑھتا ہے سورۃ انشراح میں جتنے "ک" ضمائر خطاب ہیں ان تمام پر آواز دراز کر کے "کا" پڑھتا ہے اسی طرح سورۃ کوثر میں " انَّ" کے نون پر آواز لمبی کر کے

(بقیہ حاشیہ) مؤمن ووقف علیہ ثم ابتدأ بقوله فلنحيينه حياة طيبة او فصل بين الوصف والموصوف بان قرأ انه كان عبداً ووقف ثم ابتدأ بقوله شكورا فمثل هذا لا يحسن ولا تفسد به الصلاة وكذا لو فصل بين قوله الا بذكر الله تطمئن القلوب لا تفسد الصلاة وان كان لا يحسن هذ الوقف لان مواضع الوصل والفصل لا يعرفها الا العلماء.

(فتاویٰ خانیه علی هامش الهندیه ص ۱۵۵ جلد ۱ فصل فی قرأة القرآن)

﴿۱﴾ (ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۴۰۴ جلد ۱ قبیل باب الامامة)

"انـــا" پڑھتا ہے، اس سے نماز فاسد ہوتی ہے یانہیں؟ اگر فاسد ہوتی ہے تو پڑھنے والا اگر امام ہو تو مقتدیوں کیلئے کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد علی حسن خیل.....۱۹۷۵ء/۷/۲۸

الجواب: اس امام پر ضروری ہے کہ مشق کرکے درست خوان بنے، البتہ عدم تغیر فاحش کی وجہ سے نماز فاسد نہ ہوگی ﴿۱﴾۔ وھو الموفق

قرآن میں ترک وقف موجب کفر اور مفسد صلاۃ نہیں

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ، لســـت علیهـم بمصیطر، الا من تولیٰ و کفر، فیعذبه الله العذاب الاکبر، الایة. حاشیہ سجاوندی میں اس آیت پر لکھا ہے کہ کـفـر پر وقف نہ کرنا چاہیئے اگر کسی نے عمداً کیا تو کافر ہو جائے گا اور سہواً کیا، تو نماز فاسد ہو جائے گی، سو محشی کا یہ قول درست اور صائب ہے اور قانون کے عین مطابق ہے وجہ اس کی یہ ہے کہ یہاں الا برائے مستثنیٰ منقطع ہے، اور معنی اس آیت کا یہ ہے کہ آپ ان پر نگران نہیں، ہاں جو شخص منہ پھیر لے اور کفر کرے، تو اللہ تعالیٰ اس کو بڑا عذاب دیگا، تو اس صورت میں کفر پر وقف نہ ہوگا، اور جب کفر پر وقف کیا تو یہ

﴿۱﴾ قال في الهنديه: (ومنها) ذكر حرف مكان حرف، ان ذكر حرفا مكان حرف ولم يغير المعنى بان قرء ان المسلمون ان الظالمون وما اشبه ذلك لم تفسد صلاته وان غير المعنى فان امكن الفصل بين الحرفين من غير مشقة كالطاء مع الصاد فقرأ الطالحات مكان الصالحات تفسد صلاته عند الكل وان كان لا يمكن الفصل بين الحرفين الا بمشقة كالظاء مع الضاد والصاد مع السين والطاء مع التاء اختلف المشائخ قال اكثرهم لا تفسد صلاته هكذا في فتاوىٰ قاضي خان.

(فتاوىٰ عالمگيريه ص ۸۹ جلد ۱ الفصل الخامس في زلة القارى)

صورت مسئولہ میں تغیر فاحش کی وجہ سے نماز فاسد ہے۔ (سیف اللہ حقانی)

معنی ہوں گے کہ اے پیغمبر علیہ السلام آپ ان پر نگران نہیں مگر اس پر نگران ہیں، جس نے پشت پھیر لی اور کفر کیا جو منشأ خداوندی کے خلاف ہے اور مستثنٰی متصل ہوگا، پس اس صورت میں عمداً وقف کرنا کفر اور سہواً مفسد صلوٰۃ ہونا چاہیے۔ بینوا توجروا

المستفتی: سید لعل شاہ بخاری خطیب واہ کینٹ مدنی مسجد.....۴/شعبان ۱۳۹۴ھ

الجواب: چونکہ کسی مسلم واقف کا یہ فاسد معنی مراد نہیں ہوتا ہے، لہٰذا یہ وقف نہ مفسد ہوگا اور نہ مکفر ہوگا ﴿۱﴾۔ **کمافی منحة الفکر ص ۶۲ وحاصل معنی البیت بکماله انه لیس فی القرآن وقف واجب یا ثم القاری بترکه ولا وقف حرام یا ثم بوقفه لانهما لا یدلان علی معنی فیختل بهما الا ان یکون لذلک سبب یستدعی تحریمه وموجب یقتضی تاثیمه**

﴿۱﴾ قال الشیخ محمد امین ابن عابدین: (قوله او بوصل حرف بکلمة نحوا یاکنعبد او بوقف وابتداء لم تفسد وان غیر المعنی به یفتیٰ بزازیة) قال فی البزازیه الصحیح انه لا یفسد وفی المنیة لا یفسد علی قول العامة وعلی قول البعض یفسد وبعضهم فصلوا بانه ان علم ان القرآن کیف هوالا انه جری علی لسانه لا تفسد وان اعتقدان القرآن کذلک تفسد قال فی شرحها والظاهر ان هذا الاختلاف انما هو عند السکت علی ایا ونحوها والافلا ینبغی لعاقل ان یتوهم فیه الفساد ، واما قطع بعض الکلمة عن بعض فافتی الحلوانی بانه مفسد وعامتهم قالوا لا یفسد لعموم البلویٰ فی انقطاع النفس والنسیان وعلی هذا لو فعله قصداً ینبغی ان یفسد وبعضهم قالوا ان کان ذکر الکلمة کلها مفسداً فذکر بعضها کذلک والا فلا قال قاضی خان وهو الصحیح والاولیٰ الاخذ بهذا فی العمد وبقول العامة فی الضرورة وتمامه فی شرح المنیة (قوله او بوقف وابتداء) قال فی البزازیة الابتداء ان کان لا یغیر المعنی تغیراً فاحشا لا یفسد نحو الوقف علی الشرط قبل الجزاء والابتداء بالجزاء وکذا بین الصفة والموصوف وان غیر المعنی نحو شهد الله انه لا اله ثم ابتدأ بالاهو لا یفسد عند عامة المشائخ لان العوام لا یمیزون ولو وقف علی وقالت الیهود ثم ابتدأ بما بعده لا تفسد بالاجماع وفی شرح المنیة والصحیح عدم الفساد فی ذلک کله. (ردالمحتار هامش الدرالمختار ص۴۶۷ جلد ۱ قبیل مطلب اذا قرأ تعالیٰ جد بدون الف لا تفسد)

کان یقصد الوقف علی مامن اله، رانی کفرت ونحوهما کماسبق من غیر ضرورة اذ لا یقصد ذلک مسلم واقف علی معناه واذالم یقصد فلا یحرم علیه الاالوصل ولا وقف فی مبناه، واما غیر واقفین علی معناه ففی الامرسعة علیهم لا کن لاحسن مع عدم القصد ان یجتنب الوقف علی مثل ذلک مطلقا للایهام علی خلاف المرام لا سیما اذا کان مستمعا فی ذلک المقام. وهو الموفق

قرآن میں دیکھ کر پڑھنا مفسد صلاۃ ہے اور دعائے حفظ والی نماز ثابت ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں (۱) کہ کوئی شخص یعنی نمازی قرآن مجید کے اندر دیکھ کر نماز پڑھا سکتا ہے یا نہیں؟ (۲) نماز کی ایک ''کتاب مکمل'' ہے اس میں تحریر ہے کہ ہفتہ کی خاص شب میں یا جمعہ کی شب میں چار رکعت نفل پڑھنا، ایک رکعت میں سورۃ دخان دوسری میں سورۃ یاسین تیسری میں سجدہ چوتھی رکعت میں سورۃ ملک پڑھنا، کیا ان سورتوں کی تخصیص آئی ہے اور یہ حدیث ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: فضل الرحمٰن عرفانی خطیب ملٹری کالج انجنیرنگ رسالپور

الجواب: (۱) قرآن شریف سے نماز میں پڑھنا مفسد صلوٰۃ ہے ﴿۱﴾ (ہدایہ وغیرہ) هو مذهب امام الائمه وهو مکروه عند صاحبیه وجائز عند الشافعی رحمه الله وغیره. (۲) یہ حدیث

﴿۱﴾ واذا قرأ الامام من المصحف فسدت صلاته عند ابی حنیفة رحمه الله وقالا هی تامة لانها عبادة انضافت الی عبادة اخریٰ الا انه یکره لانه تشبه بصنیع اهل الکتاب ولابی حنیفة رحمه الله ان حمل المصحف والنظر فیه وتقلیب الاوراق عمل کثیر ولانه تلقن من المصحف فصار کما اذا تلقن من غیره ... اما فساد الصلاة فبالعمل الکثیر.

(هدایه علی صدر فتح القدیر ص ۳۵۱ جلد ۱ باب مایفسد الصلاة ومایکره فیها)

شریف ترمذی شریف میں مروی ہے﴿۱﴾ (اوران سورتوں کا پڑھنایاد سے ضروری ہے)۔ وھو الموفق

نماز میں ترک ثنا، درود شریف، قاف کی بجائے کاف اور الحمد میں حمد پڑھنے کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہمارا امام مسجد نماز میں ترک سبحانک کرتا ہے قاف کے بجائے کاف اور الحمد کے بجائے حمد بغیر الف لام کے پڑھتا ہے نماز کو بہت جلدی ختم کرتا ہے حتی کہ کبھی کبھی درود شریف بھی نہیں پڑھتا تو ایسی قرأۃ کرنا یعنی غلط پڑھنا مفسد صلاۃ ہے یا نہیں؟ نیز اگر ہماری نماز نہ ہوتی ہو تو ایسے امام کو معزول کرنا لازمی ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبداللطیف امان گڑھ

الجواب: فقہاء کرام نے لکھا ہے کہ سبحانک اللھم نہ پڑھنے سے، الف لام چھوڑنے سے، قاف کی جگہ کاف پڑھنے سے اور درود شریف ترک کرنے سے نماز خلاف سنت اور مکروہ ہو جاتی ہے ﴿۲﴾ پس اس امام صاحب کیلئے ضروری ہے کہ ان شکایات کا ازالہ کرے یا خود مستعفی ہو جائے، باقی ایسے

﴿۱﴾ عن ابن عباس انه قال بینما نحن عند رسول اللهﷺ اذ جاء ہ علی ابن ابی طالب فقال بابی انت و امی تفلت هذا القرآن من صدری فما اجد نی اقدر علیه فقال له رسول اللهﷺ یا ابا الحسن افلا اعلمک کلمات ینفعک الله بهن وینفع بهن من علمته ویثبت ماتعلمت فی صدرک قال اجل یا رسول الله فعلمنی قال اذا کان لیلة الجمعة فان استطعت ان تقوم فی ثلث اللیل الآخر فانها ساعة مشهودة والدعاء فیها مستجاب وقد قال اخی یعقوب لبنیه سوف استغفرلکم ربی یقول حتی تاتی لیلة الجمعة فان لم تستطع فقم فی وسطها فان لم تستطع فقم فی اولها فصل اربع رکعات تقرأ فی الرکعة الاولیٰ بفاتحة الکتاب وسورة یاسین وفی الرکعة الثانیة بفاتحة الکتاب وحم الدخان وفی الرکعة الثالثة بفاتحة الکتاب والم تنزیل السجدة وفی الرکعة الرابعة بفاتحة الکتاب وتبارک الملک المفصل الخ.
(جامع الترمذی ص۱۹۶ جلد۲ ابواب الدعوات باب فی دعاء الحفظ)

﴿۲﴾ قال العلامه ابن عابدین: واما المتأخرون کابن مقاتل وابن سلام واسمعیل الزاهد وابی بکر البلخی والهندوانی وابن الفضل والحلوانی فاتفقوا ..... (بقیه حاشیه اگلے صفحه پر)

مساجد کے ائمہ جن کا باقاعدہ معقول مشاہرات مقرر نہ ہو معزول کرنا عاقبت اندیشی کا کام نہیں ہے، ایسی مساجد کو ماسوائے ایسے ائمہ کے دیگر ائمہ رغبت نہیں کرتے ہیں۔ وھو الموفق

سورۃ العصر میں وعملوا الصالحات چھوڑ کر نماز واجب الاعادہ نہیں

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہمارے امام نے نماز میں سورۃ العصر سے جملہ وعملوا الصالحات چھوڑ کر نماز پڑھ لی اس نماز کا اعادہ واجب ہے یا نہیں؟ کیونکہ مقدار آیات ثلاثہ قصار ضم کرنا واجب ہے اور جملہ مذکورہ کو چھوڑنے کی صورت میں مقدار تین آیت سے کم ہوگئی تو اعادہ کی صورت میں باجماعت اعادہ کرنا ہوگا یا انفراداً؟ بینوا توجروا

المستفتی: حاجی محمد عارف، مولوی عبیداللہ دکی بلوچستان ۲۰/جنوری ۱۹۷۵ء

الجواب: چونکہ اس حذف سے تغیر فاحش لازم نہیں ہوتا ہے نیز یہ باقی انا اعطینٰک الکوثر (سورۃ الکوثر) سے کم نہیں ہے، لہٰذا صورت مسئولہ میں اعادہ نہیں کیا جائے گا، کما فی الدر المختار وکذا لو کانت تعدل ثلثا قصاراً. (ھامش ردالمحتار ص۴۲۷ جلد ۱) وکذا الحروف الباقی تزید علی ثلثین ﴿۱﴾. فقط

(بقیہ حاشیہ) علی ان الخطاء فی الاعراب لا یفسد مطلقا ولو اعتقاده كفرا لان اكثر الناس لا يميزون بين وجوه الاعراب قال قاضی خان وما قاله المتأخرون اوسع وما قاله المتقدمون احوط وان كان الخطأ بابدال حرف بحرف فان امكن الفصل بينهما بلا كلفة كالصاد مع الطاء بان قرأ الطالحات مكان الصالحات فاتفقوا على انه مفسد وان لم يمكن الا بمشقة كالظاء مع الضاد والصاد مع السين فاكثرهم على عدم الفساد لعموم البلوىٰ. (ردالمحتار ص ۴۶۲ جلد ۱ مطلب مسائل زلة القارى)

وقال الحصكفى: وسنتها ترك السنة لا يوجب فساد او لا سهوا بل اساءة لو عامداً ...... والثناء...... والصلاة على النبى فى القعدة الاخيرة. (الدر المختار ص ۳۵۲ جلد ۱ مطلب سنن الصلوة)

﴿۱﴾ (الدر المختار على هامش ردالمحتار ص ۳۳۸ جلد ۱ باب صفة الصلاة مطلب كل صلاة اديت مع كراهة التحريم تجب اعادتها)

سورۃ البقرہ میں من رسلہ کے بعد والقدر خیرہ وشرہ الخ پڑھنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر امام قرأت سورۃ بقرہ میں من رسلہ کے بعد غلطی سے والقدر خیرہ وشرہ من اللہ تعالیٰ والبعث بعد الموت بھی پڑھے تو سجدہ سہو واجب ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: اکرام الحق ای ۲۳۶ راولپنڈی......۲/محرم ۱۳۹۲ھ

الجواب: صریح جزئیہ نہیں ملی قواعد کی بنا پر سجدہ سہو واجب نہیں ہے لعدم الموجبات ولیس ھھنا تاخیر الفرض . فقط

نماز میں صراط بفتح الصاد ، کذبوہ ، کذبوھا اور یغشاھا یغشیٰ پڑھنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ زید نماز میں صراط بفتح الصاد اسی طرح کذبوہ کی جگہ کذبوھا اور یغشاھا کے بجائے یغشی پڑھتا ہے حالانکہ زید اپنے گمان میں صحیح پڑھتا ہے تو اس سے نماز فاسد ہو جاتی ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: پیش امام مسجد قیام الدین بونیر سوات......۳۰/جنوری ۱۹۷۵ء

الجواب: ان تمام صورتوں میں نہ نماز فاسد ہے، لعدم التغیر الفاحش، اور نہ مکروہ ہے، لکونہ من الزلل التی لا یخلو منھا احد من البشر﴿۱﴾. وھو الموفق

﴿۱﴾ قال فی الخانیہ : اما الخطاء فی الاعراب اذا لم یغیر المعنی لا تفسد الصلاۃ عند الکل. (فتاویٰ الخانیہ علی ھامش الھندیہ ص ۱۳۹ جلد ۱ فصل فی قرأۃ القرآن)

وقال العلائی: ومنھا زلۃ القاری فلو فی اعراب او تخفیف مشدد وعکسہ او بزیادۃ حرف فاکثر نحو الصراط الذین او بوصل حرف بکلمۃ نحو ایا کنعبد او بوقف او ابتداء لم تفسد وان غیر المعنیٰ بہ یفتیٰ بزازیۃ.

(الدر المختار ص۴۶۷ جلد ۱ مطلب مسائل زلۃ القاری)

ضاد مشابہ بالظاء، اور مشابہ بالدال دونوں پڑھنا جائز ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ضاد مشابہ بالظاء ہے یا مشابہ بالدال، نماز میں کس طرح پڑھا جائے اور کس سے نماز ہوتی ہے اور کس سے نہیں؟ لوگ اس میں بہت اختلاف رکھتے ہیں۔ بینوا توجروا

المستفتی: رشید احمد ہاشمی خطیب جامع مسجد عمر اوچ شریف

الجواب: حرف "ضاد" کے مخرج یا صفات کے تعین میں کوئی اختلاف نہیں ہے، البتہ ادا کے وقت مختلف اصوات سنے جاتے ہیں ﴿۱﴾ اکثریت کا میلان مشابہ بالظاء کی طرف ہے اور بعض کا میلان مشابہ بالدال کی طرف ہے، وهو المسموع من قراء الحرمين الشريفين وسائر العرب . وهو الموفق

حرف ضاد میں تشدد نہیں کرنا چاہیے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ " ضاد" کو اگر دال مفخم

﴿۱﴾ قال في امداد الفتاوىٰ: ملا علی قاری در شرح مقدمہ جزری گفتہ ليس في الحروف ما يعسر على اللسان مثله والسنة الناس فيه مختلفة فمنهم من يخرجه ظاء ومنهم من يخرجه دالا مهملة او معجمة ومنهم من يخرجه طاء مهملة ومنهم من يشبه دالا ومنهم من يشبه بالظاء المعجمة لكن لما كان تميزه من الظاء مشكلا بالنسبة الى غيره امر الناظم بتميزه لفظاً الخ، وفي ردالمحتار مانصه وفي التاتارخانيه ...... الخطاء اذا دخل في الحروف لا يفسد لان فيه بلوى عامة الناس لا نهم لا يقيمون الحروف الا بمشقة اه وفيها اذا لم يكن بين الحرفين اتحاد المخرج ولا قربة الا ان فيه بلوى العامه كالذال مكان الضاد او الزاى المحض مكان الذال والظا مكان الضاد لا تفسد عن بعض المشائخ اه قلت فينبغي على هذا عدم الفساد في ابدال الثاء سينا والقاف همزة كما هو لغة عوام زماننا فافهم لا يميزون بينهما ويصعب عليهم جداً كالذال مع الزاء ولا سيما على قول القاضي ابي عاصم وقول الصفار .
(امداد الفتاوىٰ ص ۱۸۵ تا ۱۸۷ جلد ۱ فصل في التجويد)

یا"ظا" معجمہ یادال خالص یامشابہ بالدال پڑھاجائے تواس کاحکم ان صورتوں میں کیا ہوگا،کونسا صحیح ہےاور کس سے نماز میں فرق آتا ہے؟ تفصیلاً لکھ کرممنون فرماویں۔ بینوا توجروا

المستفتی :اساتذہ دارالعلوم حنفیہ مظہرالعلوم میران شاہ وزیرستان......۲۱/رمضان ۱۴۰۵ھ

الجواب: "ضاد" کی صفات اور مخرج میں کوئی اختلاف نہیں ہے البتہ صوت میں اختلاف موجود ہے،قال العلی القاری فی المنح الفکریہ ص ۳۸ والسنة الناس فیه مختفلة فمنهم من یخرجه ظاء ومنهم من یخرجه دالاً مهملة او معجمة، ومنهم من یخرجه طاء مهملة کالمصریین: ومنهم من یسمه ذالاً ومنهم من یشیربها بالظاء المعجمة، انتهیٰ، موجودہ وقت میں دال مفخم اور مشابه بالظاءجیسا کثرت سے رائج ہے،جولوگ مشابه بالظاءکوترجیح دیتے ہیں،ہم قراء الهند واکثر اکابرنا الدیوبندیین. وہزلة القاری کے جزیات سے تمسک کرتے ہیں اور کتب تجوید کی اس عبارت پر لولا الا ستطالة لکانت الضاد ظاء پراستدلال کرتے ہیں ورنہ ائمہ فن کی کتب میں یہ عبارت نہیں ہے،کہ ان صوت الضاد کصوت الظاء،اور جولوگ مشابہ بالدال المفخمه کوترجیح دیتے ہیں،وہ اہل لسان (عرب) کی ادا سے تمسک کرتے ہیں، ویؤیدهم ان القرآن متواتر وهو عبارة عن اللفظ الدال علی المعنی فلا جرم ان یکون صوت الضاد متواتراً ایضا کسائر الحروف فعلیک بالتمیزبین ما بقسر القاسر وبین غیره، نیز سیرافی کے کلام سے معلوم ہوتا ہے کہ ظاءاور مشابه بالظاء ضادضعیفہ غیرفصیحہ کی صوت ہے، کمافی الرضی ص ۳۷۸ شرح الشافیه،قوله الضاد الضعیفه قال السیرافی انها فی لغة قوم لغتهم ضاد(وهم العجم کلهم) فاذا احتاجوا الی التکلم بها فی العربیه اعتاصت علیهم فربما اخرجوها ظاء...... وربما تکلفوا اخراجها من مخرج الضاد فلم یتأت لهم فخرجت بین الضاد والظاء فافهم، پس بنا بر حدیث شریف اقرء وافکل حسن رواه

ابــــو داؤد﴿۱﴾. اس حرف میں تشدد نہیں کرنا چاہئے اور نماز دونوں قسم پڑھنے والوں کے پیچھے جائز ہے﴿۲﴾ کمافی الفتاویٰ الرشیدیه وفتاویٰ دارالعلوم دیوبند وامداد الفتاویٰ﴿۳﴾.
ملاحظہ:......ائمہ تجوید فرماتے ہیں لولا الاطباق لصارت الطاء دالا منح ص ۱۵ ، حالانکہ یہ کسی کا مذہب نہیں ہے کہ طاء کی صوت دال کی صوت جیسے ہو فکذا فی الضاد والظاء فافهم. وهو الموفق

حرف ''ضاد'' میں اختلاف علماء اور تطبیق کی تفصیل

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین مسئلہ ضاد کے بارے میں کہ کونسا صحیح اور راجح ہے یعنی مشابه بالظاء یا مشابه بالدال ، نیز اس کا اپنا مخرج مستقلہ کونسا ہے؟ کیا مخرج ہی پر اکتفا کیا جائے گا یا صوت وغیرہ بھی معتبر ہوگی، نیز نماز کی صحت کا دارمدار کس قسم پر ہے بایں ہمہ جماعت ترک کرنے کا اسی وجہ سے کیا حکم ہے اس کو فاسق کہا جا سکتا ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا
المستفتی: شمس العابدین ہزارہ

﴿۱﴾ (مشکواة المصابیح ص ۱۹۱ جلد ۱ کتاب فضائل القرآن الفصل الثالث)
﴿۲﴾ قال ابن عابدین: (قوله الا مایشق) قال فی الخانیه والخلاصة الاصل فیما اذا ذکر حرفا مکان حرف وغیر المعنی ان امکن الفصل بینهما بلا مشقة تفسد والا یمکن الابمشقة کالظاء مع الضاد المعجمتین والصاد مع السین المهملتین والطاء مع التاء قال اکثرهم لا تفسد. (ردالمحتار ص ۴۶۸ جلد ۱ مطلب مسائل زلة القاری)
﴿۳﴾ قال الشیخ رشید احمد الگنگوهی: د۔ظ۔ض: کے حرف جداگانہ اور مخارج جداگانہ نہ ہونے میں تو شک نہیں ہے.....مگر جو لوگ معذور ہیں اور ان سے یہ لفظ اپنے مخرج سے ادا نہیں ہوتا اور حتی الوسع کوشش کرتے رہتے ہیں ان کی نماز بھی درست ہے..... جو شخص دال پر کی آواز میں پڑھتا ہے آپ اس کے پیچھے نماز پڑھ لیا کریں۔فقط (فتاویٰ رشیدیہ ص ۲۷۲ حرف ضاد ادا کرنے کا طریقہ باب القراءة)
قال الشیخ اشرف علی التهانوی: ضاد کی جگہ دال پڑھنا بھی غلط، ظاء پڑھنا بھی غلط، قصداً پڑھنا گناہ ہے مگر بوجہ عموم بلوی کے نماز دونوں کی فاسد نہیں ہوتی، ماہر تجوید سے مشق..... (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

الجواب: ضاد، ظاء اور دال جدا جدا حروف ہیں اور ہر ایک کا مخرج جدا جدا ہے، قال فی الشافیہ وللضاد اول احدی حافتیہ وما یلیھا من الاضراس وللظاء طرف اللسان وطرف الثنایا وللدال طرف اللسان واصول الثنایا العلیا انتھیٰ مختصراً مع تقدیم وتاخیر فی العبارۃ، وھکذا فی کتب التجوید، نیز صفات کے اعتبار سے بھی یہ حروف متمایز ہیں اگرچہ ضاد اور ظاء صرف صفت استطالہ میں متمائز ہیں، اور ضاد اور دال تقریباً سات صفات میں متمائز ہیں (کما لا یخفیٰ علی من راجع الی کتب التجوید) نیز واضح رہے کہ علماء فن سے منقول ہے کہ ضاد باعتبار صفات ظاء کو قریب ہے اور باعتبار مخرج دال کو قریب ہے اور یہ بھی منقول ہے کہ اگر صاد میں اطباق نہ ہو تو دال ہو جائے گا، جیسا کہ اگر ضاد میں استطالہ نہ ہو تو ظاء ہو جائے گا، کما صرح بہ فی المفتاح الرحمانی فی علم القراء ۃ، لو لا الاطباق فیھا لکان الصاد سینا والظاء ذالا والضاد دالا، انتھیٰ، اس سے ثابت ہوا کہ ضاد کو دال کے ساتھ قرب تام ہے کہ فقط اطباق ممیز ہے بلکہ باعتبار مخرج کے ضاد کو دال کے ساتھ زیادہ قرب ہے، صرح بہ فی امداد الفتاویٰ ص ۱۷۷ جلد ۱ وفی شرح الشاطبی ان ھذا الثلث (الضاد، والظاء، والذال) متشابھۃ فی السمع، والضاد لا تفترق من الظاء الا باختلاف المخرج وزیادۃ الاستطالۃ فی الضاد ولو لا ھما لکانت احداھما عین الاخریٰ (مجموعۃ الفتاویٰ ص ۲۶۹ جلد ۱) اس تمہید کے بعد واضح

(بقیہ حاشیہ) کر کے صحیح پڑھنے کی کوشش کریں، اس پر بھی اگر غلط نکل جائے تو معذوری ہے
(امداد الفتاویٰ ص ۱۸۰ جلد ۱).

قال الشیخ عزیز الرحمن الدیوبندی: اگر ضاد کو بصورت دال مفخم پڑھنے سے نماز کے نہ ہونے کا حکم کیا جائے گا تو تمام عرب کے قراء و علماء و ائمہ میں سے کسی کی نماز نہ ہوگی اور نہ کسی مقتدی کی نماز ہوگی، کیونکہ وہ سب دوالین پڑھتے ہیں۔ پس معلوم ہوا کہ یہ حکم لگانا غلط ہے اور اس میں حرج ہے۔
(فتاویٰ دار العلوم دیوبند ص ۹۲ جلد ۴ باب زلۃ القاری)

رہے کہ ضاد اگر چہ ظاء اور دال دونوں کے قریب ہے لیکن اس کے ادا کرنے میں السنۃ الناس مختلف ہیں، قال فی المنح الفکریة ص۳۸ ولیس فی الحروف ما یعسر علی اللسان مثله والسنة الناس فیه مختلفة فمنهم من یخرجه ظاء ومنهم من یخرجه دالا مهملةً او معجمة ومنهم من یخرجه طاء مهملة کاالمصریین ومنهم من یشبهه دالاً ومنهم من یشبهه بها بالظاء المعجمة، فقہاء اور اکثر مجودین مشابہ بالظاء کی طرف مائل ہیں، کما لا یخفیٰ علی من راجع الی باب زلة القاری والیٰ کتب التجوید، اور بعض ائمہ مشابہ بالظاء کو قبیح اور مستهجن بولتے ہیں، قال الرضی فی شرح الشافیه ص۳۷۸ والضاد الضعیفة، قال السیرافی انها فی لغة قوم لیس فی لغتهم ضاد فاذا احتاجوا الی التکلم بها فی العربیه اعتاصت علیه فربما اخرجها ظاء لاخراجهم ایاها من طرف اللسان واطراف الثنایا وربما تکلفوا اخراجها من مخرج الفساد فلم یتات لهم فخرجت بین الضاد واظاء انتهیٰ. وفی کتب اللغة ان هذا الحرف لم یوجد فی غیر العربیة، پس اختلاف کے باوجود اس حرف میں تشدد نہ کرنا چاہئے بلکہ جو شخص اس حرف کے ادا کرنے کے وقت اس کے مخرج اور صفت کو ملحوظ رکھے، تو جو آواز بھی نکل جائے اس کو غلط نہیں کہا جائے گا، اور اس کے پیچھے اقتداء صحیح ہے اور یہی رائے ہے محققین علماء کا، مولانا گنگوہی رحمہ اللہ فرماتے ہیں اصل حرف ضاد ہے اس کو اصل مخرج سے ادا کرنا واجب ہے اگر نہ ہو سکے تو بسبب معذوری دال پر کی صوت سے بھی نماز ہو جائے گی (فتاویٰ رشیدیه ص ۲۷۲) اور فرماتے ہیں جو شخص دال یا ظاء خالص عمداً پڑھے اس کے پیچھے نماز نہ پڑھیں مگر جو شخص دال پُر کی آواز میں پڑھتا ہے آپ اس کے پیچھے نماز پڑھ لیا کریں (ص۲۷۴) وفی فتاویٰ دارالعلوم دیوبند (ص ۷۴ جلد ۱) وآنچہ از قراء وعلماء عرب وعلماء حرمین شریفین مسموع می شود، ضادرا شبه الصوت بالدال المهملة المعجمه می خوانند، تغلیط آن ہمہ علماء وقرائهم سہل نیست، حضرت تھانوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ضاد کی جگہ دال پڑھنا بھی غلط ظاء پڑھنا بھی غلط قصداً پڑھنا گناہ ہے مگر

بوجہ عموم بلویٰ کے نماز دونوں کی فاسد نہیں ہوتی ماہر تجوید سے مشق کر کے صحیح پڑھنے کی کوشش کریں اس پر بھی اگر غلط نکل جائے تو معذوری ہے (امداد الفتاویٰ ص ۱۸۰ جلد ۱) پس ان تصریحات کی بناپر اس میں تشدد زیبا نہیں ہے کیونکہ حقیقت یہ ہے کہ مشاقین کی صوت بھی مختلف ہوتی ہے۔فقط

"ضاد" کے مسئلہ میں توسع سے کام لینا چاہئے

سوال: مایقول العلماء والمفتين في مسئله الضاد! وقع في قومنا اختلاف في جواز الصلوٰة وعدم جواز الصلوٰة بقراءة "ض" المشابه بالظاء مع انه قال الملا على القارى وفي المحيط سئل الامام الفضلي عمن يقرء الظاء المعجمة مكان الضاد المعجمة او يقرء اصحاب الجنه مكان اصحاب النار او على العكس، وان تعمد في الصلوٰة فقد كفر وان قرء سهواً فسدت صلوته (شرح فقه اكبر ص ۲۰۵) طبع كانپور، فالسوال هذا ان قراءة الظاء مكان الضاد جائز ام لا؟ بينوا توجروا

المستفتی: نقیب اللہ قریشی انوار العلوم گوجرانوالہ.....۲۲/نومبر ۱۹۸۴ء

الجواب: اعلم ان كل مصل وقارى يقصد قراءة الحرف الواقع بين الصاد والطاء ولا يقصد احد منهم الظاء والدال، فلا وجه لفساد الصلوٰة عند هذا الامر، نعم كلام السيرافي المذكور في شرح الشافيه صريح في ان اخراج هذا الحرف بصوت الظاء او بالمشابه بصوتها غير فصيح وكذا اداء اهل اللسان يؤيده ايضا، واما كلام قراء الهند فيخالفه فالاصل ان يوسع فيه﴿۱﴾ ويويده ما رواه ابو داؤد مرفوعا كل حسن ﴿۲﴾ حسن قراءة الاعجمى

﴿۱﴾ محتاط ومحققين علماء واكابرين هند مثل مولانا مفتى عزيز الرحمن، واشرف على تهانوى وغيرهما اگرچہ ترجیح ے دہند بہ مشابہ بالظاء لیکن فتویٰ بہ صحت نماز مخالف نیز ے دہند۔(از مرتب)

﴿۲﴾ عن جابر قال خرج علينا رسول الله ﷺ ونحن نقرء القرآن وفينا الاعرابى والعجمى فقال كل حسن رواه ابو داؤد .(مشكوٰة المصابيح ص ۱۹۱ جلد ۱ فضائل القرآن الفصل الثالث)

والعربی مع کون هذا الحرف من خواص لغة العرب وفی المقام کلام طویل . وهو الموفق

مخرج اور صفات کا لحاظ رکھتے ہوئے جو بھی صوت نکل جائے قابل اعتراض نہ ہوگی

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ حرف ضاد کو اپنے صحیح مخرج سے نکال کر اس کی تمام صفات کا خیال رکھا جائے تو اس کی آواز ظاء کی آواز کی طرف زیادہ مائل ہوگی یا دال کی طرف؟ بینوا توجروا

المستفتی: قاری عبدالعزیز قریشی بجوڑی گیٹ پشاور......۸/مئی ۱۹۸۴ء

الجواب: سیرانی کے کلام سے جو کہ رضی شرح شافیہ میں ص ۳۷۸ پر مسطور ہے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس حرف کو ظاء یا مشابہ بالظاء پڑھنا دونوں قبیح اور غیر فصیح ہیں، بہر حال رعایت مخرج اور صفات کے بعد جو صوت بھی سنی جائے قابل اعتراض نہیں ہے، کیونکہ مخرج اور صفات کی رعایت کرنے کے باوجود بعض قراء سے مشابہ بالظاء سنا جاتا ہے اور بعض عرب سے مشابہ بالدال المفخم سنا جاتا ہے ﴿۱﴾ لہٰذا ہم یہ جرأت نہیں کر سکتے ہیں کہ کسی ایک فریق کی نماز کو فاسد اور واجب الاعادہ قرار دیں ﴿۲﴾۔ وهو الموفق

﴿۱﴾ عن جابر قال خرج علینا رسول اللهﷺ ونحن نقرء القرآن وفینا الاعرابی والعجمی فقال کل حسن رواه ابو داؤد .(مشکوٰة المصابیح ص ۱۹۱ جلد ۱ فضائل القرآن الفصل الثالث)

﴿۲﴾ قال العلامه ابن عابدین: وفی الخانیه والخلاصة الاصل فیما اذا ذکر حرفا مکان حرف وغیر المعنی ان امکن الفصل بینهما بلامشقة تفسد والا یمکن الا بمشقة کالظاء مع الضاد المعجمتین والصاد مع السین المهملتین والطاء مع التاء قال اکثرهم لا تفسد...... وان جریٰ علی لسانه او لا یعرف التمیز لا تفسد وهو المختار حلیة وفی البزازیه وهو اعدل الاقاویل وهو المختار، وفی التتارخانیه ......الخطاء اذا دخل فی الحروف لا یفسد لان فیه بلوی عامة الناس لا نهم لا یقیمون الحروف الا بمشقة وفیها اذا لم یکن بین الحرفین اتحاد المخرج ولا قربه الا ان فیه بلوی العامه کالذال مکان الصاد او الزای المحض مکان الذال والظاء مکان الضاد لا تفسد عند بعض المشائخ، قلت فینبغی......(بقیه حاشیه اگلے صفحه پر)

"ضاد" کوادا کرتے وقت پہلے حرف "غ" لگانا یعنی غضاد پڑھنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہمارا پیش امام "ضاد" کی بجائے "غضواد" پڑھتا ہے یا "غضاد" اور صرف غیر المغضوب میں ضاد پڑھتا ہے اس کے پیچھے نماز صحیح ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: جان محمد وانا ٹانگ ڈی آئی خان......۱۷/ ربیع الثانی ۱۴۰۳ھ

الجواب: اس پیش امام پر ضروری ہے کہ اس حرف کو صحیح پڑھے اور اطباق کو سیکھے، سابق افاغنہ اطباق کے وقت یہ صوت پیدا کرتے تھے، طغے (ط) ظغے (ظ) ایسے ائمہ کے پیچھے اقتداء کرنا امر مشتبہ ہے ﴿۱﴾۔ وهو الموفق

" ضاد" کے بارے میں علماء دیوبند کا مسلک وفتویٰ

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ نماز میں لفظ و لا الضالین میں "ضاد" کو کس طرح پڑھنا چاہئے مشابه بالدال یا بالظاء ، نیز علماء دیوبند کا مسلک وفتویٰ اس میں کیا ہے، شرعی حکم سے روشناس فرمائیں۔ بینوا توجروا

المستفتی: سیف الدین دکھیرا ٹک......۱۹۸۳ء/۱۲/۲۴

(بقیه حاشیه) علی هذا عدم الفساد فی ابدال الثاء سینا والقاف همزة کما هو لغة عوام زماننا فانهم لا یمیزون بینهما ویصعب علیهم جداً کالذال مع الزای .

(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۴۶۸ جلد ۱ مطلب اذا قرأ تعالیٰ جد بدون الف لا تفسد)

﴿۱﴾ قال الحصكفي رحمه الله : (و) لا (غير الالثغ به) ای بالا لثغ (علی الاصح) كما فی البحر عن المجتبیٰ وحرر الحلبي وابن الشحنة انه بعد بذل جهده دائما حتی کالامی فلا یوم الامثله ولا تصح صلاته اذا امكنه الاقتداء بمن يحسنه . قال ابن عابدين رحمه الله: اللثغ بالتحريک قال فی المغرب هو الذی يتحول لسانه من السین...... (بقیه حاشیه اگلے صفحه پر)

الجواب: اکابر دیوبند اگرچہ مشابه بالظاء کو ترجیح دیتے ہیں لیکن انہوں نے بھی اپنے فتاویٰ میں مشابہ بالدال پڑھنے کو فاسد نہیں کہا ہے،فليراجع الى امداد الفتاویٰ ﴿۱﴾ وفتاویٰ دار العلوم دیوبند والفتاویٰ الرشیدیه ﴿۲﴾ کیونکہ اگر مشابه بالدال سے نماز کے فساد کا حکم دیا جائے تو تمام عرب اور اہل حرمین شریفین میں کسی کی نماز بھی درست نہ ہوگی،اور یہ بہت بڑی جسارت ہے۔وھو الموفق

(بقیه حاشیه) الی الثاء وقیل من الراء الی الغین او اللام او الیاء زاد فی القاموس او من حرف الی حرف...... الاحوط عدم الصحة.

(الدر المختار مع رد المحتار ص ۴۳۰ جلد ۱ باب الامامة مطلب فی الالثغ)

﴿۱﴾ قال العلامه اشرف علی التهانوی: ضاد کی جگہ دال پڑھنا بھی غلط،ظاء پڑھنا بھی غلط،قصداً غلط پڑھنا گناہ ہے،گو بوجہ عموم بلویٰ کے نماز دونوں کی فاسد نہیں ہوتی کسی ماہر تجوید سے مشق کر کے صحیح پڑھنے کی کوشش کرے اس پر بھی اگر غلط نکل جاوے تو معذوری ہے۔(امداد الفتاویٰ ص ۱۹۲ جلد ۱ فصل فی التجوید)

﴿۲﴾ قال المفتی عزیز الرحمن الدیوبندی: اگر ضاد کو بصوت دال مفخم پڑھنے سے نماز کے نہ ہونے کا حکم کیا جاوے گا تو تمام عرب کے قراء وعلماء وائمہ میں سے کسی کی نماز نہ ہوگی اور نہ کسی مقتدی کی نماز ہوگی،کیونکہ وہ سب دوالین پڑھتے ہیں پس معلوم ہوا کہ یہ حکم لگانا غلط ہے اور اس میں حرج ہے البتہ عمدہ اور بہتر یہی ہے کہ مخرج سے ادا کرنے میں سعی کرے نہ ظاء پڑھے نہ دال،اور حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی قدس سرہ نے تحریر فرمایا ہے (فتاویٰ رشیدیه ص ۲۷۲ باب القراء ة) کہ ضاد کو دال مفخم کی صورت میں پڑھنا دال پڑھنا نہیں ہے جیسا کہ طاء، ت نہیں وقس علیه بلکہ مخرج ناقص ہے ضاد کا جو دال پُر کے مشابہ معلوم ہوتا ہے۔فقط

(فتاویٰ دار العلوم دیوبند ص ۹۲ جلد ۴ باب زلة القاری)

وقال المفتی اعظم هند: ضاد کو ظاء پڑھنا غلط ہے اسی طرح دال پڑھنا بھی غلط ہے ضاد اگر اپنے مخرج سے صحیح طور پر ادا ہو تو اس کی آواز ظاء کے مشابہ ہوتی ہے دال پر جسے کہا جاتا ہے،وہ بھی ضاد کی آواز ہے اور ضاد ادا کرنے کی نیت سے ہی آواز نکالی جاتی ہے لہٰذا دونوں فریق ایک دوسرے پر اعتراض کرنے کا حق نہیں رکھتے۔(کفایت المفتی ص ۱۳۶ جلد ۲ باب ثالث مخارج حروف کتاب التفسیر والتجوید)

نماز مغرب میں لمبی قرأت جائز مگر افضل نہیں ہے

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ نماز مغرب میں لمبی قرأت جائز ہے یا نہیں؟ بینوا وتوجروا

المستفتی: حاجی سید اسماعیل شاہ مرزا اٹک......۱۸/محرم ۱۴۰۴ھ

الجواب: لمبی قرأت جائز ہے مگر افضل نہیں ہے ﴿۱﴾۔وھو الموفق

وقف لازم سے مراد موکد ہے واجب نہیں

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ قرآن مجید میں جہاں پر (م) لکھا ہوا ہوتا ہے اس کا کیا حکم ہے، کیا یہ وقف لازم اور واجب ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: اکرام الحق راولپنڈی......۱۹۷۸ء/۱۰/۹

الجواب: وقف لازم سے مراد موکد ہے واجب نہیں ہے پس ترک کرنے والا آثم (گنہگار) نہیں ہے خصوصاً جب ترجمہ میں مہارت نہ رکھتا ہو، کما فی المنح الفکریہ ص ۶۲ وحاصل معنى البيت بحاله انه ليس في القرآن وقف واجب يأثم به القارى بتركه و لا

﴿۱﴾ قال العلامه حصكفى رحمه الله: ويسن في السفر مطلقا اى حالة قرار او فرار...... الفاتحة وجوبا واى سورة شاء وفي الضرورة بقدر الحال ويسن في الحضر لامام ومنفرد ذكره الحلبى والناس عنه غافلون طوال المفصل ...... في الفجر والظهر ...... واوساطه في العصر والعشاء وباقيه قصاره في المغرب اى فى كل ركعة سورة لما ذكر ذكره الحلبى واختار في البدائع عدم التقدير وانه يختلف بالوقت والقوم والامام ، قال ابن عابدين: وفي البحر عن البدائع والجملة فيه انه ينبغى للامام ان يقرأ مقدار ما يخف على القوم ولا يثقل عليهم بعد ان يكون على التمام وهكذا فى الخلاصة. (الدرالمختار مع ردالمحتار ص ۳۳۹، ۳۴۰ جلد ۱ مطلب السنة تكون سنة عين و كفاية فصل في القراءة)

وقف حرام یاثم بوقفه لانهما لا یدلان علی معنی فیختل بهما الا ان یکون لذلک سبب (الی ان قال) واما غیر الواقفین علی معناه فمعنی الامر سعة علیهم الخ. وهوالموفق

بغیر ہونٹ ہلائے تفکر سے قرأت نماز کرنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک آدمی بالکل صحیح اللسان، ناطق ہے وہ نماز بغیر ہونٹ ہلائے دل میں قرأت کرتا ہے اس کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: مولانا محمد اکرم درہ آدم خیل......۱۹۷۵ء/۱۰/۹

الجواب: یہ شخص تفکر اور قرأت میں فرق نہیں کرسکتا ہے یہ تفکر میں مبتلا ہے اس کی نماز درست نہیں، کمافی شرح التنویر وادنی المخافة اسماع نفسه ویجری ذلک فی کل ما یتعلق بالنطق (هامش ردالمحتار ص ۳۵۹ جلد ۱)﴿۱﴾. وهوالموفق

صراط الذین کی بجائے سراط الذین مفسد نماز نہیں

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر کسی نے صراط الذین کی جگہ سراط الذین یعنی صاد کی بجائے سین پڑھ لیا اس سے نماز فاسد ہوجاتی ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: فضل منان بی خیل ﷺ

﴿۱﴾ قال العلام الحصکفی رحمه الله: (و) ادنی (الجهر اسماع غیره (و) ادنی (المخافتة اسماع نفسه)

قال ابن عابدین رحمه الله: اعلم انهم اختلفوا فی حد وجود القرأة علی ثلاثة اقوال فشرط الهندوانی والفضلی لوجودها خروج صوت یصل الی اذنه وبه قال الشافعی وشرط بشر المریسی واحمد خروج الصوت من الفم وان لم یصل الی اذنه لکن بشرط کونه مسموعا فی الجملة حتی لو ادنی احد صماخه الی فیه یسمع ولم یشترط الکرخی وابوبکر البلخی السماع واکتفیا بتصحیح الحروف. (ردالمحتار ص ۳۹۴ جلد ۱ فصل فی القرأة)

الجواب: صراط کی جگہ سراط یا سرات پڑھنے سے نماز فاسد نہیں ہوتی، کمافی شرح الکبیر ص۴۴۷ وان لم یکن الا بمشقه کا لظاء مع الضاد الصاد مع السین والطاء مع التاء، فقد اختلفوا فاکثرهم علی عدم الفساد لعموم البلویٰ ﴿۱﴾۔ وهو الموفق

امام کولقمہ دینے کیلئے الفاظ

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگرامام آخری قعدہ میں بیٹھنے کی بجائے قیام کرے یا قیام کی بجائے قعدہ میں بیٹھ جائے اس صورت میں مقتدی برائے لقمہ کونسے الفاظ استعمال کریں؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد عبدالرحیم عزیر مولے پورکبیروالاضلع ملتان......۱۹۶۹ء/۳/۱۹

الجواب: عالم کیلئے تسبیح کافی ہے اور ناواقف کو التحیات یا الحمدلله سے خبردار کرنا ناجائز نہیں ہے (لانه کالتسبیح) ﴿۲﴾۔ وهو الموفق

ظہر اور عصر میں فاتحہ خلف الامام

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ نماز ظہر اور عصر میں جبکہ امام خاموش رہتا ہے مقتدی کو فاتحہ پڑھنی چاہئے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: لیفٹیننٹ محمد دین جدہ سعودی عرب......۳۰/شوال ۱۴۰۳ھ

﴿۱﴾ (غنية المستملی المعروف بالکبیری ص ۴۴۴ فصل فی بیان احکام زلة القاری)

﴿۲﴾ قال العلامه ابن الهمام: او یدفع بالتسبیح لما روینا من قبل قوله لما روینا من قبل یعنی قول النبی ﷺ اذا نابت احدکم نائبة وهو فی الصلوٰة فلیسبح.
(فتح القدیر ص ۳۵۶ جلد ۱ قبیل فصل ویکره للمصلی الخ)

الجواب: ہمارے مذہب (حنفی) میں مقتدی کیلئے فاتحہ یا کوئی دوسری سورت پڑھنا جائز نہیں ہے ﴿۱﴾۔وهو الموفق

لا صلاة الا بفاتحة الکتاب کا حکم مقتدی کے حق میں نہیں

سوال: کیا فرماتے ہیں علماءِ دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہم سعودیہ عربیہ میں ملازم ہیں فاتحہ خلف الامام پر ہمیں یہ حدیث پیش کی جاتی ہے ''لا صلاة الا بفاتحة الکتاب'' ہمیں فاتحہ خلف الامام پڑھنا چاہئے یا ممنوع ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: افضل خان پوسٹ بکس نمبر ۲۵۷ سعودیہ عربیہ.....۲۳/صفر ۱۴۰۵ھ

الجواب: فاتحہ خلف الامام ممنوع ہے، قرآن ﴿۲﴾

﴿۱﴾ قال الحصكفي رحمه الله: (والمؤتم لا يقرأ مطلقا) ولا الفاتحة في السرية اتفاقا وما نسب لمحمد ضعيف كما بسطه الكمال (فان قرأ كره تحريما) ..... (بل يستمع) اذا جهر (وينصت) اذا اسر لقول ابي هريره رضي الله عنه كنا نقرأ خلف الامام فنزل واذا قرئ القرآن فاستمعوا له وانصتوا .

(الدرالمختار على هامش ردالمحتار ص ۴۰۲ جلد ۱ فصل في القرأة)

﴿۲﴾ وفي المنهاج :قوله تعالىٰ :واذا قرئ القرآن فاستمعوا له وانصتوا لعلكم ترحمون، وجه الاحتجاج بالاية انها نزلت في شان القرأة خلف الامام فقد اخرج ابن ابي حاتم وابن مردويه والبيهقي في كتاب القرآءة عن عبد الله بن المغفل انه قال انما نزلت هذه الآية في القرأة خلف الامام واخرج سعيد بن المنصور وابن ابي حاتم والبيهقي عن محمد بن كعب القرظي قال كان رسول الله ﷺ اذا قرء في الصلوٰة اجابه من وراءه اذا قال بسم الله الرحمن الرحيم قالوا مثل مايقول حتى تنقضي فاتحة الكتاب والسورة فنزلت، واخرج عبد بن حميد والبيهقي عن ابي العاليه ان النبي ﷺ كان اذا صلى باصحابه فقرء قرء اصحابه فنزلت واخرج البيهقي عن الامام احمد قال اجمع الناس على ان هذه الاية نزلت في الصلوٰة.

(منهاج السنن شرح جامع السنن ص ۱۸۹ جلد ۲ باب في القرأة خلف الامام)

احادیث ﴿۱﴾ اور آثار ﴿۲﴾ سے (ممنوعیت) ثابت ہے اور حدیث لا صلوٰۃ الا بفاتحۃ الکتاب سے ماسوائے مقتدی مراد ہیں ﴿۳﴾۔ وهو الموفق

﴿۱﴾ عن ابی هريرة رضی الله عنه قال قال رسول الله ﷺ انما جعل الامام ليؤتم به فاذا كبر فكبروا واذا قرأ فانصتوا رواه ابوداؤد والنسائی وابن ماجه.
(مشكواة المصابيح ص ۸۱ جلد ۱ باب القرأة فی الصلوٰة الفصل الثانی)

﴿۲﴾ عن انس قال صلی رسول الله ﷺ ثم اقبل بوجهه فقال اتقرؤن والامام يقرأ فسكتوا فسألهم ثلاثا فقالوا انا لنفعل قال فلا تفعلوا قال علی رضی الله عنه من قرأ خلف الامام فليس علی الفطرة، عن عبد الله بن دينار عن عبد الله بن عمر رضی الله قال يكفيك قرأة الامام فهو لاء جماعة من اصحاب رسول الله ﷺ قد اجمعوا علی ترك القرأة خلف الامام.
(شرح معانی الاثار للطحاوی ص ۱۲۸، ۱۲۹ جلد ۱)

﴿۳﴾ وفی منهاج السنن: والجواب عن حديث عبادة المختصر (لاصلاة لمن لم يقرأ بفاتحة الكتاب) انه محمول علی غير المقتدی لئلا يتخالف النصوص ويؤيد هذا لحمل ماروی احمد والبخاری فی جزء القرأة عن ابی هريرة عن النبی ﷺ لا صلوٰة الا بقراءة الفاتحة وما زاد، وماروی ابوداؤد وابويعلی وابن حبان باسناد صحيح عن ابی سعيد قال امرنا ان نقرء بفاتحة الكتاب وما تيسر، وما روی مسلم عبادة قال قال رسول الله ﷺ لا صلاة لمن لم يقرء بفاتحة الكتاب فصاعداً ای ان الحكم لم ينته بالمذكور قبله بل يرتقی ويزيد ويصعد الی ان ينضم ما بعده الی ماقبله، وهو منصوب علی الحال حذف عامله تخفيفا لكثرة استعماله ای فيزداد المقدار علی الفاتحة صاعداً..... وكذا يؤيد هذالحمل ما اخرجه ابوداؤد ثم اقرء بام القرآن وبما شاء الله ان تقرء وماروی احمد ثم اقرء بام القرآن ثم اقرء بما شئت وما اخرج الطحاوی لا صلوٰة الا بفاتحة الكتاب فما فوق ذلك، وما اخرجه ابن عدی لا تجزئ صلوٰة لا يقرء فيها بفاتحة الكتاب وآيتين فصاعداً وفی رواية وثلاث ايات فصاعداً، وماروی الترمذی فی باب تحريم الصلوٰة وتحليلها لا صلوٰة لمن لم يقرء بالحمد وسورة ووجه التائيد ان السورة خلف الامام لاتقرء عند من يعتد بقولهم.
(منها السنن شرح جامع السنن ص ۱۹۴ جلد ۲ باب فی القرأة خلف الامام)

مقتدی کیلئے فاتحہ خلف الامام پڑھنا حدیث صحیح سے مخالفت ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ فاتحہ خلف الامام بعض لوگ لازمی قرار دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اس کے بغیر نماز نہیں ہوگی، جبکہ ہم تو خلف الامام فاتحہ نہیں پڑھتے، تو ہماری نماز ہوتی ہے یا نہیں؟ دیگر فاتحہ پڑھنے والوں کو کیا جواب دیں۔ بینوا توجروا

المستفتی: محمد اقبال خان کیری مراخان ضلع ہزارہ......۱۹۶۹ء/۷/۲

الجواب: مقتدی کیلئے فاتحہ پڑھنا حدیث صحیح سے مخالفت ہے ﴿۱﴾ حدیث یہ ہے کہ، من کان له امام فقراء ة الامام له قرأة ﴿۲﴾ اور قرآن سے بھی مخالفت کرتا ہے چونکہ فاتحہ بھی قرآن ہے اور

﴿۱﴾ قال الحصكفی رحمه الله: (والمؤتم لا یقرأ مطلقا) ولا الفاتحة فی السریة اتفاقا وما نسب لمحمد ضعیف كما بسطه الكمال (فان قرأ كره تحریما) ...... (بل یستمع) اذا جهر (وینصت) اذا اسر لقول ابی هریره رضی الله عنه كنا نقرأ خلف الامام فنزل واذا قرئ القرآن فاستمعوا له وانصتوا . (الدرالمختار علی هامش ردالمحتار ص ۴۰۲ جلد ۱ فصل فی القرأة)

﴿۲﴾ وفی منهاج السنن : ولنا فی السریة بل فی مطلق الصلوٰة قولهﷺ من كان له امام فقراءة الامام له قرأة، وهو حدیث صحیح له طرق كثیرة وشواهد رواه ابو حنیفة وغیره مسنداً مرفوعا من حدیث جابربن عبد الله كما هو فی كتاب الآثار لابی یوسف وكتاب الاثار لمحمد بن الحسن والموطأ له والطحاوی واحمد بن منیع، قالوا جمیع مافی الباب رواه من الصحابة ثمانیة واقواها حدیث جابر واقویٰ سنده عندهم طریق احمد بن منیع فی مسنده وقال الشیخ الانور اجل اسانیده واحسنها اسناد الطحاوی من طریق ابن وهب عن اللیث بن سعد عن ابی یوسف عن ابی حنیفة الخ، وهذا الحدیث بعمومه یشمل الصلوٰة السریة والجهریة والفاتحة والسورة بعدها، واخرج محمد فی موطأه عن اسرائیل قال حدثنی موسیٰ بن ابی عائشه عن عبد الله بن شداد قال ام رسول اللهﷺ فی العصر فقرء رجل خلفه فغمزه الذی یلیه فلما ان صلی قال لم غمزتنی قال كان رسول اللهﷺ قدامک فكرهت ان تقرء خلفه فسمعه النبیﷺ فقال من كان له امام فان قرأته له قرآء ة ، وهذه الروایة صریحة فی ان القصة كانت فی السریة وان قوله علیه السلام...... (بقیه حاشیه اگلے صفحه پر)

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں، واذا قرئ القرآن فاستمعوا له وانصتوا الاية﴿۱﴾ اورابھی تک اہل حدیث وغیرہ نے یہ ثابت نہیں کیا ہے کہ پیغمبر علیہ السلام نے آخری وقت تک فاتحہ پڑھنے کی اجازت دی ہے اور ہم نے بحمدہ تعالیٰ یہ ثابت کیا ہے کہ پیغمبر علیہ السلام نے بالعاقبت قرأۃ خلف الامام سے منع کیا ہے۔وھو الموفق

فرض نماز کی تیسری، چوتھی رکعت میں قرأۃ نہ کرنا ثابت ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ فرض نمازوں میں بعد والی دو رکعات میں قل هو الله احد نہ پڑھنے کا کیا حکم ہے؟بينوا توجروا

المستفتی :عبدالرشید جہلم

الجواب: ایسا ہی آپ ﷺ سے ثابت ہے﴿۲﴾۔ وھو الموفق

(بقيه حاشيه) من كان له امام خرج في تائيد مانع القرآة فيكون القرأة خلف الامام ممنوعة فى السرية وفى الجهرية بالطريق الاولىٰ.

(منهاج السنن شرح جامع السنن ص ۱۹۱ جلد۲ باب فى القرأة خلف الامام)

وقال النيموى: لقوله عليه السلام من كان له امام فقرأة الامام له قرأة رواه الطحاوى والامام محمد فى موطاه واسناده صحيح.

(آثار السنن ص۸۷ جلد۱ باب فى ترك القرأة خلف الامام)

وقال عليه السلام واذا قرأ فانصتوا الحديث رواه مسلم.

(مشكواة المصابيح ص۷۹،۸۱ جلد۱ باب القرأة فى الصلوٰة)

﴿۱﴾ (سورة الاعراف پارہ: ۹ رکوع: ۱۴ آیت: ۲۰۴)

﴿۲﴾قال الحصكفي: (واكتفى) المفترض (فيما بعدالاوليين وليتين بالفاتحة) فانها سنة على الظاهر ولو زاد لابأس به (وهو مخير بين قرأة) الفاتحة وصحح العينى وجوبها .

قال ابن عابدين رحمه الله: (قوله ولو زاد لا بأس) اى لو ضم اليها سورة لا بأس به لان القرأة فى الاخريين مشروعة من غير تقدير والاقتصار على الفاتحة مسنون لا واجب فكان الضم خلاف الاولىٰ وذلك لا ينافى المشروعية والا باحة بمعنى عدم الاثم فى الفعل والترك كما قدمناه.

(الدرالمختار مع ردالمحتار ص۳۸۷ جلد ۱ باب صفة الصلاة)

سورۃ فاتحہ سے پہلے بسم اللہ پڑھنے کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ فاتحہ سے قبل بسم اللہ کا پڑھنا سنت ہے یا مستحب ہے یا واجب؟ شامی ص۴۵۱ جلد۱ مصری نسخہ میں دونوں اقوال نقل ہیں، زیلعی ص۱۹۴ جلد۱، برجندی ص۱۰۴، بحرالرائق ص۳۵۲ جلد۱، کبیری ص۳۵۱ جلد۱، ان کتب میں وجوب، صحیح اور احوط لکھا ہے ہندیہ میں سنت مؤکدہ لکھا ہے ان میں مفتیٰ بہ قول کونسا مانا جائے گا؟ بینوا توجروا

المستفتی: شمس الرحمٰن فاضل حقانیہ......۲۸/محرم ۱۴۰۱ھ

الجواب: یہ مسئلہ مختلف فیہ ہے سعایہ میں اس مسئلہ کا بسط موجود ہے بہرحال محققین وجوب کے قائل ہیں اور جمہور سنت ہونے کو ترجیح دیتے ہیں ﴿۱﴾ پس احوط یہ ہے کہ ماسوائے مقتدی کے دیگر نمازی ہر رکعت کی ابتداء میں بسم اللہ پڑھا کریں۔ وھو الموفق

﴿۱﴾ قال الحصکفی رحمه الله : (سمی) غیر المؤتم بلفظ البسملة لا مطلق الذکر کما فی ذبیحة وضوء (سرافی) (لاول کل رکعة) ولو جهریة (لا) تسن (بین الفاتحة والسورة مطلقاً) ولو سریة ولا تکره اتفاقاً وما صححه الزاهدی من وجوبها ضعفه فی البحر. قال ابن عابدین رحمه الله: وکذا صرح فی الذخیرة والمجتبیٰ بانه ان سمی بین الفاتحة والسورة المقروءة سراً او جهراً کان حسنا عند ابی حنیفة ورجحه المحقق ابن الهمام وتلمیذه الحلبی لشبهة الاختلاف فی کونها آیة من کل سورة بحر.

(الدرالمختار مع ردالمحتار ص ۳۶۲ جلد ۱ باب صفة الصلاة)

وفی منهاج السنن: (ف) التسمیة فی ابتداء کل رکعة سنه عند ابی حنیفة وفی روایة واجبة یلزم السهو بترکها وفی روایة الحسن یسمی فی الرکعة الاولیٰ لا غیر، وروی عن محمد استحباب التسمیة بین السورة والفاتحة، وعند ابی حنیفة وابی یوسف تجوز بلا کراهة ولاتسن، وصرح فی الذخیرة والمجتبیٰ بانه ان سمی بین الفاتحة والسورة کان حسنا ابی حنیفة سواء کانت تلک السورة مقروءة سراً وجهراً ورجح ابن الهمام وتلمیذه الحلبی هذا القول.

(منهاج السنن شرح جامع السنن ص ۱۲۰ جلد۲ باب فی ترک الجهر ببسم الله الرحمن الرحیم)

بعض آیات قرآن کے بعد مستحب کلمات نماز میں پڑھنے کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلے کے بارے میں کہ بعض حفاظ جب تراویح پڑھاتے ہیں تو وہاں بعض جگہوں میں مستحب زیادتی بھی جہراً پڑھتے ہیں جیسے سورۃ ملک کے آخر میں **الله یاتینا به وهو رب العالمین** ، اور **فبای حدیث بعده یؤمنون** کے بعد **آمنا بالله**، اور **ان الله وملائکته الخ** ، کے بعد درود شریف اور بعض حفاظ **سوره والضحیٰ** سے **والناس** تک ہر سورت کے آخر میں **الله اکبر الله اکبر لا اله الا الله والله اکبر الله اکبر ولله الحمد** تین مرتبہ دہراتے ہیں ان الفاظ سے نماز فاسد ہوتی یا نہیں؟ **بینوا توجروا**

المستفتی: حافظ محمد زمین ہنوی کمرہ نمبر ۸۷ حقانیہ ۔۔۔ یکم مارچ ۱۹۷۵ء

الجواب: ان کلمات کی زیادت دوران نماز مکروہ ہے البتہ نہ زیادت کلام الناس نہ ہونے کی وجہ سے مفسد نماز نہیں ہے (**کمافی المرقاة ص۳۰۵ جلد۲**) **وعند ابی حنیفة لایجوز الا فی غیرها ای غیر الصلوٰۃ﴿۱﴾ قلت وبعض الروایات تدل علی جوازها فی النوافل فی غیر الجماعة ﴿۲﴾. وهو الموفق**

﴿۱﴾(مرقاة المفاتیح ص۵۸۵ جلد۲ باب القراءة فی الصلاة الفصل الثانی)

﴿۲﴾ قال العلامه حصکفی : ولیس بینهما ذکر مسنون وکذا لیس بعد رفعه من الرکوع دعاء وکذا لا یاتی فی رکوعه وسجوده بغیر التسبیح علی المذهب وماورد محمول علی النفل. قال ابن عابدین: محمول علی النفل ای تهجد او غیره خزائن وکتب فی هامشه فیه رد علی الزیلعی حیث خصه بالتهجد. ثم الحمل المذکور صرح به المشائخ فی الوارد فی الرکوع والسجود وصرح به فی الحلیة فی الوارد فی القومة والجلسة وقال علی انه ان ثبت فی المکتوبة فلیکن فی حالة الانفراد اوالجماعة والمأمون محصورون لا یتثقلون بذلک کما نص علیه الشافعیة ولا ضرر فی التزامه وان لم یصرح به مشائخنا فان القواعد الشرعیة لا تنبوعنه کیف والصلاة والتسبیح والتکبیر والقرأة کما ثبت بالسنة. (الدرالمختار مع هامش ردالمحتار ص۳۷۳ جلد۱ قبیل مطلب فی عقد الاصابع عند التشهد)

الرحمن اور الرحیم میں راء کے ساتھ واؤ کا آواز نکالنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ بعض حضرات راء پڑھتے وقت واؤ کا آواز بھی ساتھ نکالتے ہیں مثلاً اعوذ بالله من الشیطان الروجیم ، بسم الله الروحمن الروحیم، الروحمن الروحیم یعنی راء کو ساکن اور راء کے بعد واؤ کی آواز نکالتے ہیں کیا اس سے نماز ہوتی ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: حسین احمد گڑھی کپورہ......۲۹/ جون ۱۹۷۵ء

الجواب: ہر مسلمان پر ضروری ہے کہ مشق کر کے صحیح ادا کیا کرے، البتہ جس غلطی میں عموم بلویٰ ہو تو اس میں فساد نماز کا فتویٰ نہیں دیا جائے گا ﴿۱﴾۔ وهو الموفق

الحمد کو الف لام کے حذف کے ساتھ حمد لله پڑھنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ الحمد للهکو حمد لله (یعنی بحذف الالف واللام) پڑھنے سے نماز فاسد ہوتی ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالشکور بنوں......۱۹۸۴ء/ ۱۵/۸

﴿۱﴾ قال العلامة ابن عابدين رحمه الله: واما المتأخرون كابن مقاتل وابن سلام واسمعيل الزاهد وابى بكر البلخي والهندواني وابن الفضل والحلواني فاتفقوا على ان الخطاء في الاعراب لا يفسد مطلقا ولو اعتقاده كفرا لان اكثر الناس لا يميزون بين وجوه الاعراب قال قاضي خان وما قاله المتأخرون اوسع وماقاله المتقدمون احوط وان كان الخطاء بابدال حرف بحرف فان امكن الفصل بينهما بلا كلفة كالصاد مع الطاء بان قرأ الطالحات مكان الصالحات فاتفقوا على انه مفسد وان لم يكن الا بمشقة كالظاء مع الضاد والصاد مع السين فاكثرهم على عدم الفساد لعموم البلوىٰ.

(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۴۶۶ جلد ۱ مطلب مسائل زلة القارى)

الجواب: الف لام کے حذف سے معنی غلط فاحش نہیں ہوتا ہے، لہذا یہ مفسد نماز نہیں ہے، کمافی الشامیہ ص ۱۵۹ جلد ۱ وان ترک کلمة من اية فان لم يتغير المعنى...... لا تفسد ﴿۱﴾. وهو الموفق

﴿۱﴾ (ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۴۶۸ جلد ۱ مطلب اذا قرأ تعالیٰ جد بدون الف لا تفسد باب مايفسد الصلاة ومايكره فيها)

باب المدرک والمسبوق واللاحق

مقتدی سے رکوع یا سجدہ امام کے ساتھ نہ ہو سکا تو وہ کیا کرے گا؟

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک شخص شروع سے امام کے ساتھ شریک ہے درمیان میں رکوع یا سجدہ امام کے ساتھ نہ ملا پھر اس وقت رکوع یا سجدہ علیحدہ ادا کر لیا نماز درست ہوئی یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: حافظ تعویذ گل زریاب بنالہ ۲۸/ ربیع الاول ۱۴۰۲ھ

الجواب: یہ شخص لاحق ہے یہ فوت شدہ رکوع وغیرہ لوٹا دے گا اور امام کے ساتھ شریک ہوگا (کبیری) ﴿۱﴾ وهو الموفق

امام آخری قعدہ کے بعد قیام کرے تو مسبوق کیا کرے؟

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ جب امام سہواً آخری قعدہ سے کھڑا ہو کر قیام کرے تو مسبوق تابعداری کرے یا نہیں؟ نیز مسبوق کی نماز سہواً اور قصداً دونوں صورتوں میں کیا حکم رکھتا ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالحمید لدھاڑی آئی خان

الجواب: واضح رہے کہ صورت مسئولہ میں فساد کی علت ''موضع انفراد میں اقتدا'' ہے،

﴿۱﴾ قال العلامة حلبی رحمه الله: وامام اللاحق فقد يكون سبب مافاته النوم اوسبق الحدث والاشتغال بالوضوء او زحمة بحيث لم يجد مكانا وحكمه ان يقضي ما فاته او لاثم يتابع الامام. (غنية المستملي المعروف بالكبيري ص ۴۳۹ فصل في سجود السهو)

کمافی البحر ص۶ ۹ جلد ۱ ﴿۱﴾ وردالمحتار ص ۶۰ ۵ جلد ۱ ﴿۲﴾ اور یہ علت عمداً اور سہواً دونوں صورتوں میں متحقق ہے اور یہ بھی واضح رہے کہ فساد کی صورت میں سلام پھیرنا ایک لغو حرکت ہے۔ وهوالموفق

امام قعدہ اولیٰ سے قیام کو جائے اور مقتدی نے تشہد پورا نہ کیا ہو تو کیا کرے؟

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ مقتدی نے قعدہ اولیٰ کو

﴿۱﴾ قال ابن نجيم رحمه الله: وهو سهو لان كلامهم فيما اذا قام الى قضاء ماسبق به وهو في هذه الحالة لا يصح الاقتداء به اصلا فلا استثناء. ولو ظن الامام ان عليه سهو فسجد للسهو فتابعه المسبوق فيه ثم علم انه ليس عليه سهو ففيه روايتان والاشهر ان صلاة المسبوق تفسد لانه اقتدى في موضع الانفراد قال الفقيه ابو الليث في زماننا لا تفسد لانه الجهل في القراء غالب كذا في الظهيريه ولو لم يعلم لم تفسد في قولهم كذا في الخانية ولو قام الامام الى الخامسة في صلاة الظهر فتابعه المسبوق ان قعد الامام على رأس الرابعة تفسد صلاة المسبوق وان لم يقعد لم تفسد حتى يقيد الخامسة بالسجدة فاذا قيدها بالسجدة فسدت صلاة الكل لان الامام اذا قعد على الرابعة تمت صلاته في حق المسبوق فلا يجوز للمسبوق متابعته ولو نسي احد المسبوقين المتساويين كمية ما عليه فقضى ملاحظا للآخر بلا اقتداء به صح. (البحر الرائق ص۸-۳ جلد ۱ باب الحدث في صلاة)

﴿۲﴾ قال العلامة ابن عابدين رحمه الله. (قوله تفسد) اي صلاة المسبوق لانه اقتداء في موضع الانفراد ولان اقتداء المسبوق بغيره مفسد كما مر (قوله والا) اي وان لم يقعد وتابعه المبسوق لا تفسد صلاته لان ما قام اليه الامام على شرف الرفض ولعدم تمام الصلاة فان قيدها بسجدة انقلبت صلاته نفلاً فان ضم اليها سادسة ينبغي للمسبوق ان يتابعه ثم يقضي ما سبق به وتكون له نافلة كالامام ولا قضاء عليه لو افسده لانه لم يشرع فيه قصداً رحمتي (قوله فالاشبه الفساد) وفي الفيض وقيل لا تفسد وبه يفتي وفي البحر عن الظهيرية قال الفقيه ابو الليث في زماننا لا تفسد لان الجهل في القراء غالب

(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۳۶۳ جلد ۱ قبيل باب الاستخلاف)

تشہد تک پورا نہ کیا ہو کہ امام قیام کیلئے کھڑا ہوا، اب مقتدی جس پر امام کی اقتدا واجب ہے کھڑا ہو جائے یا تشہد پورا کرے جبکہ بقدر تشہد بیٹھنا واجب ہے، اب مقتدی کیا کرے؟ بینوا توجروا

المستفتی: حاجی گل محمد سکندرآباد کالونی حیدرآباد......۱۹۷۲ء/۵/۸

الجواب: اس شخص کیلئے ضروری ہے کہ تشہد پورا کرنے کے بعد قیام کرے، فی الھندیه ص ۹۴ جلد ۱ الامام اذا تشهد وقام من القعدة الاولیٰ الی الثالثه فنسی بعض من خلفه التشهد حتی قاموا جمیعاً فعلی من لم یتشهد ان یعود ویتشهد ثم یتبع امامه وان خاف ان تفوته الرکعة ، انتهی﴿۱﴾ فافهم وتدبر وصرح به فی ردالمحتار ص ۴۳۹ جلد ۱)﴿۲﴾. وهو الموفق

نماز فجر شروع ہوئی تو مقتدی سنت فجر پڑھ کر شریک ہو جائے یا سنت ترک کرے؟

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ امام نے نماز فجر شروع کی ہے مقتدی کس وقت امام کے ساتھ شریک ہو جائے جبکہ اس نے سنت فجر ادا نہیں کی ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: مولوی فضل مولیٰ گل ڈھیری مردان

الجواب: فقہاء کرام نے لکھا ہے کہ اگر آخری رکعت (یا قبل السلام علی قول ابن الھمام) کے ادراک کی امید ہو تو سنت پڑھ کر امام کے ساتھ شریک ہوگا ورنہ سنت ترک کرے گا﴿۳﴾۔ وهو الموفق

﴿۱﴾(فتاویٰ عالمگیریه ص ۹۰ جلد ۱ الفصل السادس فیما یتابع الامام وفیما لا یتابعه)

﴿۲﴾ قال العلامة ابن عابدین رحمه الله: والحاصل ان متابعة الامام فی الفرائض والواجبات من غیر تأخیر واجبة فان عارضها واجب لا ینبغی ان یفوته بل یأتی به ثم یتابع کما لو قام الامام قبل ان یتم المقتدی التشهد فانه یتمه ثم یقوم.

(ردالمحتار هامش الدر المختار ص ۳۴۷ جلد ۱ مطلب مهم فی تحقیق متابعة الامام)

﴿۳﴾ قال العلامه المرغینانی: ومن انتهیٰ الی الامام فی صلاة...... (بقیه حاشیه اگلے صفحه پر)

رباعی نماز میں ایک رکعت پاکر بقیہ نماز پوری کرنے کا طریقہ

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک نمازی چار رکعت والی نماز میں امام کے ساتھ آخری رکعت پالے اور تین رکعتیں اس سے ہو چکی ہیں بقیہ نماز کو عندالاحناف کس طریقہ سے ادا کرے گا؟ بینوا توجروا

المستفتی: فضل حق صاحب ۱۹۷۲ء/۲/۸

الجواب: یہ مسبوق کھڑے ہونے کے بعد دو رکعت میں ضم سورۃ کرے گا اور تیسری رکعت میں صرف فاتحہ پڑھے گا، اور مفتی بہ قول کی بنا پر اول رکعت کے بعد تشہد پڑھے گا، فی الدر المختار ویقضی اول صلوته فی حق قراء ۃ وآخرها فی حق تشهد فمدرک رکعة من غیر فجر یاتی برکعتین بفاتحة وسورة وتشهد بینهما وبرابعة الرباعی بفاتحة (هامش ردالمحتار ص ۵۵۸ جلد ۱) ﴿۱﴾. فقط

مسبوق کیلئے مغرب کی بقیہ دو رکعت پوری کرنے کا طریقہ

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ مقتدی نماز مغرب میں امام کے

(بقیہ حاشیہ) الفجر وهو لم یصل رکعتی الفجر ان خشی ان تفوته رکعة ویدرک الاخری یصلی رکعتی الفجر عند باب المسجد ثم یدخل لانه امکنه الجمع بین الفضیلتین وان خشی فوتهما دخل مع الامام لان ثواب الجماعة اعظم والوعید بالترک الزم بخلاف سنة الظهر. وقال العلامه ابن الهمام: ولو کان یرجرا ادراکه فی التشهد قیل هو کادراک الرکعة وقال الخوارزمی فی الکفایة وحکی عن الفقیه ابی جعفر انه قال علی قول ابی حنیفة وابی یوسف یصلی رکعتی الفجر لان ادراک التشهد عندهما کادراک الرکعة.

(هدایه مع فتح القدیر ص ۴۱۴ جلد ۱ باب ادراک الفریضة)

﴿۱﴾ (الدرمختار ص ۴۴۱ جلد ۱ قبیل باب الاستخلاف)

ساتھ تیسری رکعت میں شریک ہوا اب یہ مقتدی باقی دو رکعت میں فاتحہ اور سورت بھی پڑھے گا یا صرف ایک رکعت میں پڑھے گا اور دوسرے میں نہیں، نیز ان دو رکعت کے درمیان قعدہ بھی کرے گا یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: شیر بہادر قدیم کلے پشاور ۔۔۔ ۱۹۸۶ء/۱/۶

الجواب: یہ مقتدی سلام کے بعد اٹھ کر فاتحہ اور سورت پڑھ کر رکوع وسجدہ کرے اور التحیات پڑھے اور اس کے بعد دوسری رکعت میں فاتحہ اور سورۃ پڑھے اور رکوع وسجدہ کے بعد بیٹھ کر التحیات پڑھے، اور تیسری رکعت اس نے امام کے ساتھ ادا کی ہے﴿۱﴾۔ وھو الموفق

مسبوق کا سہواً سلام پھیر کر کسی کی یاد دہانی سے بقیہ نماز کیلئے اٹھنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ مسبوق اگر سہواً سلام پھیر دے اور دوسرا مقتدی اسے مسبوقیت کی یاد دہانی کرائے اور مسبوق اس پر عمل کر کے بقیہ نماز کیلئے اٹھے ایسا کرنا کیسا ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم ۔۔۔۔۱۹۸۴ء/۴/۳

الجواب: احتیاط یہ ہے کہ لقمہ کے وقت تحری کر کے اس پر عمل کرے﴿۲﴾۔ وھو الموفق

لاحق کیلئے قرأت ممنوع لیکن موجب سجدہ سہو نہیں

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ لاحق کیلئے بقیہ نماز میں قرأت کرنا کیسا ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: مولوی حبیب اللہ گاؤں ملک شاہنواز کوہاٹ ۔۔۔۔۔۱۹۸۴ء/۵/۲۴

﴿۱﴾ قال العلامة الحلبي: لو ادرک مع الامام رکعة من المغرب فانه یقرأ في الرکعتین الفاتحة والسورة ویقعد في اولیهما لانها ثنائیة ولو لم یقعد جاز استحسانا لاقیاسا ولم یلزمه سجود السهو۔ (غنیة المستملي شرح منیة المصلي ص ۴۶۹ فصل في سجود السهو)

﴿۲﴾ قال العلامة الحصکفي رحمه الله حتی لو امتثل (بقیه حاشیه اگلے صفحه پر)

الجواب: لاحق کیلئے قرأت ممنوع ہے لیکن موجب سجدہ سہو نہیں (شامی) ﴿۱﴾۔ وهو الموفق

ایک مقتدی کی صورت میں دوسرا مقتدی آ کر امام آگے جائے گا یا مقتدی پیچھے آئے گا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ امام اور ایک مقتدی قریب قریب کھڑے ہوں اس دوران دوسرے مقتدی آ کر کھڑے ہو جائیں تو امام آگے جائے گا یا وہ مقتدی پیچھے آئے گا؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالحمید ...۲۳/۴/۱۹۷۴ء

الجواب: واضح رہے کہ بہتر یہ ہے کہ مقتدی پیچھے ہو جائے، قال العلامة الشامی وهو اولیٰ من تقدمه لانه متبوع (ردالمحتار ص ۵۳۱ جلد ۱) ﴿۲﴾ اور بظاہر قدم اٹھا کر پیچھے ہونا چاہئے، لخلوه عن التکلف ولم اجده صریحا. وهو الموفق

ہاتھ باندھے بغیر تکبیر تحریمہ کہہ کر امام کے ساتھ رکوع میں چلے جانا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک شخص نے آ کر امام کو رکوع

(بقیہ حاشیہ) امر غیره فقیل له تقدم فتقدم فسدت بل یمکث ساعة ثم یتقدم برائه (الدر المختار علی هامش ردالمحتار ص ۴۵۹ جلد ۱ باب مایفسد الصلاة ومایکره فیها)

﴿۱﴾ قال ابن عابدین رحمه الله: وبیانه کما فی شرح المنیة وشرح المجمع انه لو سبق برکعة من ذوات الاربع ونام فی رکعتین یصلی اولا ما نام فیه ثم ما ادرکه مع الامام ثم ماسبق به فیصلی رکعة مما نام فیه مع الامام ویقعد متابعة له لانها ثانیة امامه ثم یصلی الاخری مما نام فیه ویقعد لانها ثانیته ثم یصلی التی انتبه فیها ویقعد متابعة لامامه لانها رابعة وکل ذلک بغیر قراءة لانه مقتد ثم یصلی الرکعة التی سبق بها بقراءة الفاتحة وسورة والاصل ان اللاحق یصلی علی ترتیب صلاة الامام.

(ردالمحتار هامش الدر المختار ص ۴۳۰ جلد ۱ قبیل باب الاستخلاف)

﴿۲﴾ (ردالمحتار هامش الدر المختار ص ۴۲۰ جلد ۱ باب الامامة)

میں پالیا اور حالت قیام میں تکبیر تحریمہ کہہ کر ہاتھ باندھے بغیر رکوع میں امام کے ساتھ شامل ہوا اب ایک شخص کہتا ہے کہ اس کی نماز نہیں ہوئی، لہٰذا اعادہ واجب ہے، کیونکہ تکبیر تحریمہ کے بعد ہاتھ باندھ کر آدھا منٹ کھڑا رہنا ضروری ہے اور کہتا ہے کہ یہ مسئلہ بہشتی زیور میں ہے صحیح مسئلہ کیا ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: نیاز مند حبیب اللہ.....۳۰/۳/۷۴ء

الجواب: بحالت قیام تحریمہ باندھنے کے بعد متصل رکوع جانے والے کی نماز درست ہے، کمافی الدرالمختار ومنها القيام بحيث لو مد يديه لاينال ركبتيه ومفروضه وواجبه ومسنونه ومندوبه بقدر القرأة فيه فلو كبر قائماً فركع ولم يقف صح لان ما اتى به من القيام الى ان يبلغ الركوع يكفيه انتهى ﴿۱﴾. یعنی حالت استواء سے لیکر ہاتھ کے گھٹنوں تک پہنچنے سے قبل قیام ہے اور حضرۃ تھانوی رحمہ اللہ نے جو عدم صحت کا حکم دیا ہے وہ اس وقت ہے جبکہ حالت رکوع میں تحریمہ کرے، كما صرح به ﴿۲﴾. وهو الموفق

مسبوق ساہی امام کے ساتھ سجدہ سہو میں شریک ہوگا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ امام پر سجدہ سہو لازم ہوا تھا اور مسبوق امام کے ساتھ نماز میں شریک ہوا تو مسبوق بھی امام کے ساتھ سجدہ سہو کرے گا یا نہیں، نیز مسبوق کا

﴿۱﴾ (الدرالمختار على هامش ردالمحتار ص ۳۲۸ جلد ۱ مبحث القيام باب صفة الصلاة)

﴿۲﴾ قال الشيخ اشرف على التهانوى رحمه الله: بعض ناواقف جب مسجد میں آ کر امام کو رکوع میں پاتے ہیں تو جلدی کے خیال سے آتے ہی جھک جاتے ہیں اور اسی حالت میں تکبیر تحریمہ کہتے ہیں ان کی نماز نہیں ہوتی، اسلئے کہ تکبیر تحریمہ نماز کی صحت کی شرط ہے اور تکبیر تحریمہ کیلئے قیام شرط ہے جب قیام نہ کیا وہ صحیح نہ ہوئی اور جب وہ صحیح نہ ہوئی تو نماز کیسے صحیح ہوسکتی ہے۔

(بهشتی گوهر (بهشتی زیور) ص ۸۸۵ تکبیر تحریمه کا بیان)

سلام پھیرنے سے نماز فاسد ہوجاتی ہے یا نہیں؟ نیز امام کا سہو مسبوق کے شریک ہونے کے بعد معتبر ہے یا پہلے والا بھی اگر اس میں کچھ فرق ہو تو بتائیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: حافظ تعویذ گل ترناب پشاور

الجواب: یہ مسبوق بہرحال امام کے ساتھ سجدہ سہو میں شریک ہوگا لیکن سلام نہ پھیرے گا اگر یاد ہونے کے باوجود سلام پھیر لیا تو نماز فاسد ہوجائے گی، کما فی الدر المختار رابعها لو قام الی قضاء ما سبق به وعلی الامام سجدتا سهو ولو قبل اقتداءه فعليه ان يعود (هامش ردالمحتار ص ۵۵۸ جلد ۱) ﴿۱﴾ وفی الهنديه ص ۱۳۶ جلد ۱ سهو الامام يوجب عليه وعلىٰ من خلفه السجود كذا في المحيط ولا يشترط ان يكون مقتديا به وقت السهو حتى لو ادرك الامام بعد ما سها يلزمه ان يسجد مع الامام تبعاً له ﴿۲﴾. وهو الموفق

مسبوق اپنی پہلی دو رکعت میں ضم سورت کرے گا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک نمازی نے امام کے ساتھ دو رکعت آخری (نماز ظہر) دا کیں اب یہ نمازی اپنی پہلی دو رکعتوں میں ضم سورت کرے گا یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: فضل رازق مانکی صوابی.....۱۹۶۹ء/۴/۱۷

الجواب: عند الاحناف یہ شخص یعنی مسبوق دونوں رکعتوں میں ضم سورت کرے گا کیونکہ مسبوق اول الصلاۃ ادا کر رہا ہے، فی الدر المختار: ويقضي اول صلاته في حق قراءة وآخرها في حق تشهد، قال العلامة الشامي: هذا قول محمد وظاهر كلامهم اعتماد قول

﴿۱﴾ (الدر المختار علی هامش ردالمحتار ص ۴۴۲ جلد ۱ قبيل باب الاستخلاف)

﴿۲﴾ (فتاویٰ عالمگيريه ص ۱۲۸ جلد ۱ فصل سهو الامام يوجب عليه وعلی من خلفه السجود)

محمد وزفر مختصرا (ص ۵۵۸ جلد ۱) ﴿۱﴾. وفي الهنديه ص ۹۶ جلد ۱ ولو ادرک رکعتين قضیٰ رکعتين بقراء ۃ ولو ترک في احداهما فسدت ﴿۲﴾. وهو الموفق

مدرک سے رکن نماز رہ جانے کی صورت میں نماز کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ رمضان میں مقتدی نماز وتر میں امام کے ساتھ شریک تھا، مقتدی دعائے قنوت مکمل کر رہا تھا کہ امام رکوع سے قومہ میں چلا گیا اب یہ شخص اپنی نماز کیسے ادا کرے گا؟ بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم ۱۹۸۲/۵/۲۵

الجواب: مقتدی فوراً رکوع اور قومہ کرکے سجدہ میں امام کے ساتھ شریک ہوجائے اگرچہ متابعت مقارنہ یا متعاقبہ نہ ہوسکا لیکن متابعت بالتاخیر کی بنا پر اس شخص کی نماز درست ہوگی جیسا کہ لاحق کی نماز کا ہے اور اگر رکوع وقومہ چھوڑ کر فوراً امام کی متابعت کرے تو فراغت امام کے بعد ایک رکعت مستقل ادا کرے نماز درست ہوگی، اور اگر سرے سے رکعت ادا نہیں کی تو اعادہ صلاۃ کرے گا، فــي ردالمحتار ص ۴۷۱ جلد ۱ نعم تكون المتابعة فرضا بمعنى ان يأتي بالفرض مع امامه او بعده كما لو ركع امامه فركع معه مقارنا او معاقبا وشاركه فيه اوبعد ما رفع منه فلو لم يركع اصلا او ركع ورفع قبل ان يركع مع امامه ولم يعد معه او بعده لبطلت صلاته الخ ﴿۳﴾. وهو الموفق

﴿۱﴾ (الدر المختار مع ردالمحتار ص ۴۴۱ جلد ۱ مطلب في احكام المسبوق والمدرک واللاحق باب الامامة)

﴿۲﴾ (فتاویٰ عالمگیريه ص ۹۱ جلد ۱ الفصل السابع في المسبوق واللاحق)

﴿۳﴾ (ردالمحتار هامش الدر المختار ص ۳۴۹ جلد ۱ مطلب المراد في المجتهد فيه)

مسبوق پرامام کے ساتھ دوسری رکعت میں تشہد پڑھنا واجب ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک شخص رباعی نماز میں امام کے ساتھ دوسری رکعت میں شامل ہوا، اب جب امام دوسری رکعت پر بیٹھ گیا تو مسبوق پر یہی تشہد پڑھنا واجب ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم..... ۱۹۸۰ء

الجواب: مسبوق پر یہی تشہد پڑھنا واجب ہے، فی ردالمحتار ص ۱۵۵ جلد ۱ کمن ادرک الامام فی القعدة الاولیٰ فقعد معه فقام الامام قبل شروع المسبوق فی التشهد فانه یتشهد تبعاً لتشهد امامه۔(۱)۔ وهو الموفق

امام کے ساتھ آخری قعدہ میں مسبوق کیلئے درود شریف ودعا پڑھنے کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ مسبوق جس سے ایک یا دو رکعت ہوچکے ہو امام کے ساتھ شامل ہوکر آخری قعدہ میں امام کے ساتھ درود شریف اور دعا بھی پڑھے گا یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: سعداللہ جان سُنگو ۱۹۸۳/۹/۲۲

الجواب: یہ مسبوق امام کے قعدہ اخیرہ میں وسط صلاۃ کے حکم میں ہے اسلئے یہ درود شریف اور دعا کو نہیں پڑھے گا اگر اس نے تشہد جلدی ختم کردیا تو پھر بار بار اشهد ان لا الـه الا الـلـه واشهد ان محمدا عبده ورسوله پڑھے، وفی الهندیه ص ۹۱ جلد ۱ ومنها ان المسبوق ببعض الرکعات یتابع الامام فی التشهد الاخیر واذا اتم التشهد لا یشتغل بما بعده من

---

(۱) (ردالمحتار هامش الدر المختار ص ۱۵۵ جلد ۱ باب سجود السهو)

الدعوات ثم ما ذا یفعل تکلموا فیه وعن ابن شجاع انه یکرر التشهد ای قوله اشهد ان لا اله الا الله وهو المختار ﴿۱﴾. وهوالموفق

مسبوق مقتدی کیلئے ثناوتعوذ پڑھنے کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک شخص امام کے ساتھ دوسری یا تیسری رکعت میں شامل ہوا تو اس کیلئے ثناوتعوذ کا کیا حکم ہے، پڑھے گا یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: امیر اللہ چترال

الجواب: اگر مسبوق امام کو اسی رکعت میں پائے جس میں قرأت ہو رہی ہو تو یہ مسبوق مقتدی ثنا نہیں پڑھے گا بلکہ قرأت سنے گا، اور جب قضا شدہ رکعت کیلئے اٹھے تو ثنا پڑھے گا اور امام ابو یوسف کے نزدیک امام کے ساتھ ملتے ہی تعوذ پڑھنا مستحب ہے، اور بعد میں یعنی فراغت امام کے بعد قرأت سے پہلے تعوذ پڑھے گا، وفی الخلاصة المسبوق اذا ادرک الامام فی القراءة التی یجهر فیها لا یأتی بالثناء فاذا قام الی قضاء ما سبق یأتی بالثناء ویتعوذ للقراءة وعند ابی یوسف یتعوذ عند الدخول وعند القراءة وهذا استحباب وفی صلاة المخافة یأتی بالثناء اذا ادرکه قائماً، انتهیٰ ﴿۲﴾. وهوالموفق

﴿۱﴾ (فتاویٰ عالمگیریه ص ۹۱ جلد ۱ الفصل السابع فی المسبوق واللاحق)

﴿۲﴾ (خلاصة الفتاویٰ ص ۱۶۵ جلد ۱ مسائل المسبوق)

باب مکروہات الصلوٰۃ

نماز کے ختم پر مقتدی کا امام سے سلام پر سبقت کرنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ امداد الفتاویٰ میں لکھا ہے کہ اگر مقتدی نے نماز کے ختم پر سلام کو امام سے پہلے ختم کر لیا تو مکروہ ہے۔ (الف) یہ مکروہ تحریمی ہے یا تنزیہی۔
(ب) دوسرے سلام کا کیا حکم ہے؟ تحریمی ہے یا تنزیہی؟ بینوا توجروا

المستفتی: اکرام الحق راولپنڈی ۱۹۶۹ء/۳/۱۷

الجواب: مناسب تتبع کے باوجود تصریح نہیں ملی لیکن قواعد سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ کراہت دونوں سلام میں تحریمی ہے کیونکہ حدیث صحیح سے مخالفت ہے جس میں تقدم پر وعید وارد ہوئی ہے ﴿۱﴾ اور وعید تحریمات میں وارد ہوتی ہے، نیز علامہ شامی وغیرہ نے لکھا ہے کہ جب کراہت بلا تقید مذکور ہو تو وہ تحریمی پر محمول ہوگی ﴿۲﴾۔ وهو الموفق

﴿۱﴾ عن انس قال صلى بنا رسول اللہ ﷺ ذات یوم فلما قضى صلوته اقبل علينا بوجهه فقال ايها الناس انى امامكم فلا تسبقونى بالركوع ولا بالسجود ولا بالقيام ولا بالانصراف فانى اراكم امامى ومن خلفى رواه مسلم وعن ابى هريرة قال قال رسول اللہ ﷺ لا تبادروا الامام اذا كبر فكبروا واذا قال ولا الضآلين فقولوا آمين واذا ركع فاركعوا واذا قال سمع الله لمن حمده فقولوا اللهم ربنا لك الحمد متفق عليه الا ان البخارى لم يذكر واذا قال ولا الضالين۔
وعن ابى هريرة قال قال رسول اللہ ﷺ اما يخشى الذى يرفع رأسه قبل الامام ان يحول الله رأسه رأس حمار مفتق عليه.
(مشكواة المصابيح ص ۱۰۱ جلد ۱ باب ما على المأموم من المتابعة وحكم المسبوق)
﴿۲﴾ قال ابن عابدين وفى البحر من مكروهات الصلاة (بقیه حاشیه اگلے صفحه پر)

سجدہ وتشہد سے اٹھنے کے وقت زمین پر ٹیک لگا کر اٹھنا مکروہ تنزیہی ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ نماز میں سجدہ یا تشہد سے اٹھتے ہوئے بلا عذر زمین پر ٹیک لگا کر یعنی ہاتھ رکھ کر اٹھنا مکروہ ہے یہ کراہت تحریمی ہے یا تنزیہی؟ بینوا توجروا

المستفتی: اکرام الحق نشتر آباد ۱۹۷۰ء/۴/۲۷

الجواب: زمین پر ہاتھ رکھ کر اٹھنا (بلا عذر) مکروہ تنزیہی ہے، في الدر المختار ولو فعل لا بأس وفي ردالمحتار ص ۴۷۳ جلد ۱ فیکرہ فعله تنزیهاً لمن لیس به عذر ﴿۱﴾. فقط

فرائض اور سنن کے درمیان وظیفہ وغیرہ کا ورد کرنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ فرائض اور سنن کے درمیان مقدار اللهم انت السلام سے زیادہ وقفہ کرنا مثلاً وظیفہ وغیرہ کا ورد کرنا کیا حکم رکھتا ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالحلیم شاہ متعلم دارالعلوم حقانیہ ......یکم ربیع الثانی ۱۴۰۲ھ

الجواب: بہتر نہیں ہے مگر بعض علماء نے جواز کا حکم دیا ہے، کما في الطحطاوی وغیرهم ﴿۲﴾. وهو الموفق

(بقیہ حاشیہ) المکروہ في هذا الباب نوعان احدهما ما کرہ تحریما وهو المحمل عند اطلاقهم الکراهة وقال ابن عابدین في الحظر والاباحة ای کراهة تحریم وهي المرادة عند الاطلاق کما في الشرع. (ردالمحتار هامش الدرالمختار ص۹۷ جلد ۱ مطلب في تعریف المکروہ ص۲۳۷ جلد۵ کتاب الحظر والاباحة)

﴿۱﴾ (ردالمحتار علی هامش الدرالمختار ص ۳۷۴ جلد ۱ مطلب في اطالة الرکوع للجاني باب صفة الصلات)

﴿۲﴾ قال الشرنبلالي: لا بأس بقراءة الاوراد بین الفریضة والسنة فالاولیٰ تأخیر الاوراد عن السنة فهذا ینفي الکراهة، وقال الطحطاوی: وفي روایة عائشة رضي الله عنها قالت کان رسول الله ﷺ لا یقعد الا مقدار انه لیس المراد انه کان ....(بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

نماز میں پوستین اور سنجاب کے آستینوں کا مسئلہ

سوال: ما یقول العلماء الفهام فی هذه المسئله؟ ای ما حکم الفرو اذا لم یخرج الیدان الا کمام واذا لم یدخلا؟ بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم......

الجواب: جب آستیوں میں ہاتھ داخل نہ ہوں تو پوستین میں نماز کا حکم کراہت ہے، اور ہاتھ آستیوں کے اندر ہوں تو کراہت نہیں ہے، الا اذالم یزر ازراره (مگر جب گھنڈی اور بٹن نہ لگائی ہو) یدل علیه ما فی الشرح الکبیر ص ۳۰۵ وعن الفقیه ابی جعفر الهندوانی انه کان یقول اذا صلی مع القباء وهو غیر مشدود الوسط فهو مسیئ، یعنی ولو ادخل کمیه فی یدیه و ینبغی ان یقتدی بما اذا لم یزر ازراره لانه یشبه السدل اما اذا زرالازرار فقد التحق من الثیاب فی اللبس فلا سدل فیه فلا یکره انتهیٰ. قلت لا فرق بین الفرو والقباء فی الحکم لاشتراکهما فی العلة، وفیه ایضاً فی تلک الصفحة فی تعلیل کراهة ارسال الکمین ولان فیه تشبیها باهل التکبر اذ لا تکاد تسمح نفوس المتکبرین بترکه وادخال الید فی الکم لا فی الصلوٰة ولا خارجها علیٰ ما جرت من عادتهم، انتهی. قلت فیه دلالة علی کراهة الصلوٰة عند اخراج الیدین لانه وضع المتکبرین، فافهم﴿۱﴾. وهو الموفق

(بقیه حاشیه) یقول ذلک بعینه بل کان یقعد زمانا یسع ذلک المقدار ونحوه من القول تقریباً فلا ینا فی ما فی الصحیحین عن المغیرة انه ﷺ کان یقول دبر کل صلاة مکتوبة لا اله الا الله ...... وهذا لا ینافی ما فی مسلم عن عبد الله ابن الزبیر کان رسول الله ﷺ اذا فرغ من صلاته قال بصوته الا علی لا اله الا الله ...... لان المقدار المذکور من حیث التقریب دون التحدید قد یسع کل واحد من هذه الاذکار لعدم التفاوت الکثیر بینها الخ.

(حاشیة الطحطاوی مع مراقی الفلاح ص ۳۱۱ فصل فی صفة الاذکار)

﴿۱﴾ غنیة المستملی ص ۳۳۶، ۳۳۷ فصل فی بیان ما الذی یکره فعله فی الصلوٰة)

عرب کے ڈریس (رومال) میں نماز کا حکم

سوال: عرب لوگ جو ڈریس (Dress) پہنتے ہیں یعنی رومال سر پر رکھ کر ایک گول رسی سے اسے باندھ لیتے ہیں وہ رومال سر سے کاندھے پر آ کر سینے پر لٹکا ہوا ہوتا ہے جسے سدل کہتے ہیں، اس لٹکے ہوئے رومال (عرب ڈریس) میں نماز کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد نثار برطانیہ ..... یکم فروری ۱۹۷۵ء

الجواب: اس میں کوئی کراہت نہیں ﴿۱﴾۔ وھو الموفق

تیلہ سے گلدوز ٹوپی میں نماز پڑھنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ میں کہ مروجہ تیلے کی ٹوپیاں جو گلدوزی سے بنی ہوئی ہوتی ہیں میں نماز پڑھنا اور اس کا استعمال کیسا ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: گل حکیم محب بانڈہ مردان ۱۹۷۵ء/۹/۲

الجواب: اگر یہ تیلہ سونے چاندی کا نہ ہو تو اس میں حرج نہیں ہے ﴿۲﴾۔ وھو الموفق

﴿۱﴾ قال الحصکفی وکرہ ..... سدل تحریماً للنھی ثوبہ ای ارسالہ بلا لبس معتاد ، قال ابن عابدین : قال فی شرح المنیۃ السدل ھو الارسال من غیر لبس ضرورۃ ان ارسال ذیل القمیص ونحوہ لا یسمی سدلاً ودخل فی قولہ ونحوہ عذبۃ العمامۃ.

(الدرالمختار مع ردالمحتار ص ۴۷۲ جلد ۱ مطلب مکروھات الصلاۃ)

﴿۲﴾ قال ابن عابدین: (قولہ وکذا تکرہ القلنسوۃ) ذکر ملا مسکین عند قول المصنف فی مسائل شتیٰ اخر الکتاب ولابأس بلبس القلانس لفظ الجمع یشمل قلنسوۃ الحریر والذھب والفضۃ والکرباس والسواد والحمرۃ..... وفی الفتاویٰ الھندیہ یکرہ ان یلبس الذکور قلنسوۃ من الحریر او الذھب او الفضۃ اوالکرباس الذی خیط علیہ ابریسم کثیراً او شئ من الذھب او الفضۃ اکثر من قدر اربع اصابع.

(ردالمحتار ھامش الدرالمختار ص ۲۴۹ جلد۵ فصل فی اللبس کتاب الحظر والاباحۃ)

سنت فجر کو قرأت سنتے ہوئے دوسری صف میں ادا کرنا اور آیت فاستمعوا له وانصتوا کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ (۱) نماز فجر میں امام کی قرأت سننے کے باوجود دوسری صف میں سنت ادا کرنا کیسا ہے؟ (۲) آیت قرآن، واذا قرئ القرآن **فاستمعوا له وانصتوا الایة**، کا حکم فرضیت کا ہے یا استحباب کا؟ بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم......۱۸/اگست ۱۹۸۳ء

الجواب: (۱) جائز ہے بہتر نہیں ہے ﴿۱﴾۔ (۲) مشہور فرضیت ہے اور صاحب بحر نے استحباب کا قول بھی ذکر کیا ہے۔ وهو الموفق

مساجد میں رکھی ہوئی ٹوپیوں کے ساتھ نماز پڑھنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ مساجد میں جو ٹوپیاں رکھنا مروج ہے کیا اس کے ساتھ نماز پڑھنا درست ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد نبی چھوٹا لاہور صوابی......۱۹۹۰ء/۱۲/۱۵

﴿۱﴾ قال العلامة ابن عابدين رحمه الله: والحاصل ان السنة في سنة الفجر ان يأتي بها في بيته والافان كان عند باب المسجد مكان صلاها فيه والا صلاها في الشتوى او الصيفي ان كان للمسجد موضعان والافخلف الصفوف عند سارية لكن فيما اذاكان للمسجد موضعان والامام في احدهما ذكر في المحيط انه قيل لايكره لعدم مخالفة القوم وقيل يكره لانهما كمكان واحد قال فاذا اختلف المشائخ فيه فالافضل ان لا يفعل قال في النهر وفيه افادة انها تنزيهية، لكن في الحلية قلت وعدم الكراهة اوجه للآثار التي ذكرناها.

(ردالمحتارهامش الدرالمختار ص ۵۳۰ جلد ۱ مطلب هل الاساءة دون الكراهة او افحش باب ادراک الفريضة)

الجواب: ان ٹوپیوں کا پہننا ضروری ہے کیونکہ یہ بے باک لوگ ننگے سر نماز پڑھنا شروع کریں گے جو اس سے بدتر ہے﴿۱﴾۔ وھو الموفق

گھڑی میں انسان یا حیوان کی چھوٹی تصویر کی وجہ سے نماز کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک گھڑی میں انسان یا حیوان کی چھوٹی فوٹو اور تصویر ہو تو اس کے ساتھ نماز کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: متعلم دارالعلوم حقانیہ.....۱۵/ جمادی الثانی ۱۴۰۲ھ

الجواب: اگر یہ فوٹو چھوٹا ہو موضع سجدہ میں رکھنے کی صورت میں نہیں دکھائی دیتا ہو تو اس کے ساتھ نماز مکروہ نہیں ہے، یدل علیہ ما فی شرح التنویر علی ھامش ردالمحتار ص۶۰۷ جلد ۱ او کانت صغیرۃ لا تتبین تفاصیل اعضائھا للناظر قائماً وھی علی الارض ﴿۲﴾. وھو الموفق

﴿۱﴾ چونکہ ننگے سر نماز پڑھنا مکروہ ہے، وصلاتہ حاسراً ای کاشفا رأسہ للتکاسل (درمختار) اور ثیاب بذلہ میں بھی نماز کو مکروہ تنزیہی لکھا ہے۔ بما یلبسہ فی بیتہ ولا یذھب الی الاکابر والظاھر ان الکراھۃ تنزیھیۃ ، ردالمحتار ۔ اب ننگے سر نماز پڑھنا ایک وباء بن چکا ہے اور عوام سر کو ڈھانپنا امر مہم نہیں گردانتے اور سر کو ڈھانپنا بوجھ بن چکا ہے جو تہاون بالصلاۃ کے زمرے سے ہیں، اور بعض صورتوں میں مثلاً استخفاف احتقار کی صورت میں مفضی الی الکفر ہے، فی ردالمحتار: قولہ للتکاسل ای لاجل الکسل بان استثقل تغطیتہ ولم یرھا امراً مھما فی الصلاۃ فترکھا لذلک وھذا معنی قولھم تھاونا بالصلاۃ ولیس معناہ الاستخفاف بھا والاحتقار لانہ کفر (ص ۴۸۴ جلد ۱) لہٰذا ان صورتوں میں ننگے سر نماز پڑھنا جو تکاسل کی وجہ سے بین متحقق ہے مکروہ ہوگی، اور نماز کی حرمت کی وجہ سے ان مسجد میں پڑے ہوئے ٹوپیوں سے نماز پڑھنا ہوگا، اگرچہ یہ بھی مکروہ ہے لیکن بنسبت ننگے سر پڑھنے سے اہون ہے، نیز جب کسی شخص کے ساتھ ثیاب بذلہ کے علاوہ کوئی اور کپڑے نہ ہوں تو ان کیلئے ثیاب بذلہ میں نماز پڑھنا ضروری ہے، اسی طرح جب اور ٹوپی نہ ہو تو بذلہ ٹوپیوں میں نماز پڑھنا ہوگا۔ (از مرتب)

﴿۲﴾ (الدرالمختار علی ھامش ردالمحتار ص ۶۰۹ جلد ۱ باب ما یفسد الصلاۃ ومایکرہ فیھا)

ملٹری کور میں تصویر والے بیج کے ساتھ نماز پڑھنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ملٹری میں مجاہد کور کے جوانوں کے کندھوں پر بیج لگا ہوتا ہے جوکہ ارسال خدمت ہے اس کے ساتھ نماز پڑھنا درست ہے یا نہیں، نیز ناسمجھی کی وجہ سے اگر اس بیج کے ساتھ نمازیں پڑھ لی ہیں تو ان کا اعادہ لازم ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالقدیر راولپنڈی.....۱۰/۴/۱۹۷۳ء

الجواب: چونکہ یہ تصویر بڑی ہے لہٰذا اس کے ساتھ نماز پڑھنا مکروہ تحریمی اور واجب الاعادہ ہے، فی فتح القدیر ولو لبس ثوبا فیه تصاویر ویکره لانه یشبه حامل الصنم والصلوٰۃ جائزہ فی جمیع ذلک لا ستجماع شرائطها وتعاد علی وجه غیر مکروه وهو الحکم فی کل صلوٰۃ ادیت مع الکراهة انتهیٰ ﴿۱﴾. وهکذا فی جمیع کتب الفتاویٰ. وهو الموفق

امام کا ضرورت سے زیادہ جہر کرنا

سوال: چہ میفر مایند علماء دین دریں مسئلہ کہ یک امام قرأت جهراً فوق الحاجت در امامت میخواہد، ہنگار میشوید ونماز مکروہ شود یانہ؟ وبشرط کراہت اعادہ واجب ست یانہ؟ بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم ... ۲۳/۱۱/۱۹۷۹ء

الجواب: نماز امامیکہ جہر فوق از حاجت مے کند، واجب الاعادہ نیست، زیرانچہ مکروہ تحریمی نیست، لمافی شرح التنویر علی هامش ردالمحتار ص ۴۴۲ جلد ۱ قالوا الاساءۃ ادون من الکراهة وفی ردالمحتار ص ۵۵۱ جلد ۱ الاساءۃ دون الکراهة واما فی شرح المنار فقال العلامة الشامی فی ردالمحتار ص ۴۴۲ جلد ۱ والمراد بها ما فی شرح

﴿۱﴾ (فتح القدیر ص ۳۶۳، ۳۶۴ جلد ۱ باب مایفسد الصلاۃ وما یکره فیها فصل ویکره للمصلی)

المنار التنزيهية فهي دون المكروه تحريماً وفوق المكروه تنزيها انتهى ﴿۱﴾، قلت والاعادة انما تجب في المكروه تحريما ولا تخلوا الصلوة المعتاده عن المكروه تنزيهاً وقلت ايضا لعل المراد ابن انجيم الاساءة ما يلزم ترك السنة المؤكدة. وهو الموفق

نوٹ پر جناح کی تصویر کے ساتھ نماز پڑھنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ پاکستانی نوٹوں پر جناح کی تصویر ہوتی ہے جب یہ نوٹ وغیرہ جیب میں ہوں، تو اس کے ساتھ نماز پڑھنا جائز ہے یا نہیں، اگر تصویر کے ساتھ ہاتھ پاؤں بھی ہو اور جیب میں ہو اس کا کیا حکم ہے نماز ہوگی یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم.....۱۲/۲/۱۹۷۳ء

الجواب: فوٹو اگر لفافہ وغیرہ میں پوشیدہ ہو تو نماز مکروہ نہیں ہے ورنہ مکروہ ہے، فی الدر المختار ومفاده كراهة المستبين لا المستتر بكيس او صرة او ثوب آخر (هامش ردالمحتار ص۶۰۶، ۶۰۷ جلد ۱) ﴿۲﴾. وهو الموفق

نسوار اور سگریٹ کی بدبوئی کی حالت میں نماز پڑھنا، تلاوت کرنا اور مسجد جانا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر کوئی شخص نسوار یا سگریٹ نوشی کرے پھر نماز باجماعت میں شریک ہو جائے ان لوگوں کا مسجد میں آنا کیا حکم رکھتا ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: نوراحمد بلوچستان.....۲۳/ربیع الثانی ۱۴۰۲ھ

الجواب: تمباکو کی بدبو پیاز اور لہسن کی بدبو کی طرح ایذا رسان ہے، لہٰذا بنا بر حدیث فان الملئكة تتأذى مما يتأذى منه الانس (رواه البخاری ومسلم عن جابر رضي

﴿۱﴾ (ردالمحتار مع هامش الدر المختار ص ۴۵۰ جلد ۱ مطلب سنن صلاة باب صفة الصلاة)
﴿۲﴾ الدر مختار على هامش ردالمحتار ص ۶۷۹ جلد ۱ باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها)

الله عنه)﴿۱﴾ پس ایسے شخص کا اسی حالت میں نماز پڑھنا، مسجد جانا، قرآن شریف پڑھنا جائز نہیں ہے، وصرح به فی شرح التنویر وکذا کل موذٍ(هامش ردالمحتار ص ۶۱۹ جلد ۱) ﴿۲﴾. وهوالموفق

مسجد والی ٹوپیوں سے نماز

سوال: مسجد میں جو ٹوپیاں ہوتی ہیں انہیں پہن کر نماز پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: یوسف شاہ رسالپور کینٹ.....۲۷/رمضان ۱۴۱۰ھ

الجــــواب: ہر مسلمان کیلئے مناسب ہے کہ قمیص اور پاجامہ کی طرح ٹوپی بھی پہنا کرے﴿۳﴾ اور جب ٹوپی نہ رکھتا ہو تو ننگے سر نماز نہ پڑھے﴿۴﴾ بلکہ ان مسجد والی ٹوپیوں کو پہنے اگر چہ میلی کچیلی ہوں﴿۵﴾۔ وهو الموفق

﴿۱﴾(مشکواة المصابیح ص ۶۸ جلد ۱ باب المساجد الفصل الاول)

﴿۲﴾ (الدر المختار علی هامش ردالمحتار ص ۴۸۹ جلد ۲ باب ما یفسد الصلاه وما یکره فهیا)

﴿۳﴾ وفی الهندیه والمستحب ان یصلی الرجل فی ثلاثة اثواب قمیص وازار وعمامة اما لو صلی فی ثوب واحد متوشحا به تجوز صلوته من غیر کراهة. (فتاویٰ عالمگیریه ص ۵۹ جلد ۱ الباب الثالث فی شروط الصلاة)

﴿۴﴾ قال العلامه حصکفی رحمه الله: وصلاته حاسراً ای کاشفا راسه للتکاسل ولاباس به للتذلیل واما للاهانة بها فکفر قال ابن عابدین واصل الکسل ترک العمل لعدم الارادة فلو لعدم القدرة فهو لعجز (قوله ولاباس به للتذلیل) قال فی شرح المنیة فیه اشارة الی ان الاولیٰ ان لا یفعله وان یتذلل ویخشع بقلبه فانهما من افعال القلب.

(الدرالمختار مع ردالمحتار ص ۴۷۴ جلد ۱ مطلب فی الخشوع باب مکروهات الصلاة)

﴿۵﴾ قال ابن عابدین: فی البحر وفسرها فی شرح الوقایه بما یلبسه فی بیته ولا یذهب به الی الاکابر والظاهر ان الکراهة تنزیهیة. ایضاً

اس عبارت سے ثیاب بذلہ میں نماز کا مکروہ تنزیہی ہونا ثابت ہے لیکن ننگے سر نماز پڑھنا بھی مکروہ ہے، اور اگر عوام کو ان ٹوپیوں سے منع کیا جائے اور صحیح ٹوپیوں کا امر نہ کیا جائے تو.....(بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

قبروں کے قریب نماز ادا کرنا مکروہ ہے

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ قبرستان کی زمین میں نماز ادا کرنا کیسا ہے نیز قبروں سے کتنے فاصلہ پر نماز ادا کرنا جائز ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: میر احمد مولیان کوہالہ راولپنڈی......۱۹۷۰ء/۴/۴

الجواب: جب سامنے یا دائیں بائیں قبور ہوں اور قریب ہوں تو نماز مکروہ ہے اور جب بعید اور دور ہوں تو کوئی حرج نہیں ہے اور دوری کی مقدار فقہاء کرام نے مسافت اور گزوں سے متعین نہیں کی ہے البتہ نظائر سے معلوم ہوتا ہے کہ کم از کم اتنا دور ہو کہ مقام سجدہ پر نظر رکھنے کے وقت نظر میں نہ آئے ﴿۱﴾۔ وھو الموفق

فوجی بوٹوں سمیت نماز پڑھنا

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ کیا فوجی مجاہد بوٹوں سمیت نماز ادا کرسکتا ہے یا نہیں؟ اور جواز حالت مجبوری میں ہے یا ہر حالت میں۔ بینوا توجروا

المستفتی: محمد ازرم پوسٹ بکس نمبر ۲۶۰ سعودی عرب......۱۴۰۱/۷/۷ھ

(بقیہ حاشیہ) عوام ننگے سر نماز پڑھنے پر جری ہوں گے، نیز جب اور ٹوپی نہ ہو تو پھر اس بذلہ ٹوپیوں میں نماز جائز ہوگی کیونکہ جب کسی کے پاس کپڑے نہ ہوں تو ثیاب بذلہ ہی میں ادا کرنا ضروری ہے، قال الحصکفی: وصلاته فی ثیاب بذلة یلبسها فی بیته ومهنة ای خدمة لمن له غیرها والا لا (ص ۴۷۴ جلد ۱) اس سے معلوم ہوا کہ جب ثیاب بذلہ کے علاوہ کوئی اور کپڑا نہ ہو تو پھر اس کو پہننا ہی لازمی ہے۔ وھو الموفق

﴿۱﴾ قال الطحطاوی: (تحت قوله تکره الصلاة فی المقبرة) قال حسن بن عمار بن علی الشرنبلالی وتکره الصلاة فی المقبرة الا ان یکون فیها موضع اعد للصلاة لا نجاسة فیه ولا قذر فیه، قال الحلبی لان الکراهة معللة بالتشبه وهو منتف حینئذ وفی القهستانی عن جنائز المضمرات لا تکره الصلاة الی جهة القبر الا اذا کان بین یدیه بحیث لو صلی صلاة الخاشعین وقع بصره علیه. (الطحطاوی حاشیه مراقی الفلاح ص ۱۹۶ فصل فی مکروهات الصلاة)

الجواب: اس میں اختلاف ہے قواعد کی رو سے جواز راجح ہے ﴿۱﴾۔ وهو الموفق

صبح اور عصر کی نماز کے بعد تلاوت قرآن افضل نہیں مگر مکروہ بھی نہیں ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک صاحب نے کہا ہے کہ صبح اور عصر کے کی نماز کے بعد تلاوت قرآن کرنا منع ہے خاص کر سورۃ یاسین وغیرہ کا پڑھنا کیا یہ صحیح ہے کسی حدیث وغیرہ سے ثابت ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: مثل زادہ ترلاندی صوابی ۱۹۶۹ء/۵/۱۲

﴿۱﴾ وفی منهاج السنن: وملخص هذه الروايات ان النعال الغير الطاهرة تخلع او تمسح على الارض ، واما النعال الطاهرة من البدء او بالدلک فالصلوٰة فيها من الرخص دون المستحبات عند ابن دقيق العيد. وتعقبه البدر العينى بحديث شداد بن اوس عن ابيه ثم قال ويكون مستحبا من جهة قصد المخالفة لا سنة لان الصلوٰة فى النعال ليست مقصودة بالذات وذكر الحلبى فى شرح المنية الكبير استحبابها مخالفة لليهود كالبدر العينى. قال مشائخنا اليوم لا يصلى بالنعال فى المسجد لان دخول المساجد متنعلا من سوء الادب فى العرف الحادث ولان تلويث المسجد بها واقع لا محالة ولان علة التنعل قد انتهت لان اليهود والنصارىٰ فى زماننا يصلون فى النعال لا يخلعونها (ف) اعلم ان النعال اذا لم تكن مانعة من توجيه رء وس الاصابع الى القبلة فجازَ الصلوٰة فيها والا فلا كما يشير اليه كلام القارى فى المرقاة ، فالصلوٰة فى المداس الرائج اليوم لا يجوز اذا كان مقدمه مرتفعاً واسعا بحيث لا يمتلأ باصابع القدم فافهم.
(منهاج السنن شرح جامع السنن ص۲۷۸ جلد۲ باب ماجاء فى الصلوٰة فى النعال)
وقال العلامه ابن عابدين: (قوله وصلاته فيهما افضل) اى فى النعل والخف الطاهرين افضل مخالفة لليهود تاتر خانيه وفى الحديث صلوا فى نعالكم ولاتشبهوا باليهود رواه الطبرانى.... واخذ منه جمع من الحنابلة انه سنة ولو كان يمشى بها فى الشوارع لان النبى ﷺ وصحبه كانوا يمشون بها فى طرق المدينة ثم يصلون بها قلت لكن اذا خشى تلويث فرش المسجد بها ينبغى عدمه وان كانت طاهرة. (بقيه حاشيه اگلے صفحه پر)

الجواب: بعض فقہاء نے لکھا ہے کہ ان اوقات میں قرآن مجید پڑھنا بہتر نہیں ہے لیکن مکروہ بھی نہیں ہے ﴿۱﴾ (الدرالمختار علی هامش ردالمحتار ص۳۴۷ جلد۵). وهو الموفق

پھول بوٹوں کی رنگدار چادر یا کپڑوں میں نماز پڑھنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ حدیث مسلم شریف کے مطابق جو پھول بوٹوں کی رنگدار چادر یا کپڑوں میں نماز پڑھنا مکروہ ہے اس کراہت سے تنزیہی مراد ہے یا تحریمی؟ بینوا توجروا

المستفتی: اکرام الحق راولپنڈی......۲/ ذی القعدہ ۱۳۸۹ھ

الجواب: فقہاء کرام نے اس پر تصریح نہیں کی ہے لیکن اس کے قریب اور مناسب (محراب وغیرہ کے منقش کرنے) پر تصریح کی ہے اور اس کے متعلق کراہت تنزیہی کا حکم دیا ہے (شامی ص۶۱۶ جلد۱) ﴿۲﴾. فقط

(بقیہ حاشیہ) واما المسجد النبوی فقد کان مفروشا بالحصافی زمنه ﷺ بخلافه فی زماننا ولعل ذلک محمل ما فی عمدة المفتی من ان دخول المسجد متنعلا من سوء الادب تأمل.
(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص۶۸۲ جلد۱ مطلب فی احکام المسجد)

﴿۱﴾ قال فی الدرالمختار: ذکر الله من طلوع الفجر الی طلوع الشمس اولیٰ من قراءة القرآن وتستحب القراءة عند الطلوع او المغرب . قال ابن عابدين الشامی (قوله وتستحب الخ) کذاذکر فی المجتبیٰ المسئلة الاولیٰ ثم ذکر هذه رامز البعض المشائخ فالظاهر انهما قولان فان الاولیٰ تفید استحباب الذکر دون القراء قوهو الذی تقدم فی کتاب الصلاة واقتصر علیه فی القنیة حیث قال الصلاة علی النبی ﷺ والدعاء والتسبیح افضل من قراءة القرآن فی الاوقات التی نهی عن الصلاةفیها.
(الدرالمختار مع ردالمحتار ص۳۰۰ جلد۵ فصل فی البیع کتاب الحظر والاباحة)

﴿۲﴾ قال العلامةابن عابدين رحمه الله: (قوله لانه یلهی المصلی) ای فیخل بخشوعه من النظر الی موضع سجوده ونحوه وقد صرح فی البدائع فی...... (بقیه حاشیه اگلے صفحه پر)

سٹیل کی چین والی گھڑی کے ساتھ نماز

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہمارا ایک پیش امام ہے جس کے گھڑی کا چین (کڑا) سٹیل کا بنا ہوا ہے ایک شخص نے کہا کہ میں نے ایک بڑے عالم سے سنا ہے کہ سٹیل کے چین والی گھڑی کے ساتھ نماز مکروہ ہے آپ صاحبان مہربانی فرما کر وضاحت کریں کہ یہ کیوں مکروہ ہے اس کی کس چیز کے ساتھ مشابہت ہے نیز مکروہ تحریمی ہے یا تنزیہی؟ بینو اتو جروا

المستفتی: خلیل الرحمٰن بنوی......۱۹۷۳ء/۲/۱۹

الجواب: واضح رہے کہ آہنی انگشتری کا پہننا مکروہ ہے، لحدیث ورد بذلک ﴿۱﴾ لیکن آہنی زنجیر کا جو بذات خود زیور نہیں ہے پہننا مکروہ نہیں ہے یہ بٹن اور میخ کے ساتھ مشابہ ہے ﴿۲﴾۔ فقط

فوٹو، تیلے کی ٹوپی اور ٹیٹرون کے کپڑوں میں نماز کا حکم

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ (۱) فوٹو کے ساتھ

(بقیہ حاشیہ) مستحبات الصلاۃ انه ینبغی الخشوع فیها ویکون منتهی بصره الی موضع سجوده. وکذا صرح فی الاشباه ان الخشوع فی الصلاة مستحب والظاهر من هذا ان الکراهة هنا تنزیهیة فافهم.

(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص۴۸۷ جلد ۱ مطلب فی احکام المسجد)

﴿۱﴾ وعن بریدة ان النبی ﷺ قال لرجل علیه خاتم من شبه مالی اجد منک ریح الاصنام فطرحه ثم جاء وعلیه خاتم من حدید.

(مشکوٰة المصابیح ص۳۷۸ جلد ۱ الفصل الثانی باب الخاتم)

﴿۲﴾ قال الحصکفی: وفی التتارخانیة عن السیر الکبیر لا بأس بازرار الدیباج والذهب وفیهاعن مختصر الطحطاوی لا یکره علم الثوب من الفضة ویکره من الذهب، قالوا وهذا مشکل فقدرخص الشرع فی الکفاف قد یکون من الذهب.

(الدرالمختار علی هامش ردالمحتار ص ۲۵۰ جلد۵ فصل فی اللبس کتاب الحظر)

محبت کرنا کیسا ہے نیز تصویر مکمل یا نصف جیب میں پڑی ہو تو نماز کا کیا حکم ہے؟

(۲) خالص تیلے کی ٹوپی کے ساتھ نماز ہوسکتی ہے یا نہیں؟

(۳) ریشمی کپڑوں کے علاوہ نیز اون وغیرہ کے ساتھ نماز ہوسکتی ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی فضل جلال اسلامیہ کالج پشاور.....۱۹۷۴ء/۹/۱۰

الجواب: محترم مالتی مدامت برکاتکم! السلام علیکم کے بعد واضح رہے کہ (۱) فوٹو کے ساتھ محبت کرنا خفت عقل کی علامت ہے اور فوٹو جب بٹوہ وغیرہ میں پوشیدہ ہو تو نماز مکروہ نہ ہوگی (شامی) ﴿۱﴾۔

(۲) خالص تیلے کی ٹوپی جب سونے یا چاندی سے بنی ہوئی ہو اور عرضاً چار انگشت سے (ایک جگہ پر) زائد ہو مطلق مکروہ ہے۔ نماز اور غیر نماز میں فرق نہیں ہے (شامی ص ۲۲۳ جلد ۵) ﴿۲﴾۔

(۳) کوئی کراہت نہیں ہے۔ وهو الموفق

﴿۱﴾ قال العلامة ابن عابدين رحمه الله: (قوله لا لمستتر بكيس او صرة) بان صلى ومعه صرة او كيس فيه دنانير او دراهم فيها صور صغار فلا تكره لاستتارها بحر ومقتضاه انها لو كانت مكشوفة تكره الصلاة مع ان الصغيرة لا تكره الصلاة معها كما ياتي لكن يكره كراهة تنزيه جعل الصورة في البيت نهر.

(ردالمحتار هامش الدر المختار ص ۴۷۹ جلد ۱ قبيل مطلب الكلام على اتخاذ المسبحة باب ما يفسد الصلاة ومايكره فيها)

﴿۲﴾ قال العلامة ابن عابدين رحمه الله: وفي الفتاوى الهنديه يكره ان يلبس الذكور قلنسوة من الحرير او الذهب او الفضة او الكرباس الذي خيط عليه ابريسم كثير او شئ من الذهب او الفضة اكثر من قدر اربع اصابع. (ردالمحتار هامش الدر المختار ص ۲۴۹ جلد ۵ فصل في اللبس)

باب ما یفسد الصلوٰۃ

قعدہ اولیٰ نہ کرکے کھڑے ہوکر واپس عود کرنے سے نماز فاسد نہیں ہوتی

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک نمازی قعدہ اولیٰ نہ کرکے کھڑا ہوا اور پھر یاد ہوکر واپس عود کیا کیا نماز فاسد ہوئی؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالرحمٰن شہاب خیل لکی مروت

الجواب: ایسا کرنا مکروہ ہے لیکن محققین کے نزدیک مفسد صلوٰۃ نہیں ہے، کمافی شرح التنویر فلو عاد الی القعود وقیل لا تفسد لکنه یکون مسیئا ویسجد لتاخیر الواجب وهو الاشبه کما حققته الکمال وهو الحق بحر (هامش ردالمحتار ص۲۹۷ جلد ۱) ﴿۱﴾. وهو الموفق

فاتح کا غلط لقمہ دینے سے نماز فاسد نہیں ہوتی

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ امام قرأت میں سہو ہوا، لیکن فاتح نے اس سورۃ میں دوسری جگہ غلط فتحہ دیا، اور امام نے بھی فتحہ نہیں لیا، کیا فاتح کی نماز فاسد ہوگئی؟ بینوا توجروا

المستفتی: فضل منان

الجواب: فاتح کی نماز فاسد نہیں ہوتی، وهو الاصح قال فی الدرالمختار بخلاف فتحه علی امامه فانه لا یفسد مطلقا لفاتح وآخذ بکل حال ﴿۲﴾. وهو الموفق

﴿۱﴾ (الدرالمختار علی هامش ردالمحتار ص ۵۵۰ جلد ۱ باب سجود السهو)

﴿۲﴾ (الدرالمختار علی هامش ردالمحتار ص ۴۶۰ جلد ۱ باب ما یفسد الصلاۃ ومایکره فیها)

تین آیت پڑھنے کے بعد لقمہ لینا یا دینا مفسد صلوٰۃ نہیں ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ امام نے تین آیت پڑھے پھر سہو ہو جائے اور رکوع کو نہیں گیا بلکہ مقتدی نے فتح دیا اور امام نے فتح لے لیا تو اس سے نماز ہو جاتی ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم......۹/ جون ۱۹۷۵ء

الجواب: اس صورت میں فتح لینا یا دینا مفسد صلوٰۃ نہیں ہے، کما فی الدر المختار مع ردالمحتار ص ۵۷۲ جلد ۱ بخلاف فتحه علی امامه فانه لا یفسد مطلقا ای سواء قرء الامام قدر ماتجوز به الصلوٰة ام لا انتقل الی ایة اخری ام تکرر الفتح ام لا ﴿۱﴾ . وهو الموفق

نماز میں بار بار داڑھی کو ہاتھ لگانے کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک شخص بلا اختیار نماز میں اپنا ہاتھ داڑھی سے لگاتا ہے کیا اس سے نماز فاسد ہو جاتی ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: فیض محمد بلوچستانی

الجواب: اگر ایک شخص ایک رکن میں لگاتار تین دفعہ یہ فعل کرے تو نماز فاسد ہوگی، قال فی الفیض الحک بید واحدة فی رکن ثلاث مرات یفسد الصلاة ان رفع یده فی کل مرة (ردالمحتار ص ۵۹۹ جلد ۱) ﴿۲﴾ وبمعناه فی الهدایه ص ۱۰۹ جلد ۱ ﴿۳﴾ قلت ولم یفرقوا بین العمد وغیره. وهو الموفق

﴿۱﴾ (الدر المختار علی هامش ردالمحتار ص ۶۲۰ جلد ۱ باب مایفسد الصلاة ومایکره فیها)

﴿۲﴾ (ردالمحتار هامش الدر المختار ص ۴۷۳ جلد ۱ مطلب فی الکراهة التحریمی والتنزیهی باب مایفسد صلاة ومایکره فیها)

﴿۳﴾ قال المرغینانی: اما فساد الصلاة فبالعمل الکثیر، قال. (بقیه حاشیه اگلے صفحه پر)

بعض آیات کو چھوڑ کر دوسری آیات شروع کرنے سے نماز فاسد نہ ہوگی

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ پیش امام صاحب نماز پڑھا رہا تھا، اور مثل الذين حملوا التوراة ثم لم يحملوها كمثل الحمار يحمل اسفارا (سورة جمعه) پڑھ رہا تھا، پھر بئس مثل القوم الذين کے بعد آیت قل يايها الذين هادو ان زعمتم کی بجائے يا ايها الذين آمنوا اذا نودى للصلوٰة من يوم الجمعة الخ پڑھا، کیا نماز فاسد ہوئی؟ اگر فاسد ہوئی تو کس وجہ سے؟ بینوا توجروا

المستفتی: حافظ سیاح ہوش سلیم خان صوابی...... ۱۳/ اپریل ۱۹۷۵ء

الجواب: اس صورت میں بعض آیات کا ترک ہے اور انتقال ہے دوسری آیت کو اور کوئی تغیر فاحش واقع نہیں ہوئی ہے، لہٰذا ضابطہ کی بنا پر نماز فاسد نہ ہوگی (ماخوذ از كبيرى ، هنديه) ﴿۱﴾. وهو الموفق

(بقيه حاشيه) ابن الهمام: او نتف ثلاث شعرات بمرات او حک ثلاثا فی رکن یرفع یده کل مرة...... تفسد. (هدايه مع فتح القدير ص ۳۵۲ جلد ۱ باب ما يفسد الصلاة ومايكره فيها)

﴿۱﴾ قال العلامة الحلبي: وكذا لو انتقل الىٰ آية اخرى من تلک السورة وترک بينهما شيئا لان فيه اعراضاعما شرع فيه وايهام تفضيل غيره عليه واما اذا كان عذر كان حصر عما بعد تلک الاية قبل ان يتم سنة القرأة فلا يكره الانتقال الى آية اخرى من تلک او من غيرها هذا اذا انتقل قصدا فان انتقل من غير قصد ثم تذكر ينبغي ان يعود ذكره في القنية وان لم يتذكر فلا كراهة ايضا لعدم القصد.

(غنية المستملي المعروف بالشرح الكبيرى ص ۳۵۰ فصل في بيان ما يكره في الصلاة)

وفي الهنديه: لو ذكر اية مكان آية ان وقف وقفاتاما ثم ابتدأ باية اخرىٰ او ببعض آية لا تفسد...... اما اذا لم يقف ووصل ان لم يغير المعنى...... لا تفسد اما اذا غير المعنىٰ... تفسد عند عامة علمائنا وهو الصحيح.

(فتاوىٰ عالمگيريه ص ۸۱ جلد ۱ الفصل الخامس في زلة القارى)

بلاضرورت شرعی نماز توڑنا حرام ہے

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ کوئی شخص گھر میں نماز پڑھ رہا ہے اسی اثناء میں باہر سے کوئی آواز دے، لیکن اُس وقت یا تو گھر میں کوئی موجود نہ ہو یا مستورات موجود ہیں لیکن غیرمحرم ہونے کی وجہ سے جواب نہ دے سکیں، اس صورت میں فرض نماز پڑھنے والا اسلام پھیر کر یعنی نماز کو توڑ کر جواب دے یا نماز پوری کر کے بعد میں جواب دے؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالحمید ایس وی درازندہ ڈی آئی خان.....۱۴/۲/۱۹۷۳ء

الجواب: نماز کو بلاضرورت شرعی فاسد کرنا حرام ہے﴿۱﴾ **قال الله تعالیٰ لا تبطلوا اعمالکم الاية** ﴿۲﴾. وھو الموفق

نماز کے دوران زلزلہ آنے پر کیا کریں؟

سوال: لوگ کمرے میں کھڑے نماز پڑھ رہے ہیں اسی دوران زلزلہ آئے، تو نماز کے درمیان کمرے سے باہر جائیں گے یا نماز پوری کریں گے؟ بینوا توجروا

المستفتی: گل فراز مصری بانڈہ نوشہرہ.....۸/فروری ۱۹۷۵ء

الجواب: اگر زلزلہ شدید ہو جس سے آبادی گرنے کا ظن غالب ہو تو نماز کا قطع کرنا ضروری ہوگا، ورنہ جائز ہوگا، ونظیرہ قطع الصلوٰۃ خشية سقوط الاعمیٰ (فلیراجع الی مراقی الفلاح علی ھامش الطحطاوی ص ۳۲۴) ﴿۳﴾. وھو الموفق

﴿۱﴾ قال العلامه شرنبلالی: والاصل ان نقض العبادة قصداً بلا عذر حرام لقوله تعالیٰ ولا تبطلوا اعمالکم. (امداد الفتاح ص ۴۹۵ باب ادراک الفریضة مع الامام وغیرہ)

﴿۲﴾ (سورۃ محمد پارہ: ۲۶ آیت: ۳۳ رکوع: ۸)

﴿۳﴾ قال العلامه حسن بن عمار بن علی الشرنبلالی: (و) یجوز قطعها لخشية (خوف) من (ذئب) ونحوه (علی غنم) ونحوها (او خوف تردی) ای ..(بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

نماز کی حالت میں زور سے حق الله یا هو الله کہنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر کوئی شخص نماز کے دوران میں بلند آواز سے کہہ دے حق الله یا هو الله، بعد میں یہ شخص کہدے کہ میں نے مجبوراً حالت وجد میں یہ کہا ہے اس سے نماز فاسد ہوتی ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبداللہ مانسہرہ.....۱۴۰۳ھ

الجواب: اگر اس نمازی نے یہ الفاظ ہوش کی حالت میں کہے ہوں تو اس کی نماز درست ہے﴿۱﴾ اگر بے ہوشی کی حالت میں کہے ہو تو بے ہوشی کی وجہ سے اس کا وضو اور نماز دونوں فاسد ہیں﴿۲﴾۔وهو الموفق

(بقیه حاشیه) سقوط (اعمیٰ) او غيره مما لا علم عنده (في بئر ونحوه) كحفيرة وسطح واذا غلب على الظن سقوطه وجب قطع الصلاة ولو فرضاً.

(مراقي الفلاح على هامش الطحطاوي ص ۲۰۴ قبيل باب الوتر واحكامه)

﴿۱﴾ قال العلامه ابن عابدين: (قوله فبسمل) يشكل عليه ما في البحر لو لدغته عقرب او اصابه وجع فقال بسم الله قيل تفسد لانه كالانين وقيل لالانه ليس من كلام الناس وفي النصاب وعليه الفتوىٰ وجزم به في الظهيرية وكذا لو قال يارب كما في الذخيرة.

(ردالمحتار ص ۴۵۹ جلد ۱ باب مايفسد الصلاة ومايكره فيها)

﴿۲﴾ قال العلامه ابن عابدين: وينقضه اغماء ومنه الغشي وجنون وسكر (قوله وينقضه اغماء) هو كما في التحرير آفة في القلب او الدماغ تعطل القوى المدركة والمحركة عن افعالها مع بقاء العقل مغلو بانهر، (قوله ومنه الغشي) بالضم والسكون تعطل القوى المحركة والحساسة لضعف القلب من الجوع او غيره قهستاني زاد في شرح الوهبانية بفتح فسكون وبكسرتين مع تشديد الياء وكونه نوعا من الاغماء موافق لما في القاموس وحدود المتكلمين قال في النهر الا ان الفقهاء يفرقون بينهما كالاطباء اى بانه ان كان ذلک التعطل لضعف القلب واجتماع الروح اليه بسبب.....(بقیه حاشیه اگلے صفحه پر)

درود ودعا پڑھتے وقت متابعت امام ضروری ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ التحیات پڑھنے کے بعد مقتدی درود یا دعا پڑھنے میں مصروف ہے اتنے میں امام سلام پھیرتا ہے تو مقتدی امام کی سلام میں متابعت کرے یا درود ودعا پورا کرے؟ بینوا توجروا

المستفتی: خواجہ عبدالسلام چترال.....۱۹۸۶ء/۵/۲۰

الجواب: متابعت امام ضروری ہے ﴿۱﴾۔ وھو الموفق

پانچویں رکعت کیلئے سہواً امام کے قیام پر مسبوق کی نماز کا حکم اور عورت کی محاذاۃ کا مسئلہ

سوال: امداد الفتاویٰ میں ہے ''امام چوتھی رکعت پر قعدہ کر کے یا بغیر قعدہ کے پانچویں رکعت کیلئے کھڑا ہو گیا ہو تو اگر امام چوتھی رکعت پر بیٹھ کر کھڑا ہوا ہے تو مسبوق منتظر رہے اگر وہ لوٹ آوے تو اس کے ساتھ سلام تک رہے ورنہ نماز اپنی پوری کر لے اور اگر وہ چوتھی پر نہیں بیٹھا تو بھی انتظار کرے اگر پانچویں رکعت کے سجدہ سے پہلے لوٹ آوے تو بھی سلام تک رہے اور اگر نہ لوٹا تو سب کی نماز باطل ہے'' امداد الفتاویٰ.

(الف) عبارت بالا سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر امام چوتھی رکعت پر بیٹھ کر یا بغیر بیٹھے پانچویں کیلئے کھڑا ہو گیا ہے تو دونوں صورتوں میں مسبوق اس کا اتباع نہ کرے بلکہ خاموش بیٹھا رہے، اگر وہ پانچویں رکعت

(بقیہ حاشیہ) بخنقه في داخله فلايجد منفذا فهو الغشي وان لامتلاء بطون الدماغ من بلغم فهو الاغماء ثم لما كان سلب الاختيار في الاغماء اشد من النوم كان ناقضاء على اى هيئة كان بخلاف النوم اسمعيل.

(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص۱۰۲ جلد۱ بعيد مطلب نوم الانبياء غير ناقض)

﴿۱﴾ وفي الهنديه: ولو سلم الامام قبل ان يفرغ المقتدى من الدعاء الذى يكون بعد التشهد او قبل ان يصلي على النبي ﷺ فانه يسلم مع الامام.

(فتاویٰ هنديه ص۹۰ جلد۱ الفصل السادس فيما يتابع الامام وفيما لا يتابعه)

کے سجدہ سے پہلے لوٹ آئے، تو اس کے (ساتھ سجدہ سہو کر کے) آخری سلام شروع ہونے پر کھڑا ہو جائے، اور اپنی نماز پوری کر لے کیا یہ مطلب صحیح ہے؟

(ب) جبکہ مسبوق امام کا ساتھ چھوڑ کر اپنی نماز پوری کر سکتا ہو تو اس کے نماز پوری کر لینے کے دوران یا بعد میں امام کی وہ نماز فاسد ہو جائے یا فرض کی بجائے نفل ہو جائے تو کیا اس مسبوق کی فرض نماز درست رہے گی؟

(ج) اگر امام (قعدہ اخیر کر کے کھڑا ہونے کی صورت میں) پانچویں رکعت پڑھ کے اور سجدہ سہو کر کے نماز ختم کرے، تو کیا امام کی اور اس کے مسبوق کی فرض نماز درست ہو جائے گی، بہشتی زیور باب مفسدات میں لکھا ہے، کہ اگر سجدہ میں جاتے وقت عورت کا سر مرد کے پاؤں کے محاذی ہو جائے تب بھی نماز جاتی رہے گی، لیکن متعدد فتاویٰ سے معلوم ہوا کہ عورت اور مرد کے قدم کے علاوہ کسی اور عضو کے برابر ہو جانے سے نماز فاسد نہیں ہوتی (مرد وعورت کے قدم کا کوئی حصہ دوسرے کے قدم کے محاذی ہو جائے تب نماز فاسد ہوتی ہے) پس اگر عورت مرد کے قدم سے پیچھے کچھ ہٹ کے نماز میں شامل ہوئی اگر چہ عورت کے بعض اعضاء رکوع اور سجود کی حالت میں مرد کے قدم یا کسی اور عضو کے محاذی ہو جائیں تو اس سے کسی کی نماز فاسد نہ ہوگی (شامی)۔

(۲)......(الف) ان دونوں میں سے کونسا قول راجح ہے؟ (ب) اگر نماز باجماعت پڑھتے ہوئے مرد کے کسی عضو کے ساتھ عورت کے کسی عضو کی مقدار رکن لگ جانے سے شہوت پیدا ہو جائے تو نماز فاسد ہوگی یا مکروہ؟ (ج) اور اگر رکن بھر سے کم لگے تب کیا حکم ہے مکروہ تحریمی ہے یا تنزیہی؟ بینوا توجروا

المستفتی: اکرام الحق محلہ قطب الدین راولپنڈی شہر......۲۱/۱۰/۱۹۷۲ء

الجواب: (۱) (الف) یہ مطلب درست ہے لیکن مسبوق کے ساتھ مختص نہیں ہے ہر مقتدی کیلئے یہی حکم ہے، **کما لا یخفیٰ علی من راجع الی ردالمحتار ص ۵۰۲ جلد ۱ باب السهو لانهم عبروا بالقوم فافهم.**

(ب) اگر نماز فرض کی بجائے نفل ہوئی تو مسبوق کی نماز درست نہیں اور اگر خامس کے سجدہ سے پہلے عود کیا تو نماز درست ہے ﴿۱﴾ اگر نماز میں قعدہ کے بعد مرتد ہوا تو نماز درست ہے ﴿۲﴾ فلیراجع الی ردالمحتار ص۴۹۷،۴۹۸ جلد ا باب الامامۃ. (ج) ان کی نماز فاسد نہیں ہے (ردالمحتار ص ۵۰۲ جلد ا ﴿۳﴾.

(۲)......(الف) راجح قول یہ ہے کہ عورت کا قدم جب مرد کے کسی عضو کے ساتھ محاذی ہو جائے تو نماز

﴿۱﴾ قال العلامة ابن عابدين رحمه الله: (قوله ان بعد القعود) اى قعود الامام القعدة الاخيرة (قوله والا) اى وان لم يقعد وتابعه المسبوق لا تفسد صلاته لان ماقام اليه الامام على شرف الرفض ولعدم تمام الصلاة فان قيدها بسجدة انقلبت صلاته نفلا فان ضم اليها سادسة ينبغى للمسبوق ان يتابعه ثم يقضى ما سبق به وتكون له نافلة كالامام
(ردالمحتار ص۴۴۳ جلد ا قبيل باب الاستخلاف)
قال ابن نجيم: وان لم يقعد لم تفسد حتى يقيد الخامسة بالسجدة فاذا قيدها بالسجدة فسدت صلاة الكل. (البحر الرائق ص۳۷۸ جلد ا باب الحدث فى الصلوٰة)
﴿۲﴾ قال العلامه ابن عابدين: ان صلاة الامام متضمنة لصلاة المقتدى ولذا اشترط عدم مغايرتهما فاذا صحت صلاة الامام صحت صلاة المقتدى الا لمانع آخر واذا فسدت صلاته فسدت صلاة المقتدى لانه متى فسد الشئ فسد ما فى ضمنه...... (قوله او فاقد شرط) وقيدنا ظهور البطلان بفوات شرط او ركن اشارة الى انه لوطرأ المفسد لا يعيد المقتدى فى صلاته كما لو ارتد الامام او سعى الى الجمعة بعد ماصلى الظهر بجماعة وسعى هو دونهم فسدت صلاته فقط...... ومثله لو سلم القوم قبل الامام بعد ما قعد قدرالتشهد ثم عرض له واحد منها فانها تبطل صلاته وحده وكذا اذا سجد هو للسهو ولم يسجد القوم ثم عرض له ذلك كما فى البحر فهذه جملة مسائل تفسدفيها صلاة الامام مع صحة صلاة المؤتم ولا تنتقض القاعدة السابقة بذلك لان هذا الفساد طارئ على صلاة الامام بعد فراغ الامامة فلا امام ولا مؤتم فى الحقيقة. (ردالمحتار هامش الدرالمختار ص۴۳۸ جلد ا مطلب المواضع التى تفسد صلاة الامام دون الموتم)
﴿۳﴾ قال العلامة ابن عابدين رحمه الله: (قوله وخصه الزيلعى) حيث قال المعتبر فى المحاذاة الساق والكعب فى الاصح وبعضهم اعتبر القدم ......(بقیه حاشیه اگلے صفحه پر)

فاسد ہوگی، فلیراجع الی ردالمحتار ص ۳۸۵ جلد ۱ ﴿۱﴾.

(ب) صرف شہوت مفسد نہیں ہے جب تک باقاعدہ محاذات موجود نہ ہوئی ہوں ﴿۲﴾ البتہ قصداً ارادۂ شہوت پیدا کرنا مکروہ ہے اور قواعد سے کراہت تنزیہ معلوم ہوتا ہے (لانه من المبادی) خواہ مقدار رکن ہو یا کم ہو۔ فقط

حالت جنگ میں سائرن بجنے پر نماز یا خطبہ چھوڑ کر خندق میں گھسنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ فضائی حملے کا سائرن نماز کے وقت بج جائے تو نماز کو پوری کریں گے یا خندق میں بچاؤ کیلئے گھس جائیں گے، نیز اگر امام جمعہ کے دن وعظ کر رہا ہو اور خطرہ کا سائرن بج جائے تو وعظ سنیں گے یا خندق میں جائیں گے؟ بینوا توجروا

المستفتی: عطاء محمد کلرک آفس آف دی انجینئر ملاکنڈ ایجنسی

(بقیہ حاشیہ) فعل قول البعض لو تاخرت عن الرجل ببعض القدم تفسد وان کان ساقها وکعبها متأخرا عن ساقه وکعبه وعلی الاصح لا تفسد وان کان بعض قدمها محاذیا لبعض قدمه ...... المحاذاة ان یحاذی عضو منها عضوا من الرجل حتی لو کانت المرأة علی الظلة ورجل بحذائها اسفل منها ان کان یحاذی الرجل شیأ منها تفسد صلاته...... لان المراد بقوله ان یحاذی عضو منها هو قدم المرأة لا غیر فان محاذاة غیر قدمها لشئ من الرجل لا یوجب فساد صلاته. (ردالمحتارهامش الدرالمختار ص ۴۲۳ جلد ۱ قبیل مطلب الواجب کفایة هل یسقط بفعل الصبی وحده)

﴿۱﴾ قال ابن عابدین: المحاذاة ان یحاذی عضو منها عضوا من الرجل حتی لو کانت المرأة علی الظلة ورجل بحذائها اسفل منها ان کان یحاذی الرجل شینا منها تفسد صلاته وانما عین هذه الصورة لتکون قدم المرأة محاذیة للرجل.

(ردالمحتارهامش الدرالمختار ص ۴۲۳ جلد ۱ قبیل مطلب الواجب کفایة هل یسقط الخ)

﴿۲﴾ قال ابن عابدین : (قوله لانه فی المرأةغیر معلول بالشهوة) ای لیست علة الفساد الشهوة ولذا افسدنا بالعجوز الشوهاء وبالمحرم کامه وبنته واما عدم الفساد فیمن لم تبلغ حد الشهوة کبنت سبع فلقصورها عن درجة النساء فکان الامر بتأخیر هن غیر شامل لها ظاهراً هذا ما ظهر لی فتامله. (ردالمحتار ص ۴۲۶ جلد ۱ مطلب الواجب کفایة هل یسقط بفعل الصبی)

الجواب: قال الله تعالىٰ : لا تبطلوا اعمالكم ﴿۱﴾ اس سے معلوم ہوا کہ نماز کا فاسد کرنا (بلاضرورت شرعی) حرام ہے ﴿۲﴾ اور چونکہ تجربہ سے معلوم ہے کہ سائرن بجنے کے باوجود کبھی حملہ نہیں ہوتا ہے اور اگر حملہ ہوتا بھی ہے تو غالباً اڈہ وغیرہ سرکاری وفوجی مقامات پر ہوتا ہے، لہٰذا محض خطرہ اور احتمال کی وجہ سے نماز اور خطبہ سے جانا جائز نہیں ہے۔ بے شک وعظ (جو کہ خطبہ سے پہلے ہوتا ہے) کے وقت اٹھنا اور خندق میں لیٹ جانا جائز ہے کیونکہ وعظ سننا مستحب ہے۔ وهو الموفق

نماز میں تنحنخ (کھنکھارنے) کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین کہ نماز میں تنحنح کرنے کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: از مدرسہ اسلامیہ منہاج العلوم ترناب

الجواب: جس تنحنح سے حروف پیدا نہ ہوتو وہ مفسد نہیں ہے اور جس سے حروف پیدا ہوں تو بلاضرورت مفسد ہے، اور عند الضرورت مباح ہے، کمافی فتح القدیر ﴿۳﴾. وهو الموفق

﴿۱﴾ (پارہ: ۲۶ سورۃ محمد آیت: ۳۳ رکوع ۷)

﴿۲﴾ قال العلامه ابن الهمام: (ضرورة صيانته) اى المؤدى يفيد ان الملاحظ لزومه او لا صيانة المؤدى الواقع قربة عن البطاله لان مورد النص قال تعالىٰ ولا تبطلوا اعمالكم وهو اعم من ابطالها قبل اتمامها بالافساد او بعده بفعل ما يحبطه ونحوه فلذلک لزم الاتمام بقى ان يقال ان لزوم الاتمام هل يستلزم شرعا القضاء بتقدير عدمه الخ. (فتح القدير ص ۳۹۲ جلد ۱ فصل فى القرأة)

﴿۳﴾ (وان تنحنح بغير عذر) بان لم يكن مدفوعا اليه (وحصل به الحروف ينبغى ان يفسد عندهما وان كان بعذر فهو عفو كالعطاس) .قال ابن الهمام: (قوله ينبغى) انما لم يجزم بالجواب لثبوت الخلاف فيما اذا لم يكن مدفوعا له بل فعله لتحسين الصوت فعند الفقيه اسمعيل الزاهد تفسد وعند غيره لا وهو الصحيح لان ما للقراءة ملحق بها وكذا لو تنحنح للاعلام انه فى الصلاة ولو نفخ مسموعا فسدت واختلف فى معنى المسموع فالحلوانى وغيره ما يكون له حروف كاف تف تفسد والا فلا تفسد وبعضهم لا يشترط الحروف الا فى الفساد بعد كونه مسموعاً واليه ذهب شيخ الاسلام وعلى هذا لو نفرطائراً او دعاه بما هو مسموع.
(هدايه مع فتح القدير ص ۳۴۶،۳۴۷ جلد ۱ باب مايفسد الصلاة ومايكره فيها)

کعبہ کے درمیان محاذات المرأۃ (عالمگیری کی عبارت کی وضاحت)

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ نماز میں وہ کونسی صورت ہے جس میں عورت ساتھ آ کر کھڑی ہو تو مرد کی نماز ٹوٹ جاتی ہے، اس میں محاذات کا مفہوم یعنی آمنے سامنے اور مقابل ایک دوسرے کی طرف منہ ہونا یا امام کے منہ کے سامنے عورت کا پیٹھ ہو جانا مراد ہے یا عورت کا ساتھ برابر دائیں یا بائیں کھڑا ہو جانا ہے نہ آگے نہ پیچھے، عبارت ذیل کے مفہوم کے مطابق جس صورت میں امام کی نماز ٹوٹ جاتی ہے اس کا محل کیا ہے؟ **ولو قام الامام فی الکعبة وتحلق المقتدون حولها جازاذا کان الباب مفتوحا کذا فی التبیین، وان وقفت امرأة بحذاء الامام ونوی الامام امامتها فان استقبلت الجهة التی استقبلها الامام فسدت صلوته وان استقبلت الجهة الاخریٰ لا تفسد، کذا فی الظهریة،** غالباً اس صورت میں تو آمنے سامنے مقابل ایک دوسرے کی طرف منہ ہونے کا مفہوم تو ہو سکتا ہے کہ دروازہ کعبہ کا کھلا ہے مگر ساتھ اور برابر دائیں بائیں کا مفہوم نہیں ہو سکتا ہے کیونکہ امام کعبہ کے اندر ہے اور مقتدی باہر ہیں اس عبارت کا درست ترجمہ و مطلب کیا ہوگا۔ بینوا و توجروا

المستفتی: مجلس منتظمہ اشاعت فتاویٰ ہندیہ سہگل ضلع جہلم ۱۹۷۰ء/ ۵/ ۱۷

الجواب: محاذات مفسدہ تین صورتوں میں شامل ہیں، دائیں طرف بلافصل، بائیں طرف بلافصل، سامنے یا بالمقابل (شامی) یعنی اتحاد استقبال کے وقت اور کعبہ کے درمیان اختلاف جہت موجود ہے لہٰذا یہ محاذات مفسدہ نہیں ہے (**فلیراجع الی ردالمحتار ص ۵۳۸ جلد ۱**) ﴿۱﴾ اور یہ حکم کعبہ کے درمیان تینوں صورتوں میں یکساں ہے، کیونکہ عورت بھی کعبہ کے درمیان میں ہے لیکن اس کی جہت مخالف ہے۔ وھو الموفق

﴿۱﴾ **قال ابن عابدین رحمه الله : (تنبیه) اعترض فی البحر تفسیر المحاذاة بما ذکرهنا الزیلعی بانه قاصر لانه لا یشمل التقدم وقد صرحوا بان المرأة**...... (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

لاؤڈ سپیکر پر نماز وخطبہ اور ایذاء کی صورت میں تلاوت وغیرہ کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ لاؤڈ سپیکر پر نماز جمعہ اور خطبہ اور حفاظ کرام کا بعض اوقات میں تلاوت اور ختم قرآن وغیرہ جائز ہے یا نہیں؟ جبکہ ضرورت بھی ہو اس کے بغیر آواز نہیں سنی جاسکتی؟ بینوا توجروا

المستفتی: مولوی عبدالغنی مردان.....۱۲/ ربیع الاول ۱۴۰۱ھ

الجواب: لاؤڈ سپیکر پر نماز وخطبہ پڑھنا بذات خود نہ ممنوع ہے اور نہ مطلوب ہے، ولیس فیہ التعلم من خارج الصلوٰۃ بل ھذہ الآلۃ واسطۃ لیعرف حال الامام ونظیرہ مارواہ ابوداؤد وغیرہ من تعرف بعض الصحابۃ انقضاء صلاۃ النبی ﷺ بتکبیر الصفوف الاول ﴿۱﴾.
البتہ عوارض خارجیہ مثلاً تصادم اصوات، ایذاء وغیرہ وجوہات کی وجہ سے ممنوع ہوگا، یدل علیہ ما فی ردالمحتار ص۶۱۸ جلد ۱ قال اجمع العلماء سلفاً وخلفاً علی استحباب ذکر الجماعۃ فی المساجد وغیرھا الا ان یشوش جھرھم علی نائم او مصل او قاری فافھم ﴿۲﴾.
نوٹ:......جس شخص کو ٹیلی ویژن وغیرہ کی آواز نشر کرنے پر اعتراض نہ ہو تو اس کا اعتراض قابل اعتراض ہے۔ وھو الموفق

(بقیہ حاشیہ) الواحدۃ تفسد صلاۃ ثلاثۃ اذا وقفت فی الصف من عن یمینھا ومن عن یسارھا ومن خلفھا فالتفسیر الصحیح للمحاذاۃ المفسدۃ ان تقوم بجنب الرجل من غیر حائل او قدامہ واجاب فی النھر بان المرأۃ انما تفسد صلاۃ من خلفھا اذا کان محاذیالھا.
(ردالمحتار ص۴۲۳ جلد ۱ باب الامامۃ مطلب الواجب کفایۃ ھل یسقط بفعل الصبی)

﴿۱﴾ عن عبد اللہ بن عباس قال کان یعلم انقضاء صلوۃ رسول اللہ ﷺ بالتکبیر.
(سنن ابی داؤد ص۱۵۰ جلد ۱ باب التکبیر بعد الصلوٰۃ)

﴿۲﴾ (ردالمحتار ص۴۸۸ جلد ۱ مطلب فی رفع الصوت بالذکر فی المساجد)

نماز وخطبہ میں لاؤڈ سپیکر کا استعمال جائز ہے

سوال: جمعہ وعیدین اور خطبہ میں لاؤڈ سپیکر کا استعمال جائز ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: حافظ حبیب الرحمٰن قریشی پھگواڑی راولپنڈی......۲۷/دسمبر ۱۹۷۹ء

الجواب: نماز اور خطبہ میں لاؤڈ سپیکر کا استعمال کرنا بذات خود جائز ہے خواہ اس آلہ سے اصل آواز کا بلند ہونا حقیقت ہو یا اس سے عکس سنا جاتا ہو﴿۱﴾۔ **اما علی التقدیر الاول فالامر ظاهر واما علی التقدیر الثانی فلانها واسطة لتعرف حالات الامام لا انها یؤتم به ونظیره ماروٰه ابو داؤد عن ابن عباس رضی الله عنهما انهم کانوا لا یعرفون انقضاء الصلوٰة الا بالذکر فافهم**﴿۲﴾ البتہ اگر تصادم کی وجہ سے اشتباہ کا خطرہ ہو تو اجتناب ضروری ہے﴿۳﴾۔ **وهو الموفق**

میدان جہاد میں سواری پر نماز پڑھ کر اعادہ نہیں کیا جائے گا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ میدان جنگ وجہاد

﴿۱﴾ لاؤڈ سپیکر کے متعلق اہل سائنس کی تحقیق یہ ہے کہ لاؤڈ سپیکر کی آواز متکلم ہی کی آواز ہوتی ہے جو اس آلہ کے ذریعہ قوی ہو جاتی ہے عکس اور صدائے بازگشت میں آواز ٹکرا کر دوبارہ سنائی دیتی ہے جبکہ لاؤڈ سپیکر میں وہی آواز ضعیف سے بلند بن جاتی ہے اور اس میں دو آوازیں نہیں سنائی جاتی۔

(وللتفصیل فلیطالع امداد الفتاویٰ ص ۵۸۲ تا ۶۰۸)......(ازمرتب)

﴿۲﴾ **ان ابن عباس اخبره ان رفع الصوت للذکر حین ینصرف الناس من المکتوبة کان ذلک علی عهد رسول الله ﷺ وان ابن عباس قال کنت اعلم اذا انصرفوا بذلک واسمعه.**

(سنن ابی داؤد ص ۱۵۰ جلد ۱ باب التکبیر بعد الصلوٰۃ)

﴿۳﴾ **قال العلامة ابن عابدین رحمه الله: اجمع العلماء سلفاً وخلفاً علی ذکر الجماعة فی المساجد وغیرها الا ان یشوش جهرهم علی نائم او مصل او قارئ.**

(ردالمحتار ص۴۸۸ جلد ۱ مطلب فی رفع الصوت بالذکر)

میں دشمن کے مقابلہ میں (اترنے کی سہولت نہ ہونے پر) سواری پر بیٹھے بیٹھے نماز پڑھنا درست ہے تو پھر اس نماز کا اعادہ واجب ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: اکرام الحق غفرلہ ای ۲۳۶ راولپنڈی.....۲/محرم ۱۳۹۲ھ

الجواب: اعادہ نہیں ہے (ھندیه ص ۱۶۵ جلد ۱) ﴿۱﴾. وھوالموفق

قالین پر صلیب کی شکل کے اوپر نماز پڑھنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ جس قالین یا دری پر صلیب کی شکل موجود ہو (+) اس پر نماز پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: مولوی زلے خان ابوظہبی الامارات العربیۃ المتحدہ.....۳۰/۵/۱۴۰۱ھ

الجواب: یہ شکل کشیدہ شکل صلیبی ہے اس کا بنانا بہرحال مکروہ ہے مگر اس پر کھڑے ہو کر نماز مکروہ نہیں ہے، البتہ صلیب اور تصویر پر سجدہ کرنا مکروہ ہے، **لمافی الھندیه وفی البساط روایتان والصحیح انه لا یکره علی البساط اذا لم یسجد علی التصاویر ﴿۲﴾ ص ۱۱۳ جلد ۱ وفی ردالمحتار ص ۲۰۶ جلد ۱ والظاھر انه یلحق به الصلیب وان لم یکن تمثال ذی روح ﴿۳﴾ قلت والیه میلان الامام البخاری ﴿۴﴾. وھوالموفق**

﴿۱﴾ وفی الھندیه: فان اشتد الخوف صلوا رکبانا فرادی یومون بالرکوع والسجود الی ای جھة شاؤا اذا لم یقدرو علی التوجه الی القبلة کذا فی الھدایه...... ولا یصلون بجماعة رکبانا الا ان یکون الامام والمقتدی علی دابة فیصح اقتداء المقتدی به واذا صلی بالایماء لم تلزمه الاعادة . (فتاویٰ ھندیه ص ۱۵۶ جلد ۱ الباب العشرون فی صلاة الخوف)

﴿۲﴾ (فتاویٰ ھندیه ص ۱۰۷ جلد ۱ الفصل الثانی فیما یکره الصلاة ومالا یکره)

﴿۳﴾ (ردالمحتار ھامش الدرالمختار ص ۴۷۹ جلد ۱ مطلب مکروھات الصلاة)

﴿۴﴾ محمد بن اسماعیل البخاری رحمہ اللہ نے صحیح البخاری کے ابواب وتراجم کو ایک دقیق نظر سے مدون فرمائے ہیں اور اس لئے کہا جاتا ہے، ان فقه البخاری فی تراجمه، یعنی آپ نے فقہ...... (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

نماز میں زبان سے بے اختیار جل جلالہ او صلی اللہ علیہ وسلم کا نکلنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ نماز کے اندر کسی سے اللہ کا نام سن کر جل جلالہ یا حضور ﷺ کا نام سن کر ﷺ جواباً نہیں بلکہ بے اختیار زبان سے نکل جائے تو یہ مکروہ تحریمی ہے یا تنزیہی؟ بینوا توجروا

المستفتی: اکرام الحق ایف ۲۸۷ نشتر آباد......۱۶/ ذی الحجہ ۱۳۸۹ھ

الجواب: جب جوابانہ ہو تو مفسد نہیں ہے ﴿۱﴾ الدرالمختار علی ھامش ردالمحتار ص ۵۱۸ جلد ۱ اور کراہت کے متعلق تصریح نہیں ملی، لیکن قواعد سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر اضطراراً ہو، تو کراہت نہیں ہے اور اگر ارادتاً ہو (ارادہ تعظیم) تو کراہت تحریمی ہے ﴿۲﴾ (لکونہ منویا للاستماع). فقط

(بقیہ حاشیہ) اصول، علم کلام وغیرہ مختلف علوم اس میں جمع کئے ہیں، مطلب یہ کہ فقہی لحاظ سے جو مسائل آپ نے اختیار کئے ہیں آپ کے ابواب وتراجم سے ظاہر ہوتے ہیں اسی طرح ان مسائل سے نشان صلیب کو تصویر کے حکم میں داخل کرنا بھی ہے اور حدیث میں صلیب کا ذکر نہیں ہے اور ترجمۃ الباب میں ذکر فرمایا ہے، ولذا قال سیدی وشیخی المفتی اعظم مفتی محمد فرید دامت برکاتھم، والیہ میلان الامام البخاری حیث قال: باب ان صلی فی ثوب مصلب او تصاویر ھل تفسد صلاتہ وما ینھی من ذلک.

(صحیح البخاری ص ۵۴ جلد ۱ کتاب الصلوٰۃ)......(ازمرتب)

﴿۱﴾ قال العلامۃ الحصکفی رحمہ اللہ: سمع اسم اللہ تعالیٰ فقال جل جلالہ او النبی ﷺ فصلی علیہ او قرأۃ الامام فقال صدق اللہ ورسولہ تفسد ان قصد جوابہ.

(الدرالمختار علی ھامش ردالمحتار ص ۴۵۹ جلد ۱ باب مایفسد الصلاۃ ومایکرہ فیھا)

﴿۲﴾ قال ابن عابدین: (قولہ تفسد ان قصد جوابہ) ذکر فی البحر انہ لو قال مثل ماقال المؤذن ان اراد جوابہ تفسد وکذا لو لم تکن لہ نیۃ لان الظاھر انہ اراد بہ الاجابۃ وکذلک اذا سمع اسم النبی ﷺ فصلی علیہ فھذا اجابۃ، ویشکل علی ھذا کلہ مامر من التفصیل فیمن سمع العاطس فقال الحمد للہ تامل واستفید انہ لو لم یقصد الجواب بل قصد الثناء والتعظیم لا تفسد لان نفس تعظیم اللہ تعالیٰ والصلاۃ علی نبیہ ﷺ لا ینافی الصلاۃ کما فی شرح المنیۃ.

(ردالمحتار ھامش الدرالمختار ص ۴۵۹ جلد ۱ قبیل مطلب فی التشبہ باھل الکتاب)

نمازی پرناپاک پرندہ یا بچہ کا بیٹھ جانا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر کسی نماز پڑھنے والے کے جسم پر کوئی پرندہ یا بچہ بیٹھ جائے اور اس پر مفسد نماز کی مقدار پر نجاست لگی ہوتو کم از کم کتنی دیر بیٹھنے سے نماز فاسد ہوگی کیونکہ بیٹھنے کے بعد پرندہ یا بچہ ہٹ بھی سکتا ہے۔ بینوا توجروا

المستفتی: اکرام الحق نشتر آبادراولپنڈی......۱۹۶۹ء/ ۹/ ۱۷

الجواب: پرندہ کے بیٹھنے سے کوئی نقصان نہیں پہنچتا ہے خواہ ماکول اللحم ہو یا غیر ماکول اللحم، پاک ہو یا ناپاک ہو، اور بچہ جب پکڑنے کے بغیر بھی نہیں گرتا ہو، تو پھر بھی یہی حکم ہے اور اگر اتنا چھوٹا ہو کہ بغیر پکڑنے کے گرتا ہو تو اگر اس کا بدن پاک ہو تو تب بھی یہی حکم ہے اور اگر ناپاک ہو تو مقدار رکن سے کم مضر نہیں اور مقدار رکن یا زائد مفسد صلوٰۃ ہے، ملاحظہ ہو (عالمگیری ص ۶۵ جلد ۱) ﴿۱﴾ ویدل علیه حدیث حمل امامة بنت زینب ﴿۲﴾۔ فقط

نمازی کے بدن پرناپاک کتے اور ناپاک پرندہ کے بیٹھنے سے فساد نماز میں باریک فرق

سوال: محترم حضرت مفتی صاحب السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! بعد از اداب آں کہ جواب گرامی

﴿۱﴾ وفی الهندیه اذا وضع فی حجر المصلی الصبی الغیر المستمسک وعلیه نجاسة مانعة ان لم یمکث قدر ما امکنه اداء رکن لا تفسد صلاته وان مکث تفسد بخلاف ما لو استمسک وان طال مکثه وکذا الحمامة المستنجسة اذا جلست علیه هکذا فی الخلاصه وفتح القدیر. (فتاوی عالمگیریه ص ۶۳ جلد ۱ قبیل استقبال القبلة)

﴿۲﴾ قال العلامه محمد امین ابن عابدین: قد ورد فی الصحیحین وغیرهما عن ابی قتادة ان النبی ﷺ کان یصلی وهو حامل امامة بنت زینب بنت النبی ﷺ فاذا سجد وضعها واذا قام حملها، وقد اجیب عنه باجوبة منها ما ذکره الشارح انه منسوخ بما ذکره من الحدیث وهو مردود بان حدیث ان فی الصلاة لشغلا کان قبل الهجرة وقصة امامة بعدها ومنها مافی البدائع انه ﷺ لم یکره منه ذلک لانه کان محتاجا الیه لعدم...... (بقیه حاشیه اگلے صفحه پر)

موصول ہوکر باعث انبساط ہوا، اب ایک اور اشکال ہے اور وہ یہ کہ حضرت تھانوی رحمہ اللہ کی افاضات میں ہے۔ (بہشتی زیور یا امداد الفتاویٰ میں ماخوذ از شرح تنویر ورد المحتار) کہ اگر نماز پڑھنے والے کے جسم پر کتا بیٹھ جائے اور اس کے منہ سے لعاب نہ نکلتا ہو تو اس سے نماز فاسد نہ ہوگی، ادھر جناب نے تحریر فرمایا ہے کہ پرندہ اگر ناپاک بھی نمازی پر بیٹھ جائے تو نماز فاسد نہ ہوگی (از عالمگیری) اب سوال یہ ہے کہ جب کتے کے منہ سے لعاب نکلتا ہو یعنی ناپاک کتے سے جب نماز فاسد ہوسکتی ہے تو ناپاک پرندہ سے کیوں فاسد نہیں ہوتا، حالانکہ دونوں جانور ہیں پرندہ اور کتے میں کیا فرق ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: اکرام الحق مکتبہ اسلامیہ نشتر آباد راولپنڈی

الجواب: چونکہ کتا بغیر پکڑنے کے بدن پر متمسک ہوتا ہے لہٰذا پرندے اور کتے کے حکم میں اور کوئی فرق نہیں ہے صرف یہ فرق ہے کہ کتے کے منہ سے جب لعاب نکلتا ہو تو نمازی کا بدن یا کپڑا ضرور ناپاک ہوگا جو کہ مفسد نماز ہے، ورنہ کتا پاک ہو یا ناپاک بدن پر اس کا بیٹھنا مضر نہیں ہے (صرح به فی ردالمحتار ص ۱۹۲ جلد ۱) ﴿۱﴾. فقط

(بقیہ حاشیہ) من يحفظها او للتشريع بالفعل ان هذا غير مفسد ومثله ايضا فی زماننا لا يكره لو احد منا فعله عند الحاجة اما بدونها فمكروه، وقد اطال المحقق بن امير حاج في الحيلة في هذا المحل ثم قال ان كونه للتشريع بالفعل هو الصواب الذى لا يعدل عنه كما ذكره النووى فانه ذكر بعضهم انه بالفعل اقوىٰ من القول ففعله ذلک لبيان الجواز وان الادمي طاهرو مافي جوفه من النجاسة معفو عنه لكونه في معدته وان ثياب الاطفال واجسادهم طاهرة حتى تحقق نجاستها وان الافعال اذا لم تكن متواليه لا تبطل الصلاة فضلا عن الفعل القليل الى غير ذلک.
(ردالمحتار هامش الدر المختار ص ۴۸۳ جلد ۱ قبيل مطلب فی احكام المسجد)

﴿۱﴾ قال العلامة ابن عابدين رحمه الله: (قوله ولا صلاة حامله) قال فی البدائع قال مشايخنا من صلى وفى كمه جرو تجوز صلاته وقيده الفقية ابو جعفر الهندوانی بكونه مشدود الفم ، وفی المحيط صلى ومعه جر وكلب او مالا يجوز الوضوء بسؤره قيل لم يجز والاصح انه ان كان فمه مفتوحا لم يجز لان لعابه يسيل فی كمه..... (بقيه حاشيه اگلے صفحه پر)

نماز میں بے اختیار منہ سے بعض الفاظ کا نکلنا اور رونا

سوال: حضرت الشیخ المحدث الفقیہ حضرت مفتی صاحب السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

(۱) کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ جو شخص بوجہ عشق ومحبت بلا اختیار منہ سے یہ الفاظ نکالے کہ "یاالٰہی تو میرا ہے" یا یہ الفاظ کہہ دے "یا صرف میرے اللہ" یہ الفاظ کہنا کیسا ہے؟

(۲) اگر کوئی شخص نماز میں خوف کی وجہ سے روئے یا رونے کی آواز نکالے یا منہ سے "یا اللہ" کی آواز نکالے کیا اس سے نماز فاسد ہو جاتی ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: رحمت کریم ڈاک اسماعیل خیل نوشہرہ......یکم ذالحجہ ۱۳۸۹ھ

الجواب: (۱) اگر مکر وفریب کیلئے نہ ہو تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے کیونکہ غیر اختیاری امور میں مواخذہ نہیں ہوتا ہے ﴿۱﴾۔ (۲) نماز فاسد نہیں ہوتی ﴿۲﴾۔ وھو الموفق

(بقیہ حاشیہ) فینجس لو اکثر من قدر الدرھم ولو مشدودا بحیث لا یصل لعابہ الی ثوبہ جاز لان ظاھر کل حیوان طاھر لایتنجس الا بالموت ونجاسۃ باطنہ فی معدتہ فلایظھر حکمھا کنجاسۃ باطن المصلی ، والا شبہ اطلاق الجواز عند امن سیلان القدر المانع قبل الفراغ من الصلاۃ کما ھو ظاھر ما فی البدائع حلیۃ واشار شارح بقولہ ولو کبیرا الی ان التقیید بالجر واصحۃ التصویر بکونہ فی کمہ کما فی النھر وشرح المقدسی لا لما ظنہ فی البحر من ان الکبیر ماواہ النجاسات فلا تصح صلاۃ حاملہ فانہ یرد علیہ کما قال المقدسی ان الصغیر کذلک ثم الظاھر ان التقید بالحمل فی الکم مثلالا خراج ما لو جلس الکلب علی المصلی فانہ لا یتقید بربط فمہ لما صرح بہ فی الظھیریۃ من انہ لو جلس علی حجرہ صبی ثوبہ نجس وھو یستمسک بنفسہ او وقف علی رأسہ حمام نجس جازت صلاتہ۔

(ردالمحتارھامش الدرالمختار ص ۱۵۳ جلد ۱ باب المیاہ)

﴿۱﴾ قال العلامہ عماد الدین ابن کثیر: (قولہ لا یکلف اللہ نفسا الا وسعھا) ای لا یکلف احداً فوق طاقتہ، وھذا من لطفہ تعالیٰ بخلقہ ورأفتہ بھم واحسانہ الیھم وھذہ ھی الناسخۃ الرافعۃ لما کان اشفق منہ الصحابۃ فی قولہ وان تبدوا مافی...... (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

نماز میں غیر عربی زبان میں دعا اور مغلوب الحال کی نماز کا حکم

سوال: بخدمت جناب حضرت مولانا مفتی صاحب دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک!

گزارش ہے کہ ماہنامہ الحق بابت فروری ۱۹۷۰ء میں علوم ومعارف کے تحت ایک واقعہ پڑھ کر کچھ غلط فہمی ہو گئی ہے وہ واقعہ مولوی تجمل حسین صاحب کا ہے جس میں مولانا صاحب نے نماز میں پند نامہ کی دعا وغیرہ پڑھنی شروع کردی تھی، اور حضرت عبدالرحمٰن جامی نے منع نہ فرمایا اور مسکراتے رہے لیکن اشرف علی تھانوی لکھتے ہیں کہ کیونکہ نماز فاسد نہ ہوتی تھی چنانچہ فقہاء نے لکھا ہے کہ نماز کے اندر دعا اگر غیر عربی میں ہو تو حرام ہے مگر مفسد صلوۃ نہیں، اور حرمت اسلئے نہ تھی کہ مغلوب الحال تھے معذور تھے تمام عبارات کو پڑھ کر ذہن میں کچھ سوالات پیدا ہوگئے ہیں جو درج ذیل ہیں امید ہے تسلی بخش جواب سے نوازیں گے۔

(۱) کیا نماز میں دعائے پند نامہ یا دوسری کوئی دعا غیر عربی میں پڑھنے سے نماز واقعتاً فاسد نہیں ہوتی۔ (۲) کن فقہاء نے اسے صحیح قرار دیا ہے ان کے نام مع حوالوں کے لکھے جائیں۔ (۳) اگر نماز میں غیر عربی میں دعا مانگنا حرام ہے تو پھر نماز فاسد کیوں نہیں ہوتی۔ (۴) کیا مغلوب الحال کیلئے نماز میں غیر عربی میں دعا مانگنا جائز ہے۔ (۵) کیا مغلوب الحال کی نماز درست ہے۔ (۶) اگر یہ سب کچھ جائز ہیں تو

(بقیہ حاشیہ) انفسکم او تخفوہ یحاسبکم بہ اللہ ای ہو وان حاسب وسأل لکن لا یعذب الا بما یملک الشخص دفعہ فاما ما لا یملک دفعہ من وسوسۃ النفس وحدیثہا فھذا لا یکلف بہ الانسان وکراھیۃ الوسوسۃ السیئۃ من الایمان.

(تفسیر ابن کثیر ص۳۴۷ جلد ۱ سورۃ البقرہ آیت نمبر: ۲۸۶)

﴿۲﴾ قال العلامہ ابن عابدین: (قولہ لا لذکر جنۃ او نار) لان الانین ونحوہ اذا کان یذکر ھما صار کانہ قال اللھم انی اسألک الجنۃ واعوذبک من النار ولو صرح بہ لا تفسد صلاتہ وان کان من وجع او مصیبۃ صار کانہ یقول انا مصاب فعزونی ولو صرح بہ تفسد کذا فی الکافی درر. (ردالمحتار ھامش الدرالمختار ص۴۵۸ جلد ۱ باب مایفسد الصلاۃ ومایکرہ فیھا)

پھر ڈاکٹر فضل الرحمٰن اور دیگر حضرات جو نماز کو اردو میں جائز قرار دیتے ہیں کی کیوں مخالفت کی جاتی ہیں، تشفی فرما کر اجر دارین حاصل فرماویں۔ بینوا توجروا

المستفتی: حافظ عبدالستار ریل بازار صادق آباد

الجواب: (۲،۱) ماسوئی لغت عربی کے دیگر لغات میں دعا کرنے کو مصنف درمختار نے حرام کہا ہے حیث قال ودعا بالعربية وحرم بغيرها (هامش ردالمحتار ص ۴۸۶ جلد ۱) لیکن ردالمحتار سے معلوم ہوتا ہے کہ جب اس کا مدلول معلوم ہو یعنی دعا کرنے والا اس کے مطلب کو سمجھتا ہے تو جائز ہے لیکن یہ قرامتی مالکی کا قول ہے اور والوالجیۃ کی تعلیل سے اس کا خلاف اولیٰ ہونا معلوم ہوتا ہے، صرح به العلامة الشامي في صفحة السابقة، اور نماز کا عدم فساد بھی اسی صفحہ میں مسطور ہے حيث قال واما صحة الشروع بالفارسيه وكذا جميع اذكار الصلوٰة فهي على الخلاف عنده تصح الصلاة بها مطلقا خلافا لهما والظاهر ان الصحة عنده لا تنفي الكراهة ﴿۱﴾.

(۳) اس کی اصل نماز سے منافی نہیں ہے کیونکہ دعا فی نفسہ نماز کے افعال میں سے ہے ﴿۲﴾۔

(۵،۴) مغلوب الحال جب اپنے اقوال اور افعال کو با قاعدہ ادا کر سکے تو صرف بعض کیفیات

﴿۱﴾ (ردالمحتارهامش الدرالمختار ص ۳۸۵ جلد ۱ مطلب في الدعاء بغير العربية)

﴿۲﴾ قال ابن عابدين رحمه الله: لكن المنقول عندنا الكراهة فقد قال في غرر الافكار شرح درر البحار في هذا المحل وكره الدعاء بالعجمية لان عمر نهى عن رطانة الاعاجم، والرطانة كما في القاموس الكلام بالاعجمية ورأيت في الولوالجية في بحث التكبير بالفارسية ان التكبير عبادة الله تعالىٰ والله تالىٰ لا يحب غير العربية ولهٰذا كان الدعاء بالعربية اقرب الى الاجابة فلا يقع غيرها من الالسن في الرضاء والمحبة لهاموقع كلام العرب، وظاهر التعليل ان الدعاء بغير العربية خلاف الاولىٰ وان الكراهة فيه تنزيهية هذا.

(ردالمحتارهامش الدرالمختار ص ۳۸۵ جلد ۱ مطلب في الدعاء بغير العربية)

کے غالب ہونے کی وجہ سے نماز کو کوئی نقصان نہیں پہنچتا ہے کیونکہ یہ درحقیقت کمال حضور اور استغراق ہے جو کہ عبادات میں مطلوب ہے﴿۱﴾۔

(۶) قرآن کو غیر عربی میں پڑھنا اجماعاً ناجائز ہے امام صاحب نے بھی جواز سے رجوع کیا ہے تمام فقہاء نے رجوع پر تصریح کیا ہے، فلیراجع الی ردالمحتار والبحر والفتح القدیر وشروح الهداية. نیز تراجم کی اجازت میں وہ خطرات موجود ہیں جن کی وجہ سے ماسوئی لغت حجازی کے دیگر لغات بند کیے گئے ﴿۲﴾۔فقط

نماز میں عمل کثیر کا مطلب ورسم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ نماز میں عمل کثیر کا پورا مطلب اور تعریف کیا ہے واضح فرماویں؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالقیوم ناظم مدرسہ سراج العلوم ٹیکسلا پنڈی......۳۰/ ذی الحجہ ۱۴۰۲ھ

الجواب: محققین (ابن الهمام وغیره) کے نزدیک عمل کثیر وہ ہے جس کا کرنے والا نمازی نہیں دکھائی دیتا ہو (فتح القدیر) ﴿۳﴾. وهو الموفق

﴿۱﴾ قال العلائي فلو اعجبته قراء ة الامام فجعل يبكى ويقول بلى او نعم او آرى لا تفسد سراجيه لدلالته على الخشوع . (الدرالمختار على هامش ردالمحتار ص۴۵۸ جلد ۱ بعد مطلب المواضع التى لايجب فيها ردالسلام)

﴿۲﴾ قال العلامه محمد امين ابن عابدين الشامي: (قولهٗ وتجوز الخ) فى الفتح عن الكافى ان اعتاد القرأة بالفارسية او اراد ان يكتب مصحفا بها يمنع وان فعل فى آية او آيتين لافان كتب القرآن وتفسير كل حرف وترجمته جاز.

(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص۳۵۹ جلد ۱ مطلب فى حكم القرأة بالفارسيه)

﴿۳﴾ (قوله اما فساد الصلاة فبا لعمل الكثير) واختلفوا فى حده فقيل ما يحمل بيدواحدة قليل وبيدين كثير وقيل لو كان بحال لو رآه انسان ......(بقيه حاشيه اگلے صفحه پر)

عوارض خارجیہ کی وجہ سے لاؤڈ سپیکر استعمال نہ کرنا احوط ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اس دور میں جو آلہ لاؤڈ سپیکر ایجاد ہوا ہے اس پر لوگ نماز پڑھتے ہیں حالانکہ کبھی بجلی فیل ہو جاتی ہے جس سے انتشار نماز ہو جاتا ہے وغیرہ جبکہ یہ آواز بھی اصل نہیں ہے تو کیا اس کے ذریعہ نماز پڑھنا جائز ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالسلام ایچ ۶ عارف بازار بورے والا ضلع وہاڑی

الجواب: جائز ہے اگر چہ اس آلہ کے ذریعہ امام کی اصل آواز نہ پہنچتی ہو بلکہ صدائے بازگشت ہو کیونکہ مقتدی کے اقتداء کی صحت کیلئے امام کی اصل آواز سننا ضروری نہیں ہے ﴿۱﴾ البتہ عوارض خارجیہ کی بناپر اس آلہ کا استعمال نہ کرنا احوط ہے ﴿۲﴾۔ وهو الموفق

مفاسد کا اندیشہ نہ ہو تو لاؤ سپیکر کے ذریعہ نماز جائز ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ لاؤڈ سپیکر کے

(بقيه حاشيه) من بعيد تيقن انه ليس في الصلاة فهو كثير وان كان يشك انه فيها اولم يشك انه فيها فقليل وهو اختيار العامة وقيل يفوض الى رأى المصلى ان استكثره فكثير مفسد والا لا قال الحلوانى هذا اقرب الى مذهب ابى حنيفة.

(فتح القدير ص ۳۵۱ جلد ۱ باب مايفسد الصلاة ومايكره فيها)

﴿۱﴾ كما يدل عليه حديث ابن عباس: قال كان يعلم انقضاء صلوٰة رسول الله ﷺ بالتكبير، رواه ابوداؤد. وايضاً ان ابن عباس اخبره ان رفع الصوت للذكر حين ينصرف الناس من المكتوبة كان ذلك على عهد رسول الله ﷺ وابن عباس قال كنت اعلم اذا انصرفوا بذلك واسمعه. (سنن ابى داؤد ص ۱۵۰ جلد ۱ باب التكبير بعد الصلوٰة)

﴿۲﴾ قال ابن عابدين رحمه الله: اجمع العلماء سلفاً وخلفاً على استحباب ذكر الجماعة فى المساجد وغيرها الا ان يشوش جهرهم على نائم او مصل او قارئ.

(ردالمحتار ص ۴۸۸ جلد ۱ مطلب فى رفع الصوت بالذكر)

ذریعہ نماز پڑھنا جائز ہے یا نہیں بعض حضرات کہتے ہیں کہ مولانا مفتی محمد شفیع صاحب نے فساد کا حکم دیا ہے اور علماء دیوبند نے پہلے فساد یا کراہت کا حکم دیا تھا تحقیق کے بعد رجوع کرلیا ہے، آنجناب اپنی رائے سے ہمیں آگاہ کریں؟ بینوا توجروا

المستفتی: مولوی عبدالصمد بنوں.....۲۷/نومبر۱۹۷۴ء

الجواب: لاؤڈ سپیکر کے ذریعہ نماز پڑھنا جائز ہے جبکہ مفاسد کا اندیشہ نہ ہو، اما اذا کان یوصل به اصل الصوت فظاهر ، واما اذا کان یوصل به عکس الصوت فایضاً جائز لان الرکن هو القراءة ﴿۱﴾ وقد وجدت دون سماع القوم والمراد من المفاسد تصادم الاصوات واقتداء العوام من خارج المسجدوغیره. وهوالموفق

لاؤڈ سپیکر میں آواز اصل ہو یا عکس نماز صحیح ہے

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ لاؤڈ سپیکر پر نماز پڑھنا درست ہے یا نہیں؟ یہاں دوفریق اس میں بحث کررہے ہیں کہ یہ آواز اصل نہیں وغیرہ، جواب سے نواز کر مشکور فرماویں۔بینوا توجروا

المستفتی: دلاورخان تیمرگرہ ضلع دیر.....۱۹۷۵ء/۱۰/۱۲

الجواب: اختلفوا فی ان مکبر الصوت یبلغ به اصل الصوت او عکسه والظاهر الثانی لعدم المنفذ. لکن اهل الفن قالوا بالاصل فیکون علیه الاعتماد فعلی هذا لااشکال فی صحة الصلوٰة به وکذا تصح الصلوة علی الثانی ایضاً لان المدار علی القراءة وقد وجدت دون سماع الموتم ولا یرد ان فیه تعلما من الخارج لان جعل

﴿۱﴾ قال العلامه حصکفی: ومنها القراءة لقادر علیها کما سیجئ وهو رکن زائد عند الاکثر لسقوطه بالاقتداء بلا خلف.
(الدرالمختار علی هامش ردالمحتار ص ۳۲۹ جلد ۱ مبحث القراءة)

الخارج ذريعة لمعرفة حال الامام لا يضر كما يدل عليه حديث ابی داؤد عن ابن عباس كان يعلم انقضاء صلوٰة رسول الله ﷺ بالتكبير ﴿۱﴾ وجه الدلالة ان المتأخرين بنوا خروجهم من الصلوٰة والسلام على تكبير المتقدمين وقد خرجوا (اى المتقدمين) عن الصلوٰة، وفى المقام تفصيل. وهو الموفق

لاؤڈ سپیکر کے ذریعہ نماز پڑھنا مباح ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ لاؤڈ سپیکر کے ذریعہ نماز ہوجاتی ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: مولانا فضل مولا صاحب دلبوڑی مدرس دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک

الجواب: واضح رہے کہ لاؤڈ سپیکر میں نماز پڑھنا بذات خود نہ مطلوب ہے اور نہ ممنوع ہے بلکہ مباح ہے، لحديث ابی داؤد وما سكت عنه فهو عفو ﴿۲﴾ وصرح ابن الهمام وغيره ان الاصل فى الاشياء الاباحة ﴿۳﴾ البتہ بعض اوقات ایک مباح امر عوارض خارجیہ کی وجہ سے ممنوع قرار دیا جاتا ہے، مثلاً ایذاء اشتباہ وغیرہ ﴿۴﴾ پس ان عوارض سے خلو کے وقت اس آلہ کا استعمال جائز ہوگا، اور مبلغین مقرر کرکے (بغیر اس آلہ کے) نماز پڑھنا اوفق بالسنۃ ہوگا ﴿۵﴾۔ وهو الموفق

﴿۱﴾ (سنن ابی داؤد ص ۱۵۰ جلد ۱ باب التكبير بعد الصلاة كتاب الصلاة)

﴿۲﴾ (سنن ابی داؤد ص ۱۸۳ جلد ۲ باب مالم يذكر تحريمه)

﴿۳﴾ قال الحصكفي: المباح بناء على ما هو المنصور من ان الاصل فى الاشياء التوقف الا ان الفقهاء كثيراً ما يلهجون بان الاصل الاباحة فالتعريف بناء عليه.
(الدرالمختار ص ۷۸ جلد ۱ مطلب المختار ان الاصل فى الاشياء الاباحة)

﴿۴﴾ قال العلامة ابن عابدين رحمه الله: اجمع العلماء سلفا وخلفا على استحباب ذكر الجماعة فى المساجد وغيرها الا ان يشوش جهرهم على نائم او مصل او قارئ.
(ردالمحتار ص ۴۸۸ جلد ۱ مطلب فى رفع الصوت بالذكر)

﴿۵﴾ عن عائشه رضى الله عنها قالت لما ثقل رسول الله ﷺ...... (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

ہوائی اور بحری جہاز دونوں کشتی کے حکم میں ہیں

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہوائی جہاز اور بحری جہاز میں نماز صحیح ہوتی ہے یا نہیں؟ کیونکہ دونوں زمین سے اوپر ہوتے ہیں۔ بینوا توجروا

المستفتی: محمد اسلام حقانی اکوڑہ خٹک......۲۶/ جمادی الاول ۱۴۰۸ھ

الجواب: ان دونوں قسم کے جہازوں میں نماز پڑھنا جائز ہے، دونوں میں استقرار جبہہ موجود ہوتا ہے اور دونوں کشتی کے حکم میں ہیں ﴿۱﴾۔ وھو الموفق

(بقیہ حاشیہ) جاء بلال یؤذنه بالصلوٰة فقال مروا ابا بکر ان یصلی بالناس فصلی ابوبکر تلک الایام ثم ان النبی ﷺ وجد فی نفسه خفة فقام یهادی بین رجلین ورجلاه تخطان فی الارض حتی دخل المسجد فلما سمع ابوبکر حسه ذهب یتاخر فاومی الیه رسول الله ﷺ ان لا یتاخر فجاء حتی جلس عن یسار ابی بکر فکان ابو بکر یصلی قائماً وکان رسول الله ﷺ یصلی قاعداً یقتدی ابوبکر بصلوٰة رسول الله ﷺ والناس یقتدون بصلوٰة ابی بکر متفق علیه وفی روایة لهمایسمع ابو بکر الناس التکبیر. وفی هامش المشکوٰة (قوله یسمع ابوبکر الناس التکبیر) ای تکبیر النبی ﷺ یعنی کان ابوبکر مکبرا الا اماماً قال ابن الهمام وبه یعرف جواز رفع المؤذنین اصواتهم فی الجمعة والعیدین وغیرها انتهیٰ اقول مقصوده خصوص الرفع الکائن فی زماننا بل اصل الرفع لا بلاغات الانتقالات الخ.
(مشکواة المصابیح مع هامشه ص ۱۰۲ جلد ۱ باب ما علی المأموم الفصل الاول)

﴿۱﴾قال المرغینانی: (ومن صلی فی السفینة قاعدا من غیر علة اجزاه عند ابی حنیفة رحمه الله والقیام افضل وقالا لا یجزئه الا من عذر) لان القیام مقدور علیه فلا یترک الالعلة وله ان الغالب فیها دوران الرأس وهو کالمتحقق الا ان القیام افضل لانه ابعد عن شبهة الخلاف والخروج افضل ان امکنه لانه اسکن لقلبه والخلاف فی غیر المربوطة والمربوطة کالشط وهو الصحیح. (الهدایة علی صدر فتح القدیر ص ۲۶۲ جلد ۱ باب صلاة المریض)

وفی منهاج السنن: واما الصلوٰة فی الطیارات فلعل حکمها کحکم الصلوٰة فی السفینة السائرة، فان قیل ان السجدة لا بد ان تکون علی الارض او ...... (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

ہوائی جہاز اور سمندری جہاز وغیرہ میں نماز کا حکم

سوال: چہ مے فرمایند مفتیان دین دریں مسئلہ کہ نماز بہ ہوائی جہاز وسمندری جہاز وکشتی وغیرہ کہ ادا کردہ شود آیا اعادہ لازم است یا نہ، ذمہ فارغ مے شود یا نہ، بعض اشخاص حکم کردند کہ اعادہ لازم است، لہٰذا حکم آن چہ طور است؟ جواب درعربی وہد۔ بینوا توجروا

المستفتی: مولوی عبدالغنی حال کیمپ مہاجر افغانستان پشاور......۲۳/صفر المظفر ۱۴۰۱ھ

الجواب: اعلم ان الصلوٰة فی السفينة السائرة جائزة كما فی البدائع ص ۱۰۹ جلد ۱ وان كانت سائرة فان امكنه الخروج الى الشط يستحب له الخروج اليه ...... فان لم يخرج وصلى فيها قائماً بركوع وسجود اجزء ه لما روى عن ابن سيرين انه قال صلى بنا انس رضی الله عنه فی السفينة قعوداً ولو شئنا لخرجنا الى الحد ولان السفينة بمنزلة الارض لان سيرها غير مضاف اليه فلا يكون منافيا للصلوٰة بخلاف الدابة فان سيرها مضاف اليه ...... واما اذا صلى فيه قاعداً بركوع وسجود فان كان عاجزا عن القيام فيجزء ه بالاتفاق الخ﴿۱﴾. قلت واثر انس

(بقيه حاشيه)على ماقام مقام الارض والمعلق فی الجو والفضاء ليس هكذا قلنا كما ان الماء جسم فاصل بين السفينة والارض لا يعتد بفصله فكذلک الريح جسم فاصل بين الطيارة والارض لا يعتد بفصلها وكما ان السمآء جسم ليس بارض ولاقام مقامها، وتصح الصلوٰة فيها لقوله تعالىٰ واوصانی بالصلوٰة والزكواة مادمت حيا ولاستقرار الجبهة عليها فكذلک الطيارة تصح الصلوٰة والسجدة فيها، وكذلک يقال فی الصلوٰة فی القمر والمريخ وغيرهما، ولو وجدت الاثار فی صلوٰة سليمان عليه السلام على عرشه لكان الامر سهلا هذا ما عندی ولعل عند غيری احسن منه. (منها ج السنن شرح جامع السنن ص ۲۳۴ جلد ۲ باب ماجاء فی الصلوٰة على الدابة حيث ما توجهت به)

﴿۱﴾ (بدائع الصنائع ص ۱۰۹ جلد ۱ فصل فی اركان الصلاة)

وكذا وجه عدم اضافة سير غيرا لحيوان الى الراكب يدل عليه جواز الصلوٰة في السيارة البرية وكذا الفضاء ية فافهم ﴿۱﴾. وهو الموفق

سجدہ ثانیہ رہ جانے کی صورت میں اعادہ نماز ضروری ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ نماز جمعہ میں کسی خوف کی وجہ سے سجدہ ثانیہ نہ کیا جائے اور سجدہ سہو کرے کیا یہ صحیح ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی:......نامعلوم مظفر گڑھ......۲۱/ ذی قعدہ ۱۳۹۶ھ

الجواب: نماز میں دونوں سجدے فرض ہیں، ان میں سے کسی ایک کا ترک بلا اعادہ مفسد نماز ہے، بہر حال اس نماز کا اعادہ ضروری ہے ﴿۲﴾ لیکن وقت گزرنے کی وجہ سے نماز ظہر ادا کی جائے گی (شامی) ﴿۳﴾۔ وهو الموفق

﴿۱﴾ وفي منهاج السنن: واما الصلوٰة في الطيارات فلعل حكمها كحكم الصلوٰة في السفينة السائرة، فان قيل ان السجدة لابد ان تكون على الارض او على ماقام مقام الارض والمعلق في الجوو والفضاء ليس هكذا، قلنا كما ان الماء جسم فاصل بين السفينة والارض لا يعتد بفصله فكذلك الريح جسم فاصل بين الطيارة والارض لا يعتد بفصلها وكما ان السماء جسم ليس بارض ولاقام مقامها، وتصح الصلوٰة فيها لقوله تعالىٰ واوصاني بالصلوٰة والزكواة مادمت حيا، ولاستقرار الجبهة عليها فكذلك الطيارة تصح الصلوٰة والسجدة فيها، وكذلك يقال في الصلوٰة في القمر والمريخ وغيرهما ولو وجدت الاثار في صلوٰة سليمان عليه السلام على عرشه لكان الامر سهلاً.
(منهاج السنن شرح جامع السنن ص ۲۳۴ جلد۲ باب الصلوٰة على الدابة حيث ما توجهت به)

﴿۲﴾ وفي الهنديه الاصل في هذا ان المتروك ثلاثة انواع فرض وسنة وواجب ففي الاول ان امكنه التدارك بالقضاء يقضي والافسدت صلاته وفي الثاني لاتفسد لان قيامها باركانها وقد وجدت ولا يجبر بسجدتي السهو وفي الثالث ان ترك ساهيا يجبر بسجدتي السهو وان ترك عامداً لا كذا في التتار خانيه. (فتاوىٰ عالمگيری ص ۱۲۶ جلد ۱ الباب الثاني عشر في سجود السهو)

﴿۳﴾ قال الحصكفي: والثالث وقت الظهر فتبطل الجمعة بخروجه مطلقا ولو لاحقا بعذر نوم او زحمة على المذهب لان الوقت شرط...... (بقيه حاشيه اگلے صفحه پر)

بیٹھ کر نماز پڑھتے ہوئے سجدہ میں سرین زمین سے اٹھانا

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک آدمی بیٹھے ہوئے نفلی یا مطلق نماز پڑھتا ہے تو سجدہ کے وقت سرین پاؤں سے اٹھانا جائز ہوگا یا نہیں؟ بعض کتب میں لکھا ہے کہ ،ان الیتیہ قائمان مقام القدمین فلو رفع الالیتین عن القدمین فسدت صلاته. تو فساد کا حکم اٹل فیصلہ ہے، بحوالہ عبارات کتب معتبرہ سپرد قلم فرما کر روانہ کریں،۔ فاجرکم ایھا الصدیق علی الله تبارک وتعالیٰ.

المستفتی: قیس نعمانی مقام مرہٹی نوشہرہ

الجواب: سرین کو پاؤں سے نہ اٹھانا مرجوح قول ہے مسئلہ کی تفصیل بوادرالنوادر میں مسطور ہے﴿۱﴾ اگر آپ کو میسر نہ ہو تو دوبارہ مراجعت کریں. وھو الموفق

(بقیہ حاشیہ) الاداء لا شرط الافتتاح ،وقال ابن عابدین: وشرطیته للجمعة لیست کشرطیته لغیرھا فانه بخروج الوقت لا تبقی صحة للجمعة لا اداء ولا قضاء بخلاف غیرھا سعدیه (قوله مطلقا) ای ولو بعد القعود قدر التشهد کما فی طلوع الشمس فی صلاۃ الفجر. (الدرالمختار مع ردالمحتار ص۵۹۷ جلد۱ مطلب فی نیة آخر ظهر بعد صلاۃ الجمعة باب الجمعة)

﴿۱﴾ قال الشیخ اشرف علی التھانوی: اس قول پر کوئی دلیل صحیح قائم نہیں.....عبارات کتب فقہیہ سوان میں سے عبارت اولیٰ یعنی من صلی قاعداً اور عبارت ثانیہ یعنی والاصل الخ، اول تو محتاج تصحیح نقل ہیں، مستدل کو ان عبارتوں کا پورا پتہ بتلانا چاہئے کہ کہاں سے نقل کی ہیں تا کہ مأخذ سے مطابق کیا جاوے، دوسرے عبارت اولیٰ میں جو دلیل بیان کی ہے لان الیتیه فی صلاۃ القاعد الخ، وہ دعویٰ مذکورہ پر منطبق نہیں ہوتی کیونکہ یہ اگر حالت سجدہ کا بیان ہوتا تو دلیل میں بجائے واذا رفع قدمیه فی صلاۃ القائم کے رفع قدمیه فی السجود ہوتا ورنہ قید فی صلاۃ القائم سے لازم آتا ہے کہ صلاۃ قاعد میں رفع قدمین فی السجود مفسد صلاۃ نہ ہو اور صلاۃ قائم میں ہو، حالانکہ اطلاق دلائل مبطل تفاوت ہے اس سے غالب ظن یہ ہوتا ہے کہ اس عبارت میں فسجد ناقل یا کاتب کی غلطی ہے اور مطلب اس عبارت کا یہ ہے کہ حالت قیام حکمی میں رفع الیتین نہ کرے ورنہ وہ ایسا ہوگا جیسے قیام حقیقی میں کوئی شخص رفع قدمین کرے کہ مفسد صلاۃ ہے،اس..... (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

(بقیہ حاشیہ) تقریر پر یہ اس بحث ہی سے خارج ہے اور عبارت ثانیہ میں تو لا یرفع الیتیہ کے ساتھ قید فی السجدہ کی بھی مذکور نہیں اس سے بھی وہی مراد ہوگی لا یرفع الیتیہ فی القیام الحکمی اور آگے جو مشبہ بہ کے ساتھ فی السجدہ مذکور ہے سو وہ محتمل ہے کہ صرف لا یرفع رجلیہ کے ساتھ متعلق ہو اور تشبیہ محض فساد میں ہو اگر یہ احتمال متعین بھی نہ ہوتا ہم مستدل کو تو مضر ہے، لانہ اذا جاء الاحتمال بطل الاستدلال، تیسری متون وشروح وفتاویٰ مشہورہ میں جو مطلقا سجدہ رجال کی ہیئت لکھی ہے وہ اس کے خلاف ہے اور بقاعدہ رسم المفتی وہ مقدم ہیں، پس اگر عبارات مذکورہ کی صحت نقل وردلالت دونوں مسلم بھی ہوں تب بھی بوجہ تعارض روایات مشہورہ کے غیر مقبول اور غیر معمول بہا ہوں گی اور اخیر عبارت عینی والمختار بھی بوجہ موجود نہ ہونے عینی کے منطبق نہیں ہو سکتی غالباً اس کی نقل میں بھی کچھ غلطی رہی ہوگی الخ۔

(بوادر النوادر ص ۱۲۹ پانچویں حکمت تحقیق رفع الیتین در سجدہ مصلی قاعد را)

باب احکام المسجد

مسجد کی چھت پر بلاضرورت جماعت کرنا

سوال: جناب مفتی صاحب! امداد الفتاویٰ میں لکھا ہے کہ بلاضرورت مسجد کی چھت پر جماعت کرنا مکروہ ہے سوال یہ ہے کہ یہ مکروہ تحریمی ہے یا تنزیہی؟ بینوا توجروا

المستفتی: اکرام الحق راولپنڈی......۲۶/ ذی الحجہ ۱۳۸۸ھ

الجواب: تنزیہی ہے (یدل علیه مافی الطحطاوی ص ۲۵۰)﴿۱﴾۔ وھوالموفق

بعض طریقوں پر سمت قبلہ کا معلوم کرنا اور مسجد قدیم کی سمت قبلہ کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہمارے محلہ کی مسجد کا سمت قبلہ کچھ جانب شمال معلوم ہو رہا تھا، چنانچہ ایک اخبار میں پڑھا کہ سولہ جولائی کو ہموار زمین پر ایک سیدھی لکڑی عموداً گاڑ دی جائے اور ٹھیک دو بج کر ۲۶/ منٹ پر سایہ کا رخ جس سمت کو ہوگا، کعبہ سیدھا اسی طرف ہوگا، کیونکہ اس وقت سورج کعبہ مبارکہ پر عموداً کھڑا ہوتا ہے ہم نے اس پر عمل کیا تو معلوم ہوا کہ ہماری مسجد کا رخ کعبہ سے بجانب شمال ہے لہٰذا اب چند سوالات ہیں کہ (۱) کیا اس طریقہ پر سمت قبلہ معلوم کرنا جائز ہے؟ (۲) اسی طریقہ سے معلوم شدہ سمت اور ہماری مسجد کی سمت میں ۲۰/ درجہ کا فرق ہے کیا ہم صحیح سمت نماز شروع کریں؟ (۳) میں نے کسی جگہ پڑھا تھا کہ ہر مسلمان جہاں تک ممکن ہو کعبہ کا صحیح سمت معلوم کرنے پر مکلف ہے، اور باوجود علم کے دوسری سمت نماز پڑھنا گناہ بلکہ شرک ہے کیا یہ صحیح ہے؟ (۴) ہماری مسجد کافی

﴿۱﴾ قال العلامه الشرنبلالی. (لکنه مکروه) له الصلاة فوقها (لا ساءة الادب باستعلائه علیها) وترک تعظیمها. قال الطحطاوی: قوله لاساءة الادب یفید ان الکراهة للتنزیه .
(حاشیة الطحطاوی علی مراقی الفلاح ص ۴۱۷ باب صلاة فی الکعبة)

قدیم اور پرانی ہے اب از سرنو تعمیر کا ارادہ ہے تو اخباری طریقہ پر کعبہ کی سمت معلوم کر کے صحیح سمت پر بنیاد ڈالی جائے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: اسلامی کتب خانہ قصہ خوانی پشاور.....۱۳/ ربیع الثانی ۱۴۰۱ھ

الجواب: (۱) اس مخصوص طریقہ پر سمت کعبہ معلوم کرنا جائز ہے ﴿۱﴾ (ماخوذ از جواهر الفقه). (۲) اس فرق کی وجہ سے سمت قدیم چھوڑ کر اس اخباری سمت کا اہتمام تصریحات فقہ سے مخالف ہے۔ ﴿۲﴾ (۳) یہ مسئلہ درست ہے مگر اس کا مقصد یہ نہیں کہ ایک مظنون امر کی وجہ سے تمام لوگوں کو شکوک وشبہات میں مبتلا کر دیا جائے ﴿۳﴾۔ (۴) از سرنو تعمیر کرنی ہو تو اخباری طریق سے بنیاد رکھنی چاہئے۔ وهو الموفق

مسجد کے قریب چبوترہ میں نماز پڑھنا

سوال: ہمارے علاقہ چراٹ میں برلب سڑک نہر کے پاس ایک مسجد ہے اور دوسری جانب کوئی

﴿۱﴾ قال العلامه محمد امين: (قوله كا لقطب)...... فينبغي الاعتماد في اوقات الصلاة وفي القبلة على ما ذكره العلماء الثقات في كتب المواقيت وعلى ما وضعوه لها من الآ لات كالربع والاصطر لاب فانها ان لم تفد اليقين تفد غلبة الظن للعالم بها وغلبة الظن كافية في ذلك. (ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۳۱۷ جلد ۱ مبحث في استقبال القبلة)

﴿۲﴾ قال ابن ابن عابدين: (قوله محاريب الصحابة والتابعين) فلا يجوز التحرى معها زيلعي بل علينا اتباعهم خانيه ولا يعتمد على قول الفلكي العالم البصير الثقه ان فيها انحرافاً ......وكل خير في اتباع من سلف...... والظاهر ان الخلاف في عدم اعتبارها انما هو عند وجود المحاريب القديمة اذلايجوز التحرى معها لئلا يلزم تخطئة السلف الصالح وجماهير المسلمين. (ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۳۱۷ جلد ۱ مبحث في استقبال القبلة)

﴿۳﴾ قال العلامة الشامي: (قوله بخلاف الخ) اى لو وقع تحريه على جهة وصلى الى غيرها فانه يستأنف مطلقا اى سواء علم انه اصاب او اخطأ في الصلاة او بعدها اولم يظهر شيئ وعن ابى حنيفة انه يخشى عليه الكفر الخ.

(حاشيه الشامي على الشرح التنوير ص ۳۲۱ جلد ۱ قبيل فروع في النية)

پچپن گز فاصلہ پر ایک عارضی چبوترہ ہے ہمارے علاقہ میں ذرا پنج پیریوں کی اکثریت ہے یہ حضرات اس چبوترے میں ایک نام نہاد مولوی کو آگے کر کے نماز پڑھاتے ہیں دوسری جانب اہل سنت والجماعت اسی مسجد (جو قریب واقع ہے) میں نماز باجماعت ادا کرتے ہیں جو ایک دوسرے کی قرأت بآسانی سنتے ہیں یہ نماز درست ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: حاجی چمن خان ۲۰ی چراٹ......۱۹۷۷ء/۹/۲۳

الجواب: واضح رہے کہ جب ایک مسجد کو دو حصوں میں منقسم کی جائے اور ہر ایک حصہ میں جدا جدا امام نماز ادا کیا کرے تو اس میں کوئی کراہت نہیں ہے ﴿۱﴾ جب دو مقام کا باہمی فاصلہ پچپن گز ہو تو کراہت بطریق اولیٰ نہ ہوگی، البتہ چبوترہ میں نماز پڑھنے والے مسجد کی فضیلت سے محروم ہوں گے۔ وھو الموفق

مسجد میں نماز کے انتظار میں بیٹھے لوگوں کو سلام کہنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ نماز فجر اور ظہر کی نمازوں میں جب لوگ سنتیں پڑھ لیں تو نماز کے انتظار میں بیٹھے ہوتے ہیں تو ان پر سلام کہنا کیسا ہے، جبکہ بعض لوگ وعلیکم السلام سے جواب دینا گوارا نہیں کرتے تو کیا سنت وفرض کے درمیان سلام ڈالنا اور جواب دینا ممنوع ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: رسالدار (ریٹائرڈ) محمد نادر خان نوشہرہ خورد ۱۹۹۰ء/۵/۲۰

الجواب: بعض فقہاء نے لکھا ہے کہ فرض اور سنت کے درمیان ایسے امور سے اجتناب کیا جائے جن کے درمیان نماز مفسد ہونا ثابت ہو ﴿۲﴾۔ وھو الموفق

﴿۱﴾ وفی الهندیه: اهل محلة قسموا المسجد وضربوا فیه حائطا ولکل منهم امام علی حدة وموذنهم واحد لا بأس به والاولیٰ ان یکون لکل طائفة موذن. (فتاوی عالمگیریه ص ۳۲۰ جلد۵ الباب الخامس فی آداب المسجد والقبلة والمصحف الخ)

﴿۲﴾ قال العلامة الحصکفی رحمه الله: (ولو تکلم بین السنة والفرض لا یسقطها ولکن ینقص ثوابها) وقیل تسقط وکذا کل عمل ینا فی التحریمة علی الاصح.
(الدر المختار علی هامش ردالمحتار ص۵۰۳ جلد ۱ باب الوتر والنوافل)

مسجد کی چھت پر نماز مکروہ ہے

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ سردی کے موسم میں سردی کی وجہ سے مسجد کی چھت پر ظہر اور عصر کی نماز ادا کرنا شرعاً کیا حکم رکھتا ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: باچا استاد زیدہ صوابی......۱۹۹۰ء/۱۲/۲۳

الجواب: مکروہ ہے (ہندیہ) ﴿۱﴾۔فقط

کعبہ مکرمہ کی طرف پاؤں پھیلانا مکروہ تنزیہی ہے

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک شخص عمداً اپنے پاؤں کو کعبہ شریف کی طرف پھیلاتا ہے کسی کے منع کرنے پر اسی کیفیت پر مصر رہتا ہے اور لا یعنی دلائل پیش کرتا ہے حالانکہ یہ شخص غیر معذور ہے ایسا کرنا گناہ کبیرہ ہے یا صغیرہ، نیز سرینوں کے بل یعنی ٹانگوں کو کھڑا کر کے کعبہ شریف کی طرف بیٹھنا کیا حکم رکھتا ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد دین سرائے صالح ہری پور......۱۹۷۵ء/۸/۲۶

الجواب: قبلہ کی طرف پاؤں پھیلانا مکروہ تنزیہی ہے کمافی الدرالمختار لکراهة مد الرجلين الى القبلة وفي ردالمحتار ص ۵۱۷ جلد ۱ هي كراهة تنزيهية﴿۲﴾. وهوالموفق

﴿۱﴾ وفي الهنديه: الصعود على سطح كل مسجد مكروه ولهذا اذا اشتدا الحر يكره ان يصلوا بالجماعة فوقه الا اذا ضاق المسجد فحينئذ لا يكره الصعود على سطحه للضرورة كذا في الغرائب.

(فتاویٰ عالمگیریه الباب الخامس في اداب المسجد والقبلة والمصحف)

وقال ابن عابدين ثم رئيت القهستاني نقل عن المفيده كراهة الصعود على سطح المسجد اه ويلزمه كراهة الصلوٰة ايضاً فوقه (شاميه ص ۶۱۴ جلد ۱)

﴿۲﴾ (الدرالمختار على هامش ردالمحتار ص ۶۲۵ جلد ۱ باب صلاة المريض)

محراب مسجد اور امام کا وسط مسجد میں کھڑے ہونے کی تحقیق

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ شدت گرمی یا شدت سردی کی وجہ سے اگر ایک قوم صحن مسجد میں جمع ہو کر نماز با جماعت ادا کرے تو ان کی نماز مکمل ہوگی یا مکروہ، کیونکہ عموماً صحن مسجد میں محراب نہیں ہوا کرتی نیز محراب کے علاوہ نماز با جماعت پڑھنی کیسی ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: مولوی فضل معبود مسجد زیارت شیخ جنید بابا پشاور......۱۹۷۲ء/۶/۲۸

الجواب: واضح رہے کہ پیغمبر علیہ السلام اور خلفائے راشدین کے زمانہ میں مساجد میں محاریب نہیں تھیں، محاریب کی ابتداء عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ کے زمانہ سے ہوئی، قال الامام السیوطی فی کتاب الوسائل لمعرفة الاوائل اول من احدث المحراب المجوف عمر بن عبد العزیز حین بنی المسجد النبوی ذکره الواقدی عن محمد بن هلال (مجموعة الفتاوىٰ ص ۲۲۰ جلد ۱) وقال ایضا فی رسالة اعلام الاریب بحدوث بدعة المحاریب ان قوماً خفی علیهم کون المحراب فی المساجد بدعة وظنوا انه کان فی مسجد النبی ﷺ فی زمنه ولم یکن قط فی زمانه ولا فی زمان الخلفاء فمن بعدهم الی المأته الاولیٰ وانما حدث فی اول المأته الثانیه مع ورود الحدیث بالنهی عن اتخاذه وانه من شان الکنائس وان اتخاذه فی المسجد من اشراط الساعة (مجموعة الفتاویٰ ص ۲۲۰ جلد ۱)﴿۱﴾ قلت وما فی الفتح انها بنیت من لدن زمان رسول الله ﷺ فمعناه القرب فافهم، البتہ پیغمبر علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ، وسطوا الامام الحدیث﴿۲﴾ پس سنت درحقیقت توسط ہے، اور چونکہ محراب مسجد کے وسط میں غالباً ہوتی ہے لہٰذا اس میں امام کے قیام کا مسنون ہونا لذاتہ نہ ہوگا بلکہ لغیرہ ہوگا، ویشیر الیه مافی ردالمحتار ص ۵۳۱ جلد ۱

﴿۱﴾ (مجموعة الفتاویٰ ص ۲۲۰ جلد ۱ محراب میں امام کا کھڑا ہونا از کتاب الصلاة)
﴿۲﴾ عن ابی هریرة قال قال رسول الله ﷺ توسطوا الامام وسدوا الخلل رواه ابوداؤد.
(مشکواة المصابیح ص ۹۹ جلد ۱ باب تسویة الصف الفصل الثالث)

ولو کان المسجد الصیفی بجنب الشتوی وامتلأ المسجد یقوم الامام فی جانب الحائط لیستوی القوم من جانبیه ﴿۱﴾وفی المقام تفصیل لا یلیق ذکرہ فی مقام الافتاء. فقط

محراب میں نماز اور مسجد کے صحن میں محراب بنانے کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام ومفتیان شرع مسئلہ ذیل میں

(۱) مسجد کے صحن میں محراب بنانا کیسا ہے؟ (۲) کیا محراب کے بغیر نماز پڑھنا جائز ہے جبکہ ایک صاحب محراب بنانے کو فرض اور اس میں نماز پڑھنے کو سنت اور محراب کے سامنے امام کے کھڑے ہونے کو واجب کہتا ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالخلیل اباخیل نوشہرہ......۱۹۷۶ء/۹/۵

الجواب: (۱) تعدد محراب نہ ممنوع ہے اور نہ مطلوب ہے البتہ صحن میں محراب بنانا خلاف معمول ہے۔ (۲) پیغمبر علیہ السلام اور خلفاء راشدین کے زمانہ میں مساجد میں محاریب داخل نہیں کی گئی تھیں، محاریب حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ کے زمانہ میں مساجد میں داخل کی گئی تھیں، کما فی مجموعة الفتاوی﴿۲﴾ واما مافی فتح القدیر شرح الهدایه ﴿۳﴾لانها بنیت من لدن رسول اللهﷺ (بالمعنی) فمعناه القرب الیه کما لا یخفیٰ نعم التوسط مسنون لحدیث ابی داؤد

﴿۱﴾(ردالمحتار ص ۴۲۰ جلد ۱ مطلب فی کراهة قیام الامام فی غیر المحراب باب الامامة)

﴿۲﴾(اول من احدث المحراب المجوف عمر بن عبد العزیز حین بنی المسجد النبوی ذکره الواقدی عن محمد بن هلال. (مجموعة الفتاویٰ ص ۲۲۰ جلد ۱ کتاب الصلاة)

﴿۳﴾قال العلامة ابن الهمام: بنی فی المساجد المحاریب من لدن رسول اللهﷺ ولو لم تبن کانت السنة ان یتقدم فی محاذاة ذلک المکان لانه یحاذی وسط الصف وهو المطلوب اذ قیامه فی غیر محاذاته مکروه وغایته اتفاق الملتین فی بعض الاحکام ولا بدع فیه علی ان اهل الکتاب انما یخصون الامام بالمکان المرتفع علی ماقیل فلا تشبه.

(فتح القدیر ص ۳۶۰ جلد ۱ فصل ویکره للمصلی)

توسطوا الامام﴿۱﴾فالمحاریب هی الوسائل لتحصیل سنة التوسط ولیست بمقاصد، پس جن فقہاء کرام نے قیام فی المحراب کوسنت کہا ہے تو درحقیقت توسط ہے نہ کہ بمعنی ظاہر لعدم صحته.

وسیع وعریض مسجد میں نمازی کے آگے گزرنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ وسیع وعریض مسجد میں جب نمازی کیلئے کوئی سترہ نہ ہو مسجد کے اندر کتنے فاصلہ سے اس کے سامنے سے گزرنا جائز ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: فضل رازق سارجنٹ مین پی اے ایف کوہاٹ

الجواب: ایسی مسجد میں (عند الجمهور) سامنے گزرنے کی اجازت نہیں ہے﴿۲﴾۔فقط

مسجد کی زائد اشیاء کی خرید وفروخت

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ مسجد کی جائے نماز یا اور کوئی چیز خریدنا یا فروخت کرنا جائز ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد عمر پیش امام وزیر آباد مردان......۴/ رمضان ۱۴۰۹ھ

الجواب: جو جائے نماز وغیرہ مسجد کی حاجت سے زائد ہو اور اضاعت کا خطرہ ہو اس کی خرید

﴿۱﴾ عن ابی هریرة قال قال رسول اللهﷺ وسطوا الامام وسدوا الخلل.

(سنن ابی داؤد ص ۱۰۶ جلد ۱ باب مقام الامام من الصف)

﴿۲﴾قال العلامه ابن الهمام: فاما فی المسجد فالحد هو المسجد الا ان یکون بینه وبین المار اسطوانةاو غیرها یعنی انه مالم یکن بینهما حائل فالکراهة ثابتة الا ان یخرج من حد المسجد فیمر فیما لیس بمسجد وفی جوامع الفقه فی المسجد یکره وان کان بعیداً وفی الخلاصة وان کان فی المسجد لا ینبغی لا حد ان یمر بینه وبین حائط القبلة الخ.

(فتح القدیر شرح الهدایه ص ۳۵۴ جلد ۱ قبیل فصل ویکره للمصلی الخ)

وفروخت جائز ہے جبکہ یہ رقم مسجد کے فنڈ میں جمع ہو﴿۱﴾۔وھو الموفق

مساجد میں براق،اونٹ وغیرہ کی تصویرآ ویزاں کرنا حرام ہے

سوال: کیافرماتے ہیں علماءدین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ آج کل بازاروں میں براق کی تصویروغیرہ فروخت کی جاتی ہے جس کا سرعورتوں کا اور باقی بدن گھوڑے کا ہوتا ہے اسی طرح مکہ مکرمہ یامدینہ منورہ کےنقشوں میں اونٹ کی تصویروغیرہ ہوتے ہیں ان نقشوں کا مساجد میں رکھنا ممنوع ہے یانہیں؟بینوا توجروا

المستفتی:معتبرشاہ کوئکی.....۱۹۷۳ء/۲/۱۴

الجواب: حرام ہے﴿۲﴾۔ وھوالموفق

﴿۱﴾ وفي الهنديه: وذكر ابو الليث في نوازله حصير المسجد اذا صار خلقا واستغنى اهل المسجد عنه وقد طرحه انسان ان كان الطارح حيا فهو له وان كان ميتا ولم يدع له وارثا ارجو ان لا بأس بان يدفع اهل المسجد الى فقير او ينتفعوا به في شراء حصير اخر للمسجد والمختار انه لا يجوز لهم ان يفعلوا ذلک بغير امر القاضي كذافي محيط السرخسي.
(فتاویٰ عالمگیریه ص۴۵۸ جلد۱ الباب الحادى عشرا في المسجد وما يتعلق به)
وقال ابن عابدين: سئل عن شيخ الاسلام عن اهل قرية رحلوا وتداعى مسجدها الى الخراب وبعض المتغلبة يستو لون على خشبه وينقلونه الى دورهم هل لواحد لاهل المحلة ان يبيع الخشب بامر القاضي ويمسک الثمن ليصرفه الى بعض المساجد اوالىٰ هذا المسجد قال نعم الخ. (ردالمحتار هامش الدرالمختار ص۴۰۷ جلد۳ مطلب فيما لو خرب المسجد كتاب الوقف)
﴿۲﴾قال على بن سطان محمد: قال اصحابنا وغيرهم من العلماء تصوير صورة الحيوان حرام شديد التحريم وهو من الكبائر لانه متوعد عليه بهذا الوعيد الشديد المذكور في الاحاديث سواء صنعه في ثوب او بساط او درهم او دينار او غيرذلک الخ.
(مرقاة المفاتيح شرح المشكواة ص۲۲۶ جلد۸ باب التصاوير)

مساجد میں گھنٹی بجانے والی گھڑیوں کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہماری مساجد میں جاپانی ساخت کی گھڑیاں ہیں جو کہ پندرہ منٹ بعد الارم دیتی ہیں، اور ایک گھنٹہ پورا ہونے پر الارم بجا کر جتنے بجے ہوتے ہیں اتنی گھنٹیاں بجاتی ہیں، ایک صاحب نے کہا ہے کہ ان گھڑیوں کی ایک ٹرن کے ساتھ سو شیطان پیدا ہوتے ہیں، کیونکہ یہ ساز ہے اور ساز کے ایک ٹرن کے ساتھ سو شیطان پیدا ہوتے ہیں اسلئے ان گھڑیوں کو مساجد سے ہٹا دو کیا یہ مسئلہ صحیح ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد امین نسوزی ضلع اٹک......۱۹۹۱ء/۱/۸

الجواب: چونکہ یہ آواز سرود نہیں ہے نہ عرفاً اور نہ فناً لہٰذا ایسی گھڑیاں مساجد سے نکالنا ضروری نہیں ہے ﴿۱﴾۔ وهو الموفق

مسجد میں محراب بنانا امر مستحسن ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ مسجد میں محراب بنانا سنت ہے یا مستحب یا واجب؟ ایک آدمی نے مسجد بنائی اور جان بوجھ کر محراب نہیں بنائی کیا اس سے نماز پر کوئی اثر پڑتا ہے؟ محراب کی ابتداء کب ہوئی ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد عظیم خان قوم رنگین خیل کوہاٹ......۱۹۷۴ء/۷/۲۰

﴿۱﴾ **قال الشيخ اشرف علي التهانوي:** مسجد کے اندر گھنٹہ دار گھڑی بغرض اعلام وقت کے جائز ہے اور چونکہ بعض لوگ بینائی کم رکھتے ہیں بعضے نمبر نہیں پہچانتے اور بعض دفعہ روشنی کم ہوتی ہے اسلئے ضرورت ہوتی ہے آواز دار گھڑی کی، تو اس مصلحت سے یہ جرس ممنوع سے مستثنیٰ ہے جیسا کہ عالمگیریہ میں بعض فروع اس قسم کی لکھی ہیں اور حدیث میں تصفیق کی اجازت عین صلاۃ میں مصلحت کیلئے دلیل بین ہے، مشروعیہ صورت جس میں متقارعين لمصلحة الاعلام المتعلق بالصلوٰة کی.

(امداد الفتاوىٰ ص ۷۱۹ جلد ۲ باب احکام المساجد)

الجواب: مسجد میں محراب بنانا امر مستحسن ہے اس کی ابتداء عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں ہوئی ﴿۱﴾ اور چونکہ محراب سے مقصود تعیین وسط ہے لہٰذا اس کے نہ ہونے سے ثواب میں کوئی فرق نہیں پڑتا ہے جبکہ امام وسط مسجد میں کھڑا ہو ﴿۲﴾ (والتفصیل فی مجموعة الفتاویٰ). وهو الموفق

اہل سنت کی مسجد میں شیعوں کا نماز پڑھنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ منگلا ڈیم میں ایک مسجد ہے شیعہ حضرات بھی منگلا ڈیم میں کافی تعداد میں موجود ہیں امام بارگاہ بنانے کیلئے درخواست دی تھی لیکن مسترد ہوئی، اس مسجد میں امام سنی ہے کیا شیعہ اس مسجد میں فرداً فرداً نماز پڑھ سکتے ہیں؟ آہستہ سے اذان کہنے کے بعد اپنی علیحدہ جماعت کے اہتمام کرنے کے مجاز ہیں یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: اہالیان سنی مسلک منگلا ڈیم کالونی......۱۹۷۴ء/۱۱/۱۰

الجواب: اہل سنت والجماعت کی جماعت سے قبل اور بعد میں یہ شیعہ لوگ نماز پڑھ سکتے ہیں خواہ انفراد سے ہو یا جماعت سے ہو، بیک وقت پڑھنے میں اہل حق اور اکثریت کا کسر شان موجود ہے۔ وهو الموفق

﴿۱﴾ قال العلامة عبد الحئی اللکھنوی رحمه الله: اول من احدث المحراب المجوف عمر بن عبد العزیز حین بنی المسجد النبوی ذکره الواقدی عن محمد بن هلال.
(مجموعة الفتاویٰ ص ۲۲۰ جلد ۱ کتاب الصلاة)

﴿۲﴾ قال العلامه ابن عابدین : (قوله ویقف وسطاً) قال فی المعراج وفی مبسوط بکر السنة ان یقوم فی المحراب لیعتدل الطرفان ولو قام فی احد جا نبی الصف یکره ولو کان المسجد الصیفی بجنب الشتوی وامتلأ المسجد یقوم الامام فی جانب الحائط لیستوی القوم من جانبیه والاصح ما روی عن ابی حنفیة انه قال اکره ان یقوم بین الساریتین او فی ناحیة المسجد او الی ساریة لانه خلاف عمل الامة قال علیه السلام توسطوا الامام وسدوا الخلل ومتی استویٰ جانباه یقوم عن یمین الامام ان امکنه الخ. (ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۴۲۰ جلد ۱ مطلب فی کراهة قیام الامام فی غیر المحراب)

مسجد کی چھت پر نماز پڑھنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ مسجد تنگ ہونے کی وجہ سے نماز باجماعت ادا کرنا بوجہ گرمی تکلیف کا باعث ہوتا ہے لہٰذا اگر نماز باجماعت کو مسجد کی چھت پر ادا کرے تو جائز ہے یا نہیں؟ فتاویٰ عالمگیری میں اس صورت کو مکروہ لکھا ہے۔ بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم......۱۲/ جون ۱۹۷۵ء

الجواب: اگر ضرورت کے وقت مثلاً جب نمازی نچلے حصہ میں سما نہیں سکتے ہوں بعض لوگ چھت پر کھڑے ہوں تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے، اور صرف ہوا خوری اور گرمی کی وجہ سے چھت پر جماعت کرنا خواہ امام نیچے ہو یا چھت پر ہو بلاضرورت ہونے کی وجہ سے مکروہ ہے، کمافی الهندیه ص ۳۵۶ جلد۵ الصعود علی سطح کل مسجد مکروه ولهٰذا اذا اشتد الحر یکره ان یصلوا بالجماعة فوقه اذا صاق المسجد فحینئذ لا یکره الصعود علی سطحه للضرورة کذا فی الغرائب﴿۱﴾. وهو الموفق

مسجد میں چارپائی پر بیٹھ کر تلاوت کرنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہماری مسجد تقریباً سو فٹ لمبی ہے اگر مختلف آدمی اس مسجد کے ایک کونے میں چارپائی پر بیٹھ جائیں اور تلاوت بھی کرتے رہیں اور بعض لوگ محراب کے قریب تلاوت کرنے والے زمین پر بیٹھے ہوتے ہیں چارپائی پر بیٹھنے والے آدمی کا کیا حکم ہے یہ حرام ہے یا خلاف اولیٰ؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد نظیف وزیرستان

الجواب: عرف میں بے حرمتی شمار کی جاتی ہے لہٰذا اس سے احتراز اولیٰ ہے۔ وهو الموفق

﴿۱﴾ (فتاویٰ عالمگیریه ص ۳۲۲ جلد۵ الباب الخامس فی آداب المسجد والمصحف)

مسجد میں آگ لگنے کی صورت میں جنب کا مسجد میں داخل ہونا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ مسجد میں آگ لگ گئی ہو کیا اس کے بجھانے کیلئے جنب آدمی حالت جنابت میں مسجد میں داخل ہو سکتا ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: مولوی الطاف الرحمٰن ٹوٹیال ہزارہ......۱۰/محرم ۱۳۹۲ھ

الجواب: جب کوئی شخص مسافر ہو اور یا گھر وغیرہ میں (بیماری اور نقصان کی وجہ سے) گرم پانی کا انتظام نہ ہو سکتا ہو تو اس کیلئے تیمم کے بعد مسجد میں داخل ہونا جائز ہے، **یدل علیہ مافی ردالمحتار مسافر مر بمسجد فیہ عین ماء وھو جنب ولا یجد غیر فانہ یتیمم لدخول المسجد عندنا (ص ۱۵۹ جلد ۱)** ﴿۱﴾ تو آگ لگنے کی صورت میں جنب کا داخل ہونا بطریق اولی مرخص ہوگا۔ **فافھم وتدبر. وھو الموفق**

شر انگیز نہ ہو تو کسی نمازی کو مسجد سے منع کرنا جائز نہیں

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک مسجد سے کسی مسلمان کو نکلوانا کہ یہاں تم نماز نہ پڑھو، یہ منع کرنا جائز ہے یا ناجائز؟ بینوا توجروا

المستفتی: گل خان دوکاندار

الجواب: مسلمان کو مسجد سے منع کرنا حرام ہے اگر شر انگیز نہ ہو، **قال اللہ تعالیٰ ومن اظلم ممن منع مساجد اللہ ان یذکر فیھا اسمہ** ﴿۲﴾ **وفی الدرالمختار وکذا کل موذ ولو بلسانہ** ﴿۳﴾ **(ھامش الرد ص ۶۱۹ جلد ۱). وھو الموفق**

﴿۱﴾ (ردالمحتار ھامش الدرالمختار ص ۱۲۶ جلد ۱ کتاب الطھارت)
﴿۲﴾ (سورۃ البقرۃ پارہ: ۱ آیت: ۱۱۴ رکوع: ۱۴)
﴿۳﴾ (الدرالمختار علی ھامش ردالمحتار ص ۴۸۹ جلد ۱ قبیل باب الوتر والنوافل)

مسجد کے حصہ میں غسل خانے وغیرہ بنانا جائز نہیں

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہماری مسجد میں ایک طرف کنواں وسبیل وغسل خانے ہیں اب ہم اس کو مسجد میں داخل کرنا چاہتے ہیں اور مسجد کی دوسری طرف جو مسجد کا اندرونی حصہ تھا اس میں بنانا چاہتے ہیں کیونکہ اس سے مسجد میں وسعت اور فراخی آئے گی کیا از روئے شرع ایسا کرنا جائز ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: حاجی امیر محمد ہاتھیان......۱۹۷۵ء/۵/۷

الجواب: اس مسجد کے حصہ میں غسل خانے وغیرہ بنانا جائز نہیں ہے، **کما فی الهندیه ص ۱۱۲ جلد ۱ وتکره المضمضة والوضوء فی المسجد الا ان یکون ثمة موضع اعد لذلک** ﴿۱﴾ **فافهم** پس اگر ممکن ہوتو قدیم غسل خانوں وغیرہ کے اوپر کنکریٹ کر کے چھت پر وضو اور غسل کا انتظام کیا جائے اور نیچے جگہ کو مسجد میں داخل کیا جائے ﴿۲﴾۔ **وهو الموفق**

مسجد میں مکتب (پرائمری) سکول بنانا اور چلانا جائز نہیں ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ مساجد میں حکومت نے جو مکتب سکول کھولے ہیں جس میں ایک یا دو استاد مقرر ہوتے ہیں اور بچوں کو پرائمری پڑھایا جاتا ہے کیا یہ جائز ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: حبیب خان......۱۹۷۴ء/۳/۲۵

﴿۱﴾ (فتاوی عالمگیریه ص ۱۱۰ جلد ۱ فصل کره غلق باب المسجد)

﴿۲﴾ وفی الهندیه: ومن جعل مسجداً تحته سرداب او فوقه بیت...... ولو کان السرداب لمصالح المسجد جاز کما فی مسجد بیت المقدس کذا فی الهدایه.

(فتاوی عالمگیریه ص ۴۵۵ جلد ۲ الباب الحادی عشر فی المسجد)

الجواب: مسجد سے پرائمری سکول کا کام لینا جائز نہیں ہے کیونکہ مساجد اس کام کیلئے نہیں بنائی گئی ہیں نیز اجرت کے ساتھ بچوں کو مسجد میں پڑھانا ممنوع ہے، نیز صناعت (جس میں کتابت داخل ہے) کیلئے مسجد میں بیٹھنا ممنوع ہے نیز پہاڑے وغیرہ پڑھنے کے وقت آواز کی بلندی ضروری ہے جو کہ مسجد میں ممنوع ہے ﴿۱﴾ نیز پرائمری سکول جس طرح بچوں کی وجہ سے بدنما اور گندہ ہوتے ہیں اسی طرح مساجد بھی ضرور گندہ ہوں گے، لہٰذا بہتر یہ ہے کہ خوانین وغیرہ کے حجروں اور بیٹھکوں سے یہ مقصد پورا کیا جائے۔ وھو الموفق

رفع فساد کی بنا پر دوسری مسجد بنانا مسجد ضرار نہیں

سوال: ہم جملہ مسلمانان بازاراوگئی استدعا کرتے ہیں کہ ہم میں اختلاف اس قدر کشیدہ ہو گیا کہ ایک مسجد کی تعمیر کے مقابلہ میں دوسری مسجد کی تعمیر شروع کی ہے، بلکہ اب پہلے والے کو نقصان پہنچانے کے درپے ہوئے ہیں ہم نے اپنی سمجھ کے مطابق کتنی ہی کوشش اور منت سماجت کی لیکن ناکام رہے اسلئے ہم نے انتخاب کیا کہ مولانا عبدالستان صاحب اور مولانا سعید الرحمٰن صاحب وادی آگرور میں جید علماء ہیں وہ فیصلہ کریں گے، لیکن پارٹی بازی کے باعث وہ لوگ انکاری ہوئے اسلئے اب ہم نے تقریباً سوقدم کے فاصلہ پر دوسری مسجد کی تعمیر شروع کی ہے شرعاً یہ جائز ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد یوسف، محمد عثمان بازاراوگئی مانسہرہ......۱۹۷۵ء/۵/۱۹

الجواب: چونکہ یہ دوسری مسجد غرض صحیح یعنی شر اور فتنہ سے بچنے کی وجہ سے بنائی جاتی ہے ﴿۲﴾ لہٰذا یہ مسجد ضرار نہ ہوگی۔ وھو الموفق

﴿۱﴾ وفی الهندیه: ویکره کل عمل من عمل الدنیا فی المسجد ولو جلس المعلم فی المسجد والوراق یکتب فان کان المعلم یعلم للحسبة والوراق یکتب لنفسه فلا بأس لانه قربة وان کان بالاجرة یکره الا ان یقع لهما الضرورة کذافی محیط السرخسی...... والسادس ان لا یرفع فیه الصوت من غیر ذکر الله تعالیٰ.
(فتاویٰ عالمگیریه ص ۳۲۱ جلد۵ الباب الخامس فی آداب المسجد والقبلة والمصحف)
﴿۲﴾ قال العلامه ابن نجیم: واذا قسم المحلة المسجد......(بقیه حاشیه اگلے صفحه پر)

حرام مال سے تعمیر شدہ مسجد کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک مسجد کی تعمیر مال حرام اور حلال دونوں سے ہو جائے تو اس میں نماز پڑھنا درست ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: فضل وہاب......۲۷/۳/۱۹۷۴ء

الجواب: اعلم ان مدار المسجد علی الساحة دون البناء فلذا تصیر الساحة وحدها مسجداً کما فی الھندیہ (۴۴۳ جلد ۲) رجل له ساحة لابناء فیها امر قوما ان یصلوا فیها بجماعة فهذا علی ثلاثة اوجهٍ احدها اما ان امرهم بالصلاة فیها ابداً نصابان قال صلوا فیها ابداً او امرهم بالصلاة مطلقا ونوی الابد ففی هذین الوجهین صارت الساحة مسجداً ﴿۱﴾ انتهیٰ بقدر الضرورة ففی الصورة المسئولة ان کانت الساحة حلالا فلا ضیر، وان کان حراما مغصوباً فلا خیر وان کانت مشتراة بمال حرام فلا یضیر ایضا لان المعروف فی دیارنا الشراء بالمطلق ثم یدفع من الحرام وهو حلال عند الکرخی وعلیه الفتویٰ کما فی ردالمحتار ص ۲۱۹ جلد۴ باب المتفرقات ﴿۲﴾ واما البناء من الخشب والاجر وغیرهما ان اشتریت بالمال الحرام فحکمها الحل والا فالحرمة لکن حرمة البناء لا تضر المسجدیة کما مر. وهو الموفق

(بقیه حاشیه) وضربوا فیه حائطاً ولکل منهم امام علی جدة ومؤذنهم واحد لابأس به.
(البحر الرائق ص ۳۵ جلد ۲ باب مایفسد الصلاة وما یکره فیها)

﴿۱﴾ (فتاویٰ عالمگیریه ص ۴۵۵ جلد۲ الباب الحادی عشر فی المسجد وما یتعلق به)

﴿۲﴾ قال ابن عابدین الشامی: توضیح المسئلة ما فی التتارخانیة حیث قال رجل اکتسب مالا من حرام ثم اشتریٰ فهذا علی خمسة اوجه اما ان دفع تلک الدراهم الی البائع اولا ثم اشتریٰ منه بها او اشتریٰ قبل الدفع بها ودفعها او اشتریٰ قبل الدفع بها ودفع غیرها او اشتریٰ مطلقا ودفع تلک الدراهم او اشتریٰ (بقیه حاشیه اگلے صفحه پر)

مسجد میں غسل خانے وغیرہ بنانا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ مسجد کے ایک حصہ کو غسل خانوں کیلئے استعمال کیا جا سکتا ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: مولانا فضل غنی فاضل دیوبند میاں خان مردان

الجواب: جو زمین نماز کیلئے موقوف نہ کی گئی ہو اس میں غسل خانے وغیرہ بنانا ممنوع نہیں ہے﴿۱﴾ پس اگر حصہ نماز کی نشاندہی نہ ہوئی ہو تو اس میں یہ تصرف کرنا جائز ہے﴿۲﴾۔ وهو الموفق

(بقیه حاشیه) بدراهم اخر ودفع تلک الدراهم...... وقال الكرخي في الوجه الاول والثاني لا يطيب وفي الثلاث الاخيرة يطيب وقال ابوبكر لا يطيب في الكل لكن الفتوىٰ الأن على قول الكرخي دفعاً للحرج عن الناس...... ودفعا للحرج لكثرة الحرام. (ردالمحتار هامش الدر المختار ص ۲۴۴ جلد۳ مطلب اذا اكتسب حرام ثم اشترىٰ باب المتفرقات)

﴿۱﴾ قال العلامه ابن نجيم: وفي الخلاصة وغيرها ويكره الوضوء والمضمضة في المسجد الا ان يكون موضع فيه اتخذ للوضوء ولا يصلي فيه.

(البحر الرائق ص ۳۴ جلد۲ فصل مما فرغ من بيان الكراهة في الصلوٰة)

﴿۲﴾قال الحصكفي: ولو بنى فوقه بيتا للامام لا يضر لانه من المصالح اما لو تمت المسجدية اى بالقول المفتىٰ به او بالصلاة فيه على قولهما، ثم اراد البناء منع .

(الدر المختار على هامش ردالمحتار ص ۴۰۶ جلد۳ قبيل مطلب فيما لو خرب المسجد)

باب الوتر والقنوت

وتر باجماعت پڑھنا مباح اوراس پرمداومت مکروہ ہے۔

سوال: کیافرماتے ہیں علماءدین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہمارے ہاں ایک مسئلہ پرعلماء میں بڑااختلاف پایاجاتاہے۔قول فیصل کیلئے ہم مراجعت کرتے ہیں مسئلہ یہ ہے جب عیدالفطر شک میں واقع ہواورتراویح ہوجائے۔پھرمعلوم ہوجائے کہ عیدالفطر ہےتورات کوجووترجماعت کے ساتھ پڑھی گئی ہےاب اس کی قضاءکی جائیگی یانہیں؟بینوا توجروا

المستفتی: قاضی عبدالمطلب کندےناصرپی نوشہرہ.....۱۹۶۹/۱/۱۳

الجواب: رمضان کےعلاوہ دیگرمہینوں میں وترباجماعت پڑھنامباح ہےاگربعض اوقات میں ہو،اورمداومت سےپڑھنامکروہ ہے،قال العلامة الشامی ص ۶۶۳ جلد ۱ ثم قال ویمکن ان یقال الظاهر ان الجماعة فيه (ای الوتر)غير مستحبة ثم ان كان ذلك احياناكما فعل عمر كان مباحاً غير مكروه وان كان على سبيل المواظبة كان بدعة مكروهة. چونکہ اس قوم نےوترباجماعت اس وقت پڑھے ہیں جبکہ عیدکاثبوت شرعی متحقق نہیں ہواتھا،لہٰذاان کی جماعت مسنون ہوگی نہ کہ مباح اورمکروہ۔وھوالموفق

وترمیں مقتدی سےدعائےقنوت رہ جانےکی صورت میں اعادہ وترواجب نہیں

سوال: کیافرماتے ہیں علماءدین اس مسئلہ کے بارے میں کہ وترکی نمازمیں مقتدی سےدعائے

﴿۱﴾(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۵۲۴ جلد ۱ :مطلب فی کراهة الاقتداء فی النفل على سبيل التداعی صلاة التراويح)

قنوت رہ گئی۔کیا اب دوبارہ وتر ادا کرے گا یانہیں؟بینوا تو جروا

المستفتی: شفیع اکبر گدون صوابی ۲۰ رمضان ۱۴۱۰ھ

الجواب: جس مقتدی سے دعائے قنوت رہ گئی اس پر اعادہ نماز واجب نہیں ہے۔یدل علیہ مافی الشرح الکبیر ص ۳۶۴ واماالمقتدی فهو مخیربین ثلاثة اشیاء قداختلف فیها ان شاء قنت وهومختار صاحب المحیط واکثر المحققین وان شاء امن وان شاء سکت﴿۱﴾انتهٰی بقدر الضرورة وصحة القول الاول لایقتضی وجوب القراءة. وهوالموفق.

وتر میں دعائے قنوت سہواً چھوڑنے پر سجدہ سہو واجب ورنہ اعادہ کرے گا

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ وتر میں اگر بالکل دعائے قنوت بھول جائے تو کیا سجدہ سہو کرے گا؟اگر بالکل بھول جائے اور سلام کے بعد یاد آیا تو کیا اعادہ وتر کرے گا؟بینوا توجروا

المستفتی: حافظ محمد حنیف سہار نپوری خانپور ہزارہ ۱۹۷۵/۸/۲۷

الجواب: چونکہ دعا قنوت واجب ہے لہٰذا تارک سہواً پر سجدہ سہو واجب ہوگا۔ورنہ اعادہ واجب ہوگا۔(ماخوذازشامی)﴿۲﴾۔وهوالموفق

﴿۱﴾(غنیة المستملی ص ۴۰۳ قبیل الفروع فصل فی الوتر)

﴿۲﴾قال العلامة ابن عابدین رحمه الله :(قوله یجب له)أی للسهو الاتی بیانه فی قوله بترک واجب سهوا.وذکر فی المحیط عن القدوری انه سنة وظاهرالروایة الوجوب وصححه فی الهدایة وغیرهالانه لجبر نقصان تمکن فی الصلاة فیجب کالدماء فی الحج و یشهد له الامربه فی الاحادیث الصحیحة والمواظبة علیه و ظاهر کلامهم أنه لولم یسجدیاثم بترک الواجب ولترک سجود السهو بحروفیه نظر بل یأثم لترک الجابر فقط اذلااثم علی الساهی نعم هو فی صورة العمد ظاهر و ینبغی أن یر تفع هذا الاثم باعادتها نهر.

(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۵۴۵ جلد ۱ :باب سجودالسهو)

وقال : الظاهر انه یشمل نحو مدافعة الاخبثین مما لم یوجب..... (بقیه حاشیه اگلے صفحه پر)

عشاء کے فرض فاسد ہونے کی صورت میں وتر کی قضا کا حکم

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ وقت ادا گزر جانے کے بعد معلوم ہوا، کہ نماز عشاء میں سے صرف فرض نماز فاسد ہوئی تھی، اب قضا کی صورت میں صرف فرض عشاء کو پڑھے یا نماز وتر کا بھی اعادہ کرے؟ نیز سنتوں کا کیا ہوگا، یعنی وتر کے ساتھ دوبارہ پڑھے یا نہیں؟ بینوا وتوجروا

المستفتی: اکرام الحق راولپنڈی.....۱۹۶۹ء/۰۱/۱۹

الجواب: امام صاحب کے نزدیک صرف فرض کا اعادہ ضروری ہے۔ اور صاحبین کے نزدیک وتر کا اعادہ بھی ضروری ہے۔ ﴿۱﴾ اور سنت کی قضا کسی کا مذہب نہیں ہے۔ في الهنديه ص ۵۳ جلد ۱ ولا يقدم الوتر على العشاء لوجوب الترتيب لالان وقت الوتر لم يدخل حتى لو صلى الوتر قبل

(بقيه حاشيه) سجودا اصلا وان النقص اذا دخل في صلاة الامام ولم يجبر وجبت الاعادة على المقتدى ايضا وانه يستثنى منه الجمعة والعيد اذا اديت مع كراهة التحريم الا اذا اعادها الامام والقوم جميعاً فليراجع.

(ردالمحتار ص ۳۳۷ جلد ۱ مطلب كل صلاة اديت مع كراهة التحريم تجب اعادتها)

﴿۱﴾ قال الامام الكاساني ان من صلى العشاء على غير وضوء وهو لا يعلم ثم توضأ فاوتر ثم تذكر اعاد صلوٰة العشاء بالاتفاق ولا يعيد الوتر في قول ابي حنيفة وعند هما يعيد ووجه البناء على هذا الاصل انه لما كان واجبا عند ابي حنيفة كان اصلاً بنفسه في حق الوقت لاتبعاً للعشاء.....الاان تقديم احدهما على الاخر واجب حالة التذكر فعند النسيان يسقط. (بدائع الصنائع ص ۲۷۲ جلد ۱ باب الوتر)

وقال العلامه ابن نجيم قوله والعشاء والوتر منه الى الصبح اى وقتهمامن غروب الشفق على الخلاف فيه وكون وقتهما واحداً مذهب الامام وعند هما وقت الوتر بعد صلاة العشاء له حديث ابي داود ان الله امدكم بصلاة هي خير لكم من حمر النعم وهي الوتر فجعلها لكم فيما بين العشاء الى طلوع الفجر ولهما مافي بعض طرقه فجعلها لكم فيما بين صلاة العشاء .الخ (البحر الرائق ص ۲۴۶ جلد ۱ كتاب الصلاة)

العشاء ناسياً او صلاهما فظهر فساد العشاء دون الوتر فانه يصح الوتر ويعيد العشاء وحدها عند ابی حنيفة لان الترتيب يسقط بمثل هذا العذر﴿۱﴾.وهو الموفق

قنوت نازلہ کا طریقہ وعلت

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ قنوت نازلہ کسی مصیبت کے ساتھ خاص ہے یا ہر وقت پڑھی جائے گی؟ نیز مقتدی امین آہستہ پڑھے گا یا جہر سے، اور ہاتھ باندھے گا یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد جلندر دارالعلوم حقانیہ

الجواب: صرّح صاحب البحر وردالمحتار فی باب الوتر بمشروعية القنوت فی الفجر بعدركوع ركعة الثانية وبتأمين المقتدی ای سراً كماهو الاصل عندنا.وهو مختص عندنا بنازلة وبلية عامة كا لطاعون والحروب كما صرحوابه ايضاًفليراجع الی ردالمحتار ص۶۲۸ جلد ۱ .﴿۲﴾ والا صل عند ابی حنيفة الوضع تحت السرة لكونه ذكراً طويلاً﴿۳﴾ولكن اختار بعض

﴿۱﴾(فتاویٰ عالمگيريه ص ۵۱ جلد ۱ المواقيت وما يتصل بها وفيه)

﴿۲﴾(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص۶۹۴ جلد ۱ مطلب فی القنوت للنازلة)

﴿۳﴾وفی المنهاج(قوله الالنازلة)وبه ناخذذكره فقهاء نا عن الامام الطحاوی قالوا قال الحافظ ابوجعفر الطحاوی انمالا يقنت عندنا فی صلوٰة الفجر من غير بلية فا ذاوقت فتنة اوبلية فلا بأس به فعله رسول اللهﷺ......يقنت لنازلة فی صلوٰة الفجر فقط كما فی الا شباه عن الغايه ويؤيده ما فی شرح المنية وقيل فی سائر الجهرية وقيل فی كل الصلوٰت وصرح الشرنبلالی انه بعد الركوع وهوالاظهر واستظهر الحموی انه قبله.قالوا ان المقتدی يتابع امامه الا اذاجهر فيؤمن ولم يصرحوا بوضع اليدين وبالارسال لكن الا صل يرجح الوضع وهوان الوضع سنة قيام له قرار فيه ذكر مسنون فی ظاهر المذهب......(بقيه حاشيه اگلے صفحه پر)

العلماء الا رسال رفعاً للاشتباه فليرا جع الیٰ بوادر النوادر﴿ ا ﴾ وهوا لموفق

قنوت نازلہ فی الفجر کا مسئلہ

سوال: مایقول العلماء فی القنوت فی الفجر بعد الرکوع فی الرکعةالثانیه.أمختص بالفجر ام لا؟وما کیفیته وطریقته؟بینواتوجروا

المستفتی:محمد حامد حقانی المتعلم بجامعة الحقانیہ اکوڑہ خٹک......۱۴۰۳ھ

الجواب: اعلم ان مسئله القنوت النازلة فی الفجر طویلة الذیل لاهمة لنا لاستقصاء ها فلنکتف بقول واحد من اقوال الفقهاء.وهو انه مختص بالفجر کما فی الشامیه ص ۴۷۱جلد ۱ عن الاشباه عن الغابة وشرح المنیة.وصرح الشر نبلالی انه بعد الرکوع.والمقتدی یتابع امامه الا اذاجهرالامام فیؤمن المقتدی﴿ ۲ ﴾(ردالمختار)ولم یصرحوابوضع الیدین والارسال.والقواعد تقتضی الوضع عندابی حنیفة لکونه ذکراً طویلا.والارسال عند صاحبیه لعدم قراء ة القرآن﴿۳﴾وهو الموفق

(بقیه حاشیه) وسنة قراءة فی روایة عن محمد.واختار بعض الاکابر قول محمد رفعا للاشتباه وصونا عن تکرارالرکوع.(منهاج النسن شرح جامع السنن للترمذی ص ۲۷۹ جلد۲ باب ماجاء فی القنوت فی صلوٰةالفجر)

﴿ ا ﴾(بوادرالنوادر ص ۳۷۴ نوے واں نادره تحقیق ارسال یاوضع یدین درقنوت نازله)

﴿۲﴾(ردالمحتارهامش الدرالمختار ص ۴۹۶ جلد ا :مطلب فی القنوت للنازلة)

﴿۳﴾وفی المنهاج السنن :قالوا ان المقتدی یتابع امامه الا اذا جهر فیؤمن ولم یصرحوا بوضع الیدین وبالارسال لکن الاصل یرجح الوضع هو ان الوضع سنة قیام له قرار فیه ذکر مسنون فی ظاهر المذهب وسنة قراء فی روایة عن محمد، واختار بعض الاکابر قول محمد رفعاً للاشتباه وصونا عن تکرار الرکوع.

(منهاج السنن ص ۲۷۹ جلد۲ باب ما جاء فی القنوت فی صلاة الفجر)

قنوت نازلہ نماز فجر کی رکعت ثانیہ کے رکوع کے بعد پڑھی جائیگی

سوال : کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ نماز فجر کی دوسری رکعت میں بعد الرکوع قنوت نازلہ پڑھی جائیگی یا قبل الرکوع ؟ اور کیا صرف فجر کی نماز میں پڑھی جائیگی؟ بینوا توجروا

المستفتی: مولانا حسین احمد عباسیہ لکی مروت ۲۰ صفر المظفر ۱۴۰۲ھ

الجواب: مفتیٰ بہ قول کی بنا پر قنوت نازلہ صرف فجر کی فرض نماز میں دوسری رکعت کے رکوع کے بعد پڑھی جائیگی۔ لمافی ردالمحتار ص ۶۲۸ جلد ۱ وهو صريح في ان قنوت النازله عندنا مختص بصلاة الفجر دون غير ها من الصلوات الجهريه والسرية.﴿۱﴾ امام جہر کرے گا اور مقتدی دعائیہ کلمات پر آہستہ (سراً) امین کہیں گے﴿۲﴾(شامی ص ۶۲۸ جلد ۱). وهو الموفق

رکعات وتر میں شک پڑجانے کی صورت میں نماز وتر پڑھنے کا طریقہ

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ میں وتر پڑھ رہا تھا کہ دوسری

﴿۱﴾(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۶۹۴ جلد ۱ :مطلب في القنوت للنازلة)

﴿۲﴾قال ابن عابدين الشامي: والذى يظهرلى ان المقتدى يتابع امامه اذا جهر فيؤمن وانه يقنت بعد الركوع لاقبله.(ردالحتار هامش الدرالمختار ص ۶۹۴ جلد ۱ مطلب في القنوت للنازلة)

وقال المفتي اعظم كفايت الله الدهلوى: اگر دعائے قنوت مقتدیوں کو یاد ہو تو بہتر ہے کہ امام بھی آہستہ پڑھے اور سب مقتدی بھی آہستہ پڑھیں اور مقتدیوں کو یاد نہ ہو جیسا کہ اکثری تجربہ اسی کا شاہد ہے تو بہتر یہ ہے کہ امام زور سے پڑھے اور سب مقتدی آہستہ آہستہ آمین کہتے رہیں۔

(كفايت المفتي ص ۴۴۸ جلد ۳ بيسواں باب قنوت نازله)

وقال الشرنبلالي: والمؤتم يقرأ القنوت كالامام على الاصح ويخفى الامام والقوم هو الصحيح لكن استحب للامام الجهربه في بلاد العجم ليتعلموه الخ.

(مراقي الفلاح ص ۳۸۲ باب الوتر واحكامه)

رکعت میں شک پڑ گیا کہ یہ دوسری رکعت ہے یا تیسری رکعت؟ تو ایسی صورت میں نمازی کیا کرے گا؟ کیا دوبارہ وتر پڑھے گا؟ بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم......

الجواب: جس رکعت میں شک پڑا ہو اسی رکعت میں دعائے قنوت پڑھے گا اور اسی رکعت میں بیٹھ کر قعدہ کرے گا اور تیسری رکعت میں دوبارہ دعائے قنوت پڑھ کر رکعت پوری کرے اور سجدہ سہو بھی آخر میں کرے﴿۱﴾ (بحر، شامی، هندیه، خلاصة الفتاویٰ). وهو الموفق

مقتدی کیلئے دعائے قنوت کے اتمام کے بغیر رکوع میں چلے جانے کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ رمضان میں مقتدی نے اگر وتر میں دعائے قنوت کچھ پڑھی ہے اور کچھ باقی ہے یا غلطی واقع ہونے کی وجہ سے دوبارہ قنوت پڑھ رہا ہے کہ امام رکوع میں چلا گیا اب مقتدی قنوت پوری کرے یا رکوع میں چلا جائے؟ اور اگر امام سے قنوت رہ گئی اور رکوع میں چلا گیا تو مقتدی کیا کرے گا؟ بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم......

الجواب: اگر مقتدی کو رکوع کے فوت ہونے کا خطرہ ہو تو رکوع میں جا کر متابعت امام کرے، اور اگر رکوع ملنے کا امکان ہو تو اسی قدر دعائے قنوت پڑھ کر رکوع میں جائے تا کہ دونوں

﴿۱﴾ وفی الهندیه: لو شک احد فی الوتر انه فی الاولیٰ او الثانیة او الثالثة فانه یقنت فی الرکعة التی هو فیها ثم یقعد ثم یقوم فیصلی رکعتین بقعدتین ویقنت فیهما احتیاطاً وفی قول آخر لا یقنت فی الکل اصلاً والاول اصح لان القنوت واجب وما تردد بین الواجب والبدعة یأتی به احتیاطاً کذا فی المحیط.

(فتاویٰ عالمگیریه ص ۱۱۱ جلد ۱ باب الوتر)

(وهکذا فی البحر الرائق ص ۴۱ جلد ۲ باب الوتر والنوافل)

اعمال کی رعایت ہوسکے﴿۱﴾(شامی)﴿۲﴾. وھو الموفق

وتر کے آخری رکعت پانے والے کیلئے دعائے قنوت پڑھنے کا حکم

سوال: کیا فرماتے علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ(۱) ایک شخص وتر کی تیسری رکعت میں امام کے ساتھ شریک ہوا اور دعائے قنوت امام کے ساتھ پڑھی، اب باقی نماز میں دعائے قنوت پڑھے گا یا نہیں؟ (۲) مقتدی نے امام وتر کی تیسری رکعت کے رکوع میں پایا اور اس نے دعا نہیں پڑھی تو اس کیلئے دوبارہ قنوت پڑھنے کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبداللہ مردان

الجواب: دونوں صورتوں میں اس مسبوق پر قنوت پڑھنا ضروری نہیں ہے پہلی صورت میں دعائے قنوت حقیقتاً اور دوسری صورت میں حکماً ادا ہوئی ہے (کما فی الشامی ص ۱۰ جلد ۲)﴿۳﴾. وھو الموفق

﴿۱﴾ قال الامام طاهر البخاری: فلو رکع الامام فی الوتر قبل ان یفرغ المقتدی من القنوت فانه یتابع الامام ولو رکع الامام ولم یقرأ القنوت، یقرأ المقتدی من القنوت شیئاً ان خاف الرکوع فانه یرکع وان کان لا یخاف یقنت ثم یرکع . (خلاصة الفتاویٰ ص ۱۶۰ جلد ۱ النوع من یتابع الامام)

﴿۲﴾قال ابن عابدین: (قوله قطعه وتابعه) لان المراد بالقنوت هنا الدعاء الصادق علی القلیل والکثیر وما اتی به منه کاف فی سقوط الواجب وتکمیله مندوب والمتابعه واجب فیترک المندوب للواجب (قوله ولو لم یقرأ) ای لو رکع الامام ولم یقرأ المقتدی شیئاً من القنوت ان خاف فوت الرکوع یرکع والا یقنت ثم یرکع الخ. (ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۴۹۵ جلد ۱ قبیل مطلب فی القنوت للنازلة)

﴿۳﴾ قال الحصکفی: واما المسبوق فیقنت مع امامه فقط ویصیر مدرکا بادراک رکوع الثالثة، قال ابن عابدین: لانه آخر صلاته وما یقضیه اولها حکما فی حق القراء ة وما اشبهها وهو القنوت واذا وقع قنوته فی موضعه بیقین لا یکرر لان تکراره غیر مشروع شرح المنیة.

(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۴۹۶ جلد ۱ قبیل مطلب فی القنوت للنازلة)

باب السنن والنوافل

سنت غیر موکدہ توڑ کر نماز عصر میں شریک ہونے کی وجہ سے بعد میں پڑھنا مکروہ تحریمی ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر کسی نے نماز عصر سے پہلے غیر موکدہ سنتوں کی نیت باندھی تھی نماز عصر با جماعت شروع ہونے کی وجہ سے اس نے نماز توڑ دی اب چونکہ یہ اس پر واجب ہوئی ہے تو اگر اس نے بعد از نماز عصر با جماعت ادا کرنے کے بعد ان سنتوں کو ادا کیا تو یہ مکروہ تحریمی ہے یا تنزیہی؟ بینوا توجروا

المستفتی: اکرام الحق ڈی ۵۵۲ راولپنڈی...... ۱۹۶۹ء/۱/۱۹

الجواب: چونکہ اس شخص پر اعادہ واجب لغیرہ ہے، اور واجب اصلی نہیں ہے لہٰذا اس نماز کا بعد صلوٰۃ العصر ادا کرنا مکروہ تحریمی ہے ﴿۱﴾ قال فی الدرالمختار وكره نفل وكل ماكان واجباً لا لعينه بل لغيره كمنذور والذى شرع فيه فى وقت مستحب او مكروه ثم افسده ولو سنة الفجر بعد صلوٰة الفجر وصلوٰة العصر انتهىٰ مختصراً وقال العلامة الشامي في ردالمحتار ص ۲۵۱ جلد ۱ والكراهة ههنا تحريمية ايضاً كما صرح به في الحلية ﴿۲﴾. وهو الموفق

﴿۱﴾ قال فى الهنديه: لو افتتح صلوٰة النفل فى وقت مستحب ثم افسدها فقضائها بعد صلوٰة العصر قبل مغيب الشمس لايجزيه هكذا فى محيط السرخسى.
(فتاوىٰ عالمگيريه ص ۵۳ جلد ۱ بيان الاوقات التى لا تجوز فيها الصلاة وتكره فيها)

﴿۲﴾ الدرالمختار مع ردالمحتار ص ۲۷۲ جلد ۱ كتاب الصلاة)

فرض نماز کو ادا کر کے دوبارہ فرض نماز میں شرکت خالص نفل ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک شخص فرض نماز ظہر کر کے دوبارہ ظہر کی جماعت میں شریک ہو جائے تو دوبارہ اس نماز میں شرکت بحیثیت نفل کی ہوگی یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: اکرام الحق ڈی نمبر ۵۵۲ راولپنڈی......۳۰/محرم ۱۳۸۸ھ

الجواب: دوبارہ پڑھنا خالص نفل ہے ﴿۱﴾۔ وھو الموفق

ملازمت کی وجہ سے نماز قضا کرنا، جماعت ثانیہ میں اقامت اور تہجد کی نیت میں تعین نماز

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ (۱) فکٹری میں کافر کی ملازمت ہے نماز کا ٹائم نہیں ملتا دیکھتے دیکھتے نمازیں قضا ہوتی ہیں جمعہ بھی متواتر قضا ہو، یہ ملازمت کرنی کیسی ہے؟ (۲) جماعت ثانیہ میں دوبارہ اقامت ہے یا نہیں؟ (۳) نماز تہجد میں لفظ سنت یا نفل یا تہجد نیت میں کونسا لفظ استعمال کریں گے؟ بینوا توجروا

المستفتی: مولانا فخر الدین برمنگھم انگلینڈ......۱۹۷۲ء/۸/۱۵

الجواب: (۱) جس نوکری میں نماز کی اجازت نہ ہو وہ نوکری حرام ہے ﴿۲﴾۔

(۲) مسجد میں اقامت نہ کرنا چاہئے اور غیر مسجد میں کرنا چاہئے ﴿۳﴾۔

﴿۱﴾ وفي الهندية: فان كان قد صلى مرة ففي العشاء والظهر لا بأس بالخروج (من المسجد) ما لم يأخذ المؤذن في الاقامة فان اخذ في الاقامة لم يخرج حتى قضاهما تطوعا. (فتاوىٰ عالمگیریه ص ۱۲۰ جلد ۱ باب ادراک الفريضة)

﴿۲﴾ وعن النواس بن سمعان قال قال رسول الله ﷺ لا طاعة لمخلوق في معصية الخالق رواه في شرح السنة. (مشكواة المصابيح ص ۳۲۱ جلد ۱ كتاب الامارة والقضاء الفصل الثاني)

﴿۳﴾ قال ابن عابدين: ويكره تكرار الجماعة في مسجد محلة باذان واقامة الا اذا صلى بهما فيه اولا غير اهله او اهله لكن بمخالفة الاذان ولو كرره..... (بقیه حاشیه اگلے صفحه پر)

(۳) تہجد کو سنت، صلوۃ اللیل، نفل، نماز تہجد تمام نیات سے پڑھنا جائز ہے۔ وھو الموفق

جمعہ کے دن آٹھ رکعت سنت موکدا اور دو رکعت مستحب ہیں

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ جمعہ کے دن دس رکعت سنت موکد ہیں یا غیر موکد؟ بینوا توجروا

المستفتی: منصف شاہ گدر مردان......۵/ دسمبر ۱۹۷۴ء

الجواب: امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک آٹھ رکعت سنت موکد ہیں اور باقی دو رکعت مستحب ہیں ﴿۱﴾ ان کا پڑھنا بہتر ہے، صرح به فی جمیع کتب الفتاویٰ ﴿۲﴾. وھو الموفق

(بقیه حاشیه) اهله بدونهما او كان مسجد طريق جاز اجماعا كمافي مسجد ليس له امام ولا مؤذن ويصلي الناس فيه فوجاً فوجاً فان الافضل ان يصلي كل فريق باذان واقامة على حدة كما في اما لي قاضي خان.

(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص۴۰۸ جلد ۱ مطلب في تكرار الجماعة في المسجد باب الامامة)

﴿۱﴾ قال العلامة ابن نجيم رحمه الله: والدليل على استنان الاربع قبل الجمعة مارواه مسلم مرفوعا من كان مصليا قبل الجمعة فليصل اربعا مع ماروواه ابن ماجه عن ابن عباس قال كان رسول الله ﷺ يركع من قبل الجمعة اربعا لا يفصل في شئ منهن وعلى استنان الاربع بعدها ما في صحيح مسلم عن ابي هريرة مرفوعاً اذا صلى احدكم الجمعة فليصل بعدها اربعا وفي رواية اذا صليتم بعد الجمعة فصلوا اربعا وذكر في البدائع انه ظاهر الرواية وعن ابي يوسف انه ينبغي ان يصلي اربعا ثم ركعتين.

(البحر الرائق ص ۴۹ جلد ۲ باب الوتر والنوافل)

﴿۲﴾ قال العلامه ابراهيم الحلبي: والافضل ان يصلي اربعاً ثم ركعتين للخروج عن الخلاف. (غنية المستملي ص ۳۷۳ فصل في النوافل)

ظہر کی چار سنت رہ جانے پر دو رکعت سنت کے بعد پڑھنا راجح ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ نماز ظہر کی اول چار رکعت سنت رہ جائیں تو فرض کے فوراً بعد یا دو رکعت سنت کے بعد ادا کریں گے؟ بینوا توجروا

المستفتی: منصف شاہ گدر مردان.....۲/ ذی قعدہ ۱۳۹۴ھ

الجواب: اس مسئلہ میں توسع ہے البتہ محققین علماء ابن الہمام وغیرہ نے حدیث کی وجہ سے دو رکعت کی سبقت کو ترجیح دی ہے﴿۱﴾ والحدیث رواہ الترمذی و ابن ماجہ﴿۲﴾. وھو الموفق

نماز فجر میں امام کی قرأت سننے کی وجہ سے سنت ترک نہیں کی جاوے گی

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر مسجد میں نماز فجر کی قرأت ہورہی ہو تو حدود مسجد یعنی (مسجد کے اندر) سنت پڑھنا جماعت میں شامل ہونے سے افضل ہے یا سنت چھوڑ کر امام کے پیچھے جماعت میں شامل ہونا افضل ہے حدود مسجد سے مراد مسجد کا وہ علاقہ جہاں عموماً نماز پڑھی جاتی ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد جان نوشہرہ کلاں.....۱۹۸۵ء/۱۰/۲۲

﴿۱﴾ قال العلامة ابن الهمام: (قوله وانما الخلاف) فعند ابی یوسف بعد الرکعتین وهو قول ابی حنیفة وعلی قول محمد قبلهما وقیل الخلاف علی عکسه والاولیٰ تقدیم الرکعتین لانّ الاربع فاتت عن الموضع المسنون فلا تفوت الرکعتان ایضا عن موضعهما قصدا بلا ضرورة. (فتح القدیر ص ۴۱۵ جلد ۱ باب ادراک الفریضة)

﴿۲﴾عن عائشة ان النبی ﷺ کان اذا لم یصل اربعا قبل الظهر صلاهن بعدها (ترمذی) وفی منهاج السنن: ای بعد الظهر وبعد الرکعتین ، ففی روایة ابن ماجة کان رسول الله ﷺ اذا فاتته الاربع قبل الظهر صلاهن بعد الرکعتین بعد الظهر وهو قول ابی یوسف ونسب الی ابی حنیفة وفی فتاویٰ العتابی ی انه المختار وفی مبسوط شیخ الاسلام انه الاصح ورجحه ابن الهمام.
(منهاج السنن شرح جامع السنن ص ۱۹۴ جلد ۲ باب ماجاء فی الرکعتین بعد الظهر)

الجواب: فقہاء کرام نے مسجد میں سنت فجر کو (جماعت کے قیام کے دوران) مکروہ لکھا ہے مگر یہ نہیں لکھا ہے کہ سنت نہ پڑھے بلکہ یہ لکھا ہے کہ جب حائل وغیرہ ہو تو پڑھے معلوم ہوا یہ اھون البلیتین ہے اور بہ نسبت ترک (اور مخالطت) کے افضل ہے﴿۱﴾۔ وھو الموفق

عصر کی چار رکعت سنت کا وقت

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ عصر کی چار رکعت سنتوں کی جو فضیلت ہے یہ قبل وقت العصر ہے یا بعد وقت العصر؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد جمال c/o محمد اقبال جی پی او پشاور.....۲/شعبان ۱۳۹۷ھ

الجواب: مشکواۃ شریف میں ہے رحمه الله امرء صلی قبل العصر اربعاً (رواه احمد والترمذی وابو داؤد) ﴿۲﴾ بہر حال اس کا وقت فرض سے قبل اور عصر کے وقت کے دخول کے بعد ہے. وھو الموفق

﴿۱﴾ قال العلامة ابن عابدين رحمه الله: (قوله والاتركها) قال في الفتح وعلى هذا اى على كراهة صلاتها في المسجد ينبغي ان لا يصلي فيه اذا لم يكن عند بابه مكان لان ترك المكروه مقدم على فعل السنة غير ان الكراهة تتفاوت فان كان الامام في الصيفي فصلاته اياها في الشتوى اخف من صلاتها في الصيفي وعكسه واشد مايكون كراهة ان يصليها مخالطا للصف كما يفعله كثير من الجهلة، والحاصل ان السنة في سنة الفجر ان يأتي بها في بيته والا فان كان عند باب المسجد مكان صلاها فيه والا صلاها في الشتوى او الصيفي ان كان للمسجد موضعان والا فخلف الصفوف عند سارية لكن فيما اذا كان للمسجد موضعان والامام في احدهما ذكر في المحيط انه قيل لا يكره لعدم مخالفة القوم وقيل يكره لانهما كمكان واحد قال فاذا اختلف المشائخ فيه فالافضل ان لا يفعل قال في النهر وفيه افادة انها تنزيهية ، لكن في الحلية قلت وعدم الكراهة اوجه للاثار التي ذكرناها ثم هذا كله اذا كان الامام في الصلاة اما قبل الشروع فيأتي بها في اى موضع شاء.

(ردالمحتارهامش الدرالمختار ص ۵۳۰ جلد ۱ باب ادراک الفريضة)

﴿۲﴾ (مشكواة المصابيح ص ۱۰۴ جلد ۱ باب السنن وفضائلها الفصل الثانى)

نماز کے بعد صرف سجدہ کرنا مکروہ ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ بعض لوگ نماز کے بعد صرف سجدہ کرتے ہیں کیا یہ جائز ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: بہادرزیب چکدرہ دیر سٹیٹ......۱۷/ جولائی ۱۹۷۹ء

الجواب: نماز کے بعد سجدہ مناجات کرنا مکروہ ہے، کما فی شرح الکبیر وما یفعل عقیب الصلوٰۃ فمکروہ لان الجھال یعتقدونھا سنۃ او واجبۃ﴿۱﴾. وھو الموفق

ظہر کی دوسنتوں کے ساتھ دونفل ملانا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین مفتیان شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ زید ظہر کی آخری دوسنتیں پڑھ رہا تھا قعدہ آخر میں تشہد پڑھنے سے قبل اٹھ گیا اور دو رکعت نفل ملا دیئے کیا یہ طریقہ درست ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: خیرالبشر مدینہ میڈیسنز نوشہرہ......۱۹۸۷ء/۳/۹

الجواب: ظہر یا عشاء وغیرہ کی سنتوں پر نفل کی بنا درست ہے، کما فی ردالمحتار ص ۴۷۲ جلد ۱ وغیرہ، فلیراجع﴿۲﴾. واللہ اعلم

﴿۱﴾ (غنیۃ المستملی المعروف بالکبیری ص ۵۶۹ فصل فی مسائل شتیٰ)

﴿۲﴾قال ابن عابدین: (قولہ لان کل شفع منہ صلاۃ) لتمکنہ من الخروج علی رأس الرکعتین فاذا قام الی شفع آخر کان بانیا صلاۃ علی تحریمۃ صلاۃ ومن ثم صرحوا بانہ لو نوی اربعا لا یجب علیہ بتحریمتھا سوی الرکعتین فی المشھور عن اصحابنا وان القیام الی الثالثۃ بمنزلۃ مبتدأۃ حتی ان فساد الشفع الثانی لا یوجب فساد الشفع الاول الخ.

(ردالمحتار ھامش الدرالمختار ص ۳۳۹ جلد ۱ مطلب کل شفع من النفل صلاۃ)

سنت قبل الظہر اور فرض کے مابین نفل کرنا اور نمازیوں کے آگے گزرنا

سوال: محترم المقام حضرت مفتی صاحب مدظلہ العالی! عرض یہ ہے (۱) کہ ایک دن میں نے مسجد حقانیہ میں سنت قبل الظہر ادا کئے اور جماعت کے انتظار میں بیٹھ گیا اسی دوران میں نے آپ صاحبان کو دیکھ لیا کہ آپ تیزی سے آ کر صف اول میں دو رکعت ادا کرنے لگے تو میں دو رکعت سے حیران ہوا اور دل میں کہنے لگا کہ یہ دو رکعت سنت ظہر ہیں یا سنت پہلے اپنے مکان پر ادا کئے ہیں اور یہ دو رکعت نفل ہیں، بہر حال سوال یہ ہے کہ اگر یہ دو رکعت نفل ہیں تو کس حدیث سے سنت قبل الظہر اور فرض کے درمیان نفل کا جواز معلوم ہوتا ہے، نیز اگر کوئی شخص امام ہو تو کیا اس کیلئے یہ جائز ہے کہ سنت قبل الظہر ادا نہ کرے اور لوگوں کی امامت کرے اگر چہ وقت میں تنگی بھی نہ ہو بین لنا بیانا شافیاً کی یبعد التردد من قلبی بارک الله فی الدنیا و الاخرة وانتم مقتدی الناس فی الاحادیث فی هذالزمان. (۲) وهكذا رئيت في مسجد الحقانيه الطلبة الكرام يمرون امام المصلين ايجوز هذا ام لا. بينوا توجروا

المستفتی: عبداللہ نوشہرہ......۲۷/ اگست ۱۹۸۴ء

الجواب: (۱) اصلی سنة الظهر القبلية في البيت واصلي في المسجد تحية المسجد ولم يمنع احد من الفقهاء من التطوع في هذا الوقت وورد في رواية انه ﷺ صلّها على توجيه ﴿۱﴾ . (۲) والمرور بين يدى المصلي ممنوع الا في المسجد

﴿۱﴾ قال العلامة ابن الهمام: فالاولى الاستدلال بمجموع حديثين حديث ابن عمر حفظت من رسول اللهﷺ عشر ركعات ركعتين قبل الظهر وركعتين بعدها وركعتين بعد المغرب في بيته وركعتين بعد العشاء وركعتين قبل صلاة الصبح وحديث عائشه انه ﷺ كان لا يدع اربعا قبل الظهر وركعتين قبل الغداةبناء على الجمع بينهما اما بان الاربع كان يصليها في بيته فاتفق عدم علم ابن عمر بهن وان علم غيرها مما صلى في بيته لانه ﷺ كان يصلي الكل في البيت ثم كان يصلي ركعتين تحية المسجد. (فتح القدير ص ۳۸۶ جلد ۱ باب النوافل)

الكبير كما صرحوا فانه يجوز المرور فيه في ماوراء موضع السجود﴿١﴾. وهو الموفق

نمازحفظ القرآن ثابت ہے

سوال: کیافرماتے ہیں علماءدین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک کتاب کے ص۱۴۲ تا ۱۴۴ پرنمازحفظ القرآن درج ہے نمونہ کیلئے دواوراق ارسال خدمت ہیں جس کی سند میں حصن حصین کا حوالہ دیا گیا ہے لیکن ترجمہ حصن حصین میں مجھے یہ حوالہ نہیں ملا کیا کسی دوسری کتاب میں اس کا ثبوت موجود ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: اکرام الحق غفرلہ......

الجواب: یہ حدیث ترمذی جلد ثانی ص۵۱۳ میں مسطور ہے﴿۲﴾۔فقط

﴿١﴾ قال العلامة الحصكفي رحمه الله: وان كره مرور مار في الصحراء اوفي مسجد كبير بموضع سجوده في الاصح او مروره بين يديه الى حائط القبلة في بيت ومسجد صغير فانه كبقعة واحدة مطلقا. (الدر المختارعلى هامش ردالمحتار ۴۲۹ جلد ۱ باب مايفسد الصلاة ومايكره فيها)

﴿٢﴾ عن ابن عباس انه قال بينما نحن عند رسول اللهﷺ اذ جاءه على ابن ابى طالب فقال بابى انت وامى تفلّت هذاالقرآن من صدرى فما اجدنى اقدر عليه فقال له رسول اللهﷺ يا اباالحسن افلا اعلمك كلمات ينفعك الله بهن وينفع بهن من علمته ويثبت ما تعلمت فى صدرك قال اجل يا رسول الله فعلمنى قال اذا كان ليلة الجمعة فان استطعت ان تقوم فى ثلث الليل الآخر فانها ساعة مشهودة والدعاء فيها مستجاب وقد قال اخى يعقوب لبنيه سوف استغفرلكم ربى يقول حتى تاتى ليلة الجمعة فان لم تستطع فقم فى وسطها فان لم تستطع فقم فى اولها فصل اربع ركعات تقرأ فى الركعة الاولىٰ بفاتحة الكتاب وسورة يٓس وفى الركعة الثانية بفاتحة الكتاب وحم الدخان وفى الركعة الثالثه بفاتحه الكتاب والم تنزيل السجدة وفى الركعة الرابعة بفاتحة الكتاب وتبارك الملك المفصل فاذا فرغت من التشهد فاحمد الله واحسن الثناء على الله وصل على واحسن وعلى سائر النبيين الخ.
(سنن ترمذى ص۱۹۲ جلد۲ ابواب الدعوات باب فى دعاء الحفظ)

صلوٰۃ معکوس نماز نہیں بلکہ ایک مجاہدہ اور معالجہ ہے

سوال: صلوٰۃ معکوس جائز ہے یا نہیں، نیز صلاۃ معکوس کا طریقہ کیا ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: رحمت کریم ڈاک اسماعیل خیل نوشہرہ...... یکم ذالحجہ ۱۳۸۹ھ

الجواب: صلوٰۃ معکوس کے متعلق امداد الفتاویٰ ص ۲۸۹ جلد ا میں مسطور ہے کہ اس کو صلاۃ مجازاً کہہ دیا جاتا ہے اصل میں یہ ایک مجاہدہ ہے اور مجاہدہ ایک معالجہ ہے اور معالجہ کیلئے منقول اور ماثور ہونا ضروری نہیں ہے، ہاں منہی عنہ نہ ہونا ضروری ہے ﴿۱﴾۔

نوٹ:......اس کا تذکرہ القول الجمیل میں موجود ہے ﴿۲﴾۔ وھو الموفق

سنت فجر کی قضاء افضل ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ راولپنڈی میں ایک صاحب نے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ اگر صبح کے فرض کی وجہ سے سنت فوت ہو جائے تو اس کو بعد الفرض پڑھنا چاہئے اور بعض علماء سے سنا گیا ہے کہ اس کا سرے سے اعادہ نہیں اس کا شرعی حکم کیا ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: اکرم خان ہنگو ضلع کوہاٹ......۱۹۸۷ء/۹/۵

الجواب: افضل یہ ہے کہ یہ سنت طلوع شمس کے بعد قضا کرے اور قبل طلوع الشمس متروکہ سنت کا پڑھنا مکروہ ہے، وھو قول محمد ومالک واحمد والشافعی فی قولہ القدیم ولا

﴿۱﴾ (امداد الفتاویٰ ص ۳۱۰ قبیل فصل فی التراویح)

﴿۲﴾ قال الامام ولی اللہ الدھلوی وللچشتیۃ صلوٰۃ تسمّی صلوٰۃ المعکوس لم نجد من السنۃ ولا اقوال الفقہاء ما نشدھا بہ فلذلک حذفناھا والعلم عند اللہ .

(القول الجمیل مع شفاء العلیل ص ۷۲ الفصل الخامس)

تقضی عند ابی حنیفة والتفصیل فی الفقه﴿۱﴾ وشروح الاحادیث﴿۲﴾. وهو الموفق

ظہر کے سنن قبلیہ دورکعت کے بعد ادا کئے جائیں گے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک آدمی سے ظہر کے سنن قبلیہ رہ جائے اب جماعت کے بعد یہ سنن دورکعت سنت کے بعد ادا کی جائیں گی یا قبل ادا کی جائیں گی. وقد ذکروا فی کتب الفقه الاختلاف فی تقدیمها وتاخیرها؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد سرور افغانی.....۳۱/مئی ۱۹۷۵ء

الجواب: اس تقدیم وتاخیر میں توسع ہے البتہ محققین کے نزدیک دورکعت مقدم پڑھے جائیں گے، کما فی الدر المختار مع ردالمحتار ص ۶۷۳ جلد ۱ ثم یأتی بها علی انها سنة فی وقته الظهر قبل شفعه عند محمد وبه یفتی، قال العلامة الشامی اقول وعلیه المتون

﴿۱﴾ قال العلامة ابن عابدین رحمه الله: (قوله ولا یقضیها الا بطریق التبعیة) ای لا یقضی سنة الفجر الااذا فاتت مع الفجر فیقضیها تبعا لقضائه لو قبل الزوال واما اذا فاتت وحدها فلا تقضی قبل طلوع الشمس بالاجماع لکراهة النفل بعد الصبح واما بعد طلوع الشمس فکذلک عندهما وقال محمد احب الی ان یقضیها الی الزوال کما فی الدرر.
(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۵۳۰ جلد ۱ باب ادراک الفریضة)

﴿۲﴾وفی المنهاج: اتفق ابوحنیفة وصاحباه علی انه لا یصلی رکعتی الفجر قبل طلوع الشمس، واختلفوا هل یصلیهما بعد طلوع الشمس ام لا، فقال محمد نعم وهو مذهب مالک واحمد وقال به الشافعی فی قوله القدیم وقال فی الجدید یصلیهما بعد صلوة الصبح قبل طلوع الشمس واحتج بحدیث الباب، ولنا احادیث النهی عن الصلوٰة بعد الصبح والعصر وهی احادیث صحیحة مشهورة بل متواترة وکذا هی محرمة من قبیل التشریع العام بخلاف حدیث الباب فانه منقطع لم یسمع محمد بن ابراهیم عن قیس جد سعد بن سعید.
(منهاج السنن شرح جامع السنن ص ۲۹۲ جلد ۲ باب فیمن تفوته الرکعتان قبل الفجر)

لاکن رجح في الفتح تقديم الركعتين قال في الامداد وفي فتاوىٰ العتابي انه المختار وفي مبسوط شيخ الاسلام انه الاصح لحديث عائشة رضي الله عنها انه عليه السلام كان اذا فاتته الاربع قبل الظهر يصليهن بعد الركعتين وهو قول ابي حنيفة وكذا في جامع قاضي خان، والحديث قال الترمذي حسن غريب انتهىٰ ﴿۱﴾ قلت فاذا ورد فيه انه قول الامام وكذا ورد في الحديث لفظ كان فالاول هو العمل عليه. وهو الموفق

نفل بیٹھ کر پڑھنا، سنن رواتب چھوڑنا اور ضرورت کے وقت نماز توڑنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین مسائل ذیل کے بارے میں

(۱) نفل بیٹھ کر پڑھنا درست ہے یا کھڑے ہوکر؟

(۲) عموماً نماز سے پہلے یا بعد میں جو سنن ہوتے ہیں موکدہ یا غیر موکدہ یا نوافل اگر اسے نہ پڑھی جائے تو کیا نماز کو کوئی نقصان پہنچتا ہے؟

(۳) سنت اور فرض کس حالت میں توڑنا جائز ہے؟ اگر والدین آواز دے تو سنت یا فرض توڑنا جائز ہوگا؟ بینوا توجروا

المستفتی: میران شاہ خٹک......۱۹۷۹ء/۵/۴

الجواب: (۱) بیٹھ کر نفل پڑھنا جائز ہے البتہ بنسبت قیام کے نصف ثواب رکھتا ہے، کمافي حديث صحيح رواه ابوداؤد وغيره ﴿۲﴾.

﴿۱﴾ (ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۵۳۱ جلد ۱ قبيل باب قضاء الفوائت)

﴿۲﴾ عن عمران ابن حصين انه سأل النبي ﷺ عن صلوٰة الرجل قاعداً فقال صلوته قائما افضل من صلوته قاعداً وصلوته قاعداً على النصف من صلوته قائما وصلوته نائما على النصف من صلوته قاعداً.

(سنن ابي داؤد ص ۱۴۴ جلد ۱ باب في صلوٰة القاعد)

(۲) سنت پڑھنا موجب ثواب ہے نہ پڑھنے میں عتاب بلکہ عقاب ہے (شامی) ﴿۱﴾۔
(۳) اگر والدین یا اجداد صرف آواز دے تو نفل توڑنا جائز ہے اور فرض توڑنا ناجائز ہے البتہ اگر استعانت (امدادطلبی) کریں تو توڑنا جائز ہے (شامی ص ۶۱۳ جلد ۱) ﴿۲﴾۔ وهو الموق

ڈیوٹی کے دوران نفل ادا کرنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ملازمین دوران ڈیوٹی فرض نماز کے علاوہ نفل نماز یا تلاوت قرآن مجید کر سکتے ہیں یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: جی ایم خلیل الرحمٰن پریمیئر ٹوبیکوانڈسٹریز جہانگیرہ......۱۹۸۷ء/۱۱/۱۵

﴿۱﴾ قال العلائی : (قوله وحكمها ما يوجر على فعله ويلام على تركه) اى يعاتب بالتاء لا يعاقب كما افاده فى البحر والنهر لكن فى التلويح ترك السنة المؤكدة قريب من الحرام يستحق حرمان الشفاعة لقوله عليه السلام من ترك سنتى لم ينل شفاعتى، وفى التحرير ان تاركها يستوجب التضليل واللوم والمراد الترك بلا عذر على سبيل الاصرار كما فى شرح التحرير لابن امير حاج...... وفى البحر من باب صفة الصلاة الذى يظهر من كلام اهل المذهب ان الاسم منوط بترك الواجب اوالسنة الموكدة على الصحيح لتصريحهم بان من ترك سنن الصلوٰت الخمس قيل لا ياثم والصحيح انه ياثم ذكره فى فتح القدير وتصريحهم بالاثم لمن ترك الجماعة مع انها سنة موكدة على الصحيح وكذا فى نظائره الخ.
(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص۷۷ جلد ۱ قبيل مطلب ان الاصل فى الاشياء الاباحة)
﴿۲﴾ قال العلامة الحصكفى رحمه الله: ولو دعاه احد ابويه فى الفرض لا يجيبه الا ان يستغيث به وفى النفل ان علم انه فى الصلاة فدعاه لا يجيبه والا اجابه، قال ابن عابدين رحمه الله: (قوله الا ان يستغيث به) اى يطلب منه الغوث والاعانة وظاهره ولو فى امر غيره مهلك واستغاثه غير الابوين كذلك والحاصل ان المصلى متى سمع احدا يستغيث وان لم بقصده بالنداء او كان اجنبيا وان لم ماحل به او علم وكان له قدرة على اعانته وتخليصه وجب عليه اعانته وقطع الصلاة فرضا كانت او غيره. (الدرالمختار مع هامش ردالمحتار ص۵۲۶ جلد ۱ مطلب قطع الصلاة يكون حراما ومباحا ومستحبا وواجبا باب ادراك الفريضة)

الجواب: ڈیوٹی کے دوران نفل پڑھنا اور تلاوت کرنا ممنوع ہے،قال فی الشامیہ ص ۵۹ جلد۵ تحت قولہ(ولیس للخاص ان یعمل لغیرہ)بل ولا ان یصلی النافلة قال فی التتارخانیہ وفی فتاویٰ الفضلی واذا استاجر رجلا یوما یعمل کذا فعلیہ ان یعمل ذلک العمل الی تمام المدة ولا یشتغل بشئ آخر سوی المکتوبة وفی فتاویٰ سمرقندیہ وقد قال بعض مشائخنا لہ ان یؤدی السنة ایضا واتفقوا انہ لا یؤدی نفلاً﴿۱﴾. وھو الموفق

دن اور رات دونوں میں نفل ثابت ہیں بدعت نہیں

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اسلام میں نوافل دن میں بھی ہیں یا صرف رات کے وقت ہیں؟ اور جو کوئی نوافل النہار کو بدعت کہتے ہیں اور کرنے والوں کو ریاکار کہتے ہیں کیا ان کا یہ قول صحیح ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم......

الجواب: کتب فقہاء میں ابواب الوتر والنوافل اور کتب الاحادیث میں باب السنن وغیرہ میں نوافل النہار کی تفصیل موجود ہے﴿۲﴾ اس کو بدعت کہنے والا جاہل ہے اور ریا تو فرض میں بھی حرام ہے۔وھو الموفق

﴿۱﴾ (ردالمحتار ھامش الدرالمختار ص ۴۸ جلد۵ مطلب لیس للاجیر الخاص ان یصلی النافلة مبحث الاجیر الخاص)

﴿۲﴾ قال العلامہ شرنبلالی: وندب رکعتان بعد الوضوء قبل جفافہ لقولہ علیہ السلام: مامن مسلم یتوضأ فیحسن وضوءة ثم یقوم فیصلی رکعتین یقبل علیھا بقلبہ الا وجبت لہ الجنة رواہ مسلم کذا فی البرھان وندب صلاة الضحیٰ علی الراجح وھی اربع رکعات لما رویناہ قریبا عن عائشة رضی اللہ عنھا وانہ علیہ السلام کان یصلی الضحیٰ اربعا ولا یفصل بینھما بسلام، ولما فی صحیح مسلم عن عائشہ رضی اللہ عنھا انہ.... (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

سنت مغرب کے ساتھ دو رکعت نفل ملانا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہمارے ہاں بعض لوگوں کا یہ معمول ہے کہ مغرب کی دو رکعت سنت کی نیت باندھ کر چار رکعت پڑھتے ہیں اور نیت دو رکعت کی ہوتی ہے اور ان چار رکعت نماز میں آخری دو رکعت بیٹھ کر پڑھتے ہیں کیا ایسا کرنا درست ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: شاد محمد خان سرڈھیری چارسدہ......۱۹۸۶ء/۷/۵

الجواب: قواعد کی رو سے یہ جائز ہے لیکن افضل نہیں ہے افضل یہ ہے کہ نفل قیاماً پڑھے (شامی ص۴۸۹ جلد ۱)﴿۱﴾۔ وهو الموفق

(بقیہ حاشیہ) علیه السلام کان یصلی الضحیٰ اربع رکعات ویزید مایشاء فلذا قلنا: ندب اربع فصاعداً الی اثنتی عشرہ رکعة لما روی الطبرانی فی الکبیر عن ابی الدرداء قال قال رسول الله ﷺ من صلی الضحیٰ رکعتین لم یکتب من الغافلین ومن صلی ستا کفی ذلک الیوم ومن صلی ثمانية کتبه الله من القانتین ومن صلی اثنتی عشرة رکعة بنی الله له بیتا فی الجنة... وندب صلاة اللیل خصوصاً آخره الخ.

(امداد الفتاح شرح نور الایضاح ص۴۳۸ فصل فی صلاة الضحیٰ واحیاء اللیالی)

﴿۱﴾ قال العلامة الحصکفی رحمه الله: ویتنفل مع قدرته علی القیام قاعدا لا مضطجعا الا بعذر ابتداء وکذا بناء بعد الشروع بلا کراهة فی الاصح کعکسه.

(الدر المختار علی هامش ردالمحتار ص۵۱۵ جلد ۱ باب الوتر والنوافل)

فصل فی التهجد وصلاۃ التسبیح

تہجد میں طول قیام افضل ہے یا تعدد رکعات؟

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ نماز تہجد میں طول قیام افضل ہے یا تعدد رکعات؟ بینوا توجروا

المستفتی: حاجی محمد.....۴ ۱۹۷۴ء/۴/۲

الجواب: طول قیام افضل ہے﴿۱﴾ لیکن دو رکعت تہجد پر اکتفاء کرنا فعل رسول بھی ہے﴿۲﴾۔ وھو الموفق

﴿۱﴾قال العلامہ ابن عابدین: اختلف النقل عن محمد فی هذه المسئلة فنقل الطحاوی عنه فی شرح الآثار ان طول القیام احب ونقل فی المجتبی عنه العکس ونقل عن ابی یوسف انه فصل فقال اذا کان له ورد من اللیل بقراءة من القرآن فالا فضل ان یکثر عدد الرکعات والافطول القیام افضل لان القیام فی الاول لایختلف ویضم الیه زیادة الرکوع والسجود.........قال اصحابنا طول القیام افضل وقاضی الشافعی کثر الصلاة افضل والصحیح قولنا ثم قال وروی عن ابی یوسف انه قال الیٰ اخرما مروظاهر کلامه ان هذا قول ائمتنا الثلاثة حیث لم یتعرض الا لخلاف الشافعی ویؤیده مامر عن الطحاوی. (ردا لمحتار هامش الدرالمختار ص ۵۰۱ جلد ۱ قبیل مطلب قولهم کل شفع من النفل صلاه الخ)

﴿۲﴾قال العلامة ابن عابدین: (قوله واقلها علی مافی الجوهرة ثمان) قید بقوله علی مافی الجوهرة لانه فی الحاوی القدسی قال یصلی ماسهل علیه ولو رکعتین والسنة فیها ثمان رکعات باربع تسلیمات. والتقیید باربع تسلیمات مبنی علی قول الصاحبین واماعلی قول الامام فلا کما ذکره فی الحلیة وقال فیها أیضا وهذا بناء علی أن أقل تهجده صلی الله علیه وسلم کان رکعتین وأن منتهاه ثمانی رکعات أخذممافی مبسوط السرخسی ثم ساق تبعا لشیخه المحقق ابن الهمام الاحادیث الدالةعلی ما عینه فی.....(بقیه حاشیه اگلے صفحه پر)

نفل اور تہجد کا لغوی معنیٰ

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ نفل اور تہجد کا لغوی معنیٰ کیا ہے؟ واضح فرماوے۔ بینوا توجروا

المستفتی: حافظ حجاج ولی دوسلی کیمپ بنوں...... ۱۱/۲/۱۹۸۸ء

الجواب: نفل زیادت کو﴿۱﴾ اور تہجد ترک نوم کو کہا جاتا ہے﴿۲﴾۔ وھو الموفق

نوافل میں تہجد کی بہت فضیلت ہے۔

سوال: نماز تہجد کی فضیلت ارشاد فرماویں کہ نوافل میں اس کا کیا درجہ ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: ابن شیر محمد ترلاندی صوابی مردان...... ۲۴/صفر ۱۳۸۹ھ

(بقیہ حاشیہ) المبسوط من منتهاه وحديث ابى داود الدال على ان اقل تهجده ﷺ اربع سوى ثلاث الوتر وتمام ذلك فيها فراجعها لكن ذكر آخر اعنه ﷺ من استيقظ من الليل وايقظ اهله فصليا ركعتين كتبا من الذاكرين الله كثيرا والذاكرات رواه النسائى وابن ماجه وابن حبان فى صحيحه والحاكم وقال المنذرى صحيح على شرط الشيخين.

(ردالمحتار هامش الدرالختار ص۵۰۲ جلد ۱ :مطلب فى صلاة الليل:باب الوتر والنوافل)

﴿۱﴾قال العلامه شرنبلالى :النفل فى اللغة عبارة عن الزيادة و منه سميت الغنيمة نفلا لانهازائدة على ما وضع له الجها دو هو اعلاء كلمة الله تعالىٰ ومنه قول لبيد من الرمل : ان تقوىٰ ربنا خير نفل .وسمى ولدالزنا نافلة لهذا.(امدادالفتاح ص۴۲۳فصل فى النوافل)

﴿۲﴾قال العلامه ابن عابدين :ان صلاة الليل المحثوث عليهاهى التهجد وقد ذكر القاضى حسين من الشافعية انه فى الاصطلاح التطوع بعد النوم وايد بمافى معجم الطبر انى من حديث الحجاج بن عمرورضى الله عنه يحسب احد كم اذا قام من الليل يصلى حتى يصبح انه قد تهجد انماالتهجد المرء يصلى الصلاة بعد رقده......ولان التهجد ازالة النوم بتكلف مثل تأثم اى تحفظ عن الاثم الخ.(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص۵۰۶ جلد ۱ :مطلب فى صلاة الليل)

الجواب: نوافل میں یہ بہت بہتر نماز ہے﴿۱﴾۔فقط

نعمت وراحت اور خوشی کے میسر آنے پر صلوۃ شکر ادا کرنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ قرآن پاک کی ایت ''لئن شکر تم لازید نکم'' سے استنباط کرتے ہوئے ایک صاحب نے کہا کہ کسی نعمت وراحت اور خوشی کے میسر آنے پر دو رکعت نماز شکر ادا کرنا بھی مستحب ہے۔ جو صحابہ کرام اور اولیاء کرام کا معمول رہا ہے۔کیا یہ قول صحیح ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: اکرام الحق ڈی ۔۵۵۲ راولپنڈی　　۱۴/۵/۱۹۶۹

الجواب: امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے مسلک کی بناء پر یہ استنباط صحیح ہے۔ کیونکہ روایت ترمذی میں وارد ہے۔ کان رسول اللہ ﷺ اذاجاء ہ امر سروراً اویسر بہ خر ساجداًشاکراً للہ تعالیٰ﴿۲﴾وفی اللمعات وھم(ابو حنیفہ و مالک)یقولون ان المراد با لسجدۃ الواقعۃ فی تلک الاحادیث والاثار الصلاۃ عبر عنھا بالسجدۃ وھو کثیر اطلاقاً للجزء علی الکل ﴿۳﴾.وھو الموفق

﴿۱﴾قال ابن عابدین : (قو لہ وصلاۃ اللیل)أقول ھی أفضل من صلاۃ النھار کما فی الجوھرۃ ونور الا یضاح وقد صرحت الأیات والاحادیث بفضلھا والحث علیھا قال فی البحر فمنھا مافی صحیح مسلم مرفوعا أفضل الصلاۃ بعد الفریضۃ صلاۃ اللیل وروی الطبرانی مرفوعا لا بدمن صلاۃ بلیل ولو حلب شاۃ وما کان بعد صلاۃ العشاء فھو من اللیل وھذا یفید ان ھذہ السنۃ تحصل بالتنفل بعد صلاۃ العشاء قبل النوم　ولانہ المفھوم من اطلاق الأیات والاحادیث ولان التھجد ازالۃ النوم بتکلف مثل نائم أی تحفظ عن الاثم نعم صلاۃ اللیل وقیام اللیل أعم من التھجد وبہ یجاب عما أورد علی قول الامام أحمد ھذا ما ظھر لی واللہ أعلم .(ردالمحتار ھامش الدر المختار ص ۵۰۲ جلد ۱ مطلب فی صلاۃ اللیل)

﴿۲﴾(مشکواۃ المصابیح ص ۱۳۱ جلد ۱ :باب فی سجود الشکر)

﴿۳﴾وفی الھندیہ وسجدۃ الشکر لاعبرۃ لھا عند ابی　(بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

صلاۃ تسبیح کا افضل وقت

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ نماز تسبیح کا بہترین وقت کونسا ہے؟ صرف وقت کے متعلق تحریر کریں۔ بینوا توجروا

المستفتی: محمد زاہد میڈیم رجمنٹ ایل اے ڈی......۱۷/محرم ۱۳۹۲ھ

الجواب: صلوٰۃ ظہر سے پہلے پڑھنی چاہئے۔(شامی)﴿۱﴾۔وھو الموفق

(بقیہ حاشیہ)حنیفة رحمه الله تعالیٰ وهی مکروهة عنده لا یثاب علیها وترکها اولی۔
(فتاوی عالمگیریه ص ۱۳۵ جلد ۱ مسائل سجده الشکر)

وقال العلی القاری: سجدة الشکر ..... سنة عند الشافعی ولیست بسنة عند ابی حنیفة خلافاً لصاحبیه...... فقالوا المراد بالسجود الصلاة وحجتهم فی هذا التأویل ما ورد فی الحدیث ان النبیﷺ لما اتی برأس ابی جهل خر ساجداً وقد روی عبد الله بن ابی او فی رأیتهﷺ صلی بالضحی رکعتین حین بشر بالفتح او برأس ابی جهل الخ. (مرقاة المفاتیح شرح مشکواة ص ۲۰۲ جلد۳ باب فی سجود الشکر)

﴿۱﴾قال ابن عابدین رحمه الله :وقال المعلی یصلیها قبل الظهر.
(ردالمحتارهامش الدرالمختار ص۵۰۸ جلد ۱ :مطلب فی صلاة التسبیح)

باب التراویح

پیغمبر علیہ السلام ہر رات کو رمضان میں تراویح پڑھتے تھے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ حضور علیہ السلام نے تراویح کی کتنی رکعتیں پڑھی ہیں اور کتنی شب پڑھی ہیں؟ بینوا تروجروا

المستفتی: عبداللہ لنڈی کوتل......۱۹۷۵ء/۱۱/۲۵

الجواب: پیغمبر علیہ السلام ہر رات کو رمضان میں تراویح پڑھتے تھے البتہ جماعت کبریٰ کے ساتھ تین رات ادا کئے ہیں ﴿۱﴾ اور جماعت کبریٰ علی طریق الدوام خلیفہ ثانی کے دور میں شروع ہوئی ہے ﴿۲﴾ اور اس زمانہ اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں بیس رکعت تراویح پڑھی جاتی تھیں ﴿۳﴾ اور چونکہ کسی چیز کا عدد رائے اور قیاس سے معلوم نہیں ہوتا لہٰذا قواعد کی رو

﴿۱﴾ عن عائشة ام المؤمنين ان رسول اللهﷺ صلىٰ ذات ليلة في المسجد فصلى بصلاته ناس ثم صلى من القابلة فكثر الناس ثم اجتمعوا من الليلة الثالثة او الرابعة فلم يخرج اليهم رسول اللهﷺ فلما اصبح قال قد رأيت الذى صنعتم ولم يمنعنى من الخروج اليكم الاانى خشيت ان يفرض عليكم وذلك في رمضان. (صحيح البخارى ص ۱۵۲ جلد ۱ باب تحريض النبىﷺ على قيام الليل والنوافل من غير ايجاب)

﴿۲﴾ عن سائب بن يزيد قال: كانوا يقومون على عهد عمر بن الخطاب فى شهر رمضان بعشرين ركعة الحديث وقال الشعرانى فى كشف الغمه، وكانوا يصلونها فى اول زمان عمر بثلاث عشرة ركعة..... وكان امامهم ابى بن كعب وتميما الدارى ثم ان عمر .... امر بفضلها ثلاثا وعشرين ركعة ثلث منها وتراً واستقرالامر على ذلك فى الامصار.

(التعليق الحسن على اثار السنن ص ۲۰۴ باب فى التراويح بعشرين ركعة)

﴿۳﴾ عن عبد الرحمن بن عبد القارى قال خرجت ..... (بقيه حايشه اگلے صفحه پر)

سے یہ عدد بیس مرفوع ہوگا، نیز حدیث علیکم بسنتی وسنة الخلفاء الراشدین﴿۱﴾ کی بنا پر بیس رکعت سنت نبوی ﷺ ہوگا یہ ناممکن ہے کہ شرالقرون کے اہل حدیث خیرالقرون کے خلفاء سے زیادہ متبع سنت ہوں، واما حدیث لایزید فی رمضان ولافی غیرہ علی احد عشر رکعة فمحمول علی التہجد بدلیل ولا فی غیر رمضان وکذا محمول علی الغالب ﴿۲﴾ فافهم وللتفصیل مقام آخر. وهوالموفق

تراویح میں جماعت نبی ﷺ اور خلفاء کے دور سے معمول ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک شخص کہتا ہے کہ تراویح جماعت کے ساتھ رسول اکرم ﷺ اور خلیفہ اول کے زمانہ میں نہیں پڑھی گئی ہے اور خلیفہ دوم کے حکم سے باجماعت پڑھی گئی لیکن اس حکم کو خلیفہ چہارم نے منسوخ کر دیا، کیا اس شخص کا یہ قول صحیح ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: نذیر احمد چیف گڈز کلرک ریلوے گودام مردان......۱۳/۱۰/۱۹۷۰ء

(بقیہ حاشیہ)مع عمر بن الخطاب لیلة الی المسجد فاذا الناس اوزاع متفرقون یصلی الرجل لنفسه ویصلی الرجل فیصلی بصلاته الرهط فقال عمرانی لو جمعت هؤلاء علی قارئ واحد لکان امثل ثم عزم فجمعهم علی ابی بن کعب قال ثم خرجت معه لیلة اخریٰ والناس یصلون بصلاة قارئهم قال عمر نعمت البدعة هذه والتی تنامون عنها افضل من التی تقومون یرید آخر اللیل وکان الناس یقومون اوله، رواه البخاری. (مشکواة المصابیح ص ۱۱۵ جلد ۱ باب قیام شهر رمضان الفصل الثالث)

﴿۱﴾ (مشکواة المصابیح ص ۳۰ جلد ۱ باب الاعتصام بالکتاب والسنة)

﴿۲﴾ قال الشیخ محمد ذکریا الکاندهلوی: قال شیخ مشائخنا مولانا الجنجوهی کان السائل ظن ان رسول الله ﷺ لعله کان یزید فی رمضان علی ماتهجد فی غیره فردته بقولها ماکان یزید فی رمضان ولا فی غیره ای فی غالب الاحوال والاوقات فالغرض الانکار علی زیادة رکعات التهجد لخصوصیته رمضان فلا ینا فیه ماکان یصلیه فی بعض الاحیان فوق احدی عشرة رکعة وکذا لا تعلق له بصلاه التراویح نفیا ولا اثباتا. (فتح الملهم شرح الصحیح المسلم ص ۲۹۱ جلد ۲ باب صلاة اللیل وقدر رکعات النبی ﷺ)

الجواب: پیغمبر ﷺ نے تراویح کو جماعت کبریٰ کے ساتھ تین رات پڑھی ہیں (رواہ البخاری) اور بقیہ راتوں میں عذر (خوف فرضیت) کی وجہ سے جماعت کبریٰ کو ترک کیا ہے ﴿۱﴾ اور جو امر عذر کی وجہ سے متروک ہو جائے وہ حکماً معمول شمار ہوتا ہے پس گویا کہ پیغمبر ﷺ نے جماعت کبریٰ پر دوام حکمی کیا ہے ﴿۲﴾ اور صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے اس امر کے متعلق کوئی تغیر و تبدیل نہیں کیا، البتہ عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے پیغمبر علیہ السلام کی تمنا کو پوری کی اور جماعت کبریٰ پر دوام حقیقی کی تمنا کو معمول بنائی ﴿۳﴾

﴿۱﴾ عن عائشة ام المؤمنين ان رسول الله ﷺ صلىٰ ذات ليلة في المسجد فصلى بصلاته ناس ثم صلى من القابلة فكثر الناس ثم اجتمعوا من الليلة الثالثة او الرابعة فلم يخرج اليهم رسول الله ﷺ فلما اصبح قال قد رأيت الذى صنعتم ولم يمنعنى من الخروج اليكم الاانى خشيت ان يفرض عليكم وذلک في رمضان. (الصحيح البخارى ص ۱۵۲ جلد ۱ باب تحريض النبى ﷺ على قيام الليل والنوافل من غير ايجاب)

﴿۲﴾ وفي المنهاج : وفى رواية البخارى نعم البدعة هذه ليس المشار اليه قيام رمضان لانه سنة الرسول، ولا قيامه بالجماعة الصغرىٰ لان النبى ﷺ لم ينكر على ابى بن كعب حين صلى بنسوة وكذا حين صلى بالناس في ناحية المسجدولاالجماعة الكبرىٰ لان النبى ﷺ فعلها ثلاث ليال، ولا الجماعة الكبرىٰ على وجه الدوام لان النبى ﷺ تركها خشية الافتراض ولو لاهذه الخشية لما تركها فهذه مواظبة حكماً وارادة.

(منهاج السنن شرح جامع السنن ص ۸۲ جلد ۳ قبيل ابواب الحج عن رسول الله ﷺ)

﴿۳﴾ عن عبد الرحمن بن عبد القارى:انه قال خرجت مع عمر بن الخطاب ليلة في رمضان الى المسجد فاذا الناس اوزاع متفرقون يصلى الرجل لنفسه ويصلى الرجل فيصلى بصلاته الرهط فقال عمراني ارى لو جمعت هؤلاء على قارئ واحد لكان امثل ثم عزم فجمعهم على ابى بن كعب ثم خرجت معه ليلة اخرىٰ والناس يصلون بصلاة قارئهم قال عمر نعم البدعة هذه والتى ينامون عنها افضل من التى يقومون يريد آخر الليل وكان الناس يقومون اوله.

(صحيح البخارى رقم حديث: ۲۰۱۰ كتاب صلاة التراويح)

اورخلیفہ ثالث ورابع ودیگر ائمہ نے اس میں کوئی تغیر وتبدل نہیں کیا، اثار میں مصرح ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے بیس رکعت تراویح پڑھی ہیں ﴿۱﴾۔ وھو الموفق

تیسویں رات کوشوال کا احتمال ہوتراویح باقاعدہ ادا کیئے جائیں گے

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہمارے علاقہ میں اکثر تیس رمضان کوشوال ہوتا ہے کیااس تقدیر پر کہ نہ کوئی شہادت ہو نہ قوی علامات ہوتیس رمضان کی شب کوتراویح پڑھنا چاہئے یانہیں؟ اگر پڑھنے چاہئے تو مقررہ وقت پر یارات کے آخری حصہ میں؟ کیاوتر کو باجماعت پڑھیں گے یابغیر جماعت کے؟ اگرعید الفطر ہواتو وتر کا اعادہ لازم ہے یانہیں؟ اوراگرشہادت نہ ہولیکن قوی علامات موجود ہوتو پھر کیاحکم ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: سیف اللہ بنوی.....۱۹٦۹ء/۱۰/۷

الجواب: اس رات کوشوال ہونے کا احتمال ہمیشہ اور ہروقت ہوتا ہے لہٰذا جب تک شوال کا حکم نہ دیا ہو﴿۲﴾تو تراویح اوروتر باقاعدہ باجماعت ادا کیئے جائیں گے، اوروتر کا اعادہ نہ لازم ہے اور نہ مستحب

﴿۱﴾ قال البیهقی: و روینا عن شتیر بن شکل و کان من اصحاب علی رضی الله عنه انه کان یؤمهم فی شهر رمضان بعشرین رکعة ویوتر بثلاث وفی ذلک قوة لما اخبرنا ابوالحسن بن الفضل القطان ببغداد(بسند متصل) عن ابی عبد الرحمن السلمی عن علی رضی الله عنه قال دعا القراء فی رمضان فامر منهم رجلا یصلی بالناس عشرین رکعة قال وکان علی رضی الله عنه یوتربهم وروی ذلک من وجه آخرعن علی.

(السنن الکبریٰ للبیهقی ص ۶۹۹ جلد۲ باب فی عدد رکعات القیام فی رمضان)

﴿۲﴾ قال ابن نجیم : (قوله ویثبت رمضان برؤیة هلاله او بعد شعبان ثلاثین یوماً) لحدیث الصحیحین صوموا لرؤیته وافطروا لرؤیته فان غم علیکم فاکملوا عدة شعبان ثلاثین.

(البحر الرائق ص ۲٦۳ جلد۲ کتاب الصوم)

ہے﴿۱﴾ اورعلامات مثلاً شہر سے حسب عادت بندوقوں کی آواز پر اعتماد صحیح ہے﴿۲﴾۔ وھو الموفق

مسجد کی بجائے چوک میں تراویح کی جماعت کرنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک پیش امام اور اس کے ساتھ چند آدمی ایک چوک میں نماز پنجگانہ اور تراویح پڑھتے ہیں جہاں صفائی بھی نہیں ہے حقہ سگریٹ وغیرہ کی گندگی بالفعل موجود ہے اور یہ چوک مسجد سے چالیس گز دور ہے اور مسجد میں آنے سے کوئی مانع شرعی بھی موجود نہیں ہے صرف سستی کی وجہ سے مسجد حاضر نہیں ہوتے اور کہتے ہیں کہ ہماری جماعت سنت کے طریقہ سے ادا ہوتی ہے کیا ان کی یہ باتیں درست ہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: گل ولی پائی ضلع ٹانک دارالعلوم ارشادیہ

الجواب: یہ اشخاص مسجد کی فضیلت سے محروم ہیں لیکن جماعت کی فضیلت سے محظوظ ہیں لتحقق الجماعة﴿۳﴾ نعم تکره الصلوٰة ان کان فی الطریق او تحقق ما یشغل باله

﴿۱﴾ قال ابراهیم الحلبی: ولایصلی الوتر بجماعة الا فی شهر رمضان ومعناه الکراهة دون عدم الجواز...... واما فی رمضان فلا خلاف فی نفی کراهة الجماعة فیه ولکن اختلفوا فی الافضل ففی فتاویٰ قاضی خان الصحیح ان الجماعة افضل لانه لما جازت الجماعة کانت افضل اعتباراً بالمکتوبة. (غنیة المستملی شرح منیة المصلی ص ۴۰۱ بحث التراویح والوتر)

﴿۲﴾ قال ابن عابدین: قلت والظاهر انه یلزم اهل القریٰ الصوم بسماع المدافع اورؤیة القنادیل من المصر لانه علامة ظاهرة تفید غلبة الظن وغلبة الظن حجةموجبة للعمل کما صرحوا به واحتمال کون ذلک لغیر رمضان بعید اذ لا یفعل مثل ذلک عادة فی لیلة الشک الا لثبوت رمضان.

(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۹۹ جلد ۱ مطلب الاعتماد علی قول الحساب مردود)

﴿۳﴾ قال العلامة حلبی رحمه الله: وان اقیمت التراویح فی المسجد بالجماعة وتخلف عنها رجل من افراد الناس وصلی فی بیته فقد ترک الفضیلة لا السنة...... وان صلی واحد فی بیته بالجماعة حصل لهم ثوابها وادرکوا فضلها ولکن لم ینالوا افضل الجماعة التی تکون فی المسجد لزیادة فضیلة المسجد وتکثیر جماعته واظهار شعائر الاسلام.

(غنیة المستلی المعروف بالکبیری ص ۳۸۴ فصل فی النوافل)

صرح العلامة الشامی فی ردالمحتار ص۲۹۳ جلد ۱ ﴿۱﴾ . وهو الموفق

بیس رکعت تراویح بغیر تعدیل ارکان اور آٹھ تعدیل کے ساتھ دونوں غلطی پر ہیں

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک امام بیس رکعت تراویح مع وتر وفرض بیس منٹ میں پورا کرتے ہیں جس میں نہ تسبیحات پڑھے جاتے ہیں نہ تعدیل الارکان ہو سکتا ہے جبکہ دوسری مسجد میں آٹھ رکعت تراویح مع وتر وفرض بیس منٹ میں مع تعدیل الارکان و غیرہ کے ہوتے ہیں اس صورت میں کس امام کا اقتدا کرنا چاہئے؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد خالق عنایت کلے باجوڑ......۱۹۸۴ء/۷/۱۷

الجواب: یہ دونوں طریق فضل سے خالی ہیں اور یہ دونوں بدنصیب ہیں ﴿۲﴾۔ وهو الموفق

ایک جگہ تراویح پڑھا کر دوسرے امام کے پیچھے تراویح میں اقتدا کرنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک امام اپنی قوم کو مختصراً تراویح پڑھانے کے بعد دوسری مسجد میں آ کر حافظ کے پیچھے قرآن سننے کیلئے اقتدا کرتا ہے امام صاحب جواز کیلئے شیخ عبدالقادر جیلانی رحمہ اللہ کے ملفوظات کا حوالہ دیتے ہیں جبکہ دوسرا شخص کہتا ہے کہ یہ جائز نہیں کیونکہ یہ تداعی الی النوافل بالجماعة کی صورت ہے جس کو فقہاء نے منع فرمایا ہے اب کیا صورت ہوگی جائز یا ناجائز؟ بینوا توجروا

المستفتی: حافظ ارشادالدین زیارت کا کا صاحب نوشہرہ......۱۹۷۶ء/۱۰/۱۴

﴿۱﴾ قال الحصكفي: و كذا كل ما يشغل باله عن افعالها ويخل بخشوعها...... و كذا تكره في اما كن كفوق كعبة وفي طريق ، قال ابن عابدين: وفي طريق لان فيه منع الناس من المرور وشغله بما ليس له لانها حق العامة للمرور. (الدرالمختار مع ردالمحتار ص ۴۷۹ جلد ۱ قبيل مطلب تكره الصلاة في الكنيسه)

﴿۲﴾ قال الحصكفي : ويجتنب المنكرات هذرمة القرأة وترک تعوذ وتسمية وطمانينة وتسبيح واستراحة. (الدرالمختار على هامش ردالمحتار ص ۵۲۳ جلد ۱ قبيل باب ادراک الفريضة)

الجواب: زید کا یہ فعل مکروہ نہیں ہے، کما فی شرح الکبیر ص ۳۵۲ ولو ام رجل فی التراویح ثم اقتدأ بآخر فی تراویح تلک اللیلة ایضا لا یکرہ له ذلک کما لو صلی المکتوبة اماماً ثم اقتدیٰ فیها متنفلا بامام آخر ﴿۱﴾. وهو الموفق

تمام اہل محلہ کا تراویح میں جماعت چھوڑ کر گھروں میں پڑھنے کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک امام مسجد بستی کی مسجد چھوڑ کر چند معتبرین علاقہ کی خوشامد کے طور پر ان کی بیٹھکوں میں نماز تراویح پڑھاتے ہیں جبکہ اس بستی کی مسجد بالکل غیر آباد ہے وہاں چند غریب آدمی اپنی انفرادی نماز ادا کرتے ہیں اور امام مسجد کسی اور مقام پر جا کر تراویح پڑھاتے ہیں اس کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم......۱۹۷۶ء/۱۰/۱۴

الجواب: اس محلہ کے لوگ تارک السنۃ ہیں، لان الجماعة فیها سنة علی سبیل الکفایة حتی لو ترک اهل المحلة کلهم الجماعة وصلوا فی بیوتهم فقد ترکوا السنة، شرح الکبیر ص ۳۴۷ ﴿۲﴾ امام اور غیر امام تمام کا حکم یکساں ہے۔ وهو الموفق

فاتح مقرر کیے بغیر تراویح پڑھانا صحیح ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک حافظ قرآن رمضان شریف میں ختم تراویح کرتا ہے اور اپنے پیچھے فاتح مقرر نہیں کرتا حالانکہ بعض دفعہ حافظ غلط بھی ہو جاتا ہے جس کا تدارک بغیر فاتح کے ناممکن ہے از روئے شریعت یہ نماز صحیح ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالمستعان کاٹلنگ مردان......۱۹۷۲ء/۱۰/۱۲

﴿۱﴾ (غنیة المستملی المعروف بالکبیری ص ۳۸۹ فصل فی النوافل)
﴿۲﴾ (غنیة المستملی المعروف بالکبیری ص ۳۸۴ فصل فی النوافل)

الجواب: جب فرض نماز پڑھنا بغیر فاتح کے درست ہے اور مکروہ نہیں ہے تو تراویح کا بلا فاتح پڑھنا بطریق اولی درست ہوگا۔ وھو الموفق

عرب ممالک میں احناف کیلئے تراویح میں حنفی امام کا اہتمام کرنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہم عرب امارات میں مقیم ہیں وہ اہل حدیث لوگ تراویح بارہ رکعت اور وتر ایک رکعت علیحدہ پڑھتے ہیں ہم یہاں ساٹھ ستر پاکستانی ہیں اگر ہم رمضان میں حنفی امام رکھ کر اپنے ڈیرہ میں تراویح کا اہتمام کریں اس کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم......۱۸/۲/۱۹۸۷ء

الجواب: اگر قانونی خطرہ نہ ہو تو یہ طریقہ افضل ہے، لان الافضل الاقتداء بمن یوافق فی الفروع کما فی ردالمحتار ص ۲۹۶ جلد ۱ فلیراجع ﴿۱﴾. وھو الموفق

تراویح اور وتر کے درمیان اگر قوم کو تکلیف ہو تو زیادہ نہ بیٹھنا چاہئے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہم لوگوں میں سے دو تین آدمی تراویح کے بعد اور وتر سے پہلے نوافل پڑھتے ہیں اور عوام کو اس انتظار میں تکلیف ہوتی ہے کیونکہ ضعیف بھی نماز میں شامل ہوتے ہیں تو مولوی صاحب نے فرمایا کہ تراویح کے بعد متصل وتر پڑھو اور وتر کے بعد کسی کو چاہئے جتنے نوافل پڑھ سکتے ہیں، پڑھ لیں، یہ مسئلہ زید، بکر نے تسلیم نہیں کیا اور امام

﴿۱﴾ قال العلامة ابن عابدین رحمه الله: ان الاقتداء بالمخالف المراعی فی الفرائض افضل من الانفراد اذ لم یجد غیره والا فالاقتداء بالموافق افضل۔

(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص۷۱۴ جلد۱ مطلب اذا صلی الشافعی قبل الحنفی هل الافضل الصلاة مع الشافعی ام لا باب الامامة)

کے خلاف ہو گئے اور صف سے نکل کر علیحدہ نفل پڑھتے ہیں اس میں مولوی صاحب کس حد تک صحیح ہے اور زید و بکر کس حد تک؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالقدوس خان پشتون گھڑی پشاور

الجواب: اگر قوم کو تکلیف ہو تو ان افراد کا انتظار نہ کرنا چاہئے (فی الهندیه ص ۱۲۲ جلد ۱) **ويستحب الجلوس بين الترويحتين قدر ترويحة وكذا بين الخامسة والوتر كذا في الكافي وهكذا في الهداية ولو علم ان الجلوس بين الخامسة والوتر يثقل على القوم لا يجلس هكذا في السراجيه﴿۱﴾. وهو الموفق**

تراویح اور وتر کے درمیان انفراداً نفل پڑھنا جائز ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ بعض لوگ تراویح کے بعد اور وتر سے پہلے دو رکعت نفل پڑھتے ہیں کیا یہ جائز ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: اکرام الحق اکوڑہ خٹک......۱۹۸۷ء/۱۱/۲۹

الجواب: تراویح اور وتر کے درمیان انفراداً نفل پڑھنا جائز ہے، **كما في شرح التنوير على هامش ردالمحتار ص ۴۹۵، ۴۹۶ جلد ۱ وكذا بين الخامسة والوتر ويخيرون بين تسبيح وقراءة وسكوت وصلوة فرادىٰ﴿۲﴾. وهو الموفق**

غلطی سے دو رکعت کی بجائے چار رکعت تراویح قعدہ اولیٰ کے بغیر پڑھنے کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ تراویح میں اگر دو رکعت کی بجائے

﴿۱﴾ (فتاویٰ عالمگیریه ص ۱۱۵ جلد ۱ فصل فی التراویح)

﴿۲﴾ (الدر المختار علی هامش ردالمحتار ص ۵۲۲ جلد ۱ باب الوتر والنوافل)

چار رکعت بغیر قعدہ اولیٰ کے پڑھی جائے تو یہ تراویح صحیح ہوئے یا نہیں؟ اگر صحیح ہوئے تو دو رکعت شمار ہوں گے یا چار رکعت؟ اور ختم القرآن کی تلاوت دوبارہ کی جائے گی یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالرحمٰن حقانی وزیرستان......۱۹۷۹ء/۹/۱۵

الجواب: صورت مسئولہ میں دوسرا شفعہ مع القرآت معاد کرنا ہوگا، کما فی الھندیہ ص۱۱۸ جلد ۱ وعن ابی بکر الاسکاف انه سئل عن رجل قام الی الثالثة فی التراویح ولم یقعد فی الثانیة قال ان تذکر فی القیام ینبغی ان یعود ویقعد ویسلم وان تذکر بعد ما سجدللثالثة فان اضاف الیها رکعة اخریٰ کانت ھذہ الاربع عن تسلیمة واحدة وفیھا ایضا واذا فسد الشفع وقد قرأ فیه لا یعتد بما قرأ فیه ویعید القرأة لیحصل له الختم فی الصلوٰة الجائزہ وقال بعضھم یعتد بھا کذا فی الجوھرة النیرة ﴿۱﴾. وھوالموفق

تراویح کے علاوہ نوافل میں قرآن پاک کی منزل سنانے کیلئے جماعت کا اہتمام کرنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ میں تراویح کے بعد یا کسی اور وقت میں نوافل میں جماعت کی صورت میں قرآن پاک کی منزل پڑھ سکتا ہوں یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد رمضان جلال پور جٹان گجرات......۱۹۷۷ء/۹/۲۵

الجواب: چونکہ بیس رکعت سے زائد قیام اللیل قیام رمضان نہیں ہے لہٰذا تراویح پڑھنے کے بعد نوافل بلا جماعت ادا کیے جائیں گے با جماعت پڑھنا مکروہ ہوگا، جبکہ مقتدی تین سے زائد ہوں، کما فی البدائع ان الجماعة فی التطوع لیست بسنة الا فی قیام رمضان(بحوالہ ردالمحتار ص۴۷۶ جلد ۱) وفی شرح التنویر ولا یصلی الوتر ولا التطوع بجماعة خارج رمضان

﴿۱﴾ (فتاویٰ عالمگیریہ ص۱۱۸ جلد ۱ فصل فی التراویح)

ای یکره ذلک لو علی سبیل التداعی بان یقتدی اربعة بواحد کما فی الدرر ﴿۱﴾ انتهیٰ، والمراد من التطوع قیام رمضان بدلیل عبارة البدائع وبدلیل ما فی الهندیه ص۱۲۳ جلد۱ ولو صلی التراویح ثم اراد ان یصلوا ثانیا یصلون فرادیٰ کذا فی التتارخانیه﴿۲﴾. وهو الموفق

حافظ کا تراویح میں دوسری قوم کیلئے دوبارہ ختم کرنا اختلافی لیکن ترک سنت سے اولیٰ ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر ایک حافظ ایک جگہ عشرہ اولیٰ میں ختم قرآن تراویح میں کر چکا ہے تو کیا دوسری جگہ میں پھر پڑھا سکتا ہے؟ حالانکہ تراویح میں ختم قرآن ایک دفعہ سنت ہے اور حافظ کی سنت ادا ہوگئی ہے اب دوبارہ اس کا یہ عمل مستحب ہوگا اور مستحب کے ادا کرنے والے کے پیچھے سنت نماز کس طرح ادا ہوگی؟ بینوا توجروا

المستفتی: سلطان خان ترناب فارم پشاور......۱۹۷۷ء/۹/۱۹

الجواب: جو حافظ تراویح میں ایک دفعہ ختم قرآن کرے تو دوبارہ ختم کرنے کی صورت میں دوسری قوم کی سنت ادا نہیں ہوتی ہے، یہی قول مختار ہے البتہ الم ترکیف والی تراویح سے بہتر ہے، لان الاداء الاختلافی اولیٰ من ترک السنة اصلا، نیز جب حافظ دوسرے ختم کو نذر کرے تو قوم کی سنت ادا ہوگی (ماخوز از مجموعة الفتاویٰ للکھنوی)﴿۳﴾. وهو الموفق

﴿۱﴾ (الدر المختار علی هامش ردالمحتار ص۵۲۴ جلد۱ مبحث صلاة التراویح)

﴿۲﴾ (فتاویٰ عالمگیریه ص۱۱۶ جلد۱ فصل فی التراویح)

﴿۳﴾ قال العلامه عبد الحئی اللکهنوی: سغنانی میں ہے کہ ایک امام نے ایک قرآن شریف تراویح میں ایک قوم کے ساتھ ختم کیا اور پھر دوسرا دوسری قوم کے ساتھ تو اس دوسری قوم کے ذمہ سے سنت ساقط نہ ہوگی کیونکہ اس امام کا دوبارہ ختم قرآن سنت نہیں ہے تو اس کیلئے یہ نفل ہوگا پس مقتدی نفل کا ثواب پائیں گے تراویح کا نہ پائیں گے اور رسالہ مولانا صدر الدین حسام میں مسائل تراویح میں ہے کہ ...(بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

حافظ کا ایک دفعہ ختم کرنے کے بعد دوبارہ نئی قوم کیلئے ختم کرنا

سوال: کیافرماتے ہیں علماءدین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگرایک حافظ ایک مسجد میں ختم تراویح کرے اور پھر دوسری مسجد میں دوسرا ختم شروع کرے تو کیا اس حافظ صاحب اور عوام کا ختم مسنونہ ادا ہوسکتا ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: قاری حضرت گل ضلع بنوں......۱۹۷۸ء/۹/۱

الجواب: جس حافظ نے ایک دفعہ تراویح میں ختم سنایا ہو وہ نئی قوم کو تراویح میں ختم سنا سکتا ہے اس میں کسی کا نقصان نہیں ہے (وتمام البحث فی مجموعة الفتاویٰ ص۶۲۷ ، ۶۲۸ جلد ۱) ﴿۱﴾ قلت قولھم ان الختم مرة سنة ومرتین فضیلة وثلاثاافضل ﴿۲﴾ یدل علی ان ھذا الامام اقویٰ حالاً من القوم لانه الادنی ونظیره ما اذا ام ذلک الحافظ فی التراویح ویقرأ الم ترکیف علی قول من قال لا یکره له ترک التراویح، فافھم، وقلت:

(بقیہ حاشیہ) اگرکوئی سوال کرے ایک امام کے متعلق جس نے ایک قرآن شریف تراویح میں ختم کیا اور پھر دوسرا شروع کیا تو اس کی اقتدا ان لوگوں کو جائز ہے جنہوں نے ختم نہیں سنا ہے، اور اگر وہ لوگ اقتدا کریں تو یہ ختم محسوب ہوگا یا نہیں، میں کہوں گا کہ یہ مسئلہ اساتذہ دہلی کی مجلس میں ایک عرصہ تک زیر بحث رہا ہے بعض نے کہا کہ اقتدا درست نہیں کیونکہ اس میں قوی کی بنا ضعیف پر لازم آئے گی، کیونکہ مقتدی کی تراویح سنت موکدہ ہے اور امام کی سنت موکدہ نہیں بلکہ نفل ہے اور نفل سے سنت زائد قوی ہے اور انہوں نے اس صورت کا قیاس کیا ہے اس صورت پر جس میں فرض پڑھنے والا نفل پڑھنے والے کی اقتدا کرے اور بعض نے کہا جائز ہے...... پس جب اس کے سقوط ختم اور عدم سقوط میں اختلاف واقع ہوا تو امام کو چاہئے کہ ختم ثانی کو مع تراویح اپنے اوپر نذر کر کے اختیار کرے اور کہے لله علی ان اختم القرآن فی صلوٰة التراویح ،تاکہ امام کا ختم واجب اور مقتدیوں کی اقتدا درست ہوجائے۔ وتفصیله فی خزانة الروایة. (مجموعة الفتاویٰ ص۲۰۵، ۲۰۴ جلد ۱ کتاب الصلوٰة)

﴿۱﴾(مجموعة الفتاویٰ للکھنوی ص ۲۲۴ جلد ۱ کتاب الصلاة)

﴿۲﴾ (الدرالمختار علی ھامش ردالمحتار ص۵۲۲ جلد ۱ مبحث صلاة التراویح)

ان قدروی بعض اهل العلم عن کنز الفتاویٰ ام قوماً فی التراویح وختم فیها ثم ام قوماً آخرین له ثواب الفضیلة ولهم ثواب الختم انتهیٰ ﴿ ا ﴾ فهو الراجح لانه لافرق بین الصلاتین فی الارکان والواجبات فکیف یکون اقتداء القوی بالضعیف والاعتبار للصلاة دون شیٔ آخر. فافهم

حفاظ کو ختم تراویح میں رقم دینا ہدیہ ہوتا ہے اجرت نہیں

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ تراویح میں تلاوت قرآن مجید پر اجرت لینے کے بارے میں کہ آپ صاحبان کی رائے کیا ہے؟ بہار شریعت حصہ چہارم میں ہے کہ پڑھنے سننے والے اگر پیشتر یہ کہدیں کہ نہیں لیں گے نہیں دیں گے اور پھر بعد میں لے لیں تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں کیا یہ صحیح ہے؟ بینو اتوجروا

المستفتی: گل محمد خطیب مرکزی جامع مسجد ٹھی تلہ گنگ کیمل پور......۱۹۶۹ء/۱/۵

الجواب: چندہ دہندگان کی طرف مراجعت کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ رقم جو حافظ کو دی جاتی ہے ہدیہ کے طور پر ہوتی ہے اور ہدیہ کے لینے اور دینے میں خواہ معروف ہو یا مشروط ہو کوئی حرج نہیں، والحرج انما هو فی الاجرة سواء کانت مشروطة او معروفة وکلتا هما منتقیان لعدم عقد الاجارة بالقول ولا بالتعاطی فتدبر. نیز اگر یہ تسلیم کیا جائے کہ یہ اجرت معروفہ ہے تب بھی اس میں کوئی حرج نہیں ہے کیونکہ حفاظ کو یہ رقم صرف ختم قرآن کے معاوضہ میں نہیں دی جاتی ہے اور نہ صرف امامت کے معاوضہ میں دی جاتی ہے بلکہ حافظ کو یہ رقم اس وقت دی جاتی ہے جبکہ امام بن کر تراویح میں رکن قرأت تمام قرآن کو بنائے یعنی یہ امامت خاصہ کا معاوضہ ہے اور امامت پر اجرت لینا مفتی بہ قول پر

﴿ ا ﴾ (مجموعة الفتاویٰ للکھنوی ص ۲۲۴ جلد ا کتاب الصلاة)

جائز ہے﴿۱﴾۔ كما لا يخفىٰ على من راجع الى كتاب الاجارات، وماروى انه عليه الصلاة والسلام قال اقرء وا القرآن ولا تأكلوا به، فانما هو امر من الاقرأ لا من القرأة لان الفقهاء انما استدلوا به لعدم جواز اخذ الاجرة على التعليم فالتقريب انما يتم على التقدير الاول فافهم وراجع الى العرف ومسئلة رزق القاضي. وهو الموفق

حافظ کو ختم تراویح میں کچھ دینے کے بارے میں معطی کی نیت معتبر ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر رمضان میں ایک حافظ ختم قرآن کیلئے مقرر کیا جائے وہ کچھ مانگتا نہیں لیکن لوگ بہر حال کچھ دیتے ہیں تو اب اس بارے میں یہ طریقہ اچھا ہے کہ جس کا جی چاہے حافظ کو دیدیں یا یہ طریقہ کہ فلاں فلاں اتنا اتنا روپے دیدیں شرعی حکم کیا ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: مولوی سمیع الحق اچینی پایان پشاور......۱۹۷۷ء/۹/۲۳

الجواب: چونکہ نیت معطی کا معتبر ہے، لہٰذا یہ دونوں طریقے برابر ہیں یعنی اگر معطی نے ہدیہ (شکرانہ) اور اکرام کی نیت کی ہے تو بلا اختلاف جائز ہے اور اگر اجرت (فیس) کی نیت کی ہو تو اس میں اختلاف ہے، مال اكثر الاكابر الى عدم الجواز لانها اجرة التلاوة ومال البعض الى الجواز لانها اجرة الامامة المقيدة بقراء ة مخصوصة وهو الاقوىٰ والاول احوط﴿۲﴾. وهو الموفق

﴿۱﴾ قال العلامة الحصكفي رحمه الله: ويفتى اليوم بصحتها لتعليم القرآن والفقه والامامة (الدر المختار على هامش ردالمحتار ص ۳۸ جلد۵ باب الاجارة الفاسدة)

﴿۲﴾ وقال في المنهاج: واماما يعطى الحفاظ في رمضان عند ختم القرآن فالحق انه جائز لانها هدية معروفة ليست باجرة ويشهد له حديث الترمذى عن انس رضى الله عنه ان رجلا من كلاب سأل النبی ﷺ عن عسب الفحل فنهاه فقال يا رسول الله انا نطرق الفحل فنكرم فرخص له في الكرامة والاعتبار لنية الدافع دون الآخذ فافهم ولو سلم انه اجرة فلا حرج فيه ايضا لانها ليست عوض التلاوة البحتة ولا الامامة البحتة بل هي عوض الامامة المسنونة المخصوصة ولا ضير في اخذ الاجرة على الامامة المقيدة ......(بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

حافظ کو کچھ دینا صلہ، مکافات اور اکرام کے طور پر معروف ہے نہ کہ اجرت کے طور پر

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ **المعروف کالمشروط** کی بنا پر رمضان میں حافظ کو جو رقم وغیرہ دی جاتی ہے یہ اجرت دینا جائز ہے یا ناجائز؟ میں نے ان لوگوں سے کئی دفعہ کہا ہے کہ اگر آپ کو حافظ صاحب کی خدمت کرنی ہے تو پہلے کیوں نہیں دیتے خاص ختم قرآن کی رات کو دینا صحیح نہیں کیونکہ اجرت باندھ کر قرآن مجید پڑھنا حرام ہے وغیرہ وغیرہ، لہٰذا آپ صاحبان اس مسئلہ کو لکھ کر روانہ فرماویں تا کہ یہ لوگ اس قبیح کام سے رک جائیں۔ **واجرکم علی اللہ**

المستفتی: محمد عزیز اللہ خطیب جامع مسجد ڈیرہ لال حیدرآباد سندھ

الجواب: حافظ کو جو رقم دی جاتی ہے وہ غالباً صلہ، مکافات اور اکرام معروف ہوتا ہے نہ کہ اجرت مشروط یا معروف ہوتی ہے کیونکہ نہ عقد اجارہ موجود ہے اور نہ کوئی اشتراط متحقق ہے اور نہ کوئی خاص اجرت پر عرف جاری ہے اور نہ حافظ حاکم یا قاضی کے پاس مطالبہ کر سکتا ہے بخلاف مزدور اور اجیر کے کہ اس کی اجرت شرط یا عرف سے معلوم ہوتی ہے اور وہ مرافعہ **الی القاضی** بھی کر سکتا ہے پس حافظ کو یہ رقم دینا جائز ہے، **یدل علیه ما روی الترمذی عن انس رضی الله عنه ان رجلاً من کلاب سأل النبی ﷺ عن عسب الفحل فنهاه فقال انا نطرق الفحل فنکرمه فرخص له فی الکرامة**﴿۱﴾ **انتهیٰ**، علاوہ ازیں یہ کہ یہ رقم حافظ کو صرف ختم قرآن کی وجہ سے نہیں دی جاتی ہے جیسا کہ صرف امامت کی وجہ سے نہیں دی جاتی ہے بلکہ یہ رقم امامت مخصوصہ (جس کا رکن قرأت تمام قرآن ہو) پر دی جاتی ہے تو اس رقم کو ہم ناجائز نہیں کہہ سکتے ہیں، **و آراء الاکابر فیه مختلفة**.

ملاحظہ:...... یہ جواب ہمارے علاقہ کے عرف پر مبنی ہے۔ **وهو الموفق**

(بقیه حاشیه) بمکان اوزمان او قرأة سورة وسور هذا. (منهاج السنن شرح جامع السنن للترمذی ص ۹۰ جلد ۲ باب کراهیة ان یاخذ المؤذن علی الاذان الاجر)

﴿۱﴾ (سنن الترمذی ص ۱۵۳ جلد ۱ باب ماجاء فی کراهیة عسب الفحل)

تراویح میں سرعت قرأت وترک قومہ وجلسہ منکرات ومکروہات ہیں

سوال: کیافرماتے ہیں علماءدین اس مسئلہ کے بارے میں کہ نماز تراویح میں اس قدر جلدی کرنا کہ قرأت، رکوع، سجدہ، قومہ، جلسہ وغیرہ میں اس قدر تخفیف کرے کہ نماز کی اصلیت بالکل کھو جاتی ہے کیااس طرح بہت جلدی جلدی تراویح پڑھانا جائز ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد فرید عرف فریدی شہر مردان.....۲۴/ رمضان ۱۴۰۶ھ

الجواب: ائمہ مساجد کی تراویح میں یہ سرعت قرأت، قومہ وجلسہ کا ترک کرنا وغیرہ تمام کے تمام منکرات اور مکروہات ہیں، كما في شرح التنوير على هامش ردالمحتار ص ۲۷۵ جلد ۱ ويجتنب المنكرات هذرمة القرأة وترك تعوذ وتسمية وطمانينة وتسبيح واستراحة ﴿۱﴾. وهوالموفق

لاؤڈ سپیکر کے ذریعے تراویح پڑھنے اور سننے والوں پر سجدہ تلاوت کے لازم ہونے کا مسئلہ

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ (۱) رمضان المبارک میں ختم قرآن پاک بذریعہ لاؤڈ سپیکر بلند آواز سے پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟ (۲) سجدہ تلاوت جو عام لوگ سنتے ہیں وہ اکثر بے وضو رہتے ہیں ان کے ذمہ سجدہ تلاوت واجب ہوتا ہے یا نہیں؟ (۳) نیز اس دوران بازاروں، حجروں اور گھروں میں لوگ گپ شپ اڑاتے ہیں کیا یہ لوگ گناہ میں واقع ہوتے ہیں یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: مولانا شمس العارفین عرف قریشی صاحب حق صاحب کانگڑہ چارسدہ.....۱۹۷۶ء/۱۰/۱۴

الجواب: (۱) لاؤڈ سپیکر میں تراویح پڑھنا (ختم کرنا) بذات خود ممنوع نہیں ہے، البتہ ایذا اور اشتباہ اصوات وغیرہ عوارض کی وجہ سے ممنوع ہوگا ﴿۲﴾۔ (۲) اہل فن سے مراجعت کرنے کے بعد معلوم

﴿۱﴾ (الدرالمختار على هامش ردالمحتار ص ۵۲۳ جلد ۱ قبيل باب ادراک الفريضة)

﴿۲﴾ قال العلامة ابن عابدين رحمه الله: وفي حاشيه الحموي عن الامام الشعراني اجمع العلماء سلفاً وخلفا على استحباب ذكر الجماعة في المساجد..... (بقيه حاشيه اگلے صفحه پر)

ہوتا ہے کہ اس آلہ سے اصل آواز بلند ہو کر سنی جاتی ہے تو اس تحقیق کی بنا پر تمام سننے والوں پر سجدہ تلاوت لازم ہوگی جو کہ عبادت ہے گناہ نہیں ہے، والا سرار ادب لمن یقرأ خارج الصلاۃ فافھم﴿۱﴾۔

(۳) یہ لوگ خود جرم کا ارتکاب کر رہے ہیں حافظ نے تو کوئی جرم نہیں کیا ہے﴿۲﴾۔

ملاحظہ:...... مقامی باثر مسلمانوں پر ضروری ہے کہ بلند آواز سے ریڈیو وغیرہ بجانے والوں کی ایذا سے دیندار لوگوں اور نمازیوں اور بیماروں کو بچائیں۔ وھو الموفق

لاؤڈ سپیکر پر ختم شبینہ کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ آلہ مکبر الصوت یعنی لاؤڈ سپیکر پر ختم شبینہ جائز ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم...... ۱۸/ جمادی الاول ۱۴۰۲ھ

الجواب: لاؤڈ سپیکر پر تلاوت اور ذکر کرنا بذات خود جائز ہے البتہ ایذا کی صورت میں ناجائز ہے، کما یشیر الیہ ما رواہ الحموی عن الامام الشعرانی اجمع العلماء سلفاً وخلفاً علی استحباب ذکر الجماعۃ فی المساجد وغیرھا الا ان یشوش جھرھم علی نائم او

(بقیہ حاشیہ) وغیرھا الا ان یشوش جھرھم علی نائم او مصل او قارئ۔
(ردالمحتار علی ھامش الدرالمختار ص۴۸۸ جلد ۱ مطلب فی رفع الصوت بالذکر باب مایفسد الصلاہ وما یکرہ فیھا)

﴿۱﴾ قال ابن عابدین: (قولہ واستحسن اخفاء ھا الخ) لانہ لو جھر بھا لصار موجبا علیھم شیئا بما یتکاسلون عن ادائہ فیقعون فی المعصیۃ فان کانوا متھیئین جھربھا بحر عن البدائع قال فی المحیط بشرط ان یقع فی قلبہ ان لا یشق علیھم اداء السجدۃ فان وقع اخفاھا۔
(ردالمحتار ھامش الدرالمختار ص۵۷۶ جلد ۱ قبیل باب صلاۃ المسافر)

﴿۲﴾ وفی الھندیہ: رفع الصوت عند سماع القرآن والوعظ مکروہ۔
(فتاویٰ عالمگیریہ ص۳۱۹ جلد۵ الباب الرابع فی الصلاۃ والتسبیح وقرأۃ القرآن الخ)

مصل الخ (ردالمحتار) ﴿۱﴾ مگر جو شخص لاؤڈ سپیکر کے ذریعے ریکارڈنگ پر انکار نہیں کرتا اس کا شبینہ پر انکار نا قابل التفات ہے۔ وھو الموفق

غیر رمضان میں تین راتوں میں رسومات سے پاک ختم شبینہ جائز ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ غیر رمضان میں قرآن پاک کا ایسا شبینہ جو مروجہ رسومات سے پاک ہو جائز ہے یا ناجائز؟ (۱) جس میں جماعت میں شرکت کی دعوت نہ دی گئی ہو مقتدی صرف دو ہوں۔ (۲) لاؤڈ سپیکر کی آواز مسجد سے باہر نہ جاتی ہو۔ (۳) سامعین مسجد میں باادب سماعت کرتے ہوں۔ (۴) قرآن پاک کو قاری صاحب نوافل میں باآواز بلند پڑھتا ہو۔ (۵) آنحضرت ﷺ وجملہ اکابرین امت کو ایصال ثواب مقصود ہو۔ (۶) شبینہ تین راتوں میں ہو۔ بینوا توجروا

المستفتی: نصر اللہ رحیمی مسجد ذکریا فیصل آباد......۱۴۰۹ھ

الجواب: بہ ظاہر یہ شبینہ جائز ہے قواعد فقہ سے متصادم نہیں ہے۔ وھو الموفق

آٹھ رکعات تراویح پڑھنے والے غلط فہمی میں مبتلا ہیں

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک آدمی کہتا ہے کہ تراویح آٹھ رکعات ہیں بیس رکعات ثابت نہیں، کیا اس کا یہ قول درست ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: حافظ محمد یوسف سرکی اٹک......۳۰/ ذی الحجہ ۱۴۰۲ھ

الجواب: جو لوگ آٹھ رکعات تراویح مانتے ہیں وہ غلط فہمی میں مبتلا ہیں وہ نہ تراویح اور تہجد میں فرق کرتے ہیں اور نہ حدیث کے الفاظ فی رمضان ولا غیرہ میں غور کرتے ہیں، غیر رمضان میں تہجد پڑھے جاتے ہیں نہ تراویح، علاوہ ازیں دیگر تصریحات سے بھی آنکھیں بند کرتے ہیں، کان فی ھذہ

﴿۱﴾ (ردالمحتار ھامش الدرالمختار ص ۴۸۸ جلد ۱ مطلب فی رفع الصوت بالذکر باب مایفسد الصلاۃ ومایکرہ فیھا

اعمیٰ فھو فی الآخرۃ اعمیٰ، وھو ما رواہ البیھقی عن ابن عباس انہ علیہ السلام صلی فی رمضان عشرین رکعۃ سوی الوتر ﴿۱﴾ وقال البیھقی استقر الامر علی عشرین وقال ایضاً کانوا یصلون عشرین رکعۃ فی عھد عمر وعثمان وعلی وفی کنز العمال ان ابیا رضی اللہ عنہ کان یصلی لھم عشرین رکعۃ، وروی مالک عن یزید بن رومان مثلہ﴿۲﴾ . وھو الموفق

تراویح بیس رکعت ہیں خیر القرون میں آٹھ رکعت کسی کا مذہب نہیں ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک اشتہار منجانب اہل حدیث شائع ہوا ہے جس میں تحریر ہے کہ بیس رکعات تراویح ثابت نہیں البتہ آٹھ رکعات تراویح احادیث سے ثابت ہیں اور بیس پڑھنا مستحب ہے مگر سنت بیس رکعات نہیں الخ، کیا تراویح واقعی بیس رکعات ثابت نہیں؟ اور کیا واقعی آٹھ رکعت ثابت ہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: شیر احمد خطیب جامع مسجد جوڑی

الجواب: واضح رہے کہ تراویح اور تہجد جدا جدا نمازیں ہیں تہجد تمام سال ہمارے نزدیک مسنون اور مستحب ہے اور تراویح صرف رمضان میں پڑھنا سنت مؤکدہ ہے، ماسوائے رمضان کے دیگر مہینوں میں تراویح پڑھنا کسی کے نزدیک مسنون نہیں، لہٰذا یہ حدیث (جو اہلحدیث وغیرہ استدلال میں پیش کرتے ہیں) لا یزید فی رمضان ولا فی غیرہ الحدیث تہجد پر محمول ہے نہ کہ تراویح پر بدلیل ولا فی غیرہ، اور غالب اوقات پر محمول ہے نہ کہ دوام پر بثبوت الزیادۃ فی روایات اخریٰ، پس اس

﴿۱﴾ (السنن الکبریٰ للبیھقی ص۴۹۸ جلد۲ باب ما روی فی عدد رکعات القیام فی شھر رمضان)

﴿۲﴾ عن یرید بن رومان :قال کان الناس یقومون فی زمان عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ فی رمضان بثلاث وعشرین رکعۃ. (السنن الکبریٰ للبیھقی ص ۴۹۹ جلد۲ باب ماروی فی عدد رکعات القیام فی شھر رمضان)

حدیث سے تراویح کے عدد پر استدلال کرنا قابل تسلیم نہیں ہے،نعم روی ابن خزیمة عن جابر رضی الله عنه عن النبیﷺ ثمان رکعات ثم اوتر لاکنه فعل لیلة واحدة لیدل علی نفی الزیادة فی تلک اللیلة ولا فی غیرها ومع ذلک اتفق جمهور الصحابة والتابعین علی عشرین فی آخر الامر دون ثمان، قال البیهقی ثم استقر الامر علی عشرین وقال ایضا بالعناد صحیح انهم کانوا یقومون علی عهد عمر بعشرین رکعة﴿۱﴾ وعلی عهد عثمان وعلی وفی کنزل العمال ان ابیا رضی الله عنه صلی بهم عشرین رکعة وروی الامام مالک عن یزید بن رومان کان الناس یقومون فی زمن عمر بن الخطاب بثلث وعشرین رکعة﴿۲﴾ وماروی عن مالک ان عمر امرابی بن کعب وتمیما الداری ان یقوما للناس باحدی عشر رکعة﴿۳﴾ فقال ابن عبد البر هذا وهم من مالک وقال البیهقی وابن حبیب المالکی انه فی اول الامر ثم استقرالامر علی عشرین قلت فالراجح هو العشرون دون الثمانیة لانه معمول الخلفاء الراشدین وقال رسول اللهﷺ علیکم بسنتی وسنة الخلفاء الراشدین المهدین ﴿۴﴾ ولان العدد لا یعرف بالعقل فهذا و ان کان موقوفا ظاهرا لاکنه مرفوع حکماً والقیاس یوید نا لان السنن مکملات الفرائض وهی عشرون مع الوتر فافهم. ولا تکن من اهل البخاری و کن من اهل الحدیث، یہی وجہ ہے کہ ہم اورامام شافعی اوراہل مکہ بیس کوترجیح دیتے ہیں اور تعجب یہ ہے کہ خیرالقرون کے ائمہ میں آٹھ رکعات پڑھنا کسی کا مذہب نہیں ہے۔وهو الموفق

﴿۱﴾ (السنن الکبریٰ للبیهقی ص ۶۹۹ جلد۲ باب ما روی فی عدد رکعات القیام فی شهر رمضان)
﴿۲﴾ (السنن الکبریٰ للبیهقی ص ۲۹۹ جلد۲ باب ما روی فی عدد رکعات القیام فی شهر رمضان)
﴿۳﴾ (السنن الکبریٰ للبیهقی ص۲۹۸ جلد۲ باب ما روی فی عدد رکعات القیام فی شهر رمضان)
﴿۴﴾ (مشکواة المصابیح ص ۳۰ جلد۱ الفصل الثانی باب الاعتصام بالکتاب والسنة)

المنهج الصحیح فی رکعات التراویح

اہل ظاہر عموماً یہ کوشش کرتے ہیں کہ عوام کو خیر القرون کے ائمہ سے بدظن کریں اور چند احادیث کو عوام کے سامنے رکھ کر امت کو فروعی مسائل میں مبتلا کر کے تفرقہ بازی کرتے ہیں، ان میں سے ایک مسئلہ عدد رکعات تراویح بھی ہے جو بہت زور شور سے پیش کیا جاتا ہے، حضرت مفتی صاحب مدظلہ نے احادیث اور دلائل کی روشنی میں ان کے رد میں یہ مقالہ لکھا تھا جو بعض جرائد میں شائع ہوا تھا، اس باب سے تعلق رکھنے کی وجہ سے شامل فتاویٰ کیا جاتا ہے تاکہ استفادہ میں زیادتی ہو..... (از مرتب)

واضح رہے کہ ماہ رمضان المبارک میں نماز تراویح پڑھنا سنت مؤکدہ ہے، کما صرح به فی الهندیه وشرح التنویر ومراقی الفلاح والجوهرة من کتب الحنفیة وفی الروضة والتوشیح من کتب الشافعیة والشرح الکبیر من کتب المالکیه والروض ونیل المآرب من کتب الحنابلة.

البتہ نماز تراویح کے عدد میں اختلاف ہے امام ابوحنیفہ اور امام شافعی رحمہم اللہ تعالیٰ کے نزدیک اسی نماز کی عدد رکعات بیس ہے، کما صرح به فی البدائع وغیره من کتب الحنفیة، وفی المجموع من کتب الشافعیة وهی روایة عن مالک کما فی شرح المهذب، واختار ابو عمر ابن عبد البر المالکی کما فی شرح التقریب وذکره ابن رشد فی البدایة عن احمد ورواه ابن قدامة فی المغنی عن احمد.

اور ابن قاسم نے مدونہ میں امام مالک سے روایت کی ہے کہ تراویح چھتیس رکعات ہیں اور وتر تین رکعات ہیں، اور امام ترمذی نے امام احمد سے روایت کیا ہے کہ وہ کسی خاص عدد کے قائل نہیں ہیں ان

کے نزدیک اس میں توسع ہے آٹھ رکعات، بیس رکعات، چھتیس رکعات تمام کی تمام جائز ہیں، اور حنفیہ کے مشائخ میں سے علامہ ابن الہمام فرماتے ہیں کہ آٹھ رکعت سنت رسول ہونے کی وجہ سے موکدہ ہیں اور بیس رکعات سنت خلفاء راشدین ہونے کی وجہ سے سنت زائدہ ہیں، بہر حال ائمہ اربعہ اور ان کے متبعین میں سے کسی نے بھی آٹھ رکعات سے زائد (مثلاً بیس رکعات) کو بدعت یا مکروہ قرار نہیں دیا ہے، البتہ بعض غیر مقلدین نے آٹھ رکعات کو مسنون قرار دیا ہے اور اس سے زائد تعداد پر انکار کیا ہے اور اس مسئلہ کو طلاق ثلاثہ کو ایک طلاق قرار دینے کے مسئلہ کی طرح بے علم اور کم علم لوگوں کے شکار کا دام بنا رکھا ہے، **اعاذنا الله من شرور الفرق الشاذة المخالفة عن السواد الاعظم.**

غیر مقلدین سیدہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی اس حدیث سے تمسک کرتے ہیں، **وهو ما رواه البخاری ما كان رسول الله ﷺ يزيد فی رمضان ولا فی غيره علی احدیٰ عشر ركعة،** یعنی حضور ﷺ نہ تو رمضان المبارک میں گیارہ رکعت پر اضافہ فرماتے تھے اور نہ غیر رمضان میں **(بخاری ص ۱۵۴ جلد ۱ کتاب التهجد)**۔ نیز یہ لوگ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی اس حدیث سے حجت پکڑتے ہیں، **وهو ما رواه ابن خزيمة وابن حبان انه ﷺ قام بهم فی رمضان فصلی ثمانی ركعات ووتر،** یعنی حضور اقدس ﷺ نے (صحابہ کے ساتھ) رمضان میں قیام فرمایا اور آٹھ رکعات نماز ادا فرمائی اور وتر بھی پڑھے، **قال النيموی مداره علی عيسیٰ بن جارية قال الذهبی قال ابن معين عنده منا كير، وقال النسائی منكر الحديث وعنه ايضا متروك وقال ابو زرعة لا بأس به وقال فی الخلاصه وثقه ابن حبان، وقال ابو داؤد منكر الحديث انتهیٰ.**

نیز یہ لوگ سائب بن یزید کی حدیث سے تمسک کرتے ہیں، **وهو ما رواه مالك فی الموطأ، انه قال امر عمر بن الخطاب ابی بكر بن كعب وتميما الدارمی ان يقوم للناس باحدیٰ عشر ركعة.** جمہور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی اس حدیث سے استدلال کرتے ہیں،

وهو ما رواه ابن ابی شيبة والطبرانی والبيهقی انه عليه الصلوٰة والسلام يصلی فی رمضان عشرين ركعة سوى الوتر، یعنی حضور اقدس ﷺ رمضان المبارک میں سوائے وتر کے بیس رکعات نماز ادا فرمایا کرتے تھے، **قال الزيلعي هو معلول بابی شيبة وهو متفق علی ضعفه.**

اس حدیث کے معلول ہونے کے باوجود اس سے استدلال درست ہے کیونکہ اس حدیث کی امت نے تلقی کی ہے اور امام ابن قیم اور امام سیوطی وغیرہ نے تصریح کی ہے کہ جس حدیث کی امت تلقی کرے تو اس کو صحیح قرار دیا جائے گا، اگر چہ وہ حدیث سنداً غیر صحیح ہو، نیز اس حدیث کو خلفائے راشدین کے تعامل سے عظیم تائید اور تقویت حاصل ہوئی ہے۔

نیز جمہور امام بیہقی کی سنن کبریٰ کی حدیث سے استدلال کرتے ہیں، **وهو ما رواه يزيد بن خصيفة عن السائب بن يزيد قال كانوا يقومون على عهد عمر بن الخطاب في رمضان عشرين ركعة وفي عهد عثمان وعلي.**

اس حدیث سے واضح طور سے ثابت ہوتا ہے کہ خلفاء ثلاثہ راشدین کے دور میں بیس رکعات پر استقرار آیا ہے اور اس پر تعامل اور توارث رہا ہے اور حدیث **عليكم بسنتي وسنة الخلفاء الراشدين المهديين** (**رواه ابن ماجه وغيره**) کی بنا پر جیسا کہ سنت رسول کا اتباع ضروری ہے اسی طرح سنت خلفاء راشدین کا اتباع بھی ضروری ہے اور اس سے اعراض یا اس پر اعتراض، حدیث رسول اور قول رسول سے اعراض اور اس پر اعتراض ہے، **اعاذنا الله تعالیٰ منه.**

نیز یہ سنت خلفاء راشدین وہ سنت ہے جس کا ادراک عقل اور اجتہاد سے نہیں کیا جا سکتا، کیونکہ کسی چیز کا عدد اور مقدار فکر اور رائے سے متعین نہیں ہو سکتا تو ایسی سنت درحقیقت سنت رسول ہوتی ہے۔

واضح رہے کہ اہل ظاہر نے اس حدیث کو سنداً اور متناً معلول قرار دیا ہے کیونکہ امام آجری نے امام ابوداؤد سے روایت کی ہے کہ امام احمد نے یزید بن الخصیفہ کو منکر الحدیث کہا ہے، نیز اہل ظاہر کہتے

ہیں کہ یہ حدیث متناً مضطرب ہے اس کی بعض روایات میں گیارہ رکعات پڑھنا بھی مروی ہے، **کما رواه المالک فی الموطأ**، نیز یہ حدیث حدیث عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے معارض ہے جو کہ اس حدیث سے قوی ہے۔

جمہور نے ان اعتراضات کے اہل ظاہر کو دانداں شکن جوابات دیئے ہیں اول یہ کہ ائمہ نے اس حدیث کی تلقی کی ہے اور اس پر اخذ کیا ہے اور خطیب نے اپنی **کتاب الفقه و التفقه** میں اور ابن قیم نے **اعلام الموقعین** میں اور علامہ سیوطی نے **تدریب الراوی** میں اور ابن عبدالبر نے **استذکار** میں اور دیگر اہل فن نے اپنی تالیفات میں یہ قاعدہ لکھا ہے کہ جس حدیث کی اہل علم تلقی کریں تو یہ تلقی اس حدیث کی صحت کی شہادت عادلہ ہے۔

دوم یہ کہ یزید بن خصیفہ مشہور تابعی ہے اور اس سے امام مالک، امام بخاری اور امام مسلم وغیرہ نے روایت کی ہے، ابن حبان نے اس کو ثقات میں ذکر کیا ہے، یحیٰ بن معین، ابوحاتم نسائی، ابن سعد اور امام احمد بن حنبل نے اس کو ثقہ قرار دیا ہے، **کما فی تهذیب التهذیب، وتهذیب الکمال للمزی، والهدی الساری**، اور حافظ ابن حجر نے **الهدی الساری** میں آجری کی روایت کا یہ جواب دیا ہے کہ امام احمد بن حنبل نے اثرم کی روایت میں اس کو ثقہ کہا ہے اور یہ کہا ہے کہ امام احمد اس راوی کو منکر الحدیث کہتے ہیں کہ وہ اپنے اقران میں کسی حدیث کی روایت کرنے میں متفرد ہو، اور یہ قاعدہ مسلمہ ہے کہ ثقہ روای کا تفرد مقبول ہوتا ہے جب تک دلیل سے اس کا غلط ہونا ثابت نہ ہو پس اسی بنا پر یزید بن خصیفہ کی حدیث مقبول ہوگی۔

دعویٰ اضطراب کا جواب یہ ہے کہ ابن عبدالبر اور ابوبکر بن العربی نے روایت **احدیٰ عشر** کو امام مالک کا وہم قرار دیا ہے لیکن چونکہ عبدالعزیز بن محمد اور یحیٰ بن سعید القطان امام مالک کے متابع ہیں، **کما لایخفی علی من راجع الی سنن سعیدبن منصور ومصنف ابن ابی شیبة**۔ لہٰذا امام مالک کا وہم میں پڑنا ناقابل تسلیم ہے۔

حافظ ابن حجر نے اس اختلاف کو اختلاف اوقات پر محمول کیا ہے یعنی جب طویل قرأت کرتے تو آٹھ یا بارہ رکعات پڑھتے اور جب مختصر قرأت کرتے تو بیس رکعات پڑھتے، کما فی فتح الباری، اور بعض ائمہ نے اس اختلاف کو ترویج پر محمول کیا ہے یعنی اولاً آٹھ یا بارہ رکعات پڑھی جاتی تھیں اور بالعاقبت بیس پر استقرار ہوا، کما قال الشعرانی فی کشف الغمة کانوا یصلونها فی اول زمان عمر بثلث عشر رکعة ثم عمر امر بفعلها ثلاثا وعشرین رکعة ثلاث لها وتر، واستقر الامر علی ذلک...... قال النیموی کما استقر الامر فی خلافته علی ضرب الثمانین فی الخمر وکما استقر الامر علی النهی عن بیع امهات الاولاد وکما استقر الامر علی اربع تکبیرات الجنائز وکما استقر الامر علی القرأة فی خلافة عثمان رضی الله عنه کما فی الاوجز، اور یہ قاعدہ مسلمہ ہے کہ ترجیح اور تطبیق سے اضطراب ساقط ہو جاتا ہے۔

اہل ظاہر کے اس اعتراض کا کہ یزید کی حدیث، حدیث عائشہ سے معارض ہے جو کہ اقویٰ ہے جواب یہ ہے کہ حدیث یزید اور حدیث عائشہ صدیقہ میں کوئی تعارض نہیں ہے کیونکہ حدیث عائشہ میں ان رکعات سے نماز تہجد مراد ہے نہ کہ قیام تراویح اور قیام رمضان، کیونکہ غیر رمضان میں تراویح نہیں پڑھی جاتیں اور عند التحقیق تراویح اور تہجد الگ الگ حقائق ہیں اور اگر یہ تسلیم کرلیا جائے کہ تراویح اور تہجد الگ الگ نمازیں نہیں ہیں تو اہل ظاہر کو کہا جاتا ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ کی حدیث میں بھی اختلاف ہے کیونکہ امام بخاری نے صحیح بخاری میں باب ما یقرأ فی رکعتی الفجر کے تحت حضرت عائشہ صدیقہ سے تیرہ رکعات کی حدیث روایت کی ہے، ولفظہ کان رسول اللہ ﷺ یصلی باللیل ثلاث عشرة رکعة ثم یصلی اذا سمع النداء بالصبح رکعتین، اس اختلاف اور تعارض کا اہل ظاہر کیا جواب دیتے ہیں؟ اگر اہل ظاہر یہ جواب دیں کہ احدیٰ عشر والی حدیث غالب پر محمول ہے اور زیادت بعض اوقات پر محمول ہے تو ان اہل ظاہر کا آٹھ رکعات پر جمود

باطل ہوا اور خود اپنی تلوار سے قتل ہوئے اور اگر اہل ظاہر اس تطبیق سے اعراض کریں تو اختلاف کی وجہ سے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی دونوں روایات ساقط ہوئیں اور یزید بن خصیفہ کی حدیث بلا تعارض رہ گئی اور واجب العمل ہوئی۔

واضح رہے کہ جمہور کا مسلک نظر اور شواہد کی رو سے بھی قوی ہے کیونکہ دن رات میں بیس رکعات فرائض اعتقادیہ اور فرائض عملیہ ہیں پس مناسب یہ ہے کہ تراویح بھی جو کہ فرائض کے مکملات ہیں بیس رکعات ہیں جیسا کہ سنن قبلیہ اور بعدیہ بھی بیس رکعات ہیں، اہل ظاہر کی دلائل کے جوابات یہ ہیں کہ حدیث عائشہ صدیقہ تہجد پر محمول ہے نہ کہ تراویح پر، نیز غالب پر محمول ہے نہ کہ دائم پر، ورنہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی روایات متعارض ہونگی، بلکہ امام احمد نے زیادات مسند میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے اسناد حسن کے ساتھ روایت کی ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ رات کو سولہ رکعات نفل پڑھتے تھے، نیز حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی یہ حدیث ابتداء پر محمول ہے جبکہ بیس رکعات پر استقرار نہ ہوا تھا۔

حدیث جابر سے حافظ ابن حجر نے یہ جواب دیا ہے: **لاکنه فعل جزء ی فی لیلة واحدة لا یدل علی نفی الزیادة تلک اللیلة** ، اور دوسرا جواب یہ ہے کہ یہ ابتداء الامر پر محمول ہے، **وقد مر سابقا جواب حدیث السائب.**

واضح رہے کہ ابن الہمام سے دیگر مشائخ نے اتفاق نہیں کیا کیونکہ ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت میں بیس رکعت پڑھنا فعل رسول سے ثابت ہے، نیز حدیث **علیکم بسنتی وسنة الخلفاء الراشدین** میں لفظ **علیکم** سنت رسول اور سنت خلفاء کو یکساں متوجہ ہے تو دونوں میں فرق کرنا سمجھ سے بالا ہے، نیز یہ سنت خلفاء اگرچہ ظاہراً موقوف ہے لیکن درحقیقت مرفوع ہے، **لعدم کونه مدرکاً بالرأی والقیاس وھو الموفق والھادی، وصلی اللہ تعالیٰ علی سیدنا خیر خلقه محمد وآله واصحابه واتباعه اجمعین.**

شبینہ بدعت نہیں مشروع ہے

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہمارے محلہ میں تقریباً پندرہ بیس سال سے رمضان کی آخری تین راتوں میں شبینہ کیا جاتا ہے سامعین بڑے شوق سے سنتے ہیں جس کی دلیل یہ ہے کہ ہفتہ ڈیڑھ ہفتہ قبل ہی پروگرام کے متعلق پوچھتے ہیں، کسی پر کسی قسم کا دباؤ نہیں ہوتا اور نہ ہی کوئی مجبوراً شامل ہوتا ہے قراء وحفاظ بھی شوق سے پڑھتے ہیں کوئی دنیاوی لالچ یا منفعت کی طمع نہیں ہوتی، بعض لوگ بخوشی اقتدا میں نیت باندھ کر سنتے ہیں اور بعض یونہی مسجد میں بیٹھ کر سنتے ہیں، گزشتہ پندرہ بیس سال سے کسی نے کوئی شکوہ نہیں کیا، مگر گزشتہ سال ایک آدمی نے کہا کہ یہ بدعت ہے اس سے لوگوں کو تکلیف ہوتی ہے شبینہ کا اہتمام از روئے شریعت کیسا ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: حافظ بشیر احمد حافظ آباد گوجرانوالہ.....۳/نومبر ۱۹۷۴ء

الجواب: چونکہ سلف صالحین سے شب وروز میں ایک ختم کرنا بلکہ اس سے زائد ختمات کرنا مروی ہے لہٰذا اس کو بدعت نہ کہا جائے گا، البتہ افضل نہ ہوگا، قال الامام السیوطی فی الاتقان ص ۱۰۴ جلد ۱ وقد کان للسلف فی قدر القرأة عادات فاکثر ماورد فی کثرة القرأة من کان یختم فی الیوم واللیلة ثمان ختمات اربعا فی اللیل واربعا فی النھار ویلیہ من کان یختم فی الیوم واللیلة اربعا الخ ﴿۱﴾. ولقد الف مولانا اللکھنوی فیہ الرسالة المسماة بالاکثار فی العبادة لیست ببدعة فلیراجع ﴿۲﴾. وھو الموفق

﴿۱﴾ (الاتقان فی علوم القرآن ص ۱۰۴ جلد ۱ النوع الخامس والثلاثون فی آداب تلاوته)

﴿۲﴾ البتہ شبینہ میں ضرورت سے زائد جہر کی اجازت نہیں تاکہ کسی بیمار وغیرہ کو ضرر و تکلیف نہ ہو اور ایک بار ختم ہو چکا ہو تو پھر شبینہ میں عام مقتدیوں کا لحاظ رکھا جائے صرف مخصوص مقتدیوں کا نہیں۔ (سیف اللہ حقانی)

دوترویحوں کے درمیان ذکر بالجہر کرنا

سوال: کیافرماتے ہیں علماءدین اس مسئلہ کے بارے میں کہ جولوگ تراویح میں دوترویحوں کے درمیان بیٹھے ہوئے ذکر بالجہر زور سے پکارکر **لا الـه الا الله** پڑھتے ہیں ایک شخص کہتا ہے کہ یہ حرام اور بدعت ہے،اوردلائل پیش کرتا ہے **ادعوا ربکم تضرعا وخفیة، اذکر ربک فی نفسک تضرعا وخفیة دون الجهر، واذاسألک عبادی الخ،** اوراحادیث سے بھی حوالے دیتا ہے کہ عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ذاکرین بالجہر کومبتدعین قرار دیتے ہوئے مسجد سے نکالے تھے،اورزور سے ذکرکرناریاکاری،دکھاوا اورحرام ومکروہ ہے۔

اس کے مقابلہ میں دوسراشخص کہتا ہے کہ مفتی بہ مسلک سے آپ ناواقف ہے،آیات مذکورہ میں **عند المفسرین** دعاخارج ازنمازیاقرأۃ نمازمراد ہے،جیسا کہ علامہ بغوی نے **هو الصحیح** کہہ کرفیصلہ کیا ہےاورعبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نےلوگوں کوذکر بالجہر کی وجہ سے نہیں نکالا بلکہ اسلئے کہ وہ لوگ اسے مستقل عبادت سمجھ کرکرتے تھے باقی فتاوی بزازیہ کی پوری عبارت اگر پڑھی جائے تو ذکر بالجہر کوکبھی بھی بدعت نہ کہیں گے بلکہ صاحب جاءالحق ص ۳۵۷ میں عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کےلوگوں کونکالنے کی وجہ بعض نمازیوں اور جماعت اول میں خلل انداز ہونا ظاہر کیا ہےاورتمام فقہاءومفسرین فرماتے ہیں کہ اگر جہر سے پاس والےکوضرریاتشویش لاحق ہوتو ممنوع ہے مثلاپاس میں مصلی ہو یانائم ہوورنہ ذکر بالجہر مساجد میں خارج از مساجد کرنا افضل اور مستحب ہے، اور تراویح کے بارے میں صاحب مجالس الابرار باب التراویح میں فرماتے ہیں، **ان شاء وا سبحوا وهللوا اوسکتوا وهم مخیرون،** علامہ بن حجر فتح الباری میں ذکر بعدنماز کے زیرعنوان عبداللہ بن عباس سےاس روایت کےتحت **ان رفع الصوت بالذکر حین ینصرف الناس من المکتوبه کان علی عهد النبی** ﷺ **وقال ابن عباس**

کنت اعلم اذا انصرفوا بذلک سمعته، نقل فرمایا ہےفیہ دلیل علی جواز الجہر بالذکر عقب الصلاۃ ردالمختار میں ہے، اجمع العلماء سلفاً وخلفاً علی استحباب ذکر الجماعۃ فی المساجد وغیرھا ، تفسیر روح البیان، سباحۃ الفکر بحوالہ مرقاۃ شرح مشکواۃ اور خزینۃ الاسرار میں مذکور ہیں کہ اگر ریا کاری نہ ہوتو بلند آواز سے ذکر کرنا جائز ہےاور مستحب ہے تا کہ نینداور غفلت دور ہوطبیعت میں سرور ہو دین کی عظمت ہو،محلوں دکانوں مکانوں درختوں اور حیوانوں تک گواہ بن جائے، شیخ محمد تھانوی فرماتے ہیں حضورﷺ بعد از نماز اپنے صحابہ کے ساتھ بلند آواز سے تسبیح وتہلیل وذکرفرماتے تھے،(دلائل اذکار ص ۷۶) علامہ گنگوہی فتاویٰ رشیدیہ میں فرماتے ہیں، ذکر جہر خواہ کوئی ذکر ہوامام ابوحنیفہ کے نزدیک سوائے ایں مواقع کے کہ ثبوت جہر یہ ہے وہاں مکروہ ہےاور صاحبین ودیگر فقہاء ومحدیثین جائز کہتے ہیں اور مشرب ہمارے مشائخ کا اختیار مذہب صاحبین ہے،اس مسئلہ کے متعلق محاکمہ کر کے بیان فرماویں۔بینوا وتوجروا

المستفتی :محمود شاہ اوگی مانسہرہ ہزارہ......۱۹۷۴ء/۱۱/۱۴

الجواب: الذکر الجھری جائز خلاف الاولیٰ الاعند الایذاء فانہ مکروہ ﴿۱﴾ الا اذا کان مطلوبا شرعا فانہ مشروع. وھو المصوب

فرض پڑھے بغیر تراویح پڑھانا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ جس شخص نے فرض نماز عشاء نہ

﴿۱﴾ قال العلامۃ ابن عابدین: عن الامام الشعرانی اجمع العلماء سلفاً وخلفا علی استحباب ذکر الجماعۃ فی المساجد وغیرھا الا ان یشوش جھرھم علی نائم اومصل او قارئ. (ردالمحتار ھامش الدرالمختار ص۴۸۸ جلد ۱ مطلب فی رفع الصوت بالذکر باب مایفسد الصلاۃ وما یکرہ فیھا)

پڑھی ہو اور تراویح شروع کردے کیا فرض پڑھے بغیر یہ شخص تراویح پڑھا سکتا ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا
المستفتی: ریاض الدین......۱۹۸۸ء/۹/۲۶

الجواب: جس امام نے فرض نماز نہ پڑھی ہو تو نہ اس کے پیچھے تراویح کی اقتدا درست ہے اور نہ اس کا ذمہ تراویح سے فارغ ہوتا ہے، کما فی الھندیہ ص ۱۲۲ جلد ۱ فان وقتھا بعد اداء العشاء فیجب الاعادۃ اذا ادی قبل العشاء ﴿۱﴾ وبمعناہ فی الشرح الکبیر ص ۳۸۵﴿۲﴾. وھو الموفق

نماز تراویح کے بعد امام کا اجتماعی دعا مانگنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہمارے امام صاحب نماز تراویح پڑھانے کے بعد اجتماعی دعا مانگتے ہیں کیا یہ درست ہے؟ بینوا توجروا
المستفتی: عبدالرحمٰن اچھرہ لاہور شہر......۱۹۸۱ء/۹/۸

الجواب: اگر یہ دعا مانگنا بطور التزام کے نہ ہو تو مکروہ نہیں ہے﴿۳﴾۔ وھو الموفق

﴿۱﴾ (فتاویٰ عالمگیریہ ص ۱۱۵ جلد ۱ فصل فی التراویح)

﴿۲﴾ قال العلامۃ الحلبی: وقال القاضی الامام ابو علی النسفی الصیح ان وقتھا بعد العشاء لا تجوز قبلھا سواء کانت بعد الوتر او قبلہ وھو المختار لانھا نافلۃ سنۃ بعد العشاء بفعل وکذا المنقول من فعلہ علیہ الصلوٰۃ والسلام فکانت تبعا لھا کسنتھاوتقدیم الصحابۃ لھا علی الوتر. (غنیۃ المستملی ص ۳۸۵ فصل فی النوافل)

﴿۳﴾ قال المفتی الاعظم المفتی کفایت اللہ رحمہ اللہ تعالیٰ: (دعا بعد السنن والنوافل) کا حکم یہ ہے کہ اگر اس میں کسی طرح کا التزام نہ ہو اور اسے بہتر اور افضل نہ سمجھا جائے اور اس کے تارک پر ملامت نہ کی جائے اور اجتماع کا اہتمام نہ کیا جائے اور امام کو اس کیلئے مقید نہ کیا جائے تو بعد سنتوں کے جو لوگ اتفاقی طور پر موجود ہوں اگر وہ دعا مانگ لیں تو جائز ہے۔ (کفایت المفتی ص ۳۴۰ جلد ۳ سنن ونوافل کے بعد دعائے اجتماعی کا ثبوت ہے یا نہیں فصل اول)......(بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

مخصوص شبینہ کا حکم

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اس دور میں لاؤڈ سپیکر پر ختم شبینہ برائے نمود ونمائش بعجلت جس میں زبر زیر وغیرہ کا فرق نہیں ہوتا کیا ایسا شبینہ صحابہ اور خیرالقرون میں معمول تھا؟ کیا مذکورہ طریقہ سے شبینہ جائز ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالرشید.....۱۹۸۴ء/۶/۳۰

الجواب: بشرط صدق مستفتی یہ شبینہ ناجائز اور حلاف سنت ہے ایسا شبینہ خیرالقرون میں معمول نہ تھا ﴿۱﴾۔ وھو الموفق

تراویح اور وتر کے درمیان نوافل پڑھنا

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ تراویح اور وتر کے درمیان نفل پڑھنا جائز ہے یا ناجائز؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالرزق مردان......۱۹۷۷ء/۱۰/۶

(بقیہ حاشیہ) وقال المفتی عزیز الرحمن الدیوبندی: سنن ونوافل کے بعد اجتماعاً مقتدیوں کو دعا کا پابند نہ کرنا چاہئے، فرائض کے بعد کوئی شخص مثلاً گھر جا کر سنتیں پڑھنا چاہتا ہے تو اس کو کیوں پابند کیا جاوے، الغرض جو ایسا کرے وہ لائق ملامت کے نہیں ہے اور یہ رسم کے بعد سنن ونوافل کے بطور خود ہر ایک شخص جس وقت فارغ ہو دعا کر کے چلا جاوے یا فرائض کے بعد گھر جا کر سنتیں پڑھے اس میں کوئی تنگی نہیں ہونی چاہئے۔

(فتاویٰ دارالعلوم دیوبند ص ۲۱۲ جلد۴ باب مسائل سنن مؤکدہ)

﴿۱﴾ قال الحصکفی: ویجتنب المنکرات هذرمة القرأة وترک تعوذ وتسمية وطمانينة وتسبيح واستراحة. (الدرالمختار علی هامش ردالمحتار ص ۵۲۳ جلد ۱ مبحث التراويح)

وفي الهنديه: ويكره الاسراع في القراءة وفي اداء الاركان كذا في السراجية.

(فتاویٰ عالمگیریه ص ۱۱۷ جلد ۱ فصل في التراويح)

الجواب: وتر اور تراویح کے درمیان نوافل پڑھنا جائز ہے، کما فی شرح التنویر ویجلس ندبا بین کل اربعة قدرها وکذا بین الخامسة والوتر ویخیرون بین تسبیح وقرأة وسکوت وصلاة فرادی ﴿۱﴾. وهو الموفق

نذر کے نفل پڑھنے والے کے پیچھے تراویح پڑھنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ نذر کے نفل پڑھنے والے کے پیچھے سنت تراویح پڑھنا درست ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: حافظ تعویذ گل زریاب ہنگو......۳/جنوری ۱۹۸۳ء

الجواب: یہ اقتدا درست ہے، هذا بناء الادنیٰ علی الاقویٰ (مجموعة الفتاویٰ) ﴿۲﴾. وهو الموفق

پیغمبر علیہ السلام سے آٹھ رکعت تراویح ثابت نہیں

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہمارا ایک ساتھی کہتا ہے کہ رمضان المبارک میں آٹھ رکعات تراویح پڑھنی چاہئے کیونکہ حضو ﷺ سے اس سے زیادہ منقول نہیں ہے

﴿۱﴾ (الدر المختار علی هامش ردالمحتار ص ۵۲۲ جلد ۱ مبحث صلاه التراویح)

﴿۲﴾ قال محمد عبد الحئی اللکھنوی رحمه الله: اور اختلاف اول پر ایک غائر نظر ڈالنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ تراویح اور دوسری سنتیں اور نفلیں مطلق نیت اور نیت نفل سے پوری ہو جاتی ہیں، جیسا کہ ابن ہمام نے اس کی تحقیق کی ہے اور اختلاف ثانی پر غائر نظر ڈالنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اگر تراویح پڑھنے والا نفل پڑھنے والے کی اقتدا کرے تو تراویح ادا ہو جائے گی، لیکن خالی از کراہت نہیں کیونکہ اس میں سلف کی مخالفت ہے، پس ایسی صورت میں بہتر ہے کہ امام جتنا حصہ تراویح کے دوسری جماعت کے ساتھ پڑھنا چاہتا ہو اس کی نذر مان لے اور اس طرح اسے اپنے او پر واجب کر کے بناء القوی علی الضعیف کے شبہہ سے محفوظ ہو جائے۔

(مجموعة الفتاویٰ ص ۲۳۵ جلد ۱ کتاب الصلوٰة)

اوراس سے زیادہ یعنی بیس رکعت پڑھیں تو اس میں ثواب نہیں ہے کیا ایسی کوئی دلیل ہے جس سے یہ ثابت ہو کہ تراویح آٹھ رکعت ہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد نثار سدوخیل پڑانگ چارسدہ.....۱۸/صفر۱۳۸۹ھ

الجواب: پیغمبر علیہ السلام سے آٹھ رکعات تراویح ثابت نہیں ہے اور نہ یہ ائمہ اربعہ کا مذہب ہے ﴿۱﴾ یہ اہل حدیث کا مذہب ہے جو کہ من حیث التحقیق غلطی پر ہے۔وھوالموفق

﴿۱﴾ قال العلامه ابن عابدين: (قوله وهي عشرون ركعة)هو قول الجمهور وعليه عمل الناس شرقا وغربا وعن مالك ست وثلاثون وذكر في الفتح مقتضى الدليل كون المسنون منها ثمانيه والباقي مستحبا وتمامه في البحر وذكرت جوابه فيما علقته عليه.

(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۵۲۱ جلد ۱ مبحث صلاة التراويح)

وقال العلامه حسن الشرنبلالي: التراويح سنة كما في الخلاصة وهي موكدة كما في الاختيار وروى اسد بن عمر وعن ابى يوسف قال سالت ابا حنيفة عن التراويح وما فعله عمر رضى الله عنه فقال التراويح سنة موكدة ولم يتخرصه عمر من تلقاء نفسه ولم يكن فيه مبتدعا ولم يامر به الا عن اصل لديه وعهد من رسول الله ﷺ .....ثبت سنيهتا بفعل النبي ﷺ وقوله قال عليكم بسنتي وسنة الخلفاء الراشدين من بعدى وقد واظب عليها عمر وعثمان وعلى رضى الله عنهم..... وقول بعضهم سنة عمر لان الصحيح انها سنة النبي ﷺ، قال العلامه طحطاوى وفي الفتاوىٰ الهنديه عن الجواهر هى سنة رسول الله ﷺ وقيل هى سنة عمر رضى الله عنه والاول اصح وفى حاشية السيد على العلامه مسكين وما قيل يكفر من يقول انها سنة عمر رضى الله عنه كما تقوله الروافض فممنوع فقد صرح في كثير من المتداولات بانها سنة عمر يعني يعنى بالنظر لكونها عشرين ركعة وللمواظبة عليها وذلك لا يمنع كونها سنة رسول الله ﷺ ايضا لما ذكرنا.

(حاشية الطحطاوى على المراقى الفلاح ص ۲۲۴ فصل فى صلاة التراويح)

اجرت علی ختم القرآن اور پینتالیس روپۓ سے کم اجرت کے نہ لینے کا مسئلہ

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ختم القرآن پڑھنے کے بعد اس پر پیسے دینا لینا کیا حکم رکھتا ہے؟ نیز یہ واضح کریں کہ واقعی ختم القرآن پر پینتالیس روپے سے کم اجرت لینا جائز نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: حافظ حجاج ولی بنوں......۸۸ء/۲/۴

الجواب: ختم قرآن پر اجرت لینا جائز ہے جبکہ دنیوی مقصد کیلئے ہو اور اگر ایصال ثواب کیلئے ہو تو پھر لینا مختلف فیہ ہے اور جب تراویح میں ہو تو علی التحقیق جائز ہے ﴿۱﴾ اور پینتالیس روپۓ سے کم نہ لینے والا مسئلہ فقہاء کرام نے ضعیف قرار دیا ہے، فليراجع الى ردالمحتار ص۴۸ جلد۵ وما نقل عن بعض الهوامش وعزى لحاوى الزاهدى من انه لا يجوز الاستيجار على الختم باقل من خمسة واربعين درهما فخارج عما اتفق عليه اهل المذهب ﴿۲﴾. وهو الموفق.

﴿۱﴾ وفي المنهاج: واما اخذالاجرة واعطاء ها على ايصال ثواب التلاوة فانكر عليه اكثر الفقهاء لكن كلام البحر في باب الوقف يدل على الجواز وعبارة السراج الوهاج صريح فى ان جواز الاخذ هو القول الاصح اى عند تعين المكان فالاحوط هو الاجتناب ، واماما يعطى الحفاظ في رمضان عند ختم القرآن فالحق انه جائز لانها هدية معروفة ليست باجرة ويشهد له حديث الترمذى عن انس ان رجلا من كلاب سأل النبیﷺ عن عسب الفحل فنهاه فقال يا رسول الله انا نطرق الفحل فنكرم فرخص له فى الكرامة والاعتبار لنية الدافع دون الآخذ فافهم، ولو سلم انه اجرة فلا حرج فيه ايضا لانها ليست عوض التلاوة البحتة ولا الامامة البحتة بل هى عوض الامامة المسنونة المخصوصة ولا ضير فى اخذ الاجرة على الامامة المقيدة بمكان او زمان او قراء ة سورة او سؤر هذا.
(منهاج السنن شرح جامع السنن ص ۹۰ جلد۲ باب كراهية الاجر على الاذان)

﴿۲﴾ (ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۳۹ جلد۵ مطلب تحرير مهم فى عدم جواز الاستئجار على التلاوة والتهليل باب الاجارة الفاسدة)

باب قضاء الفوائت

نامعلوم فوت شدہ نمازوں کی قضا کا طریقہ

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ چند سالوں کی فوت شدہ چار رکعت والی نماز کی قضا کس طرح کی جائے گی عام فرضوں کی طرح یا نفل کی طرح، نیز نماز وتر اور نماز مغرب کس طرح ادا کی جائے گی، نیز نیت کہاں سے کرنا چاہیے؟ بینوا توجروا

المستفتی: خواجہ عبدالسلام از ارندرروند وضلع چترال......۱۹۸۶ء/۵/۲۰

الجواب: نامعلوم قضا کرنے کی صورت میں فرائض کو نوافل جیسا پڑھا جائے گا تمام رکعات میں ضم سورت کیا جائے گا اور ثلاثی کو رباعی پڑھا جائے گا، اور وتر کی تیسری رکعت میں قنوت پڑھا جائے گا، نہ کہ چوتھی رکعت میں کیونکہ یہ نفل ہے﴿۱﴾ اور نیت کے متعلق واضح رہے کہ اول یا آخر سے شروع کریں، یعنی اول صباح یا آخر صباح وغیرہ کی نیت کریں﴿۲﴾۔ وهو الموفق

﴿۱﴾ قال العلامه سيد احمد الطحطاوى ومن قضى صلاة عمره مع انه لم يفته شئ منها احتياطا...... والافضل ان يقرأ في الاخيرتين السورة مع الفاتحة لانها نوافل من وجه فلان يقرء الفاتحة والسورة في اربع الفرض...... ويقنت في الوتر ويقعد قدر التشهد في ثالثته ثم يصلى ركعة رابعة فان كان وترا فقد اداه ...... وكذا يصلى المغرب اربعا بثلاث قعدات.

(طحطاوى على المراقى الفلاح ص۲۴۳ قبيل باب ادراك الفريضة)

﴿۲﴾ قال العلامه حسن بن عمار الشرنبلالى فاذا اراد تسهل الامر عليه نوى اول ظهر (وقوله عليه) ادرك وقته ولم يصله فاذا نواه كذلك فيما يصليه يصير اولا فيصح بمثل ذلك وهكذا او ان شاء نوى اخره فيقول اصلى اخرظهر ادركته ولم اصله فاذا فعل كذلك فيما يليه يصير آخر بالنظر لما قبله فيحصل التعين.

(مراقى الفلاح على هامش حاشية الطحطاوى ص۲۴۲ باب قضاء الفوائت)

قضانمازوں کا طریقہ اور قوم کو بے وضونماز پڑھا کر کیا کیا جائے گا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین مسائل ذیل کے بارے میں کہ

(۱) بلوغ سے لے کر پینتیس چالیس سال تک اگر کوئی شخص نماز ادا نہ کرے اس کی قضا کا کیا طریقہ ہے؟

(۲) ایک امام نے چند آدمیوں کو رمضان کی نماز بلا وضو پڑھائی ہے لوگوں کو بتانا ضروری ہے یا نہیں؟

(۳) چند آدمیوں کو حالت جنابت میں نماز پڑھائی جائے کیا کیا جائے گا؟ بینوا توجروا

المستفتی: دین محمد جنوبی وزیرستان......۱۹۷۵ء/ ۸/ ۳۰

الجواب: (۱) یہ شخص روزانہ چند نمازیں ادا کیا کرے اور اول وقت (یعنی اول فجر، اول ظہر، اول عصر، اول مغرب، اول عشاء) یا آخری وقت کی نیت کیا کرے، کما فی الدرالمختار قبیل سجود السھو، کثرت الفوائت نوی اول الظھر علیه او آخرہ ﴿۱﴾ البتہ جونماز یقینی طور سے قضا نہ ہوئی ہوتو احتیاطاً نفل جیسی ادا کی جائے گی۔ (۲،۳) اگر یہ قوم معلوم اور معین ہوتو ضروری ہے کہ خط وغیرہ کے ذرائع سے ان کو خبردار کریں، فی الدرالمختار کما یلزم الاخبار القوم اذا امھم وھو محدث او جنب بالقدر الممکن بلسانه او بکتاب او رسول علی الاصح (ھامش ردالمحتار ص ۳۹۸ جلد ۱) ﴿۲﴾ قلت عند الفتنة جاز الاخفاء بالمذھب بالمرجوح ﴿۳﴾. وھو الموفق

﴿۱﴾ (الدرالمختار علی ھامش ردالمحتار ص ۵۴۵ جلد ۱ قبیل سجود السھو)

﴿۲﴾ (الدرالمختار علی ھامش ردالمحتار ص ۴۳۸ جلد ۱ مطلب المواضع التی تفسد صلاۃ الامام دون المؤتم)

﴿۳﴾ قال الحصکفی وصحح فی مجمع الفتاویٰ عدم (ای اخبار القوم) مطلقا لکونه عن خطأ معفو عنه لکن الشروح مرجحة علی الفتاویٰ، قال ابن عابدین قوله (لکونه عن خطاء معفو عنه) ای لانه لم یتعمد ذلک فصلاته غیر صحیحة ویلزمه فعلها ثانیا لعلمه بالمفسد واما صلاتھم فانھا وان لم تصح ایضالکن لا یلزمھم......(بقیه حاشیه اگلے صفحه پر)

حضورﷺ سے نمازوں کی قضا کا ثبوت نیز نا معلوم قضا شدہ نمازوں کا طریقہ

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر ایک انسان سے لاتعداد نمازیں فوت ہوئی ہوں تو اس کے ادائیگی کی ترتیب کیا ہوگی، اور احادیث وغیرہ میں حضورﷺ سے نمازوں کا قضا ہونا اور پھر ادا کرنا ثابت ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: حاجی مشیر خان زروبی صوابی......۴/۶/۱۴۰۱ھ

الجواب: حدیث لیلۃ التعریس (رواہ مسلم وغیرہ) ﴿۱﴾ اور حدیث غزوہ خندق (رواہ البخاری وغیرہ) ﴿۲﴾ میں حضورﷺ سے نمازوں کا قضا ہونا اور اس کا قضا کرنا ثابت ہے۔ اور

(بقیہ حاشیہ) اعادتها لعدم علمهم ولا يلزمه اخبارهم لعدم تعمده فافهم. وقال الشيخ عبد القادر الرافعي قوله (لانه لم يتعمد) قال السندي ما ملخصه ان عمر لما رأى الاحتلام في ثوبه اغتسل وغسل الاحتلام ولم يذكر انه اخبر الناس وعزا الاثر للموطا.

(الدر المختار مع ردالمحتار ص ۴۳۸ جلد ۱ وتقريرات الرافعي ص ۷۷)

﴿۱﴾ عن ابي هريرة ان رسول اللهﷺ حين قفل من غزوة خيبر سار ليلة حتى اذا ادركه الكرى عرس وقال لبلال اكلا لنا الليل فصلىٰ بلال ما قدر له ونام رسول اللهﷺ واصحابه فلما تقارب الفجر استسند بلال الى راحلته مواجه الفجر فغلبت بلال عيناه وهو مستند الى راحلته فلم يستيقظ رسول اللهﷺ ولا بلال ولا احد من اصحابه حتى ضربتهم الشمس فكان رسول اللهﷺ استيقاظا ففزع رسول اللهﷺ فقال اى بلال فقال بلال اخذ بنفسي الذى اخذ بابي انت وامي يا رسول بنفسك قال اقتادوا فاقتادوا رواحلهم شيئا ثم توضاء رسول اللهﷺ وامر بلال فاقام الصلوة فصلى بهم الصبح فلما قضى الصلوٰة قال من نسى الصلوٰة فليصلها اذا ذكرها فان الله تعالىٰ قال اقم الصلوة لذكرى قال يونس وكان ابن شهاب يقرأها للذكرىٰ.

(الصحيح المسلم ص ۲۳۸ جلد ۱ باب قضاء الصلوٰة الفائتة واستحباب تعجيل قضائها)

﴿۲﴾ عن جابر بن عبد الله ان عمر بن الخطاب جاء يوم الخندق بعد ما غربت الشمس جعل يسب كفار قريش وقال يا رسول الله ما كدت ان...... (بقيه حاشيه اگلے صفحه پر)

جس شخص سے لاتعداد نمازیں فوت ہوئی ہوں اور تمیز وتعین سے بے بس ہوں تو وہ اول قضا نماز یا آخر قضا نماز سے قضا شروع کرے گا، مثلاً ہر روز اول فجر، اول ظہر، اول عصر، کی نیت کرے گا، اور ہر رکعت میں ضم سورت کرے گا اور وتر ومغرب کو چار رکعت ادا کرے گا۔ (دوسری، تیسری اور چوتھی رکعت پر قعدہ کرے گا) جن اوقات میں نفل ممنوع ہوں ان اوقات میں یہ قضا نہیں کرے گا (ماخوذ از ردالمحتار ص ۵۱۷ تا ۴۸۹ جلد ۱) ﴿۱﴾. وھو الموفق

جس کے ذمہ فرض نمازیں ہوں تو قضا نمازیں لوٹانا نوافل سے افضل ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک آدمی کے ذمہ فرض نمازیں باقی ہیں اور قضا کی بجائے نوافل پڑھتا ہے تو کیا اس کیلئے نوافل پڑھنا افضل ہے یا قضا نمازیں پڑھنا؟ بینوا توجروا

المستفتی: خیر محمد مثورہ بنوں

الجواب: جس کے ذمہ فرض نمازیں باقی ہوتو اس کیلئے قضا نمازیں ادا کرنا نوافل پڑھنے سے

(بقیہ حاشیہ) اصلی حتی کادت الشمس ان تغرب قال النبی ﷺ وانا واللہ ما صلیتھا فنزلنا مع النبی ﷺ بطحان فتوضأ للصلوٰۃ وتوضأنا لھا فصلی العصر بعد ما غربت الشمس ثم صلی بعدھا المغرب ۔

(صحیح البخاری ص ۵۹۰ جلد ۲ باب غزوۃ الخندق وھی الاحزاب کتاب المغازی)

﴿۱﴾ قال العلامۃ ابن عابدین رحمہ اللہ: انہ کان یصلی المغرب والوتر اربع رکعات بثلاث قعدات کما نقلہ فی البحر عن مآل الفتاویٰ ای ویکون حینئذ اعادۃ الصلاۃ المجرد توھم الفساد غیر مکروہ ویکون النھی محمولا علی غیر ھذا الوجہ لکن لما کانت الصلاۃ علی ھذا محتملۃ لو قوعھا نفلا...... نقول انہ کان یضم الی المغرب والوتر فعلی احتمال صحۃ ماکان صلاۃ او لا تقع ھذہ الصلاۃ نفلا وزیادۃ القعدۃ علی رأس الثالثۃ لا تبطلھا وعلی احتمال فسادہ تقع ھذہ فرضاً مقضیا وزیادۃ رکعۃ علیھا لا تبطلھا ۔

(ردالمحتار ھامش الدر المختار ص ۵۱۶ جلد ۱ قبیل مطلب فی الصلاۃ علی الدابۃ)

افضل ہے، کمافی الهندیه ص ۱۳۲ جلد ۱ وفی الحجة والاشتغال بالفوائتة اولیٰ واهم من النوافل الا السنن المعروفة وصلوٰة الضحیٰ الخ ﴿۱﴾. وهوالموفق

قضا نمازیں ادا کرنے اور نوافل کرنے میں کوئی منافات نہیں

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ جو نمازیں غفلت کی وجہ سے ہم سے قضا ہو چکی ہیں اب وہ ادا کرنی ہیں لیکن میں نے سنا ہے کہ جس کے ذمہ فرض نمازیں ہوں تو اس کے نوافل غیر مقبول ہوتے ہیں نوافل کی بجائے قضا نمازیں ادا کرنی چاہئے، سوال یہ ہے کہ کیا میں نوافل، تہجد وغیرہ نہ پڑھوں اور صرف قضا ادا کروں؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالروف ڈاٹوال ضلع چکوال......۱۹۸۶ء/۱۱/۲۲

الجواب: آپ قضا بھی کیا کریں اور تہجد واوابین وغیرہ نوافل بھی پڑھا کریں، کمافی الهندیه ص ۱۳۲ جلد ۱ باب قضاء الفوائت﴿۲﴾. نیز وتر کی قضا بھی ضروری ہے (شامی، بحر، هندیه وغیره)﴿۳﴾. وهوالموفق

﴿۱﴾(فتاویٰ عالمگیریه ص ۱۲۵ جلد ۱ الباب الحادی عشر فی قضاء الفوائت)

﴿۲﴾ قال فی الهندیه: وفی الحجة والاشتغال بالفوائت اولی واهم من النوافل الا السنن المعروفة وصلاة الضحیٰ وصلاه التسبیح والصلوٰت التی رویت فی الاخبار فیها سور معدودة واذکار معهودة فتلک بنیة النفل وغیرها بنیة القضاء کذا فی المضمرات.

(فتاویٰ عالمگیریه ص ۱۲۵ جلد ۱ الباب الحادی عشر فی قضاء الفوائت)

﴿۳﴾قال الحصکفی: الترتیب بین الفروض الخمسة والوتر اداء وقضاء لازم، قال ابن عابدین: الواو بمعنی اومانعة الخلو فیشمل ثلاث صور ما اذا کان الکل قضاء اوالبعض قضاء والبعض اداء اوالکل اداء کالعشاء مع الوتر.

(الدرالمختار مع ردالمحتار ص ۵۳۲ جلد ۱ باب قضاء الفوائت)

چار رکعت تراویح کی نیت کی تیسری رکعت میں نماز فاسد ہوگئی قضا کا کیا حکم ہے؟

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر کسی نے چار رکعت تراویح کی نیت باندھی پھر تیسری یا چوتھی رکعت کے دوران سلام پھیر دیا یا وہ دوسرے دوگانہ میں فاسد ہوگئی اب وہ صرف دو رکعت کی قضا کرے (نفل کی طرح) یا چار رکعت کی؟ بینوا توجروا

المستفتی: اکرام الحق راولپنڈی......۱۸/ اگست ۱۹۷۳ء

الجواب: واضح رہے کہ تراویح اگرچہ فی نفسھا سنت مؤکدہ ہیں لیکن چار چار رکعت پڑھنا سنت مؤکدہ نہیں لہذا بصورت مسئولہ میں دو رکعت قضا کرنا کافی ہوگا، کمافی الدر المختار وقضی رکعتین لو نوئ اربعا غیر المؤکدة علی اختیار الحلبی وغیرہ ونقض فی خلال الشفع الاول اوالثانی (ھامش الرد ص۶۴۷ جلد ۱) ﴿۱﴾ اور شفع اولیٰ کا اعادہ بھی ضروری ہے، کمافی ردالمحتار ص۶۴۸ جلد ۱ لکن ینبغی وجوب اعادة الاول لترک واجب والسلام مع عدم انجبارہ بسجود سھو الخ ﴿۲﴾۔ پس مجموعہ چاروں رکعت پڑھنا ضروری ہوگا، اولین بطور اعادہ و آخرین بطور قضا، وھما شیئان متقاربان. وھو الموفق

صاحب ترتیب نہ ہونے کی صورت میں ترتیب کا خیال رکھنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک شخص صاحب ترتیب نہ ہو، لیکن وہ قضا نمازوں میں ترتیب کا خیال رکھتا ہو یا کبھی ترتیب سے اور کبھی غیر ترتیب سے قضا نمازیں پڑھتا ہے کیا یہ صحیح ہے اس کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: جلال احمد جلال طورو مردان......۱۹۷۵ء/۶/۲۹

﴿۱﴾ (الدر المختار علی ھامش ردالمحتار ص ۵۱۱ جلد ۱ مبحث المسائل الستة عشریة)
﴿۲﴾ (ردالمحتار ھامش الدر المختار ص ۵۱۱ جلد ۱ مبحث المسائل الستة عشریة)

الجواب: جو شخص صاحب ترتیب نہ ہو تو اس پر ترتیب واجب نہیں ہے﴿۱﴾ اور ترتیب کی رعایت کرنے میں گنہگار نہیں ہے۔ وھو الموفق

نامعلوم وتر کی قضا کی صورت میں چوتھی رکعت میں قنوت نہیں پڑھی جائے گی

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ قضا نماز جو معلوم نہ ہو، ادا کرتے وقت مغرب اور وتر کی نماز تین قعدوں سے ادا کرے گا، تو کیا وتر کی جب تیسری رکعت میں دعائے قنوت پڑھ لے تو چوتھی رکعت میں بھی قنوت پڑھے گا؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالرؤف لوندخوڑ مردان......۲۸/ رمضان ۱۴۰۵ھ

الجواب: چونکہ یہ زیادت نفل ہونے کے احتمال کی وجہ سے احتیاطی ہے لہٰذا چوتھی رکعت میں قنوت پڑھنے کا کوئی جواز نہیں ہے بخلاف اذا شک فی ثالثة الوتر انها ثانية او ثالثة فانها يضم اليها الرابعة ويقنت فی كلتيهما احتياطاً ولم يصرحوا به وهو من الواضحات ﴿۲﴾ فافهم. وهو الموفق

فدیہ صلوٰۃ بعد الموت دیا جائے گا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ جب ایک شخص کے ذمہ نمازیں

﴿۱﴾ قال العلامة ابن عابدين رحمه الله: (قوله او فاتت ست) يعني لا يلزم الترتيب بين الفائتة والوقتية ولا بين الفوائت اذا كانت الفوائت ستا كذا في النهر. (ردالمحتار هامش الدر المختار ص۵۳۸ جلد ۱ قبيل مطلب في اسقاط الصلاة عن الميت باب قضاء الفوائت)

﴿۲﴾ قال العلامة حسن بن عمار الشرنبلالي رحمه الله: ومن قضى صلاة عمره مع انه لم يفته شيء منها احتياطاً قيل يكره... ويقنت في الوتر ويقعد قدر التشهد في ثالثة ثم يصلي ركعة رابعة فان كان وتراً فقد اداه وان لم يكن فقد صلى التطوع اربعا ولا يضره القعود وكذا يصلي المغرب اربعا بثلاث قعدات. (حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح ص۲۴۷ باب قضاء الفوائت)

باقی ہوں تو کیا یہ شخص فدیہ صلوٰۃ قبل موت دے سکتا ہے؟ اور کیا حیلہ اسقاط قبل الموت جائز ہے؟ اگر نہیں تو پھر یہ جنازہ سے پہلے دیا جائے گا یا بعد میں یا دفن کے بعد؟ بینوا توجروا

المستفتی: کرامت اللہ چروڑی پحملہ سوات......۱۹۷۰ء/۴/۴

الجواب: اسقاط قبل الموت درست نہیں ہے اور موت کے بعد ہر وقت درست ہے، فی الهنديه ص ۱۳۲ جلد ۱ سئل الحسن بن علی عن الفدية عن الصلوٰت فی مرض الموت هل يجوز فقال لا ﴿۱﴾. وهو الموفق

کسی کتاب سے فتویٰ دینا ہر کس وناکس کا کام نہیں

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہمارے ہاں دو طبقے بن گئے ہیں ایک میت کا حیلہ اسقاط جائز اور دوسرا ناجائز کہتے ہیں اور دونوں دیوبندی ہیں اور ایک قسم کی کتابوں سے حوالے پیش کرتے ہیں، سوال یہ ہے کہ کیا فتاویٰ رشیدیہ اور فتاویٰ دارالعلوم دیوبند قابل عمل، مستند اور مذہب حنفی کے مطابق ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد کرم شاہ بنوں......یکم اپریل ۱۹۷۵ء

الجواب: حیلہ اسقاط بذات خود مشروع ہے، قرآن ﴿۲﴾ وحدیث ﴿۳﴾ میں اس ہے

﴿۱﴾ (فتاویٰ عالمگیریه ص ۱۲۵ جلد ۱ الباب الحادی عشر فی قضاء الفوائت)

﴿۲﴾ قال الله تعالیٰ: وخذ بيدک ضغثا فاضرب به ولا تحنث.
(سورة ص پاره:۲۳ رکوع:۱۳ آیت:۴۴)

﴿۳﴾عن ابی امامة انه اخبره بعض اصحاب رسول اللهﷺ من الانصار انه اشتكى رجل وقالوا ما راينا باحد من الناس من الضر مثل الذی هو به لو حملنا اليک لتفسخت عظامه ما هو الا جلد علی عظم فامر رسول اللهﷺان ياخذوا له مائة شمراخ فيضر بوه ضربة واحدة.
(سنن ابی داؤد ص ۲۶۲ جلد۲ باب فی اقامة الحد علی المريض)

اصل موجود ہے البتہ حیلہ مروجہ شرائط معتبرہ کی عدم رعایت کی وجہ سے حیلہ استحصال بن گیا ہے لہٰذا برائے فراغ ذمہ میت ﴿۱﴾ مروجہ حیلہ اسقاط بے سود ہے۔ فتاویٰ رشیدیہ (گنگوہی) اور فتاویٰ دارالعلوم دیوبند ہمارے اکابر کے فتاویٰ ہیں لیکن کسی کتاب سے فتویٰ دینا ہر کس و ناکس کا کام نہیں ہے۔ وھو الموفق

دائرہ حیلہ اسقاط میں قرآن مجید رکھنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ دائرہ حیلہ اسقاط میں قرآن مجید کو دیگر اموال کے ساتھ قبض در قبض کرنا اور ایک دوسرے کے حوالے کرنا جیسا کہ حیلہ اسقاط میں معمول ہے کیا یہ جائز ہے؟ جبکہ فتاویٰ سمرقندیہ میں قرآن مجید کے دور کو بھی جائز کہا گیا ہے کیا اس سے منع کرنا جائز ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: مولانا اسماعیل گاؤں الوچ سوات

الجواب: فقیہ ابو اللیث سمرقندی رحمہ اللہ معتبر شخصیت ہیں ﴿۲﴾ انہوں نے جو مسئلہ لکھا ہے وہ درست ہے کسی فقیہ نے اس کی تردید نہیں کی ہے، چونکہ قرآن (مصحف) بھی مال متقوم ہے اس کو فدایا میں دینا نہ ممنوع ہے نہ مطلوب ہے، البتہ موقوف یا مملوکۃ الغیر مصحف کی تملیک و تملک ممنوع ہے،

﴿۱﴾ قال العلامة ابن عابدين رحمه الله: ويجب ان يدفعها حقيقة لا تحيلا ملاحظا ان الفقير اذا ابى عن الهبة الى الوصى كان له ذلك ولا يجبر على الهبة. (منة الجليل ص ٢٢٥)

﴿٢﴾ قال الامام الفقيه محمد عبد الحى اللكهنوى: نصر بن محمد بن احمد بن ابراهيم ابو لليث الفقيه السمرقندى المشهور بامام الهدىٰ اخذ عن ابى جعفر الهندوانى عن ابى القاسم الصفار عن نصير بن يحيىٰ عن محمد بن سماعة عن ابى يوسف وله تفسير القرآن، والنوازل، والعيون، والفتاوىٰ، وخزانة الفقه، وبستان العارفين، وشرح الجامع الصغير، وتنبيه الغافلين وغير ذلك..... وقد طالعت من تصانيفه البستان وتنبيه الغافلين وخزانة الفقه وكلها مفيده.

(الفوائد البهية فى تراجم الحنفية ص ٢٩١ حرف النون رقم: ٣٨٥)

نیز بازاری قیمت سے زائد قیمت مقرر کرنا عبث اور بے قاعدہ حیلہ در حیلہ ہے﴿۱﴾۔ وھو الموفق

امحاء الخباط عن مسئلۃ حیلۃ الاسقاط

حیلہ اسقاط کو فقہاء نے اپنی کتب میں باقاعدہ طور پر ذکر کیا ہے، اور اس کیلئے شرائط اور طریقہ کار بھی وضع کیا ہے لیکن عوام نے اس میں بہت سے مفاسد اور محظورات شرعیہ داخل کئے اسی بنا پر بعض لوگوں نے اس کے انکار میں اتنے تشدد سے کام لیا کہ نفس حیلہ اسقاط کے منکر ہو گئے، حتی کہ کرنے والوں پر بدعت وکفر کے فتوے لگائے، اور حیلہ اصحاب سبت پر قیاس کر کے فقہاء کرام بھی ان کے فتوؤں کی ضد میں آ گئے، حضرت مفتی صاحب دامت برکاتہم نے حیلہ اسقاط کی حقیقت ومشروعیت پر یہ مقالہ لکھ کر شائع کیا تھا، اس باب سے مناسبت قویہ کی بنا پر شامل فتاوی کیا جاتا ہے۔......(از مرتب)

﴿۱﴾ **قال العلامہ مفتی کفایت اللہ الدھلوی:** (تنبیہ) یہ رسم بعض مقامات میں اس طرح ادا کی جاتی ہے کہ صرف ایک قرآن مجید فقیر کو یہ کہہ کر دے دیتے ہیں کہ قرآن مجید چونکہ خدا کا کلام ہے اس لئے اس کی کوئی قیمت نہیں اور بوجہ بے قیمت ہونے کے تمام نمازوں اور روزوں اور دیگر واجبات کا جس قدر کفارہ میت کے ذمہ ہو اس سب کے بدلے میں ہم یہ قرآن دیتے ہیں اور فقیر قبول کر لیتا ہے یہ طریقہ بھی ناجائز ہے، کیونکہ یہی حضرات جو فدیہ میں قرآن مجید کو بے قیمت بتاتے ہیں جب فدیہ کے واسطے خریدنے جاتے ہیں تو بجائے روپیہ کے بارہ آنے اور بجائے بارہ آنے کے دس آنے کو جھگڑ جھگڑ کر خریدتے ہیں، خریدتے وقت اس کا بے قیمت ہونا بھول جاتے ہیں اور یہ تو تقریباً محال ہے کہ دوکاندار اگر اس کی قیمت ایک روپیہ بتائے تو یہ بنظر قدر شناسی قرآن مجید اس کو دو روپے خود دیدیں بہر حال یہ قرآن مجید جو کاغذ پر لکھا یا چھپا ہوا ہوتا ہے شرعاً مال متقوم ہے اور کفارات ومعاوضات میں اس کی اصل قیمت کا اعتبار ہوگا اور اسلئے وہ صرف اتنی نمازوں کا فدیہ ہو سکے گا جتنی نمازوں کے فدیہ تک اس کی قیمت پہنچے گی۔

(کفایت المفتی ص۱۵۷ جلد۴ مجموعہ دلیل الخیرات فی ترک المنکرات)

جس عاقل بالغ مسلمان سے عمداً یا بلا عمد نمازیں اور روزے قضا ہو جائیں تو اس پر اس قضا کا ادا کرنا فرض ہے اور قضا ادا نہ کرنے کی صورت میں وہ گنہگار ہے اور جس وقت زندگی سے مایوس ہو جائے تو اس پر یہ وصیت کرنا ضروری ہے کہ اس کے ترکہ اموال منقولہ وغیر منقولہ کے ایک تہائی حصہ سے ہر نماز اور روزہ کے بدلے تخمیناً دو یا ڈھائی کلو گندم یا اس کی قیمت مساکین کو دی جائے، اور اگر یہ وصیت نہیں کی تو گنہگار مر گیا، اگر اس شخص کا مال نہیں تھا، یا ایک تہائی حصہ فراغت ذمہ کیلئے کافی نہیں تھا، یا فسق اور جہل کی وجہ سے وصیت نہیں کیا تو ورثاء وغیرہ اس کی طرف سے با قاعدہ طور پر حیلہ اسقاط کر سکتے ہیں (ماخوذ از ردالمحتار ص ۴۹۲ جلد ۱) ﴿۱﴾.

حیلہ ہر اس مباح کام یا گفتار کو کہتے ہیں جس کے ذریعے ایک مقصد کو پوشیدہ طریقے سے رسائی ہو جائے، صاحب مفردات فرماتے ہیں، الحیلة ما یتوصل به الی حالة مافی خفیة (ص ۱۳۸). اور ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ، هی ما یتوصل به الی مقصود بطریق خفی (فتح الباری ص ۲۷۴ جلد ۱۲)، اور صاحب الاشباہ والنظائر فرماتے ہیں، هی تقلیب المنکر حتی یهتدی الی المقصود (ص ۴۱۷).

جان لو کہ حیلہ کی بہت سی اقسام ہیں اس مقالہ میں صرف دو قسم ذکر کی جاتی ہیں، اول حیلہ وہ ہے جو تحلیل حرام اور ابطال شریعت کیلئے ہو جیسا کہ اصحاب سبت نے شکار کی تحلیل کیلئے کیا تھا (القرآن)،

﴿۱﴾ قال الحصکفی: ولو مات وعلیه صلوٰت فائتة واوصیٰ بالکفارة یعطی لکل صلاة نصف صاع من بر کالفطرة........ ولو لم یترک ما لا یستقرض وارثه نصف صاع مثلاً ویدفعه لفقیر ثم یدفعه الفقیر ثم وثم حتی یتم. قال ابن عابدین: (قوله وعلیه صلوٰت) ای بان کان یقدر علی ادائها ولو بالایماء فیلزمه الایصاء بها والا فلا یلزمه..... یعطی عنه ولیه ای من له ولایة التصرف فی ماله بوصایة او وراثة فیلزمه ذلک من الثلث ان اوصی..... واما اذا لم یوص فتطوع بها الوارث فقد قال محمد فی الزیادات انه یجزیه ان شاء الله ..... نصف صاع من بر ای او من دقیقة او سویقة او صاع تمر الخ. (ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۵۴۱، ۵۴۲ جلد ۱ مطلب فی اسقاط الصلاة عن المیت)

اور بعض یہود نے چربی کے حلال ہونے کیلئے کیا تھا (بخاری)۔ اور یہ حیلہ بلا شک حرام ہے، دوسرا وہ حیلہ ہے جو حرام سے بچنے، فراغت ذمہ اور واجب کے اسقاط کیلئے ہو، جیسا کہ حضرت ایوب علیہ السلام نے کیا تھا، قال الله تبارک وتعالیٰ: وخذ بیدک ضغثا فاضرب به ولا تحنث (سورة ص) ﴿۱﴾. اور پیغمبر علیہ السلام نے ایک غیر شادی شدہ مریض کیلئے برائے اجراء حد زنا حیلہ کیا تھا، قالوا مارئینا باحد من الناس من الضر مثل الذی هو به لو حملنا الیک لتفسخت عظامه، ماهو الا جلد علی عظم، فامر رسول الله ﷺ ان یاخذ واله مائة شمراخ فیضربوه بها ضربة واحدة. (رواه ابوداؤد) ﴿۲﴾. یہ حیلہ جائز ہے نہ مخصوص ہے اور نہ منسوخ ہے اور یہی مروی ہے عطاء اور شعبی سے اور اسے احناف، شوافع اور حنابلہ نے مختار کیا ہے البتہ موالک اور سلفیہ کے نزدیک مشروع نہیں ہے، (فلیراجع الی تفسیر القرطبی ص ۲۱۳ جلد ۱۵ وشرح الاشباه للحموی ص ۴۱۸ وفتح الباری ص ۲۷۵ جلد ۱۲).

یہ حیلہ اسقاط جس طرح باصلہا ثابت ہے اسی طرح فقہاء کرام نے بھی اس کی مشروعیت پر تصریح کی ہے، فلیراجع الیٰ ردالمحتار ص ۶۸۷ جلد ۱ ﴿۳﴾ والطحطاوی ص ۲۶۳ والشرح الکبیر ص ۴۹۷ وخلاصة الفتاویٰ ص ۱۵۳ جلد ۱ والبحر ص ۹۱ جلد ۲ والاشباه والنظائر ص ۴۱۸ وغیر ذلک. البتہ اس حیلہ کی مشروعیت کیلئے کچھ شرائط ہیں جن کی رعایت رکھنا نہایت ضروری ہے اول یہ کہ وصیت کے نہ ہونے کی صورت میں ورثاء میں نابالغ اور غائب نہ ہوں کیونکہ ان

﴿۱﴾ (سورة: ص پارہ: ۲۳ آیت: ۴۴)

﴿۲﴾ (سنن ابی داؤد ص ۲۶۲ جلد ۲ باب فی اقامة الحد علی المریض)

﴿۳﴾ قال ابن عابدین: (قوله ولو لم یترک ما لا یستقرض الخ) فیستقرض قیمتها ویدفعها للفقیر ثم یستوهبها منه ویتسلمها منه لتتم الهبة ثم یدفعها لذلک الفقیر او لفقیر آخر وهکذا فیسقط فی کل مرة کفارة سنة وان استقرض اکثر من ذلک یسقط بقدره وبعد ذلک یعید الدور لکفارة الصیام ثم للاضحیة الخ.
(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۵۴۲ جلد ۱ قبیل باب سجود السهو)

کے مال سے تبرع جائز نہیں ہے، دوم یہ کہ قطار یا دائرہ میں مساکین ہوں، غنی کو دینے سے فراغت ذمہ نہیں ہوتی، سوم یہ کہ اس مسکین کو حقیقتاً مالک بنادے، محض زبانی تملیک نہ کرے، کما صرح به ابن عابدین فی منة الجلیل ص ۲۲۵ حیث قال ویجب ان یدفعها حقیقة لا تحیلاً ملاحظاً ان الفقیر اذا ابی عن الهبة الی الوصی کان له ذلک ولایجبر علی الهبة، انتهیٰ ﴿۱﴾. پس اگر یہ حیلہ اشہر حج میں ہوا، تو ان تمام قبض کرنے والوں پر باقاعدہ حج فرض ہو جائے گا، دوسروں کو بخشنے سے حج ان کے ذمہ سے ساقط نہیں ہوگا۔ چونکہ حیلہ مروجہ میں ان شرائط بالخصوص تیسری شرط کی رعایت نہیں کی جاتی لہٰذا اس حیلہ مروجہ سے فراغت ذمہ میت نہیں آتی، نام حیلہ اسقاط کا ہے اور درحقیقت حیلہ استحصال ہے اہل علم پر ضروری ہے کہ یا ان مفاسد کی اصلاح کرے یا اس حیلہ کا انسداد کرے تاکہ عوام خوش فہمی اور خوش ظنی سے بچ جائیں ﴿۲﴾۔ وهو الموفق

حیلہ اسقاط میں دور قرآن اہانت قرآن کے زمرے سے نہیں

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہمارے شہر میں جو حیلہ اسقاط کیا جاتا ہے اس میں قرآن پاک بھی رکھا جاتا ہے میں نے اس سے منع کیا جب کہ فریق مخالف کہتے ہیں کہ یہ

﴿۱﴾ (رسائل ابن عابدین ص ۲۲۵ جلد ۱ منة الجلیل لبیان اسقاط ما علی الذمة من کثیر وقلیل)

﴿۲﴾ قال العلامه مفتی کفایت الله الدهلوی: واضح رہے کہ عبارات مذکورہ سے صراحۃً معلوم ہوگیا کہ یہ فعل اسقاط (فعل دور) وارث کے ذمہ واجب اور ضروری نہیں بلکہ محض تبرع ہے اور ابراء ذمہ میت کیلئے ایک حیلہ ہے اگر اسے ضروری سمجھا جائے یا سنت سمجھا جائے تو ناجائز اور بدعت ہو جائے گا، جیسا کہ رسم نمبر ۳ کے بیان میں طحطاوی کی عبارت سے صراحۃً معلوم ہو چکا ہے، نیز یہ بھی ضروری ہے کہ بصورت عدم وصیت میت کے ترکہ میں سے جب تک کہ تمام ورثہ بالغ اور حاضر نہ ہوں کوئی مقدار اسقاط میں نہ دی جائے اور ثلث تک کی وصیت میں زائد علی الثلث اور ثلث سے کم کی وصیت میں زائد علی الوصیت بدون رضا تمام ورثہ کے اسقاط میں کوئی مقدار نہ دی جائے اگر کوئی دے گا خود ضامن ہوگا۔

(کفایت المفتی ص ۱۵۶ جلد ۴ از مجموعه دلیل الخیرات فی ترک المنکرات)

امر حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے ثابت ہے، میں نے جواب میں کتاب راہ سنت مولفہ ابوالزاہد سرفراز خان صفدر صاحب پیش کیا، لیکن انہوں نے کہا کہ ہم اردو کی کتابیں نہیں مانتے اسلئے اگر آپ عربی کتاب سے حوالہ روانہ کریں تا کہ جماعت مخالف شکست کھائے، میں بہت مشکور رہوں گا۔ بینوا توجروا

المستفتی: مقبول الرحمٰن ضلع ہزارہ

الجواب: چونکہ قرآن یعنی مصحف بھی مال متقوم ہے، لہٰذا اس کی خرید و فروخت اور اس کا تصدق و ہبہ تمام کے تمام جائز ہیں، نہ ان امور میں اہانت موجود ہے اور نہ اہانت کسی کا مقصود ہوتا ہے، لہٰذا قرآن یعنی مصحف کے ذریعہ سے اسقاط کرنا منع نہیں ہے، جیسا کہ اس کا رکھنا (مال اسقاط میں) ضروری نہیں ہے۔(۱)۔ فقط

غریب مسکین میت کی جانب سے حیلہ اسقاط جائز ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک غریب مسکین عاجز آدمی مر گیا اس کا کوئی مال نہیں ہے اور ورثا بھی فقیر ہیں اور میت کے ذمہ صوم وصلوٰۃ بھی ہیں جس کا فدیہ ادا کرنے سے عاجز ہیں اب بعض علماء کہتے ہیں کہ حیلہ اسقاط ان کی جانب سے کیا جائے اور بعض کہتے ہیں کہ یہ جائز نہیں ہے، مفصل جواب سے نوازیں تا کہ خدشات دور ہوں۔ واجر کم علی اللہ

المستفتی: فیض اللہ متعلم حقانیہ ...... ۷/ جون ۱۹۷۰ء

الجواب: صورت مذکورہ میں حیلہ جائز ہے جبکہ حیلہ کرنے کے وقت تملیک حقیقتاً مراد ہو تملیک

(۱) نفس دوران اجزائے قرآن بھی بعض روایات سے ثابت ہے اور مقصود اس سے توسل بالمصحف ہوتا ہے اور توسل بالمصحف ثابت ہے، قال علیہ الصلاۃ والسلام اللھم ارحمنی بالقرآن العظیم، اور جس طرح فتاویٰ سمرقندیہ میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے دوران اجزاء قرآن ثابت ہے، تو اسی طرح واقدی نے فتوح الشام میں بھی ذکر کیا ہے، فقال اخبرہ ابو عاصم عن ابن جریج عن ابن شھاب عن ابی سلمۃ عن ابی موسیٰ قال فعل عمر رضی اللہ عنہ ای دوران اجزاء القرآن ۔ (از مرتب)

حیلتاً مراد نہ ہو،اعلم ان للحیل انواعا منها ان تکون لتحلیل الحرام کحیلة اصحاب السبت وهی حرام البتة، ومنها ان تکون لدفع المضرة کحیلة یوسف علیه السلام لا بقاء اخیه لئلا یصیبه اخوته مضرة عند العود وهی جائزة لعدم الانکار علیها، ومنها ان تکون لتفریغ الذمة بلا حرج کحیلة ایوب علیه السلام وکذا حیلة النبیﷺ للزانی الغیر المحصن، وحیلة الاسقاط من قبیل الاخیر لانه لم یمکنه الاداء لعجزه ولا الاسقاط لفقره فلا بد من الحیلة تعاونا بالمسلم وصرح بجوازها الفقهاء ولم یصرح بعدم جوازه احد من الفقهاء والاحناف فلیراجع الی ردالمحتار ص۷۸۲ جلد ۱ ﴿۱﴾ والهندیه ص۱۳۲ جلد ۱ ﴿۲﴾ والطحطاوی ص۲۶۳ ﴿۳﴾ والبحر ص ۹۱ جلد۲ ﴿۴﴾ وهکذا فی غیر واحد من کتب الفتاویٰ . فقط

﴿۱﴾ قال العلامة ابن عابدین رحمه الله: فیستقرض قیمتها ویدفعها للفقیر ثم یستوهبها ویتسلمها منه لتتم الهبة ثم یدفعها لذلک الفقیر او لفقیر اخر. (ردالمحتار ص ۵۴۲ جلد ۱ مطلب فی اسقاط الصلاة عن المیت باب قضاء الفوائت)

﴿۲﴾ وفی الهندیه : اذا مات الرجل وعلیه صلوت فائتة فاوصی بان تعطی کفارة صلوته یعطی لکل صلاة نصف صاع من بر وللوتر نصف صاع ولصوم یوم نصف صاع من ثلث ماله وان لم یترک مالا یستقرض ورثته نصف صاع ویدفع الی مسکین ثم یتصدق المسکین علی بعض ورثته ثم یتصدق ثم وثم حتی یتم لکل صلاة ما ذکرنا کذا فی الخلاصة.
(فتاویٰ عالمگیریه ص۱۲۵ جلد ۱ الباب الحادی عشر فی قضاء الفوائت)

﴿۳﴾ قال العلامة الطحطاوی: وان لم یف ما اوصی به المیت عما علیه اولم یکف ثلث ماله اولم یوص بشیئ واراد احد التبرع بقلیل لا یکفی فحیلته لا براء ذمة المیت عن جمیع ما علیه ان یدفع ذلک المقدار الیسیر بعد تقدیره لشیئ من صیام او صلاة او نحوه ویعطیه للفقیر بقصد اسقاط ما یرد عن المیت فیسقط عن المیت بقدره ثم بعد قبضه یهبه الفقیر للولی او للاجنبی ویقبضه لتتم الهبة وتملک ثم یدفعه الموهوب له للفقیر...... وهکذا یفعل مراراً حتی یسقط ماکان یظنه علی المیت من صلاة وصیام ونحوهما مما ذکرناه من الواجبات. (الطحطاوی علی المراقی الفلاح ص ۴۳۹ فصل فی اسقاط الصلاة والصوم)

﴿۴﴾ قال العلامة ابن نجیم رحمه الله: اذا مات الرجل..... (بقیه حاشیه اگلے صفحه پر)

میت کی جانب سے فدیہ اور اسقاط باقاعدہ جائز ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ فدیہ اور اسقاط میں کیا فرق ہے اور یہ کونسی آیت یا حدیث سے ثابت ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: حافظ نور محمد پیش امام مصری بانڈہ نوشہرہ......۱۹۶۹ء/۵/۵

الجواب: فدیہ اور اسقاط کا مطلب یہ ہے کہ ہر نماز اور ہر روزہ سے مقدار صدقۃ الفطر عوض دیا جائے ﴿۱﴾ اور یہ فدیہ صوم کے متعلق عبارۃً اور صلوٰۃ کے متعلق دلالۃً ثابت ہے اور حیلہ اسقاط سے قرآن وحدیث ساکت ہے لیکن قرآن وحدیث سے معارض اور منافی نہ ہونے کی وجہ سے فقہاء کرام نے اس کو جائز کہا ہے جبکہ باقاعدہ ہو، اور عدم جواز کسی کا مذہب نہیں ہے ﴿۲﴾۔ وھو الموفق

(بقیہ حاشیہ) وعلیہ صلوات فائتۃ او اوصی بان یعطی کفارۃ صلاتہ یعطی لکل صلاۃ نصف صاع من بر وللوتر نصف صاع ولصوم یوم نصف صاع وانما یعطی من ثلث مالہ وان لم یترک مالا تستقرض ورثتہ نصف صاع ویدفع الی المسکین ثم یتصدق المسکین علی بعض ورثتہ ثم یتصدق ثم وثم حتی یتم لکل صلاۃ ما ذکرنا۔

(البحر الرائق ص ۹۰، ۹۱ جلد۲ باب قضاء الفوائت)

﴿۱﴾ وفی الھندیہ : اذا مات الرجل وعلیہ صلوٰت فائتۃ فاوصی بان تعطی کفارۃ صلواتہ یعطی لکل صلاۃ نصف صاع من بر وللوتر نصف صاع ولصوم یوم نصف صاع من ثلث مالہ وان لم یترک مالا یستقرض ورثتہ نصف صاع ویدفع الی مسکین ثم یتصدق المسکین علی بعض ورثتہ ثم یتصدق ثم وثم حتی یتم لکل صلاۃ ما ذکرنا کذا فی الخلاصۃ.

(فتاویٰ عالمگیریہ ص ۱۲۵ جلد ۱ الباب الحادی عشر فی قضاء الفوائت)

﴿۲﴾ قال العلامۃ ابن عابدین رحمہ اللہ: ثم اعلم انہ اذا وصی بفدیۃ الصوم یحکم بالجواز قطعا لانہ منصوص علیہ واما اذا لم یوص متطوع بھا الوارث فقد قال محمد فی زیادات انہ یجزیہ ان شاء اللہ تعالیٰ فعلق الاجزاء بالمشیئۃ لعدم النص وکذا علقہ بالمشیئۃ فیما اذا اوصی بفدیۃ الصلاۃ لانھم الحقوھا بالصوم احتیاطاً.

(ردالمحتار ص ۵۴۱ جلد ۱ مطلب فی اسقاط الصلاۃ عن المیت باب قضاء الفوائت)

بعد از قبض فقیر عیالدار کو فدیہ کی واپسی نیز عمداً قضا شدہ نمازوں کا فدیہ

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ (۱) اگر ایک عیالدار مفلس مرد یا عورت حالت افلاس میں مرجائے اور نمازوں وغیرہ کا فدیہ فقراء قبول کریں اور بعد القبول واپس کرے کیا یہ جائز ہے یا نہیں؟ (۲) ایک مسلمان دیدہ ودانستہ قصداً عمداً نماز روزہ وغیرہ کی ادائیگی نہیں کرتا کیا مرنے کے بعد اس کیلئے فدیہ دینا جائز ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: ماسٹر سمیع الرحمٰن گمبت مردان ..... ۱۹/ جمادی الثانی ۱۴۰۲ھ

الجواب: (۱) یہ واپسی درست ہے ﴿۱﴾۔ (۲) جمہور کے نزدیک عمداً قضا شدہ نماز وروزہ کا فدیہ دینا درست ہے ﴿۲﴾۔ خلافا لابن تیمیه وغیره. وهو الموفق

باقاعدہ حیلہ اسقاط مشروع ہے بدعت نہیں

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہمارے ہاں حیلہ اسقاط ہوتا ہے جو نمازوں وغیرہ کا فدیہ ہوتا ہے اس بارے میں فتاویٰ رشیدیہ اور احسن الفتاویٰ وغیرہ سے معلوم ہوتا ہے کہ مذکورہ حیلہ کا ثبوت خیر القرون میں نہیں تھا علاوہ ازیں پاکستان کے علماء، کراچی، لاہور وغیرہ دیوبندی، بریلوی، اہل حدیث سب اکثر رسالوں اور اشتہارات میں بیان دیتے ہیں کہ اس عمل کا قرآن وحدیث، عمل

﴿۱﴾ قال ابن شحنة: ويجوز الرجوع في الهبة عندنا وان كان مكروها اذا كان ذلك بتراضيهما او بحكم الحاكم لقوله ﷺ الواهب احق بهبته ما لم يثب عنها اى ما لم يعوض ..... وهب الموهوب له لآخر ثم رجع الواهب الاول له ان يرجع ايضاً (لسان الحكام في معرفة الاحكام) (معين الحكام ص ۳۷۳ نوع في الرجوع عن الهبة)

﴿۲﴾ قال العلامة الحصكفي رحمه الله: ولو مات وعليه صلوات فائتة واوصى بالكفارة يعطى لكل صلاة نصف صاع من بر كالفطرة . قال ابن عابدين: (قوله يعطى) بالبناء للمجهول اى يعطى عنه وليه اى من له ولاية التصرف في ماله بوصاية او وراثة فيلزمه ذلك من الثلث اذا اوصى. (الدر المختار مع ردالمحتار ص ۵۴۱ جلد ۱ باب قضاء الفوائت)

صحابہ اور قرون ثلاثہ سے کوئی ثبوت نہیں ملتا ہے اور جس عمل کا ثبوت نہ ہو اس کو تقرب سمجھ کر التزام کرنا بدعت اور واجب الاجتناب ہوتا ہے، لہٰذا بندہ عارض ہے کہ آپ بھی اس بارے میں کچھ لکھ کر اس بے مثل اجر میں حصہ لیں۔ ولاجر الآخرۃ اکبر

المستفتی: عبدالرزاق الہ ڈنڈ ڈھیری ملاکنڈ ایجنسی......۱۰/فروری ۱۹۷۵ء

الجواب: واضح رہے کہ بدعت اس چیز کا نام ہے جو کہ خیر القرون میں نہ بنفسہ موجود ہو اور نہ باصلہ موجود ہو، اور پھر اس کو دین سمجھا جاتا ہو، اور چونکہ یہ حیلہ باصلہ وارد ہے، کما فی الاشباہ، لہٰذا حیلہ اسقاط بدعت نہ ہوگا، کما ورد فی القرآن فی حق ایوب علیہ السلام وورد فی الترمذی فی حق الانصاری الغیر المحصن، اسی وجہ سے تمام فقہاء کرام نے اس کو جائز کہا ہے۔ فلیراجع الی باب قضاء الفوائت فی ردالمحتار والبحر والاشباہ والنظائر وخلاصۃ الفتاویٰ والھندیہ وفتح القدیر وغیرہ. خلافا للطائفۃ السلفیۃ النجدیۃ، البتہ اس حیلہ کیلئے کچھ شرائط ہیں جن کی رعایت ضروری ہے، منھا ما ذکرہ العلامہ ابن عابدین فی رسائلہ: ویجب الاحتراز من ان یلاحظ الوصی عند دفع الصرۃ للفقیر الھزل او الحیلۃ بل یجب ان یدفعھا حقیقۃ لا تحیلا، ملاحظا: ان الفقیر اذا ابی عن الھبۃ الی الوصی کان لہ ذلک ولا یجبر علی الھبۃ انتھیٰ. مافی منۃ الجلیل ص ۲۲۵ جلد ۱.

چونکہ مروجہ حیلہ میں یہ شرط مفقود ہے، لہٰذا یہ حیلہ فراغت ذمہ کیلئے بے سود ہوگا، فافھم. وھو الموفق

فدایا میں حیلہ مروجہ فراغ ذمہ میت کیلئے کافی نہیں

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں حیلہ اسقاط کا کیا حکم ہے؟ جو میت مسکین ہو اور اس کیلئے حیلہ کیا جائے اور مقدار فدیہ برابر کی جائے تو شریعت میں اس کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: مولانا عبدالحلیم تخت بھائی مردان......۱۹۸۹ء/۲/۲

الجواب: حیلہ اسقاط بذات خود جائز ہے قرآن وحدیث اور فقہ حنفی سے ﴿۱﴾ اس کی مشروعیت روز روشن کی طرح ثابت ہے البتہ اس کی مشروعیت کیلئے کچھ شرائط ہیں جن کی رعایت نہایت ضروری ہے، منها التمليك الحقيقي للمسكين والاجتناب عن الهزل والتمليك اللساني كما صرح به في رسائل ابن عابدين ﴿۲﴾ اور چونکہ مروجہ حیلہ میں یہ شرائط مفقود ہیں، لہٰذا مروجہ حیلہ اسقاط میت کے ذمہ کی فراغت کیلئے بے سود ہے اہل علم پر لازم ہے کہ ان مفاسد کی اصلاح کریں اور یا اس حیلہ کا انسداد کریں یعنی بغیر حیلہ کے فدایا تقسیم کریں۔ وهو الموفق

حیلہ اسقاط کے بعد مال فدیہ سے ورثاء کا خیرات کرنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر ایک میت ایک ہزار روپیہ خرچ کرنے کی وصیت کر چکا ہو مگر بالغ ورثاء باہمی مشورہ کریں کہ ہم میت مذکورہ کیلئے تین سو روپیہ فدیہ میں دیں گے یوم تدفین فدیہ کیلئے حیلہ مروجہ کی بنیاد پر چند آدمی بیٹھ گئے جس میں اکثر اغنیاء ہوتے ہیں، جبکہ حیلہ مروجہ میں تملیک حقیقی بھی مفقود معلوم ہوتی ہے تو دوران مال آخری قابض مال وارث میت کو کہدے کہ یہ مال تقسیم کرے اور صدقہ کرے، قابض کا خیال ہے کہ یہ تو قابض آخر کا ملک بن جاتا ہے، اور فدیہ کا معاملہ ختم ہو گیا تو کیا ورثاء اس سے خیرات کر سکتے ہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: حضرت مولانا فضل مولا صاحب دلبوڑی مدرس دار العلوم حقانیہ......۲۷/ربیع الاول ۱۴۰۲ھ

الجواب: حیلہ مروجہ فقدان شرط کی وجہ سے فراغت ذمہ کیلئے بے سود ہے مگر یہ وارث اس

﴿۱﴾ قال العلامة ابن عابدين رحمه الله: فيستقرض قيمتها ويدفعها للفقير ثم يستوهبها منه ويتسلمها منه لتتم الهبة ثم يدفعها لذلك الفقير او لفقير آخر.

(ردالمحتار ص ۵۴۲ جلد ۱ باب قضاء الفوائت)

﴿۲﴾ (رسائل ابن عابدين منة الجليل لبيان اسقاط ما على الذمة من كثير وقليل ص ۲۲۵ جلد ۱)

مخصوص مال کا بہر حال مالک ہے، اما من ابتداء الامر لعدم صحة تمليک للغير لاجل الهزل واما بتمليک القابض الاخير على تقدير الجد، پس یہ وارث اس مخصوص مال سے رسمی یا غیر رسمی خیرات کرنے کا مجاز ہے۔ وهو الموفق

اسقاط یا حیلہ اسقاط کیلئے اجناس وغیرہ قبرستان لے جانا نہ مطلوب ہے اور نہ ممنوع

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ حیلہ اسقاط کیلئے اگر اجناس وغیرہ قبرستان نہ لے جائیں یا وہاں تقسیم نہ ہو کیا یہ صحیح ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: مولوی عبدالعلی زیارت بلوچستان......۱۹۸۴ء/۱۰/۲

الجواب: باقاعدہ اسقاط یا حیلہ اسقاط کیلئے اجناس وغیرہا کا قبرستان لے جانا اور وہاں تقسیم کرنا نہ مطلوب شرعی ہے اور نہ ممنوع شرعی ہے جبکہ مفاسد سے خالی ہو اور جب مصالح پر مشتمل ہو مثلاً مصارف پر باعزت طور سے تقسیم میں آسانی ہو تو بطریق اولیٰ ممنوع نہ ہوگا، لانه اهون من الذهاب الى ارباب الاموال لحصول الاموال منهم للمدارس وغيرها لخلوه عن صورة السوال. وهو الموفق

قضائے عمری کی حدیث موضوعی اور مردود ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ نماز قضاء عمری جس کو بعض علماء بدعت کہتے ہیں کیا اس نماز کا شریعت میں کوئی ثبوت ہے یا نہیں؟ اور جو حدیث دلیل میں پیش کرتے ہیں اس حدیث کا کیا درجہ ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: سعید الرحمٰن مدرسہ عربیہ رائے ونڈ ضلع لاہور......۱۹۸۸ء/۷/۲۰

الجواب: یہ نماز جو متعبدین کے نزدیک قضا عمری سے مسمی ہے مکروہ اور بدعت قبیحہ ہے نہ قرآن سے اس کی مشروعیت ثابت ہے اور نہ حدیث سے ثابت ہے واما حديث من قضى صلوٰة من

الفرائض فی آخر جمعه فی شهر رمضان کان ذلک جابراً لکل صلوٰة فائتة الیٰ سبعین فقال القاری فی الموضوعات الکبیر ص ۴۷ انه باطل قطعا لانه منا قض للاجماع علی ان شیئا من العبادات لا یقوم مقام فائتة سنوات، ثم لا عبرة بنقل النهایة و لا بقیة شراح الهدایة فانهم لیسوا من المحدثین و لا اسندو الحدیث الی احد من المخرجین، انتهیٰ ﴿۱﴾. اور نہ فقہ کے کتب میں موجود ہے واما روی عن ابی حنیفة انه قضی صلوٰة عمره فلیس المراد منه هذا بل هو قضاء الفوائت علی قد رالفوائت علی الزعمیة، وصرح الشامی فی ردالمحتار ان هذه الروایة لم تصح عنه فلیراجع الی ردالمحتار ص ۴۹۰ جلد ۱ ﴿۲﴾، بلکہ یہ نماز قواعد حنفیہ سے مخالف ہے من عدم اقتداء المفترض بالمتنفل وبمفترض وقت آخر ﴿۳﴾ وعدم جواز الاذان عند ادائها فی المساجد ﴿۴﴾. وهو الموفق

نماز قضائے عمری کا کوئی ثبوت نہیں ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ رمضان کے آخری جمعہ میں نماز قضاء عمری از روئے شریعت کیا حیثیت رکھتی ہے بعض علماء اس بارے میں کافی دلائل بیان کرتے ہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: شمس الحق متعلم حقانیہ.....۲۸/ نومبر ۱۹۷۴ء

﴿۱﴾(الموضوعات الکبریٰ لملا علی قاری ص ۲۴۲ رقم الحدیث : ۹۵۳)

﴿۲﴾ (ردالمحتار ص ۵۱۶ جلد ۱ قبیل مطلب فی الصلاة علی الدابة باب الوتر والنوافل)

﴿۳﴾ قال العلامة ابن نجیم رحمه الله: ای وفسد اقتداء المفترض بامام متنفل او بامام یصلی فرضاً غیر فرض المقتدی الخ . (البحر الرائق ص ۳۶۰ جلد ۱ باب الامامة)

﴿۴﴾ قال العلامة ابن نجیم رحمه الله فالاذان للفائتة فی المسجد اولی بالمنع . (البحر الرائق ص ۲۶۲ جلد ۱ باب الاذان)

الجواب: یہ نماز نہ قرآن وحدیث سے ثابت ہے نہ فقہاء کرام سے مروی ہے، والاحادیث الواردة فیها موضوعة کما صرح به العلی القاری﴿۱﴾ وغیره﴿۲﴾ وماروی ان الامام ابا حنیفة قضی صلوٰة عمره فعلی تقدیر الثبوت معناه قضاء صلواة جمیع العمر احتیاطا لاما فهمه المتعبدون، بل هی مخالفة عن تصریحات الفقهاء لان فیها یوذن للفوائت عند الاداء فی المساجد وفیها عدم اتحاد صلوٰة الامام مع الماموم وایضا هی مخالفة عن حدیث لا کفارة لها الا ذلک، ثم هی مهلکة للعوام لانهم یعتقدون کفایتها کما لا یخفیٰ. وهو الموفق

﴿۱﴾ قال الملا علی القاری رحمه الله: حدیث من قضی صلاة من الفرائض فی آخر جمعة من شهر رمضان کان ذلک جابرا لکل صلاة فائتة فی عمره الی سبعین سنة، باطل قطعا لانه مناقض للاجماع علی ان شیئا من العبادات لا یقوم مقام فائتة سنوات ثم لا عبرة بنقل النهایة ولا ببقیة شراح الهدایة فانهم لیسوا من المحدثین ولا اسندوا الحدیث الی احد من المخرجین. (الموضوعات الکبریٰ ص ۲۴۲ رقم حدیث: ۹۵۳)

﴿۲﴾ قال العلامه عبد الحی اللکهنوی: وذکره الشوکانی فی الفوائد المجموعة فی الاحادیث الموضوعة بلفظ من صلی فی آخر جمعة من رمضان خمس الصلوات المفروضة فی الیوم واللیلة قضت عنه ما اخل به من صلوات سنة، وقال هذا موضوع بلا شک ولم اجده فی شیئ من الکتب التی جمع مصنفوها فیها الاحادیث الموضوعة ولکن اشتهر عند جماعة من المتفقهة بمدینة صنعاء فی عصرنا هذا وصار کثیر منهم یفعلون ذلک ولا ادری من وضع لهم فقبح الله الکذا بین انتهیٰ وقال العلامة الدهلوی فی رسالة العجالة النافعة عند ذکر قرائن الوضع الخامس ان یکون مخالفاً لمقتضی العقل و تکذبه القواعد الشرعیة مثل القضاء العمری ونحو ذلک انتهیٰ.

(مجموعه سبع رسائل ص۵۳ الاثار المرفوعه فی الاخبار الموضوعة)

وقال الشاه عبد العزیز المحدث الدهلوی: الخامس ان یکون الحدیث مخالفا لمقتضی العقل والنقل وتکذبه القواعد الشرعیة مثل حدیث قضاءِ العمری ونحوه.

(العجالة النافعه ص ۳۰ بیان قرائن وضع الحدیث)

قضاءِ عمری کے دلائل بے اصل اور اصول احناف کے خلاف ہیں

سوال: ماقولكم ايها العلماء الكرام فى صلوٰة يصيلها الناس فى اخر جمعة من رمضان على صورة قضاء خمس صلوات جماعة باذان واقامة لكل واحد منها ويسمونها بالقضاء العمرى، فيبدء ون بصلوة الفجر ثم بالظهر وهكذا الى العشاء ثم فى آخرها يصلون الوتر بجماعة ويعتقدون بان القضاء على هذه الهيئة تكون جابرة لمافات منهم فى العمر او فى سبعين سنة من الصلوة ، وانها جبيرة لكل ما نقص منهم فى صلوة العمر . هل لهذه الصلواة اصل فى الشريعة ام هى بدعة مخترعة فى الدين؟ وهل يصح تمسكهم لجوازها بدلائل ذكروها فى الرسائل؟(۱) الاول ماروى ان النبى ﷺ قال من قضى خمس صلوٰة فى آخر جمعة من رمضان باذان واقامة كان جابرا لما فاته فى سبعين سنة،فان هذا الحديث قد نقله صاحب النهاية فيعلم منه انه ثابت فيصح الاستدلال به وان كان ضعيفا، فان الضعيف من الاحاديث يحتج به فى فضائل الاعمال على ما هو المصرح فى كتب الفن،(۲) والدليل الثانى انه لو سلم ان الحديث موضوع لكن يصح الاحتجاج به لما فيه من الترغيب الى الصلوٰة والعمل بالموضوع جائز فى الترغيب وكذا الوضع على ما يعلم من ظاهر قوله عليه السلام من كذب على الخ فانه كلمة على تشعر بالضرر فيعلم منه ان الممنوع هو الكذب الذى فيه ضرر على الدين فانه كذب عليه عليه السلام لا مافيه نفع للدين فانه كذب له لا كذب عليه. (۳)الدليل الثالث: ان كثيرا من الاحبار والرهبان الذين لهم زهد فى الدنيا ورغبة فى الاخرة والتقوىٰ والانابة الى الله قد فعلوها وواظبوا عليها فينبغى لنا ان

نتبعهم فيها لقوله تعالیٰ واتبع سبیل من اناب الخ(الاية) .(۴) الدليل الرابع: ان النبی ﷺ کان شغل عن اربع صلوات یوم الخندق فقضاهن مرتبة فی وقت العشاء وفی حدیث اخر صلوا کما رائتمونی اصلی رواہ احمد وکذا ما وقع له علیه السلام فی لیلة التعرلیس یدل علی جواز هن فان فیهاقد فاتت منه صلوة الفجر فقضاها بعد ما طلعت الشمس بالجماعة باذان واقامة کما رواہ مالک فی موطاہ مرسلاً. (۵)الدلیل الخامس: ان هذه الصلوة قد ذکرها الفقهاء فی معتبرات کتب الفقه کالبحر والخلاصة والظهیریة وقاضی خان والدرالمختار وحاشیة ردالمحتار وفی فتاویٰ نورالهدیٰ ایضاً فیعلم منه ان لها اصلا فی الشریعة وثبوتا فی المذهب لا سیما وقد ذکروا ان اباحنیفة قد فعلها وقضی صلوات عمره هل یصح التمسک بهذه الدلائل ام لا؟ بینوا توجروا

المستفتی: شمس الحق متعلم حقانیہ.....۱۴/ جنوری ۱۹۷۵ء

الجواب: (الف) لا اصل لهذه الصلوة بل هو مخالف عن الاصول المروية عن الاحناف مثل عدم التأذین عند القضاء فی المسجد کما فی البحر ﴿۱﴾ ولعدم صحة اقتداء المفترض بالمتنفل او المفترض لوقت آخر کما فی البحروغیره ﴿۲﴾. وعدم جواز الاقتداء فی النوافل علی سبیل التداعی فی غیر التراویح والوتر انه مکروه بالمواظبة ﴿۳﴾. (ب) لیس بهم دلیل بل هو امر مخترع.

﴿۱﴾قال العلامة ابن نجیم رحمه الله: فالاذان للفائتة فی المسجد اولی بالمنع.
(البحر الرائق ص۲۶۲ جلد۱ باب الاذان)

﴿۲﴾ قال العلامة ابن نجیم رحمه الله: ای وفسد اقتداء المفترض بامام متنفل او بامام یصلی فرضا غیر فرض المقتدی الخ . (البحر الرائق ص ۳۶۰ جلد ۱ باب الامامة)

﴿۳﴾ قال العلامة ابن نجیم رحمه الله: ولو صلوا الوتر ... (بقیه حاشیه اگلے صفحه پر)

(۲)ہ:اموضوع والموضوع لا یصح الاستدلال به لا فی الفضائل ولا فی غیره کما فی شرح النخبة وغیره ﴿۱﴾ والکذب والاختلاق حرام مطلقا لعموم المحرم، وقال رسول اللهﷺ من حدث عنی بحدیث یری انه کذب فهو احد الکاذبین(مسلم)﴿۲﴾ وفی روایة من قال عن مالم اقله الحدیث وهو لمام . (۳) لیس بدلیل مالم ینقل ولم یقرر. (۴) دال علی القضاء دون الصلوٰة المسماة بالقضاء العمری. (۵) جاز قضاء صلوٰة جمیع العمر احتیاطا فی روایة مرجوحة ولم یجز صلوٰة القضاء العمری البتة . والثابت عن العبارات الامر الاول دون الثانی وللتفصیل مقام آخر. وهوالموفق

(بقیه حاشیه) بجماعة فی غیر رمضان فهو صحیح مکروه کالتطوع فی غیر رمضان بجماعة وقیده فی الکافی بان یکون علی سبیل التداعی اما لو اقتدی واحد بواحد او اثنان بواحد لا یکره واذا اقتدی ثلاثة بواحد اختلفوا فیه وان اقتدی اربعة بواحد کره اتفاقا.

(البحر الرائق ص ۰ ۷ جلد۲ باب الوتر والنوافل)

﴿۱﴾ قال العلامة اللکهنوی : اعلم انه قد صرح الفقهاء والمحدثین باجمعهم فی کتبهم بانه تحرم روایة الموضوع وذکره ونقله والعمل بمفاده مع اعتقادثبوته الا مع التنبیه علی انه موضوع ویحرم التساهل فیه سواء کان فی الاحکام اوالقصص اوالترغیب والترهیب او غیر ذلک ویحرم التقلید فی ذکره و نقله الامقرونا ببیان وضعه بخلاف الحدیث الضعیف الخ..... قلت قد ثبت من هذه الروایات ان الوضع علی النبیﷺ ونسبة مالم یقله الیه حرام مطلقا ومستوجب لعذاب النار سواء کان ذلک فی الحلال اوالحرام او ترغیب او ترهیب او غیر ذلک فبطل ظن بعض الوضاعین الجهلة ان الکذب علیه ﷺ للترغیب والترهیب یجوز لانه کذب له لا علیه.

(مجوعه سبع رسائل للکهنوی ص ۹۰، تا ۹۸ الاثار المرفوعة فی الاخبار الموضوعة)

﴿۲﴾ (الصحیح المسلم ص ۶ جلد ۱ باب وجوب الروایة عن الثقات وترک الکذابین والتحذیر من الکذب علی رسول اللهﷺ)

بلاطہارت ادا کی گئی نمازوں کے بارے میں معزول امام کا اطلاع اور قضا کرنے کا حکم

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہماری مسجد سے ایک امام کو معزول کیا گیا، اس کی جگہ دوسرے شخص کو امام بنایا تو اس معزول امام نے کہا کہ میں نے آپ کو دو نمازیں بلا طہارت پڑھائی ہیں اور مجھے معلوم نہیں کہ کونسی نمازیں تھیں، اب مقتدی حضرات کیا کریں گے اور کونسی نمازوں کا ادا کریں گے کیونکہ کسی خاص وقت کی نمازوں کا یقین نہیں ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: متعلم جامعہ حقانیہ.....۱۴/۲/۱۹۸۷ء

الجواب: جاز ان لا یعتمد علی قول ھذا الفاسق نعم اذا کان متورعا فجاز الاعتماد کما فی الھندیه ص ۹۱ جلد ۱ فلیراجع ، فالورع ان یقضی صلوٰۃ یومین ﴿۱﴾ فافھم. وھو الموفق

﴿۱﴾ وفی الفتاویٰ الھندیه: لو قال صلیت بکم المدة علی غیر وضوء وھو ماجن لا یقبل قوله وان لم یکن کذلک واحتمل انه قال علی وجه التورع والاحتیاط اعادوا صلاتھم. (فتاویٰ عالمگیریه ص ۸۷ جلد ۱ الفصل الثالث فی بیان من یصلح اماما لغیرہ)

باب الاستسقاء

بارش کیلئے سورۃ یٰس پڑھ کر اذان دینے کا طریقہ مباح ہے مندوب نہیں

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ بارش کیلئے استسقاء کی جو نماز معروف ہے کیا اس کے علاوہ اور طریقے بھی ثابت ہیں؟ ہمارے ہاں باران رحمت کیلئے طریقہ ذیل اختیار کیا جاتا ہے، وہ یہ کہ عشاء کی نماز کے بعد امام مسجد یا اور کوئی آدمی سورۃ یٰس کو ابتداء سے اول مبین تک تلاوت کرتا ہے اس کے بعد ایک شخص امام کے قریب کھڑا ہو کر اذان دیتا ہے۔ اس کے بعد مسجد کی جنوب مغرب کی جانب اذان دی جاتی ہے۔ بعد اذان جنوب مشرق کونے میں اذان دی جاتی ہے، اسی طرح شمال مشرق اور بعد میں شمال مغربی کونے میں اذان دی جاتی ہے، اس کے بعد امام مسجد دوبارہ سورۃ یٰس ابتداء سے شروع کر کے دوسرے مبین تک پڑھتا ہے اور مذکورہ طریقے پر پانچ آدمی اذان دیتے ہیں۔ اسی طرح تیسرے مبین تک الغرض سورۃ یٰس کے آخری مبین تک یہ عمل اذانیں اور تلاوت ہوتی ہیں اس کے بعد دعا کی جاتی ہے۔ دریافت طلب امر یہ ہے۔ کہ کیا طریقہ مذکورہ شرعاً درست اور جائز ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: مولوی اورنگزیب کریلیاں ہری پور ایبٹ آباد......۱۹۸۴/۲/۷ء

الجواب: اگر اس عمل کو عملیات کے ارادہ سے کرے تو نہ مطلوب ہے اور نہ ممنوع ہے۔ ﴿۱﴾ اور اگر مندوبات سے ہونے کی نیت سے کرے تو یہ بدعت ہے ﴿۲﴾ بہر حال وسائل مشروعہ کے باوجود

﴿۱﴾ یدل علیه حدیث مسلم: عن عوف مالک الا شجعی قال لنا نرقی فی الجاهلیة فقلنا یا رسول الله کیف تری فی ذلک فقال اعرضوا علی رقا کم لاباس بالرقیٰ مالم یکن فیه شرک. (الصحیح المسلم ص ۲۲۴ جلد ۲ باب جواز اخذ الاجرة علی الرقیة)

﴿۲﴾ قال العلامه ابن نجیم: ولان ذکر الله تعالیٰ اذا ...... (بقیه حاشیه اگلے صفحه پر)

دوسرے خودساختہ وسائل کوزیرکار لانا مسلمانوں کیلئے شایان شان نہیں۔وهو الموفق

صلاۃ استسقاء باجماعت کرنا صاحبین کے نزدیک سنت مؤکدہ ہے

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ مشکواۃ باب الاستسقاء میں عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے قال خرج رسول الله ﷺ بالناس الی المصلی یستقی فصلی بهم رکعتین جهر فیهمابالقراءة واستقبل القبلة یدعوا ورفع یدیه وحول رداءه حین استقبل القبلة متفق علیه . اب سوال یہ ہے کہ نماز استسقاء باجماعت ادا کی جاتی ہے یا انفراداً۔لہٰذا فقہ حنفی کی رو سے استسقاء کا کیاحکم ہے؟بینوا توجروا

المستفتی: عبدالستار تخت بھائی ضلع مردان ... ذیقعدہ ۱۴۰۲ھ

الجواب: امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک نماز باجماعت پڑھنا سنت مؤکدہ نہیں ہے کمااشار الیه صاحب الهدایه بقوله فعله مرة وترکه اخریٰ .وصرح به ابن الهمام وغیره﴿۱﴾اورصاحبین کے نزدیک سنت مؤکدہ ہے۔وهو مختار الطحاوی وقال الشیخ عبدالحق الدهلوی وعلیه الفتویٰ﴿۲﴾وهو الموفق.

(بقیه حاشیه)قصد به التخصیص بوقت دون وقت اوبشی دون شئی لم یکن مشروعا حیث لم یرد الشرع به لانه خلاف المشروع.(البحرالرائق ص ۱۵۹ جلد ۱ باب العیدین)

﴿۱﴾قال العلامه مرغینانی: وقال یصلی الامام رکعتین لما روی ان النبی ﷺ صلی فیه رکعتین کصلاة العید رواه ابن عباس قلنا فعله مرة وترکه اخریٰ فلم یکن سنة .قال ابن الهمام :قوله ورسول الله ﷺ استسقیٰ ولم تروعنه الصلاة یعنی فی ذلک الاستسقاء فلایرد انه غیر صحیح کما قال الامام الزیلعی المخرج ولو تعدیٰ بصره الی قدر سطرحتی رأی قوله فی جوابهما قلنا فعله مرة وترکه اخریٰ فلم یکن سنةلم یحمله علی النفی مطلقا وانمایکون سنة ما واظب علیه الخ(هدایه فتح القدیر ص۵۹ جلد ۲ باب الاستسقاء)

﴿۲﴾وفی المنهاج: اعلم ان الصلوة فیه سنة مؤکدة (بقیه حاشیه اگلے صفحه پر)

صلوٰۃ استسقاء میں مفتیٰ بہ قول صاحبین کا ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ استسقاء کی نماز میں جماعت کے بارے میں امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ اور صاحبین کے درمیان اختلاف ہے اس میں مفتیٰ بہ قول کونسا ہے؟ کتب معتمدہ کے حوالہ سے مفتیٰ بہ قول کی نشاندہی فرمائیے؟ بینوا توجروا

المستفتی: مولوی احمد صاحب بشام سوات......۱۹۷۷ء/۱۰/۱۹

الجواب: امام طحاوی رحمہ اللہ نے شرح معانی الاثار میں صاحبین کے مذھب کو مختار کیا ہے اور شیخ عبدالحق محدث دہلوی فرماتے ہیں، علی قولهما الفتوىٰ عندالحنفية كما في حاشية المشكواة باب الا ستسقاء. ﴿۱﴾ وفي ردالمحتار ص ۱ ۹۷ جلد ۱ واختار القدوری قول محمد لا نه عليه السلام فعل ذلک نهر وعليه الفتوى كما في شرح دررالبحار. ﴿۲﴾ فافهم. وهو الموفق

(بقيه حاشيه) عند مالک والشافعي واحمد وابی یوسف و محمد فيصلی الامام ركعتين بجماعة يجهر فيهما بالقراءة واختاره الطحاوی وقال الشيخ الد هلوی وعليه الفتوىٰ والوجه فيه ان النبیﷺ عند الخروج له لم يرجع بغير صلاة الجماعة .وقال ابو حنيفة الصلوٰة فيه ليست بمسنونة كما في مختصر القدوری و مراده انها ليست بسنة مو كدة بدليل تعليل الهداية حيث قال فعله مرة وتركه اخرىٰ فلم يكن سنة.

(منهاج السنن شرح جامع السنن ص ۸۸ جلد ۳ باب ماجاء في صلوٰة الاستسقاء)

﴿۱﴾ قال العلامه الشيخ زينة المحدثين مولانا نصير الدين الغورغشتوى: ونحن لا نمنعه ولكن نقول اذا اجتمع الناس للاستسقاء وخرجوا الى المصلى فلا ينبغي لهم الرجوع بغير صلاة الجماعة...... ولهذا اختار الطحاوی قول الصاحبن وقال الشيخ الدهلوی على قولهما الفتوىٰ عند الحنفية.

(هامش غورغشتوى على مشكواة المصابيح ص ۱۳۴ جلد ۱ باب الاستسقاء)

﴿۲﴾ (ردالمختار هامش الدرالمختار ص ۶۲۴ جلد ۱ قبيل هل يستجاب دعاء الكافر باب الاستسقاء)

مسنون طریقہ استسقاء کی موجودگی میں مشتبہ طریق سے اجتناب کرنا چاہیئے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہمارے علاقے کے لوگوں میں استسقاء کیلئے یہ اصول ہے کہ سب لوگ جمع ہو جاتے ہیں اور ذکر شروع کرتے ہیں، اسی طرح ایک مولوی صاحب وعظ بھی کرتا ہے، اور پھر یہ لوگ اجتماعی طور پر ایک گاؤں سے دوسرے گاؤں جاتے ہیں اور اعلان کرتے ہیں کہ دوسرے گاؤں کے لوگ بھی ہمارے ساتھ استسقاء کریں، اسی دوران کوئی غیبت اور عبث مجلس نہیں ہوتی صرف اللہ تعالیٰ کا ذکر کیا جاتا ہے، اب بعض علماء فرماتے ہیں کہ یہ بدعت ہے، اور بعض فرماتے ہیں کہ اسکی بدعت ہونا اس وجہ سے ہے کہ لوگوں کے کھانے کا انتظام گاؤں والے کرتے ہیں اور بارش مانگنے والے کھانا نہیں مانگتے، اس کی شرعی حیثیت واضح فرمادیں۔ بینوا توجروا

المستفتی: ولی محمد خان زی کلے بلوچستان......۱۳۹۳ھ/۶/۱۶

الجواب: جب علماء کی رہنمائی میں مسنون طور سے استسقاء کرنا ممکن ہے ﴿۱﴾ تو اس مشتبہ امر میں پڑنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ نعم لا یقال انها بدعة مالم یدخلوها فی الدین لان البدعة الا حداث فی الدین :قال رسول الله ﷺ من احدث فی امرنا هذا مالیس منه فهو رد اوکما قال علیه الصلاة والسلام ﴿۲﴾ .وهو الموفق

استسقاء میں دو رکعت باجماعت پڑھنے کا قول مفتیٰ بہ قول ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ صلاۃ استسقاء کے بارے میں

﴿۱﴾ قال الحصکفی: ویستحب للامام ان یا مرهم بصیام ثلاثة ایام قبل الخروج وبالتوبة ثم یخرج بهم فی الرابع مشاة فی ثیاب غسیلة او مرقعة متذللین متواضعین خاشعین لله ناکسین رؤسهم ویقدمون الصدقة فی کل یوم قبل خروجهم ویجددون التوبة ویستغفرون للمسلمین ویستسقون بالضعفة. والشیوخ والعجائز والصبیان ویبعدون الا طفال عن امهاتهم الخ (ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۲۲۴ جلد ۱ باب الا ستسقاء)

﴿۲﴾ (مشکواۃ المصابیح ص ۲۷ جلد ۱ باب الاعتصام بالکتاب والسنة)

بعض لوگ کہتے ہیں کہ چار رکعت ہونی چاہئے دو رکعت پہلے انفرادا اور دو رکعت بعد میں با جماعت کیونکہ اسی میں احتیاط ہے۔اور بعض کہتے ہیں کہ صرف دو رکعت با جماعت ادا کرنا چاہئے ۔اس میں کونسا قول صحیح ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم ...

الجواب: چونکہ مفتیٰ بہ صاحبین کا مذہب ہے۔لہٰذا صرف دو رکعت با جماعت پڑھنا چاہئے ۔(فی الدر المختار مع ردالمحتار ص ۷۹۱ جلد ۱)وقالا تفعل کا لعید ای بان یصلی بهم رکعتین بجماعة یجهر فیهما بالقراءة بلا اذان ولا اقامة ثم یخطب الخ﴿۱﴾وقال مولانا (نصیر الدین الغرغشتوی)فی حاشیة المشکواة ولکن نقول اذا اجتمع الناس للاستسقاء وخرجوا الی المصلی فلا ینبغی لهم الرجوع بغیر صلاة الجماعة ولهذا اختار الطحاوی قول صاحبین وقال الشیخ الدهلوی علی قولهما الفتویٰ عند الحنیفة﴿۲﴾.وهو الموفق.

﴿۱﴾(الدر المختار مع ردالمحتار ص ۶۲۴ جلد ۱ :مطلب هل یستجاب دعاء الکافر باب الاستسقاء)

﴿۲﴾وفی منهاج السنن : اعلم ان الصلوة فیه سنة موکدة عند مالک والشافعی واحمد وابی یوسف ومحمد فیصلی الامام رکعتین بجماعة یجهر فیهما بالقراءة واختاره الطحاوی وقال الشیخ الدهلوی وعلیه الفتویٰ والوجه فیه ان النبیﷺ عند الخروج له لم یرجع بغیر صلوٰة الجماعة .وقال ابو حنیفة الصلوة فیه لیست بمسنونة کما فی مختصر القدوری.ومراده انها لیست بسنة مؤکدة بد لیل تعلیل الهدایة حیث قال فعله مرة وترکه اخریٰ فلم یکن سنة .وصرح المحقق ابن امیر الحاج فی الحلیة وغیره ان ابا حنیفة قائل بالجواز .وبالجملة ان الاستسقاء عند ابی حنیفة هو الدعاء والاستغفار لقوله تعالیٰ فقلت استغفروا ربکم انه کان غفاراً یرسل السماء علیکم مدراراً .حیث علق نزول المطر بالاستغفار دون الصلوٰة .فکان الاصل فیه الدعاء والاستغفار دون الصلوٰة وللناس ان یصلوا جماعة اووحدانا ویقتصروا علی الدعاء من غیر صلاة.ویؤیده مارواه سعید بن منصور فی سننه ان عمر خرج یوما یستسقی فلم یزد علی الاستغفار فقالوا مارءیناک ... (بقیه حاشیه اگلے صفحه پر)

استسقاء میں باجماعت نماز ادا کرنا بدعت نہیں مشروع ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ استسقاء میں نماز باجماعت ثابت ہے یا نہیں؟ نیز ائمہ دین نماز (استسقاء) باجماعت کے متعلق کیا رائے رکھتے ہیں۔ یہاں ایک مولوی صاحب اس باجماعت استسقاء کو بدعت اور کرنے والے کو بدعتی کہتے ہیں تفصیل فرما کر مشکور فرماویں۔ واجرکم علی اللہ

المستفتی: نامعلوم

الجواب: مفتی بہ قول یہ ہے کہ نماز باجماعت پڑھی جائیگی ﴿۱﴾ اور بعد میں خطبہ اور خطبہ کے ضمن میں تحویل رداء کی جائے گی، قال مولانا فی حاشیۃ المشکواۃ وللصاحبین ومن وافقهما ان یقولوا ثبت فی هذه الاحادیث الدعاء عن رسول ﷺ ونحن لانمنعه ولکن نقول اذا اجتمع الناس للاستسقاء وخرجوا الی المصلی فلا ینبغی لهم الرجوع بغیر صلوٰة الجماعة فانه لم یثبت عن النبی ﷺ فی الصورة الرجوع بغیر صلوٰة الجماعة لهذا اختار الطحاوی قول الصاحبین وقال الشیخ الدهلوی علی قولهما الفتوی عند الحنیفة ﴿۲﴾ وهو الموفق

(بقیہ حاشیہ) استسقیت فقال طلبت الغیث بمجادیح السماء اللذی یستنزل به المطر والمجادیح الانواء کما فی القاموس (وکذا یؤیده ما رواه ابن ابی شیبة عنه الاکتفاء بالاستغفار وقد احتج البدر العینی بنحو ستة عشر حدیثا بالمذهب ابی حنیفة فی عدم سنیة الصلوٰة فیه.

(منهاج السنن شرح جامع السنن للترمذی ص ۸۸ جلد ۳ باب ما جاء فی صلوٰة الاستسقاء)

﴿۱﴾ قال العلامه ابن عابدین رحمه الله (وقال محمد یصلی الامام او نائبه رکعتین کما فی الجمعة ثم یخطب ای یسن له ذلک والاصح ان ابا یوسف مع محمد فیه.

(رد المحتار هامش الدر المختار ص ۲۲۳ جلد ۱ باب الاستسقاء)

﴿۲﴾ (حاشیه عون عسیه علی مشکواة المصابیح ص ۱۳۲ جلد ۱ باب الاستسقاء)

استسقاء کیلئے ایک عمل

سوال : کیافرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ مارتو نگ مولانا صاحب طلب باران وبارش کیلئے یہ وظیفہ فرماتے ہیں کہ نماز کے بعد برہنہ سر یہ پڑھتے تھے۔"وهو الذی ينزل الغيث من بعد ماقنطوا و ينشر رحمته،وهو الولی الحميد "۔اور پیچھے لوگ آمین کہتے تھے جہر سے تو میں نے بھی مولانا صاحب کے ارشادات کے مطابق یہ وظیفہ کیا،طلب باران کیلئے ،تو ایک آدمی نے کہا کہ برہنہ سر یہ وظیفہ مسجد میں ممنوع اور تکبر ہے کیا واقعی یہ وظیفہ ممنوع اور تکبر ہے؟بینوا توجرو

المستفتی:عبدالحکیم شاہ امام مسجد معیار مردان.....۱۹۷۴/۷/۱۶

الجواب: اگر یہ وظیفہ بطور عمل کیا جائے تو بشرط عدم ایذاء درست ہے﴿۱﴾ولعل هذا هو مراد الشيخ الجامع .والشرط فی جواز العمليات هو عدم التصادم بالسنة لا ثبوتها بخصوصها بالسنة والدليل عليه ما فی حديث عوف بن مالک مرفوعا اعرضوا علی رقاكم لابأس بالرقیٰ ما لم يكن فيه شرک (رواه مسلم بحواله مشكواة ص ۳۸۸ جلد ۱ کتاب الطب والرقیٰ)﴿۲﴾.وهو الموفق

نماز استسقاء کیلئے تین دن سے زیادہ نکلنا ثابت نہیں

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ نماز استسقاء کیلئے لوگ تین دن تک نکلتے ہیں اور کہتے ہیں کہ تین دن سے زیادہ نکلنا جائز نہیں،کیا یہ درست ہے؟بینوا توجروا

المستفتی:نامعلوم......

﴿۱﴾قال العلامه ابن عابدين: وفی حاشية الحموی عن الامام الشعرانی اجمع العلماء سلفاً وخلفا علی استحباب ذكر الجماعة فی المساجد وغيره الا ان يشوش جهرهم علی نائم او مصل او قارئ الخ (ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۴۸۸ جلد ۱ مطلب رفع الصوت بالذكر)

﴿۲﴾(مشكواة المصابيح ص ۳۸۸ جلد ۱ : كتاب الطب والرقی :الفصل الاول)

الجواب: تین دن تک نکلنا فقہاء سے منقول ہے زیادہ نہیں ﴿۱﴾۔ وھو الموفق

نماز استسقاء میں چادر الٹا کرنے کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ نماز استسقاء میں قلب رداء کا کیا حکم ہے؟ اور اس کا صحیح طریقہ کیا ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: سید عمر خان ہنگو

الجواب: استسقاء میں قلب رداء صرف امام کیلئے مستحب ہے، نماز کے بعد قلب رداء اس طریقہ پر کرے کہ چادر کا اوپر والا حصہ نیچے آجائے اور نیچے والا حصہ اوپر کی طرف جبکہ یمین شمال کی طرف اور شمال یمین کی طرف ہوجائے، کما فی ردالمحتار باب الاستسقاء ﴿۲﴾. وھو الموفق

نماز استسقاء میں ہاتھ الٹے کرکے دعا مانگنے کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہمارے گاؤں میں ہمارے امام صاحب نے استسقاء کی دعا مانگنے کے دوران ہاتھ الٹے کرکے دعا مانگی، کیا یہ جائز ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم......

﴿۱﴾ قال الحصكفي: ويخرجون ثلاثة ايام لانه لم ينقل اكثر منها متتابعات.
(الدرالمختار على هامش ردالمحتار ص ۶۲۴ جلد ۱ باب الاستسقاء)

﴿۲﴾ قال العلامه ابن عابدين: (قوله خلافا لمحمد) فانه يقول يقلب الامام رداء ه اذا مضى صدر من خطبته فان كان مربعا جعل اعلاه اسفله واسفله اعلاه وان كان مدوراً جعل الايمن على الايسر والايسر على الايمن وان كان قباء جعل البطانة خارجا والظهارة داخلا حليه وعن ابى يوسف روايتان واختار القدوري قول محمد لانه عليه الصلاة والسلام فعل ذلك نهر وعليه الفتوىٰ كما فى شرح دررالبخار قال فى النهر واماالقوم فلا يقلبون اردیتهم عند كافة العلماء خلافا لمالك. (ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۶۲۴ جلد ۱ باب الاستسقاء)

الجواب: یہ بھی جائز ہے،رواہ ابو داؤد ﴿۱﴾. وهو الموفق

نماز استسقاء کیلئے صحرا کی طرف نکلنا بہتر ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ نماز استسقاء کس جگہ پڑھنی چاہئے؟ کیا صحرا کی طرف نکلنا ضروری ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: سلطان علی خان بنوں

الجواب: صحرا کی طرف نکلنا بہتر ہے (شامی) ﴿۲﴾. وهو الموفق

﴿۱﴾ عن انس ان النبی ﷺ کان یستسقی هکذا یعنی ومد یدیه وجعل بطونهما مما یلی الارض حتی رایت بیاض ابطیه. (سنن ابی داؤد ص ۱۷۲ جلد ۱ باب رفع الیدین فی الاستسقاء)

﴿۲﴾ قال العلامه ابن عابدین: (قوله ویخرجون) ای الی الصحراء، کما فی الینا بیع اسمعیل وهذا فی غیر اهل المساجد الثلاثة.

(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۲۲۴ جلد ۱ باب الاستسقاء)

باب سجود السهو

پہلی رکعت کے بعد امام قعدہ پر بیٹھ کر فتح لے کر اٹھ جائے سجدہ سہو کا کیا حکم ہے؟

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ دو یا چار رکعت فرض نماز میں امام پہلی رکعت کے دوسرے سجدہ کے بعد قعدہ پر بیٹھ گیا جبکہ مقتدی سب کھڑے ہو گئے، اور مکبر کے فتحہ پر امام قعدہ سے قیام پر گیا، اب امام سجدہ سہو کرے گا یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: نامنہ حزب الرحیم ... ۱۹۷۷ء ۹/۹ء

الجواب: اگر یہ قعدہ (پہلی رکعت کے بعد) طویل ہو جائے استراحت کی مقدار سے متجاوز ہو تو سجدہ سہو لازم ہے ورنہ لازم نہ ہوگا، کما فی ردالمحتار ص ۳۱۵ جلد ۱ وکذا القعدة فی آخر الرکعة الاولیٰ او الثالثة فیجب ترکها ویلزم من فعلها ایضا تاخیر القیام الی الثانیه او الرابعة عن محله وهذا اذا کانت القعدة طویلة اما الجلسة الخفیفة التی استحبها الشافعی فترکها غیر واجب عندنا بل هو الافضل ﴿۱﴾ فافهم وهو الموفق

مسبوق کیلئے نماز مغرب کے بقیہ دو رکعت کے درمیان قعدہ نہ کرنے سے سجدہ سہو ضروری ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک شخص مغرب کی نماز میں اس وقت شامل ہوا جبکہ امام دو رکعت کر چکے تھے یہ شخص بنابر مذہب صاحبین اپنی بقیہ نماز اس طرح پورا کرے گا، کہ سلام کے بعد مسبوق ایک رکعت پڑھ کر قعدہ کرے گا اور تشہد کے بعد اپنی بقیہ رکعت کیلئے اٹھے گا جبکہ امام اعظم رحمہ اللہ کے مذہب پر بقیہ دونوں رکعتوں کے درمیان قعدہ نہیں کرے گا، اب دریافت طلب مسئلہ

﴿۱﴾ (ردالمحتار ص ۳۴۷ جلد ۱ باب صفة الصلاة قبیل مطلب مهم فی تحقیق متابعة الامام)

یہ ہے کہ اگر کوئی شخص ہمیشہ کیلئے صاحبین کے مذہب پر عمل کرتا ہو مگر کسی وقت وہ پہلی رکعت پر سہواً کھڑا ہو جائے یعنی قعدہ بھول جائے اس صورت میں سجدہ سہو کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: صاحبزادہ محمد صالح ڈوڈھیر صوابی ۱۹۸۴ء/۲/۱۵

الجواب: چونکہ علامہ شامی وغیرہ نے امام محمد رحمہ اللہ کے قول کو صحیح قرار دیا ہے کمافی ردالمحتار ص ۴۱۹ جلد ۱ ﴿۱﴾ اعتماد قول محمد پر ہے، پس سجدہ سہو کرنا صورت مذکورہ میں ضروری ہوگا۔ وھو الموفق

پانچویں رکعت سے تشہد کیلئے واپس ہو کر سجدہ سہو نہ کرے تو نماز واجب الاعادہ ہے

سوال: کیافرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ آخری تشہد کے بجائے اگر امام پانچویں رکعت کیلئے کھڑا ہو جائے تب مقتدی لقمہ دے اور امام فوراً تشہد کیلئے واپس ہو جائے اور سجدہ سہو بھی بھول جائے اس صورت میں نماز ہوگی یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالرؤف شین باغ خورد اٹک......۱۹۹۰ء/۹/۵

الجواب: یہ نماز واجب الاعادہ ہے صورت مسئولہ میں سجدہ سہو لازم ہوتا ہے (ردالمحتار وغیرہ) ﴿۲﴾۔ وھو الموفق

﴿۱﴾ قال العلامة الحصكفي رحمه الله: والمسبوق من سبقه الامام بها او ببعضها وهو منفرد ...... ويقضي اول صلاته في حق قرأة وآخرها في حق تشهد فمدرك ركعة من غير فجر ياتي بركعتين بفاتحة وسورة وتشهد بينهما وبرابعة الرباعي بفاتحة فقط ولا يقعد قبلها . قال الشامي(تحت قوله ويقضي اول صلاته في حق قرأة) وفي الفيض عن المستصفى لو ادركه في ركعة الرباعي يقضي ركعتين بفاتحة وسورة ثم يتشهد ثم ياتي بالثلاثة بفاتحة خاصة عند ابي حنيفة وقال ركعة بفاتحة وسورة وتشهد ثم ركعتين اولاهما بفاتحة وسورة وثانيتهما بفاتحة خاصة وظاهر كلامهم اعتماد قول محمد .
(فتاویٰ شامیه ص ۴۴۱ جلد ۱ باب الامامة مطلب في المسبوق والمدرك واللاحق)

﴿۲﴾ قال العلامة الحصكفي رحمه الله: وتعاد وجوبا...... (بقیه حاشیه اگلے صفحه پر)

نماز میں بلا وجہ قصداً سجدہ سہو کرنے سے نماز میں نقصان نہیں آتا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر ایک شخص بلا ضرورت یعنی بلا سہو ونسیان قصداً عمداً سجدہ سہو کرے کیا نماز درست ہو جائے گی یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: حاجی محمد قاسم عزیز بھٹی روڈ نوشہرہ صدر......۱۹۹۰ء/۱/۱۷

الجواب: یہ شخص سلام پھیرنے سے نماز سے خارج ہو جائیں گے اور اس کی نماز تمام ہو جائے گی بے جا سجدہ سہو کرنے سے اس کی نماز کو نقصان نہیں پہنچتا۔ وھو الموفق

سجدہ سہو بھول کر اعادہ نماز واجب اور نماز کے دونوں سجدے فرض ہیں

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین مسائل ذیل کے بارے میں کہ (۱) ایک نمازی پر سجدہ سہو واجب ہوا تھا، لیکن سجدہ سہو بھول کر سلام پھیرا مسجد سے باہر نکل کر بات چیت کی، اچانک یاد آیا کہ سجدہ سہو ترک کر دیا ہے اب اعادہ نماز واجب ہے یا نہیں؟ (۲) نماز میں ایک سجدہ فرض ہے یا دونوں فرض ہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: قاضی جبرائیل غورزئی پایاں کوہاٹ......۲۴/شعبان ۱۴۰۹ھ

الجواب: (۱) اس شخص پر اعادہ واجب ہے فرض نہیں ہے لانہ ترک الواجب وھی سجدہ السھو کما فی ردالمحتار ص ۳۰۹ جلد ۱ باب السھو، وھل تجب الاعادہ بترک سجود السھو لعذر کما لو نسیہ والذی یظھر الوجوب کما ھو مقتضی اطلاق الشارح لان

(بقیہ حاشیہ) فی العمد والسھو ان لم یسجد لہ وان لم یعد ھا یکون فاسقا آثما وکذا کل صلاۃ ادیت مع کراھۃ التحریم تجب اعادتھا.

(الدرالمختار علی ھامش ردالمحتار ص ۳۳۷،۳۳۶ جلد ۱ کل صلاۃ ادیت مع کراھۃ التحریم تجب اعادتھا باب صفۃ الصلاۃ)

النقصان لم ينجبر بجابر وان لم يأثم بتركه فليتامل ﴿۱﴾. (۲) تمام معتبرات فقہ میں مسطور ہے کہ دونوں سجدے فرض ہیں ﴿۲﴾ فليراجع . وهو الموفق

نفل نماز میں سجدہ سہو، آخری قعدہ سے اٹھنے نابالغ نمازی کے آگے گزرنے وغیرہ کے مسائل

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین مسائل ذیل کے بارے میں کہ (۱) نفل نماز کے اندر سجدہ سہو لازم ہوتا ہے یا نہیں؟ (۲) نماز کے سنن میں ایسے الفاظ پڑھے جائیں جن سے معنی میں تغیر فاحش واقع ہو تو نماز فاسد ہوجاتی ہے یا نہیں؟ (۳) آخری قعدہ میں تشہد پڑھنے کے بعد بھول کر کھڑا ہو جائے اور رکوع کرنے سے پہلے یاد ہوجائے تو دوبارہ قعدہ میں تشہد پڑھے گا یا نہیں؟ (۴) نابالغ نمازی کے آگے گزرنا جائز ہے یا نہیں؟ بينوا توجروا

المستفتی: امان اللہ بڈھ بیر پشاور ۱۹۸۹ء/۳/۳۰

الجواب: (۱) سہو اور سجدہ سہو کا حکم فرض اور نفل نماز میں یکساں ہے ﴿۳﴾۔ (۲) ان کلمات سے نماز میں فساد نہیں ہوتا ہے ﴿۴﴾۔ (۳) درود شریف سے شروع کرے گا ﴿۵﴾۔

---

(۱) ردالمحتار ص ۴۳۳ جلد ۱ باب صفة الصلاة مطلب واجبات الصلاة)

(۲) وقال في الهندية: (ومنها السجود) السجود الثاني فرض كالاول باجماع الامة (فتاوى هنديه ص ۷۰ جلد ۱ الباب الرابع في صفة الصلاة)

(۳) قال العلامة الحصكفي رحمه الله: والسهو في صلاة العيد والجمعة والمكتوبة والتطوع سواء. (الدر المختار على هامش ردالمحتار ص ۶۵۵ جلد ۱ باب سجود السهو)

(۴) قال العلامة ابن عابدين رحمه الله: السنة في تسبيح الركوع سبحان ربي العظيم الا ان كان لا يحسن الظاء فيبدل به الكريم لئلا يجري على لسانه العزيم فتفسد به الصلاة كذا في شرح درر البحار فليحفظ (ردالمحتار ص ۳۶۵ جلد ۱ مطلب في اطالة الركوع للجائي باب صفة الصلاة)

(۵) قال العلامة ابن عابدين رحمه الله: (قوله عاد وسلم) اى عاد للجلوس لما مر ان ما دون الركعة محل للرفض وفيه اشارة الى انه لا يعيد التشهد وبه صرح في البحر.

(ردالمحتار هامش الدر المختار ص ۵۵۳ جلد ۱ باب سجود السهو)

(۴) ممنوع ہے﴿۱﴾۔ وھو الموفق

سجدہ چھوٹ کر رکوع میں یاد آ جائے کیا کرے؟

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر نمازی سے ایک سجدہ چھوٹ جائے اور رکوع میں پہنچ کر یاد آیا تو کیا وہ رکوع کر کے قومہ کرے پھر تین سجدے کرے اور آخر میں سجدہ سہو کرے یا اس کے ادا کرنے کا کیا طریقہ ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: کرام الحق ای/۲۳۶ راولپنڈی ۔۔۔۱۹۷۲ء/۱/۱۳

الجواب: اگر رکوع میں یاد ہوتے ہی سجدہ کو رکوع سے چلا جائے تب بھی کوئی حرج نہیں ہے (فی القول الاصح) (ردالمحتار ص ۴۳۱ جلد ۱) ﴿۲﴾۔ وھو الموفق

سجدہ سہو کرنیوالے امام کے پہلے سلام کے ساتھ مسبوق کا کھڑا ہونا ترک واجب ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ مسبوق امام کے پہلے سلام شروع کرتے ہی کھڑا ہو جائے (خواہ امام کے سجدہ سہو کرنے پر لوٹ آوے اور اس پر سجدہ سہو لازم نہ ہو تو نہ لوٹے، تو اس کا پہلا سلام پھرتے ہی بقیہ نماز کیلئے) کھڑا ہو جانا خلاف سنت ہے یا خلاف واجب؟ بینوا توجروا

المستفتی: اکرام الحق محلہ قطب الدین راولپنڈی ۱۹۷۲ء/۱/۱۳

﴿۱﴾ قال العلامة الحصكفي رحمه الله: وان اثم المار لحديث البزار لو يعلم المار ماذا عليه من الوزر لو قف اربعين خريفا في ذلك المرور. (الدرالمختار على هامش ردالمحتار ص ۴۰۳ جلد ۱ لا تفسد باب مايفسد الصلاة وما يكره فيها)

﴿۲﴾ قال العلامه ابن عابدين رحمه الله: لو ترك سجدة من ركعة ثم تذكرها فيما بعدها من قيام او ركوع او سجود فانه يقضيها ولا يقضي مافعله قبل قضائها مما هو بعد ركعتها من قيام او ركوع او سجود بل يلزمه سجود السهو فقط.
(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۴۳۱ جلد ۱ باب صفة الصلاة)

الجواب: ترک واجب میں مبتلا ہوا ہے (ردالمحتار ص ۵۵۹ جلد ۱) ﴿۱﴾ جبکہ بلا ضرورت ہو۔ وھو الموفق

عیدین کی نماز میں کثرت جماعت کی وجہ سے سجدہ سہو نہ کرنے کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ نماز عیدین میں تکبیرات زوائد جو کہ واجب ہیں دوسری رکعت میں تکبیرات عیدین کہے بغیر رکوع کو چلا جائے تو اس صورت میں سجدہ سہو واجب ہوا ہے یا نہیں؟ اور اگر سجدہ سہو نہ کرے تو نماز فاسد ہوگئی یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: قاری محمد افضل فاروقی واہ کینٹ......۱۲/ اگست ۱۹۸۴ء

الجواب: اس امام پر سجدہ سہو واجب تھا لیکن نماز عید ہونے کی وجہ سے ساقط ہے (شامی) ﴿۲﴾۔ وھو الموفق

سجدہ سہو میں ایک طرف سلام پھیرے یا دونوں طرف؟

سوال: کیا فرماتے ہیں مفتیان شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر کوئی شخص سجدہ سہو کیلئے دونوں طرف سلام پھیر دے تو کیا نماز درست ہوگی؟ جبکہ مفتی اعظم ہند مفتی کفایت اللہ صاحب عدم جواز اور حضرت تھانوی رحمہ اللہ جواز کے قائل ہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد اسماعیل شریک موقوف علیہ دارالعلوم حقانیہ......۴/شوال ۱۴۰۵ھ

﴿۱﴾ قال العلامة ابن عابدين رحمه الله: (قوله و كره تحريما) اى قيامه بعد قعود امامه قدر التشهد لو جوب متابعته في السلام. (ردالمحتار ص ۴۴۲ جلد ۱ مطلب فيما لو اتى بالركوع او السجود او بهما مع الامام او قبله او بعده باب الامامة)

﴿۲﴾ قال العلامه حصكفي : والسهو في صلوٰة العيد والجمعة والمكتوبة والتطوع سواء والمختار عند المتأخرين عدمه في الاولیين لدفع الفتنة كمافي جمعة البحر واقرة المصنف وبه جزم في الدرر، قال ابن عابدين شامي: الظاهر ان الجمع الكثير فيما سواهما كذلك كما بحثه بعضهم وكذا بحثه الرحمتي الخ. (الدرالمختار مع ردالمحتار ص ۵۵۲ جلد ۱ باب سجود السهو)

الجواب: صاحب ہدایہ نے دونوں طرف سلام پھیرنا مختار کیا ہے لیکن جمہور نے صرف ایک سلام پھیرنا مختار کیا ہے کمافی ردالمحتار ص۵۱۸ جلد ۱ فلیراجع ﴿۱﴾.

نوٹ:......اس حکم میں مقتدی ومنفرد وغیرہ کا فرق منقول نہیں ہے۔ وھو الموفق

وتر میں فاتحہ کے بعد قنوت کیلئے رفع یدین کر کے ضم سورۃ یاد ہو کر سورۃ پڑھ لے تو سجدہ سہو واجب نہیں

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ وتر پڑھنے والا اگر تیسری رکعت میں سورۃ فاتحہ پڑھ لے اور پھر رفع یدین کرتے ہوئے تکبیر شروع کرے پھر ضم سورۃ یاد آ جائے اور سورۃ پڑھ لے، پھر رفع یدین کر کے قنوت شروع کرے، تو اس صورت میں سجدہ سہو واجب ہوگا یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: ننگ اسلاف اصلاح الدین ڈی آئی خان......یکم ربیع الاول ۱۴۰۲ھ

﴿۱﴾ قال العلامة ابن عابدين رحمه الله: (قوله واحد) هذا قول الجمهور منهم شيخ الاسلام وفخر الاسلام وقال في الكافي انه الصواب وعليه الجمهور واليه اشار في الاصل الا ان مختار فخر الاسلام كونه تلقاء وجهه من غير انحراف وقيل يأتي بالتسليمتين وهو اختيار شمس الائمة وصدر الاسلام اخي فخر الاسلام وصححه في الهداية والظهيرية والمفيد والينا بيع كذا في شرح المنية قال في البحر وعزاه اى الثاني وفي البدائع الى عامتهم فقد تعارض النقل عن الجمهور (قوله عن يمينه) احتراز عما اختاره فخر الاسلام من اصحاب القول الاول كما علمته وفي الحلية اختار الكرخي وفخر الاسلام وشيخ الاسلام وصاحب الايضاح ان يسلم تسليمة واحدة ونص في المحيط على انه الاصوب وفي الكافي على انه الصواب قال فخر الاسلام وينبغي على هذا ان لا ينحرف في هذا السلام يعني فيكون سلامه مرة واحدة تلقاء وجهه وغيره من اهل هذا القول على انه يسلم مرة واحدة عن يمينه خاصة ، والحاصل ان القائلين بالتسليمة الواحدة قائلون بانها عن اليمين الا فخر الاسلام منهم فانه يقول انها تلقاء وجهه وهو المصرح به في شروح الهداية ايضا كالمعراج والعناية والفتح.

(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص۵۴۵ جلد ۱ باب سجود السهو)

الجواب: صورۃ مسئولہ میں حسب قواعد سجدہ سہو واجب نہیں ہوتا ﴿۱﴾۔ وھو الموفق

نوافل وتراویح میں دورکعت کی نیت کی اور چاررکعت ادا کیے سجدہ سہو واجب نہیں

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک حافظ قرآن نے دورکعت کی نیت کی اور چاررکعت ادا کیے آخر میں سجدہ سہو کیا کیا یہ نماز ادا ہوئی؟ نیز بغیر نیت کرنے کے چار رکعت کرنے سے چاررکعت صحیح ہے یا نہیں اور سجدہ سہو اس میں واجب ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: سبز علی باجوڑ ایجنسی.....۱۵/شوال:۱۳۹۵ھ

الجواب: نوافل اور تراویح میں دورکعت اور چاررکعت کی نیت کا حکم یکساں ہے یہ مخالفت کوئی نقصان دہ مخالفت نہیں ہے (فليراجع الى شرح الكبير ص ۳۴۰، ۳۴۱) ﴿۲﴾. وهو الموفق

﴿۱﴾ چونکہ سجدہ سہو کسی رکن میں اس قدر تاخیر پر واجب ہوتا ہے جس میں مسنون طریقہ سے چھوٹا رکن صلاۃ مثلاً سجدہ یا رکوع ادا ہو اور صورت مسئولہ میں صرف بقدر اللہ اکبر کہنے کا وقت صرف ہوا ہے جو مسنون سجدہ یا رکوع پر صرف ہونے والے وقت سے بہت کم ہے، لہذا اس تقدیم وتاخیر میں سجدہ سہو واجب نہیں ہے، قال العلامه سيد احمد الطحطاوی: ومن الواجب تقديم الفاتحة على السورة وان لا يؤخر السورة عنها بمقدار اداء ركن وقال فی آخر الباب ولم يبنوا قدر الركن وعلى قياس ما تقدم ان يعتبر الركن مع سنته وهو مقدر بثلاث تسبيحات.

(الطحطاوی على مراقی الفلاح ص ۲۶۰، ۲۷۴ باب سجود السهو)

﴿۲﴾ قال العلامه ابراهيم الحلبی: وان شرع فی التطوع بنية الاربع ای بنية ان يصلی اربع ركعات ثم قطع ای افسدها شرع فيه قبل اتمام شفع لايلزمه الا شفع ای الاقضاء شفع عند ابی حنيفة ومحمد خلافاً لابی يوسف فان عنده يلزمه قضاء اربع فی رواية وانما قيدنا بقبل اتمام شفع لانه لو افسد بعد اتمامه فان كان قبل القيام الى الثالثة يلزمه شفع واحد عنده وعندهما لا يلزم شیء وان كان بعد القيام اليها لزمه قضاء شفع اتفاقا والاصل ان كل ركعتين من النفل صلاة على حدة والقيام الى الثالثة كتحريمة مبتدأة اتفاقا.

(غنية المستملی المعروف بالكبيری ص ۳۷۷ فصل فی النوافل)

آخری تشہد چھوڑ کر دو رکعت ضم کئے تو سجدہ سہو کرنا ضروری ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک آدمی چار رکعت فرض نماز کی نیت باندھ لے پھر آخری تشہد بھول کر اٹھ جائے اور پھر دو رکعت اور ضم کر کے نماز پوری کرے کیا ایسا کرنا درست ہوگا؟ اور سجدہ سہو کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد عظیم، عبدالخیلی لکی مروت......۱۹/ مارچ ۱۹۸۴ء

الجواب: یہ نماز درست ہے اور سجدہ سہو کرنا ضروری ہے ﴿۱﴾ (ماخوذ از شرح کبیری ص۴۷۸) اور یہ چھ رکعات تمام کے تمام نفل ہیں البتہ اگر اس شخص نے چوتھی رکعت پر قعدہ عمداً ترک کیا ہو تو اس پر سجدہ سہو واجب نہیں ہے ﴿۲﴾۔ وهو الموفق

﴿۱﴾ قال العلامة الحلبي: وان سها عن القعدة الاخيرة في ذوات الاربع وقام الى الخامسة يعود الى القعدة مالم يسجد للخامسة لانها فرض فرفض لاجلها عند التمكن من اصلاحها ماهو محل الفرض وهو مادون الركعة ويتشهد ويسلم ويسجد للسهو لتاخير القعدة وان قيد الركعة الخامسة بالسجدة بطل فرضه وتحولت صلوته نفلا عند ابي حنيفة وابي يوسف...... وعليه ان يضم اليها اى الى الخامسة ركعة سادسة عندهما خلافا لمحمد ليصير متنفلا بست ركعات لان التنفل بالوتر غير مشروع عندنا...... ويسجد للسهو وهو قول بعض المشائخ وفي النهاية والاصح انه لا يسجد وكذا قال ابن الهمام الصحيح انه لا يسجد لان النقصان بالفساد لا ينجبربالسجود وقد يقال الفساد لصفة الفريضة لا لاصل الصلاة فينجبر النقصان الواقع في اصلها لترك الواجب سهواً بالسجود. (غنيةالمستملي المعروف بالكبيرى ص۴۳۳ فصل في سجود السهو)

﴿۲﴾ قال العلامه شرنبلالي: ولا يسجد في الترك العمد للسهو لان سجود السهو عرف جابراً للفائت سهو او شرعا والعمد اقوىٰ فلا ينوب سجود السهو عنه ولانه متعمد فيستحق التغليظ بالاعادة ثم بين ضعف القول بالسجود لما ترك عمدا بصيغة التمريض بقولنا قيل ...... سئل فخر الاسلام البديعي كيف يجب العمد؟ قال ذلك سجود العذر لاسجودالسهو كذا في شرح المقدسي عن الولوالجي. (امداد الفتاح شرح نورالايضاح ص ۵۱۱ مطلب في سجود العذر للعمد في مواضع)

مغرب ووتر کو احتیاطاً قضا چار چار پڑھنے کی صورت میں سجدہ سہو کرنا خلاف قاعدہ ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ بعض لوگ نامعلوم نماز مغرب اور وتر کی جو قضا کرتا ہے اور تین کے بجائے چار رکعت ادا کرتے ہیں تو آخر میں بعض لوگ سجدہ سہو کرتے ہیں کیا یہ سجدہ سہو صحیح ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: عبدالرحیم جلبئ صوابی

الجواب: اگر یہ سجدہ سہو کسی معتمد کتاب پر محمول نہ ہو تو یہ سجدہ عمد کی وجہ سے خلاف قاعدہ ہے ﴿۱﴾۔ وهو الموفق

﴿۱﴾ قال العلامة الشرنبلالي: ولا يسجد في الترك العمد للسهو، لان سجود السهو عرف جابراً للفائت سهو او شرعا والعمد اقوىٰ فلاينوب سجود السهو عنه ولانه متعمد فيستحق التغليظ بالاعادة.

(امداد الفتاح شرح نورالايضاح ص ۵۱۱ مطلب في سجود العذر للعمد)

باب صلوٰۃ المریض

معذور کیلئے سابقہ وضو کے بعد قطرہ نہ نکلنے کی صورت میں اس وضو سے دوسری نماز پڑھنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ بندہ سے چلتے پھرتے وقت یا گھٹنوں پر بیٹھنے وقت پیشاب کے قطرے گرتے ہیں اسلئے ہر نماز کیلئے نیا وضو بناتا ہوں لیکن کبھی کبھی ایسا ہوتا ہے کہ ایک نماز سے دوسری نماز تک کوئی قطرہ نہیں نکلتا تو جب مجھے یہ مکمل یقین ہو کہ کوئی قطرہ نہیں نکلا ہے تو اس پہلے وضو سے دوسرے وقت کی نماز پڑھ سکتا ہوں یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: فیض الوہاب کا کاخیل اضاخیل پایاں نوشہرہ......۱۹۸۹ء/۲/۲۶

الجواب: جب وضو کرنے کے بعد قطرہ نہ نکلے تو آپ اس وضو سے نماز پڑھ سکتے ہیں ﴿۱﴾ اگر آپ ڈیڑھ انچ عرض اور چھ انچ طول کپڑا آلہ تناسل سے لپیٹ کر ایک متوسط گانٹھ لگائیں تو آپ کو بہت آرام ملے گا۔ وھو الموفق

بلا اختیار قہقہہ کرنے والے امام کی اقتدا جائز نہیں

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک شخص تیس چالیس سال سے امامت کے فرائض ادا کر رہے ہیں، کچھ عرصہ سے نماز میں بلا اختیار اور بلا وجہ قہقہہ یا ضحک ہو جاتی ہے کیا اس کی امامت جائز ہے؟ اور اس کی انفرادی نماز کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: جہانزیب خان گھاس منڈی ڈی آئی خان......۷/شوال ۱۴۰۱ھ

﴿۱﴾ وینقضه خروج کل خارج نجس بالفتح ویکسر منه ای من المتوضی الحی معتادا اولا من السبیلین اولا الی ما یطهر بالبناء للمفعول ای یلحقه ...... (بقیه حاشیه اگلے صفحه پر)

الجواب: بے اختیار ضحک یا قہقہہ کرنے والا معذور نہیں ہے﴿۱﴾ الا فی قول للشافعیه لم یرتضی به الحافظ ابن حجر فی شرح البخاری﴿۲﴾ اس کے پیچھے اقتدا کرنا جائز نہیں ہے مناسب یہ ہے کہ ایسا شخص مختصر نماز پڑھا کرے تا کہ شیطان غالب ہونے سے قبل نماز ختم ہو۔ وهو الموفق

ہاتھ پاؤں سے شل اور مفلوج یعنی معذور کی نماز کا طریقہ

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایکسیڈنٹ کی وجہ سے میرا یہ

(بقیہ حاشیہ) حکم التطهیر ثم المراد من السبیلین مجرد الظهور من اضافة الصفة الی الموصوف ای الظهور المجرد عن السیلان فلو نزل البول الی قصبة الذکر لا ینقض لعدم ظهوره. (ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۹۹، ۱۰۰ جلد ۱ مطلب نواقض الوضوء)

﴿۱﴾ قال العلامه عبد الرحمن الجزری: الحنفیة قالوا: القهقهة فی الصلاة تنقض الوضوء وقد وردت فی ذلک احادیث منها ما رواه الطبرانی عن ابی موسیٰ قال: بینما رسول الله ﷺ یصلی بالناس اذ دخل رجل فتردی فی حفرة کانت فی المسجد وکان فی بصره ضرر فضحک کثیر من القوم وهم فی الصلاة، فامر رسول الله ﷺ من ضحک ان یعید الوضوء ویعید الصلاة، والقهقهة هی ان یضحک بصوت یسمعه من بجواره فاذا وقع منه ذلک انتقض الوضوء ولو لم یطل زمن القهقهة، بخلاف ما اذا ضحک بصوت یسمعه هو وحده ولا یسمعه من بجواره فان وضوءه لا ینتقض بذلک بل تبطل به الصلاة وانما ینتقض الوضوء بالقهقهة اذا کان المصلی بالغا ذکراً کان او امرأة عامداً کان او ناسیاً الخ.

(الفقه علی المذاهب الاربعة ص ۸۴ جلد ۱ مبحث نواقض الوضوء)

﴿۲﴾ قال الحافظ بن الحجر العسقلانی: قوله (وقال جابر) هذا التعلیق وصله سعید بن منصور والدارقطنی وغیرهما وهو صحیح من قول جابر واخرجه الدارقطنی من طریق اخریٰ مرفوعا لکن ضعفها والمخالف فی ذلک ابراهیم النخعی والاوزاعی والثوری وابو حنیفة واصحابه قالوا: ینقض الضحک اذا وقع داخل الصلاة لا خارجها قال ابن المنذر: اجمعوا علی انه لا ینقض خارج الصلاة، واختلفوا اذا وقع فیها فخالف من قال به القیاس الجلی وتمسکوا بحدیث لا یصح وحاشا اصحاب..... (بقیه حاشیه اگلے صفحه پر)

حال ہوا کہ ناف کے نیچے بالکل بے حس ہوا ہوں اسی وقت سے پیشاب بذریعہ پائپ نکالا جاتا ہے ہاتھ کے ذریعے روٹی پانی خود کھا پی نہیں سکتا کروٹ بھی خود نہیں بدل سکتا ہوں پیشاب کی نالی کے ساتھ چوبیس گھنٹے پائپ لگا رہتا ہے پائپ بوتل میں پڑا رہتا ہے قطرہ قطرہ ہو کر بوتل بھر جاتی ہے اس صورت میں میری نماز کا کیا بنے گا اور کس طریقہ سے نماز پڑھوں گا وزن میں والدین سے بھاری ہوں بدلتے وقت تین آدمی لگے رہتے ہیں کسی اور سے بھی استنجا اور وضو انتہائی مشکل ہے تیمم بھی نہیں کر سکتا نیز یہ بھی بتائیں کہ قبلہ کی طرف رخ کرنے کا کیا ہوگا؟ بینوا توجروا

المستفتی: سعید سلطان بام خیل صوابی ۱۹۸۴ء/۴/۲

الجواب: آپ بغیر طہارت کے نماز پڑھ سکتے ہیں ﴿۱﴾ اور اگر ممکن ہو تو چارپائی کے پاؤں قبلہ کی طرف کریں اور یا بہ قبلہ اشارہ سے نماز پڑھا کریں ﴿۲﴾۔ وھو الموفق

(بقیہ حاشیہ) رسول اللہ ﷺ الذین ھم خیر القرون ان یضحکوا بین یدی اللہ تعالیٰ خلف رسول اللہ ﷺ انتھیٰ، علی انھم لم یأخذوا بعموم الخبر المروی فی الضحک بل خصوہ بالقھقھۃ.
(فتح الباری شرح صحیح البخاری ص ۵۲۲ جلد ۱ باب من لم یرا الوضوء الا من المخرجین)

﴿۱﴾ قال العلامۃ الحصکفی: والمحصور فاقد الماء والتراب ... وکذا العاجز عنھما لمرض یؤخرھا عندہ وقالا یتشبہ بالمصلین وجوبا بہ یفتی والیہ صح رجوعہ ای الامام کما فی الفیض وفیہ ایضا مقطوع الیدین والرجلین اذا کان بوجھہ جراحۃ یصلی بغیر طھارۃ ولا یتیمم ولا یعید علی الاصح. (الدر المختار علی ھامش ردالمحتار ص ۱۸۵ جلد ۱ مطلب فاقد الطھورین باب التیمم)

﴿۲﴾ قال العلامۃ الحصکفی: من تعذر علیہ القیام ای کلہ لمرض حقیقی وحدہ ان یلحقہ بالقیام ضرر بہ یفتی قبلھا او فیھا ای الفریضۃ او حکمی بان خاف زیادتہ او بطٔ برئہ بقیامہ او دوران رأسہ اووجد لقیامہ الماً شدیداً او کان لو صلی قائما سلس بولہ، صلی قاعداً ولو مستندا الی وسادۃ اوانسان فانہ یلزمہ ذلک علی المختار کیف شاء علی المذھب لان المرض اسقط عنہ الارکان فالھیئات اولیٰ، وایضا وان تعذر القعود ولو حکما او ما مستلقیا علی ظھرہ ورجلاہ نحو القبلۃ غیر انہ ینصب رکبتیہ لکراھۃ مد الرجل الی القبلۃ ویرفع رأسہ یسیرا لیصیرا وجھہ الیھا.
(الدر المختار علی ھامش ردالمحتار ص ۵۵۹، ۵۶۲ باب صلاۃ المریض)

باب سجود التلاوة

بڑے مکان کے مختلف حصوں میں آیت سجدہ کی تلاوت کرنے کا حکم

سوال: حضرت مولانا مفتی محمد فرید صاحب صدر دارالافتاء دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! مسئلہ ذیل کی تصدیق اور تصحیح مطلوب ہے۔

مسئلہ: اگر کوئی شخص مسجد کے اندرونی حصہ میں ایک آیت سجدہ تلاوت کرے پھر اسی آیت کو اس مسجد کے بیرونی یا بالائی حصہ یا صحن مسجد میں دہرا دے تو اس پر ایک ہی سجدہ تلاوت واجب ہے لیکن اگر شرقاً غرباً چالیس ہاتھ یا اس سے بڑا کمرہ کشتی یا ریل کے ڈبہ میں (جب کہ کشتی اور ریل کا ڈبہ چالیس ہاتھ یا زیادہ طول کا ہو) وہی آیت سجدہ مکرر پڑھے تو دو سجدے واجب ہوں گے'' کیا یہ مسئلہ صحیح ہے؟ بینو اتوجروا

المستفتی: اکرام الحق نشتر آباد راولپنڈی.....۳/ جون ۱۹۷۰ء

الجواب: یہ مسئلہ صحیح ہے (صرح به العلامة الشامی ص ۲۲۷،۲۷ جلد ۱) لیکن چالیس ہاتھ کی تحدید یہاں منصوص نہیں ہے یہ مقدار نمازی کے سامنے گزرنے کے مسئلہ میں مراد ہے ﴿۱﴾ (ردالمحتار ص ۵۹۳ جلد ۱) پس سجدہ تلاوت میں چھوٹے اور بڑے مسجد یا مکان میں فرق نہیں ہے بے شک جب بہت ہی بڑا مکان ہو جیسا شاہی مسجد تو وہاں متعدد واجب ہوں گے ﴿۲﴾۔ وهو الموفق

﴿۱﴾ قال ابن عابدين: (قوله ومسجد صغير) هو اقل من ستين ذراعا وقيل من اربعين وهو المختار كما اشار اليه في الجواهر قهستاني.
(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۴۲۹ جلد ۱ باب مايفسد الصلاة ومايكره فيها)

﴿۲﴾ قال العلامة ابن عابدين رحمه الله: (قوله بخلاف زوايا مسجد) اى ولو كبير على الاوجه وكذا البيت وفي الخانية والخلاصة الااذا كانت الدار كبيرة كدار السلطان.
(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۵۷۴ جلد ۱ باب سجود التلاوة)

تراویح میں آیت سجدہ پڑھ کرسجدہ نہ کرے کیا نماز کے سجدہ سے ادا ہوتا ہے؟

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک آدمی تراویح میں آیت سجدہ پڑھ لے اور سجدہ نہ کرے اور یوں کہدے کہ رکعت کے سجدوں کے ساتھ ادا ہوا، کیا یہ ادا صحیح ہے؟ بینوا توجروا

المستفتی: فضل ربی باڑہ شیخان ...... ۱۳/ رمضان ۱۴۱۰ھ

الجواب: جب سجدہ تلاوت کی آیت پڑھنے کے بعد متصل یا دو تین آیات پڑھنے کے بعد تداخل کرے تو مشروع ہے (شامی) ﴿۱﴾۔ وهو الموفق

بغیر وضو سجدہ تلاوت جائز نہیں ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ سجدہ تلاوت بلا وضو جائز ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: مولوی عنایت اللہ خوازہ خیلہ سوات ...... ۱۳۸۹ھ ء

﴿۱﴾ واضح رہے کہ سجدہ تلاوت صلوٰتیہ نماز سے خارج ادا نہیں کیا جا سکتا ہے نماز ہی میں ادا کیا جائے گا، اگر نمازی مستقل سجدہ نہیں کرتا اور رکوع اور سجدہ تلاوت میں تداخل کرے تو بھی مشروع ہے، البتہ اس کیلئے نیت ضروری ہے نیت کے بغیر رکوع میں سجدہ تلاوت ادا نہیں ہوگا، درمختار میں ہے، وتؤدى بركوع صلاة اذا كان الركوع على الفور من قراءة آية او آيتين و كذا الثلاث على الظاهر كما في البحران نواه اى كون الركوع لسجود التلاوة على الراجح. (الدرالمختار ص ۵۷۱ جلد ۱ باب سجود التلاوة) اور اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ آیت سجدہ پڑھنے کے بعد رکوع کرنے کو تین آیات پڑھنے سے زیادہ فاصلہ نہ ہو ورنہ پھر رکوع میں نیت صحیح نہیں، قال حسن بن عمار: ويجزى عنها اى عن سجدة التلاوة ركوع الصلاة ان نواها اى نوىٰ ادائها فيه، وفيه وانقطاعه بان يقرأ اكثر من آيتين بعد آية السجدة بالاجماع . (مراقى الفلاح على هامش الطحطاوى ص ۲۶۴ باب سجود التلاوة)

الجواب: سجدہ تلاوت بلاوضونا جائز ہے،قال فی البدائع واما شرائط الجواز فکل ما هو شرط جواز الصلوٰة من طهارة الحدث وهی الوضوء والغسل وطهارة النجس وهی طهارة البدن والثوب ومکان السجود والقیام والقعود فهو شرط جواز السجدة لانها جزء من اجزاء الصلوٰة فکانت معتبرة بسجدات الصلوٰة انتهی ﴿۱﴾ (ص ۱۸۶ جلد ۱) نیز یہ شاذ مذہب ہے جوکہ ابن عمر اور شعبی رضی اللہ عنہما سے مروی ہے لہٰذا اس پر عمل کرنا اور شاہراہ کو چھوڑنا نہ عقل کا تقاضا ہے اور نہ شرع کا، قال العلامة العینی فی عمدة القاری لم یوافق ابن عمر احد علی جواز السجود بغیر وضوء الا الشعبی ص ۵۰۹ جلد ۳، بلکہ ابن عمر رضی اللہ عنہما سے اس فعل کا معارض قول موجود ہے جس کو ترجیح دینا مذہب منصور ہے، قال البدر العینی فی العمده ص ۵۰۹ جلد ۳ روی باسناد صحیح عن اللیث عن نافع عن ابن عمر رضی الله عنهما قال لا یسجد الرجل الا وهو طاهر ،اس مسئلہ میں مودودی صاحب کے قول کا کوئی اعتبار نہیں ۔فافہم

ریڈیو یا ٹیلی ویژن کے ذریعے آیت سجدہ تلاوت سننا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر کوئی شخص ریڈیو یا ٹیلی ویژن کے ذریعے سجدہ تلاوت سن لے تو اس پر سجدہ تلاوت واجب ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: فقیر متعلم بھرت بنوں رمضان المبارک......۱۳۸۹ھ

الجواب: چونکہ ریڈیو وغیرہ کے ذریعہ سے عکس سنا جاتا ہے ﴿۲﴾ لہٰذا ریڈیو وغیرہ کے ذریعہ

﴿۱﴾ (بدائع الصنائع ص ۱۸۶ جلد ۱ فصل فی شرائط جواز السجدات)

﴿۲﴾ ریڈیو اور ٹی وی کے ذریعے ریکارڈ شدہ تلاوت پر عدم وجوب سجدہ کا حکم اتفاقی ہے البتہ اس میں اختلاف ہے کہ اس کے ذریعے اصل آواز سنی جاتی ہے یا عکس ہے تو اصل ہونے کی صورت میں براہ راست تلاوت کرنے کی وجہ سے بعض کے نزدیک سجدہ تلاوت واجب ہوگا، لیکن راجح یہ ہے کہ یہ اصل آواز نہیں ہے...... (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

سے سجدہ تلاوت سننے سے سجدہ واجب نہیں ہوتا ہے، یدل علیه مافی الدر المختار ﴿۱﴾ ولا تجب بسماعه من الصدیٰ والطیر (ھامش ردالمحتار ص۵۱۷ جلد ۱). وھو الموفق

لاؤڈ سپیکر میں آیت سجدہ سن کر سجدہ کرنا چاہئے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ لاؤڈ سپیکر کے ذریعے آیت سجدہ سن کر سجدہ تلاوت کرنا چاہئے یا نہیں کیونکہ یہ آواز تو تلاوت کرنے والے کی نہیں بلکہ لاؤڈ سپیکر کے ذریعے سنی جاتی ہے جو آواز پہنچانے میں ایک آلہ ہے۔ بینوا توجروا

المستفتی: عبداللہ...... ۲۴/ اکتوبر ۱۹۸۳ء

الجواب: لاؤڈ سپیکر کے متعلق اختلاف ہے کہ اس کے ذریعہ اصل آواز پہنچائی جاتی ہے یا عکس پس احوط سجدہ کرنا ہے ﴿۲﴾ البتہ صحت اقتداء کیلئے اتحاد مکان یا اتصال صفوف شرط ہے جو کہ صورت مسئولہ میں معدوم ہے۔ وھو الموفق

(بقیہ حاشیہ) مولانا مفتی محمد شفیع رحمہ اللہ کے مرتب کردہ رسالہ ''آلات جدیدہ کے شرعی احکام'' میں آلہ مکبر الصوت کے بارے میں جو تحقیقات کی گئی ہیں ان کا خلاصہ یہ ہے کہ زبان سے ہونے والے تموج کو دوسرے ذرائع سے اس کے اندر آواز پیدا کی جاتی ہے جو کئی واسطوں سے گزر کر ریڈیو مشین کے ذریعے (برقی تیز رفتاری کی وجہ سے) بیک وقت سنی جاتی ہے اور جدید سائنس کے ماہرین خود اس میں مختلف ہیں بعض اس کو اصلی آواز قرار دیتے ہیں اور بعض مصنوعی کہتے ہیں'' بہرحال ان تحقیقات کی روشنی میں راجح یہ ہے کہ یہ اصل آواز نہیں ہے کیونکہ وجوب سجدہ کیلئے ضروری ہے کہ خود تلاوت کرنے والے سے سنے اور اس پر زبان متحرک ہو جو ریڈیو یا ٹی وی کی صورت میں متحقق نہیں، لہٰذا ریڈیو یا ٹی وی کے ذریعے سجدہ تلاوت واجب نہیں ہوگا، البتہ اختلاف کی وجہ سے احتیاط کرنے میں ہے اگر تالی براہ راست ہو۔ (از مرتب)

﴿۱﴾ (الدر المختار علی ھامش ردالمحتار ص ۵۲۹ جلد ۱ باب سجود التلاوة)

﴿۲﴾ لاؤڈ سپیکر کے ذریعے جو آواز پہنچتی ہے اس میں راجح یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ متکلم...... (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

لاؤڈ سپیکر پر آیت سجدہ تلاوت سننا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ لاؤڈ سپیکر سے آیت سجدہ تلاوت سن کر سجدہ واجب ہوتا ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

المستفتی: محمد اصغر غفاری منزل ۹۴ سٹریٹ لاہور......۱۱/محرم ۱۴۰۸ھ

الجواب: تمام سننے والوں پر سجدہ تلاوت واجب ہوگا کیونکہ یہ بظاہر متکلم کی آواز ہے جیسا کہ اذان سننے سے اجابت بالقدم واجب ہوتی ہے۔ وھو الموفق

آیت سجدہ تلاوت کو دھیمی آواز سے پڑھنا بہتر ہے

سوال: (۱) اگر کوئی شخص سجدہ تلاوت کو بلند آواز سے پڑھ لے تو سننے والوں پر واجب ہوتا ہے یا نہیں۔(۲) سجدہ تلاوت بلند آواز سے پڑھنا چاہئے یا دھیمی آواز سے؟ بینوا توجروا

المستفتی: شاہ اسماعیل مرزا ضلع اٹک......۱۵/ جمادی الاول ۱۳۹۹ھ

الجواب: (۱) واجب ہے، ھدایہ﴿۱﴾. (۲) اس میں توسع ہے البتہ مصلحتاً دھیمی آواز سے پڑھنا بہتر ہے﴿۲﴾۔ وھو الموفق

(بقیہ حاشیہ) کی اصل آواز ہے وجہ یہ ہے کہ اس میں آواز بلند کرنے کیلئے ذرائع کم استعمال ہوتے ہیں اور فنی ماہرین کا اس میں اختلاف ہے کہ یہ اصل آواز ہے یا عکس، لیکن اکثر ماہرین کی رائے یہ ہے کہ یہ بعینہ متکلم کی وہی آواز ہے جو اس کی زبان سے نکلتی ہے تفصیل کیلئے ''آلات جدیدہ کے شرعی احکام'' مولفہ مولانا مفتی محمد شفیع رحمہ اللہ ملاحظہ کرے، پس اس صورت میں سجدہ تلاوت لاؤڈ سپیکر کے ذریعے سننے سے واجب ہوجاتا ہے۔(از مرتب)

﴿۱﴾ قال المرغيناني: والسجدة واجبة في هذه المواضع على التالي والسامع سواء قصد سماع القرآن اولم يقصد لقوله عليه السلام السجدة على من سمعها وعلى من تلاها وهي كلمة ايجاب وهو غير مقيد بالقصد.

(هدايه على صدر فتح القدير ص ۴۶۵،۴۶۶ جلد ۱ باب سجود التلاوة)

﴿۲﴾ قال ابن عابدين الشامي: (قوله واستحسن اخفاؤها)......(بقيه حاشيه اگلے صفحه پر)

نمازعصر اور فجر کے بعد سجدہ تلاوت جائز ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ صلاۃ عصر اور فجر کی نماز کے بعد سجدہ تلاوت جائز ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا!

المستفتی: محمد ازرم تبوک سعودیہ عربیہ......۷/۷/۱۴۰۱ھ

الجواب: جائز ہے ﴿۱﴾۔ وھو الموفق

کیا مجلس واحد میں متعدد آیات سجدہ کی تلاوت سے متعدد سجدات واجب ہوں گے؟

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر ایک شخص ایک مجلس میں سجدہ کی مختلف آیات پڑھ لے تو ایک سجدہ کرنا ہوگا یا ہر آیت کیلئے علیحدہ علیحدہ سجدہ تلاوت ادا کرنا ہوگا؟ بینوا توجروا

المستفتی: فضل واحد پشہ سالارزی باجوڑ......۱۹۸۴ء/۷/۱۱

الجواب: مقدار آیات کے برابر سجدے کرنا ضروری ہیں ﴿۲﴾ (شامی) بخلاف ماذا کرر آیۃواحدۃ. وھو الموفق

(بقیہ حاشیہ) لانہ لو جھر بھا لصار موجبا علیھم شیأ ربما یتکاسلون عن ادائہ فیقعون فی المعصیۃ فان کانوا متھئین جھر بھا بحر عن البدائع قال فی المحیط بشرط ان یقع فی قلبہ ان لا یشق علیھم اداء السجدۃ فان وقع اخفاھا وینبغی انہ اذا لم یعلم بحالھم ان یخفیھا نھر.
(ردالمحتار ھامش الدر المختار ص ۵۷۶ جلد ۱ باب سجود التلاوۃ)

﴿۱﴾ قال العلامۃ الحصکفی رحمہ اللہ: لا یکرہ قضاء فائتۃ ولو وترا او سجدۃ تلاوۃ، وقال ابن عابدین: (قولہ او سجدۃ تلاوۃ) لوجوبھا بایجابہ تعالیٰ لا بفعل العبد کما علمتہ فلم تکن فی معنی النفل. (الدر المختار علی ھامش ردالمحتار ص ۲۷۶ جلد ۱ مطلب یشترط العلم بدخول الوقت)

﴿۲﴾ قال العلامۃ ابن عابدین رحمہ اللہ: (قولہ ولو...... (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

ٹیپ ریکارڈ سے سجدۂ تلاوت اورگانے سرود سننے کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ٹیپ ریکارڈ سے آیت سجدہ سننے کا کیا حکم ہے؟ اگر اس سے سجدہ تلاوت واجب نہیں ہوتا تو پھر گانا سننا کیوں ناجائز ہے کہ یہ بھی اس کے ذریعہ سے ہوتا ہے۔ بینوا توجروا

المستفتی: ماسٹر عبدالمطلب

الجواب: ٹیپ کے ذریعے تلاوت سننے سے سجدہ تلاوت واجب نہیں ہوگا، لان المسموع عکس الصوت لا اصلہ ﴿۱﴾ اورٹیپ سے گانا سننا جائز نہیں ہے، لتساوی العکس بالاصل فی المناط ویشیر الیہ حدیث کانہ ینظر الیھا رواہ ابو داؤد ﴿۲﴾. وھو الموفق

سجدہ تلاوت کے لزوم کا راز

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ قرآن مجید میں سجدوں کی جو

(بقیہ حاشیہ) کررھا فی مجلسین تکررت) الاصل انہ لا یتکرر الوجوب الا باحد امور ثلاثۃ اختلاف التلاوۃ او السماع او المجلس اما الاولان فالمراد بھما اختلاف المتلو والمسموع حتی لو تلا سجدات القرآن کلھا او سمعھا فی مجلس او مجالس وجبت کلھا.

(ردالمحتار ھامش الدرالمختار ص ۵۷۳ جلد ۱ باب سجود التلاوۃ)

﴿۱﴾ قال العلامۃ الحصکفی رحمہ اللہ: لا تجب بسماعہ من الصدی والطیر ، قال العلامۃ ابن عابدین رحمہ اللہ: (قولہ من الصدی) ھو ما یجیبک مثل صوتک فی الجبال والصحاری ونحوھما کما فی الصحاح.

(ردالمحتار ھامش الدرالمختار ص ۵۶۹ جلد ۱ باب سجود التلاوۃ)

﴿۲﴾ عن ابن مسعود قال قال رسول اللہ ﷺ لا تباشر المرأۃ المرأۃ فتنعتھا لزوجھا کانہ ینظر الیھا ، متفق علیہ. (مشکوٰۃ المصابیح ۲۶۸ جلد ۱ باب النظر الی المخطوبۃ)

آیات ہیں نماز میں یا نماز سے باہران کے پڑھنے یا سننے سے سجدہ کیوں لازم ہوجاتا ہے؟بینوا توجروا

المستفتی: نامعلوم......

الجواب: چونکہ پیغمبر علیہ السلام اور حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم نے ان مقامات میں سجدہ کیا ہے، لہٰذا ان مقامات میں سجدہ کرنا ضروری ہے، نیز ان آیات میں مسلمانوں سے عبارتاً یا اشارتاً سجدہ کرنے کا مطالبہ ہوتا ہے ﴿۱﴾۔ فقط

﴿۱﴾ قال العلامه ابن الهمام: ومما يدل على الوجوب ان الله تعالىٰ وبخ من ترك السجود بقوله فما لهم لا يؤمنون واذا قرئ عليهم القرآن لا يسجدون والتوبيخ لا يكون الا بترك الواجب ولان آيات السجدة كلها دالة على الوجوب السجدة اعتزل الشيطان يبكي يقول يا ويله امر ابن ادم بالسجود فسجد فله الجنة وامرت بالسجود فابيت فلي النار والاصل ان الحكيم اذا حكى عن غير الحكم كلاما ولم يعقبه بالانكار كان دليل صحته فهذا ظاهر في الوجوب مع ان آى السجدة تفيده ايضاً لانه ثلاثة اقسام قسم فيه الامر الصريح به وقسم تضمن حكاية استنكاف الكفرة حيث امروا به وقسم فيه حكاية فعل الانبياء السجود وكل من الامتثال والاقتداء ومخالفة الكفرة واجب الا ان يدل دليل في معين على عدم لزومه لكن دلالتها فيه ظنية فكان الثابت الوجود لا الفرض والاتفاق على ان ثبوتها على المكلفين مقيد بالتلاوة لا مطلقا فلزم كذلك۔

(فتح القدير ص ۴۶۵، ۴۶۶جلد ۱ باب سجود التلاوة)

مسائل شتّٰی

اس عنوان کے تحت وہ مسائل جمع کئے گئے ہیں جو حضرت مفتی صاحب دامت برکاتہم نے لکھے اور سہ ماہی الفرید میں شائع ہوتے رہے، سہ ماہی الفرید جلد:۴ شمارہ:۱ سے جلد:۵ شمارہ:۴ تک کے مسائل کو جمع کر کے مسائل شتیٰ کے عنوان سے شامل فتاویٰ کیا جاتا ہے۔......(از مرتب)

مستورات کا تبلیغی جماعت میں شرائط معتبرہ کے ساتھ نکلنا مصلحت ہے

سوال: مستورات کی تبلیغ سنت ہے یا بدعت؟

الجواب: موجودہ زمانہ میں مستورات کا تبلیغ کیلئے نکلنا بدعت ہے، خیر القرون میں یہ معمول نہ تھا، خیر القرون میں مستورات صرف جماعت، حج اور خدمت جہاد کیلئے باقاعدہ نکلتی تھیں، نہ کہ تبلیغ کیلئے، البتہ مستورات کا اس شر القرون میں باقاعدہ نکلنا بدعت سیئہ نہیں ہے بلکہ مصلحت ہے، جبکہ اصلاح اور دینی تربیت کی امید ہو اور شرائط معتبرہ سے مخالف نہ ہو، یعنی ازواج یا محارم کی رفاقت، حقوق خانگی کا عدم تعطل، تعطر اور لباس زینت سے اجتناب اور مردوں سے عدم اختلاط، ورنہ ناجائز ہے۔ وھو الموفق

تبلیغی جماعت کے مصطلح گشت کا حکم

سوال: تبلیغی لوگ جو مصطلح گشت کرتے ہیں اسے کار صحابہ (رضوان اللہ تعالیٰ علیھم اجمعین) کہتے ہیں، کیا یہ درست ہے؟

الجواب: یہ گشت تبلیغی حضرات کی اصطلاح ہے ہمیں اس کی اباحت معلوم ہے اس کی سنتیت یا استحباب کا اصل معلوم نہیں۔ وھو الموفق

ایک سے زائد زوجات کا ربع یا ثمن میں حصص

سوال: زوجہ شوہر سے ربع یا ثمن میراث لیتی ہے اگر کسی شخص کی بیویاں دو یا تین یا چار ہوں تو ان کو کتنے حصص دیئے جائیں گے؟

الجواب: یہ ربع یا ثمن ان تمام زوجات پر علی قدر الرؤس تقسیم ہوگا، کما فی الهندیه (ص ۴۵۰ جلد۶) والزوجات والواحدة يشتركن في الربع والثمن وعليه الاجماع﴿۱﴾ وفي معين الحكام(ص ۴۲۴)واحدة او اكثر يشتركن في ذلك﴿۲﴾. وهو الموفق

پیر کا نماز ادا کرتے ہوئے مرید کا پیچھے سے دستی پنکھا چلانا مکروہ نہیں ہے

سوال: ایک پیر صاحب نماز ادا کر رہا ہے اور ایک مرید پیچھے سے دستی پنکھا چلاتا ہے یہ مکروہ ہے یا مشروع؟ بینوا توجروا

الجواب: یہ ہیئت مکروہ نہیں ہے، بدلیل ما روی ابو داؤد فی باب المحرم یظلل عن ام الحصين حدثته قالت حججنا مع النبي ﷺ حجة الوداع فرأيت اسامة وبلالاً واحدهما اخذبخطام ناقة النبي ﷺ والآخر رافع ثوبه يستره من الحر حتى رمى جمرة العقبة﴿۳﴾.

﴿۱﴾(فتاویٰ عالمگیریہ ص ۴۵۰ جلد۱ الباب الثاني في ذوي الفروض قبيل الفروض المقدرة في كتاب الله)

﴿۲﴾ (لسان الحكام في معرفة الاحكام الملحقه بمعين الحكام ص ۴۲۴ الفصل التاسع والعشرون)

﴿۳﴾ (سنن ابی داؤد ص ۲۶۱ جلد۱ باب في المحرم يظلل كتاب الحج)

سجدہ سہو نہ ہونے کی صورت میں اعادہ نماز واجب ہے

سوال: اگر کوئی نمازی سجدہ سہو نہ کرے تو اعادہ نماز واجب ہے یا نہیں؟

الجواب: اس شخص پر اعادہ نماز واجب ہے، کما فی شرح التنویر علی هامش ردالمحتار ص ٣٠٦ جلد ١ وتعاد وجوباً فی العمد والسهو ان لم یسجد له وان لم یعدها یکون فاسقا آثماً.

زوجات کا علاج شوہروں پر واجب شرعی نہیں

سوال: زوجات کیلئے نفقہ یعنی خوراک، لباس اور مکان دینا واجب شرعی ہے لیکن ان کا علاج معالجہ کرنا بھی واجب شرعی ہے یا نہیں؟

الجواب: چونکہ اس زمانے میں زوجات محبوبات بن گئی ہیں، تو ان کی دوائی کرنا مروت اور واجب عرفی ہے واجب شرعی نہیں، اس پر ائمہ اربعہ کا اجماع ہے کہ علاج واجب شرعی نہیں، کما فی الهندیه ص ٣٥٥ جلد٥، مرض اورمد فلم یعالج حتی مات لا یأثم کذا فی الملتقط خلافاً للمتجددین.

مطلقہ مغلظہ غیر مدخول بہا کے بغیر حلالہ کے دوبارہ نکاح کا مسئلہ عجیبہ

وفی المشکلات من طلق امرئته الغیر المدخولة بها ثلاثا فله ان یتزوج بها بلا تحلیل واما قوله تعالیٰ فان طلقها فلا تحل له من بعد حتی تنکح زوجاً غیره ففی حق المدخول بها(معین الحکام ص ٣٢٩)﴿١﴾ ویؤیده قوله تعالیٰ الطلاق مرتان ای طلاق المرءة المدخول بها مرتان بدلیل قوله تعالیٰ فامساک بمعروف او تسریح باحسان، لان الامساک بمعروف لا یمکن فی غیر المدخول بها، فقوله تعالیٰ فان طلقها فلا تحل

﴿١﴾ (لسان الحکام الملحقه بمعین الحکام ص ٣٢٩ قبیل نوع فی الخلع)

لہ من بعد فھو فی حق المدخول بھا، لاکن مافی المشکلات مخالف عن آثار الصحابۃ والتابعین رضی اللہ تعالیٰ عنھم.

ختم تراویح میں حافظ کو رقم دینا

سوال: حافظ جب تراویح میں ختم کرے تو اس کو رقم دینا جائز ہے یا ناجائز؟

الجواب: چونکہ یہ رقم تلاوت کا معاوضہ نہیں ہے جو کہ ممنوع ہے بلکہ امامت کا معاوضہ ہے جو کہ مشروع ہے جیسا کہ فرائض کا امام بھی قرأت پڑھتا ہے اور معاوضہ لے سکتا ہے، ختم میں حافظ کیلئے رقم لینے کا ممنوع ہونا ہندی مسئلہ ہے حنفی مسئلہ نہیں ہے۔

نماز میں سجدۂ تلاوت پڑھ کر رکوع میں ادا کرنا

سوال: سجدہ تلاوت رکوع سے ادا ہو جاتا ہے یا نہیں؟

الجواب: سجدہ تلاوت نماز کی رکوع میں ادا ہو جاتا ہے نہ کہ نماز سے خارج، وھو الراجح کما فی البدائع (ص ۱۸۹ جلد ۱) الرکوع خارج الصلاۃ لا یجزءہ قیاسا واستحسانا لان الرکوع خارج الصلاۃ لم یجعل قربۃ فلا ینوب مناب القربۃ.

مسافر کا وطن اقامت سے ہر ہفتہ وطن اصلی آنے جانے کا مسئلہ

سوال: ایک شخص جب اپنے مقام سے سو کلو میٹر دور کسی شہر میں علم یا ملازمت کیلئے جائے اور ایک مہینہ اقامت کے بعد ہر ہفتہ اپنے مقام کو آیا کرے، تو یہ شخص اس شہر میں قصر کرے گا یا اتمام کرے گا؟

الجواب: اس شخص کا اس شہر میں جتنی مدت رہائش ہو اور ترک کرنے کا ارادہ نہ ہو تو یہ شخص اتمام کرے گا قصر نہیں کرے گا، کما اشار الیہ صاحب البحر (ص ۱۳۶ جلد ۲) بقولہ ببقاء الثقل،

کوطن الاقامة یبقی ببقاء الثقل وان اقام بموضع آخر واشار الیه صاحب البدائع فی بیان انتقاض وطن الاقامة بالسفر، انه اعرض عن التوطن به حیث قال(ص ۱۰۴ جلد ۱) فصار معرضاً عن التوطن به فصار ناقضا له، اورصورت مسئولہ میں یہ اعراض موجود نہیں ہے۔

نمازعید کی رکعت اولیٰ میں تکبیرات بھول کر کہاں ادا کئے جائیں؟

سوال: جب نمازعید کی رکعت اولیٰ میں تکبیرات بھول جائیں تو کہاں ادا کئے جائیں گے؟

الجواب: اگر بعض فاتحہ یا تمام فاتحہ کے بعد یاد آئیں تو تکبیرات پڑھ لیں، اور فاتحہ کو ابتدا سے پڑھ لے اور اگر فاتحہ اور سورت کے بعد یاد آ جائیں تو اسی وقت تکبیرات پڑھ لیں اور فاتحہ نہ پڑھے۔ کما فی الحلبی الکبیر (ص ۵۷۳) نسی التکبیر فی الاولیٰ حتی قرء بعض الفاتحه او کلها ثم تذکر یکبر ویعید الفاتحة واذا تذکر بعد ما قرء الفاتحة والسورة یکبر ولا یعید القراء ة لانها تمت وصحت بالکتاب والسنة.

والد کا بیٹے کو عاق کرنا مانع میراث نہیں ہے

سوال: جب والد اپنے بیٹے سے ناراض ہو جائے اور اس کو عاق کر کے جائیداد سے محروم کرے تو شرعاً یہ بیٹا محروم ہو جاتا ہے یا نہیں؟

الجواب: یہ شرعاً محروم نہیں ہو جاتا ہے۔ موانع میراث چار امور ہیں، رق، قتل، اختلاف دین اور دار، اور عقوق موانع سے نہیں ہے۔ ارث ثابت کرنا اور ساقط کرنا ہماری پسند پر مبنی نہیں بلکہ یہ جبری اور غیر اختیاری چیز ہے۔ قال اللہ تبارک وتعالیٰ آباء کم وابناء کم لا تدرون ایهم اقرب لکم نفعا﴿۱﴾. وقال صاحب تنقیح الفتاویٰ (ص ۵۴ جلد ۲) الارث جبری لا یسقط بالاسقاط، اگر والد اپنی جائیداد کسی کو فروخت کر دے یا ہبہ کر دے تو یہ عاق شدہ خود بخود محروم ہو جائے گا۔

﴿۱﴾(سورة النساء پارہ: ۴ رکوع: ۱۳ آیت: ۱۱)

آزاد مرد و زن کے فرار کی صورت میں ان کو قتل کرنا گناہ کبیرہ ہے

سوال: جب ایک مرد و زن آزاد، رضامندی سے دوسرے گاؤں کو فرار ہو جائیں اور لڑکی کے اولیاء ان کو قتل کر دیں تو شرعاً یہ جائز ہے یا ناجائز؟

الجواب :عرفاً یہ غیرت ہے، لیکن شرعاً یہ گناہ کبیرہ ہے، یہ اولیاء اپنی مستحب حق تلفی کی وجہ سے حرام قطعی کے جرم میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔

دشمن پر خود کش حملوں کا حکم

سوال: ایک مسلمان اپنے ساتھ بم باندھ کر دشمن پر حملہ کرے تاکہ دشمن کی عظیم تباہی ہو یہ جائز ہے یا ناجائز؟

الجواب: یہ عرفاً جائز ہے، نفسانی جذبہ ہے شرعاً یہ خودکشی ہے۔ خیر القرون میں یہ اقدام واقع نہیں ہوا ہے۔

شادی سے قبل زوج کے فوت ہونے پر منکوحہ کو تمام مہر دیا جائے گا

سوال :جب منکوحہ کا زوج شادی سے قبل مر گیا تو منکوحہ کو کتنا مہر دیا جائے گا؟

الجواب: اس منکوحہ کو تمام مہر دیا جائے گا۔ کما فی الهندیه ص ۳۰۳ جلد ۱ والمهر یتا کد باحد معان ثلاثة الدخول والخلوة الصحیحة وموت احد الزوجین، وفی الدرالمختار علی صدر ردالمحتار ص ۱۰۲ جلد ۲ باب المهر، ویتاکد عند وطی او خلوة صحت من الزوج او موت احدهما.

چرم قربانی یا ان کی قیمت کا مساجد اور مدارس پر صرف کرنا

سوال: قربانی کے چمڑوں اور ان کی قیمت کا مساجد اور مدارس پر صرف کرنا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب: ان کا صرف ہندی مشائخ کے نزدیک ناجائز ہے، لما فی الھندیه ص ۳۰۱ جلد۵ ولا یبیعه بالدراھم لینفق علی نفسه او عیاله ولو باعھا بالدراھم یتصدق بھا. یعنی ان کا تصدق ہے۔اور تصدق تملیک کو کہا جاتا ہے۔ اور افغانی مشائخ کے نزدیک یہ صرف جائز ہے، کمافی الزیلعی ولو باعھا بالدراھم لیتصدق بھا جاز لانه قربة کالتصدق ، ھندیه ص ۳۰۱ جلد۵ ۔یعنی قیمت کا تقرب کیا جائے گا۔اور قربت کارخیر کو کہا جاتا ہے اباحت ہو یا تملیک ہو۔ ولم یقل لانه تصدق ایضاً . اور مسجد اور مدرسہ کو قیم اور مہتمم کی وساطت سے تملیک درست ہے، کما فی الھندیه ص ۴۶۰ جلد۲ ولو قال وھبت داری للمسجد واعطیتھا له صح ویکون تملیکاً فیشترط التسلیم. نیز حجاج ہمیشہ لاکھوں ہدایا ذبح کرتے ہیں اور گوشت اور چمڑوں میں اباحت کرتے ہیں نہ تملیک وعلیه التعامل۔

جماعة النساء کی شرعی حیثیت اور مذہب احناف

سوال: مستورات کی جماعت جائز ہے یا ناجائز؟ جب امام عورت ہو اور درمیان صف میں کھڑی ہو؟بینوا توجروا

الجواب: مستورات کی جماعت کے متعلق حدیث ام ورقه ، حدیث عائشه اور حدیث ام سلمه رضی الله تعالیٰ عنھن سے جواز ثابت ہے۔ والیه یمیل الشافعی واھل الحدیث ومن دان دینھم خلافالنا ولمالک. اور احادیث سابقہ کو احناف اور موالک منسوخ کہتے ہیں،لیکن ناسخ معلوم نہیں ہے، الاان یراد بالنسخ مایریده الامام الطحاوی فی شرح معانی الاثار ای متروک العمل، وھو وجه وجیه . اور اکثر مشائخ محققین کہتے ہیں کہ ابھی ان کی جماعت مکروہ تحریمی ہے یعنی ان کے ظہور اور گھروں سے خروج (جو غالباً منکرات سے خالی نہیں ہوتا ہے)

کی وجہ سے۔ واشیر الیہ فی حدیث عائشة (رواہ البخاری) لوادرک رسول اللہ ﷺ مااحدث النساء لمنعھن ﴿۱﴾۔ اور بعض متاخرین علماء وقتی ضرورت کی وجہ سے منکرات پر انکار کرتے ہیں لیکن ان کی جماعت کو جائز خلاف اولیٰ کہتے ہیں۔ ولنعم قول المشائخ المحققین.

مشتری کا بائع سے ادھار پر کوئی چیز خرید کر دوبارہ بائع پر فروخت کرنے کا مسئلہ

سوال: جب ایک مشتری بائع سے ایک چیز ادھار پر خریدے اور قیمت ادا کرنے سے پہلے بائع کو ثمن سے کم قیمت پر فروخت کرے کیا یہ جائز ہے؟

الجواب: یہ معاملہ ناجائز ہے، کما فی الھدایہ لاثر عائشة رواہ احمد وعبدالرزاق والدار قطنی (ص۳۷) وکمافی الھندیہ (ص ۱۲۲ جلد۳) اور اگر یہ مشتری اول دوسرے مشتری پر فروخت کرے اور دوسرا مشتری کم ثمن سے بائع کو فروخت کرے تو یہ جائز ہے، ہندیہ (ص۱۳۲ جلد۳) اور اگر یہ چیز ارزان ہو جائے اور ارزانی کی وجہ سے بائع ثمن سابق سے کم پر خریدے یہ ناجائز ہے، ھندیہ (ص ۱۳۲ جلد۳)۔

حدیث ''اتقوا مواضع التھم'' کی سند

سوال: حدیث ''اتقوا مواضع التھم'' کہاں سے ثابت ہے اور سنداً کیسی ہے؟

الجواب: اس حدیث کو امام غزالی رحمہ اللہ نے احیاء باب شرح عجائب القلب میں ذکر کیا ہے حیث قال منع الشرع من التعرض للتھم فقال ﷺ اتقوا مواضع التھم، لیکن تخریج عراقی میں ہے، لم اجدلہ اصلاً، اور امام سیوطی موضوعات کبیر (ص ۱۶) پر لکھتے ہیں، ھو قول عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ من سلک مسلک التھم اتھم، پس یہ اثر ہے، مرفوع ثابت نہیں ہے ﴿۲﴾۔

﴿۱﴾ (صحیح البخاری ص ۱۲۰ جلد ۱ باب خروج النساء الی المساجد باللیل والغلس)

﴿۲﴾ (وایضا رواہ الامام البخاری فی الادب المفرد فی النسخة القدیمة، وایضا رواہ صاحب التشرف جلد ۱ ص ۹۲)

مسبوق کا اتمام تشہد کے بعد امام کے سلام سے قبل قیام کرنا

سوال: جب مسبوق امام کے سلام سے قبل اتمام تشہد کے بعد قیام کرے یہ جائز ہے یا ناجائز؟

الجواب: اتمام تشہد سے قبل قیام ناجائز ہے اور بعد میں جائز ہے، کمافی الهنديه (ص ۹۱ جلد ۱) وكذا اذا خاف المسبوق ان يمر الناس بين يديه لو انتظر سلام الامام، قام الى قضاء ماسبق قبل فراغه كذافي الوجيز للكردرى، ولو قام في غيرها (اى المواضع المارة) قدر التشهد صح ويكره تحريما، وان قام قبل ان يقعد قدر التشهد لم يجز.

امام کے تیسری رکعت کو کھڑے ہونے کے بعد مقتدی کا اتمام تشہد کرنا

سوال: جب مقتدی کے اتمام تشہد سے قبل امام تیسری رکعت کو کھڑا ہو جائے یا سلام پھیرے تو مقتدی اتمام تشہد کرے گا یا نہیں؟

الجواب: یہ مقتدی اتمام کرے گا، اور اتمام نہ کرنا بھی کافی ہے، کمافی الهنديه (ص ۹۰ جلد ۱) فالمختار ان يتم التشهد كذافي الغياثية وان لم يتم اجزء ه.

فرائض اور سنن کے بعد دعا کرنا فعل رسول سے ثابت نہیں ہے

سوال: جن فرائض کے بعد سنن ہوں ان کے بعد یا قبل دعا کرنا فعل رسول سے ثابت ہے یا نہیں؟

الجواب: ایسی نمازوں میں جن کے بعد سنت ہوں دعا کرنا فعل رسول سے ثابت نہیں ہے نہ سنت کے بعد اور نہ سنن سے قبل، احادیث کی تہ کو پہنچنا فقہاء مجتہدین کا کام ہے نہ اہل ظاہر و من دان دينهم كا۔

کسی شخص کا کسی کو تمام حقوق معاف کرنے سے نامعلوم حقوق کی معافی کا مسئلہ

سوال: اگر کوئی شخص کسی کو کہہ دے کہ میں نے اپنے تمام حقوق تجھے معاف کئے ہیں تو کیا اس

سے ایسے حقوق بھی معاف ہوجاتے ہیں جن کا اس شخص کو علم نہ ہو؟

الجواب: امام ابو یوسف رحمہ اللہ کے نزدیک ایسے حقوق بھی معاف ہوجاتے ہیں اور یہی قول مفتیٰ بہ ہے (شرح فقه الاکبر لملاعلی قاری ص ۱۲۷)۔

مردار مرغی کے انڈے اور مردار بکری کا دودھ حلال ہے

سوال: مردار مرغی سے جو انڈے نکلیں اور مردار بکری سے جو دودھ حاصل ہو وہ حلال ہے یا حرام؟

الجواب: یہ انڈے اور دودھ حلال ہیں۔ (هندیه ص ۳۳۹ جلد ۵)﴿۱﴾۔

ذکر کے وقت اسم ذات کی تکرار مشروع ہے

سوال: اسم ذات کی تکرار مشروع ہے یا مکروہ؟

الجواب: اسم ذات کی تکرار مشروع ہے، احادیث میں اسم ذات کی تکرار وارد ہے، کمافی روایة البخاری (ص ۴۰۸ جلد ۱) قال من یمنعک منی فقال الله الله ثلاثا و کمافی روایة مسلم (ص ۸۴ جلد ۱) لا تقوم الساعة حتی لا یقال فی الارض الله الله (مشکواة ص ۴۸۰) وهکذا فی الطبرانی الصغیر وغیره، اور اہل لسان کے نزدیک یہ حذف کی وجہ سے جملہ ہوتا ہے۔

حدیث "طلب العلم فریضة علی کل مسلم" میں لفظ مسلمة کا ثبوت

سوال: طلب العلم فریضة علی کل مسلم ومسلمة یہ حدیث کہاں سے ثابت ہے؟

الجواب: اس حدیث کو نصر بن محمد بن ابراہیم سمرقندی نے بستان العارفین (ص ۳) میں ذکر

﴿۱﴾وفی الهندیه: البیضة اذا خرجت من دجاجة میتة اکلت و کذا اللبن الخارج من ضرع الشاة المیتة کذا فی السراجیه.

(فتاویٰ عالمگیریه ص ۳۳۹ جلد ۵ الباب الحادی عشر فی الکراهة فی الاکل)

کیا ہے،عن ابی روق عن علی بن ابی طالب ان النبی ﷺ قال لی طلب العلم فریضة علی کل مسلم ومسلمة وفی خبر آخر اطلبوا العلم ولو بالسین فان طلب العلم فریضة علی کل مسلم ومسلمة ، اورمرقات (ص۲۸۴ جلد۱) میں ہے،ومسلمة کما فی روایة.

ایک شیخ سے بیعت کی صورت میں دوسرے شیخ سے بیعت کرنا

سوال: اگرکوئی شخص ایک شیخ سے بیعت کرلے تو دوسرے شیخ سے بیعت کرسکتا ہے یانہیں؟

الجواب: کرسکتا ہے، کما فی تنقیح الفتاویٰ الحامدیه(ص ۳۶۹ جلد ۲) رجل من الصوفیة اخذ العهد علی رجل ثم اختار الرجل شیخا آخر واخذ علیه العهد فهل العهد الاول لازم ام الثانی، الجواب: لا یلزمه العهد الاول ولا الثانی ولا اصل لذلک ، اہل فن نے جو قیود ذکر کئے ہیں وہ مصلحت کے طور سے ہیں۔

دسترخوان پرتمام انواع یکمشت رکھنا بہتر ہے

سوال: دسترخوان پرخوراک کیلئے تمام انواع یک مشت رکھی جائیں گی یا یکے بعد دیگرے؟

الجواب: تمام کو یکمشت رکھنا بہتر ہے،سلف اورعرب کا یہی معمول تھا،اور یکے بعد دیگرے رکھنا رومیوں کامعمول ہے، کما فی تنقیح الفتاویٰ الحامدیه (ص ۳۵۹ جلد ۲)﴿۱﴾.

سر کے گرداگرد عمامہ باندھ کر درمیان کو برہنہ چھوڑنے کا حکم

سوال: اگرکوئی نمازی عمامہ سر کے گرداگرد باندھے اوردرمیان سرکو برہنہ رکھے تو نماز میں ایسا کرنا جائز ہے یانہیں؟

﴿۱﴾قال العلامه محمد امین: کانت سنة السلف ان یقدموا جملة الالوان دفعة لیأکل کل ما یشتهیه، فثبت بهذا ان تقدیم الالوان جملة من سنة السلف کما هو عادة العرب وما یفعله الاروام من تقدیم الالوان واحداً بعد واحد الخ. (الفتاویٰ تنقیح الحامدیه ص ۳۵۹ جلد ۲ مسائل شتیٰ)

الجواب: یہ اعتجاز ہے اور حدیث کی بنا پر مکروہ ہے، کما فی الطحطاوی (ص ٢٨۴) فقوله وترک وسطه مكشوفا والمراد انه مكشوف عن العمامة لا مشكوف اصلاً.

پرانے مقبرہ پر زراعت و تعمیر کا حکم

سوال: پرانے مقبرہ پر زراعت اور تعمیر جائز ہے یا نہیں؟

الجواب: پرانے مقبرہ پر زراعت اور تعمیر جائز ہے، کما فی الدرالمختار علی هامش ردالمحتار ص ٦٢ جلد ١، کما جاز زرعه والبناء عليه اذا بلی وصار تراباً.

میراث میں وارث کا میت سے دو نسبتوں کا ہونا

سوال: جب میت کو دو نسبتوں سے ایک وارث منسوب ہو تو اس کی کیا کیفیت ہے؟

الجواب: اگر ان نسبتوں میں ایک دوسرے کیلئے حاجب نہ ہو تو دونوں نسبتوں سے ارث لے گا، ورنہ صرف حاجب کی نسبت سے ارث لیگا، کما فی البزازیہ علی هامش الهنديه (ص ۴٧٢ جلد ٦) من يدلی الی الميت بنسبين ان كان احدهما لا يحجب الاخر ورث بهما جميعا وان كان يحجب ورث بالحاجب ، قلت كما اذا تزوجت بابن عمها فانه يرث عنها النصف بالفرضية والباقی بالعصوبة.

مینڈک کے پیشاب کا حکم

سوال: مینڈک کا پیشاب پاک ہے یا ناپاک؟

الجواب: مینڈک جو بحری ہو اس کا پیشاب بذات خود ناپاک ہے لیکن مجبوری کی وجہ سے یہ پانی ناپاک نہ ہوگا اور جو مینڈک بری ہو وہ بھی ناپاک نہ ہوگا مگر جس میں خون ہو وہ ناپاک ہوگا،

کما یدل علیه ما فی ردالمحتار باب المیاه ﴿۱﴾.

بحری اور بری سانپ کی پاکی اور ناپاکی کا حکم

سوال: سانپ بحری اور بری جب پانی میں مرجائے تو یہ پانی پاک ہے یا ناپاک؟

الجواب: بحری سانپ کا پانی پاک اور بری میں اگر خون ہو تو ناپاک ہے ورنہ پاک ہے (ردالمحتار)

پانی میں چھپکلی کے مرنے سے پانی کا حکم

سوال: چھپکلی اگر پانی میں مرجائے تو یہ پانی پاک ہے یا ناپاک؟

الجواب: چونکہ چھپکلی میں خون نہیں ہے لہٰذا قواعد کی رو سے یہ پانی پاک ہے ﴿۲﴾۔

نماز عید کے بعد مصافحہ کا حکم

سوال: نماز عید کے بعد مصافحہ جائز ہے یا ناجائز؟

الجواب: نماز عید وغیرہ کے بعد مصافحہ کے متعلق بعض علماء فرماتے ہیں، لا بأس به اور بعض فرماتے ہیں، کہ مشروع ہے اور بعض فرماتے ہیں کہ مکروہ ہے اور بعض فرماتے ہیں، بدعة مکروهة، کما

﴿۱﴾ قال ابن عابدین: (قوله فیفسد فی الاصح) وعلیه فما جزم به فی الهدایه من عدم الافساد بالضفدع البری وصححه فی السراج محمول علی ما لادم له سائل کما فی البحر. (ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۱۳۶ جلد ۱ باب المیاه مطلب حکم سائر المائعات کالماء فی الاصح)

﴿۲﴾ قال الحصکفی: وان مات فیه ای الماء غیر دموی کزنبور وعقرب وبق ای بعوض.
قال ابن عابدین: (قوله غیر دموی) المراد ما لا دم له سائل لما فی القهستانی ان المعتبر عدم السیلان لا عدم اصله حتی لو وجد حیوان له دم جامد لا ینجس اقول وکذا دم القملة والبرغوث فانه غیر سائل.

(ردالمحتار هامش الدرالمختار ص ۱۳۵ جلد ۱ باب المیاه)

في ردالمحتار (ص۵۵۷ جلد ۱) قوله والتهنئة وانما قال ذلک لانه لم يحفظ فيها شيئ عن ابي حنيفة واصحابه وذكر في القنية انه لم ينقل عن اصحابنا كراهة وعن مالک انه كرهها وعن الاوزاعي انها بدعة وقال المحقق ابن امير الحاج بل الاشبه انها جائزة مستحبة في الجملة ثم ساق آثارا باسانيد صحيحة عن الصحابة في فعل ذلک ثم ذلک والمتعامل في البلاد الشامية والمصرية عيد مبارک عليک ونحوه الخ، اور طحطاوی ص۴۳۵ میں ہے، فهي سنة عقب صلاة كلها وعند كل لقي، پس اس اختلاف کی وجہ سے اس میں تشدد مناسب نہیں ہے۔

دانت بھروانے یا اس پر خول چڑھانے کی صورت میں غسل کا حکم

سوال: جب دانت میں سوارخ کی وجہ سے مصالحہ سے بھرا جائے، یا خول چڑھایا جائے تو غسل کے وقت کیا حکم ہوگا؟ بینوا توجروا

الجواب: چونکہ غسل کے وقت یہ بھرائی اور خول دور کرنے میں حرج بیّن ہے لہٰذا یہ دور کرنا معاف ہے، ویؤیده ما رواه احمد في مسنده ان عثمان بن عفان ضبب اسنانه بذهب﴿۱﴾.

ایک ہی دن میں صبح اور شام ہلال کا دیکھنا

سوال: کیا ایک ہی دن میں صبح اور شام ہلال دیکھا جاسکتا ہے؟

الجواب: اہل شرع کے نزدیک یہ ہوسکتا ہے، خلافا للحكماء اور شیخین کے نزدیک یہ ہلال آئندہ رات کا ہوتا ہے، کما في ردالمحتار ص ۳۹۲ جلد ۲ اما اذا رؤي يوم التاسع

﴿۱﴾ قال الحصكفي: ولا يشد سنه المتحرک بذهب بل بفضة وجوزهما محمد. قال ابن عابدين: اي جوز الذهب والفضة اي جوز الشد بهما واما ابويوسف فقيل معه وقيل مع الامام. (الدرالمختار مع ردالمحتار ص۲۵۵ جلد ۱ كتاب الحظر والاباحة)

والعشرين قبل الشمس ثم رؤى ليلة الثلاثين بعد الغروب وشهدت بينة شرعية بذلک فان الحاكم يحكم برؤيته ليلا كما هو نص الحديث ولا يلتفت الى قول المنجمين انه لا تمكن رؤيته صباحا ثم مساء في يوم واحد(قبيل مطلب فى اختلاف المطالع) وفى البدائع (ص ۸۲ جلد ۲) والاصل عندهما انه لا يعتبر فى رؤية الهلال قبل الزوال ولا بعده وانما العبرة لرؤيته قبل غروب الشمس.

پاکستانیوں کیلئے سعودی عرب کی رویئت ہلال پر اعتماد کرنا

سوال: اگر پاکستانی رویئت ہلال کمیٹی سعودی عرب کی رویئت ہلال پر اعتماد کرے اور رمضان اور عید کا حکم اس پر دیوے تو کیا یہ جائز ہے؟

الجواب: چونکہ سعودی عرب پاکستان سے بلد بعید ہے لہٰذا راجح قول کی بنا پر یہ اعتماد درست نہیں ہے، قال صاحب البدائع ص ۸۳ جلد ۲ هذا (اى قضاء صوم يوم) اذا كانت المسافة بين البلدين قريبة لا تختلف فيها المطالع فاما اذا كانت بعيدة فلا يلزم احد البلدين حكم الآخر لان مطالع البلاد عند المسافة الفاحشة تختلف فيعتبر فى اهل كل بلد مطالع بلدهم دون البلد الآخر، قلت وعند العمل على موافقة العرب يلزم فوات التراويح فى الليلة الاولىٰ وارتكاب التراويح فى ليلة العيد.

حافظ کا ایک بار ختم کر کے دوسرا ختم کرنا

سوال: جو حافظ ایک قوم کیلئے تراویح میں ختم کرے تو دوسری قوم کیلئے دوبارہ کرسکتا ہے یا نہیں؟

الجواب: ختم کرسکتا ہے، روى بعض اهل العلم عن كنز الفتاوىٰ رجل ام قوما فى التراويح وختم فيها ثم ام قوما آخرين له ثواب الفضيلة ولهم ثواب الختم.
(مجموعة الفتاوىٰ ص ۲۲۴ جلد ۱ عن خزانة الروايات)

سفر میں خوف کے وقت سنن راتبہ ترک اور قرار کے وقت ادا کئے جائیں گے

سوال: تبلیغی جماعت کا ایک حنفی شخص بولتا ہے کہ سفر میں سنن راتبہ نہیں ہیں کیا یہ درست ہے؟

الجواب: یہ شخص فقہ حنفی اور حدیث دونوں سے ناواقف ہے، سفر میں خوف کے وقت سنن ترک کئے جائیں گے اور قرار کے وقت ادا کئے جائیں گے، کما في الهنديه: والمختار انه لا يأتي بها في حال الخوف ويأتي بها في حال القرار والا من هكذا في الوجيز للكردري، (هنديه ص ۱۳۹ جلد ۱) اور ابوداؤد شریف کی ليلة التعريس والی حدیث میں ہے، قال رسول الله ﷺ من كان منكم يركع ركعتي الفجر فليركعهما فقام من كان يركعهما ومن لم يركعهما فركعهما، (باب في من نام عن صلاة اونسيها ص ۷۰ جلد ۱) اور ترمذی شریف کے ابواب السفر میں ہے، عن بن عمر صليت مع النبي ﷺ في الحضر والسفر فصليت معه في الحضر الظهر اربعا وبعدها ركعتين وصليت معه في السفر الظهر ركعتين وبعدها ركعتين (ص ۷۲ جلد ۱) تبلیغی جماعت میں جب عرب یا اہل حدیث چلتے ہوں تو بسا اوقات ایسے واقعات واقع ہوتے ہیں یہ عوام کو فقہاء احناف سے بدظن کرتے ہیں۔

مشتری کا ثمن دینے سے قبل کم ثمن پر بائع پر دوبارہ فروخت کرنا جائز نہیں

سوال: جب ایک شخص دوکاندار سے ایک چیز خریدے پھر اس دوکاندار پر کم قیمت سے فروخت کرے، یہ جائز ہے یا ناجائز؟

الجواب: یہ مشتری ثمن دینے سے قبل کم ثمن سے اس بائع پر فروخت نہیں کرسکتا ہے، کمافي الهدايه ص۵۷ جلد۳ ومن اشترىٰ جارية بالف درهم حالة او نسيئة فقبضها ثم باعها من البائع بخمس مأة قبل ان ينقد الثمن لا يجوز البيع لقول عائشة لتلك المرأة وقد

باعت بست مأة بعد ما اشترت بثمان مأة بئس ما شريت و اشتريت رواه احمد وعبد الرزاق والدار قطني، فليراجع الى الدراية والزيلعي، البتہ ثمن کے قبض کے بعد کمی پر فروخت کرنا جائز ہے، (کمافی الهنديه ص ۱۳۲ جلد۳).

پس (ریح بلاصوت) جس میں بد بو نہ ہو ناقض وضو ہے یا نہیں؟

سوال: ایک شخص بولتا ہے کہ جس پس (ریاح) کے ساتھ بد بو نہیں ہو وہ ناقض وضو نہیں ہے یہ معدہ سے نہیں آتا ہے یہ حلقہ دبر کی پیداوار ہے، کیا یہ صحیح ہے؟

الجواب: اس سے وضو ختم ہو جاتا ہے، حدیث میں لا وضوء الا من صوت او ریح: رواه الترمذی ای حتی يتيقن الحدث كما في المعالم، وفي الخلاصة مناط النقض العلم بكونه من الاعلىٰ فلا نقض مع الاشتباه، فمن كان اطروشا ای اصم او اخشم ای لا يجد الريح فينتقض طهارته اذا تيقن وقوع الحدث منه.

تعزیت کیلئے مستورات کا جمع ہونا اور بیٹھنا ممنوع ہے

سوال: میت کی تعزیت کیلئے مرد تو جمع ہوتے ہیں کیا تعزیت کیلئے زنانہ بھی جمع ہوسکتی ہیں؟

الجواب: زنانہ کیلئے برائے تعزیت جمع ہونا اور بیٹھنا منع ہے كما فی ردالمختار ص ۶۰۴ جلد ۱ الجلوس فی المصيبة ثلاثة ايام الرجال جاءت الرخصة فيه لا تجلس النساء قطعا.

علاج کے ذریعے حیض کا جاری کرنا یا بند کرنا ممنوع نہیں ہے

سوال: اگر مرضعہ عدت پوری کرنے کیلئے علاج اور دوائی سے حیض جاری کرے یا صائمہ اور محرمہ روزے اور طواف کیلئے حیض بند کرے، یہ جائز ہے یا نہیں؟

الجواب: ردالمحتار ص ۲۰۲ جلد۲ باب العدة میں ہے: قال فی السراج سئل بعض المشائخ عن المرضعة اذالم ترحیضا فعالجته حتی رء ت صفرة فی ایام الحیض قال هو حیض تنقضی به العدة، پس جب حیض جاری کرنا علاج اور دوائی سے جائز ہے تو علاج اور دوائی سے بند کرنا بھی ممنوع نہیں ہے۔

استمناء بالکف کا حکم

سوال: استمناء بالکف جائز ہے یا ناجائز؟

الجواب: استمناء تسکین شہوت یعنی شہوت کو آرام دینے کیلئے عفو ہے اور استجلاب شہوت یعنی شہوت لانے کیلئے منع ہے کمافی ردالمحتار ص ۳۹۹ جلد۲.

نابالغ کا نابالغ کے قتل عمد میں قصاص نہیں دیت واجب ہے

سوال: اگر نابالغ نابالغ کو عمداً قتل کرے تو اس میں قصاص واجب ہے یا نہیں؟

الجواب: اس میں قصاص نہیں دیت واجب ہے، کمافی الهندیه ص ۳ جلد۶ ولا قصاص فیما بین الصبیان وعمد الصبی وخطأه سواء عندنا حتی تجب الدیة فی الحالین فی ماله فی قتل العمد.

معتوہ یا مجنون کا والدین کو قتل کرنا مانع ارث نہیں

سوال: جب معتوہ یا مجنون والد کو قتل کرے تو اس میں میراث سے حرمان ہے یا نہیں؟

الجواب: اس میں کفارہ اور حرمان ارث نہیں ہے، کمافی تنویر الابصار علی ردالمحتار ص ۵۸۶ جلد۶ وعمد الصبی والمجنون خطأ لا کفارة ولا حرمان ارث.

شینل کمپنی کے کاروباری کی شرعی حیثیت

سوال: شینل کمپنی کے کاروبار کی شرعی حیثیت کیا ہے؟ جائز ہے یا ناجائز؟

الجواب: اس کاروبار میں نہ سود ہے اور نہ رشوت، اس میں تجارت ہے اور فروغ تجارت کا کامیاب طریقہ ہے، البتہ اس میں خریدار کو قرضہ دینے کی جو رعایت کی گئی ہے اس میں اجل نامعلوم ہے جو مفسد ہے﴿۱﴾۔

﴿۱﴾شینل کمپنی کے کاروبار کے طریقہ کار پر مشتمل رسالہ مطالعہ کرنے کے بعد عدم جواز کے تمام فتاویٰ کو ملاحظہ کیا، تو معلوم ہوا کہ مستفتی حضرات نے اپنی فہم کے مطابق سوالات کئے ہیں اور پھر عدم جواز کے فتوے اسی بنا پر دیئے گئے ہیں۔ بہرحال کمپنی کے رسالہ دستور العمل کے مطابق تحقیق ذیل پیش کی جاتی ہے، اور یہ جواب اسی وقت تک ہوگا جب تک کمپنی کا کاروبار اسی رسالہ کے مطابق ہو۔

(۱)...... کمپنی کی طرف سے شائع شدہ دستور العمل پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ کمپنی مشین کو فروخت کرتا ہے اور بیع تام ہو جاتا ہے، پھر اگر کوئی شخص کمپنی کا ڈسٹری بیوٹر (تقسیم کرنے والا ممبر) بننا چاہتا ہے تو بن سکتا ہے، دستور کے (ص۳) پر لکھا ہے۔(۱) پروڈکٹ (سامان خریدنے کے بعد اور ڈسٹری بیوٹرشپ کارڈ ملنے کے بعد ہی کوئی فرد آگے بڑھ سکتا ہے (۲) ڈسٹری بیوٹر صرف کمپنی کی مقرر کردہ قیمت پر ہی پروڈکٹ فروخت کر سکتے ہیں، مقررہ قیمت سے کم یا زیادہ پر فروخت نہیں کر سکتے (۳) ڈسٹری بیوٹر اگر چاہے تو پروڈکٹ خریدنے کے بعد سات دن کے اندر اپنے (Direc upline) کے مشورے اور رضامندی سے کمپنی کو واپس کر سکتا ہے (۴) (XL) کمپنی کی ذمہ داری ہے کہ وہ پرودکٹ مکمل اور صحیح حالت میں مہیا کرے اور بعد از فروخت خدمات بھی فراہم کرے۔

کمپنی کے اس طریقہ کار سے معلوم ہوا کہ اگر کوئی شخص مشین خریدے تو اس پر یہ لازم نہیں کہ خواہ مخواہ مزید اور گاہک کو لائے گا، بلکہ اگر کوئی شخص ڈسٹری بیوٹر بننا چاہتا ہے، اور کمپنی کا ممبر بن کر کام کرنا چاہتا ہے، تو اسے بونس ملے گا، ورنہ نہیں ملے گا، پس جب یہ شرط ضروری نہیں ہے جیسا کہ ان کے عبارات سے واضح ہے، اور تکمیل کمال عقد کے بعد ڈسٹری بیوٹر بننے کی صورت میں شرائط رکھے جاتے ہیں تو یہ بیع کیلئے ضرررساں نہیں، قال التمرتاشی: ولابیع بشرط لا یقتضیه العقد ولا یلائمه وفیه نفع لاحدهما اوالمبیع (تنویر

(بقیه حاشیه) الابصار علی صدر ردالمحتار ص ۸۵ جلد۵ باب بیع الفاسد) پس اس بیع کے عدم جواز کی کوئی وجہ نہیں، وفی الهندیه: واما حکم البیع فثبوت الملک فی المبیع للمشتری وفی الثمن للبائع اذا کان البیع باتا (هندیه ص ۳ جلد۳)

(۲)...... ہر کاروباری ادارہ اپنے کاروبار کیلئے ایک طریقہ کار اور انتظامی امور وضع کرتا ہیں، جب تک اس میں کوئی امر خلاف شریعت نہ ہو اس میں عدم جواز کا فتویٰ نہیں دیا جا سکتا تمام اداروں کو اجازت ہے کہ اپنے سامان کو عام مارکیٹ میں فروخت کرتے ہیں یا ایجنٹوں کے ذریعے فقہ السنۃ میں ہے: لان للمالک ان یتصرف فی ملکه کیف یشاء مالم یستلزم ذلک التصرف محرما مماورد الشرع بتحریمه (فقه السنة ص ۲۹۰ جلد۳) البشریٰ لارباب الفتویٰ کے فصل فی الافتاء فی الحوادث الجدیده میں ہے: وبالجملة ان الاصل فی تشریعها التخریج من النصوص ویکفی فی اباحتها عدم تعارضها بالنصوص (البشریٰ ص ۴۸) اور امام شاہ ولی اللہ عقد الجید میں فرماتے ہیں: وفی عمدة الاحکام من کشف البزدوی یستحب للمفتی الاخذ بالرخص تیسیرا علی العوام مثل التوضی بماء الحمام والصلاة فی الاماکن الطاهرة بدون المصلی...... وینبغی للمفتی ان یاخذ بالایسر فی حق غیره خصوصاً فی حق الضعفاء لقوله علیه السلام لابی موسیٰ الاشعری ومعاذ حین بعثهما الی الیمن یسرا ولا تعسرا (عقد الجید ص ۷۳، ۷۴).

(۳)...... کمپنی کے دستور سے جو چیز سامنے آتی ہے اس میں بظاہر ناجائز قرض کی صورت نظر نہیں آتی البتہ جو کم قیمت مشتری دیتا ہے اور بقایا اس کے ذمہ قرض ہو تو یہ ایک صورت ہے لیکن زبانی طور پر ایجنٹوں سے بھی معلوم ہوا اور دستور سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ کمپنی کی جانب سے یہ شرط نہیں کہ خواہ مخواہ آپ ممبران بنائیں گے، بلکہ ڈسٹری بیوٹر بننے کی صورت میں کمپنی اپنا یہ قرض بونس میں پورا کرتی ہے، اور بندہ نے بعض ممبروں سے زبانی طور پر یہ بھی معلوم کیا کہ بالفرض اگر یہ ممبر مزید کام نہ کرے اور دیگر ممبران پیدا نہ کرے تو پھر کمپنی یہ قرض کس طرح وصول کرتی ہے تو انہوں نے بتایا کہ کمپنی کی جانب سے ایک سال تک یہ قرض اس کے ذمہ پر ہوتا ہے اور سال بھر گزارنے کے بعد کمپنی یہ رقم معاف کرتی ہے۔ بونس کے متعلق معلومات پروڈکٹ کی اصل قیمت وغیرہ دستور میں اسی طریقہ سے بیان کیا گیا ہے، پروڈکٹ کی کل قیمت=9980/00 روپے کسٹم ڈوٹی=1980/00 روپے

(بقیہ حاشیہ) بنیادی ڈسٹری بیوشن رقم 8000/00BDA=روپے، لاگت اور کمپنی کا منافع=45 فیصد، ڈسٹری بیوٹرز کیلئے=55 فیصد۔ پس یہاں ڈسٹری بیوٹر جو مشین فروخت کرتی ہے تو کمپنی اس کے بونس سے اپنا قرض پورا کرتا ہے، پس جو پہلا بونس ملتا ہے وہ قرضہ میں محسوب ہوتا ہے، اور قرضہ ختم ہونے کے بعد اپنا بونس با قاعدہ وصول کرتا ہے لہٰذا یہ نفع زائد علی القرض نہیں کہ کل قرض جر نفعاً میں داخل ہو جائے بلکہ با قاعدہ قرضہ میں محسوب ہوتا ہے اور خدمات کے صلے میں بونس ملتا ہے۔

(۴)... دستور سے معلوم ہوتا ہے کہ نہ اس میں رشوت ہے اور نہ قمار ہے، دستور ص۴ میں ہے کہ ڈسٹری بیوٹر اگر چاہے تو پروڈکٹ خریدنے کے بعد سات دن کے اندر اپنے (Direc upline) کے مشورے اور رضامندی سے کمپنی کو واپس کر سکتا ہے اور پھر اگلے تین ماہ تک وہ ڈسٹری بیوٹر نہیں بن سکتا۔ اس کے علاوہ دستور سے یہ معلوم ہوا کہ ڈسٹری بیوٹر بننا اس مشتری کی مرضی ہے کہ کام کرنا چاہتا ہے تو بونس ملے گا اگر کام کرنا نہیں چاہتا تو اس پر کوئی پابندی نہیں اور دستور کے ص۳ میں ہے کہ ڈسٹری بیوٹر صرف کمپنی کے مقرر کردہ قیمت پر ہی پروڈکٹ فروخت کر سکتے ہیں مقررہ قیمت سے کم یا زیادہ پر فروخت نہیں کر سکتے، انتہیٰ۔ پس پروڈکٹ کی اپنی ہی مقررہ قیمت ہے اور بیع مشتری اور بائع کی مرضی سے منعقد ہوتا ہے، علامہ ابن نجیم فرماتے ہیں: (قوله هو مبادلة المال بالمال بالتراضي) وفي فتح القدير بانه اذا فقدالرضا لا يسمى في اللغة بيعا بل غصباً ولو اعطاه شيئاً آخر مكانه وعرفه في البدائع بانه مبادلة شئ مرغوب فيه بشئ مرغوب فيه وذلک قد يكون بالقول وقد يكون بالفعل فالاول الايجاب والقبول والثاني التعاطي (بحر الرائق ص۲۵۷ جلد۵) علاوہ ازیں یہ کہ یہ مشین عام بازار میں سستے داموں ملتی ہے اور بعض استفتاآت سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ مشین عام بازاروں میں نہیں ملتا، بہر حال کمپنی غالی قیمت وصول کرتی ہے، تو اس میں بھی کوئی قباحت نہیں، فتاویٰ حقانیہ میں ہے: ملخصاً، شریعت مقدسہ نے تجارت میں مال کے منافع کی کوئی خاص حد مقرر نہیں کی یہ دونوں عاقدین کا باہمی معاملہ ہے جس طرح طے پا جائے اسی طرح جائز ہے، لانه مبادلة المال بالمال بالرضا (درر الحكام) (فتاویٰ حقانیه ص۱۰۸ جلد۶) پس اس غالی قیمت کی وجہ سے اس پر رشوت کی تعریف صادق نہیں آتی، منہاج السنن میں ہے: الرشوة الوصله الى الحاجة بالمصانعة..... فالراشي من يعطي الذي يعينه على الباطل والمرتشي الاخذ والرئش الذي

(بقیہ حاشیہ) یسعی بینھما یستزید لھذا ویستنقص لھذا الخ(منھاج السنن شرح جامع السنن ص ۰۷ جلد۵)۔ اور قمار کا معنیٰ بھی اس میں نہیں کیونکہ کمپنی پہلے مشین کو اس متعین غالی قیمت پر فروخت کرتی ہے پھر اگر مشتری ڈسٹری بیوٹر بنتا ہے تو کمپنی اپنے اصول کے تحت اسے بونس دیتی ہے، اگر کمپنی کے ساتھ کام نہیں کرتا تو اس کو کچھ نہیں ملتا، اور غالی قیمت وہ اس مشین کا ثمن تھا، لہٰذا رقم ڈوب جانے کا یہاں کوئی خطرہ معلوم نہیں ہوتا، دستور العمل کے صفحہ۳ میں ہے، پروڈکٹ خریدنے کے بعد اور ڈسٹری بیوٹر شپ کارڈ ملنے کے بعد ہی کوئی فرد آگے بڑھ سکتا ہے، ڈسٹری بیوٹر کا کام کمپنی کی پروڈکٹ نیٹ کے ذریعے فروخت کرنا، نئے دوستوں کو (XL) کیریَر سے متعارف کرانا اور بونس سے لطف اندوز ہونا ہے۔

(۵)...کمپنی کے اصول موضوعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ جو شخص ممبر بن جاتا ہے یہ دو اور آدمیوں کو مشین خریدنے کیلئے تیار کرے گا پھر آگے یہ دو آدمی بھی دو دو اور آدمیوں کو تیار کرے گا، اور یہ تمام ممبر اپنے اس نیٹ کو پھیلانے کیلئے باقاعدہ کام کریں گے، یعنی یہ پہلا ممبر بھی اس میں لگے گا کہ اپنے نیچے دو ممبروں کیلئے اور ممبر پیدا کرے ورنہ اس کا بونس اپنے ہی جگہ رہے گا، یعنی یہ پہلا ممبر جو ہے یہ آرام سے نہیں بیٹھے گا بلکہ اپنے دو ممبروں کیلئے اور دو دو ممبر پیدا کرنے ہوں گے، ورنہ اگر اس ممبر اول کے نیٹ کے دو ممبروں میں ایک ممبر ایسا آجائے جو اپنے لئے خریدار پیدا نہ کرے تو پھر اس حد تک ان سابقہ ممبروں کو بونس ملتا ہے، جو مزید بونس کے شرح کی زیادتی کا حقدار نہیں، لہٰذا اس کو اپنے بیسک نیٹ کی ڈاؤن لائن کی پوری نگرانی اور اس کیلئے افراد تیار کرنا مستقل ذمہ داری ہے، جیسا کہ دستور کے صفحہ۱۲، ۱۳ سے ظاہر ہے، ایڈوانس ڈسٹری بیوٹر بننے کے بعد آپ اپنے بیسک نیٹ کی ڈاؤن لائن کو فراموش نہ کرے......آپ اپنے بیسک نیٹ کی دو مختلف علیحدہ لائنوں میں دو ایڈوانس ڈسٹری بیوٹر ضرور بنائیں اسلئے ضروری ہے کہ آپ اپنے بیسک یونٹ پر بھرپور توجہ دیں (مختصراً)

کمپنی کے ان اصول سے جو تفصیلی ہے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کے نیٹ میں جتنے ممبر بنتے ہیں تو اس میں ہر ایک دوسرے کیلئے ممبر بنانے اور کمپنی کیلئے گاہک بنانے میں معاون اور کام کرنے والا ہوتا ہے، ورنہ ممبر نہ بننے کی صورت میں بونس کی شرح میں ترقی نہیں ہوتی تو گویا کہ یہ تمام ممبر کمپنی کے کام میں مستقل متحرک ہیں، اور گاہک بننے کیلئے ذریعہ بنتا ہے، پس اگر کمپنی اپنے پیداوار کے ۵۵/ فیصد کو اپنے اصول کے تحت ان ممبروں کو بونس کی شکل میں دیتے ہیں تو اس میں کوئی قباحت نہیں۔ علاوہ ازیں جو شخص ممبر بنتا ہے تو کمپنی کا کام یہ ہے کہ مشین

مختلف محلات اور منازل اگر ایک مقام شمار ہوں تو یہ قریہ کبیرہ ہے

سوال: شمالی وزیرستان میں خشالی نام کا ایک مقام ہے جو متعدد دیہات اور شاخہا کی شکل میں آباد ہے جس میں سینکڑوں گھر اور ہزاروں مرد وزن بستے ہیں، یہ مقام مصر شرعی کے حکم میں ہے یا قریٰ صغار متعددہ ہیں؟ اس میں اقامت جمعہ درست ہے یا نہیں؟

الجواب: حدیث **لا جمعة ولا تشریق ولا فطر ولا اضحی الا فی مصر جامع** اور دیگر احادیث صحیحہ کی بنا پر صحت نماز جمعہ کیلئے مصر یا قریہ کبیرہ شرط ہے، **کما بین فی موضعه**، لیکن مصر کی صحت کیلئے اتصال منازل شرط نہیں ہے، **کما صرح به ابن حزم في حق منازل المدينة المنورة**

(بقیہ حاشیہ) خریدے گا اور ممبروں کا کام یہ ہے کہ گاہک بنائیگا، اور جو مال منافع میں رہ جاتا ہے تو لاگت مشین اور کمپنی کا منافع ۴۵/ فیصد رہے گا اور ۵۵/ فیصد ممبروں پر نیٹ کی ترتیب سے تقسیم ہوگا، اور دستور کمپنی سے بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ ممبران اس کے کاروبار میں شریک کی حیثیت سے کام کرتے ہیں اور اس پر شرکۃ الوجوہ کی تعریف صادق آتی ہے، ہندیہ میں ہے: **فهو ان يشتركا وليس لهما مال لكن لهما وجاهة عند الناس فيقولا اشتركنا على ان نشترى بالنسيئة ونبيع بالنقد على ان مارزق الله سبحانه وتعالىٰ من ربح فهو بيننا على شرط كذا ، كذا في البدائع (هنديه ص ۳۲۷ جلد ۲)**.

(۶) دستور سے معلوم ہوتا ہے کہ کمپنی کی جانب سے انعامات نیٹ میں کسی خاص ہدف تک پہنچنے کی صورت میں ملتے ہیں، اور یہاں انعام میں عمل بھی معلوم ہے اور عوض بھی معلوم ہے لہٰذا اس کا خلاف شرع ہونا معلوم نہیں ہوتا، اکثر فقہاء نے انعام کی یہ تعریف کی ہے، **التزام عوض معلوم على عمل معين او مجهول عسر عمله (مغنى المحتاج، الفقه الاسلامي وادلته ص ۷۸۳ جلد ۴)** اور تفسیر قرطبی میں ہے، **الجعالة من العقود الجائزة التي يجوز ان يفسخه قبل الشروع وبعده اذا رضى باسقاط حقه وليس للجاعل ان يفسخه اذا شرع المجعول له في العمل (قرطبی ص ۲۳۲ جلد ۹)** اور کمپنی کی طرف سے انعام کا ضامن اور کفیل ہونا بھی خلاف شرع نہیں، **قال ابن الكثير: ولمن جاء به حمل بعير، وهذا من باب الجعالة وانابه زعيم، وهذا من باب الضمان والكفالة (تفسير ابن كثير ص ۶۳۰ جلد ۲)**.

……(از مرتب)……

فی عهد النبی ﷺ، پس اگر تمام ختشالی ایک مقام ہو جس کی منازل اور محلات جدا جدا و متفرق ہیں تو یہ مصر اور قریہ کبیرہ ہے اس میں اقامت جمعہ صحیح ہے اور اگر ختشالی علاقہ کا نام ہو جس کی دیہات الگ الگ قریٰ ہیں تو اس میں اقامت جمعہ بہ ظاہر صحیح نہیں ہے اور بظاہر عرف سے شق اول معلوم ہوتا ہے۔

تحکیم پر اجرت لینے دینے کا حکم

سوال: تحکیم کیلئے متعدد علماء جمع ہوں تو ان کو اجرت دینا جائز ہے یا ناجائز؟

الجواب: عندنا تحکیم پر اجرت لینا جائز نہیں ہے لیکن جب مفت تحکیم نہیں ہو سکتا، تو بعض علماء فرماتے ہیں کہ خصمین کی رضا مندی سے محکمین کیلئے اجرت لینا تا کہ وہ کتب مبنی سے راجح قول بتلا کر جدال ختم کریں تو یہ تعلیم و تعلم پر اجرت جیسی ہے یہ ناجائز نہیں ہے۔ فتأمل

مشترکہ مال سے ایک بھائی کیلئے ویزہ خرید کر وہاں پر کی گئی مزدوری کے سرمایہ کا حکم

سوال: جب برادران ایک برادر کو مشترکہ مال سے ویزہ خرید کر ابوظہبی بھیجے اور وہ وہاں مزدوری کر کے مال جمع کرے تو یہ اموال تمام برادران کے ہوں گے یا صرف اس برادر کی ملکیت ہوگی؟

الجواب: چونکہ ان برادران کے درمیان نہ شرکت املاک ہے اور نہ شرکت عقود، بلکہ عوامی اور پٹھانی شرکت ہے پس یہ اموال صرف اس برادر کے ہوں گے نہ کہ مشترک، البتہ ویزہ وغیرہ پر خرچ شدہ مال زیر حساب ہوگا۔

کاغذی نوٹوں کا باہم دیگر فروخت کرنے کا حکم

سوال: اگر کوئی شخص ایک ہزار کا نوٹ دس روپے کے نوٹ پر فروخت کرے تو کیا یہ جائز ہے؟

الجواب: چونکہ یہ دونوں نوٹ کاغذ کے ہیں نہ چاندی کے ہیں نہ سونے کے، تو یہ تبادلہ شرعاً ناجائز اور ربا نہیں ہے چونکہ ان کی ذاتی قیمت معمولی ہے اور اعتباری اور سرکاری قیمت غیر معمولی ہے پس یہ تبادلہ ممنوع عرفی ہوگا نہ کہ ممنوع شرعی، اسی طرح ڈالر، ویزہ، ٹکٹ اور کاغذی کرنسی کے تبادلے تفاضل سے

ممنوع عرفی ہوں گے نہ کہ ممنوع شرعی ﴿۱﴾۔

﴿۱﴾ **قال المولانا مفی نظام الدین الاعظمی:** نوٹ (کاغذی) نہ کیلی ہے اور نہ وزنی بلکہ عددی ہے، اسلئے کمی بیشی کے ساتھ بدلنا جائز ہے۔ **فقط واللہ اعلم بالصواب**

کتبہ العبد نظام الدین عفی عنہ مفتی دار العلوم دیوبند

الجواب صحیح	الجوا ب صحیح
حبیب الرحمٰن عفا اللہ عنہ	محمد ظفیر الدین غفرلہ کفیل الرحمٰن عثمانی

(منتخبات نظام الفتاویٰ ص ۲۹۹ جلد ۱ کتاب المعاملات)

حدیث کی جلیل القدر کتاب جامع ترمذی کی مبسوط اور مدلل عربی شرح

منهاج السنن

شرح

جامع السنن للامام الترمذی

لفضیلة الشیخ محدث کبیر فقیه العصر مفتی اعظم عارف باللہ

مولانا مفتی محمد فرید الزروبوی المجددی النقشبندی

المفتی والشیخ بدار العلوم حقانیه اکوڑہ خٹک

کل صفحات/ ۱۴۸۰

ناشر

مولانا حافظ حسین احمد صدیقی نقشبندی مہتمم دار العلوم صدیقیہ زروبی ضلع صوابی